بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُربِ قیامت

و فتنوں کا ظہور

جلد دوم

مؤلف
مُفتی محمد رضوان خان

ادارۂ غفران
راولپنڈی پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قربِ قیامت

وفتنوں کا ظہور

(جلد دوم)

قیامت سے پہلے اور اس کے قریب واقع ہونے والی علامات اور فتنوں کے
متعلق قرآن مجید اور احادیثِ مبارکہ کی روشنی میں تفصیلات وتشریحات وہدایات
قیامت کی بعیدی، قریبی اور متوسط علامات پر مفصل ومدلل کلام
معتبر وغیر معتبر احادیث وروایات کی نشاندہی اور فتنوں سے حفاظت کی تحقیق
قربِ قیامت وفتنوں سے متعلق مفصل ومدلل کتاب

مؤلف
مفتی محمد رضوان خان

ادارہ غفران، راولپنڈی، پاکستان

www.idaraghufran.org

(جملہ حقوق بحق ادارہ غفران محفوظ ہیں)

نام کتاب: قربِ قیامت وفتنوں کا ظہور (جلد دوم)

مؤلف: مفتی محمد رضوان خان

طباعتِ اوّل: رمضان المبارک 1446ھ - مارچ 2025ء

صفحات: 552

ملنے کے پتے

Idara Ghufran

فہرست

صفحہ نمبر	مضامین
23	(فصل نمبر 42) حضرت مہدی کا ظہور
24	جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث
25	جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث
26	ابوسعید خدری وجابر رضی اللہ عنہما کی حدیث
27	ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث
//	ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث
28	ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث
29	ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث
30	ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث
31	ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی پانچویں حدیث
//	ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث
32	ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث
33	ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

	ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث	33
	ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی پانچویں حدیث	34
	ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی چھٹی حدیث	35
	علی رضی اللہ عنہ کی حدیث	36
	علی رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	37
	علی رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث	38
	علی رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث	40
	علی رضی اللہ عنہ کی پانچویں و چھٹی حدیث	41
	علی رضی اللہ عنہ کی ساتویں حدیث	43
	ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
	ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	44
	ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث	45
	ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث	47
	امِ سلمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث	49
	امِ سلمہ رضی اللہ عنہا کی دوسری حدیث	51
	امِ سلمہ رضی اللہ عنہا کی تیسری حدیث	55
	امِ سلمہ رضی اللہ عنہا کی چوتھی حدیث	58
	امِ سلمہ رضی اللہ عنہا کی پانچویں حدیث	59

Idara Ghufran

امِ سلمہ وعائشہ رضی اللہ عنہما حدیث	60
امِ سلمہ وانس رضی اللہ عنہما کی حدیث	62
انس رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	65
قرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	66
عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث	67
ثوبان رضی اللہ عنہ کی حدیث	70
ثوبان رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	//
ایک صحابی رضی اللہ عنہ کی حدیث	72
علی بن عبداللہ بن عباس کی روایت	74
ابو الجلد کی روایت	//
عثمان، یاسر وابوہریرہ رضی اللہ عنہم کی حدیث	75
قیس بن جابر صدفی کی حدیث	79
حذیفہ وعبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کی حدیث	80
محمد بن علی کی حدیث	82
(فصل نمبر 43) کانے دجال کاظہور	85
ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	86

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی احادیث	87
انس، ابوہریرہ، ابنِ عباس وحذیفہ رضی اللہ عنہم کی احادیث	89
ابی بن کعب، فاطمہ بنتِ قیس وجابر رضی اللہ عنہم کی احادیث	97
ہشام، حذیفہ، انس، عوف وابنِ عمر رضی اللہ عنہم کی احادیث	99
انس، عائشہ اور ایک صحابی رضی اللہ عنہم کی احادیث	104
جابر، محجن وابنِ عمر رضی اللہ عنہم کی احادیث	109
عبداللہ بن عَمرو، وابنِ عُمر رضی اللہ عنہما کی احادیث	114
عائشہ، ابوہریرہ وزید بن ثابت رضی اللہ عنہم کی احادیث	117
عمران بن حصین وابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث	119
حذیفہ، ابوہریرہ، ابنِ مسعود ونافع رضی اللہ عنہم کی احادیث	122
جابر بن عبداللہ وحذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہما کی احادیث	132
سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کی حدیث	138
نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ کی تفصیلی حدیث	140
ابوسعید خدری وسلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہما کی احادیث	145
فاطمہ بنتِ قیس رضی اللہ عنہا کی حدیث	151
امِّ سلمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث	163
ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی حدیث	164
جبیر بن نفیر رضی اللہ عنہ کی حدیث	165

	ابوالدرداء، اور ایک دوسرے صحابی رضی اللہ عنہما کی احادیث	167
	حذیفہ رضی اللہ عنہ کی احادیث	169
	امِ شریک رضی اللہ عنہا کی حدیث	175
	عبداللہ بن حوالہ ازدی رضی اللہ عنہ کی حدیث	176
	عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث	177
	عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث	180
	عائشہ وابنِ عمر رضی اللہ عنہما کی احادیث	182
	اسماء بنتِ یزید انصاریہ رضی اللہ عنہا کی حدیث	184
	معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی حدیث	188
	معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی ایک اور حدیث	190
	عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
	عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کی حدیث	191
	عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ کی حدیث	192
	سفینہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	195
	عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی حدیث	198
	رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کی حدیث	199
	صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	201
	عبید بن عمیر کی مرسل حدیث	202

کعب کی روایت	203
عبداللہ بن معتم کی حدیث	//
ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث	207
ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث	209
(فصل نمبر 44) دجال اور ابنِ صیاد	211
جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	212
جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث	215
جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث	220
جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی پانچویں حدیث	221
ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث	223
ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	224
ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث	226
ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث	229
عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث	232
عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	233
حسین بن علی رضی اللہ عنہ کی حدیث	//

	ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ کی حدیث	235
	مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	237
	ابو بکرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	238
	ابو طفیل رضی اللہ عنہ کی حدیث	240
	زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	242
	ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث	243
	ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	244
	ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث	245
	ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث	249
	ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی پانچویں حدیث	252
	فاطمہ بنتِ قیس رضی اللہ عنہا کی حدیث	253
	ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب ایک ''غریب'' حدیث	260
	امام بیہقی کا حوالہ	262
	امام بیہقی کا دوسرا حوالہ	264
	علامہ انور شاہ کشمیری کا حوالہ	//
	(فصل نمبر 45) عیسیٰ علیہ السلام کا نزول	266
	جابر و عمران بن حصین رضی اللہ عنہا کی احادیث	//

ابو ہریرہ و جابر رضی اللہ عنہما کی احادیث	268
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	274
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	275
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث	276
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث	277
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی پانچویں حدیث	278
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی چھٹی حدیث	//
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ساتویں حدیث	281
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی آٹھویں حدیث	282
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی نویں حدیث	283
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دسویں حدیث	285
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی گیارہویں حدیث	286
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی بارہویں حدیث	288
ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	289
ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث	291
ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث	292
ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث	298

عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث	299
مجمع بن جاریہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	301
نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ کی حدیث	302
نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ کی ایک اور تفصیلی حدیث	303
سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کی حدیث	310
حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کی حدیث	312
ابنِ عُمر وابنِ عَمر و، اورابو ہریرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث	313
ایک صحابی رضی اللہ عنہ کی حدیث	317
ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی تفصیلی حدیث	319
ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی دوسری تفصیلی حدیث	330
عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ کی حدیث	337
عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کی حدیث	340
عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کی حدیث	341
(فصل نمبر 46) **یاجوج وماجوج کا خروج**	343
سورہ کہف کا حوالہ	//
سورہ انبیاء کا حوالہ	345
زینب رضی اللہ عنہا کی حدیث	//

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	346
نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ کی حدیث	350
نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	//
ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث	364
ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	366
ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث	368
عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی حدیث	369
انس بن مالک وابنِ عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث	372
ابنِ عباس وابو موسیٰ رضی اللہ عنہما کی ایک اور حدیث	375
ابنِ مسعود، ابنِ عمرو، وعبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہم کی حدیث	377
اوس رضی اللہ عنہ کی حدیث	380
حذیفہ رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث	382
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث	383
انس رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث	385
(فصل نمبر 47) دھویں کا پیدا ہونا	387
حذیفہ بن اسید غفاری رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ کی حدیث	388

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	389
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	//
انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث	390
ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث	391
ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث	392
حذیفہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	393
(فصل نمبر 48) سورج کا مغرب سے طلوع ہونا	395
ابو ذر رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	396
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	397
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث	//
ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ کی حدیث	398
معاویہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث	399
عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	400
عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث	401

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	402
صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ کی حدیث	404
ابو ہریرہ وابوذر غفاری رضی اللہ عنہما کی حدیث	406
(فصل نمبر 49) **دابۃُ الارض کا خروج**	408
سورہ نمل کا حوالہ	//
عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	409
عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث	410
ابو امامہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	411
حذیفہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
حذیفہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	412
ابو سریحہ انصاری رضی اللہ عنہ کی حدیث	413
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	414
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	416
ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث	417
ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	418
بریدہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	//

عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت	419
ابراہیم نخعی کی روایت	//
(فصل نمبر 50) انہدامِ کعبہ کا فتنہ	421
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	422
ایک صحابی رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث	423
ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
علی رضی اللہ عنہ کی حدیث	424
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک اور حدیث	//
ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث	425
ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	426
عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی ایک اور حدیث	//
(فصل نمبر 51) ہر مومن کی موت ہو جانا، شریر ترین لوگوں کا باقی رہ جانا	428
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	//

انس رضی اللہ عنہ کی حدیث	429
انس رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	//
انس، ابوامامہ، ابوسعید وابنِ مسعود رضی اللہ عنہم کی احادیث	430
عبداللہ بن عمرو، اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث	432
عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث	434
عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	435
عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث	436
نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ کی حدیث	438
عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث	444
عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	445
عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث	//
بریدہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	446
(فصل نمبر 52) زمین پر عظیم زلزلہ کا آنا	447
سورہ حج کا حوالہ	//
سورہ زلزلہ کا حوالہ	448
سورہ اسراء کا حوالہ	//
ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	//

حذیفہ بن اسید غفاری رضی اللہ عنہ کی حدیث	450
واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ کی حدیث	451
امِ سلمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث	452
انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
(فصل نمبر 53) آگ کا نکلنا اور لوگوں کا تعاقب کرنا	454
انس رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	455
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	457
ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث	458
ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	//
حذیفہ بن اسید غفاری رضی اللہ عنہ کی حدیث	459
واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ کی حدیث	462
معاویہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	463
سورہ روم اور سورہ طٰہٰ کا حوالہ	464
سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کی حدیث	465
ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث	466

انس رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث	467
اسماء بنتِ یزید رضی اللہ عنہا کی حدیث	//
سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث	469
سورہ ابراہیم اور سورہ زمر کا حوالہ	//
عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث	470
سورہ آلِ عمران، مائدہ، روم اور سورہ فاطر کا حوالہ	472
(فصل نمبر 54) صور کا پھونکا جانا اور یکلخت سب کی موت واقع ہو جانا	474
سورہ نمل کا حوالہ	//
سورہ زمر کا حوالہ	//
عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث	475
عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	478
اوس بن اوس وابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث	479
عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث	480
عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کی حدیث	482
ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	484
ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	485
ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث	486

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث	487
ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث	489
ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	490
سورہ مریم، سورہ مومنون اور سورہ جاثیہ کا حوالہ	491
ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث	492
(ضمیمہ) پرفتن دور سے متعلق چند مخصوص احکام	493
(فصل نمبر 55) پُرفتن دور میں امر بالمعروف ونہی عن المنکر	494
حذیفہ وابو سعید رضی اللہ عنہما کی احادیث	//
انس بن مالک وابو ثعلبہ رضی اللہ عنہما کی احادیث	496
عبداللہ بن عمرو، ابو ہریرہ وسہل رضی اللہ عنہم کی احادیث	498
(فصل نمبر 56) دورِ فتن میں سکون، سکونت وخلوت کا حکم	503
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث	504

Idara Ghufran

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث	505
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث	506
سعد بن ابی مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث	507
ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث	508
ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت	//
ایک صحابی رضی اللہ عنہ کی حدیث	509
خرشہ بن حر رضی اللہ عنہ کی حدیث	510
خباب بن ارت رضی اللہ عنہ کی حدیث	511
سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
ابو بکرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	513
ابو ذر رضی اللہ عنہ کی حدیث	515
سعید بن زید رضی اللہ عنہ کی حدیث	516
حذیفہ، ابو ہریرہ، وابنِ مسعود رضی اللہ عنہم کی احادیث	517
ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث	521
(فصل نمبر 57) دورِ فتن میں یکسو ہو کر عبادت، و پاسبانی کی فضیلت	522
ابو ہریرہ و ابو موسیٰ رضی اللہ عنہما کی احادیث	//
ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث	524

اُمِ مالک بہزیہ رضی اللہ عنہا کی حدیث	525
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	526
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت	527
ابنِ عباس وابو سعید رضی اللہ عنہما کی احادیث	528
سہل بن سعد، ابو ہریرہ وابنِ عباس رضی اللہ عنہم کی احادیث	530
ابوامامہ وجبیر بن نفیر رضی اللہ عنہما کی روایت	532
ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث	533
معقل بن یسار رضی اللہ عنہ کی حدیث	534
(فصل نمبر 58) دورِ فتن میں استغفار اور گڑگڑا کر دعاء کرنے کا حکم	536
معقل بن یسار ونعمان بن بشیر رضی اللہ عنہما کی احادیث	//
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث	537
فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ کی حدیث	538
حذیفہ وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث	539
انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث	//
ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث	540

(خاتمہ) دھوکہ کا سامان اور آخرت کا نقصان	542	
سورہ آلِ عمران، انعام، لقمان وسورہ فاطر کا حوالہ	//	
سورہ انعام، سورہ عنکبوت اور سورہ محمد کا حوالہ	546	
سورہ یونس، سورہ ھود اور سورہ حدید کا حوالہ	547	
سورہ کہف، سورہ طٰہٰ اور سورہ اعلیٰ کا حوالہ	550	

ختم شد

(فصل نمبر 42)

حضرت مہدی کا ظہور

قیامت قائم ہونے سے پہلے ایک اہم اور بڑی علامت حضرت مہدی علیہ الرحمہ کا ظہور ہے۔
جن کے متعلق بہت سی احادیث میں ذکر آیا ہے۔

لیکن اہلُ السنۃ والجماعۃ کے نزدیک حضرت مہدی علیہ الرحمہ کا تصور ونظریہ وہ نہیں ہے، جو اہلِ تشیع وروافض کے نزدیک ہے۔

اہلُ السنۃ والجماعۃ کے نزدیک حضرت مہدی علیہ الرحمہ کا تصور بہت صاف ستھرا، اور فطرت کے مطابق ہے۔

اور جمہور اہل السنۃ والجماعۃ کے نزدیک حضرت مہدی علیہ الرحمہ کا ظہور بکثرت احادیث سے ثابت ہے، جن کا انکار کرنا، اگر صریح کفر نہ ہو، تو بدترین گمراہی ہونے میں شبہ نہیں۔

اور بعض لوگوں کا حضرت مہدی علیہ الرحمہ سے متعلق واردشدہ احادیث وروایات کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر منطبق کرنا، اور اس طرح کی فاسد تاویل کر کے حضرت مہدی علیہ الرحمہ کی شخصیت کے جداگانہ ہونے کا انکار کرنا بھی سنگین خطاء ہے، کیونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت مہدی علیہ الرحمہ کی صفات ، احادیث میں ایک دوسرے سے مختلف بیان کی گئی ہیں، جن کو ایک شخصیت پر منطبق کرنا، درست نہیں۔

اسی طرح حضرت مہدی علیہ الرحمہ سے متعلق بعض غیر معتبر اور کمزور احادیث وروایات کو بنیاد بنا کر، دوسری صحیح اور معتبر احادیث وروایات کا انکار کرنا بھی سراسر غلط ہے۔

صحیح ومعتبر احادیث وروایات میں جو باتیں بیان کردی گئیں، ان کو اختیار کرنا چاہیے، اور جو بات سمجھ نہ آئے، اسے اللہ کے حوالہ کرنا چاہیے، اور غیر معتبر وکمزور احادیث وروایات کو الگ درجہ میں رکھنا چاہیے۔

مذکورہ تمہید کو پیشِ نظر رکھ کر اب حضرت مہدی علیہ الرحمہ سے متعلق احادیث وروایات ملاحظہ فرمائیں۔

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

صحیح مسلم میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ أُمَّتِيْ يُقَاتِلُوْنَ عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِيْنَ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، قَالَ: فَيَنْزِلُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَقُوْلُ أَمِيْرُهُمْ: تَعَالَ صَلِّ لَنَا، فَيَقُوْلُ: لَا، إِنَّ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ أُمَرَاءُ تَكْرِمَةَ اللّٰهِ هٰذِهِ الْأُمَّةَ (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٥٦ "٢٤٧" كتاب الإيمان، باب نزول عيسى بن مريم حاكما بشريعة نبينا محمد صلى الله عليه وسلم)

ترجمہ: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میری امت کی ایک جماعت تا قیامت برابر حق پر قتال کرتی رہے گی، جو غالب رہے گی، فرمایا کہ پھر عیسیٰ بن مریم صلی اللہ علیہ وسلم نازل ہوں گے، پھر اس جماعتِ حقہ کے امیر (ان سے) کہیں گے کہ آپ تشریف لا کر ہمیں نماز پڑھائیے، تو وہ جواب میں کہیں گے کہ نہیں، بے شک تمہارے بعض، بعض پر امیر ہیں، جو اللہ کی طرف سے اس امت کا اکرام واعزاز ہے (پس تمہارے امیر نماز پڑھائیں) (صحیح مسلم)

محققین اہل السنہ کے نزدیک اس حدیث میں امیر سے مراد حضرت مہدی ہیں، جن کے متعلق دوسری احادیث میں تفصیل آئی ہے۔

ابنِ ابی شیبہ نے ہشام سے روایت کیا ہے کہ:

عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، قَالَ: اَلْمَهْدِيُّ مِنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ وَهُوَ الَّذِيْ يَؤُمُّ عِيْسَى

ابْنَ مَرْيَمَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ (مصنف ابنِ ابی شیبة،رقم الحدیث ۳۸۸۰۴، کتاب الفتن، باب ما ذکر فی فتنة الدجال)

ترجمہ:ابنِ سیرین (جوصحابۂ کرام کے شاگرد ہیں،انہوں) نے فرمایا کہ اس امت میں مہدی ہوں گے،اور وہ عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کی امامت کریں گے (ابنِ ابی شیبہ)

اورامام عبدالرزاق نے حضرت معمر سے روایت کیا ہے کہ:

كَانَ ابْنُ سِيرِيْنَ يَرَى أَنَّهُ الْمَهْدِيُّ الَّذِي يُصَلِّي وَرَاءَهُ عِيْسٰى

(مصنف عبد الرزاق،رقم الحدیث ۲۰۸۳۹، الجامع لمعمر بن راشد، باب الدجال)

ترجمہ:ابنِ سیرین یہ فرمایا کرتے تھے کہ مہدی وہ ہیں،جن کے پیچھے عیسیٰ علیہ السلام نماز پڑھیں گے (عبدالرزاق)

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

صحیح مسلم میں ہی ابونضرہ سے روایت ہے کہ:

كُنَّا عِنْدَ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ فَقَالَ:يُوْشِكُ أَهْلُ الْعِرَاقِ أَنْ لَّا يُجْبٰى إِلَيْهِمْ قَفِيْزٌ وَلَا دِرْهَمٌ، قُلْنَا:مِنْ أَيْنَ ذَاكَ؟ قَالَ:مِنْ قِبَلِ الْعَجَمِ، يَمْنَعُوْنَ ذَاكَ، ثُمَّ قَالَ:يُوْشِكُ أَهْلُ الشَّأْمِ أَنْ لَّا يُجْبٰى إِلَيْهِمْ دِيْنَارٌ وَلَا مُدْيٌ، قُلْنَا:مِنْ أَيْنَ ذَاكَ؟ قَالَ:مِنْ قِبَلِ الرُّوْمِ، ثُمَّ سَكَتَ هُنَيَّةً، ثُمَّ قَالَ:قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:يَكُوْنُ فِيْ آخِرِ أُمَّتِيْ خَلِيْفَةٌ يَحْثِي الْمَالَ حَثْيًا، لَا يَعُدُّهُ عَدَدًا (صحیح مسلم،رقم الحدیث ۲۹۱۳"۶۷"کتاب الفتن وأشراط الساعة، باب لا تقوم الساعة حتی یمر الرجل بقبر الرجل، فیتمنی أن یکون مکان المیت، من البلاء)

ترجمہ: ہم حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھے، تو آپ نے فرمایا کہ قریب ہے کہ اہلِ عراق کے پاس نہ کوئی قفیز (غلہ) آئے گا، اور نہ کوئی درہم آئے گا، ہم نے عرض کیا کہ وہ کہاں سے نہ آئے گا؟ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ عجم کی طرف سے، وہ اسے روک لیں گے، پھر فرمایا کہ قریب ہے کہ اہلِ شام کے پاس بھی نہ کوئی دینار آئے گا اور نہ ہی کوئی درہم آئے گا، ہم نے عرض کیا کہ کہاں سے نہ آئے گا؟ حضرت جابر نے فرمایا کہ روم کی طرف سے نہیں آئے گا، پھر تھوڑی دیر خاموش رہنے کے بعد فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کے آخر میں ایک خلیفہ ہوگا، جو بغیر شمار کئے لپ لپ بھر کر لوگوں میں مال تقسیم کرے گا (صحیح مسلم)

اس حدیث میں جس خلیفہ کی صفت بیان کی گئی ہے، دوسری احادیث میں اس کے متعلق حضرت مہدی ہونے کی تصریح ہے۔

ابوسعید خدری وجابر رضی اللہ عنہما کی حدیث

صحیح مسلم میں حضرت ابوسعید خدری اور جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:يَكُوْنُ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ خَلِيْفَةٌ يَقْسِمُ الْمَالَ وَلَا يَعُدُّهُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩١٤ "٦٩" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب لا تقوم الساعة حتى يمر الرجل بقبر الرجل، فيتمنى أن يكون مكان الميت، من البلاء)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آخری زمانہ میں ایک خلیفہ ہوگا، جو مال کو تقسیم کرے گا، اور اس کو شمار اور حساب میں بھی نہیں لائے گا (کہ کس کو کتنا دیا، بہت زیادہ سخاوت ہوگی) (صحیح مسلم)

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث

اور صحیح مسلم میں ہی حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنْ خُلَفَائِكُمْ خَلِيفَةٌ يَحْثُو الْمَالَ حَثْيًا، لَا يَعُدُّهُ عَدَدًا (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۹۱۴ "۶۸" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب لا تقوم الساعة حتى يمر الرجل بقبر الرجل، فيتمنى أن يكون مكان الميت، من البلاء)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارے خلفاء میں سے ایک خلیفہ ہوں گے، جو مال لپ لپ بھر کر دے گا، اس کو شمار اور حساب میں بھی نہیں لائے گا (کہ کس کو کتنا دیا) (صحیح مسلم)

اور مسند احمد میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيَبْعَثَنَّ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي هٰذِهِ الْأُمَّةِ خَلِيفَةً، يَحْثِي الْمَالَ حَثْيًا، وَلَا يَعُدُّهُ عَدًّا (مسند احمد، رقم الحديث ۱۱۹۱۴) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ضرور بالضرور اللہ عزوجل اس امت میں ایک خلیفہ کو بھیجے گا، جو (لوگوں کو) مال لپ لپ بھر کر دے گا، اور اس کو شمار وحساب میں بھی نہیں لائے گا (مسند احمد)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی دوسری روایات میں اس خلیفہ کے مہدی ہونے کی تصریح ہے۔

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

چنانچہ مستدرک حاکم میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية مسند احمد)

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَخْرُجُ فِيْ آخِرِ أُمَّتِيْ اَلْمَهْدِيُّ ، يَسْقِيْهِ اللّٰهُ الْغَيْثَ ، وَتُخْرِجُ الْأَرْضُ نَبَاتَهَا ، وَيُعْطِي الْمَالَ صِحَاحًا ، وَتَكْثُرُ الْمَاشِيَةُ ، وَتَعْظُمُ الْأُمَّةُ ، يَعِيْشُ سَبْعًا أَوْ ثَمَانِيًا يَعْنِيْ حِجَجًا (المستدرک للحاكم،رقم الحديث ٨٦٧٣، كتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری آخری امت میں مہدی پیدا ہوں گے، اللہ اُن پر خوب (خاص رحمت کی) بارش برسائے گا، اور زمین اپنی پیداوار کو باہر نکال دے گی، اور وہ لوگوں کو مال یکساں طور پر دیں گے، ان کے زمانہ (خلافت) میں مویشیوں کی کثرت اور امت کی عظمت ہوگی (وہ خلافت ملنے کے بعد) سات، یا آٹھ سال زندہ رہیں گے (حاکم)

مذکورہ حدیث سے معلوم ہوا کہ حضرت مہدی کی خلافت کے زمانہ میں مسلمانوں پر ہر طرح سے خیر وبرکت کی فروانی ہوگی۔

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

اور سنن ترمذی میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

خَشِيْنَا أَنْ يَّكُوْنَ بَعْدَ نَبِيِّنَا حَدَثٌ ،فَسَأَلْنَا نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ،فَقَالَ: إِنَّ فِيْ أُمَّتِيْ اَلْمَهْدِيَّ يَخْرُجُ يَعِيْشُ خَمْسًا أَوْ سَبْعًا أَوْ تِسْعًا ،زَيْدٌ الشَّاكُّ ،قَالَ ،قُلْنَا: وَمَا ذَاكَ قَالَ سِنِيْنَ قَالَ فَيَجِيْءُ إِلَيْهِ رَجُلٌ فَيَقُوْلُ يَا مَهْدِيُّ أَعْطِنِيْ أَعْطِنِيْ ،قَالَ فَيَحْثِيْ لَهٗ فِيْ ثَوْبِهٖ مَا

[1] قال الحاكم:هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص:صحيح.

اسْتَطَاعَ أَنْ يَّحْمِلَهُ (سنن الترمذی، رقم الحديث ۲۲۳۲، ابواب الفتن، باب بلاترجمة بعد باب ما جاء فی المهدی) ؎١

ترجمہ: (ایک مرتبہ) ہمیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد پیش آنے والے حادثات کے خوف نے آگھیرا، تو اس سلسلے میں ہم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا۔

تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (گھبرانے کی کوئی بات نہیں) میری امت میں مہدی کا خروج ہوگا، جو کہ پانچ، یا سات، یا نو تک (بطور خلیفہ کے) زندہ رہیں گے، زید راوی کو (تعداد میں) شک ہے، ہم نے عرض کیا کہ یہ کیا ہوں گے؟ (یعنی پانچ، سات، نو، سال، یا مہینے، یا ہفتے وغیرہ) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، سال (یعنی پانچ، یا سات، یا نو سال ہوں گے) پھر فرمایا کہ ایک آدمی ان کے پاس آکر کہے گا کہ اے مہدی! مجھے کچھ دیجیے، مجھے کچھ دیجیے، تو وہ لپ بھر بھر کر اس کے کپڑے میں اتنا ڈال دیں گے، جتنا کہ وہ اُٹھا سکتا ہو (ترمذی)

ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث

اور سنن ابی داود میں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْمَهْدِيُّ مِنِّيْ أَجْلَى الْجَبْهَةِ أَقْنَى الْأَنْفِ يَمْلَأُ الْأَرْضَ قِسْطًا وَّعَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ جَوْرًا وَظُلْمًا يَمْلِكُ سَبْعَ سِنِيْنَ (سنن ابی داوٗد، رقم الحديث ۴۲۸۵، كتاب الفتن، أول كتب المهدی) ؎٢

؎١ قال الترمذی: هذا حديث حسن وقد روی من غير وجه عن أبی سعيد عن النبی صلى الله عليه وسلم وأبو الصديق الناجی اسمه بكر بن عمرو، ويقال: بكر بن قيس.

؎٢ قال شعيب الارنؤوط: جيد بهذا اللفظ (حاشية سنن ابی داوٗد)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مہدی مجھ سے (یعنی میری نسل سے) ہوں گے، کھلی پیشانی والے اور لمبی وباریک ناک والے ہوں گے، وہ زمین کوانصاف وعدل سے بھر دیں گے، جیسے کہ وہ (پہلے) ظلم وزیادتی سے بھر چکی ہوگی، وہ سات سال تک حکومت کریں گے (ابوداود)

اس حدیث میں حضرت مہدی علیہ الرحمۃ کا کچھ حلیہ وصفات بیان کی گئی ہیں، کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نسب سے تعلق رکھتے ہوں گے، اور ان کی پیشانی کشادہ ہوگی، اور ناک لمبی اور باریک ہوگی، اور وہ اپنی حکومت کے سات سالہ دَور میں زمین کو عدل وانصاف سے بھر دیں گے، جس طرح کہ زمین، ان کی حکومت سے پہلے ظلم وزیادتی سے بھری ہوگی، اور ان کی حکومت کا زمانہ سات سال پر محیط ہوگا۔

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث

اور مسند احمد میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ حَتّٰی تَمْتَلِءَ الْأَرْضُ ظُلْمًا وَعُدْوَانًا، قَالَ: ثُمَّ یَخْرُجُ رَجُلٌ مِنْ عِتْرَتِیْ، أَوْ مِنْ أَھْلِ بَیْتِیْ، مَنْ یَّمْلَؤُھَا قِسْطًا وَعَدْلًا، کَمَا مُلِئَتْ ظُلْمًا وَّعُدْوَانًا (مسند احمد، رقم الحدیث ۱۱۳۱۳) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک زمین ظلم اور زیادتی سے نہ بھر جائے، فرمایا کہ پھر اس کے بعد میرے عترت، یا میرے اہلِ بیت میں سے ایک آدمی نکلے گا، جو زمین کو انصاف وعدل سے بھر دے گا، جیسے کہ وہ (پہلے) ظلم وزیادتی سے بھر چکی ہوگی (مسند احمد)

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ صحیح علی شرط الشیخین (حاشیۃ مسند احمد)

www.idaraghufran.org

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی پانچویں حدیث

اور مسند احمد میں ہی حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ایک روایت میں ہے کہ:

’’میری امت میں مہدی کو لوگوں میں اختلاف، اور زلزلوں کے بعد مبعوث کیا جائے گا، پھر اس روایت میں ہے کہ سات، یا آٹھ، یا نو سال تک حکومت کرنے کے بعد مہدی فوت ہو جائیں گے، اور پھر اس کے بعد (لوگوں کے) زندہ رہنے میں کوئی خیر نہیں ہوگی‘‘ [1]

لیکن اس حدیث کی سند کمزور ہے۔ [2]

ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لَوْ لَمْ یَبْقَ مِنَ الدُّنْیَا إِلَّا لَیْلَۃٌ،

---

[1] حدثنا عبد الرزاق، حدثنا جعفر، عن المعلى بن زياد، حدثنا العلاء بن بشير، عن أبي الصديق الناجي، عن أبي سعيد الخدري قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "أبشركم بالمهدي يبعث في أمتي على اختلاف من الناس وزلازل، فيملأ الأرض قسطا وعدلا، كما ملئت جورا وظلما، يرضى عنه ساكن السماء وساكن الأرض، يقسم المال صحاحا "فقال له رجل: ما صحاحا؟ قال: " بالسوية بين الناس "، قال: " ويملأ الله قلوب أمة محمد صلى الله عليه وسلم غنى، ويسعهم عدله، حتى يأمر مناديا فينادي، فيقول: من له في مال حاجة .فما يقوم من الناس إلا رجل ،فيقول:أنا، فيقول: ايت السدان، يعني الخازن، فقل له: إن المهدي يأمرك أن تعطيني مالا، فيقول له: احث حتى إذا جعله في حجره وأبرزه ندم فيقول: كنت أجشع أمة محمد نفسا، أوعجز عني ما وسعهم؟ قال: فيرده، فلا يقبل منه، فيقال له: إنا لا نأخذ شيئا أعطيناه، فيكون كذلك سبع سنين أو ثمان سنين أو تسع سنين، ثم لا خير في العيش بعده أو قال: ثم لا خير في الحياة بعده "(مسند احمد،رقم الحديث ١١٣٢٦)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده ضعيف لجهالة حال العلاء بن بشر :وهو المُزني، فقد انفرد بالرواية عنه المُعلى بن زياد :وهو القُرُوسي، ولم يوثر توثيقه إلا عن ابن حبان، وبقية رجاله ثقات رجال الصحيح .جعفر :هو ابن سليمان الضبعي، وأبو الصديق الناجي :هو بكر بن عمرو(حاشية مسند احمد)

لَمَلَکَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِيْ يُوَاطِئُ اِسْمُهُ اِسْمِيْ (موارد الظمآن إلى زوائد ابن حبان، رقم الحديث ۱۸۷۷، كتاب الفتن، باب ما جاء في المهدی) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر (بالفرض) دنیا کی ایک رات بھی باقی رہی، تب بھی میرے اہلِ بیت میں سے ایک آدمی حکمران بن کر رہے گا، جس کا نام میرے نام کے موافق (محمد) ہوگا (موارد الظمآن)

ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ہی ''سنن ترمذی'' میں روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَذْهَبُ الدُّنْيَا حَتّٰى يَمْلِكَ الْعَرَبَ رَجُلٌ مِّنْ أَهْلِ بَيْتِيْ يُوَاطِئُ اِسْمُهُ اِسْمِيْ (سنن الترمذی، رقم الحديث ۲۲۳۰، ابواب الفتن، باب ما جاء في المهدی) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دنیا اس وقت تک ختم نہیں ہوگی، جب تک میرے اہلِ بیت میں سے ایک آدمی عرب پر حکومت نہ کرے، اس کا نام میرے نام کے موافق (محمد، یا احمد) ہوگا (سنن ترمذی)

اس حدیث میں عرب کا ذکر ہے، بعض دوسری احادیث میں روئے زمین کا ذکر ہے، ممکن ہے کہ خاص عرب کی سرزمین مراد ہو، اور ممکن ہے کہ عرب کے تابع ہو کر دوسرے علاقہ بھی مراد ہوں، جہاں ان کے موثر ترین عدل وانصاف کا اثر پہنچے گا۔ [3]

---

[1] قال حسين سليم أسد الدّارانی: إسناده حسن كما قلنا في الحديث السابق (حاشية موارد الظمآن إلى زوائد ابن حبان)

[2] قال الترمذی: وفي الباب عن علی، وأبی سعيد، وأم سلمة، وأبی هريرة وهذا حديث حسن صحيح.

[3] (يملأ الأرض ") : استئناف مبين لحسبه، كما أن ما قبله معين لنسبه، أی: يملأ وجه الأرض جميعا أو أرض العرب وما يتبعها، والمراد أهلها (مرقاة المفاتيح، ج۸، ص ۳۴۳۹، كتاب الفتن، باب أشراط الساعة)

ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ایک روایت اس طرح مروی ہے کہ:

عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی یَلِیَ رَجُلٌ مِّنْ أَهْلِ بَیْتِی، یُوَاطِئُ اِسْمُهٗ اِسْمِیْ (مسند احمد، رقم الحدیث ۳۵۷۱) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک میرے اہلِ بیت میں سے ایک آدمی حکومت پر فائز نہ ہوجائے، جس کا نام میرے نام کے موافق ہوگا (مسند احمد)

ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث

اور صحیح ابنِ حبان میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی یَمْلِکَ النَّاسَ رَجُلٌ مِّنْ أَهْلِ بَیْتِی، یُوَاطِیءُ اِسْمُهٗ اِسْمِیْ، وَاِسْمُ أَبِیْهِ اِسْمَ أَبِیْ، فَیَمْلَؤُهَا قِسْطًا وَّعَدْلًا (صحیح ابنِ حبان، رقم الحدیث ۶۸۲۴، تابع کتاب التاریخ، باب إخباره صلى الله عليه وسلم عما يكون فى أمته من الفتن والحوادث) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک لوگوں پر میرے اہلِ بیت میں سے ایک آدمی حکومت نہ کرے، اس کا نام میرے نام کے موافق (محمد، یا احمد) ہوگا، اور اس کے والد کا نام بھی میرے والد کے نام کے موافق (عبداللہ) ہوگا، پھر وہ زمین کو انصاف اور عدل سے بھر دے گا (ابنِ حبان)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية صحيح ابنِ حبان)

www.idaraghufran.org

ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی پانچویں حدیث

اور سنن ابی داود میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا يَوْمٌ، قَالَ زَائِدَةُ فِيْ حَدِيْثِهٖ: لَطَوَّلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ الْيَوْمَ ثُمَّ اتَّفَقُوْا، حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْهِ رَجُلًا مِنِّيْ أَوْ مِنْ أَهْلِ بَيْتِيْ يُوَاطِئُ اسْمُهٗ اسْمِيْ وَاسْمُ أَبِيْهِ اسْمُ أَبِيْ، زَادَ فِيْ حَدِيْثِ فِطْرٍ: يَمْلَأُ الْأَرْضَ قِسْطًا وَعَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ ظُلْمًا وَجَوْرًا (سنن ابی داؤد، رقم الحدیث ۴۲۸۲، کتاب الفتن، کتب المهدی) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر دنیا کا صرف ایک ہی دن باقی رہ جائے، زائدہ راوی نے اپنی حدیث میں کہا کہ تو بھی اللہ اس دن کو لمبا کردے گا، اس کے بعد کے الفاظ میں سب راویوں کا اتفاق ہے کہ یہاں تک کہ اللہ اس میں ایک آدمی مبعوث فرمائے گا (یعنی وہ قیامت سے پہلے دنیا میں ضرور بالضرور اور یقینی طور پر آ کر رہے گا، اور اس میں کوئی شبہ نہیں) جو میرے اہلِ بیت میں سے ہوگا، اس کا نام میرے نام پر (محمد، یا احمد) ہوگا، اس کے والد کا نام میرے والد کے نام پر (عبداللہ) ہوگا، اور فطر (راوی) کی حدیث میں ہے کہ وہ زمین کو انصاف اور عدل سے بھر دے گا، جیسا کہ وہ (اس وقت) ظلم وزیادتی سے بھر چکی ہوگی (ابوداود)

اس حدیث میں امام مہدی کا نام میں محمد بن عبداللہ نہیں بتلایا گیا، بلکہ یہ بتلایا گیا ہے کہ اُن کا نام نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نام جیسا ہوگا، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا نام قرآن مجید میں محمد، یا احمد بیان کیا گیا ہے، اسی طرح ان کے والد گرامی کا نام نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے والد کے نام یعنی عبداللہ جیسا ہوگا، اس لیے امام مہدی کا نام محمد بن عبداللہ، یا احمد بن عبداللہ ہوگا۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره، وهذا إسناد حسن من أجل عاصم (حاشية سنن ابی داؤد)

اور کئی دوسری حدیثوں میں یہ وضاحت موجود ہے کہ یہ شخص اور خلیفہ حضرت مہدی ہوں گے۔

ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی چھٹی حدیث

اور سننِ ابنِ ماجہ میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ضعیف سند کے ساتھ روایت ہے کہ:

بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ أَقْبَلَ فِتْيَةٌ مِّنْ بَنِىْ هَاشِمٍ ،فَلَمَّا رَآهُمُ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِغْرَوْرَقَتْ عَيْنَاهُ وَتَغَيَّرَ لَوْنُهٗ ،قَالَ فَقُلْتُ: مَا نَزَالُ نَرٰى فِیْ وَجْهِکَ شَيْئًا نَكْرَهُهٗ، فَقَالَ :إِنَّا أَهْلُ بَيْتٍ اِخْتَارَ اللّٰهُ لَنَا الْآخِرَةَ عَلَى الدُّنْيَا ،وَإِنَّ أَهْلَ بَيْتِىْ سَيَلْقَوْنَ بَعْدِىْ بَلَاءً وَتَشْرِيْدًا وَتَطْرِيْدًا ،حَتّٰى يَأْتِیَ قَوْمٌ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ ،مَعَهُمْ رَايَاتٌ سُوْدٌ ، فَيَسْأَلُوْنَ الْخَيْرَ ،فَلَا يُعْطَوْنَهٗ فَيُقَاتِلُوْنَ فَيُنْصَرُوْنَ فَيُعْطَوْنَ مَا سَأَلُوْا، فَلَا يَقْبَلُوْنَهٗ ،حَتّٰى يَدْفَعُوْهَا إِلٰى رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ بَيْتِیْ فَيَمْلَؤُهَا قِسْطًا ،كَمَا مَلَئُوْهَا جَوْرًا، فَمَنْ أَدْرَکَ ذٰلِکَ مِنْكُمْ فَلْيَأْتِهِمْ وَلَوْ حَبْوًا عَلَى الثَّلْجِ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۴۰۸۲، ابواب الفتن،باب خروج المهدى)

ترجمہ: ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے کہ اتنے میں بنی ہاشم کے کچھ لڑکے سامنے آئے، جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو دیکھا تو آپ کی آنکھوں میں آنسو آگئے، اور رنگ متغیر ہو گیا، میں نے عرض کیا کہ ہم آپ کے چہرے پر مسلسل کرب وغم کے آثار دیکھتے ہیں، جو ہمیں پسند نہیں، فرمایا کہ ہم ایسے گھرانے کے لوگ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیے آخرت کو (دنیا کے مقابلے میں) پسند واختیار فرمایا ہے، اور میرے اہلِ بیت پر میرے بعد مصیبت آئے گی، یہاں تک کہ مشرق کی طرف سے

ایک قوم آئے گی، ان کے ساتھ کالے جھنڈے ہوں گے، وہ مال مانگیں گے، لوگ نہیں دیں گے، تو وہ لڑیں گے اور کامیاب ہوجائیں گے، پھر ان کو مانگی ہوئی چیز دی جائے گی، لیکن وہ اس کو قبول نہیں کریں گے؛ یہاں تک کہ وہ حکومت میرے اہلِ بیت میں سے ایک آدمی کے حوالے کریں گے، جو زمین کو انصاف وعدل سے بھر دے گا، جیسے ان (لوگوں) نے اس کو ظلم سے بھرا تھا، جو اس زمانے کو پالے، وہ ان کے پاس آئے، اگرچہ برف پر گھسٹ کر آنا پڑے (ابنِ ماجہ)

اس حدیث کو امام حاکم نے بھی روایت کیا ہے، اور بعض لوگوں میں اس کو شہرت حاصل ہے۔ تاہم کئی محدثین نے اس روایت کو سند کے اعتبار سے منکر قرار دیا ہے، اور بعض نے شدید ضعیف کہا ہے، اس لیے اس پر عقیدہ رکھنا، مناسب نہیں۔ [1]

علی رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدَّهْرِ إِلَّا يَوْمٌ، لَبَعَثَ اللّٰهُ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ بَيْتِي، يَمْلَؤُهَا عَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ جَوْرًا (سنن ابی داوٗد، رقم الحدیث ۴۲۸۳، کتاب الفتن، کتب المھدی) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر زمانہ کا ایک دن بھی باقی رہ گیا، تب

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:
حديث منكر، ويشبه أن يكون موضوعا .قال الإمام أحمد فيما نقله العقيلي في "الضعفاء :381 /4 "حديث ليس بشیء ورواه كذلك عن شيخ أحمد وكيع بن الجراح، وقال الذهبي في "تلخيص المستدرك :464 /4 "هذا موضوع، وروى العقيلي أيضا عن أبي أسامة حماد بن أسامة قال في حديث عبد الله بن مسعود في الرايات السود :لو حلف يزيد بن أبي زياد عندي خمسين يمينا قسامة ما صدقته، أهذا مذهب إبراهيم !أهذا مذهب علقمة !أهذا مذهب عبد الله !قلنا :ويزيد بن أبي زياد سيء الحفظ وكان يتلقن، وقد يكون تلقنه من بعض الوضاعين(حاشية سنن ابنِ ماجه)

[2] قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح(حاشية سنن ابی داود)

بھی اللہ میرے اہلِ بیت میں سے ایک آدمی کو بھیجے گا، جو زمین کو عدل سے بھر دے گا، جس طرح وہ (پہلے) ظلم سے بھری ہوئی تھی (سنن ابی داود)

علی رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی سند سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :اَلْمَهْدِيُّ مِنَّا أَهْلَ الْبَيْتِ يُصْلِحُهُ اللّٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۴۰۸۵، ابواب الفتن، باب خروج المهدى)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مہدی ہمارے اہلِ بیت میں سے ہوں گے، اللہ (خلافت کے لئے) اُن کی اصلاح ایک رات میں کردے گا (ابنِ ماجہ)

اس حدیث کی سند کو بعض حضرات نے ضعیف قرار دیا ہے۔ [1]

لیکن بعض دوسرے حضرات نے اس کو حسن اور صحیح درجہ میں معتبر کہا ہے۔ [2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:إسناده ضعيف .قال البخارى فى "تاريخه 1/ 317 "فى ترجمة إبراهيم بن محمد ابن الحنفية :فى إسناده نظر، قلنا :إبراهيم بن محمد ابن الحنفية لم يوثقه غير العجلى وابن حبان، وياسين العجلى أسند العقيلى فى "الضعفاء 4/ 465 "عن البخارى قوله :فى حديثه نظر، ونقله عنه الذهبى فى "الميزان."(حاشية سنن ابنِ ماجه)

[2] عن على، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: المهدى منكم أهل البيت يصلحه الله فى ليلة(مسند ابى يعلىٰ الموصلى،رقم الحديث ۴۶۵،مسند على بن أبى طالب رضى الله عنه)

قال حسين سليم أسد الدارنى:إسناده حسن(حاشية مسند ابى يعلىٰ)

قال الالبانى:

رواه ابن ماجة (4075) وأحمد (1/84) والعقيلى فى "الضعفاء (470) "وابن عدى (2/360) وأبو نعيم فى الحلية (3/177)عن ياسين العجلى عن إبراهيم بن محمد بن الحنفية عن أبيه عن على مرفوعا،وقال:لا يتابع ياسين على هذا اللفظ وفى المهدى أحاديث صالحة الأسانيد من غير هذا الطريق.

قلت :بلى، قد تابعه سالم بن أبى حفصة، أخرجه أبو نعيم فى أخبار أصبهان(1/170)

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

علی رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

حضرت عبداللہ بن زریر الغافقی (ثقہ تابعی) سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ عَلِیَّ بْنَ أَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، یَقُوْلُ: سَتَكُوْنُ فِتْنَةٌ یُحَصَّلُ النَّاسُ مِنْهَا كَمَا یُحَصَّلُ الذَّهَبُ فِی الْمَعْدِنِ، فَلَا تَسُبُّوْا أَهْلَ الشَّامِ، وَسُبُّوْا ظَلَمَتَهُمْ، فَإِنَّ فِیْهِمُ الْأَبْدَالُ، وَسَیُرْسِلُ اللّٰهُ إِلَیْهِمْ سَیْبًا مِنَ السَّمَاءِ فَیُغْرِقُهُمْ، حَتّٰی لَوْ قَاتَلَتْهُمُ الثَّعَالِبُ غَلَبَتْهُمْ، ثُمَّ یَبْعَثُ اللّٰهُ عِنْدَ ذٰلِكَ رَجُلًا مِنْ عِتْرَةِ الرَّسُوْلِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ اِثْنَیْ عَشَرَ أَلْفًا إِنْ قَلُّوْا، وَخَمْسَةَ عَشَرَ أَلْفًا إِنْ كَثُرُوْا، أَمَارَتُهُمْ أَوْ عَلَامَتُهُمْ أَمِتْ أَمِتْ عَلٰی ثَلَاثِ رَایَاتٍ، یُقَاتِلُهُمْ أَهْلُ سَبْعِ رَایَاتٍ لَیْسَ مِنْ صَاحِبِ رَایَةٍ إِلَّا وَهُوَ یَطْمَعُ بِالْمُلْكِ، فَیَقْتَتِلُوْنَ وَیُهْزَمُوْنَ، ثُمَّ یَظْهَرُ الْهَاشِمِیُّ فَیَرُدُّ اللّٰهُ إِلَی النَّاسِ إِلْفَتَهُمْ وَنِعْمَتَهُمْ، فَیَكُوْنُوْنَ عَلٰی ذٰلِكَ حَتّٰی یَخْرُجَ الدَّجَّالُ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۶۵۸، کتاب الفتن والملاحم) [1]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ عنه مقرونا مع یاسین هذا، وهو ابن شیبان، قال البخاری " :فی حدیثه نظر ."قال ابن معین " :لیس به بأس، وفی روایة :صالح ."وقال أبو زرعة "لا بأس به ."قال الحافظ فی "تهذیب التهذیب " ."ووقع فی "سنن ابن ماجة "عن یاسین غیر منسوب، فظنه بعض الحفاظ المتأخرین یاسین بن معاذ الزیات،فضعف الحدیث به، فلم یصنع شیئا ."وقال فی "التقریب " :"لا بأس به،ووهم من زعم أنه ابن معاذ الزیات ."قلت :وسائر الرواة ثقات، فالإسناد حسن . لكن متابعة سالم بن أبی حفصة المتقدمة -وهو صدوق فی الحدیث -ترفع الحدیث إلی مرتبة الصحیح .والله أعلم(سلسلة الاحادیث الصحیحة،تحت رقم الحدیث ۲۳۷۱)

[1] قال الحاکم:هذا حدیث صحیح الإسناد، ولم یخرجاه.

وقال الذهبی فی التلخیص:صحیح.

وقال سعد بن ناصر بن عبد العزیز الشَّثری:قال الحاکم :هذا حدیث صحیح الإسناد ولم یخرجاه . ووافقه الذهبی فی التلخیص .وهو كما قالا(حاشیة المطالب العالیة،ج۱۳،ص ۳۶۶، تحت رقم الحدیث ۳۱۹۷، کتاب الرقائق، باب ذکر الأبدال)

ترجمہ: میں نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ عنقریب فتنہ رونما ہوگا، اس میں لوگ ایسے حاصل ہوں گے، جیسے کان میں سونا نکلتا ہے، تم اہلِ شام کو گالیاں مت دو، وہاں کے ظالم لوگوں کو بُرا کہو، ان میں ابدال ہوں گے، وہاں کے لوگوں پر تیز بارش برسے گی، پھر وہ لوگ غرق (اور کمزور) ہوجائیں گے، یہاں تک کہ اگر لومڑیاں بھی ان سے لڑیں، تو ان لوگوں پر غالب آجائیں، پھر اللہ، اُن کے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد (بنوہاشم) میں سے ایک آدمی کو مبعوث فرمائے گا، ان کے ساتھ اگر کم ہوں، تو بارہ ہزار، اور اگر زیادہ ہوں، تو پندرہ ہزار کا لشکر ہوگا، ان کی لڑائی کا نعرہ ''أمِت، أمِت '' کا لفظ ہوگا، تین جھنڈوں کے نیچے ان کا لشکر لڑے گا، ان کے مقابلہ میں سات جھنڈوں والے مقاتلہ کریں گے، ہر جھنڈے والا اقتدار کی طمع میں ہوگا، وہ لڑیں گے، اور شکست کھائیں گے، پھر اللہ تعالیٰ ہاشمی کو فتح دے گا، پس اللہ لوگوں کے دِلوں میں ان کی الفت اور نعمت ڈال دے گا، پس وہ اسی (حالت) پر ہوں گے، یہاں تک کہ دجال برآمد ہوجائے گا (حاکم)

اس سے ملتی جلتی حدیث حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مرفوع طریقہ پر بھی مروی ہے، لیکن اس کی سند کچھ کمزور ہے۔ [1]

---

[1] حدثنا علی بن سعید الرازی قال: نا علی بن الحسین الخواص قال: نا زید بن أبی الزرقاء قال: ابن لهيعة قال: نا عياش بن عباس القتبانی، عن عبد الله بن زرير الغافقی، عن علی بن أبی طالب، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: يكون فی آخر الزمان فتنة، يحصل الناس كما يحصل الذهب فی المعدن، فلا تسبوا أهل الشام، ولكن سبوا شرارهم، فإن فيهم الأبدال، يوشک أن يرسل على أهل الشام سبب من السماء، فيفرق جماعتهم، حتى لو قاتلهم الثعالب غلبتهم، فعند ذلک يخرج خارج من أهل بيتی فی ثلاث رايات، المكثر يقول: هم خمسة عشر ألفا، والمقل يقول: هم اثنا عشر ألفا، أمارتهم أمت أمت، يلقون سبع رايات، تحت كل راية منها رجل يطلب الملک، فيقتلهم الله جميعا، ويرد الله إلى المسلمين ألفتهم، ونعمتهم، وقاصيهم ودانيهم.

لم يرو هذا الحديث عن ابن لهيعة إلا زيد بن أبی الزرقاء "(المعجم الاوسط، للطبرانی، رقم الحديث ۳۹۰۵، باب العين)

قال الهيثمی: رواه الطبرانی فی الأوسط، وفيه ابن لهيعة وهو لين، وبقية رجاله ثقات (مجمع الزوائد، ج۷، ص۳۱۷، تحت رقم الحديث ۱۲۴۱۰، باب ما جاء فی المهدی)

علی رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث

ابوطفیل محمد بن حنفیہ سے روایت کرتے ہیں کہ محمد بن حنفیہ نے فرمایا کہ:

كُنَّا عِنْدَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَسَأَلَهُ رَجُلٌ عَنِ الْمَهْدِيِّ، فَقَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هَيْهَاتَ، ثُمَّ عَقَدَ بِيَدِهِ سَبْعًا، فَقَالَ: ذَاكَ يَخْرُجُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ إِذَا قَالَ الرَّجُلُ: اَللّٰهَ اَللّٰهَ قُتِلَ، فَيَجْمَعُ اللّٰهُ تَعَالٰى لَهُ قَوْمًا قُزُعًا كَقَزَعِ السَّحَابِ، يُؤَلِّفُ اللّٰهُ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ لَا يَسْتَوْحِشُوْنَ إِلٰى أَحَدٍ، وَلَا يَفْرَحُوْنَ بِأَحَدٍ، يَدْخُلُ فِيْهِمْ عَلٰى عِدَّةُ أَصْحَابِ بَدْرٍ، لَمْ يَسْبِقْهُمُ الْأَوَّلُوْنَ وَلَا يُدْرِكُهُمُ الْآخِرُوْنَ، وَعَلٰى عَدَدِ أَصْحَابِ طَالُوْتَ الَّذِيْنَ جَاوَزُوا مَعَهُ النَّهَرَ، قَالَ أَبُو الطُّفَيْلِ: قَالَ ابْنُ الْحَنَفِيَّةِ: أَتُرِيْدُهُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: إِنَّهُ يَخْرُجُ مِنْ بَيْنِ هٰذَيْنِ الْخَشَبَتَيْنِ، قُلْتُ: لَا جَرَمَ وَاللّٰهِ لَا أُرِيْهِمَا حَتّٰى أَمُوْتَ، فَمَاتَ بِهَا يَعْنِيْ مَكَّةَ حَرَسَهَا اللّٰهُ تَعَالٰى (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۶۵۹، کتاب الفتن والملاحم)[1]

ترجمہ: ہم حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس تھے کہ ایک آدمی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے (حضرت) مہدی کے متعلق پوچھا، تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ابھی تو بہت دُور ہے، پھر ہاتھ سے سات کے عدد کی علامت بناتے ہوئے فرمایا کہ ان کا ظہور آخر زمانہ میں ہوگا (اور بے دینی کا اس قدر غلبہ ہوگا) کہ اللہ کا نام لینے والے کو قتل کردیا جائے گا (ظہورِ مہدی کے وقت) اللہ تعالیٰ متفرق و منتشر لوگوں کو ان کے جھنڈے تلے جمع فرمادے گا، جس طرح بادل کے متفرق ٹکڑے باہم مل جاتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ اس جماعت میں باہم یگانگت اور الفت

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين، ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: على شرط البخاري ومسلم.

پیدا کر دے گا، یہ لوگ نہ تو کسی سے متوحش ہوں گے، اور نہ کسی کو دیکھ کر خوش ہوں گے (مطلب یہ ہے کہ ان کا باہمی ربط وضبط سب کے ساتھ یکساں ہوگا، حضرت مہدی) کے پاس اکٹھے ہونے والوں کی تعداد اصحابِ بدر (یعنی غزوۂ بدر میں شریک ہونے والے صحابہ کرام) کی تعداد کے مطابق (یعنی تین سو تیرہ) ہوگی۔ اس جماعت کو ایسی (خاص جزوی) فضیلت حاصل ہوگی، جو ان سے پہلے والوں کو حاصل ہوئی ہے، نہ بعد والوں کو حاصل ہوگی؛ نیز اس جماعت کی تعداد اصحابِ طالوت کے برابر ہوگی، جنہوں نے طالوت کے ساتھ نہر کو عبور کیا تھا۔
حضرت ابو طفیل کہتے ہیں کہ محمد بن حنفیہ نے (مجھ سے) پوچھا کہ کیا تم اس جماعت میں شریک ہونے کا ارادہ رکھتے ہو؟ میں نے کہا کہ جی ہاں! تو انہوں نے (کعبہ) کے دوستونوں کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ خلیفہ مہدی کا ظہور انہیں کے درمیان ہوگا، اس پر حضرت ابو طفیل کہتے ہیں کہ اللہ کی قسم! میں ان سے تاحیات جدا نہ ہوں گا، چنانچہ حضرت ابو طفیل کی وفات مکہ معظّمہ ہی میں ہوئی (حاکم)

تین سو تیرہ سے ابتدائی بیعت میں شریک لوگوں کی تعداد مراد ہے۔

علی رضی اللہ عنہ کی پانچویں وچھٹی حدیث

’’سنن ابی داؤد‘‘ میں ابو اسحاق سے روایت ہے کہ:

قَالَ عَلِیٌّ، وَنَظَرَ إِلٰی ابْنِهِ الْحَسَنِ، فَقَالَ: إِنَّ ابْنِیْ هٰذَا سَیِّدٌ كَمَا سَمَّاهُ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَسَیَخْرُجُ مِنْ صُلْبِهِ رَجُلٌ یُسَمّٰی بِاسْمِ نَبِیِّكُمْ یُشْبِهُهُ فِی الْخُلُقِ وَلَا یُشْبِهُهُ فِی الْخَلْقِ ثُمَّ ذَكَرَ قِصَّةً: یَمْلَأُ الْأَرْضَ عَدْلًا (سنن ابی داؤد، رقم الحدیث ۴۲۹۰ ”۱“ کتاب الفتن، کتب المهدی)

ترجمہ: علی رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھا اور فرمایا کہ میرا یہ بیٹا سردار ہوگا، جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اور ان کی پشت سے ایک آدمی پیدا ہوگا، جس کا نام تمہارے نبی کے نام پر ہوگا، وہ اس (یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم) کے ساتھ اخلاق میں مشابہ ہوگا، اور جسم میں مشابہ نہیں ہوگا، پھر قصہ ذکر کیا، اور فرمایا کہ وہ زمین کو عدل سے بھر دے گا (ابوداود)

اس روایت کی سند میں ضعف پایا جاتا ہے۔ [1]

اور''سنن ابی داؤد'' میں ہی ہلال بن عمرو سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَخْرُجُ رَجُلٌ مِنْ وَرَاءِ النَّهْرِ يُقَالُ لَهُ الْحَارِثُ بْنُ حَرَّاثٍ عَلٰى مُقَدِّمَتِهِ رَجُلٌ ،يُقَالُ لَهُ مَنْصُوْرٌ يُوَطِّءُ أَوْ يُمَكِّنُ لِآلِ مُحَمَّدٍ ،كَمَا مَكَّنَتْ قُرَيْشٌ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَبَ عَلٰى كُلِّ مُؤْمِنٍ نَصْرُهُ أَوْ قَالَ إِجَابَتَهُ

(سنن ابی داؤد،رقم الحديث ۴۲۹۰ "كتاب الفتن، كتب المهدى)

ترجمہ: میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ماوراءُالنہر کے علاقے (وسطی ایشیا، سمرقند و بخارا کی سرزمین) سے ایک آدمی ظاہر ہوگا، جو حارث بن حراث کے نام سے موسوم ہوگا، اس کے لشکر کے مقدمۃ الجیش (فوج کا ہراول دستہ) کا امیر (وکمانڈر) منصور نامی شخص ہوگا، جو اہلِ بیتِ نبی (حضرت مہدی اور ان کی جماعت) کے لیے اسی طرح

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:

إسناده ضعيف لإبهام شيخ أبي داود فيه، وأبو إسحاق -وهو عمرو بن عبد الله السبيعي- رأى علياً رضى الله عنه، ولم تثبت له رواية عنه.

وأخرجه نعيم بن حماد في "الفتن "(1113) عن غير واحد، عن إسماعيل بن عياش، عمن حدثه، عن محمَّد بن جعفر، عن علي بن أبي طالب .وفي إسناده مُبهمون كما ترى(حاشية سنن ابی داود)

سازوسامان وغیرہ فراہم کر کے غلبہ وحکومت کی راہ ہموار کرے گا، جس طرح قریش نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے (نصرت وحمایت کے ذریعے آپ کے دین کے غلبہ کی راہ ہموار کی تھی) ہر مؤمن پر اس کی (حضرت مہدی اور حارث ومنصور کی سرکردگی میں ان کے حامی لشکر کی) نصرت وحمایت ضروری ہوگی (ابوداود)

اس حدیث کی سند میں ایک راوی مجہول ہے، جس کی وجہ سے اس کو سند کے اعتبار سے بعض اہلِ علم نے ضعیف کہا ہے۔ [1]

علی رضی اللہ عنہ کی ساتویں حدیث

امام حاکم نے بعض غیر معروف راویوں کی سند سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ایک موقوف حدیث کو روایت کیا ہے، جس میں سفیانی کے شام پر غلبہ پا لینے اور پھر چند چیزوں کے ذکر کے بعد اہلِ خراسان کے حضرت مہدی کی طلب میں نکلنے کا ذکر ہے۔ [2]

لیکن علامہ ذہبی نے اس حدیث کو سند کے اعتبار سے بے کار قرار دیا ہے۔ [3]

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:إسناده ضعيف لإبهام شيخ أبي داود في هذا الحديث(حاشية سنن ابى داود)

[2] وأخبرني محمد بن المؤمل، ثنا الفضل بن محمد الشعراني، ثنا نعيم بن حماد، ثنا الوليد، ورشدين، قالا: ثنا ابن لهيعة، عن أبي قبيل، عن أبي رومان، عن علي بن أبي طالب رضي الله عنه، قال: يظهر السفياني على الشام، ثم يكون بينهم وقعة بقرقيسا حتى تشبع طير السماء وسباع الأرض من جيفهم، ثم ينفتق عليهم فتق من خلفهم، فتقبل طائفة منهم حتى يدخلوا أرض خراسان، وتقبل خيل السفياني في طلب أهل خراسان، ويقتلون شيعة آل محمد صلى الله عليه وسلم بالكوفة، ثم يخرج أهل خراسان في طلب المهدي (المستدرك،للحاكم،رقم الحديث ٨٥٣٠)

[3] قال الذهبي في التلخيص:خبر واه.

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا لَيْلَةٌ، لَمَلَكَ فِيْهَا رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (موارد الظمآن إلى زوائد ابن حبان، رقم الحديث ۱۸۷۶، كتاب الفتن، باب ما جاء في المهدي) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر (بالفرض) دنیا کی ایک رات بھی باقی رہی، تب بھی اس (دنیا) کا اہلِ بیتِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم میں سے ایک آدمی حکمران بن کر رہے گا (موارد الظمآن)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُبَايَعُ لِرَجُلٍ مَا بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ، وَلَنْ يَسْتَحِلَّ الْبَيْتَ إِلَّا أَهْلُهُ، فَإِذَا اسْتَحَلُّوْهُ فَلَا تَسْأَلْ عَنْ هَلَكَةِ الْعَرَبِ، ثُمَّ تَأْتِي الْحَبَشَةُ فَيُخَرِّبُوْنَهُ خَرَابًا لَا يَعْمُرُ بَعْدَهُ أَبَدًا، وَهُمُ الَّذِيْنَ يَسْتَخْرِجُوْنَ كَنْزَهُ (مسند احمد، رقم الحديث ۷۹۱۰) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک آدمی (یعنی حضرت مہدی) کے لیے رُکنِ یمانی اور مقامِ ابراہیم کے درمیان بیعت کی جائے گی، اور بیت اللہ کی حرمت دری اہلِ حرم (یعنی مسلمانوں) ہی کے ہاتھوں ہوگی، اور جب اس حرمت کو پائمال کر دیا گیا، تو عربوں کی ہلاکت کا پھر کچھ نہ پوچھیے؟ پھر حبشہ کے لوگ آئیں گے، اور وہ بیت اللہ کی عمارت کو خراب کر دیں گے، اس کے بعد بیت

---

[1] قال حسين سليم أسد الداراني: إسناده حسن (حاشية موارد الظمآن إلى زوائد ابن حبان)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غيرَ سعيد بن سمعان، فقد روى لـه البخاري في "القراءة خلف الإمام" وأصحابُ السنن غيرَ ابن ماجه، وهو ثقة. ابن أبي ذئب: هو محمد بن عبد الرحمن بن المغيرة بن الحارث (حاشية مسند احمد)

اللہ کبھی تعمیر نہیں ہوگا (حتیٰ کہ قیامت آجائے گی) اور یہی لوگ بیت اللہ کا خزانہ نکالیں گے (مسند احمد)

اہلِ حبشہ کے ہاتھوں بیتُ اللہ کی تخریب اور ان کا تسلط، یہ واقعات حضرت مہدی کی وفات کے بعد اس وقت ظاہر ہوں گے، جب قیامت بہت قریب آجائے گی، اور دنیا سے دینِ حق کی بساط لپٹنے اور کلمہ گو مسلمانوں کا ایک ایک کر کے ختم ہوجانے کا مرحلہ آجائے گا؛ کیونکہ قیامت خالص کافروں پر آئے گی، جس کا ذکر آگے الگ فصل میں آتا ہے۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَخْرُجُ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ السُّفْيَانِيُّ فِيْ عُمْقِ دِمَشْقَ ، وَعَامَّةُ مَنْ يَّتْبَعُهُ مِنْ كَلْبٍ ، فَيَقْتُلُ حَتّٰى يَبْقَرَ بُطُوْنَ النِّسَاءِ ، وَيَقْتُلُ الصِّبْيَانَ ، فَتَجْمَعُ لَهُمْ قَيْسٌ ، فَيَقْتُلُهَا حَتّٰى لَا يُمْنَعُ ذَنَبَ تَلْعَةٍ ، وَيَخْرُجُ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِيْ فِي الْحَرَّةِ ، فَيَبْلُغُ السُّفْيَانِيَّ ، فَيَبْعَثُ إِلَيْهِ جُنْدًا مِنْ جُنْدِهِ ، فَيَهْزِمُهُمْ ، فَيَسِيْرُ إِلَيْهِ السُّفْيَانِيُّ بِمَنْ مَعَهُ ، حَتّٰى إِذَا صَارَ بِبَيْدَاءَ مِنَ الْأَرْضِ ، خُسِفَ بِهِمْ ، فَلَا يَنْجُوْ مِنْهُمْ إِلَّا الْمُخْبِرُ عَنْهُمْ (المستدرک للحاکم، رقم الحديث ٨٥٨٦، كتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک آدمی دمشق کے درمیان سے نکلے گا، جس کو سفیانی کہا جائے گا، اس کی تابعداری کرنے والے زیادہ تر (قبیلہ) کلب کے لوگ ہوں گے، وہ لوگوں کو قتل کرے گا، یہاں تک کہ عورتوں کے پیٹ

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد على شرط الشيخين، ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: على شرط البخاري ومسلم.

www.idaraghufran.org

چاک کرے گا، اور بچوں کو قتل کرے گا (قبیلہ) قیس کے لوگ ان کے مقابلے میں جمع ہو جائیں گے، وہ ان کو بھی قتل کر دے گا، یہاں تک کہ کوئی باقی نہیں رہے گا، اور میرے اہلِ بیت میں سے ایک آدمی نکلے گا (یعنی مہدی) حرہ کے مقام پر سفیانی اس کے مقابلے کے لیے فوج بھیجے گا، مہدی ان کو شکست دے گا، پھر سفیانی خود اپنے سب لشکر کو لے کر اس کے مقابلے کے لیے آئے گا، یہاں تک کہ جب وہ بیداء کے مقام تک پہنچے گا، تو زمین ان کو نگل لے گی، ان میں سے کوئی نہیں بچے گا، سوائے ایک شخص کے جو اُن (ہلاک ہونے والوں) کی خبر دے گا (حاکم)

اس روایت میں اگرچہ حضرت مہدی کے نام کی صراحت نہیں ہے، لیکن اس طرح کی دوسری روایات میں مذکورہ صفات والے واقعات میں حضرت مہدی کے نام کی صراحت موجود ہے۔

تاہم بعض اہلِ علم حضرات نے اس حدیث کی سند کو منکر کہا ہے۔ [1]

---

[1] قال الالبانی:

منکر .أخرجه الحاکم فی "المستدرک "(4/520) من طریق محمد بن إسماعیل بن أبی سمینة :ثنا الولید بن مسلم :ثنا الأوزاعی عن یحیی بن أبی کثیر عن أبی سلمة عن أبی هریرة رضی الله عنه مرفوعا، وقال ":صحیح علی شرط الشیخین ."ووافقه الذهبی.

قلت :وفیه نظر من ناحیتین:

الأولی :أن ابن أبی سمینة لم یخرج له مسلم.

والأخری :عنعنة الولید بن مسلم، فإنه کان یدلس تدلیس التسویة، وهو أن یسقط شیخ شیخه، أی :شیخ الأوزاعی، فقد جاء فی ترجمته:عن الهیثم بن خارجة قال :قلت للولید بن مسلم :قد أفسدت حدیث الأوزاعی !قال :وکیف؟ قلت :تروی عنه عن نافع، وعنه عن الزهری، وعنه عن یحیی -یعنی :ابن کثیر - وغیرک یدخل بین الأوزاعی ونافع (عبد الله بن عامر الأسلمی) ، وبینه وبین الزهری (قرة) ، فما یحملک علی هذا؟ فقال :أنبل الأوزاعی أن یروی عن مثل هؤلاء !قلت :فإذا روی الأوزاعی عن هؤلاء المناکیر -وهم ضعفاء -فأسقطتهم أنت، وصیرتها من روایة الأوزاعی عن الأثبات، ضعف الأوزاعی !فلم یلتفت إلی قولی!ذکره العلائی فی "المراسیل "(ص 118) ،

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

والحافظ فی "التهذيب "ومن قبله الذهبی فی "السير "(9/215) ، ومن قبله المزی فی "تهذيبه"(31/97) ، ومن قبلهم ابن عساكر فی "التاريخ"(17/906).
وذكروا نحوه عن الإمام الدارقطنی.
وإذا عرفت هذا، وأن الوليد كان يدلس تدليس التسوية أيضا، فمن الغريب أن لا يفصح الذهبی فی كتبه عن ذلک !ومنها" :السير"، فقال فيه:
ثقة حافظ، لكنه رديء الحفظ، فإذا قال :حدثنا، فهو حجة ."ومثله قوله فی "الكاشف ... ":"وكان مدلسا، فيتقی من حديثه ماقال فيه :(عن) ولعله يعنی ذلک فی كل سلسلة إسناده، أعنی :كما عنعن هنا بين الأوزاعی وشيخه يحيی، وبين هذا و (أبی سلمة) ، ويحتج به، إذا صرح بالتحديث مكان العنعنة.
هذا التأويل محتمل يساعد عليه ما تقدم، لكنی رأيته قد أفصح بخلافه، فقال فی "المغنی ":"فإذا قال :حدثنا الأوزاعی، فهو حجة!"
وهذا تقصير منه بلا شک، فالصواب وصفه بالنوعين من (تدليس السماع) ، وهو ما صرح به الحافظ فی "التقريب "و "مقدمة الفتح"، فقال فيه (450) ": عابوا عليه كثرة التدليس، والتسوية * * *وقد احتجوا به فی حديثه عن الأوزاعی، و ..و..لكن فی هذا الإطلاق المتعلق باحتجاج الشيخين به نظر، فقد قال الذهبی عقب رواية الهيثم المتقدمة وغيرها:
"قلت :البخاری ومسلم قد احتجا به، ولكنهما ينتقيان حديثه، ويتجنبان ما ينكر له."
قلت :ولعل حديثنا هذا من قبيل ما تجنباه، لنكارته، ولما فيه من العنعنة، ولذلک فقد وهم الذهبی -فضلا عن الحاكم -فی تصحيحه علی شرطهما، لما علمت من ترجمة ابن أبی سمينة، ولأنه ليس فيه تحديث الأوزاعی فمن فوقه.
يضاف إلی ذلک :يحيی بن أبی كثير مدلس أيضا عن شيوخه معروف بذلک، كما فی "مراسيل العلائی "وغيره.
والخسف المذكور فی آخر الحديث، قد صح من حديث حفصة رضی الله عنها أنها سمعت النبی صلی الله عليه وسلم يقول":ليؤمن هذا البيت جيش يغزونه، حتی إذا كانوا ببيداء من الأرض، يخسف بأوسطهم، وينادی أولهم آخرهم، ثم يخسف بهم، فلايبقی إلا الشريد الذی يخبر عنهم.رواه مسلم وغيره(سلسلة الاحاديث الضعيفة، تحت رقم الحديث ٥٢٠٦)

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: سَمِعْتُمْ بِمَدِيْنَةٍ جَانِبٌ مِنْهَا فِي الْبَرِّ وَجَانِبٌ مِنْهَا فِي الْبَحْرِ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَغْزُوَهَا سَبْعُوْنَ أَلْفًا مِنْ بَنِيْ إِسْحَاقَ، فَإِذَا جَاءُوْهَا نَزَلُوْا، فَلَمْ يُقَاتِلُوْا بِسِلَاحٍ وَلَمْ يَرْمُوْا بِسَهْمٍ، قَالُوْا: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، فَيَسْقُطُ أَحَدُ جَانِبَيْهَا ،قَالَ ثَوْرٌ: لَا أَعْلَمُهُ إِلَّا قَالَ: اَلَّذِيْ فِي الْبَحْرِ، ثُمَّ يَقُوْلُوْا الثَّانِيَةَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، فَيَسْقُطُ جَانِبُهَا الْآخَرُ، ثُمَّ يَقُوْلُوْا الثَّالِثَةَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، فَيُفَرَّجُ لَهُمْ، فَيَدْخُلُوْهَا فَيَغْنَمُوْا، فَبَيْنَمَا هُمْ يَقْتَسِمُوْنَ الْمَغَانِمَ، إِذْ جَاءَهُمُ الصَّرِيْخُ، فَقَالَ: إِنَّ الدَّجَّالَ قَدْ خَرَجَ، فَيَتْرُكُوْنَ كُلَّ شَيْءٍ وَيَرْجِعُوْنَ

(صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٢٠، كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب لا تقوم الساعة حتى يمر الرجل بقبر الرجل، فيتمنى أن يكون مكان الميت، من البلاء)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم نے کسی ایسے شہر کے متعلق سنا ہے، جس کی ایک طرف خشکی میں ہو، اور دوسری طرف سمندر میں ہو؟ صحابہ نے عرض کیا کہ جی ہاں اے اللہ کے رسول! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک کہ اس شہر سے بنی اسحاق کے ستر ہزار افراد جہاد نہ کرلیں، جب وہ مجاہدین اس شہر کے پاس آئیں گے، تو وہاں پڑاؤ کریں گے، اور وہ نہ تو اسلحہ سے لڑیں گے، اور نہ تیر پھینکیں گے، وہ لوگ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ کہیں گے، تو شہر کی دو جانب میں سے ایک جانب گر جائے گی۔

ثور راوی کہتے ہیں کہ مجھے معلوم نہیں کہ یہ بھی کہا کہ سمندر والی جانب گر جائے گی، پھر مسلمان دوبارہ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ کہیں گے، تو اس شہر کا دوسرا حصہ بھی گر جائے گا، پھر تیسری مرتبہ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ کہنے سے اتنی

کشادگی ہوجائے گی کہ سارے مسلمان شہر میں (فتح یاب ہوکر) داخل ہوجائیں گے، اور مالِ غنیمت حاصل کرکے ابھی اسے تقسیم کرہی رہے ہوں گے کہ ایک آدمی چیخ کر کہے گا کہ دجال نکل آیا، مسلمان یہ خبر سن کر سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر واپس چلے جائیں گے (صحیح مسلم)

محدثین نے فرمایا کہ مذکورہ واقعہ قیامت سے پہلے حضرت مہدی کے زمانے میں ہوگا، کیونکہ دجال حضرت مہدی کے زمانے میں ہی نکلے گا۔

امِ سلمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث

ام المؤمنین حضرت امِ سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكُوْنُ اِخْتِلَافٌ عِنْدَ مَوْتِ خَلِيْفَةٍ، يَخْرُجُ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ مِنْ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ، إِلٰى مَكَّةَ فَيَأْتِيْهِ نَاسٌ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ فَيُخْرِجُوْنَهُ وَهُوَ كَارِهٌ فَيُبَايِعُوْنَهُ بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ، فَيَبْتَعِثُوْنَ إِلَيْهِ جَيْشاً مِنْ أَهْلِ الشَّامِ، فَإِذَا كَانُوْا بِالْبَيْدَاءِ، خُسِفَ بِهِمْ، فَإِذَا بَلَغَ النَّاسَ ذٰلِكَ، أَتَاهُ أَهْلُ الشَّامِ، وَعَصَائِبُ مِنْ أَهْلِ الْعِرَاقِ، فَيُبَايِعُوْنَهُ، وَيَنْشَأُ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ، أَخْوَالُهُ مِنْ كَلْبٍ، فَيَبْتَعِثُوْنَ إِلَيْهِمْ جَيْشاً فَيَهْزِمُوْنَهُمْ وَيَظْهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ، فَيَقْسِمُ بَيْنَ النَّاسِ فَيْئَهُمْ، وَيَعْمَلُ فِيْهِمْ بِسُنَّةِ نَبِيِّهِمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَيُلْقِي الْإِسْلَامُ بِجِرَانِهِ إِلَى الْأَرْضِ يَمْكُثُ سَبْعَ سِنِيْنَ (موارد الظمآن إلى زوائد ابن حبان،رقم الحديث ١٨٨١، كتاب الفتن،باب ما جاء فى المهدى)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک خلیفہ کے انتقال کے وقت (نئے خلیفہ کے انتخاب میں لوگوں کا) اختلاف ہوگا، مدینہ والوں میں سے ایک قریش کا آدمی (یعنی مہدی) مکہ مکرمہ آجائے گا، پھر اہلِ مکہ میں سے کچھ لوگ

اس (مہدی) کے پاس آئیں گے، اور اس کو وہاں سے نکالیں گے، مگر وہ وہاں سے نکلنے کو ناپسند کرے گا، پھر وہ لوگ اس آدمی (مہدی) سے رکن اور مقامِ ابراہیم کے درمیان میں بیعت کریں گے۔

پھر لوگ اس (مہدی) کے مقابلے کے لیے شام سے ایک لشکر روانہ کریں گے، پس جب اس لشکر کے لوگ (مکہ اور مدینہ کے مابین) مقامِ بیداء میں ہوں گے، تو ان کو دھنسا دیا جائے گا۔

پھر جب لوگوں کو اس لشکر کے دھنسائے جانے کی خبر پہنچے گی، تو شام کے لوگ اس (واقعہ سے متاثر ہوکر مہدی) کے پاس آئیں گے، اور عراق کے لوگوں کی بعض جماعتیں بھی آئیں گی، اور اس آدمی (مہدی) سے بیعت کریں گی، اور قریش کا ایک آدمی، جس کے ننھیال والے بنوکلب ہوں گے، وہ ان (مہدی اور ان کے ہمراہیوں) سے مقابلے کے لیے ایک لشکر بھیجے گا، تو یہ (مہدی اور آپ کے ہمراہی) لوگ اس لشکر کو شکست دے دیں گے، اور ان پر غالب آجائیں گے، پھر وہ آدمی (یعنی مہدی) لوگوں کے درمیان ان بنوکلب کے مالِ فیء کو تقسیم کرے گا، اور لوگوں کے معاملات میں سنتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق عمل کرے گا، اور اس کے زمانے میں اسلام اپنی گردن زمین پر ڈال دے گا، یہ آدمی (یعنی مہدی) سات سال زندہ رہے گا (موارد)

اس حدیث کی سند کو بعض حضرات نے ضعیف کہا ہے، لیکن بعض دوسرے حضرات نے حسن کہا ہے، اور ہمیں اس حدیث کی سند کا حسن درجہ میں معتبر ہونا راجح معلوم ہوا۔ [1]

---

[1] قال حسين سليم أسد الدّاراني:
إسناده حسن من أجل محمد بن يزيد بن محمد بن كثير بن رفاعة، وقد بسطنا القول فيه عند الحديث (5088) فی مسند الموصلی .وصالح أبو الخليل هو صالح بن أبی مريم.
والحديث فی مسند أبی يعلى 370 - 369 /12برقم .(6940)

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

اُمِ سلمہ رضی اللہ عنہا کی دوسری حدیث

اور مسند ابی یعلیٰ میں امُّ المؤمنین حضرت اُمِ سلمہ رضی اللہ عنہا سے سندِ حسن کے ساتھ روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكُوْنُ اِخْتِلَافٌ عِنْدَ مَوْتِ خَلِيْفَةٍ، فَيَخْرُجُ رَجُلٌ مِّنْ قُرَيْشٍ مِنْ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ إِلٰى مَكَّةَ، فَيَأْتِيْهِ

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

وأخرجه أحمد 316 /6من طريق عبد الصمد، وحرمى، وأخرجه أبو داود فى المهدى (4286) من طريق محمد بن المثنى، حدثنا معاذ ابن هشام، جميعهم حدثنا هشام، بهذا الإسناد .وهو فى مسند الموصلى برقم (6940) أيضاً، وفيه "أبو الخليل، عن صاحب له "وهذا إسناد فيه جهالة.

وأخرجه الطبرانى فى الأوسط 90 - 89 /2برقم (1175) من طريق أحمد، قال : حدثنا عبد الله بن جعفر، قال :حدثنا عبيد الله بن عمرو، عن معمر، عن قتادة، عن مجاهد، به .وفيه "أو تسع سنين "زيادة عما هنا.

وذكره الهيثمى فى "مجمع الزوائد 315 /7 "باب :ما جاء فى المهدى، وقال" :رواه الطبرانى فى الأوسط ورجاله رجال الصحيح."

وأخرجه الحاكم 431 /4من طريق ...عمر بن عاصم الكلابى، حدثنا أبو العوام القطان، حدثنا قتادة، عن أبى الخليل، عن عبد الله بن الحارث، عن أم سلمة، به.

وقال الذهبى" :قلت :أبو العوام عمران ضعفه غير واحد، وكان خارجياً."

نقول :عمران بن داور -عند البخارى، وابن أبى حاتم :داود -قال ابن الجنيد فى سؤالاته ص (410) برقم " :(575)قلت ليحى بن معين :عمران بن الداور -فيه الدوار -ثبت؟ .قال :لا .قلت :ما حاله؟ .قال :ضعيف."

وقال الدورى فى تاريخ ابن معين 157 /4برقم " :(3687)سمعت يحيى يقول : عمران القطان ليس بشىء .قلت :هو أحب إليك أو أبو هلال؟ .قال :أبو هلال."

وقال أيضاً فيه 185 /4برقم " :(3855)سمعت يحيى يقول :ليس عمران القطان بالقوى، وهو دون أبى هلال، ولم يكن لأبى هلال كتاب."

وقال يحيى بن معين فى التاريخ 283 /4برقم " :(4397)وعمران القطان لم يرو عنه يحيى بن سعيد، وهو ليس بشىء ."

وترجمه البخارى فى الكبير 425 /6ولم يورد فيه جرحاً ولا تعديلاً، وأورد ابن أبى

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

نَاسٌ مِّنْ أَهْلِ مَكَّةَ، فَيُخْرِجُونَهُ وَهُوَ كَارِهٌ، فَيُبَايِعُهُمْ بَيْنَ الْمَقَامِ وَالرُّكْنِ، فَيَبْعَثُونَ إِلَيْهِ جَيْشًا مِّنَ الشَّامِ، فَإِذَا كَانُوا بِالْبَيْدَاءِ خُسِفَ بِهِمْ، فَإِذَا بَلَغَ النَّاسَ ذٰلِكَ، أَتَاهُ أَبْدَالُ أَهْلِ الشَّامِ، وَعَصَائِبُ مِنْ

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

حاتم فی "الجرح والتعديل 298 /6 "قول الدورى الأول عن ابن معين.

ثم أورد عن عبد الله بن أحمد أنه قال" :قال أبى -وسئل عن عمران القطان، فقال: أرجو أن يكون صالح الحديث

وأورد ابن أبى حاتم أيضاً فيه 297 /6عن عمرو بن على، وعمرو بن مرزوق قالا : "ذكر يحيى بن سعيد يوماً عمران القطان، فأحسن عليه الثناء ."

وقال النسائى فى الضعفاء ص (85) برقم " :(478)عمران بن داور القطان ضعيف، يكنى أبا العوام."

وقال الآجرى، عن أبى داود " :هو من أصحاب الحسن، وما سمعت الله خيراً ."وقال مرة" :ضعيف، أفتى فى أيام إبراهيم بن عبد الله بن حسن بفتوى شديدة فيها سفك الدماء ."

وقال الترمذى :قال البخارى" :صدوق يهم."

وذكره ابن شاهين فى "تاريخ أسماء الثقات "ص (182) وقال" :أبو العوام عمران القطان من أخص الناس بقتادة، وكانوا يقولون :إنه يميل إليه .إلا أنهم لم يثبتوا عليه شيئاً."

وقال العجلى فى "تاريخ الثقات "ص " :(373)عمران بن داور بصرى، ثقة."

ووثقه ابن حبان 243 /7، وعفان، وقال الساجى" :صدوق ."وقال الحاكم : "صدوق ."وقال الحاكم فى المستدرك" :إنه صدوق فى روايته ."وقال الذهبى فى كاشفه" :ضعفه النسائى، ومشاه أحمد وغيره ."وقال الذهبى فى المغنى فى الضعفاء " :478 /2صدوق، ضعفه يحيى والنسائى."

وقال ابن عدى فى كامله " :1743 /5وعمران القطان له أحاديث غير ما ذكرت عن قتادة وعن غيره، وهو ممن يكتب حديثه."

وانظر الضعفاء الكبير 301 - 300 /3، وميزان الاعتدال 237 - 236 /3، والمعرفة والتاريخ .258 /2

نقول :وقد أخرج مسلم والترمذى معنى الخسف بالجيش الذى يؤم البيت، انظر الحديث (6926)) فى مسند الموصلى 357 /12حيث استوفينا تخريجه .وانظر أيضاً جامع الأصول 27 /10، ومصنف ابن أبى شيبة 46 /15برقم .(19070)(حاشية موارد الظمآن)

أَهْلِ الْعِرَاقِ فَيُبَايِعُونَهُ، وَيَنْشَأُ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ، أَخْوَالُهُ كَلْبٌ فَيَبْعَثُ إِلَيْهِمْ بَعْثًا،أَوْ قَالَ: جَيْشًا فِيهِمْ مُؤْمِنُهُمْ،وَيَظْهَرُونَ عَلَيْهِمْ فَيَقْسِمُ بَيْنَ النَّاسِ فَيْئَهُمْ وَيَعْمَلُ فِيهِمْ سُنَّةَ نَبِيِّهِمْ، وَيُلْقِي الْإِسْلَامَ بِجِرَانِهِ إِلَى الْأَرْضِ يَمْكُثُ سَبْعَ سِنِينَ (مسند ابی یعلیٰ الموصلی، رقم الحدیث ۶۹۴۰، مسند أم سلمة زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک خلیفہ کے انتقال کے وقت (نئے خلیفہ کے انتخاب میں لوگوں کا) اختلاف ہوگا، پھر اہلِ مدینہ کے قریش میں سے ایک شخص (یعنی مہدی) مکہ مکرمہ کی طرف نکلے گا، پھر اہلِ مکہ میں سے کچھ لوگ اس شخص (مہدی) کے پاس آئیں گے، اور اس کو نکالیں گے، مگر وہ وہاں سے نکلنے کو ناپسند کرے گا، پھر وہ لوگ اس شخص (مہدی) سے رکن اور مقامِ ابراہیم کے درمیان میں بیعت کریں گے۔

پھر لوگ اس شخص (مہدی) کے مقابلے کے لیے شام سے ایک لشکر کو روانہ کریں گے، پھر جب اس لشکر کے لوگ (مکہ اور مدینہ کے مابین) مقامِ ''بیداء'' (چٹیل جگہ) میں ہوں گے، تو ان کو دھنسا دیا جائے گا۔

پھر جب لوگوں کو اس لشکر کے دھنسائے جانے کی خبر پہنچے گی، تو شام کے ابدال (واولیاء) اس شخص (مہدی) کے پاس آئیں گے، اور عراق کے لوگوں کی بعض جماعتیں بھی آئیں گی، اور اس شخص (مہدی) سے بیعت کریں گی، اور قریش کا ایک آدمی، جس کے ننھیال والے بنوکلب ہوں گے، وہ اس (مہدی اور اس کے ہمراہیوں) سے مقابلے کے لیے کچھ لوگوں، یا لشکر کو بھیجے گا، جن میں مومن لوگ بھی ہوں گے، پھر یہ (مہدی اور آپ کے ہمراہی) اس لشکر پر غالب آ جائیں

---

[1] قال حسين سليم أسد الداراني: إسناده من طريق مجاهد حسن (حاشية مسند ابی یعلیٰ)

گے، پھر وہ شخص (یعنی مہدی) لوگوں کے درمیان ان کے مالِ فیء کو تقسیم کرے گا، اور لوگوں کے معاملات میں ان کے نبی کی سنت کے مطابق عمل کرے گا، اور اس کے زمانے میں اسلام اپنی گردن زمین پر ڈال دے گا، یہ شخص (یعنی مہدی) سات سال حکومت کرے گا (مسند ابی یعلیٰ)

اس حدیث کو امام طبرانی نے بھی روایت کیا ہے، جس میں یہ بھی ہے کہ جو شخص بنوکلب کے مالِ غنیمت سے محروم رہ گیا، تو وہ خسارہ پانے والا ہوگا۔ [1]

اور علامہ ہیثمی نے اس حدیث کی سند کے راویوں کو صحیح کہا ہے۔ [2]

---

[1] حدثنا حفص بن عمر بن الصباح الرقي، ثنا عبيد الله بن عمرو، عن معمر، عن قتادة، عن مجاهد، عن أم سلمة، قالت: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: يكون اختلاف عند موت خليفة، فيخرج رجل من بنى هاشم من المدينة إلى مكة فيجيئه ناس فيبايعونه بين الركن والمقام، وهو كاره، فيجهز لهم جيشا من الشام حتى إذا كانوا بالبيداء خسف بهم، فيأتيهم عصائب أهل العراق وأبدال الشام، وينشو رجل بالشام أخواله كلب، فيجهز إليهم جيشا، فيهزمهم الله، وتكون الدائرة عليهم وذلك يوم كلب، والخائب من خاب من غنيمة كلب، ويستخرج الكنوز، ويقسم الأموال، ويلقى الإسلام بجرابه إلى الأرض، يعيش فى ذلك سبع سنين أو ست سنين .قال عبيد الله: فحدثت به ليثا، فقال: حدثنيه مجاهد(المعجم الكبير للطبراني، ج٢٣ص ٣٩٠،رقم الحديث ٩٣١)

عن مجاهد، عن أم سلمة قالت: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: يكون اختلاف عند موت خليفة فيخرج رجل من بنى هاشم، فيأتى مكة، فيستخرجه الناس من بيته وهو كاره فيبايعونه بين الركن والمقام، فيجهز إليه جيش من الشام، حتى إذا كانوا بالبيداء خسف بهم، فيأتيه عصائب العراق وأبدال الشام، وينشأ رجل بالشام، وأخواله كلب فيجهز إليه جيش، فيهزمهم الله، فتكون الدبرة عليهم، فذلك يوم كلب، الخائب: من خاب من غنيمة كلب، فيستفتح الكنوز، ويقسم الأموال، ويلقى الإسلام بجرانه إلى الأرض، فيعيش بذلك سبع سنين أو قال: تسع سنين .قال عبيد الله بن عمرو: فحدثت به ليثا، فقال: حدثنى به مجاهد.

لم يرو هذا الحديث عن معمر إلا عبيد الله(المعجم الاوسط للطبراني،رقم الحديث١١٥٣)

[2] قال الهيثمى:رواه الطبراني فى الأوسط، ورجاله رجال الصحيح(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ١٢٣٩٩،باب ما جاء فى المهدى)

نیز عبدالرزاق نے اس حدیث کو حضرت قتادہ سے مرسل طریقہ پر بھی روایت کیا ہے۔ [1]

امِ سلمہ رضی اللہ عنہا کی تیسری حدیث

امِ سلمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث کو ایک دوسری سند کے ساتھ کچھ اختصار کے ساتھ امام حاکم نے بھی روایت کیا ہے، جس کے الفاظ یہ ہیں کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُبَايَعُ لِرَجُلٍ مِنْ أُمَّتِي بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ، كَعِدَّةِ أَهْلِ بَدْرٍ، فَيَأْتِيهِ عَصَبُ الْعِرَاقِ، وَأَبْدَالُ الشَّامِ، فَيَأْتِيهِمْ جَيْشٌ مِّنَ الشَّامِ حَتّٰى إِذَا كَانُوْا بِالْبَيْدَاءِ خُسِفَ بِهِمْ، ثُمَّ يَسِيْرُ إِلَيْهِ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ أَخْوَالُهُ كَلْبٌ فَيَهْزِمُهُمُ اللّٰهُ

(المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۳۲۸، کتاب الفتن والملاحم)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت میں سے ایک آدمی کے لئے رکنِ یمانی اور مقامِ ابراہیم کے درمیان بیعت کی جائے گی، اہلِ بدر کی تعداد کے برابر (یعنی تین سو تیرہ افراد بیعت کریں گے) پھر ان کے پاس عراق کی جماعتیں آئیں گی، اور شام کے ابدال (واولیاء) بھی آئیں گے، پھر ان کی طرف شام سے ایک لشکر آئے گا، جب اس لشکر کے لوگ مقامِ بیداء میں ہوں گے، تو ان کو زمین میں دھنسا دیا جائے گا، پھر قریش کا ایک آدمی، جس کے ننھیال والے بنوکلب ہوں گے، وہ اس (مہدی اور ان کے ہمراہیوں) سے مقابلے کے

---

[1] أخبرنا عبد الرزاق، عن معمر، عن قتادة، يرفعه إلى النبي صلى الله عليه وسلم قال: يكون اختلاف عند موت خليفة، فيخرج رجل من المدينة، فيأتي مكة، فيستخرجه الناس من بيته وهو كاره، فيبايعونه بين الركن والمقام، فيبعث إليه جيش من الشام، حتى إذا كانوا بالبيداء خسف بهم، فيأتيه عصائب العراق، وأبدال الشام فيبايعونه، فيستخرج الكنوز، ويقسم المال، ويلقى الإسلام بجرانه إلى الأرض، يعيش في ذلك سبع سنين، أو قال: تسع سنين (المصنف لعبد الرزاق، رقم الحديث ۲۰۷۶۹، الجامع لمعمر بن راشد)

لیے ایک لشکر لے کر چلے گا، لیکن اللہ اس لشکر کو شکست دے دے گا (حاکم)

امام حاکم نے اس حدیث کی سند کے بارے میں کچھ نہیں کہا، لیکن علامہ ذہبی نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند میں ''ابوالعوام عمران قطان'' کو کئی حضرات نے ضعیف قرار دیا ہے۔ ۱

لیکن خود علامہ ذہبی نے ہی ''سیرُ اعلام النبلاء'' میں ''ابوالعوام،عمران قطان'' کو ''امام،محدث'' کے لقب سے موسوم کیا ہے،اورامام احمد سے ان کا ''صالحُ الحدیث'' ہونا نقل کیا ہے۔ ۲

امام ابنِ حبان نے بھی ان کو ثقات میں ذکر کیا ہے، بعض دیگر حضرات نے بھی ان کی توثیق کی ہے،اوران کے خارجی وحروری ہونے سے اختلاف کیا ہے۔ ۳

---

۱ قال الذهبی فی التلخیص:أبوالعوام عمران ضعفه غیر واحد وكان خارجيا.

۲ عمران القطان أبو العوام بن داور العمی .

الإمام، المحدث، أبو العوام، عمران بن داور العمی، البصری، القطان.

حدث عن :الحسن، ومحمد بن سیرین، وبكر بن عبد الله، وقتادة، وأبی جمرة الضبعی، وجماعة.

روى عنه :أبو عاصم، وعبد الرحمن بن مهدی، وأبو داود الطيالسی، وعمرو بن عاصم، وعبد الله بن رجاء الغدانی، وآخرون.

قال يزيد بن زريع :كان عمران القطان حروريا يرى السيف.

وقال أحمد بن حنبل :أرجو أن يكون صالح الحديث.

وقال ابن عدی :يكتب حديثه.وقال النسائی :ضعيف الحديث.

وقال أبو داود :ضعيف، أفتى فی أيام خروج إبراهيم بن عبد الله بن حسن بفتوى شديدة، فيها سفك الدماء .وروى عنه :عفان، ووثقه.

وقال ابن معين :ليس بشیء ، كان يرى الخروج، ولم يكن داعية.

وقد ذكره :يحيى بن سعيد القطان يوما، فأحسن الثناء عليه، وذكر أنه كان بينه وبينه شركة.

مات :فی حدود الستين ومائة -رحمه الله-.

قلت :خرجوا له فی (السنن الأربعة)(سير اعلام النبلاء، ج۷،ص ۲۸۰، تحت رقم الترجمة ۸۳،تابع لطبقة السادسة)

۳ قال عمرو بن علی كان ابن مهدی يحدث عنه وكان يحيى لا يحدث عنه وقد ذكره يحيى يوما فأحسن الثناء عليه وقال عبد الله بن أحمد عن أبيه أرجوه أن يكون صالح الحديث .وقال الدوری عن ابن معين ليس بالقوی وقال مرة ليس بشیء لم يرو عنه يحيى بن سعيد وقال الآجری عن أبی داود هو من أصحاب الحسن وما سمعت إلا خيرا وقال مرة ضعيف أفتى فی أيام إبراهيم بن

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پرملاحظہ فرمائیں﴾

اوراس روایت کے مضمون کی تائید گذشتہ اور دیگر روایات سے ہوتی ہے۔

اس لئے ہماری نظر میں مذکورہ روایت کی سند معتبر ہے۔

ابنِ ابی شیبہ نے بھی اپنی سند کے ساتھ اس حدیث کو روایت کیا ہے، جس کا مضمون حاکم کی روایت کے مطابق ہے، اوراس کی سند میں بھی مذکورہ راوی موجود ہیں۔ [1]

ان دونوں روایتوں میں بھی مقامِ ابراہیم اور رکنِ یمانی کے درمیان بیعت کا ذکر ہے، اور شام اور عراق سے لوگوں اور ابدال کے آنے کا بھی ذکر ہے۔

﴿ گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ ﴾

عبد الله بن حسن بفتوى شديدة فيها سفك الدماء قال وقدم أبو داود أبا هلال الراسبى عليه تقديما شديدا وقال النسائى ضعيف وقال ابن عدى هو ممن يكتب حديثه وذكره ابن حبان فى الثقات وقال أبو المنهال عن يزيد بن زريع كان حروريا كان يرى السيف على أهل القبلة .قلت .فى قوله حروريا نظر ولعله شبه بهم وقد ذكر أبو يعلى فى مسنده القصة عن أبى المنهال فى ترجمة قتادة عن أنس ولفظه قال يزيد كان إبراهيم يعنى ابن عبد الله بن حسن لما خرج يطلب الخلافة استفتاه عن شىء فأفتاه بفتيا قتل بها رجال مع إبراهيم انتهى وكان إبراهيم ومحمد خرجا على المنصور فى طلب الخلافة لأن المنصور كان فى زمن بنى أمية بايع محمدا بالخلافة فلما زالت دولة بنى أمية وولى المنصور الخلافة تطلب محمدا ففر فألح فى طلبه فظهر بالمدينة وبايعه قوم وأرسل أخاه إبراهيم إلى البصرة فملكها وبايعه قوم فقدر أنهما قتلا وقتل معهما جماعة كثيرة وليس هؤلاء من الحرورية فى شىء وقال الساجى صدوق وثقه عفان وقال العقيلى من طريق ابن معين كان يرى رأى الخوارج ولم يكن داعية وقال الترمذى قال البخارى صدوق يهم وقال ابن شاهين فى الثقات كان من أخص الناس بقتادة وقال الدارقطنى كان كثير المخالفة والوهم وقال العجلى بصرى ثقة وقال الحاكم صدوق وأورد له العقيلى عن قتادة عن سعيد بن أبى الحسن عن أبى هريرة حديث ليس شىء أكرم على الله من الدعاء .قال لا يتابع عليه بهذا اللفظ ولا يعرف إلا به (تهذيب التهذيب، ج٨، ص ١٣١ و١٣٢، تحت رقم الترجمة ٢٢٥ ،تابع لحرف العين،من اسمه عمران)

[1] حدثنا عفان ، قال : حدثنا عمران القطان ، عن قتادة ، عن أبى الخليل ، عن عبد الله بن الحارث ، عن أم سلمة ، قالت : قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : يبايع لرجل بين الركن والمقام عدة أهل بدر ، فتأتيه عصائب العراق وأبدال الشام ، فيغزوهم جيش من أهل الشام حتى إذا كانوا بالبيداء يخسف بهم ، ثم يغزوهم رجل من قريش أخواله كلب فيلتقون فيهزمهم الله ، فكان يقال : الخائب من خاب من غنيمة كلب (مصنف ابنِ ابى شيبة،رقم الحديث ٣٨٣٤٨، كتاب الفتن، باب من كره الخروج فى الفتنة وتعوذ منها)

اور مقامِ ابراہیم اور رکنِ یمانی کے درمیان لوگوں کے بیعت کرنے کا ذکر پیچھے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی ''مسند احمد'' والی حدیث کے ذیل میں بھی گذر چکا ہے۔

امِ سلمہ رضی اللہ عنہا کی چوتھی حدیث

امام طبرانی نے امُّ المومنین حضرت امِ سلمہ رضی اللہ عنہا سے ایک اور سند کے ساتھ اس حدیث کو روایت کیا ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَسِيْرُ مَلِكُ الْمَشْرِقِ إِلٰى مَلِكِ الْمَغْرِبِ فَيَقْتُلُهُ، ثُمَّ يَسِيْرُ مَلِكُ الْمَغْرِبِ إِلٰى مَلِكِ الْمَشْرِقِ فَيَقْتُلُهُ، فَيَبْعَثُ جَيْشًا إِلَى الْمَدِيْنَةِ فَيُخْسَفُ بِهِمْ، ثُمَّ يَبْعَثُ جَيْشًا فَيَسْبِيْ نَاسًا مِنْ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ، فَيَعُوْذُ عَائِذٌ بِالْحَرَمِ، فَيَجْتَمِعُ النَّاسُ إِلَيْهِ كَالطَّائِرِ الْوَارِدَةِ الْمُتَفَرِّقَةِ حَتّٰى تُجْمَعَ إِلَيْهِ ثَلَاثُ مِائَةٍ وَأَرْبَعَ عَشَرَ فِيْهِمْ نِسْوَةٌ، فَيَظْهَرُ عَلٰى كُلِّ جَبَّارٍ وَابْنِ جَبَّارٍ، وَيُظْهِرُ مِنَ الْعَدْلِ مَا يَتَمَنّٰى لَهُ الْأَحْيَاءُ أَمْوَاتَهُمْ، فَيَحْيَا سَبْعَ سِنِيْنَ، فَإِنْ زَادَ سَاعَةً فَأَرْبَعَ عَشْرَةَ، ثُمَّ مَا تَحْتَ الْأَرْضِ خَيْرٌ مِمَّا فَوْقَهَا (المعجم الأوسط للطبراني، رقم الحديث ۵۴۷۳، باب الميم)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مشرق کا بادشاہ، مغرب کے بادشاہ کی طرف جا کر اس کو قتل کردے گا، پھر مغرب کا بادشاہ، مشرق کے بادشاہ کو جا کر قتل کردے گا، پھر وہ مدینہ کی طرف ایک لشکر کو بھیجے گا، جس کو زمین میں دھنسا دیا جائے گا، پھر وہ ایک لشکر کو بھیجے گا، جو مدینہ کے بعض لوگوں کو قید کرلے گا، پھر ایک پناہ لینے والا، حرم میں پناہ لے گا، پھر لوگ اس کی طرف متفرق وارد ہونے والے پرندوں کی طرح جمع ہوں گے، یہاں تک کہ اس شخص کی طرف تین سو تیرہ لوگ جمع

ہو جائیں گے، جن میں کچھ عورتیں بھی ہوں گی، پھر وہ شخص ہر ظالم، اور ظالم کے بیٹے پر غالب آ جائے گا، اور عدل وانصاف کا اس قدر مظاہرہ کرے گا کہ زندہ لوگ اپنے فوت شدہ لوگوں کے لئے بھی اس عدل کی تمنا کریں گے (کہ کاش ان کے ساتھ بھی ایسا ہی ہوتا)

پھر وہ سات سال زندہ رہے گا، پھر اگر ساعت زیادہ ہوئی، تو چودہ (سال) زندہ رہے گا، پھر اس کے بعد کا زمین کے نیچے (یعنی فوت ہونا) اس کے اوپر (یعنی زندہ) ہونے سے بہتر ہوگا (طبرانی)

علامہ ہیثمی نے فرمایا کہ اس کی سند میں لیث بن ابی سلیم، مدلس ہیں، اور باقی راوی ثقہ ہیں۔ [1]

لیکن جب اس روایت کے اکثر مضمون کی تائید دوسری روایات سے ہوتی ہو، تو پھر محض کسی راوی کا مدلس ہونا، اس مضمون کی کمزوری کا باعث نہیں بنتا۔

امِ سلمہ رضی اللہ عنہا کی پانچویں حدیث

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَذْکُرُ الْمَھْدِیَّ، فَقَالَ: نَعَمْ، ھُوَ حَقٌّ وَھُوَ مِنْ بَنِیْ فَاطِمَةَ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۶۷۱، کتاب الفتن والملاحم)

ترجمہ: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت مہدی کا ذکر کرتے ہوئے سنا، پس فرمایا کہ بے شک وہ حق ہیں، اور وہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی اولاد (ونسب) میں سے ہوں گے (حاکم)

---

[1] قال الھیثمی: رواہ الطبرانی فی الأوسط، وفیہ لیث بن أبی سلیم وھو مدلس، وبقیة رجالہ ثقات (مجمع الزوائد، تحت رقم الحدیث ۱۲۳۹۸، باب ما جاء فی المھدی)

اس حدیث کو بعض حضرات نے زیاد بن بیان راوی کی وجہ سے ضعیف کہا ہے۔
لیکن مذکورہ راوی کو علامہ ابنِ حجر نے صدوق کہا ہے۔ [1]

حضرت مہدی کا نسب حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے ملتا ہے، یا حضرت حسین رضی اللہ عنہ سے؟ تو اس بارے میں بعض علماء کا قول یہ ہے کہ حضرت مہدی کا نسب حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے ملتا ہے، اور بعض دوسرے علماء کا قول یہ ہے کہ حضرت مہدی کا نسب حضرت حسین رضی اللہ عنہ سے ملتا ہے۔

امِ سلمہ وعائشہ رضی اللہ عنہما حدیث

صحیح مسلم میں ام المومنین حضرت امِ سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَعُوْذُ عَائِذٌ بِالْبَيْتِ، فَيُبْعَثُ إِلَيْهِ بَعْثٌ، فَإِذَا كَانُوْا بِبَيْدَاءَ مِنَ الْأَرْضِ خُسِفَ بِهِمْ ،فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! فَكَيْفَ بِمَنْ كَانَ كَارِهًا؟ قَالَ: يُخْسَفُ بِهٖ مَعَهُمْ، وَلٰكِنَّهٗ يُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى نِيَّتِهٖ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۸۸۲ "۴" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب الخسف بالجيش الذى يؤم البيت)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک پناہ لینے والا، بیت اللہ میں پناہ حاصل کرے گا، پھر اس کی طرف لشکر بھیجا جائے گا، جب وہ لوگ زمین کے بیداء مقام پر ہوں گے، تو ان کو زمین میں دھنسا دیا جائے گا، میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! یہ کیسے ہوگا، کوئی تو اس (شخص سے مقابلہ کو) کو ناپسند کرنے والا بھی ہوسکتا ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کو ان لوگوں کے ساتھ دھنسا دیا جائے گا، لیکن قیامت کے دن اس کو اس کی نیت کے مطابق اٹھایا جائے گا (مسلم)

---

[1] زياد ابن بيان بفتح الموحدة والتحتانية الرقى صدوق عابد من السادسة د ق (تقريب التهذيب، ص ۲۱۸، تحت رقم الترجمة ۲۰۵۷، حرف الزاى)

اس واقعہ کو بعض راویوں نے عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کے دور سے جوڑ دیا ہے۔

لیکن بعض محققین نے تصریح کی ہے کہ عبداللہ بن زبیر کے دور میں، بلکہ اس کے بعد سے تا حال یہ واقعہ وجود پذیر نہیں ہوا، جس سے اس طرف رجحان ہوتا ہے کہ اس حدیث کا تعلق حضرت مہدی کے زمانہ سے ہے، جس کی حضرت اِم سلمہ رضی اللہ عنہا کی ہی گذشتہ روایات سے تائید ہوتی ہے، واللہ أعلم۔

اور صحیح مسلم میں ہی ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

عَبَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَنَامِهٖ، فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! صَنَعْتَ شَيْئًا فِيْ مَنَامِكَ لَمْ تَكُنْ تَفْعَلُهٗ ؟فَقَالَ الْعَجَبُ إِنَّ نَاسًا مِنْ أُمَّتِيْ يَؤُمُّوْنَ بِالْبَيْتِ بِرَجُلٍ مِّنْ قُرَيْشٍ قَدْ لَجَأَ بِالْبَيْتِ حَتّٰى إِذَا كَانُوْا بِالْبَيْدَاءِ خُسِفَ بِهِمْ ،فَقُلْنَا :يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! إِنَّ الطَّرِيْقَ قَدْ يَجْمَعُ النَّاسَ ؟قَالَ نَعَمْ ،فِيْهِمُ الْمُسْتَبْصِرُ وَالْمَجْبُوْرُ وَابْنُ السَّبِيْلِ يَهْلِكُوْنَ مَهْلَكًا وَاحِدًا وَيَصْدُرُوْنَ مَصَادِرَ شَتّٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ عَلٰى نِيَّاتِهِمْ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۸۸۴ "۸" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب الخسف بالجيش الذى يؤم البيت)

ترجمہ: ایک مرتبہ نیند کی حالت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم مبارک میں (خلاف معمول) حرکت ہوئی، تو ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! آج نیند میں آپ سے ایسا کام ہوا، جسے آپ نے (اس سے پہلے) کبھی نہیں کیا؟ اس سوال کے جواب میں آپ نے فرمایا کہ عجیب بات ہے کہ کعبۃُ اللہ میں پناہ گزیں ایک قریشی، سے جنگ کے ارادے سے میری امت کے کچھ لوگ آئیں گے اور جب مقامِ ''بیداء'' (یعنی مکہ ومدینہ کے درمیان چٹیل بیابان) میں پہنچیں گے، تو وہ زمین میں دھنسا دیئے جائیں گے۔

ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! راستہ میں تو راہ گیر بھی جمع ہوتے ہیں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہاں ان میں کچھ بارادہ جنگ آنے والے ہوں گے، کچھ مجبور ہوں گے (یعنی زبردستی انہیں ساتھ لے لیا جائے گا) اور کچھ راہگیر ہوں گے، یہ سب کے سب اکٹھے دھنسا دیئے جائیں گے، البتہ قیامت میں ان کا حشر ان کی نیتوں کے لحاظ سے ہوگا (مسلم)

مطلب یہ ہے کہ نزولِ عذاب کے وقت مجرمین کے ساتھ رہنے والے بھی عذاب سے محفوظ نہیں ہوں گے، بلکہ عذاب کی ہمہ گیری میں وہ بھی شامل ہوں گے، البتہ قیامت کے دن سب کے ساتھ معاملہ ان کی نیت وعمل کے مطابق ہوگا۔

اس حدیث کو بھی بعض راویوں کے اشتباہ کی وجہ سے عبداللہ بن زبیر کے زمانہ کے ساتھ تعلق جوڑ دیا گیا، حالانکہ پہلے گذر چکا کہ اس زمانہ میں، بلکہ تا حال اس طرح زمین میں دھنسائے جانے کے واقعہ کا معتبر تاریخ میں ذکر نہیں ملتا، اس لئے مذکورہ دونوں روایات کے مضمون کو ان سے پہلی اور بعض دوسری روایات کے مضمون سے ملا کر دیکھنے سے اس طرف رجحان ہوتا ہے کہ ان دونوں حدیثوں میں بیان کردہ قریش کے بیت اللہ میں پناہ حاصل کرنے والے شخص دراصل حضرت مہدی ہی ہوں گے، واللہ أعلم۔ [1]

امِ سلمہ وانس رضی اللہ عنہما کی حدیث

امُّ المومنین، حضرت امِ سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

---

[1] وثبت بذلک أن الجیش المخبر به فی هذا الحدیث لَمْ یظهر حتی الآن، وعساه أن یظهر فی أیام المهدی کما ورد فی حدیث، فیه کلام، رواه أبو داود، وهو أیضًا عن أم سلمة رضی الله عنها (یعوذ عائذ بالبیت) أی یلوذ رجل بالبیت، وهو المهدی فی ابتداء أیام ظهوره، علی ما رواه أبو داود (فیبعث إلیه بعث) من الشام للقضاء علیه (فإذا کانوا ببیداء من الأرض) البیداء کلّ أرض ملساء لا نبات بها، وبیداء المدینة الشرف الذی قدام ذی الحلیفة إلی جهة مکة (فکیف بمن کان کارهًا) أی أجبر علی اللحوق بالجیش، ولا یرید ذلک ولا غزو مکة(منة المنعم فی شرح صحیح مسلم، ج۴ص ۳۴۱، ۳۴۲، کتاب الفتن وأشراط الساعة)

بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُضْطَجِعًا فِيْ بَيْتِيْ إِذْ احْتَفَزَ جَالِسًا وَهُوَ يَسْتَرْجِعُ، فَقُلْتُ: بِأَبِيْ أَنْتَ وَأُمِّيْ، مَا شَأْنُكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تَسْتَرْجِعُ؟ قَالَ: جَيْشٌ مِنْ أُمَّتِيْ يَجِيئُوْنَ مِنْ قِبَلِ الشَّامِ، يَؤُمُّوْنَ الْبَيْتَ لِرَجُلٍ يَمْنَعُهُ اللّٰهُ مِنْهُمْ، حَتّٰى إِذَا كَانُوْا بِالْبَيْدَاءِ مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ، خُسِفَ بِهِمْ، وَمَصَادِرُهُمْ شَتّٰى، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، كَيْفَ يُخْسَفُ بِهِمْ جَمِيْعًا، وَمَصَادِرُهُمْ شَتّٰى؟ فَقَالَ: إِنَّ مِنْهُمْ مَنْ جُبِرَ، إِنَّ مِنْهُمْ مَنْ جُبِرَ، ثَلَاثًا (مسند احمد، رقم الحديث ٢٦٢٢٧)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے گھر میں لیٹے ہوئے تھے کہ اچانک گھبرا کر بیٹھ گئے، اور ''انا للّٰہ وانا الیہ راجعون'' پڑھنے لگے، میں نے عرض کیا کہ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں، اے اللہ کے رسول، آپ کو کیا ہوا کہ آپ ''اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ'' پڑھ رہے ہیں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کا ایک لشکر شام کی جانب سے آئے گا اور ایک آدمی کو گرفتار کرنے کے لئے بیت اللہ کا قصد کرے گا، اللہ اس آدمی کی اس لشکر سے حفاظت فرمائے گا اور جب اس لشکر کے لوگ ذوالحلیفہ سے مقامِ ''بیداء'' کے قریب پہنچیں گے، تو ان سب کو زمین میں دھنسا دیا جائے گا، لیکن قیامت کے دن انہیں مختلف جگہوں سے اٹھایا جائے گا، میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ان سب کو اکٹھے دھنسا کر مختلف جگہوں سے کیوں اٹھایا جائے گا؟ اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ فرمایا کہ اس لشکر میں بعض لوگوں کو زبردستی شامل کیا گیا ہوگا (اس لئے وہ معذور ہوں گے) (مسند احمد)

اس حدیث کی سند کو بعض حضرات نے سند میں اضطراب کی وجہ سے ضعیف کہہ دیا ہے۔ [1]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده ضعيف بهذه السياقة، لاضطراب حماد بن سلمة فيه (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

لیکن بعض دیگر حضرات نے صحیح کہا ہے۔ [1]

اوراس کی تائید دوسری روایات سے بھی ہوتی ہے۔

امام بزار نے اس طرح کی حدیث کو حضرت انس رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی روایت کیا ہے، جنہوں نے اس حدیث میں یہی واقعہ حضرت اِمِ سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر کے حوالہ سے بیان کیا ہے۔ [2]

اس روایت کی سند بھی اگرچہ فی نفسہ ضعیف ہے، لیکن دوسری روایات کی تائید کے ہوتے ہوئے مضر نہیں۔ [3]

ہم سمجھتے ہیں کہ مذکورہ تمام مرویات کا تعلق حضرت مہدی علیہ الرحمہ کے زمانہ سے ہے، اور

---

[1] قال الالبانی:

قلت :وعلی بن زید ھو ابن جدعان وفیہ ضعف، لکن الحدیث صحیح، فإن لہ شاھدا من حدیث عائشۃ .ساقہ أحمد عقبہ من طریقین عن حماد بن سلمۃ عن أبی عمران الجونی عن یوسف بن سعد عنھا عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مثلہ .ورجالہ ثقات رجال مسلم غیر یوسف بن سعد وھو ثقۃ، فالسند صحیح .وتابعہ عبد اللہ بن الزبیر أن عائشۃ قالت :عبث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی منامہ، فقلنا :یا رسول اللہ! صنعت شیئا فی منامک لم تکن تفعلہ، فقال " :العجب، إن ناسا من أمتی یؤمون البیت برجل من قریش قد لجأ بالبیت، حتی إذا کانوا بالبیداء خسف بھم "...الحدیث (سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ،تحت رقم الحدیث ۱۹۲۴)

[2] حدثنا العباس بن یزید، حدثنا ھشام بن الحکم البصری، حدثنا حماد بن سلمۃ، عن ثابت، عن أنس؛ أن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان نائما فی بیت أم سلیم فأتتہ، وھو یسترجع فقالت: یارسول اللہ! مم تسترجع؟ قال: من قبل جیش یحدر من قبل العراق فی طلب رجل من المدینۃ یمنعہ اللہ منھم، فإذا علوا البیداء من ذی الحلیفۃ خسف بھم فلا یدرک أعلاھم أسفلھم، ولا یدرک أسفلھم أعلاھم إلی یوم القیامۃ ومصارعھم شتی قیل یارسول اللہ کیف یخسف بھم جمیعا ومصارعھم شتی؟ قال: إن منھم، أو فیھم من جبر .وھذا الحدیث لا نعلم رواہ، عن ثابت، عن أنس إلا حماد، ولا رواہ عن حماد إلا ھذا الرجل الذی ذکرناہ(مسند البزار،رقم الحدیث ۶۸۲۷،مسند أبی حمزۃ أنس بن مالک)

[3] قال الھیثمی:رواہ البزار ، وفیہ ھشام بن الحکم ولم أعرفہ ، إلا أن ابن أبی حاتم ذکرہ ولم یجرحہ ولم یوثقہ ، وبقیۃ رجالہ ثقات . (مجمع الزوائد، تحت رقم الحدیث ۱۲۴۰۴،باب ما جاء فی المھدی)

www.idaraghufran.org

مختلف اسناد سے یہ روایات مروی ہیں، جن کے مجموعہ پر ضعیف ہونے کا حکم لگانا بے جا تکلف خالی نہیں ہے۔

انس رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَزْدَادُ الْأَمْرُ إِلَّا شِدَّةً، وَلَا الدُّنْيَا إِلَّا إِدْبَارًا، وَلَا النَّاسُ إِلَّا شُحًّا، وَلَا تَقُومُ السَّاعَةُ إِلَّا عَلٰى شِرَارِ النَّاسِ، وَلَا الْمَهْدِيُّ إِلَّا عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۴۰۳۹، ابواب الفتن، باب شدة الزمان)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت سے پہلے معاملہ شدت کی طرف بڑھتا جائے گا، اور دنیا پیٹھ پھراتی جائے گی، اور لوگوں میں بخل بڑھتا جائے گا، اور قیامت صرف شریر ترین لوگوں پر ہی قائم ہوگی، اور مہدی صرف عیسیٰ بن مریم ہی ہیں (ابنِ ماجہ)

اس حدیث کی سند کمزور ہے، اور اس حدیث میں مہدی کے عیسیٰ ہونے کے علاوہ دوسرا مضمون تو درست ہے، کیونکہ وہ دوسری معتبر ومضبوط احادیث کے مطابق ہے، لیکن مہدی کے عیسیٰ ہونے کا مضمون دوسری احادیث سے متعارض ہے، اس لئے وہ درست نہیں۔

اسی وجہ سے علامہ ذہبی نے "المیزان" میں اس حدیث کو سند کے اعتبار سے منکر کہا ہے۔[1]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره، دون قوله" :ولا المهدى إلا عيسى ابن مريم "فمنكرة، وهذا إسناد ضعيف لضعف محمَّد بن خالد الجندى، والحسن -وهو البصرى -مدلس وقد عنعن. وقد حكم الذهبى فى "الميزان "فى ترجمة محمَّد بن خالد على قوله" :لا مهدى إلا عيسى ابن مريم "بالنكارة، ثم علل هذه الزيادة أيضًا بأن صامت ابن معاذ رواها عن رجل من الجَنَد (بلد محمَّد بن خالد)، عن محمَّد بن خالد الجَنَدى، عن أبان بن أبى عياش، عن الحسن البصرى، عن النبى - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -.قال الذهبى :فانكشف ووهى .قلنا :لأن أبان بن أبى عياش متروك الحديث(حاشية سنن ابنِ ماجه)

نیز اس حدیث کو امام بیہقی نے بھی روایت کیا ہے، جس کے ضمن میں امام بیہقی نے اس کی سند پر کلام کیا ہے، اور اس کو منکر کہا ہے۔ ۱

قرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت قرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ الْمَهْدِيَّ، فَقَالَ: لَيَمْلَأَنَّ الْأَرْضَ قِسْطًا وَعَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ جَوْرًا وَظُلْمًا (مسند البزار، رقم الحديث ۳۳۲۰، مسند قرة بن إياس المزني عن رسول الله صلى الله عليه وسلم)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مہدی کا ذکر فرمایا، اور فرمایا کہ اللہ ضرور بالضرور زمین کو انصاف اور عدل سے بھر دے گا، جس طرح وہ زیادتی اور ظلم سے بھری ہوئی تھی (بزار)

قرہ رضی اللہ عنہ کی اس حدیث کو بزار نے دوسرے مقام پر بھی روایت کیا ہے۔ ۲

---

۱ محمد بن خالد الجندي، عن أبان بن صالح، عن الحسن، عن أنس بن مالك أن النبي -صلى الله عليه وسلم -قال: لا يزداد الأمر إلا شدة، ولا الناس إلا شحا، ولا الدنيا إلا إدبارا، ولا تقوم الساعة إلا على شرار الناس، ولا مهدي إلا عيسى بن مريم.

فهذا حديث تفرد به محمد بن خالد الجندي.

قال أبو عبد الله الحافظ: ومحمد بن خالد، رجل مجهول، واختلفوا عليه في إسناده (البعث والنشور للبيهقي، ص ۱۳۵، رقم الحديث ۱۳۸، باب ما جاء في خروج المهدي)

قال الشيخ: وهذا الحديث إن كان منكرا بهذا الإسناد كان الحمل فيه على محمد بن خالد الجندي، فإنه شيخ مجهول لم يعرف بما تثبت به عدالته، ويوجب قبول خبره (بيان خطأ من أخطأ على الشافعي، للبيهقي، ص ۳۰۰، حديث في المهدي)

۲ أخبرنا إسماعيل بن أبي الحارث، وأحمد بن يحيى السوسي، قالا: أخبرنا داود بن المحبر بن قحذم، قال: أخبرنا المحبر بن قحذم، عن أبيه قحذم بن سليمان، عن معاوية بن قرة، عن أبيه رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لتملأن الأرض جورا وظلما، فإذا ملئت جورا وظلما بعث الله رجلا مني اسمه اسمي أو اسمه اسم أبي، يملؤها عدلا وقسطا، كما ملئت جورا وظلما، فلا تمنع السماء شيئا من قطرها

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

اس حدیث کا مضمون تو اگرچہ دوسری معتبر احادیث کے مطابق ہے، لیکن اس کی سند میں بعض راوی شدید ضعیف ہیں۔ ؎

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِيْ ذِي الْقَعْدَةِ تُجَاذِبُ الْقَبَائِلُ وَتُغَادِرُ، فَيُنْهَبُ الْحَاجُّ، فَتَكُوْنُ مَلْحَمَةٌ بِمِنًى، يَكْثُرُ فِيْهَا الْقَتْلٰى، وَيَسِيْلُ فِيْهَا الدِّمَاءُ، حَتّٰى تَسِيْلَ دِمَاؤُهُمْ عَلٰى عَقَبَةِ الْجَمْرَةِ، وَحَتّٰى يَهْرُبَ صَاحِبُهُمْ فَيَأْتِيْ بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ، فَيُبَايَعُ

﴿ گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ ﴾

ولا الأرض شيئا من نباتها، يلبث فيكم سبعا أو ثمانيا أو تسعا يعنى سنين(مسند البزار، رقم الحديث ٣٣٢٣،مسند قرة بن إياس المزنى عن رسول الله صلى الله عليه وسلم)

حدثنا إسماعيل بن أبى الحارث، وأحمد بن يحيى السوسى، قالا: ثنا داود بن المحبر بن قحذم، ثنا المحبر بن قحذم، عن أبيه قحذم بن سليمان، عن معاوية بن قرة، عن أبيه، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لتملأن الأرض جورا وظلما، فإذا ملئت جورا وظلما بعث الله رجلا منى، اسمه اسمى واسم أبيه اسم أبى، يملؤها عدلا وقسطا، كما ملئت جورا وظلما، ولا تمنع السماء شيئا من قطرها، ولا الأرض شيئا من نباتها يلبث فيكم سبعا، أو ثمانيا، أو تسعا، يعنى سنين .

قال البزار: قد روى هذا معمر، عن أبى هارون، عن معاوية بن قرة، عن أبى الصديق، عن أبى سعيد، من وجوه(كشف الاستار،عن زوائد البزار،رقم الحديث ٣٣٢٥،باب فى المهدى)

؎ قال الهيثمى:رواه البزار والطبرانى فى الكبير والأوسط من طريق داود بن المحبر بن قحذم عن أبيه وكلاهما ضعيف(مجمع الزوائد، ج٧،ص ٣١٤،تحت رقم الحديث ١٢٣٩٦، باب ما جاء فى المهدى)

وقال ابن حجر:داود ابن المحبر بمهملة وموحدة مشددة مفتوحة ابن قحذم بفتح القاف وسكون المهملة وفتح المعجمة الثقفى البكراوى أبو سليمان البصرى نزيل بغداد متروك وأكثر كتاب العقل الذى صنفه موضوعات(تقريب التهذيب،ص ٢٢٠، تحت رقم الترجمة ١٨١١،حرف الدال)

www.idaraghufran.org

وَهُوَ كَارِهٌ، يُقَالُ لَهُ: إِنْ أَبَيْتَ ضَرَبْنَا عُنُقَكَ، يُبَايِعُهُ مِثْلُ عِدَّةِ أَهْلِ بَدْرٍ يَرْضٰى عَنْهُمْ سَاكِنُ السَّمَاءِ وَسَاكِنُ الْأَرْضِ.

قَالَ أَبُوْ يُوْسُفَ: فَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: حُجَّ النَّاسُ مَعًا وَيُعَرِّفُوْنَ مَعًا عَلٰى غَيْرِ إِمَامٍ، فَبَيْنَمَا هُمْ نُزُوْلٌ بِمِنًى إِذْ أَخَذَهُمْ كَالْكَلَبِ، فَثَارَتِ الْقَبَائِلُ بَعْضُهَا إِلٰى بَعْضٍ، وَاقْتَتَلُوْا حَتّٰى تَسِيْلَ الْعَقَبَةُ دَمًا، فَيَفْزَعُوْنَ إِلٰى خَيْرِهِمْ، فَيَأْتُوْنَهُ وَهُوَ مُلْصِقٌ وَجْهَهُ إِلَى الْكَعْبَةِ يَبْكِيْ كَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلٰى دُمُوْعِهِ، فَيَقُوْلُوْنَ: هَلُمَّ فَلْنُبَايِعْكَ، فَيَقُوْلُ: وَيْحَكُمْ كَمْ عَهْدٍ قَدْ نَقَضْتُمُوْهُ وَكَمْ دَمٍ قَدْ سَفَكْتُمُوْهُ، فَيُبَايَعُ كَرْهًا فَإِذَا أَدْرَكْتُمُوْهُ فَبَايِعُوْهُ فَإِنَّهُ الْمَهْدِيُّ فِي الْأَرْضِ، وَالْمَهْدِيُّ فِي السَّمَاءِ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۵۳۷، کتاب الفتن والملاحم)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ماہِ ذی القعدہ میں قبیلے ایک دوسرے کی طرف لپکیں گے، اور دھوکہ دہی کا ارتکاب کریں گے، پھر حاجیوں کو لُوٹا جائے گا، پھر منیٰ میں گھمسان کی لڑائی ہوگی، جس میں بہت زیادہ قتل ہوجائیں گے، اوراس میں خون بہ پڑے گا، یہاں تک کہ لوگوں کا خون جمرہ عقبہ پر بھی بہہ پڑے گا، یہاں تک کہ ان کے ایک ساتھی بھاگ کر رکنِ یمانی اور مقامِ ابراہیم آجائیں گے، پھروہ ناپسندیدگی کے ساتھ بیعت کرلیں گے، ان سے کہا جائے گا کہ اگرتم انکار کروگے، تو ہم تمہاری گردن اڑادیں گے، ان سے اہلِ بدر کی تعداد کے مثل لوگ بیعت کریں گے، ان سب لوگوں سے زمین وآسمان کے باشندے راضی ہوں گے۔

www.idaraghufran.org

ابو یوسف راوی کہتے ہیں کہ پھر مجھ سے محمد بن عبداللہ نے، عمرو بن شعیب سے، انہوں نے اپنے والد سے، اور انہوں نے عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کے حوالہ سے بیان کیا کہ لوگ ایک ساتھ حج کریں گے اور ایک ساتھ عرفہ کا وقوف کریں گے، لیکن ان کا کوئی امام نہیں ہوگا، پھر جب وہ (اگلے دن) منیٰ میں پڑاؤ کریں گے، تو (اچانک دشمنی کی ایسی آگ بھڑکے گی کہ) قبائل ایک دوسرے پر کتوں کی طرح حملہ کردیں گے، اور خوب لڑیں گے، حتیٰ کہ جمرۂ عقبہ خون میں بھر جائے گا، اس وقت لوگ گھبرا کر کسی بہترین آدمی کو تلاش کریں گے (تاکہ اس کو امام بنائیں اور یہ فتنہ دور ہو) چنانچہ وہ ان کے پاس اس حال میں آئیں گے کہ وہ بیت اللہ کے ساتھ اپنے چہرے کو چمٹا کر رو رہے ہوں گے۔

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ گویا میں ان کے آنسوؤں کو ابھی دیکھ رہا ہوں، لوگ ان سے کہیں گے کہ آیئے! ہم آپ کی بیعت کریں، وہ کہیں گے کہ ہائے افسوس! کس قدر وعدوں کو توڑ کر اور کس قدر خون ریزی کر کے تم میرے پاس آئے ہو؟ اور ان سے اس حال میں بیعت کی جائے گی کہ وہ اس کو ناپسند کریں گے، اگر تم ان کا زمانہ پاؤ، تو ان سے بیعت کر لینا، کیونکہ وہ زمین وآسمان میں مہدی (یعنی ہدایت یافتہ) ہیں (حاکم)

علامہ ذہبی نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند ساقط ہے۔ [1]

اس حدیث کو نعیم بن حماد نے بھی روایت کیا ہے۔ [2]

---

[1] قال الذهبی فی التلخیص: سنده ساقط.

[2] حدثنا أبو يوسف المقدسي، عن عبد الملك بن أبي سليمان، عن عمرو بن شعيب، عن أبيه، عن جده، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم " :في ذي القعدة تحازب القبائل، وعامئذ ينتهب الحاج، فتكون ملحمة بمنى، فيكثر فيها القتلى، وتسفك فيها الدماء حتى تسيل دماؤهم على عقبة الجمرة، حتى يهرب صاحبهم، فيؤتى بين الركن والمقام فيبايع وهو كاره، ويقال له: إن أبيت ضربنا عنقك، فيبايعه مثل عدة أهل بدر، يرضى عنه ساكن السماء، وساكن الأرض "

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

ثوبان رضی اللہ عنہ کی حدیث

امام حاکم نے ابو قلابہ سے انہوں نے ابو اسماء سے، اور انہوں نے حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے موقوفاً روایت کیا ہے کہ:

قَالَ: إِذَا رَأَيْتُمُ الرَّايَاتِ السُّودَ خَرَجَتْ مِنْ قِبَلِ خُرَاسَانَ فَأْتُوهَا وَلَوْ حَبْوًا، فَإِنَّ فِيهَا خَلِيفَةَ اللّٰهِ الْمَهْدِيُّ (المستدرک للحاکم، رقم الحديث ۸۵۳۱، كتاب الفتن والملاحم)

ترجمہ: ثوبان رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب تم خراسان کی طرف سے سیاہ جھنڈے نکلتے ہوئے دیکھو، تو تم ان کی طرف چلے جانا، اگرچہ گھٹنوں کے بل کیوں نہ جانا پڑے، کیونکہ اس لشکر میں اللہ کے خلیفہ مہدی ہوں گے (حاکم)

امام حاکم نے اس حدیث کی سند کو صحیح کہا ہے۔ [1]

ثوبان رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

امام حاکم نے ہی حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَقْتَتِلُ عِنْدَ كَنْزِكُمْ ثَلَاثَةٌ،

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

قال أبو يوسف :فحدثني محمد بن عبيد الله، عن عمرو بن شعيب، عن أبيه، عن عبد الله بن عمرو، رضى الله عنهما قال " :يحج الناس معا، ويعرفون معا على غير إمام، فبينما هم نزول بمنى إذ أخذهم كالكلب، فثارت القبائل بعضهم إلى بعض، فاقتتلوا حتى تسيل العقبة دما، فيفزعون إلى خيرهم فيأتونه، وهو ملصق وجهه إلى الكعبة يبكى، كأنى أنظر إلى دموعه، فيقولون :هلم فلنبايعك، فيقول :ويحكم، كم من عهد قد نقضتموه، وكم من دم قد سفكتموه، فيبايع كرها، فإن أدركتموه فبايعوه، فإنه المهدى فى الأرض، والمهدى فى السماء (الفتن لنعيم بن حماد، ص ۳۴۱، ۳۴۲، رقم الحديث ۹۸۶، و۹۸۷، اجتماع الناس بمكة، وبيعتهم للمهدى فيها وما يكون تلك السنة بمكة من الاختلاط والقتال، وطلبهم المهدى بعد القتال، واجتماعهم عليه)

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين، ولم يخرجاه.

كُلُّهُمُ ابُنُ خَلِيُفَةَ ، ثُمَّ لا يَصِيُرُ إِلٰى وَاحِدٍ مِنهُمُ ، ثُمَّ تَطُلُعُ الرَّايَاتُ السُّودُ مِنُ قِبَلِ الْمَشُرِقِ ، فَيُقَاتِلُونَكُمُ قِتَالًا لَمُ يُقَاتِلُهُ قَوُمٌ ، ثُمَّ ذَكَرَ شَيُئًا ، فَقَالَ: إِذَا رَأَيُتُمُوهُ فَبَايِعُوهُ ، وَلَوُ حَبُوًا عَلَى الثَّلُجِ ، فَإِنَّهُ خَلِيُفَةُ اللّٰهِ الْمَهُدِيُّ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۴۳۲، کتاب الفتن والملاحم)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارے خزانہ کے پاس تین شخص جنگ کریں گے، ان میں سے ہر ایک کسی خلیفہ کی اولاد ہوگا، پھر بھی یہ خزانہ ان میں سے کسی کے ہاتھ نہ آئے گا، اس کے بعد مشرق کی جانب سے سیاہ جھنڈے والے نمودار ہوں گے اور وہ تم سے اس شدت کے ساتھ جنگ کریں گے کہ اس سے پہلے کسی قوم نے اس قدر شدید جنگ نہ کی ہوگی۔

ثوبان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی بات بیان فرمائی، پھر فرمایا کہ جب تم لوگ ان صاحب (یعنی مہدی) کو دیکھو، تو ان سے بیعت کر لینا، اگرچہ اس بیعت کے لئے برف پر گھسٹ کر آنا پڑے، بلاشبہ وہ اللہ کے خلیفہ مہدی ہوں گے (حاکم)

امام حاکم اور علامہ ذہبی نے اس حدیث کی سند کو بخاری اور مسلم کی شرط پر صحیح کہا ہے۔ [1]

اور اس حدیث کو ابنِ ماجہ نے بھی روایت کیا ہے۔ [2]

---

[1] قال الحاکم: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين.
وقال الذهبی فی التلخيص: على شرط البخاری ومسلم.

[2] حدثنا محمد بن يحيى، وأحمد بن يوسف، قالا: حدثنا عبد الرزاق عن سفيان الثوری، عن خالد الحذاء، عن أبی قلابة، عن أبی أسماء الرحبی عن ثوبان، قال: قال رسول الله -صلى الله عليه وسلم "-: يقتتل عند كنزكم ثلاثة، كلهم ابن خليفة، ثم لا يصير إلى واحد منهم، ثم تطلع الرايات السود من قبل المشرق، فيقتلونكم قتلا لم يقتله قوم ."ثم ذكر شيئا لا أحفظه، فقال" :فإذا رأيتموه فبايعوه ولو حبوا على الثلج، فإنه خليفة الله، المهدی(سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۴۰۸۴ ،باب خروج المهدی)

البتہ بعض علماء نے اس حدیث کی سند کو ابو قلابہ کے مدلس ہونے اور ان کے، ابو اسماء سے عنعنہ کرنے کی وجہ سے ضعیف قرار دیا ہے۔ [1]

لیکن ہمیں اس حدیث کی سند کو ضعیف قرار دینے کی طرف رجحان نہیں ہوسکا، ابو قلابہ کی ابو اسماء سے سماعت ثابت ہے۔ [2]

معلوم ہوا کہ حضرت مہدی کے خروج کے وقت بڑے بڑے ابنائے امراء، خزانہ کی خاطر آپس میں لڑیں گے۔

ایک صحابی رضی اللہ عنہ کی حدیث

ابنِ ابی شیبہ نے معتبر راویوں کے ذریعہ حضرت مجاہد سے روایت کیا ہے کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:إسناده ضعيف .أبو قلابة -واسمه عبد الله بن زيد الجرمي -مدلس وقد عنعن، قال الذهبي في "الميزان :"إمام شهير من علماء التابعين، ثقة في نفسه، إلا أنه مدلس عمن لحقهم وعمن لم يلحقهم، وذكره ابن حجر في "طبقات المدلسين "وقال :وصفه بذلك الذهبي والعلائي(حاشية سنن ابنِ ماجه)

[2] قال نبيل بن مَنصور بن يَعقوب البصارة:

أخرجه ابن ماجه (4084) عن محمد بن يحيى الذهلي وأحمد بن يوسف السلمي والبيهقي في "الدلائل "(6/ 515) عن إبراهيم بن سويد الشبامي ويعقوب بن حميد بن كاسب وأبي جعفر محمد بن مسعود النيسابوري كلهم عن عبد الرزاق عن الثوري به.

ورواه أحمد بن منصور الرمادي عن عبد الرزاق فلم يذكر أبا أسماء الرحبي.

أخرجه الداني في "الفتن.(548) "والأول أصح.

قال البيهقي :تفرد به عبد الرزاق عن الثوري."

وقال ابن كثير :وهذا إسناد قوي صحيح "الفتن ص 30.

وقال البوصيري :هذا إسناد صحيح رجاله ثقات "المصباح 204. /4

قلت :وهو كما قالا، وأبو قلابة سمع من أبي أسماء ، وأبو أسماء سمع من ثوبان.

ولم ينفرد عبد الرزاق به بل تابعه الحسين بن حفص الهمداني عن الثوري به.

أخرجه الحاكم .(464 - 463 /4)

وقال :صحيح على شرط الشيخين."

قلت :هو على شرط مسلم وحده لأن البخاري لم يخرج للحسين بن حفص ولا لأبي أسماء عمرو بن مرثد الرحبي في الصحيح شيئا(أنيس الساري تخريج احاديث فتح الباري، ج ۹،ص ۶۷۳۷، تحت رقم الحديث ۴۷۴۷،حرف الياء)

حَدَّثَنِی فُلَانٌ رَجُلٌ مِنُ أَصُحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: أَنَّ الُمَهُدِیَّ لَا یَخُرُجُ حَتّٰی تُقْتَلَ النَّفُسُ الزَّکِیَّةُ ، فَإِذَا قُتِلَتُ النَّفُسُ الزَّکِیَّةُ ،غَضِبَ عَلَیُهِمُ مَنُ فِی السَّمَاءِ وَمَنُ فِی الْأَرُضِ،فَأَتَی النَّاسَ الُمَهُدِیُّ،فَزَفُّوهُ کَمَا تُزَفُّ الْعَرُوُسُ إِلٰی زَوُجِهَا لَیُلَةَ عُرُسِهَا ،وَهُوَ یَمُلَأُ الْأَرُضَ قِسُطًا وَعَدُلًا وَتُخُرِجُ الْأَرُضُ نَبَاتَهَا وَتُمُطِرُ السَّمَاءُ مَطَرَهَا،وَتَنُعَمُ أُمَّتِی فِی وَلَایَتِهِ نِعُمَةً لَمُ تَنُعَمُهَا قَطُّ (مصنف ابنِ ابی شیبة،رقم الحدیث ۳۸۸۰۸،کتاب الفتن،باب ما ذکر فِی فتنة الدجال)

ترجمہ: مجھ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نفسِ زکیہ کے قتل کے بعد ہی خلیفہ مہدی کا ظہور ہوگا،جس وقت نفسِ زکیہ کو قتل کردیا جائے گا،تو زمین وآسمان والے ان قاتلین پر غضب ناک ہوں گے، بعد ازاں لوگ مہدی کے پاس آئیں گے،اور اُنہیں تیار کریں گے،جیسے شادی کی رات،دلہن کو اپنے خاوند کے لیے تیار کیا جاتا ہے،اور وہ (مہدی) میری زمین کو عدل وانصاف سے بھردیں گے (ان کے زمانۂ خلافت میں) زمین اپنی پیداوار کو اُگا دے گی،اور آسمان خوب برسے گا،اور ان کے دورِ خلافت میں امت اس قدر خوش حال ہوگی کہ ایسی خوش حالی اسے پہلے کبھی نہ ملی ہوگی (ابنِ ابی شیبہ)

اس حدیث کے راوی معتبر ہیں۔ [1]

البتہ بعض حضرات نے اس حدیث کے مضمون کو دیکھتے ہوئے اس کو منکر کہہ دیا ہے،لیکن اگر مذکورہ حدیث میں ''نفسِ زکیہ'' سے ایسی شخصیت کو مراد لیا جائے ،جن کو آخری زمانہ میں ناجائز طریقہ پر قتل کیا جائے گا،پھر اس کے بعد حضرت مہدی کا ظہور ہوگا،تو پھر منکر قرار

---

[1] قال الشیخ العوامة :رجاله ثقات حتی الماصر، بعد الماصر مجاهد؛ کذا فی الخلیفة المهدی فی الاحادیث الصحیحة،صفحه ۴۸، وفیه ''هو من کلام الصحابی ولکن له حکم المرفوع لانه لایعلم من قبل الرأی(حاشیة ابنِ ابی شیبة،کتاب الفتن،باب ما ذکر فِی فتنة الدجال)

دینے کی ضرورت نہ ہوگی۔

بہر حال حضرت مہدی کا وجود اس طرح کی روایات، یا ان میں مذکور بعض دیگر مضامین کے ثبوت پر موقوف نہیں، بعض احادیث کو اگر انفرادی طور پر سند کے اعتبار سے کمزور، یا نا قابلِ اعتبار قرار دے دیا جائے، تو اس میں اختلاف وشدت پیدا کرنے کی ضرورت نہیں۔

علمی نوعیت کی بہت سی چیزیں علماء میں ہمیشہ زیرِ اختلاف آتی رہی ہیں، لیکن ان کو اپنی حدود پر رکھا گیا ہے، کسی ایک روایت کو پکڑ کر دوسری تمام روایات پر یکساں حکم لگانا مناسب نہیں۔

علی بن عبداللہ بن عباس کی روایت

حضرت طاوس، حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کے بیٹے، حضرت علی بن عبداللہ بن عباس سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ:

لَا يَخْرُجُ الْمَهْدِيُّ حَتّٰى تَطْلُعَ مَعَ الشَّمْسِ آيَةٌ (المصنف ،لعبدالرزاق ، رقم الحديث٢٠٧٧٥، الجامع لمعمر بن راشد، باب المهدی)

ترجمہ: (حضرت) مہدی اس وقت تک ظاہر نہیں ہوں گے، جب تک سورج کے ساتھ کسی نشانی کا طلوع نہ ہو (عبدالرزاق)

ممکن ہے کہ حضرت مہدی کے ظہور کے وقت سورج طلوع ہونے کے ساتھ کوئی عجیب معاملہ پیش آئے۔

ابو الجلد کی روایت

ابنِ سیرین سے روایت ہے کہ:

عَنْ أَبِي الْجَلْدِ، قَالَ: تَكُوْنُ فِتْنَةٌ، ثُمَّ تَتْبَعُهَا أُخْرٰى لَا تَكُوْنُ الْأُوْلٰى فِي الْآخِرَةِ إِلَّا كَثَمَرَةِ السَّوْطِ يَتْبَعُهَا ذُبَابُ السَّيْفِ، ثُمَّ تَكُوْنُ فِتْنَةٌ فَلَا يَبْقٰى لِلّٰهِ مُحَرَّمٌ إِلَّا اُسْتُحِلَّ، ثُمَّ يَجْتَمِعُ النَّاسُ عَلٰى خَيْرِهِمْ

رَجُلًا، تَـأْتِيهِ إِمَارَتُهُ هَنِيئًا وَهُوَ فِيْ بَيْتِهِ (المصنف، لعبدالرزاق، رقم الحديث ٢٠٧٧١، الجامع لمعمر بن راشد، باب المهدى)

ترجمہ: ابی الجلد (تابعی) نے فرمایا کہ فتنہ ہوگا، پھر اس کے بعد اور فتنہ آئے گا، پہلا فتنہ دوسرے فتنہ کے مقابلے میں ایسا محسوس ہوگا، جیسے کوڑے کی گرہ تلوار کی دھار کی بہ نسبت کم تکلیف رساں ہوتی ہے، پھر اس کے بعد ایک (بڑا) فتنہ ہوگا، جس میں اللہ کی سب حرام کردہ چیزوں کو حلال قرار دے دیا جائے گا۔

اس کے بعد لوگ اپنے میں سے افضل ترین (ایک ایسے) صاحب (یعنی حضرت مہدی) پر جمع ہوجائیں گے کہ ان کے پاس امارت (بحکمِ الٰہی) آسانی سے گھر بیٹھے آجائے گی (عبدالرزاق)

عثمان، یاسر وابو ہریرہ رضی اللہ عنہم کی حدیث

امام دار قطنی نے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی سند سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث کو روایت کیا ہے کہ:

''مہدی، میرے چچا عباس کی اولاد میں سے ہوگا''

لیکن اس حدیث کو امام دار قطنی نے خود ہی محمد بن ولید کے تفرد کی وجہ سے غریب قرار دیا ہے۔ [1]

---

[1] حدثنا إبراهيم بن عبدالصمد بن موسى الهاشمى، حدثنا محمد بن الوليد القرشى، حـدثنا أسباط بن محمد وصلة بن سليمان الواسطى، عن سليمان التيمى، عن قتادة، عن سعيـد بـن المسيب، عن عثمان بن عفان رضى الله عنه، قال: سـمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: المهدى من ولد العباس عمى .
هذا حديث *غـريب من حديث قتادة، عن سعيد بن المسيب، عن عثمان بن عفان، وهو غـريـب من حديث سليمان التيمى، عن قتادة، تفرد به محمد بن الوليد مولى بنى هاشم، بهـذا الإسـنـاد، ولـم نـكتبـه إلا عـن شيخنا أبى إسحاق(الافراد للدارقطنى،ص٣٧،رقم الحديث ٢٦)

اور بعض دیگر اہلِ علم حضرات نے اس حدیث کو گھڑی ہوئی قرار دیا ہے، کیونکہ محمد بن ولید محدثین کے نزدیک متہم بالکذب ہے، اور یہ حدیث دوسری صحیح احادیث کے خلاف ہے۔ ۱

اور خطیب بغدادی نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی سند سے اس حدیث کو روایت کیا ہے کہ:

''نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا کہ اے عباس! اللہ نے اس دین کی ابتداء میرے ذریعہ سے کی ہے، اور اس کا اختتام، آپ کی اولاد میں سے ایک لڑکے کے ذریعہ فرمائے گا، جو زمین کو عدل وانصاف سے بھر دے گا، جس طرح وہ ظلم وجور سے بھری ہوئی تھی، اور وہی عیسیٰ کو نماز پڑھائے گا'' ۲

---

۱ قال الالبانی:

المهدى من ولد العباس عمى ."موضوع.:......أخرجه الدارقطنى فى "الأفراد "(ج 2 رقم 26من أصلى المنقول عن مخطوطة الظاهرية) وعنه الديلمى (84/4) وابن الجوزى فى "الواهيات "(1431) من طريق محمد بن الوليد القرشى، حدثنا أسباط بن محمد وصلة بن سليمان الواسطى عن سليمان التيمى عن قتادة عن سعيد بن المسيب عن عثمان بن عفان مرفوعا، وقال الدارقطنى :غريب، تفرد به محمد بن الوليد مولى بنى هاشم بهذا الإسناد.

قلت :وهو متهم بالكذب، قال ابن عدى :كان يضع الحديث، وقال أبو عروبة : كذاب، وبهذا أعله المناوى فى "الفيض "نقلا عن ابن الجوزى، وبه تبين خطأ السيوطى فى إيراده لهذا الحديث فى "الجامع الصغير ."قلت :ومما يدل على كذب هذا الحديث أنه مخالف لقوله صلى الله عليه وسلم ":المهدى من عترتى من ولد فاطمة "، أخرجه أبو داود (2/208 - 207) وابن ماجه (2/519) والحاكم (4/557) وأبو عمرو الدانى فى "السنن الواردة فى الفتن "(100 - 99) وكذا العقيلى (139 و300) من طريق زياد بن بيان عن على بن نفيل عن سعيد بن المسيب عن أم سلمة مرفوعا، وهذا سند جيد رجاله كلهم ثقات، وله شواهد كثيرة، فهو دليل واضح على رد هذا الحديث(سلسلة الاحاديث الضعيفة،تحت رقم الحديث ۸۰)

۲ أخبرنا أبو عمر عبد الواحد بن محمد بن عبد الله بن مهدى أخبرنا محمد بن مخلد الدورى حدثنا أحمد بن الحجاج بن الصلت حدثنا سعيد بن سليمان حدثنا خلف

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

لیکن اس حدیث کی سند میں ''احمد بن حجاج'' نام کا راوی موجود ہے،جس کو حافظ ذہبی وغیرہ نے اس حدیث کے گھڑنے والا قرار دیا ہے،اوراسی وجہ سے اس حدیث کو بعض حضرات نے جھوٹی کہا ہے۔ [1]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

بن خليفة عن مغيرة عن إبراهيم عن علقمة عن عمار بن ياسر .قال :بينا النبى صلى الله عليه وسلم راكب إذ حانت منه التفاتة فإذا هو بالعباس !فقال :يا عباس قال لبيك يا رسول الله .قال إن الله فتح هذا الأمر بى وسيختمه بغلام من ولدك يملؤها عدلا كما ملئت جورا، وهو الذى يصلى بعيسى(تاريخ بغداد، ج۴،ص ۳۳۹،تحت ترجمة:أحمد بن الحجاج بن الصلت، أبو العباس الأسدى ابن أخى محمد ابن الصلت، رقم الترجمة ۲۰۹۹، باب الألف)

[1] قال الالبانى: " -يا عباس إن الله فتح هذا الأمر بى، وسيختمه بغلام من ولدك يملؤها عدلا كما ملئت جورا، وهو الذى يصلى بعيسى."

موضوع:......أخرجه الخطيب فى "تاريخ بغداد "(4/117) ، ومن طريقه ابن الجوزى فى " الواهيات "(1437) فى ترجمة أحمد بن الحجاج بن الصلت قال :حدثنا سعيد بن سليمان، حدثنا خلف بن خليفة عن مغيرة عن إبراهيم عن علقمة عن عمار بن ياسر مرفوعا.

قلت :وهذا سند رجاله كلهم ثقات معروفون من رجال مسلم غير أحمد بن الحجاج هذا ولم يذكر فيه الخطيب جرحا ولا تعديلا، وقد اتهمه الذهبى بهذا الحديث فقال: رواه بإسناد الصحاح مرفوعا، فهو آفته !والعجيب أن الخطيب ذكره فى "تاريخه "ولم يضعفه وكأنه سكت عنه لانتهاك حاله، ووافقه الحافظ فى "لسان الميزان "والحديث أورده السيوطى فى "اللآلىء المصنوعة "(1/434 - 431) وسكت عليه !ومن هنا يتبين لك الفرق بين الذهبى والسيوطى، فإن الأول حافظ نقاد، والآخر جماع نقال، وهذا هو السر فى كثرة خطئه وتناقضه فى كتبه، والحديث أورده ابن الجوزى فى "الموضوعات "(2/37) من حديث ابن عباس نحوه وقال: موضوع، المتهم به الغلابى محمد بن زكريا، وأقره السيوطى فى "اللآلىء "(1/435) ، ورواه الخطيب فى "التاريخ "(3/324 - 323) ، وعنه ابن الجوزى فى "العلل المتناهية "(2/ 375/1438) من طريق أخرى، ثم قال ابن الجوزى (2/378) : لا بأس بإسناده كذا قال وهو منه عجيب فإن فيه علتين:

إحداهما :عبد الصمد بن على وهو الهاشمى ضعفه العقيلى (3/ 84 /1053) وساق له حديث استنكره الذهبى وسيأتى برقم (2898).

والأخرى :محمد بن نوح بن سعيد المؤذن، أورده الذهبى وقال :خبره كذب يعنى هذا وأبوه مجهول.

تنبيه :اختلط هذا الإسناد على بعض الطلبة فظن أنه من رواية الغلابى، وليس هو فيه !وأما صلاة المهدى بعيسى عليه السلام، فصحيح ثابت(السلسلة الاحاديث الضعيفة،تحت رقم الحديث ۸۱)

اور ابونعیم اصبہانی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے اس حدیث کو روایت کیا ہے کہ:

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو فرمایا کہ اللہ عزوجل نے اس دین کی ابتداء میرے ذریعہ سے فرمائی، اور آپ کی ذریت سے اس کا اختتام فرمائے گا'' [1]

لیکن مذکورہ حدیث میں ایک راوی ''لاھز بن جعفر'' موجود ہے، ابنِ عدی نے اس کی حدیث کو باطل کہا ہے، اور حافظ ذہبی نے اس کی اس حدیث کو گھڑی ہوئی کہا ہے۔ [2]

---

[1] حدثنا محمد بن المظفر ثنا عمر بن الحسن بن على ثنا عبد الله بن محمد ابن عبيد الأموى ثنا محمد بن صالح العدوى ثنا لاهز بن جعفر التميمى ثنا عبد العزيز بن عبد الصمد العمى أخبرنى على بن زيد بن جدعان عن سعيد ابن المسيب عن أبى هريرة رضى الله تعالى عنه .قال: خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم فتلقاه العباس فقال: ألا أبشرك يا أبا الفضل؟ .قال: بلى يا رسول الله .قال: إن الله عز وجل افتتح بى هذا الأمر وبذريتك يختمه (حلية الأولياء وطبقات الأصفياء، ج ١، ص ١٣٥، من اشتهر من الصحابة "عبدالله بن العباس")

[2] قال الالبانى:

ألا أبشرك يا أبا الفضل؟ إن الله عز وجل افتتح بى هذا الأمر، وبذريتك يختمه ."

موضوع.

أخرجه أبو نعيم فى "الحلية" (1/135) من طريق لاهز بن جعفر التيمى، حدثنا عبد العزيز بن عبد الصمد العمى، أخبرنى على بن زيد بن جدعان عن سعيد بن المسيب عن أبى هريرة مرفوعا، وقال :تفرد به لاهز بن جعفر وهو حديث عزيز.

قلت :وهو متهم، قال فيه ابن عدى :بغدادى مجهول يحدث عن الثقات بالمناكير، ثم ساق له حديثا فى فضل على ثم قال ابن عدى :وهذا باطل، قال الذهبى :إى والله هذا من أكبر الموضوعات، وعلى، فلعن الله من لا يحبه، والحديث أورده فى "كنز العمال "(رقم 38693) برواية أبى نعيم فى "الحلية "عن أبى هريرة بغير هذا اللفظ، ولم أعثر عليه الآن فى "الحلية "، فالله أعلم.

تنبيه :إذا علمت حال هذا الحديث والذى قبله، فلا يليق نصب الخلاف بينهما وبين الحديث الصحيح المتقدم قريبا " :المهدى من ولد فاطمة "لصحته وشدة ضعف مخالفه، وعليه :لا مسوغ لمحاولة التوفيق بينهما كما فعل بعض المتقدمين والأستاذ المودودى رحمه الله فى "البيانات "(ص 115، 165) ، والله تعالى هو الموفق لا إله سواه (سلسلة الاحاديث الضعيفة، تحت رقم الحديث ٨٢)

قیس بن جابر صدفی کی حدیث

طبرانی میں قیس بن جابر صدفی کی سند سے مروی ایک حدیث میں ہے کہ مہدی کے بعد قحطانی ہوگا، جو مہدی سے کم نہ ہوگا۔ ۱

لیکن علامہ ہیثمی نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند میں ایک سے زیادہ ایسے راوی ہیں، جن کی مجھے معرفت حاصل نہیں۔ ۲

اور نعیم بن حماد نے بھی اس حدیث کو روایت کیا ہے۔ ۳

لیکن یہ حدیث سند کے اعتبار سے، کمزور ہے، اوراس مضمون کی تائید کسی دوسری معتبر حدیث سے بھی نہیں ہوتی۔ ۴

---

۱ حدثنا أبو عامر النحوی، ثنا سليمان بن عبد الرحمن الدمشقي، ثنا حسين بن علی الكندی، مولی جرير، عن الأوزاعی، عن قيس بن جابر الصدفی، عن أبيه، عن جده: أن رسول الله صلى الله عليه وسلم، قال: سيكون من بعدی خلفاء، ومن بعد الخلفاء أمراء، ومن بعد الأمراء ملوك، ومن بعد الملوك جبابرة، ثم يخرج رجل من أهل بيتی يملأ الأرض عدلا كما ملئت جورا، ثم يؤمر القحطانی، فوالذی بعثنی بالحق ما هو دونه (المعجم الكبير للطبرانی، ج۲۲ ص ۳۷۴،رقم الحديث۹۳۷)

۲ قال الهيثمی:رواه الطبرانی، وفيه جماعة لم أعرفهم(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ۸۹۶۵،باب كيف بدأت الإمامة وما تصير إليه والخلافة والملك)

۳ حدثنا رشدين، عن ابن لهيعة، عن عبد الرحمن بن قيس الصدفی، عن أبيه، عن جده، عن النبی صلى الله عليه وسلم قال :القحطانی بعد المهدی، والذی بعثنی بالحق ما هو دونه(الفتن،لنعيم بن حماد، ج ۱ ص ۳۹۷،رقم الحديث ۱۱۹۳ باب ما يكون بعد المهدی)

۴ قال نبيل بن مَنصور بن يَعقوب البصارة:

يكون بعد المهدی القحطافی، والذی بعثنی بالحق ما هو دونه"

قال الحافظ :وأخرج أيضا (أی نعيم بن حماد فی "الفتن") من طريق عبد الرحمن بن قيس بن جابر الصدفی عن أبيه عن جده مرفوعا :فذكره، ضعيف الإسناد"

ضعيفأخرجه نعيم بن حماد فی "الفتن "(1221) عن رشدين بن سعد المصری والوليد بن مسلم الدمشقی عن ابن لهيعة قال :حدثنی عبد الرحمن بن قيس الصدفی عن أبيه عن جده به مرفوعا.

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

حذیفہ وعبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کی حدیث

دیلمی نے مسند فردوس میں حذیفہ رضی اللہ عنہ سے اس حدیث کو روایت کیا ہے کہ:

''نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مہدی میری اولاد میں سے ہوگا، جس کا چہرہ چاند کی طرح روشن ہوگا، اور اس کا رنگ عربیوں والا ہوگا، اور اس کا جسم اسرائیلیوں والا ہوگا، اور وہ زمین کو عدل وانصاف سے بھر دے گا، جس طرح وہ ظلم سے بھری ہوئی تھی، اور اس کی خلافت سے زمین وآسمان والے سب راضی ہوں گے، یہاں تک کہ ہوا میں اُڑنے والے پرندے بھی راضی ہوں گے، یہ بیس سال حکومت کریں گے'' [1]

لیکن مذکورہ حدیث کی سند میں ایک راوی ''محمد بن إبراهيم بن كثير الأنطاكی'' کے نام سے پایا جاتا ہے، جس کے متعلق حافظ ذہبی نے فرمایا کہ یہ شخص رواد بن جراح سے

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

وأخرجه فى موضع آخر (1209) عن الوليد بن مسلم عن ابن لهيعة عن عبد الرحمن بن قيس بن جابر الصدفى أن رسول الله -صلى الله عليه وسلم -قال "القحطانى بعد المهدى، وما هو دونه."

وإسناده ضعيف لضعف رشدين وابن لهيعة، والوليد بن مسلم مدلس وقد عنعن، وعبد الرحمن بن قيس ترجمه ابن أبى حاتم ولم يذكر فيه جرحا ولا تعديلا، ونعيم بن حماد مختلف فيه(انيس السارى، ج۹،ص ۶۵۰،۶۷۵۱، تحت رقم الحديث ۴۷۶۵،حرف الياء)

[1] قال أبو نعيم :حدثنا الطبرانى ، حدثنا محمد بن إبراهيم بن كثير الأنطاكى ، عن رواد بن الجراح ، عن سفيان ، عن منصور ، عن ربعى ، عن حذيفة ، رفعه " :المهدى رجل من ولدى ، وجهه كالقمر الدرى ، اللون لون عربى ، والجسم جسم اسرائيلى ، يملأ الأرض عدلا ، كما ملئت جورا، يرضى بخلافته أهل السماء والأرض ، والطير فى الجو يملك عشرين سنة . "

ورواه محمد بن هارون الرويانى فى مسنده ، عن محمد بن إبراهيم ، هذا به (الغرائب الملتقطة من مسند الفردوس،لابنِ حجر العسقلانى، ج۶ص ۳۷۱، ۳۷۲،رقم الحديث ۲۴۸۷، بقية حرف الميم)

www.idaraghufran.org

باطل ومنکر حدیث کو روایت کرتا ہے، اسی وجہ سے بعض اہلِ علم حضرات نے اس حدیث کو باطل کہا ہے۔ [1]

امام طبرانی نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کی سند سے اس حدیث کو روایت کیا ہے کہ:

''مہدی اس حال میں برآمد ہوں گے کہ ان کے سر پر ایک فرشتہ ہوگا، جو پکار پکار کر لوگوں کو کہے گا کہ یہ مہدی ہیں، تم ان کی اتباع کرو'' [2]

لیکن اس حدیث کی سند میں ایک راوی ''عبدالوہاب بن ضحاک'' شدید ضعیف ہے۔ [3]

بعض محدثین نے مذکورہ راوی کو جھوٹا بھی کہا ہے، اوراس کے نتیجہ میں بعض اہلِ علم حضرات

---

[1] قال الالبانی:

باطل:......أخرجه الديلمي (4/ 84-85) - عن أبي نعيم والروياني معلقا -عن محمد بن إبراهيم بن كثير الأنطاكي عن رواد بن الجراح عن سفيان عن منصور عن ربعي عن حذيفة رفعه.

قلت :وهذا موضوع؛ آفته الأنطاكي هذا؛ قال الذهبي":روى عن رواد بن الجراح خبرا باطلا أو منكرا في ذكر المهدي (يعني :هذا) . قال عبد الرحمن بن حمدان الجلاب: هذا باطل، ومحمد الصوري (يعني :الأنطاكي) لم يسمع من رواد، وكان هذا غاليا في التشيع ."قال الحافظ في "اللسان":"وهذا الكلام -برمته -منقول من "كتاب الأباطيل "للجورقاني .ومحمد بن إبراهيم؛ قد ذكره ابن حبان في (الثقات) (سلسلة الاحاديث الضعيفة،تحت رقم الحديث ۴۶۸۴)

[2] حدثنا إبراهيم بن محمد بن عرق الحمصي، ثنا عبد الوهاب بن الضحاك، ثنا إسماعيل بن عياش، عن صفوان بن عمرو، عن عبد الرحمن بن جبير بن نفير، عن كثير بن مرة، عن عبد الله بن عمرو، عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: يخرج المهدي وعلى رأسه ملك ينادي إن هذا المهدي فاتبعوه(مسند الشاميين،للطبراني،رقم الحديث ۹۳۷،ما انتهى إلينا من مسند صفوان بن عمرو السكسكي)

[3] قال محمد بن طاهر المقدسي:

حديث :يخرج المهدي وعلى راسه عمامة ، فيها منادي ينادي :ألا !إن هذا المهدي ؛ فاتبعوه .رواه عبد الوهاب بن الضحاك الحمصي :عن إسماعيل بن عياش ، عن صفوان بن عمرو ، عن عبد الرحمن بن جبير بن نفير ، عن كثير مرة ، عن عبد الله بن عمرو .وعبد الوهاب ضعيف جدا(ذخيرة الحفاظ،ج۵،ص ۲۷۸۱، رقم الحديث ۶۵۰۶، باب الياء)

نے مذکورہ حدیث کو جھوٹی قرار دیا ہے۔ [1]

محمد بن علی کی حدیث

امام دار قطنی نے محمد بن علی سے روایت کیا ہے کہ:

''ہمارے مہدی کی دونشانیاں ایسی ہیں، جو اس وقت سے اب تک ظاہر نہیں ہوئیں، جب سے اللہ نے آسمان وزمین کو پیدا کیا ہے، ایک تو رمضان کی پہلی رات میں چاند گرہن ہوگا، اور دوسرے اسی ماہِ رمضان کی پندرہویں تاریخ کو سورج گرہن ہوگا، اور یہ دونوں باتیں آسمان وزمین کی پیدائش سے لے کر تا حال نہیں ہوسکیں'' [2]

لیکن ایک تو اس روایت کی سند نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک نہیں پہنچتی۔

دوسرے اس روایت کی سند میں ایک راوی ''عمرو بن شمر'' نام کا موجود ہے، جس کو محدثین نے گمراہ، جھوٹا، رافضی، شاتمِ صحابہ، متروک، اور منکرُ الحدیث وغیرہ سب کچھ ہی کہا ہے۔ [3]

---

[1] قال الالبانی:قلت :وهذا موضوع، آفته عبد الوهاب بن الضحاک؛ قال الذهبی فی "المیزان ":"کذبه أبو حاتم وقال النسائی وغیره :متروک .وقال الدارقطنی :منکر الحدیث .وقال البخاری :عنده عجائب ."ثم ساق له أحادیث مما أنکر علیه، هذا أحدها، وقال ":إنه من أوابده !" ثم ساق له حدیثا آخر بالسند نفسه، وقال ":إنه من بلایاه ."وقد مضی تخریجه برقم (3034)(سلسلة الاحادیث الضعیفة،تحت رقم الحدیث ٦٢٨٦)

[2] حدثنا أبو سعید الإصطخری ,ثنا محمد بن عبد الله بن نوفل ,ثنا عبید بن یعیش ,ثنا یونس بن بکیر ,عن عمرو بن شمر ,عن جابر عن محمد بن علی ,قال :إن لمهدینا آیتین لم تکونا منذ خلق الله السماوات والأرض ,ینخسف القمر لأول لیلة من رمضان ,وتنکسف الشمس فی النصف منه ,ولم تکونا منذ خلق الله السماوات والأرض(سنن الدارقطنی،رقم الحدیث ١٧٩٥، کتاب العیدین،باب صفة صلاة الخسوف والکسوف وهیئتهما)

[3] قال الذهبی:

عمرو بن شمر الجعفی الکوفی الشیعی، أبو عبد الله .عن جعفر بن محمد، وجابر الجعفی، والأعمش.روی عباس عن یحیی :لیس بشیء.وقال الجوزجانی :زائغ کذاب.

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

پس مذکورہ روایت، جھوٹی اور گھڑی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔

لیکن افسوس کہ بعض اہلِ علم حضرات نے اس حدیث کی سندی تحقیق کے بغیر، اس پر بہت کچھ لکھ دیا ہے، اور علمِ حدیث میں اہلِ علم حضرات کی جو اوّلین ذمہ داری ''حدیث کی سندی تحقیق'' سے متعلق ہے، اس کو نظر انداز کر دیا ہے۔

اور اس قسم کی اور بھی کئی احادیث وروایات کو ان کی سند کی تحقیق کے بغیر تحریر کر دیا ہے، جو بہت

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

وقال ابن حبان :رافضی یشتم الصحابة، ویروی الموضوعات عن الثقات.

وقال البخاری :منکر الحدیث.قال یحیی :لا یکتب حدیثه، ثم قال البخاری :حدثنا حامد بن داود، حدثنا أسید بن زید، عن عمرو بن شمر، عن جابر، عن أبی الطفیل، عن علی وعمار، قالا :کان النبی صلی الله علیه وسلم یقنت فی الفجر ویکبر یوم عرفة من صلاة الغداة، ویقطع صلاة العصر آخر أیام التشریق.

وبه :عن عمرو، عن عمران بن مسلم، عن سوید بن غفلة، عن بلال، عن أبی بکر، عن النبی صلی الله علیه وسلم :لا یتوضأ من طعام أحل الله أکله.

وبه :عن سوید، عن علی :کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یأمر منادبه أن یجعل أطراف أنامله عند مسامعه، وأن یثوب فی صلاة الفجر وصلاة العشاء إلا فی سفر.

وقال النسائی والدارقطنی وغیرهما :متروک الحدیث.

علی بن الجعد، حدثنا عمرو بن شمر، أخبرنا جابر، عن الشعبی، عن صعصعة بن صوحان :سمعت زامل بن عمرو الجذامی یحدث عن ذی الکلاع الحمیری، سمعت عمر یقول :سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول :إنما یبعث المقتتلون علی النیات .

قال السلیمانی :کان عمرو یضع علی الروافض(میزان الاعتدال،ج۳،ص، ۲۶۸، ۲۶۹، رقم الترجمة ۶۳۸۴،حرف العین)

وقال الذهبی ایضا:

عمرو بن شمر الجعفی، أبو عبد الله الکوفی العابد، الرافضی.

عن جابر الجعفی، وعمرو بن قیس، ولیث بن أبی سلیم، والأعمش، وجعفر بن محمد، وطائفة .وعنه عبد العزیز بن أبان، وأحمد بن یونس الیربوعی، وغیرهما.

قال خلاد بن یزید: قال لی سفیان الثوری: عمرو بن شمر هکذا مکثر عن جابر، وما رأیته قط عنده.

وقال ابن معین: لا یکتب حدیثه.

وقال البخاری: منکر الحدیث.

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

افسوسناک صورتِ حال ہے۔

عقائد سے متعلق تو ضعیف احادیث کا بھی اعتبار نہیں ہوا کرتا، چہ جائیکہ شدید، اور اس سے بڑھ کر موضوع و من گھڑت احادیث کا اعتبار کیا جائے۔

اس فصل کا خلاصہ یہ نکلا کہ قیامت کے قریب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نازل ہونے سے پہلے ایک شخصیت کا ظہور ہوگا، جو چند سالوں تک حکومت کریں گے، اور وہ زمین کو عدل وانصاف سے بھر دیں گے، اور ان کو کئی احادیث میں ''مہدی'' کا لقب دیا گیا ہے، اور ان کو ''قریشی'' اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اہلِ بیت میں سے بتلایا گیا ہے، اور بعض احادیث میں ان کا نام محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کے مطابق ہونے، اور مقامِ ابراہیم ورکنِ یمانی کے درمیان ان سے ابتداء میں تین سو تیرہ افراد کے بیعت کرنے، اور ان کے سات سال تک حکومت کرنے کا ذکر آیا ہے، اور بعض احادیث میں بعض دوسری چیزوں کا بھی ذکر آیا ہے، جو کہ ضمنی چیزیں ہیں، اور یہ شخصیت حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول سے پہلے ہوں گی، جن کے زمانہ میں دجال کا ظہور بھی ہوگا، اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول بھی ہوگا، جن کا ذکر آگے آتا ہے۔

پس حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے پہلے، حضرت مہدی علیہ الرحمۃ کا ظہور، حق ہے، اور ان کے ظہور کا انکار، گمراہی ہے۔

وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ وقال ابن حبان: رافضی یشتم الصحابة، ویروی الموضوعات عن الثقات، ثم قال: مات سنة سبع وخمسین ومائة.

وقال أسید بن زید: سمعت حسینا الجعفی یقول: کان عمرو بن شمر یؤمهم فمکثت ثلاثین سنة أجهد أن أسبقه إلى المسجد أو أخرج بعده فلم أقدر.

وقال الجوزجانی: عمرو بن شمر زائغ کذاب.

وقال ابن عدی: عامة ما عنده غیر محفوظ.

وقال النسائی، وغیره: متروک الحدیث(تاریخ الاسلام،للذهبی،ج۴،ص ۱۷۰، ۱۷۱، رقم الترجمة ۲۶۲،حرف العین)

(فصل نمبر 43)

کانے دجال کا ظہور

قیامت سے پہلے کا ایک عظیم فتنہ ''کانے دجال'' یا ''دجالِ اکبر'' کا ظہور ہے، جس سے ہر نبی نے اپنی قوم کو ڈرایا ہے، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت میں اس کے ظاہر ہونے، اور اس کے فتنہ سے حفاظت کی تعلیم دی ہے، اور اس کے متعلق بہت تفصیل بیان فرمائی ہے۔

آگے دجالِ اکبر کے متعلق تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّاسِ فَأَثْنٰى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ ثُمَّ ذَكَرَ الدَّجَّالَ فَقَالَ: إِنِّي لَأُنْذِرُكُمُوْهُ، وَمَا مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا أَنْذَرَهُ قَوْمَهُ، لَقَدْ أَنْذَرَ نُوْحٌ قَوْمَهُ، وَلٰكِنِّيْ أَقُوْلُ لَكُمْ فِيْهِ قَوْلًا لَمْ يَقُلْهُ نَبِيٌّ لِقَوْمِهٖ: تَعْلَمُوْنَ أَنَّهُ أَعْوَرُ، وَأَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِأَعْوَرَ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٣٣٣٧، كتاب احاديث الانبياء، باب قول الله تعالى ''إنا أرسلنا نوحا إلى قومه أن أنذر قومك من قبل أن يأتيهم عذاب أليم'')

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے درمیان کھڑے ہوئے، پھر اللہ کی شایانِ شان حمد وثناء بیان کی، پھر دجال کا ذکر کیا، اور فرمایا کہ میں یقیناً تمہیں دجال سے ڈراتا ہوں، اور کوئی نبی بھی ایسا نہیں ہے، جس نے اپنی قوم کو دجال سے نہ ڈرایا ہو، بلاشبہ نوح نے بھی اپنی قوم کو دجال سے ڈرایا، اور میں تم کو دجال

کے متعلق ایسی بات بتلاتا ہوں، جو کسی نبی نے اپنی قوم کو نہیں بتلائی، تم یہ بات جان لو کہ دجال ''آنکھ سے کانا'' ہے، اور بے شک اللہ کانا نہیں ہے (بخاری)

ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

كُنَّا نَتَحَدَّثُ بِحَجَّةِ الْوَدَاعِ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَظْهُرِنَا، وَلَا نَدْرِيْ مَا حَجَّةُ الْوَدَاعِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ ذَكَرَ الْمَسِيْحَ الدَّجَّالَ فَأَطْنَبَ فِيْ ذِكْرِهِ، وَقَالَ: مَا بَعَثَ اللّٰهُ مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا أَنْذَرَ أُمَّتَهُ، أَنْذَرَهُ نُوْحٌ وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ بَعْدِهِ، وَإِنَّهُ يَخْرُجُ فِيْكُمْ، فَمَا خَفِيَ عَلَيْكُمْ مِنْ شَأْنِهِ فَلَيْسَ يَخْفٰى عَلَيْكُمْ: أَنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ عَلٰى مَا يَخْفٰى عَلَيْكُمْ ثَلَاثًا، إِنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِأَعْوَرَ، وَإِنَّهُ أَعْوَرُ عَيْنِ الْيُمْنٰى، كَأَنَّ عَيْنَهُ عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۴۴۰۲، كتاب المغازی، باب حجة الوداع)

ترجمہ: ہم حجۃ الوداع کی باتیں کر رہے تھے، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم، ہمارے درمیان موجود تھے، اور ہم اس وقت حجۃ الوداع سے واقف نہیں تھے، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کی حمد وثناء بیان کی، پھر مسیح دجال کا ذکر کیا، اور اس کا تفصیلی ذکر کیا، اور فرمایا کہ اللہ نے کوئی نبی بھی مبعوث نہیں فرمایا، مگر اس نے اپنی امت کو دجال سے ڈرایا، دجال سے نوح نے بھی ڈرایا، اور ان کے بعد نبیوں نے بھی ڈرایا، اور دجال تمہارے اندر نکلے گا، پس تمہارے اوپر اس کی حالت مخفی نہیں، پس تم پر یہ بات مخفی نہیں ہے کہ بے شک تمہارا رب تم پر مخفی نہیں ہے، یہ بات تین مرتبہ بیان فرمائی، بے شک تمہارا رب کانا نہیں ہے، جبکہ دجال کانا ہے، اس کی دائیں آنکھ کانی ہے، گویا کہ اس کی وہ آنکھ اُبھرا ہوا انگور ہے (صحیح بخاری)

یعنی دجال یہ دعویٰ کرے گا کہ وہ تمہارا رب ہے، جبکہ اس کی حالت یہ ہوگی کہ اس کی ایک آنکھ کانی ہوگی، اور ہمارا رب اس طرح کانا نہیں، پس دجال کی یہ علامت اور نشانی ہر مومن بندہ کو یاد رکھنی چاہیے، جس کی وجہ سے مومن بندہ کو دجال کے دجل وفریب سے محفوظ رہنا بہت آسان ہوگا۔

دجال کو ''مسیح'' بھی کہا جاتا ہے، مگر یہ لفظ جب دجال کے لیے استعمال ہو، تو اس کے ساتھ لفظ دجال ملاکر ''مسیح دجال'' کہتے ہیں، شاذ ونادر صرف ''مسیح'' بھی کہہ دیتے ہیں، جیسا کہ اس حدیث میں ہے، اور دجال کو مسیح کہنے کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ وہ ممسوح العین ہوگا، یعنی اس کی ایک آنکھ ایسی بے نور ہوگی، جیسے پونچھ کر صاف سپاٹ کردی گئی ہو، اور بعض دوسری وجوہات بھی علماء نے لکھی ہیں۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی احادیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَأْتِي الْمَسِيْحُ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ، هِمَّتُهُ الْمَدِيْنَةُ، حَتّٰى يَنْزِلَ دُبُرَ أُحُدٍ، ثُمَّ تَصْرِفُ الْمَلَائِكَةُ وَجْهَهُ قِبَلَ الشَّامِ، وَهُنَالِكَ يَهْلِكُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٣٨٠ "٤٨٦" كتاب الحج، باب صيانة المدينة من دخول الطاعون والدجال إليها)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسیح (دجال) آئے گا، اور اس کا ہدف مدینہ ہوگا، یہاں تک کہ وہ اُحد پہاڑ کے پیچھے نزول کرے گا (وہ مدینہ منورہ کی حفاظت پر فرشتوں کے مامور ہونے کی وجہ سے داخل نہیں ہوسکے گا) پھر فرشتے اس کا رخ شام کی طرف پھیر دیں گے، اور وہ وہیں (پہنچ کر) ہلاک ہوگا (مسلم)

اور مسند احمد میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: اَلْإِيْمَانُ يَمَانٍ، وَالْكُفْرُ مِنْ

قِبَلِ الْمَشْرِقِ، وَإِنَّ السَّكِينَةَ فِي أَهْلِ الْغَنَمِ، وَإِنَّ الرِّيَاءَ وَالْفَخْرَ فِي أَهْلِ الْفَدَّادِينَ، أَهْلِ الْوَبَرِ، وَأَهْلِ الْخَيْلِ، وَيَأْتِي الْمَسِيحُ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ، وَهِمَّتُهُ الْمَدِينَةُ، حَتّٰى إِذَا جَاءَ دُبُرَ أُحُدٍ تَلَقَّتْهُ الْمَلَائِكَةُ، فَضَرَبَتْ وَجْهَهُ قِبَلَ الشَّامِ، هُنَالِكَ يُهْلَكُ، هُنَالِكَ يُهْلَكُ (مسند احمد، رقم الحديث ٩٨٩٥) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایمان یمنی ہے، اور کفر مشرق کی طرف سے آئے گا، اور سکون بکریوں والوں میں ہے، اور فدادین، یعنی گھوڑوں اور اونٹوں کے مالکوں میں فخر اور ریاء ہے، اور (یاد رکھو) مسیح (دجال) آئے گا، اور اس کا ہدف مدینہ منورہ ہوگا، یہاں تک کہ جب وہ اُحد پہاڑ کے پیچھے پہنچے گا، تو فرشتے اس کا رخ شام کی طرف پھیر دیں گے، اور وہ وہیں ہلاک ہوگا، وہیں ہلاک ہوگا (مسند احمد)

اور صحیح بخاری میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: رَأْسُ الْكُفْرِ نَحْوَ الْمَشْرِقِ وَالْفَخْرُ وَالْخُيَلَاءُ فِي أَهْلِ الْخَيْلِ وَالْإِبِلِ وَالْفَدَّادِينَ أَهْلِ الْوَبَرِ وَالسَّكِينَةُ فِي أَهْلِ الْغَنَمِ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٣٣٠١، كتاب بدء الخلق، باب: خير مال المسلم غنم يتبع بها شعف الجبال، صحيح مسلم، رقم الحديث ٥٢ "٨٥")

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کفر کی بنیاد، مشرق کی طرف ہے، اور فدادین، یعنی گھوڑوں اور اونٹوں کے مالکوں میں فخر اور تکبر ہے، اور بکریوں والوں میں سکون اور اطمینان ہیں (بخاری، مسلم)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

مذکورہ احادیث میں مشرق کی طرف کفر کی نسبت کی گئی ہے، جس سے مشرق سے کفریہ اور فسقیہ فتنوں کا ظاہر ہونا مراد ہے، اور دجال کا فتنہ بھی مشرق سے نکلے گا۔

اور یہ بھی معلوم ہوا کہ فخر وتکبر اور ریاء اور اِتراہٹ، ہلاکت کا باعث ہے، جبکہ تواضع اور عاجزی فتنوں سے حفاظت کا ذریعہ ہے۔

انس، ابوہریرہ، ابنِ عباس وحذیفہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: اَلدَّجَّالُ مَمْسُوْحُ الْعَیْنِ مَکْتُوْبٌ بَیْنَ عَیْنَیْہِ کَافِرٌ، ثُمَّ تَہَجَّاھَا ک ف ر یَقْرَؤُہٗ کُلُّ مُسْلِمٍ

(صحیح مسلم، رقم الحدیث ۲۹۳۳"۱۰۳" کتاب الفتن وأشراط الساعۃ، باب ذکر الدجال وصفتہ وما معہ)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دجال، ضائع شدہ آنکھ والا ہے، اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہے، پھر اس کے ہجے کرکے بتلایا کہ "ک، ف، ر" لکھا ہوا ہے، جس کو ہر مسلم پڑھ لے گا (صحیح مسلم)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الدَّجَّالَ مَمْسُوْحُ الْعَیْنِ الْیُسْرٰی، عَلَیْھَا ظَفَرَۃٌ، مَکْتُوْبٌ بَیْنَ عَیْنَیْہِ کَافِرٌ (مسند احمد، رقم الحدیث ۱۳۰۸۱) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں دجال کی بائیں آنکھ ضائع شدہ ہے، اس آنکھ پر پھلی ہے، اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہوا ہے (مسند احمد)

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ صحیح علی شرط الشیخین (حاشیۃ مسند احمد)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

وَأَمَّا مَسِيحُ الضَّلَالَةِ، فَإِنَّهُ أَعْوَرُ الْعَيْنِ، أَجْلَى الْجَبْهَةِ، عَرِيضُ النَّحْرِ، فِيهِ دَفَأٌ، كَأَنَّهُ قَطَنُ بْنُ عَبْدِ الْعُزَّى، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلْ يَضُرُّنِي شَبَهُهُ؟ قَالَ: لَا، أَنْتَ امْرُؤٌ مُسْلِمٌ، وَهُوَ امْرُؤٌ كَافِرٌ (مسند احمد، رقم الحديث ٧٩٠٥) [1]

ترجمہ: جہاں تک مسیح الضلالة (یعنی دجال) کا تعلق ہے، تو وہ ایک آنکھ سے کانا ہوگا، کشادہ پیشانی اور چوڑے سینے والا ہوگا، اس کے جسم میں کندھے کا جھکاؤ سینہ کی طرف ہوگا اور وہ (عرب کے ایک مشہور شخص) ''قطن بن عبد العزیٰ'' نامی شخص کے مشابہ ہوگا، یہ سن کر قطن کہنے لگے کہ اے اللہ کے رسول! کیا مجھے اس (دجال) کی مشابہت نقصان دہ ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں تم ایک مسلمان آدمی ہو اور وہ کافر ہوگا (مسند احمد)

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

ذَكَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ ذَكَرَ الدَّجَّالَ، قَالَ: هُوَ أَعْوَرُ هِجَانٌ، كَأَنَّ رَأْسَهُ أَصَلَةٌ، أَشْبَهُ رِجَالِكُمْ بِهٖ عَبْدُ الْعُزَّى بْنُ قَطَنٍ، فَإِمَّا هَلَكَ الْهُلَّكُ، فَإِنَّ رَبَّكُمْ عَزَّ وَجَلَّ لَيْسَ بِأَعْوَرَ (مسند احمد، رقم الحديث ٢٨٥٢) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ وہ کانا ہوگا، سفید رنگ کا ہوگا، کھلتا ہوا ہوگا، اس کا سر سانپ کی طرح محسوس ہوگا، وہ لوگوں میں سب سے زیادہ عبدالعزی بن قطن شخص کے مشابہ ہوگا، پس ہلاک ہونے والے ہلاک ہوں گے، پس بے شک تمہارا رب عزوجل کانا نہیں ہے (مسند احمد)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث حسن (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

اور حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی معراج سے متعلق حدیث کے ضمن میں ہے کہ:

وَرَأَى الدَّجَّالَ فِي صُورَتِهِ رُؤْيَا عَيْنٍ لَيْسَ رُؤْيَا مَنَامٍ وَعِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ وَإِبْرَاهِيمَ، قَالَ فَسُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدَّجَّالِ، فَقَالَ رَأَيْتُهُ فَيْلَمَانِيًّا أَقْمَرَ هِجَانًا، إِحْدٰى عَيْنَيْهِ قَائِمَةٌ كَأَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ، كَأَنَّ شَعْرَهُ أَغْصَانُ شَجَرَةٍ، وَرَأَيْتُ عِيسٰى: شَابًّا أَبْيَضَ جَعْدَ الرَّأْسِ حَدِيدَ الْبَصَرِ مُبَطَّنَ الْخَلْقِ، وَرَأَيْتُ مُوسٰى: أَسْحَمَ، آدَمَ: كَثِيرَ الشَّعْرِ، شَدِيدَ الْخَلْقِ، وَرَأَيْتُ إِبْرَاهِيمَ (مسند أبي يعلى، رقم الحديث ۲۷۲۰، ج۵ ص۱۰۸، اول مسند ابن عباس) [1]

ترجمہ: اور (نبی نے) دجال کو اس کی صورت میں دیکھا، جاگتی ہوئی آنکھوں سے، نہ کہ سوتی ہوئی آنکھوں سے، اور عیسیٰ بن مریم اور ابراہیم علیہما السلام کو بھی، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے دجال کے بارے میں پوچھا گیا، تو آپ نے فرمایا کہ میں نے اُسے بڑے قدّ وقامت اور سفید رنگ والا دیکھا، اس کی دونوں آنکھوں میں سے ایک آنکھ سپٹ تھی، گویا کہ وہ سفید موتی ہے، اور گویا کہ اس کے بال درخت کی ٹہنیوں کی طرح ہیں، اور میں نے حضرت عیسیٰ کو جوان اور گورا دیکھا، بال گھنگریالے تھے، آنکھ سُرمگیں تھیں، پتلے تھے، اور میں نے موسیٰ کو دیکھا گندمی رنگ، اور زیادہ بالوں، اور مضبوط جسم والے تھے، اور میں نے حضرت ابراہیم کو بھی دیکھا (ابو یعلیٰ)

اور حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَأَنَا أَعْلَمُ بِمَا مَعَ الدَّجَّالِ مِنْهُ، مَعَهُ نَهْرَانِ يَجْرِيَانِ، أَحَدُهُمَا رَأْيَ الْعَيْنِ، مَاءٌ أَبْيَضُ، وَالْآخَرُ رَأْيَ

---

[1] قال حسين سليم أسد الداراني: إسناده صحيح (حاشية مسند ابی یعلیٰ)
وقال الالبانی: قلت: فالإسناد حسن (الإسراء والمعراج للالبانی، ص۷۷، حديث عبد الله بن عباس)

www.idaraghufran.org

الْعَيْنِ، نَارٌ تَأَجَّجُ، فَإِمَّا أَدْرَكَنَّ أَحَدٌ، فَلْيَأْتِ النَّهْرَ الَّذِي يَرَاهُ نَارًا وَلْيُغَمِّضْ، ثُمَّ لْيُطَأْطِءْ رَأْسَهُ فَيَشْرَبَ مِنْهُ، فَإِنَّهُ مَاءٌ بَارِدٌ، وَإِنَّ الدَّجَّالَ مَمْسُوحُ الْعَيْنِ، عَلَيْهَا ظَفَرَةٌ غَلِيظَةٌ، مَكْتُوبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَافِرٌ، يَقْرَؤُهُ كُلُّ مُؤْمِنٍ، كَاتِبٍ وَغَيْرِ كَاتِبٍ (صحیح مسلم،رقم الحدیث ۲۹۳۴"۱۰۵"کتاب الفتن وأشراط الساعة، باب ذکر الدجال وصفته وما معه)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دجال کے ساتھ جو کچھ ہوگا، میں اس کو دجال سے زیادہ جانتا ہوں، اس کے ساتھ بہتی ہوئی نہریں ہوں گی، ان میں سے ایک نہر کا پانی دیکھنے میں سفید ہوگا اور دوسری نہر کا پانی دیکھنے میں بھڑکتی ہوئی آگ ہوگی، پس اگر کوئی آدمی اس کو پالے، تو اس نہر میں جائے، جسے بھڑکتی ہوئی آگ تصور کرے اور آنکھ بند کر کے اپنے سر کو جھکائے، پھر اس سے پیئے، بے شک وہ ٹھنڈا پانی ہوگا اور بے شک دجال ضائع شدہ آنکھ والا ہوگا، جس کی آنکھ پر ایک موٹی پھلی ہوگی اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہوا ہوگا اور ہر لکھنے والا اور غیر لکھنے والا (یعنی ان پڑھ) مومن اسے پڑھ سکے گا (صحیح مسلم)

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں دجال کی بائیں آنکھ کے ضائع شدہ ہونے کا ذکر ہے۔ [1]

اور حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلدَّجَّالُ أَعْوَرُ الْعَيْنِ الْيُسْرٰى،

---

[1] عن حذيفة بن اليمان، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " لأنا أعلم بما مع الدجال من الدجال، معه نهران يجريان: أحدهما رأى العين ماء أبيض، والآخر رأى العين نار تأجج، فإن أدركن واحدا منكم، فليأت النهر الذى يراه نارا، فليغمض ثم ليطأطء رأسه فليشرب، فإنه ماء بارد، وإن الدجال ممسوح العين اليسرى، عليها ظفرة غليظة، مكتوب بين عينيه، كافر، يقرؤه كل مؤمن كاتب وغير كاتب "(مسند احمد،رقم الحديث ۲۳۲۷۹)

قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح على شرط مسلم(حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

جُفَالُ الشَّعْرِ، مَعَهُ جَنَّةٌ وَنَارٌ، فَنَارُهُ جَنَّةٌ وَجَنَّتُهُ نَارٌ (مسنداحمد، رقم الحدیث ۲۳۲۵۰) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دجال، بائیں آنکھ سے کانا ہے، گھنے بال والا ہے، اس کے ساتھ جنت اور جہنم ہے، اس کی جہنم دراصل جنت ہے، اور اس کی جنت دراصل جہنم ہے (مسند احمد)

کسی روایت میں دجال کی داہنی آنکھ کے کانی ہونے کا، اور کسی روایت میں بائیں آنکھ کے ضائع شدہ و بے کار ہونے کا ذکر ہے، جن کی روشنی میں محققین نے فرمایا کہ دجال کی دونوں آنکھیں ہی معیوب ہوں گی، ایک بے روشنی کے ہوگی، اور دوسری کانی ہوگی۔

اور ابو حازم کی سند سے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا أَعْلَمُ بِمَا مَعَ الدَّجَّالِ مِنْهُ، نَهْرَانِ: أَحَدُهُمَا نَارٌ تَأَجَّجُ فِيْ عَيْنِ مَنْ رَآهُ، وَالْآخَرُ: مَاءٌ أَبْيَضُ، فَإِنْ أَدْرَكَهُ مِنْكُمْ أَحَدٌ، فَلْيُغْمِضْ، وَلْيَشْرَبْ مِنَ الَّذِيْ يَرَاهُ نَارًا، فَإِنَّهُ مَاءٌ بَارِدٌ، وَإِيَّاكُمْ وَالْآخَرُ، فَإِنَّهُ الْفِتْنَةُ، وَاعْلَمُوْا أَنَّهُ مَكْتُوْبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَافِرٌ، يَقْرَؤُهُ مَنْ يَّكْتُبُ، وَمَنْ لَّا يَكْتُبُ، وَأَنَّ إِحْدَى عَيْنَيْهِ مَمْسُوْحَةٌ عَلَيْهَا ظَفَرَةٌ، أَنَّهُ يَطْلُعُ مِنْ آخِرِ أَمْرِهِ عَلٰى بَطْنِ الْأُرْدُنِّ، عَلٰى بَيْتِهِ أَفِيْقُ، وَكُلُّ وَاحِدٍ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ بِبَطْنِ الْأُرْدُنِّ، وَأَنَّهُ يَقْتُلُ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ثُلُثًا، وَيَهْزِمُ ثُلُثًا، وَيُبْقِيْ ثُلُثًا، وَيَجِنُّ عَلَيْهِمُ اللَّيْلُ، فَيَقُوْلُ بَعْضُ الْمُؤْمِنِيْنَ لِبَعْضٍ: مَا تَنْتَظِرُوْنَ أَنْ تَلْحَقُوْا بِإِخْوَانِكُمْ فِيْ مَرْضَاةِ رَبِّكُمْ، مَنْ كَانَ عِنْدَهُ فَضْلُ طَعَامٍ، فَلْيَغْدُ بِهٖ عَلٰى أَخِيْهِ، وَصَلُّوْا حِيْنَ يَنْفَجِرُ الْفَجْرُ، وَعَجِّلُوا الصَّلَاةَ، ثُمَّ أَقْبِلُوْا

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسناده صحیح علی شرط الشیخین (حاشیة مسند احمد)

عَلٰی عَدُوِّکُمْ ، فَلَمَّا قَامُوْا یُصَلُّوْنَ نَزَلَ عِیْسَی بْنُ مَرْیَمَ صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْہِ إِمَامُھُمْ ، فَصَلّٰی بِھِمْ ، فَلَمَّا انْصَرَفَ،قَالَ:ھٰکَذَا افْرِجُوْا بَیْنِی وَبَیْنَ عَدُوِّ اللّٰہِ ، قَالَ أَبُوْ حَازِمٍ:قَالَ أَبُوْ ھُرَیْرَۃَ:فَیَذُوْبُ کَمَا تَذُوْبُ الْإِھَالَۃُ فِی الشَّمْسِ ،وَقَالَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عَمْرٍو: کَمَا یَذُوْبُ الْمِلْحُ فِی الْمَاءِ ، وَسَلَّطَ اللّٰہُ عَلَیْھِمُ الْمُسْلِمِیْنَ ، فَیَقْتُلُوْنَھُمْ حَتّٰی إِنَّ الشَّجَرَ وَالْحَجَرَ لَیُنَادِیْ:یَا عَبْدَ اللّٰہِ ، یَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ ، یَا مُسْلِمُ ، ھٰذَا یَھُوْدِیٌّ ، فَاقْتُلْہُ ، فَیُنْفِیْھِمُ اللّٰہُ ، وَیَظْھَرُ الْمُسْلِمُوْنَ ، فَیَکْسِرُوْنَ الصَّلِیْبَ ، وَیَقْتُلُوْنَ الْخِنْزِیْرَ ، وَیَضَعُوْنَ الْجِزْیَۃَ ، فَبَیْنَمَا ھُمْ کَذٰلِکَ ، أَخْرَجَ اللّٰہُ أَھْلَ یَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ ، فَیَشْرَبُ أَوَّلُھُمُ الْبُحَیْرَۃَ ، وَیَجِیْئُ آخِرُھُمْ وَقَدِ اسْتَقَوْہُ ، فَمَا یَدَعُوْنَ فِیْہِ قَطْرَۃً ، فَیَقُوْلُوْنَ:ظَھَرْنَا عَلٰی أَعْدَائِنَا،قَدْ کَانَ ھَاھُنَا أَثَرُ مَاءٍ، فَیَجِیْئُ نَبِیُّ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُہٗ وَرَاءَ ہٗ ،حَتّٰی یَدْخُلُوْا مَدِیْنَۃً مِنْ مَدَائِنِ فِلَسْطِیْنَ ، یُقَالُ لَھَا:لُدٌّ ، فَیَقُوْلُوْنَ:ظَھَرْنَا عَلٰی مَنْ فِی الْأَرْضِ ، فَتَعَالَوْا نُقَاتِلُ مَنْ فِی السَّمَاءِ ، فَیَدْعُو اللّٰہَ نَبِیُّہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذٰلِکَ،فَیَبْعَثُ اللّٰہُ عَلَیْھِمْ قُرْحَۃً فِیْ حُلُوْقِھِمْ ، فَلَا یَبْقٰی مِنْھُمْ بَشَرٌ،فَتُؤْذِیَ رِیْحُھُمُ الْمُسْلِمِیْنَ ، فَیَدْعُوْ عِیْسٰی صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْہِ عَلَیْھِمْ ، فَیُرْسِلُ اللّٰہُ عَلَیْھِمْ رِیْحًا فَتَقْذِفُھُمْ فِی الْبَحْرِ أَجْمَعِیْنَ

(المستدرک للحاکم،رقم الحدیث ۸۵۰۷، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو چیزیں دجال کے ساتھ ہوں گی میں انہیں دجال سے زیادہ جانتا ہوں،اس کے ساتھ دو نہریں ہوں گی،جن میں

[1] قال الحاکم:ھذا حدیث صحیح علی شرط مسلم، ولم یخرجاہ.

www.idaraghufran.org

سے ایک تو دیکھنے والوں کو بھڑکتی ہوئی آگ معلوم ہوگی، اور دوسری سفید پانی، پس تم میں سے جو اس کو پائے، تو اسے چاہئے کہ (اپنی) آنکھیں بند کر لے اور پانی اس نہر سے پئے جو دیکھنے میں آگ نظر آتی ہو، کیونکہ (حقیقت میں) وہ ٹھنڈا پانی ہوگا، اور دوسری نہر سے بچ کر رہنا، کیونکہ وہی آزمائش ہے۔

اور جان لو کہ اس کی پیشانی پر ’’کافر‘‘ لکھا ہوا ہوگا، جسے وہ شخص بھی پڑھ لے گا، جو لکھنا جانتا ہو اور وہ بھی، جو لکھنا نہ جانتا ہو، اور اس کی دونوں آنکھوں میں سے ایک آنکھ ممسوحہ (مِٹی ہوئی) ہوگی، اس پر ایک پھُلّی (ناخونہ سا) ہوگی۔

وہ آخری مرتبہ اردن کے علاقہ میں ’’افیق‘‘ نامی گھاٹی پر نمودار ہوگا، اس وقت جو شخص بھی اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہوگا، وہ اردن کے علاقہ میں موجود ہوگا (مسلمانوں اور دجال کے لشکر کے درمیان جنگ ہوگی، جس میں) وہ ایک تہائی مسلمانوں کو قتل کر دے گا، ایک تہائی کو شکست دے (کر بھگا دے) گا، اور ایک تہائی کو باقی چھوڑ دے گا، اور رات ہو جائے گی، تو بعض مؤمنین بعض سے کہیں گے کہ تمہیں اپنے رب کی خوشنودی کے لئے اپنے (شہید) بھائیوں سے جا ملنے (شہید ہو جانے) میں اب کس چیز کا انتظار ہے؟ جس کے پاس کھانے کی کوئی چیز زائد ہو، وہ اپنے (مسلمان) بھائی کو دیدے، تم فجر ہوتے ہی (عام معمول کی بہ نسبت) جلدی نماز پڑھ لینا، پھر دشمن کے مقابلہ پر روانہ ہو جانا۔

پھر جب یہ لوگ نماز کے لئے اُٹھیں گے، تو اُن کے امام عیسیٰ علیہ السلام ان کے سامنے نازل ہو جائیں گے اور نماز ان کے ساتھ پڑھیں گے، پھر جب وہ نماز سے فارغ ہو جائیں گے، تو (ہاتھ کے اشارہ سے) فرمائیں گے کہ میرے، اور اللہ کے دشمن (دجال) کے درمیان سے ہٹ جاؤ (تاکہ میں اس سے نمٹ لوں) ابو حازم (جو اس حدیث کے راویوں میں سے ہیں) کہتے ہیں کہ ابو ہریرہ رضی اللہ

عنہ نے فرمایا کہ دجال (حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھتے ہی) ایسا پگھلے گا جیسے دھوپ میں چکنائی پگھلتی ہے۔

اور عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے یہ فرمایا کہ (ایسا گھلے گا) جیسے نمک پانی میں گھلتا ہے، اور اللہ دجال اور اس کے لشکر پر مسلمانوں کو مسلط کردے گا، چنانچہ وہ دجال اور اس کا ساتھ دینے والے یہودیوں کو قتل کردیں گے، یہاں تک کہ درخت اور پتھر پکاریں گے، کہ اے اللہ کے بندے، اے رحمٰن کے بندے، اے مسلمان! یہ یہودی ہے، اسے قتل کردے'' پس اللہ ان سب کو فنا کردے گا، اور مسلمان فتح یاب ہوں گے، پس مسلمان صلیب کو توڑ دیں گے، خنزیر کو قتل کریں گے اور جزیہ بند کر دیں گے۔

پھر مسلمان اسی حال میں ہوں گے کہ اللہ ''یاجوج وماجوج'' کو نکال دے گا، اُن کی پہلی جماعت بحیرہ (طَبَرِیَّہ کا سارا پانی) پی جائے گی اور ان کی آخری جماعت جب وہاں پر پہنچے گی، تو پہلی جماعت اس کا سارا پانی پی چکی ہوگی اور اس میں ایک قطرہ بھی نہ چھوڑا ہوگا، تو وہ کہیں گے کہ ہم نے اپنے دشمنوں پر غلبہ حاصل کرلیا ہے، چنانچہ بعد میں آنے والی جماعت (بحیرہ طبریہ کی اس خالی جگہ کو دیکھ کر) کہے گی کہ یہاں کبھی پانی رہا ہوگا۔

پھر اللہ کے نبی (عیسیٰ علیہ السلام) اور ان کے پیچھے اُن کے ساتھی آ کر فلسطین کے ایک شہر میں داخل ہوجائیں گے، جسے ''لُدّ'' کہا جاتا ہوگا۔

یاجوج ماجوج کہیں گے کہ اہلِ زمین پر تو ہم غلبہ پاچکے، آؤ اب ہم آسمان والوں سے جنگ کریں، اس وقت اللہ کے نبی (عیسیٰ علیہ السلام) اللہ سے دعاء کریں گے، جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ اللہ ان (یاجوج، ماجوج) کے حلق میں ایک قسم کا پھوڑا (یا زخم) پیدا کردے گا، جس کے باعث ان میں سے کوئی باقی نہ بچے گا، اب اُن

(کی لاشوں) کا تعفن مسلمانوں کو پریشان کرے گا، تو عیسیٰ علیہ السلام اُن پر بددعاء کریں گے، چنانچہ اللہ یاجوج ماجوج (کی لاشوں) پر ایک ہوا بھیجے گا، جو اِن سب کو اڑا کر سمندر میں ڈال دے گی (حاکم)

ابی بن کعب، فاطمہ بنتِ قیس وجابر رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: اَلدَّجَّالُ عَيْنُهُ خَضْرَاءُ كَزُجَاجَةٍ (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٦٧٩٥، تابع كتاب التاريخ، باب إخباره صلى الله عليه وسلم عما يكون فى أمته من الفتن والحوادث) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دجال کی آنکھ سبز ہے، شیشہ کی طرح (ابنِ حبان)

حضرت فاطمہ بنتِ قیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

صَعِدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنبَر، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: أُنْذِرُكُمُ الدَّجَّالَ، فَإِنَّهُ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ قَبْلِيْ إِلَّا وَقَدْ أَنْذَرَهُ أُمَّتَهُ، وَهُوَ كَائِنٌ فِيكُمْ أَيَّتُهَا الْأُمَّةُ، إِنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ وَلَا أُمَّةَ بَعْدَكُمْ (صحيح ابن حبان، رقم الحديث ٦٧٨٨، تابع كتاب التاريخ، باب إخباره صلى الله عليه وسلم عما يكون فى أمته من الفتن والحوادث) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر تشریف لائے، پھر اللہ کی حمد وثناء بیان کی، پھر فرمایا کہ میں تمہیں دجال سے ڈرا رہا ہوں، میرے سے پہلے ہر نبی نے اپنی امت کو اس دجال سے ڈرایا، اور وہ تمہارے اندر آئے گا، اے امت کے لوگو! میرے بعد کوئی نبی نہیں، اور تمہارے بعد کوئی امت نہیں (ابنِ حبان)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية صحيح ابنِ حبان)

[2] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية صحيح ابن حبان)

www.idaraghufran.org

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ كَذَّابِيْنَ، مِنْهُمْ صَاحِبُ الْيَمَامَةِ، وَمِنْهُمْ صَاحِبُ صَنْعَاءَ الْعَنْسِيُّ، وَمِنْهُمْ صَاحِبُ حِمْيَرَ، وَمِنْهُمُ الدَّجَّالُ، وَهُوَ أَعْظَمُهُمْ فِتْنَةً، قَالَ: وَقَالَ أَصْحَابِيْ: قَالَ: هُمْ قَرِيْبٌ مِّنْ ثَلَاثِيْنَ كَذَّابًا (صحيح ابن حبان، رقم الحديث ٦٦٥٠، تابع كتاب التاريخ، باب إخباره صلى الله عليه وسلم عمايكون فى أمته من الفتن والحوادث) [1]

ترجمہ: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، آپ نے فرمایا کہ قیامت سے پہلے کذاب (یعنی جھوٹی نبوت کے دعویدار) ہوں گے، اُن میں صاحبِ یمامہ (یعنی مسیلمہ کذاب) اور اُن میں صاحبِ صنعاء (اسود) عنسی، اور اُن میں صاحبِ حمیر، اور اُن میں دجال ہے، اور وہ (دجّال) ان سب میں عظیم فتنے والا ہے، حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میرے ساتھیوں (یعنی دوسرے صحابہ) نے فرمایا کہ کذاب (یعنی جھوٹی نبوت کے دعویدار تعداد میں) تیس کے قریب ہیں (ابنِ حبان)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلدَّجَّالُ أَعْوَرُ، وَهُوَ أَشَدُّ الْكَذَّابِيْنَ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ١٤٥٦٩) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دجال کانا ہے، اور جھوٹوں میں شدید ترین جھوٹا ہے (مسند احمد)

جھوٹا ترین اس لئے ہے کہ وہ نبوت کا بھی دعویٰ کرے گا، اور الوہیت کا بھی دعویٰ کرے گا۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده قوى (حاشية ابنِ حبان)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

ہشام، حذیفہ، انس، عوف وابنِ عمر رضی اللہ عنہم کی احادیث

صحیح مسلم میں حضرت ہشام بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: مَا بَيْنَ خَلْقِ آدَمَ إِلٰى قِيَامِ السَّاعَةِ خَلْقٌ أَكْبَرُ مِنَ الدَّجَّالِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٤٦ "١٢٦" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب في بقية من أحاديث الدجال)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ آدم علیہ السلام کی پیدائش سے لے کر قیامت قائم ہونے تک کوئی چیز دجال سے زیادہ بڑی (فتنہ وآزمائش والی) پیدا نہیں کی گئی (صحیح مسلم)

اور مستدرک حاکم میں ہشام بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

لَقَدْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا بَيْنَ خَلْقِ آدَمَ إِلٰى قِيَامِ السَّاعَةِ فِتْنَةٌ أَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنَ الدَّجَّالِ (المستدرك للحاكم، رقم الحديث ٨٦١٠، كتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: بلاشبہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ آدم علیہ السلام کی پیدائش سے لے کر قیامت قائم ہونے تک کوئی فتنہ اللہ کے نزدیک دجال سے زیادہ بڑا نہیں (حاکم)

اور مسند احمد میں ہشام بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا بَيْنَ خَلْقِ آدَمَ إِلٰى قِيَامِ السَّاعَةِ، أَمْرٌ أَكْبَرُ مِنَ الدَّجَّالِ (مسند احمد، رقم الحديث ١٦٢٥٣) [2]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ آدم علیہ

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط البخاري، ولم يخرجاه.

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

السلام کی پیدائش سے لے کر قیامت قائم ہونے تک کوئی معاملہ دجال سے زیادہ بڑا نہیں (مسند احمد)

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

ذُكِرَ الدَّجَّالُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: لَأَنَا لَفِتْنَةُ بَعْضِكُمْ أَخْوَفُ عِنْدِي مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ، وَلَنْ يَنْجُوَ أَحَدٌ مِمَّا قَبْلَهَا إِلَّا نَجَا مِنْهَا، وَمَا صُنِعَتْ فِتْنَةٌ مُنْذُ كَانَتِ الدُّنْيَا صَغِيرَةٌ وَلَا كَبِيرَةٌ، إِلَّا (تَتَّضِعُ) لِفِتْنَةِ الدَّجَّالِ (مسند احمد رقم الحدیث ۲۳۳۰۴) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے دجال کا تذکرہ کیا گیا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے نزدیک تمہارے ایک دوسرے کا فتنہ (یعنی باہمی اختلاف وانتشار) دجال کے فتنے سے زیادہ خوف والا ہے، جو شخص دجال کے فتنے سے پہلے کے اس فتنے سے بچ گیا، تو وہ دجال کے فتنہ سے بھی بچ جائے گا اور جب سے دنیا بنی ہے، ہر چھوٹا بڑا فتنہ دجال کے فتنے کے لئے ہی بنایا گیا ہے (مسند احمد)

اور حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے ہی ایک روایت اس طرح مروی ہے کہ:

كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَ الدَّجَّالَ، فَقَالَ: لَفِتْنَةُ بَعْضِكُمْ أَخْوَفُ عِنْدِي مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ، إِنَّهَا لَيْسَتْ مِنْ فِتْنَةٍ صَغِيرَةٍ وَلَا كَبِيرَةٍ إِلَّا تَتَّضِعُ لِفِتْنَةِ الدَّجَّالِ، فَمَنْ نَجَا مِنْ فِتْنَةِ مَا قَبْلَهَا نَجَا مِنْهَا، وَإِنَّهُ لَا يَضُرُّ مُسْلِمًا، مَكْتُوبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ: كَافِرٌ، مَهَجَّاةٌ ك، ف، ر (صحيح ابن حبان، رقم الحديث ٦٨٠٧، تابع كتاب التاريخ، باب إخباره صلى الله عليه وسلم عما يكون فى أمته من الفتن والحوادث) [2]

ترجمہ: ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے، تو آپ نے دجال کا تذکرہ کیا، اور

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية صحيح ابن حبان)

فرمایا کہ میرے نزدیک تمہارے ایک دوسرے کا فتنہ (اور باہمی اختلاف وانتشار) دجال کے فتنے سے زیادہ خوف والا ہے، بے شک ہر چھوٹا بڑا فتنہ دجال کے لئے ہی بنایا گیا ہے، پس جو شخص دجال کے فتنے سے پہلے کے فتنے سے بچ گیا، تو وہ دجال کے فتنہ سے بھی بچ جائے گا اور بے شک دجال، مسلم کو ضرر نہیں پہنچا سکے گا، اس کی آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہے، جس کے ہجے ''ک، ف، ر'' ہیں (صحیح ابنِ حبان)

اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَمَامَ الدَّجَّالِ سِنِيْنَ خَدَّاعَةً يُكَذَّبُ فِيْهَا الصَّادِقُ وَيُصَدَّقُ فِيْهَا الْكَاذِبُ وَيُخَوَّنُ فِيْهَا الْأَمِيْنُ وَيُؤْتَمَنُ فِيْهَا الْخَائِنُ وَيَتَكَلَّمُ فِيْهَا الرُّوَيْبِضَةُ قِيْلَ وَمَا الرُّوَيْبِضَةُ؟ قَالَ اَلْفُوَيْسِقُ يَتَكَلَّمُ فِيْ أَمْرِ الْعَامَّةِ (مسند احمد، رقم الحديث ١٣٢٩٨) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بلاشبہ دجال کے ظہور سے پہلے کچھ سال پُر فریب اور مغالطہ آمیز ہوں گے، سچے کو جھٹلایا جائے گا (نہ اس کے قول وقرار کو کما حقہٗ اہمیت دی جائے گی، اور نہ اس کے عمدہ کردار کی قدر کی جائے گی) اور جھوٹے وعیار کی تصدیق کی جائے گی (کہ مکروفریب اور چالبازی کے زور پر معاشرہ میں اس کی آؤ بھگت ہوگی، اور اس کو بڑا بنایا جائے گا) اور امانت دار کو خائن و ناقابلِ اعتبار ٹھہرایا جائے گا، اور خائن پر اعتماد وبھروسہ رکھا جائے گا، اور ''رُوَیْبِضَۃُ'' لوگوں کا ترجمان اور نمائندہ ہوگا، پوچھا گیا کہ ''رُوَیْبِضَۃُ'' کیا ہے؟ اس کے جواب میں فرمایا کہ حقیر، فاسق، بدکردار آدمی، جو عوام ورعایا کے کاموں میں زبان درازی (اور رائے زنی) کرے گا (مسند احمد)

اس طرح کی حدیث حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی مروی ہے۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث حسن (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

چنانچہ امام طبرانی نے حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكُوْنُ أَمَامَ الدَّجَّالِ سِنُوْنَ خَوَادِعُ، يَكْثُرُ فِيْهَا الْمَطَرُ، وَيَقِلُّ فِيْهَا النَّبْتُ، وَيُكَذَّبُ فِيْهَا الصَّادِقُ، وَيُصَدَّقُ فِيْهَا الْكَاذِبُ، وَيُؤْتَمَنُ فِيْهَا الْخَائِنُ، وَيُخَوَّنُ فِيْهَا الْأَمِيْنُ، وَتَنْطِقُ فِيْهَا الرُّوَيْبِضَةُ، قِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَا الرُّوَيْبِضَةُ؟ قَالَ: مَنْ لَا يُؤْبَهُ لَهُ (المعجم الكبير للطبراني، ج١٨ ص٦٧،رقم الحديث ١٢٥) ١

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دجال سے پہلے کچھ سال پُرفریب اور مغالطہ آمیز ہوں گے، جن میں بارشوں کی کثرت ہوگی، پھر بھی زمین پیداوار گھٹادے گی۔

اوران سالوں میں سچے کو جھوٹا کہا جائے گا، اور جھوٹے کی تصدیق کی جائے گی اور امانت دار کو خائن ٹھہرایا جائے گا، اور خائن کو امانت دار قرار دیا جائے گا، اور "رُوَيْبِضَةُ" کلام (اور رائے زنی) کرے گا،سوال کیا گیا کہ اے اللہ کے رسول "رُوَيْبِضَةُ" کیا ہے؟ اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کی کوئی حیثیت (اور وقعت) نہیں ہوگی (طبرانی)

اس طرح کی اور بھی احادیث ہیں، جن سے معلوم ہوتا ہے کہ قیامت سے پہلے، جب دجال برآمد ہوگا، اس سے کئی سال پہلے دھوکہ کے سال شروع ہوجائیں گے، اور یہ حالات اب رفتہ رفتہ شروع ہورہے ہیں۔

اورحضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

١ قال الهيثمي: رواه الطبراني بأسانيد، وفي أحسنها ابن إسحاق وهو مدلس، وبقية رجاله ثقات (مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ١٢٤٦٩، باب ثان في أمارات الساعة)

وقال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشّثري: قلت: حديث الباب يرتقي إلى درجة الصحة بالشاهد السابق عن أنس رضي الله عنه، والله أعلم (حاشية المطالب العالية محققا، ج١٨، ص٤٢٩، تحت رقم الحديث ٤٥١٧، كتاب الفتن، ذكر ابن صياد والتردد في كونه الدجال)

كُنَّا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ الْفِتَنَ وَأَكْثَرَ فِي ذِكْرِهَا ،حَتّٰى ذَكَرَ فِتْنَةَ الْأَحْلَاسِ، فَقَالَ قَائِلٌ:وَمَا فِتْنَةُ الْأَحْلَاسِ؟ قَالَ:هِيَ فِتْنَةَ هَرَبٍ وَحَرْبٍ، ثُمَّ فِتْنَةُ السَّرَّى ،أَوِ السَّرَّاءِ ثُمَّ يَصْطَلِحُ النَّاسُ عَلٰى رَجُلٍ كَوَرِكٍ عَلٰى ضِلَعٍ، ثُمَّ فِتْنَةُ الدَّهْمَاءِ لَا تَدَعُ مِنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ إِلَّا لَطَمَتْهُ لَطْمَةً، فَإِذَا قِيلَ اِنْقَطَعَتْ تَمَادَتْ، يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيهَا مُؤْمِنًا وَيُمْسِي كَافِرًا، حَتّٰى يَصِيرَ النَّاسُ إِلٰى فُسْطَاطَيْنِ، فُسْطَاطِ إِيْمَانٍ لَا نِفَاقَ فِيهِ، وَفُسْطَاطِ نِفَاقٍ لَا إِيْمَانَ فِيهِ، فَإِذَا كَانَ ذَاكُمْ فَانْتَظِرُوا الدَّجَّالَ مِنَ الْيَوْمِ أَوْ غَدٍ (المستدرک للحاکم،رقم الحدیث ۸۴۴۱،کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے،تو آپ نے فتنوں کا ذکر کیا اور بہت کثرت سے ان کا تذکرہ کیا، یہاں تک کہ’’ فتنہ احلاس‘‘ (یعنی بہت سے افراد کو گھیرے میں لینے والے فتنہ) کا بھی ذکر کیا،تو ایک کہنے والے نے کہا کہ اے اللہ کے رسول! یہ فتنہ احلاس کیا اور کیسا ہوگا؟

اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ (ایک دوسرے سے دور) بھاگنے،اور جنگ کرنے (یعنی ایک دوسرے کو قتل،اور لوٹ مار کرنے) کا فتنہ ہوگا، پھر اس کے بعد’’ سری‘‘ یا’’ سراء‘‘ (یعنی وسیع ترین) فتنہ ہوگا، پھر لوگ ایک سرین ،اور پسلی والے شخص (یعنی بے وقعت آدمی) کی خاطر صلح کریں گے (جس میں حکومت چلانے کی اہلیت تک نہ ہوگی)

پھر سیاہ ترین فتنہ رونما ہوگا، جو اس امت میں سے کسی کو نہیں چھوڑے گا، ایک طمانچہ تو ضرور مارے گا،اور جب کہا جائے گا کہ یہ فتنہ ختم ہوگیا،تو وہ اور بڑھے

---

[1] قال الحاکم:ھذا حدیث صحیح الإسناد، ولم یخرجاہ.
وقال الذھبی فی التلخیص: صحیح.

www.idaraghufran.org

گا، اس فتنہ میں آدمی صبح کو مومن ہوگا، تو شام کو کافر ہوگا، یہاں تک کہ لوگ دو خیموں کی طرف ہوجائیں گے، ایک ایمان کا خیمہ ہوگا، جس میں نفاق نہیں ہوگا اور دوسرا نفاق کا خیمہ ہوگا، جس میں ایمان نہیں ہوگا، پس اگر تم اس حالت میں ہو، تو اس دن، یا اس سے اگلے دن دجال کا انتظار کرنا (حاکم)

یعنی دجال کے برآمد ہونے سے پہلے لوگوں کے ایمان کے لالے پڑ جائیں گے، اور بھرپور فتنے رونما ہوں گے۔

انس، عائشہ اور ایک صحابی رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَتْبَعُ الدَّجَّالَ مِنْ يَهُوْدِ أَصْبَهَانَ، سَبْعُوْنَ أَلْفًا عَلَيْهِمُ الطَّيَالِسَةُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۹۴۴ ''۱۲۴'' كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب في بقية من أحاديث الدجال)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اصبہان کے ستر ہزار یہودی، دجال کی اتباع کریں گے، جنہوں نے چادریں اوڑھی ہوں گی (مسلم)

اور مسند احمد میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَخْرُجُ الدَّجَّالُ مِنْ يَهُوْدِيَّةِ أَصْبَهَانَ، مَعَهُ سَبْعُوْنَ أَلْفًا مِنَ الْيَهُوْدِ عَلَيْهِمُ السِّيْجَانُ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۳۳۴۴) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دجال، اصبہان کے علاقہ یہودیہ سے برآمد ہوگا، جس کے ساتھ ستر ہزار یہودی ہوں گے، جنہوں نے (اپنی خاص مذہبی) سبز رنگ کی چادریں اوڑھی ہوں گی (مسند احمد)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث حسن، وهذا إسناد قابل للتحسين (حاشية مسند احمد)

اور مسند احمد میں ہی حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَجِيءُ الدَّجَّالُ فَيَطَأُ الْأَرْضَ إِلَّا مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةَ، فَيَأْتِي الْمَدِيْنَةَ، فَيَجِدُ بِكُلِّ نَقْبٍ مِنْ أَنْقَابِهَا، صُفُوْفًا مِنَ الْمَلَائِكَةِ، فَيَأْتِي سَبْخَةَ الْجُرْفِ، فَيَضْرِبُ رِوَاقَهُ، فَتَرْجُفُ الْمَدِيْنَةُ ثَلَاثَ رَجَفَاتٍ، فَيَخْرُجُ إِلَيْهِ كُلُّ مُنَافِقٍ وَمُنَافِقَةٍ

(مسند احمد، رقم الحديث ١٢٩٨٦) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دجال برآمد ہونے کے بعد پوری روئے زمین پر تسلط حاصل کرلے گا، سوائے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے، پھر وہ مدینہ منورہ آئے گا، تو مدینہ منورہ کے تمام سوراخوں (وراستوں) میں سے ہر سوراخ (وراستہ) پر فرشتوں کی صفوں کو (حفاظت کرتے ہوئے) پائے گا، پھر وہ مقامِ ''جرف'' کے ویرانے میں آکر اپنا خیمہ لگائے گا، پھر مدینہ منورہ میں تین زلزلے آئیں گے، جس کے بعد (خوف کھاکر) ہر منافق مرد، اور ہر منافق عورت مدینہ سے دجال کی طرف نکل جائے گی (مسند احمد)

اور صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَيْسَ مِنْ بَلَدٍ إِلَّا سَيَطَؤُهُ الدَّجَّالُ، إِلَّا مَكَّةَ، وَالْمَدِيْنَةَ، لَيْسَ لَهُ مِنْ نِقَابِهَا نَقْبٌ، إِلَّا عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ صَافِّيْنَ يَحْرُسُوْنَهَا، ثُمَّ تَرْجُفُ الْمَدِيْنَةُ بِأَهْلِهَا ثَلَاثَ رَجَفَاتٍ، فَيُخْرِجُ اللّٰهُ كُلَّ كَافِرٍ وَمُنَافِقٍ (صحيح بخارى، رقم الحديث ١٨٨١، كتاب الجنائز، فضائل المدينة، باب: لا يدخل الدجال المدينة، صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٤٣ "١٢٣")

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی شہر ایسا نہیں ہوگا، جس میں دجال نہ پہنچے، سوائے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے، مدینہ منورہ کے سوراخوں (وراستوں) میں سے کوئی سوراخ (وراستہ) ایسا نہیں ہوگا، جس پر فرشتے صف بستہ اس کی حفاظت کے لئے موجود نہ ہوں، پھر مدینہ، اپنے لوگوں کو تین مرتبہ زلزلہ سے ہلائے گا، پھر اللہ مدینہ سے ہر کافر اور منافق کو نکال دے گا (بخاری، مسلم)

معلوم ہوا کہ دجال کو مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں داخل ہونے کی طاقت حاصل نہیں ہوسکے گی، اور وہ مدینہ منورہ سے باہر ہی پڑاؤ ڈالے گا، اور اس مرحلہ میں مدینہ منورہ میں تین زلزلے آئیں گے، جس کے بعد مدینہ منورہ سے ہر منافق مرد وعورت دجال کی طرف خروج کریں گے، اور اس طرح مدینہ منورہ منافقین سے پاک وصاف ہوجائے گا۔

اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ مدینہ منورہ میں منافق، اور کافر کا بھی قیام پذیر ہونا ممکن ہے، اور ان کا آج کے دور میں بھی مکہ ومدینہ منورہ میں وجود ممکن ہے۔

اور منافق وہ ہوتا ہے، جس نے بظاہر مسلمانوں والا روپ دھار رکھا ہو، اور دل میں کفر ہو۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أَبْكِي، فَقَالَ لِيْ: مَا يُبْكِيكِ؟ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ذَكَرْتُ الدَّجَّالَ فَبَكَيْتُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ يَخْرُجِ الدَّجَّالُ وَأَنَا حَيٌّ كَفَيْتُكُمُوهُ، وَإِنْ يَخْرُجْ بَعْدِيْ، فَإِنَّ رَبَّكُمْ عَزَّ وَجَلَّ لَيْسَ بِأَعْوَرَ، وَإِنَّهُ يَخْرُجُ فِيْ يَهُودِيَّةِ أَصْبَهَانَ، حَتّٰى يَأْتِيَ الْمَدِينَةَ فَيَنْزِلَ نَاحِيَتَهَا، وَلَهَا يَوْمَئِذٍ سَبْعَةُ أَبْوَابٍ عَلٰى كُلِّ نَقْبٍ مِنْهَا مَلَكَانِ، فَيَخْرُجَ إِلَيْهِ شِرَارُ أَهْلِهَا حَتَّى الشَّامِ مَدِينَةٍ بِفِلَسْطِينَ بِبَابِ لُدٍّ، وَقَالَ أَبُو دَاوُدَ مَرَّةً: حَتّٰى يَأْتِيَ فِلَسْطِينَ بَابَ لُدٍّ، فَيَنْزِلَ عِيسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ فَيَقْتُلَهُ،

ثُمَّ يَمۡكُثُ عِيسٰى عَلَيۡهِ السَّلَامُ فِى الۡأَرۡضِ أَرۡبَعِينَ سَنَةً إِمَامًا عَدۡلًا، وَحَكَمًا مُقۡسِطًا (مسند احمد،رقم الحديث ٢٤٤٦٧) [1]

ترجمہ: میرے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے، اور میں اس وقت رو رہی تھی، تو مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم کیوں رو رہی ہو؟ میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! مجھے دجال کا خیال آ گیا، تو میں رونے لگی، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر دجال میری موجودگی میں برآمد ہوگیا، تو میں تمہاری طرف سے اس کے لئے کافی ہوجاؤں گا، اور اگر وہ میرے بعد برآمد ہوا، تو یاد رکھو کہ تمہارا رب کانا نہیں ہے (اور دجال کانا ہے) دجال کا خروج اصبہان کے علاقے ''یہودیہ'' سے ہوگا اور وہ سفر کرتا ہوا مدینہ منورہ آئے گا، اور مدینہ منورہ کے باہر ایک جانب پڑاؤ کرے گا، اس زمانے میں مدینہ منورہ کے سات دروازے ہوں گے، اور اس کے ہر سوراخ (ودروازہ) پر دو فرشتے (دجال سے حفاظت کے لئے) مقرر ہوں گے، اور مدینہ منورہ میں جو لوگ شریر ترین (کافر ومنافق) ہوں گے، وہ نکل کر دجال کے پاس چلے جائیں گے، پھر دجال شام کی طرف روانہ ہوجائے گا اور فلسطین کے ایک شہر میں بابِ لد کے قریب پہنچے گا، تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول ہوجائے گا اور وہ اسے قتل کردیں گے اور اس کے بعد عیسیٰ علیہ السلام چالیس سال تک زمین میں عادل حکمران، اور منصف فیصلہ کرنے والے ہوکر رہیں گے (مسند احمد)

حضرت جنادہ بن امیہ ازدی سے روایت ہے کہ:

ذَهَبۡتُ أَنَا وَرَجُلٌ مِنَ الۡأَنۡصَارِ إِلٰى رَجُلٍ مِنۡ أَصۡحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ فَقُلۡنَا: حَدِّثۡنَا مَا سَمِعۡتَ مِنۡ رَّسُوۡلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن(حاشية مسند احمد)

وَسَلَّمَ يُذْكَرُ فِي الدَّجَّالِ وَلَا تُحَدِّثْنَا عَنْ غَيْرِهِ، وَإِنْ كَانَ مُصَدَّقًا ، قَالَ: خَطَبَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَنْذَرْتُكُمُ الدَّجَّالَ ثَلَاثًا فَإِنَّهُ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ قَبْلِي إِلَّا قَدْ أَنْذَرَهُ أُمَّتَهُ وَإِنَّهُ فِيكُمْ أَيَّتُهَا الْأُمَّةُ وَإِنَّهُ جَعْدٌ آدَمُ مَمْسُوحُ الْعَيْنِ الْيُسْرٰى ،مَعَهُ جَنَّةٌ وَنَارٌ ،فَنَارُهُ جَنَّةٌ وَجَنَّتُهُ نَارٌ ،وَمَعَهُ جَبَلٌ مِنْ خُبْزٍ وَنَهَرٌ مِنْ مَاءٍ، وَإِنَّهُ يُمْطِرُ الْمَطَرَ وَلَا يُنْبِتُ الشَّجَرَ وَإِنَّهُ يُسَلَّطُ عَلٰى نَفْسٍ فَيَقْتُلُهَا وَلَا يُسَلَّطُ عَلٰى غَيْرِهَا وَإِنَّهُ يَمْكُثُ فِي الْأَرْضِ أَرْبَعِينَ صَبَاحًا يَبْلُغُ فِيهَا كُلَّ مَنْهَلٍ وَلَا يَقْرَبُ أَرْبَعَةَ مَسَاجِدَ مَسْجِدَ الْحَرَامِ وَمَسْجِدَ الْمَدِينَةِ وَمَسْجِدَ الطُّورِ وَمَسْجِدَ الْأَقْصَى وَمَا يُشَبَّهُ عَلَيْكُمْ فَإِنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِأَعْوَرَ

(مسند احمد، رقم الحديث ٢٣٦٨٥) [1]

ترجمہ: میں اور ایک انصاری شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے ایک صحابی کی خدمت میں گئے، اور ہم نے عرض کیا کہ دجال کے بارے میں آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جو کچھ سُنا ہے، اس میں سے ہمیں کچھ بتلایئے، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کسی شخص کی بات بیان نہ کیجیے گا، اگرچہ وہ بھی سچ ہی ہو، تو انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیا، اور تین مرتبہ فرمایا کہ میں تمہیں دجال سے ڈراتا ہوں، اور میرے سے پہلے کوئی نبی ایسا نہیں ہوا، جس نے اپنی امت کو دجال سے نہ ڈرایا ہو، اور اے امت! دجّال تم میں ہی آئے گا، بے شک وہ گھنگھریالے بالوں والا، گہرا گندمی رنگ کا ہوگا؟ بائیں آنکھ مٹی ہوئی (ونا کارہ) ہوگی، اُس کے ساتھ جنت اور آگ ہوگی، پس اُس کی آگ (حقیقت میں) جنت ہوگی، اور اُس کی جنت (حقیقت میں)

[1] قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح(حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

آگ ہوگی، اور اُس کے ساتھ روٹیوں کا پہاڑ ہوگا، اور پانی کی نہر ہوگی، وہ بارش برسائے گا، لیکن درخت نہیں اُگائے گا (یہ اس کی مصنوعی بارش کی علامت ہوگی) اور وہ ایک شخص پر مسلط ہوگا، سو اُس کو قتل کردے گا، لیکن اُس کے علاوہ کسی اور پر مسلط نہ ہوسکے گا، اور وہ زمین میں چالیس دن ٹھہرے گا، اور اس کی حکومت ہر گھاٹ تک پہنچ جائے گی، لیکن وہ چار مسجدوں میں داخل نہ ہوسکے گا، مسجدِ حرام، مسجدِ نبوی، مسجدِ طور، اور مسجدِ اقصیٰ، اور (دجال کو دیکھ کر) تم کسی (الوہیت کے) شبہ میں نہ پڑنا، اس لیے کہ تمہارا رب کانا نہیں ہے (مسند احمد)

جابر، محجن وابنِ عمر رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَشْرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى فَلَقٍ مِنْ أَفْلَاقِ الْحَرَّةِ، وَنَحْنُ مَعَهُ، فَقَالَ: نِعْمَتِ الْأَرْضُ الْمَدِيْنَةُ، إِذَا خَرَجَ الدَّجَّالُ عَلٰى كُلِّ نَقْبٍ مِنْ أَنْقَابِهَا مَلَكٌ، لَا يَدْخُلُهَا، فَإِذَا كَانَ كَذٰلِكَ، رَجَفَتِ الْمَدِيْنَةُ بِأَهْلِهَا ثَلَاثَ رَجَفَاتٍ، لَا يَبْقٰى مُنَافِقٌ، وَلَا مُنَافِقَةٌ إِلَّا خَرَجَ إِلَيْهِ، وَأَكْثَرُ يَعْنِي مَنْ يَّخْرُجُ إِلَيْهِ النِّسَاءُ.

وَذٰلِكَ يَوْمُ التَّخْلِيْصِ، وَذٰلِكَ يَوْمَ تَنْفِي الْمَدِيْنَةُ الْخَبَثَ، كَمَا يَنْفِي الْكِيْرُ خَبَثَ الْحَدِيْدِ، يَكُوْنُ مَعَهُ سَبْعُوْنَ أَلْفًا مِنَ الْيَهُوْدِ عَلٰى كُلِّ رَجُلٍ مِنْهُمْ سَاجٌ، وَسَيْفٌ مُحَلًّى، فَتُضْرَبُ رَقَبَتُهُ بِهٰذَا الضَّرْبِ الَّذِي عِنْدَ مُجْتَمَعِ السُّيُوْلِ.

ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا كَانَتْ فِتْنَةٌ، وَلَا تَكُوْنُ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ، أَكْبَرَ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ، وَلَا مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا وَقَدْ

حَذَّرَهُ أُمَّتَهُ، وَلَأُخْبِرَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مَا أَخْبَرَهُ نَبِيٌّ أُمَّتَهُ قَبْلِي، ثُمَّ وَضَعَ يَدَهُ عَلَى عَيْنِهِ، ثُمَّ قَالَ: أَشْهَدُ أَنَّ اللَّهَ لَيْسَ بِأَعْوَرَ (مسند احمد، رقم الحديث ١٤١١٢) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حرہ مقام کے شگافوں میں سے ایک شگاف کے سامنے سے تشریف لائے، اور ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مدینہ منورہ بہت اچھی زمین ہے، جب دجال برآمد ہوگا، تو مدینہ منورہ کے ہر سوراخ (وراستہ) پر فرشتہ مقرر ہوگا، جس کی وجہ سے دجال مدینہ منورہ میں داخل نہ ہو سکے گا، جب ایسا ہوگا (یعنی دجال مدینہ منورہ میں داخل ہونے کی کوشش کرے گا، اور اس سے باہر قریب میں پڑاؤ ڈالے گا) تو مدینہ منورہ میں تین زلزلے آئیں گے، جس کے بعد کوئی منافق مرد اور کوئی منافق عورت دجال کی طرف نکلنے سے باقی نہیں رہے گی، اور دجال کی طرف سب سے زیادہ خروج کرنے والی عورتیں ہوں گی۔

اور یہ خلاصی و چھٹکارا پانے کا دن ہوگا، کیونکہ یہ وہ دن ہوگا، جس دن مدینہ منورہ اپنے میل کچیل کو اس طرح سے دور کردے گا، جس طرح لوہار کی بھٹی، لوہے کے میل کچیل کو دور کر دیتی ہے، دجال کے ساتھ ستر ہزار یہودی ہوں گے، جن میں سے ہر ایک آدمی پر مزین چادر، اور مزین تلوار ہوگی، دجال کا خیمہ (مدینہ منورہ کے قریب) اس جگہ پر لگایا جائے گا، جہاں (نشیب میں) بارش کا پانی اکٹھا ہوتا ہے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دجال سے بڑا فتنہ نہ تو اب تک رونما ہوا ہے، اور نہ قیامت تک اس سے بڑا کوئی فتنہ رونما ہوگا۔

اور ہر نبی نے اپنی امت کو، اس دجال سے ڈرایا ہے، اور میں تمہیں اس کے متعلق

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح بطرقه وشواهده، وهذا إسناد رجاله ثقات رجال الشيخين (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

ایسی بات بتاتا ہوں، جو کسی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے پہلے اپنی امت کو نہیں بتائی۔

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی آنکھ پر ہاتھ رکھ کر (سمجھانے کے لئے) فرمایا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کانا نہیں ہے (جبکہ دجال اپنے متعلق رب ہونے کا دعویٰ کرنے کے باوجود آنکھ سے کانا ہوگا) (مسند احمد)

فائدہ: اللہ کی صفتِ سمیع وبصیر کو سمجھانے کے لئے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کان اور آنکھ کی طرف اشارہ کرنے کا حدیث میں ذکر ہے۔

چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَرَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : "إِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًا بَصِيْرًا" فَوَضَعَ إِصْبَعَةَ الدُّعَاءِ عَلٰى عَيْنَيْهِ وَإِبْهَامَيْهِ عَلٰى أُذُنَيْهِ (المستدرک للحاكم، رقم الحديث ٦٣، كتاب الإيمان) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورہ نساء کی یہ آیت تلاوت فرمائی کہ:

"إِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًا بَصِيْرًا"

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (اللہ کے سمیع وبصیر ہونے کی صفت کو سمجھانے کے لئے) اپنی دعاء والی انگلیوں کو اپنی آنکھوں پر اور اپنے انگوٹھوں کو اپنے کانوں پر رکھا (حاکم)

اس حدیث کو تھوڑے الفاظ کے فرق کے ساتھ ابوداود نے بھی اپنی سنن میں روایت کیا ہے۔ [2]

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح، ولم يخرجاه، وقد احتج مسلم بحرملة بن عمران وأبى يونس، والباقون متفق عليهم، ولهذا الحديث شاهد على شرط مسلم.
وقال الذهبي في التلخيص: على شرط مسلم.

[2] حدثنا علي بن نصر ومحمد بن يونس النسائي –المعنى– قالا: حدثنا عبد الله بن يزيد المقرئ، حدثنا حرملة –يعني ابن عمران– حدثني أبو يونس سليم بن جبير مولى أبى هريرة، قال: سمعت أبا هريرة يقرأ هذه الآية: "إن الله يأمركم أن تؤدوا

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

حضرت محجن بن ادرع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ النَّاسَ فَقَالَ: يَوْمُ الْخَلَاصِ وَمَا يَوْمُ الْخَلَاصِ ،يَوْمُ الْخَلَاصِ وَمَا يَوْمُ الْخَلَاصِ ، يَوْمُ الْخَلَاصِ وَمَا يَوْمُ الْخَلَاصِ ثَلَاثًا ،فَقِيلَ لَهُ وَمَا يَوْمُ الْخَلَاصِ؟ قَالَ يَجِيءُ الدَّجَّالُ فَيَصْعَدُ أُحُدًا فَيَنْظُرُ الْمَدِيْنَةَ فَيَقُوْلُ لِأَصْحَابِهِ أَتَرَوْنَ هٰذَا الْقَصْرَ الْأَبْيَضَ ، هٰذَا مَسْجِدُ أَحْمَدَ ، ثُمَّ يَأْتِي الْمَدِيْنَةَ فَيَجِدُ بِكُلِّ نَقْبٍ مِنْهَا مَلَكًا مُصْلِتًا فَيَأْتِي سَبْخَةَ الْحَرْفِ فَيَضْرِبُ رُوَاقَهُ ،ثُمَّ تَرْجُفُ الْمَدِيْنَةُ ثَلَاثَ رَجَفَاتٍ ،فَلَا يَبْقَىٰ مُنَافِقٌ وَلَا مُنَافِقَةٌ وَلَا فَاسِقٌ وَلَا فَاسِقَةٌ ،إِلَّا خَرَجَ إِلَيْهِ فَذٰلِكَ يَوْمُ الْخَلَاصِ

(مسند احمد،رقم الحديث ١٨٩٨٥)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے فرمایا کہ نجات کا دن! کیا ہی خوب ہوگا نجات کا دن،نجات کا دن! کیا ہی خوب ہوگا نجات کا

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ الأمانات إلى أهلها" إلى قوله تعالى: "سميعا بصيرا" رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم صلى الله عليه وسلم يضع إبهامه على أذنه والتى تليها على عينه، قال أبو هريرة: رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم صلى الله عليه وسلم يقرؤها ويضع إصبعيه.قال ابن يونس: قال المقرء: يعنى: أن الله سميع بصير، يعنى: أن لله سمعا وبصرا (سنن ابى داود،رقم الحديث٤٧٢٨)

قال شعيب الارنؤوط:

إسناده صحيح .وقوّى الحافظ ابن حجر إسناده فى "الفتح.373 /13"
ومن طريق أبى داود أخرجه البيهقى فى "الأسماء والصفات "ص .179
وأخرجه ابن خزيمة فى التوحيد "ص 43 - 42، وابن أبى حاتم كما فى "تفسير "ابن كثير 300 /2، وابن حبان فى "صحيحه "(265)، والطبرانى فى "الأوسط" (9334)، والحاكم فى "المستدرك 24 /1 "من طرق عن عبد الله بن يزيد المقرء، بهذا الإسناد.
وأخرجه موقوفاً الحاكم 236 /2من طريق أبى يحيى بن أبى مسرة، عن عبد الله ابن يزيد المقرء، به.
وهذا الحديث فيه رد على من زعم أنه سميع بصير بمعنى عليم(حاشية سنن ابى داود)

دن، نجات کا دن! کیا ہی خوب ہوگا نجات کا دن، صحابہ رضی اللہ عنہم نے سوال کیا کہ نجات کے دن سے کیا مراد ہے؟ فرمایا، دجّال آ کر اُحد پہاڑ پر چڑھ جائے گا، اور مدینہ کی طرف دیکھ کر اپنے حواریوں سے کہے گا کہ اس سفید محل کو دیکھ رہے ہو؟ یہ احمد (محمد) کی مسجد ہے، پھر مدینہ میں داخل ہونا چاہے گا، تو وہ اس کے ہر سوراخ (وراستہ) پر تلوار سونتے ہوئے فرشتے کو پائے گا، جس کے بعد دجال مجبور ہو کر (مدینہ سے باہر) کھاری زمین پر ہی خیمہ زَن ہوگا، پھر مدینہ میں تین زلزلے آئیں گے، اور ہر منافق مرد وعورت اور ہر فاسق مرد وعورت نکل کر اس کے پاس چلے جائیں گے، یہ (مدینہ منورہ اور اس کے مومن مخلص باشندوں کی) نجات کا دن ہوگا (مسند احمد)

علامہ ہیثمی نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند کے راوی صحیح ہیں۔ [1]

لیکن بعض دوسرے حضرات نے اس کی سند میں انقطاع کا حکم لگایا ہے۔ [2]

تاہم اس حدیث کے اکثر حصہ کی تائید گذشتہ حدیث سے ہوتی ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَنْزِلُ الدَّجَّالُ فِيْ هٰذِهِ السَّبَخَةِ بِمَرِّقَنَاةَ فَيَكُوْنُ أَكْثَرَ مَنْ يَّخْرُجُ إِلَيْهِ النِّسَاءُ، حَتّٰى إِنَّ الرَّجُلَ لَيَرْجِعُ إِلَى حَمِيْمِهٖ وَإِلٰى أُمِّهٖ وَابْنَتِهٖ وَأُخْتِهٖ وَعَمَّتِهٖ، فَيُوْثِقُهَا رِبَاطًا مَخَافَةَ أَنْ تَخْرُجَ إِلَيْهِ، ثُمَّ يُسَلِّطُ اللّٰهُ الْمُسْلِمِيْنَ عَلَيْهِ فَيَقْتُلُوْنَهٗ وَيَقْتُلُوْنَ شِيْعَتَهٗ حَتّٰى إِنَّ الْيَهُوْدِيَّ لَيَخْتَبِءُ تَحْتَ الشَّجَرَةِ أَوِ

---

[1] قال الهيثمي: رواه أحمد ورجاله رجال الصحيح؛ (مجمع الزوائد، رقم الحديث ٥٨٣٠، باب لا يدخل الدجال ولا الطاعون المدينة)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده ضعيف لانقطاعه، عبد الله بن شقيق لم يسمع مِحجن بن الأدرع، بينهما رجاء بن أبي رجاء كما جاء مصرحاً به في الأسانيد التالية، وبقية رجاله ثقات رجال الصحيح (حاشية مسند احمد)

الْـحَجَرِ ،فَيَـقُـوْلُ الْـحَـجَـرُ أَوِ الشَّجَرَةُ لِلْمُسْلِمِ هٰذَا يَهُوْدِيٌّ تَحْتِيْ فَاقْتُلْهُ (مسند احمد، رقم الحديث ۵۳۵۳)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دجال اس (مدینہ منورہ کے قریب) کھاری زمین میں ''مـر قناۃ'' (یعنی پانی جمع ہونے والی نشیبی زمین) کے پاس پڑاؤ ڈالے گا، اس کے پاس سب سے زیادہ جانے والی عورتیں ہوں گی، یہاں تک کہ ایک آدمی اپنی بیوی، اور اپنی ماں، اور اپنی بیٹی، اور اپنی بہن اور اپنی پھوپھی کے پاس آ کر ان کو رسی سے باندھ دے گا، اس ڈر سے کہ کہیں یہ دجال کے پاس نہ چلی جائیں۔

پھر اللہ مسلمانوں کو دجال پر غلبہ عطاء فرمادے گا، اور وہ اس کو قتل کر ڈالیں گے، اور اس کے تمام ہمنواؤں کو بھی قتل کر ڈالیں گے؛ یہاں تک کہ ایک یہودی کسی درخت، یا پتھر کے نیچے چھپنا چاہے گا، تو وہ درخت، یا پتھر مسلمان کو پکار کر کہے گا کہ یہ یہودی میرے نیچے چھپا ہوا ہے، آ کر اس کو قتل کر ڈال (مسند احمد)

مذکورہ حدیث کی سند کو بعض اہلِ علم نے ضعیف کہا ہے۔ [1]

البتہ اس حدیث کے اکثر مضامین کی تائید دوسری احادیث وروایات سے ہوتی ہے۔

عبداللہ بن عمرو، وابنِ عمر رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَـمِـعْـتُ الـنَّبِـيَّ صَـلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: يَخْرُجُ نَاسٌ مِّنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ، يَقْرَؤُوْنَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، كُلَّمَا قُطِعَ قَرْنٌ نَشَأَ

---

[1] قال الهيثمي: رواه أحمد والطبراني في الأوسط، وفيه ابن إسحاق وهو مدلس (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۲۵۳۴، باب ما جاء في الدجال)

وقال شعيب الارنؤوط: إسناده ضعيف، فيه محمد بن إسحاق وهو مدلس، وقد عنعن (حاشية مسند احمد)

قَرْنٌ، حَتّٰى يَكُوْنَ مَعَ بَقِيَّتِهِمُ الدَّجَّالُ (المعجم الكبير للطبرانى، رقم الحديث ۱۴۵۴۰، ج۱۳ص۶۱۸، مسند ابى داؤد الطيالسى، رقم الحديث ۲۴۰۷،مستدرک حاكم،رقم الحديث۸۵۵۸) [1]

ترجمہ: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ مشرق کی طرف سے ایک قوم نکلے گی، یہ لوگ قرآن تو پڑھتے ہوں گے،لیکن وہ ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا، جب بھی ان کی ایک نسل ختم ہوگی،تو دوسری پیدا ہو جائے گی، یہاں تک کہ ان کے آخر میں سے (قیامت کے قریب) دجال نکل آئے گا

(طبرانی،طیالسی،حاکم)

اورحضرت ابنِ عمررضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَنْشَأُ نَشَاءٌ يَقْرَءُوْنَ

---

[1] قال الهيثمى:رواه الطبرانى، وإسناده حسن(مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۰۴۱۷ ،باب ما جاء فى الخوارج)

وقال أحمد بن أبى بكر بن إسماعيل البوصيرى:

رواه أبوداود الطيالسى، ورواته ثقات، وروى أبوداود فى سننه منه "يخرج ناس "... إلى آخره دون بقيته(اتحاف الخيرة المهرة بزوائد المسانيد العشرة، ج۸ص۱۱۸، تحت رقم الحديث ۷۶۲۲، كتاب الفتن،باب فى التلاعن وتحريم دم المسلم)

وقال الالبانى:

وله شاهد من حديث شهر بن حوشب عن عبد الله بن عمرو مرفوعا بلفظ " :يخرج ناس من قبل المشرق يقرء ون القرآن لا يجاوز " ...الحديث .أخرجه الحاكم(۴ / ۴۸۶ـ۴۸۷) والطيالسى فى "مسنده(۲۲۹۳) "وأحمد (۱۹۸/۲ - ۱۹۹ و ۲۰۹) من طريق قتادة عنه .وخالفه أبو جناب يحيى بن أبى حية عن شهر بن حوشب :سمعت عبد الله بن عمر ...فذكره نحوه .أخرجه أحمد(۸۴/۲)فى "مسند عبد الله بن عمر بن الخطاب "

.والصواب رواية قتادة لأن أبا جناب ضعيف لكثرة تدليسه كما فى "التقريب ."

وشهر لا بأس به فى الشواهد، وبعضهم يحسن حديثه، ولعله لذلک سكت عنه الحاكم والذهبى .قوله :(أعراضهم) : جمع عرض بفتح وسكون، بمعنى الجيش العظيم وهو مستعار من العرض بمعنى ناحية الجبل، أو بمعنى السحاب الذى يسد الأفق .قاله السندى(سلسلة الاحاديث الضعيفة، تحت رقم الحديث ۲۴۵۵)

الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، كُلَّمَا خَرَجَ قَرْنٌ قُطِعَ قَالَ ابْنُ عُمَرَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: كُلَّمَا خَرَجَ قَرْنٌ قُطِعَ، أَكْثَرَ مِنْ عِشْرِينَ مَرَّةً، حَتّٰى يَخْرُجَ فِي عِرَاضِهِمُ الدَّجَّالُ (سنن ابنِ ماجه،رقم الحديث ۱۷۴،ابواب السنة،باب فی ذكر الخوارج) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (میری امت میں) کچھ لوگ پیدا ہوں گے، جو قرآن کو پڑھیں گے، لیکن قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا، جب بھی وہ نکلیں گے، تو کاٹ دیئے جائیں گے، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب ان میں سے کوئی جماعت خروج کرے گی، اس کو کاٹ دیا جائے گا، بیس مرتبہ سے زیادہ میں نے یہ بات سنی، یہاں تک کہ ان کی جماعت میں سے (قربِ قیامت میں) دجال کا خروج ہوگا (ابنِ ماجہ)

دجال، دراصل سب سے بڑا دجل وفریب کار ہوگا، اور وہ ہر انسان کو اس کی ذہنیت کے مطابق اپنے دجل وفریب میں مبتلاء کرے گا، اس کا جس انسان پر جس طرح کا داؤ چلے گا، وہ داؤ اس پر چلائے گا، خواہ اپنے مسلمان ہونے کا دعویٰ کر کے، اور احادیث کا انکار کر کے ہو، جیسا کہ خوارج کی حالت ہے، یا نبوت ورسالت کا دعویٰ کر کے ہو، یا الوہیت وربوبیت کا دعویٰ کر کے ہو، کیونکہ تلبیس اور دجل وفریب ان ہی چیزوں کا نام ہے، اس لئے دجالِ اکبر میں دجل وفریب اور تلبیس کاریوں کے سب رنگ جمع ہوں گے۔

---

[1] قال أحمد بن أبی بکر بن إسماعيل الكنانی:
هذا إسناد صحيح احتج البخاری بجميع رواته (مصباح الزجاجة فی زوائد ابن ماجه، ج ۱ ص ۲۶، كتاب افتتاح الكتاب فی الإيمان وفضائل الصحابة والعلم، باب فی ذكر الخوارج)
وقال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية سنن ابنِ ماجه)

عائشہ، ابوہریرہ وزید بن ثابت رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْعُو فِي الصَّلَاةِ: اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا، وَفِتْنَةِ الْمَمَاتِ، اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۸۳۲، کتاب الأذان، باب الدعاء قبل السلام)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں یہ دعاء کیا کرتے تھے کہ اے اللہ بے شک میں پناہ طلب کرتا ہوں آپ کے ذریعہ، عذابِ قبر سے اور میں پناہ طلب کرتا ہوں آپ کے ذریعہ، مسیح دجال کے فتنہ سے، اور میں پناہ طلب کرتا ہوں آپ کے ذریعہ، زندگی کے فتنہ سے اور موت کے فتنہ سے اے اللہ میں پناہ طلب کرتا ہوں آپ کے ذریعہ گناہ سے اور قرض چڑھنے سے (بخاری)

اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو وَيَقُولُ: اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۱۳۷۷، کتاب الجنائز، باب التعوذ من عذاب القبر)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعاء کرتے ہوئے یہ کہا کرتے تھے کہ اے اللہ بے شک میں پناہ طلب کرتا ہوں آپ کے ذریعہ، عذابِ قبر سے اور عذابِ نار سے، اور زندگی کے فتنہ سے اور موت کے فتنہ سے اور مسیح دجال کے فتنہ سے (بخاری)

اور صحیح مسلم میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا تَشَهَّدَ أَحَدُكُمْ فَلْيَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنْ أَرْبَعٍ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ، وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٥٨٨"١٢٨" كتاب المساجد ومواضع الصلاة، باب ما يستعاذ منه في صلاة)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی نماز کا تشہد بیٹھے، تو چار چیزوں سے پناہ طلب کرے، اور یہ دعاء کرے:

"اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ، وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ"

اے اللہ میں آپ کے ذریعہ پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، جہنم کے عذاب سے، اور قبر کے عذاب سے اور زندگی اور موت کے فتنہ سے اور مسیح دجال کے فتنہ کے شر سے (مسلم)

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

إِنَّ هٰذِهِ الْأُمَّةَ تُبْتَلٰى فِيْ قُبُوْرِهَا فَلَوْلَا أَنْ لَّا تَدَافَنُوْا لَدَعَوْتُ اللّٰهَ أَنْ يُّسْمِعَكُمْ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ الَّذِيْ أَسْمَعُ مِنْهُ، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهٖ فَقَالَ تَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ النَّارِ، قَالُوْا "نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ النَّارِ" فَقَالَ تَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، قَالُوْا "نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ" قَالَ تَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنَ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ، قَالُوْا "نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ" قَالَ تَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ، قَالُوْا "نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ" (صحيح مسلم، رقم

الحدیث ۲۸۶۷"۶۷" کتاب الجنة، وصفة نعيمها وأهلها، باب عرض مقعد الميت من الجنة أو النار عليه، وإثبات عذاب القبر، والتعوذ منه)

ترجمہ: بے شک یہ امت اپنی قبروں میں آزمائش سے گزاری جاتی ہے، پس اگر یہ اندیشہ مانع نہ ہوتا کہ تم مُردے دفنانا چھوڑ بیٹھو گے، تو میں اللہ کے حضور دعاء کرتا کہ تمہیں عذابِ قبر میں سے وہ کچھ سنا دے، جو میں سنتا ہوں، پھر آپ نے رُخ ہماری طرف کیا، اور فرمایا کہ اللہ سے پناہ مانگو، آگ کے عذاب سے، حاضرین نے کہا کہ ہم اللہ سے پناہ مانگتے ہیں آگ کے عذاب سے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ سے پناہ مانگو، قبر کے عذاب سے، لوگوں نے کہا کہ ہم اللہ سے پناہ مانگتے ہیں، قبر کے عذاب سے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ سے پناہ مانگو ہر قسم کے کھلے چھپے فتنوں سے، لوگوں نے کہا کہ ہم اللہ سے پناہ مانگتے ہیں، سب کھلے چھپے فتنوں سے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ سے پناہ مانگو، دجال کے فتنہ سے، لوگوں نے کہا کہ ہم اللہ سے پناہ مانگتے ہیں دجال کے فتنہ سے (مسلم)

عمران بن حصین وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ أُمَّتِي يُقَاتِلُوْنَ عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِيْنَ عَلٰى مَنْ نَاوَأَهُمْ، حَتّٰى يُقَاتِلَ آخِرُهُمُ الْمَسِيْحَ الدَّجَّالَ (سنن ابی داود، رقم الحدیث ۲۴۸۴، کتاب الجهاد، باب في دوام الجهاد) [1]

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن ابی داود)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کی ایک جماعت برابر حق پر قتال کرتے ہوئے، اپنے مخالفین ومعاندین پر غالب رہے گی، یہاں تک کہ اس جماعت کے آخری لوگ مسیح دجال سے (ملکِ شام میں) قتال کریں گے (سنن ابی داود)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَمِعَ بِالدَّجَّالِ فَلْيَنْأَ عَنْهُ فَوَاللّٰهِ إِنَّ الرَّجُلَ لَيَأْتِيهِ وَهُوَ يَحْسِبُ أَنَّهُ مُؤْمِنٌ فَيَتْبَعُهُ مِمَّا يُبْعَثُ بِهِ مِنَ الشُّبُهَاتِ أَوْ لِمَا يُبْعَثُ بِهِ مِنَ الشُّبُهَاتِ (سنن ابی داؤد، رقم الحديث ۴۳۱۹، کتاب الملاحم، باب خروج الدجال) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو (مسلمان) دجال کے متعلق سنے (کہ وہ ظاہر ہوگیا) تو یہ اس سے دُور رہے، پس اللہ کی قسم! آدمی، دجال کی طرف آئے گا، اور وہ اپنے آپ کو مؤمن سمجھ رہا ہوگا، پھر وہ دجال کا مطیع وپیروکار ہوجائے گا، اس کی شبہ آمیز کرشمہ سازیوں کی وجہ سے (ابوداود)

اور مسند احمد میں حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَمِعَ بِالدَّجَّالِ فَلْيَنْأَ مِنْهُ، مَنْ سَمِعَ بِالدَّجَالِ، فَلْيَنْأَ مِنْهُ، مَنْ سَمِعَ بِالدَّجَالِ، فَلْيَنْأَ مِنْهُ، فَإِنَّ الرَّجُلَ يَأْتِيهِ وَهُوَ يَحْسِبُ أَنَّهُ مُؤْمِنٌ، فَلَا يَزَالُ بِهِ لِمَا مَعَهُ مِنَ الشُّبَهِ حَتّٰى يَتَّبِعَهُ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۹۸۷۵) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص بھی دجال کے بارے میں سنے،

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح. أبو الدَّهْماء: هو قِرْفة بن بُهَيس العَدَوی، وجرير: هو ابن حازم. وقد جوّد إسناده الحافظ ابن كثير فی "النهاية" (حاشية سنن ابی داود)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

تو اسے چاہیے کہ وہ اس سے دور ہو جائے، جو شخص بھی دجال کے بارے میں سنے، تو اسے چاہیے کہ وہ اس سے دور ہو جائے، جو شخص بھی دجال کے بارے میں سنے، تو اسے چاہیے کہ وہ اس سے دور ہو جائے (تین مرتبہ یہ جملہ فرمایا) کیونکہ آدمی اس (دجال) کے پاس اپنے آپ کو مومن سمجھتے ہوئے آئے گا، لیکن وہ برابر دجال کے ساتھ شبہ میں ڈالنے والی چیزوں میں پڑتا جائے گا، یہاں تک کہ وہ دجال کی پیروی کر بیٹھے گا (مسند احمد)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ إِذَا خَرَجْنَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ أَوْ كَسَبَتْ فِيْ إِيْمَانِهَا خَيْرًا، طُلُوْعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا وَالدَّجَّالُ وَدَابَّةُ الْأَرْضِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٥٨ "٢٤٩" كتاب الإيمان، باب بيان الزمن الذى لا يقبل فيه الإيمان)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (قیامت کی) تین نشانیاں ایسی ہیں کہ ان کے ظاہر ہونے کے بعد کسی ایسے شخص کا ایمان اُس کے کام نہ آئے گا، جو پہلے سے ایمان نہیں رکھتا ہو، یا (ایمان تو پہلے سے رکھتا ہو، لیکن) اُس نے اپنے ایمان میں کوئی نیک عمل نہ کیا ہو (بلکہ بُرے اعمال اور گناہوں میں مبتلا ہو، اور ان نشانیوں کے ظاہر ہونے کے بعد توبہ کر کے نیک اعمال شروع نہ کرے، تو اس کی توبہ قبول نہ ہوگی) (وہ تین نشانیاں یہ ہیں) سورج کا اپنے مغرب سے طلوع ہونا، دجال کا نکلنا اور دابّۃ الارض (یعنی زمینی چوپائے) کا آنا (دابّۃ الارض عجیبُ الخلقت جانور ہے، جو مؤمن وکافر کو ممتاز کرکے کے لیے ان کی پیشانی پر الگ الگ علامات لگائے گا) (صحیح مسلم)

مذکورہ حدیث میں بتلایا گیا ہے کہ قیامت کی بعض نشانیاں سامنے آجانے اور ظاہر ہو جانے کے بعد توبہ کا دروازہ بند ہو جائے گا، جو شخص اس سے پہلے ایمان نہیں لایا، اب ایمان لائے گا

تو قبول نہیں ہوگا، اور جو شخص ایمان تو لا چکا تھا، مگر نیک عمل نہیں کیے تھے، وہ اب توبہ کر کے آئندہ نیک عمل کا ارادہ کرے گا، تو اس کی بھی توبہ قبول نہ ہوگی۔

خلاصہ یہ ہے کہ کافر اپنے کفر سے، یا فاسق اپنے فسق اور گناہوں سے اگر قیامت کی مذکورہ نشانیوں کے ظاہر ہونے کے وقت توبہ کرنا چاہے گا، تو وہ توبہ قبول نہیں ہوگی، اور مذکورہ نشانیوں میں سے جو نشانی بھی پہلے ظاہر ہوجائے گی، اُس کے بعد توبہ کے دروازے بند ہوجائیں گے، اور جو شخص جس طریقے اور حالت میں زندگی گزار رہا تھا، وہ اُسی حالت پر برقرار رہے گا۔

لہٰذا مذکورہ نشانیوں کے ظاہر ہونے سے پہلے اپنے ایمان اور اعمال کی اصلاح کرلینی چاہیے۔

حذیفہ، ابو ہریرہ، ابنِ مسعود و نافع رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

إِنِّيْ قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَرَأَيْتَ هٰذَا الْخَيْرَ الَّذِيْ أَعْطَانَا اللّٰهُ، أَيَكُوْنُ بَعْدَهُ شَرٌّ كَمَا كَانَ قَبْلَهُ؟ قَالَ: نَعَمْ، قُلْتُ: فَمَا الْعِصْمَةُ مِنْ ذٰلِكَ؟ قَالَ: اَلسَّيْفُ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، ثُمَّ مَاذَا يَكُوْنُ؟ قَالَ: إِنْ كَانَ لِلّٰهِ خَلِيْفَةٌ فِي الْأَرْضِ فَضَرَبَ ظَهْرَكَ، وَأَخَذَ مَالَكَ، فَأَطِعْهُ، وَإِلَّا فَمُتْ، وَأَنْتَ عَاضٌّ بِجِذْلِ شَجَرَةٍ، قُلْتُ: ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ: ثُمَّ يَخْرُجُ الدَّجَّالُ مَعَهُ نَهْرٌ وَنَارٌ، فَمَنْ وَقَعَ فِيْ نَارِهِ، وَجَبَ أَجْرُهُ، وَحُطَّ وِزْرُهُ، وَمَنْ وَقَعَ فِيْ نَهْرِهِ، وَجَبَ وِزْرُهُ، وَحُطَّ أَجْرُهُ، قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ: ثُمَّ هِيَ قِيَامُ السَّاعَةِ (سنن ابی داؤد، رقم الحديث ۴۲۴۴، كتاب الفتن، ذكر الفتن ودلائلها) [1]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح دون ذكر السيف، وهذا إسناد حسن من أجل سُبَيع بن خالد (حاشية سنن ابی داود)

ترجمہ: میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! آپ کیا فرماتے ہیں کہ یہ خیر اور بھلائی جو اللہ نے ہمیں عطا فرمائی ہے (یعنی دینِ اسلام) کیا اس کے بعد پھر شر (کا دَور) آئے گا؟ جیسا کہ اس سے پہلے تھا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جی ہاں آئے گا، میں نے عرض کیا کہ پھر اس بگاڑ سے بچنے کا کیا راستہ ہوگا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تلوار (یعنی موجودہ خیر کے متصل بعد جو بگاڑ پیدا ہوگا، مسلمان اس کا ازالہ تلوار سے کر کے پھر خیر و بھلائی کی حالت کو قائم کردیں گے، اس طرح یہ پہلا شر اور بگاڑ عارضی ہوگا، جیسا کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دَورِ خلافت میں برپا ہونے والے فتنۂ ارتداد کا قلع قمع تلوار سے کیا گیا) میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! پھر اس کے بعد کیا ہوگا؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر زمین میں اللہ کا خلیفہ ہو (یعنی اسلامی حکومت قائم ہو، خواہ ظالم و فاسق حاکم ہی مسلط ہو، لیکن امت میں اجتماعی زندگی گزارنے اور کم از کم انفرادی طور پر دین پر قائم رہ سکنے کا سلسلہ موجود ہو) تو پھر خواہ وہ تیری کمر بھی توڑ دے اور تیرا مال بھی چھین لے (یعنی اس حکومت کے مظالم کا تمہیں سامنا کرنا پڑے) تب بھی اس کی اطاعت کرنا (یعنی صبرو برداشت کرلینا) ورنہ (یعنی اگر ان سختیوں پر صبر نہیں کر سکتے، تو بجائے مقابلہ میں آ کر فتنہ بڑھانے کے یہ بہتر ہے کہ) تمہیں کسی درخت کے ساتھ چمٹے ہونے کی حالت میں موت آ جائے؛ میں نے عرض کیا کہ پھر اس کے بعد کیا ہوگا؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر دجال ظاہر ہوگا، اس کے ساتھ (اپنی پیروی کرنے والوں کے لیے) پانی کی نہر اور (اپنی مخالفت کرنے والوں کے لیے) آگ کی خندق ہوگی؛ پس جو اس کی آگ میں پڑے گا (بوجہ ایمان پر قائم رہنے اور اس کی اطاعت نہ کرنے کے) اس کے لیے اجر و ثواب واجب ہوجائے گا،

اوراس کے سارے گناہ معاف ہوجائیں گےاور جواس کی نہر میں داخل ہوگا،اس کے لیے وبال ثابت ہوجائے گا،اوراس کااجر ضائع ہوجائے گا،میں نے عرض کیا کہ پھر کیا ہوگا؟تو آپ نے فرمایا کہ اس کے بعد قیامت ہوگی (ابوداود)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَنْزِلَ الرُّوْمُ بِالْأَعْمَاقِ ،أَوْ بِدَابِقٍ فَيَخْرُجُ إِلَيْهِمْ جَيْشٌ مِنَ الْمَدِيْنَةِ مِنْ خِيَارِ أَهْلِ الْأَرْضِ يَوْمَئِذٍ، فَإِذَا تَصَافُّوْا ،قَالَتِ الرُّوْمُ: خَلُّوْا بَيْنَنَا وَبَيْنَ الَّذِيْنَ سَبَوْا مِنَّا ،نُقَاتِلْهُمْ ،فَيَقُوْلُ الْمُسْلِمُوْنَ لَا وَاللّٰهِ لَا نُخَلِّيْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ إِخْوَانِنَا، فَيُقَاتِلُوْنَهُمْ، فَيَنْهَزِمُ ثُلُثٌ لَا يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ أَبَدًا ،وَيُقْتَلُ ثُلُثُهُمْ ،أَفْضَلُ الشُّهَدَاءِ عِنْدَ اللّٰهِ وَيَفْتَتِحُ الثُّلُثُ لَا يُفْتَنُوْنَ أَبَدًا ،فَيَفْتَتِحُوْنَ قُسْطَنْطِيْنِيَّةَ ،فَبَيْنَمَا هُمْ يَقْتَسِمُوْنَ الْغَنَائِمَ قَدْ عَلَّقُوْا سُيُوْفَهُمْ بِالزَّيْتُوْنِ ،إِذْ صَاحَ فِيْهِمُ الشَّيْطَانُ، إِنَّ الْمَسِيْحَ قَدْ خَلَفَكُمْ فِيْ أَهْلِيْكُمْ فَيَخْرُجُوْنَ وَذٰلِكَ بَاطِلٌ ،فَإِذَا جَاءُوا الشَّأْمَ خَرَجَ ،فَبَيْنَمَا هُمْ يُعِدُّوْنَ لِلْقِتَالِ يُسَوُّوْنَ الصُّفُوْفَ ،إِذْ أُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ فَيَنْزِلُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَمَّهُمْ، فَإِذَا رَآهُ عَدُوُّ اللّٰهِ ذَابَ كَمَا يَذُوْبُ الْمِلْحُ فِي الْمَاءِ، فَلَوْ تَرَكَهُ لَانْذَابَ حَتّٰى يَهْلِكَ، وَلٰكِنْ يَقْتُلُهُ اللّٰهُ بِيَدِهٖ فَيُرِيْهِمْ دَمَهٗ فِيْ حَرْبَتِهٖ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٨٩٧ "٣٤" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب في فتح قسطنطينية، وخروج الدجال، ونزول عيسى ابن مريم)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک کہ اہلِ روم ''اعماق یا دابق'' کے مقام پر نہ پہنچ جائیں گے، ان کی طرف مدینہ سے ایک لشکر پیش قدمی کرے گا، جو اس زمانہ کے بہترین لوگوں میں

سے ہوگا، جب دونوں لشکر آمنے سامنے صف بستہ ہوں گے، تو رومی کہیں گے کہ (تم میں سے) جن لوگوں نے ہمارے آدمی قید کیے ہیں، اُنہیں اور ہمیں تنہا چھوڑ دو، ہم اُن سے جنگ کریں گے، مسلمان کہیں گے کہ نہیں اللہ کی قسم! ہم ہرگز اپنے بھائیوں کو تمہارے حوالہ نہیں کریں گے، اس پر وہ ان سے جنگ کریں گے، اب ایک تہائی مسلمان تو بھاگ کھڑے ہوں گے، جن کی توبہ اللہ کبھی قبول نہ فرمائے گا (یعنی ان کو سچی توبہ کی توفیق ہی نہ ہوگی) اور ایک تہائی مسلمان قتل ہوجائیں گے، جو اللہ کے نزدیک افضل الشہداء (یعنی بہترین شہید) ہوں گے، اور باقی ایک تہائی مسلمان فتح حاصل کرلیں گے (جس کے نتیجہ میں) یہ آئندہ ہر قسم کے فتنے سے محفوظ و مامون ہوجائیں گے، اس کے بعد جلد ہی یہ لوگ قسطنطنیہ فتح کرلیں گے، اور اپنی تلواریں زیتون کے درخت پر لٹکا کر ابھی یہ لوگ مالِ غنیمت تقسیم ہی کررہے ہوں گے کہ شیطان ان میں چیخ کر یہ آواز لگائے گا کہ مسیح (دجال) تمہارے پیچھے تمہارے گھر والوں (بستیوں) میں گھس گیا ہے۔

یہ سنتے ہی یہ لشکر (دجال کے مقابلہ کے لیے قسطنطنیہ سے) روانہ ہوجائے گا، اور یہ خبر (اگرچہ) غلط ہوگی، لیکن جب یہ لوگ شام پہنچیں گے، تو (اس لمحہ) دجال واقعی نکل آئے گا، مسلمان جنگ کی تیاری اور صفیں درست کرنے میں مشغول ہوں گے کہ اس دوران (جبکہ فجر کی) نماز کھڑی ہورہی ہوگی، عیسیٰ ابنِ مریم علیہ السلام نازل ہوجائیں گے، اور (مسلمانوں کے امیر کو) ان کی امامت (کا حکم) فرمائیں گے، پھر جب اللہ کا دشمن (دجال) عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھتے ہی اس طرح گھلنے لگے گا، جیسے پانی میں نمک گھلتا ہے، چنانچہ اگر وہ اُسے چھوڑ بھی دیتے، تب بھی وہ گھل گھل کر ہلاک ہوجاتا، لیکن اللہ اس (دجال) کو انہی کے ہاتھ سے قتل کرے گا، اور وہ لوگوں کو اس (دجال) کا

خون دکھلائیں گے، جوان کے حربہ میں لگ گیا ہوگا (مسلم)

حضرت یسیر بن جابر سے روایت ہے کہ:

هَاجَتْ رِيحٌ حَمْرَاءُ بِالْكُوفَةِ ،فَجَاءَ رَجُلٌ لَيْسَ لَهُ هِجِّيرَى إِلَّا يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ جَاءَتِ السَّاعَةُ،قَالَ: فَقَعَدَ وَكَانَ مُتَّكِئًا ،فَقَالَ: إِنَّ السَّاعَةَ لَا تَقُومُ حَتّٰى لَا يُقْسَمَ مِيرَاثٌ ،وَلَا يُفْرَحَ بِغَنِيمَةٍ،ثُمَّ قَالَ بِيَدِهِ هٰكَذَا،وَنَحَّاهَا نَحْوَ الشَّأْمِ،فَقَالَ عَدُوٌّ يَجْمَعُونَ لِأَهْلِ الْإِسْلَامِ وَيَجْمَعُ لَهُمْ أَهْلُ الْإِسْلَامِ،قُلْتُ اَلرُّومَ تَعْنِي ،قَالَ نَعَمْ! وَتَكُونُ عِنْدَ ذَاكُمُ الْقِتَالِ رَدَّةٌ شَدِيدَةٌ ،فَيَشْتَرِطُ الْمُسْلِمُونَ شُرْطَةً لِلْمَوْتِ، لَا تَرْجِعُ إِلَّا غَالِبَةً فَيَقْتَتِلُونَ، حَتّٰى يَحْجُزَ بَيْنَهُمُ اللَّيْلُ فَيَفِيءُ هٰؤُلَاءِ وَهٰؤُلَاءِ ،كُلٌّ غَيْرُ غَالِبٍ وَتَفْنَى الشُّرْطَةُ، ثُمَّ يَشْتَرِطُ الْمُسْلِمُونَ شُرْطَةً لِلْمَوْتِ ،لَا تَرْجِعُ إِلَّا غَالِبَةً فَيَقْتَتِلُونَ حَتّٰى يَحْجُزَ بَيْنَهُمُ اللَّيْلُ فَيَفِيءُ هٰؤُلَاءِ وَهٰؤُلَاءِ ،كُلٌّ غَيْرُ غَالِبٍ ،وَتَفْنَى الشُّرْطَةُ ،ثُمَّ يَشْتَرِطُ الْمُسْلِمُونَ شُرْطَةً لِلْمَوْتِ لَا تَرْجِعُ إِلَّا غَالِبَةً فَيَقْتَتِلُونَ، حَتّٰى يُمْسُوا فَيَفِيءُ هٰؤُلَاءِ وَهٰؤُلَاءِ ،كُلٌّ غَيْرُ غَالِبٍ، وَتَفْنَى الشُّرْطَةُ، فَإِذَا كَانَ يَوْمُ الرَّابِعِ نَهَدَ إِلَيْهِمْ بَقِيَّةُ أَهْلِ الْإِسْلَامِ ،فَيَجْعَلُ اللّٰهُ الدَّبْرَةَ عَلَيْهِمْ فَيَقْتُلُونَ مَقْتَلَةً ،إِمَّا قَالَ لَا يُرٰى مِثْلُهَا، وَإِمَّا قَالَ لَمْ يُرَ مِثْلُهَا،حَتّٰى إِنَّ الطَّائِرَ لَيَمُرُّ بِجَنَبَاتِهِمْ ،فَمَا يُخَلِّفُهُمْ حَتّٰى يَخِرَّ مَيْتًا ،فَيَتَعَادُّ بَنُو الْأَبِ كَانُوا مِائَةً ،فَلَا يَجِدُونَهُ بَقِيَ مِنْهُمْ إِلَّا الرَّجُلُ الْوَاحِدُ ،فَبِأَيِّ غَنِيمَةٍ يُفْرَحُ ،أَوْ أَيُّ مِيرَاثٍ يُقَاسَمُ ،فَبَيْنَمَا هُمْ كَذٰلِكَ ،إِذْ سَمِعُوا بِبَأْسٍ هُوَ أَكْبَرُ مِنْ ذٰلِكَ، فَجَاءَهُمُ الصَّرِيخُ، إِنَّ الدَّجَّالَ قَدْ خَلَفَهُمْ فِي ذَرَارِيِّهِمْ فَيَرْفُضُونَ مَا فِي أَيْدِيهِمْ وَيُقْبِلُونَ فَيَبْعَثُونَ عَشَرَةَ فَوَارِسَ طَلِيعَةً،قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي لَأَعْرِفُ أَسْمَاءَهُمْ

وَأَسْـمَـاءَ آبَـائِهِـمْ، وَأَلْوَانَ خُيُولِهِـمْ ،هُـمْ خَيْـرُ فَوَارِسَ عَلٰى ظَهْرِ الْأَرْضِ يَـوْمَئِذٍ ،أَوْ مِنْ خَيْرِ فَوَارِسَ عَلٰى ظَهْرِ الْأَرْضِ يَوْمَئِذٍ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٨٩٩ ''٣٧''، كتاب الفتن واشراط الساعة، باب إقبال الروم فى كثرة القتل عند خروج الدجال)

ترجمہ: کوفہ میں ایک بار سُرخ آندھی آئی، ایک آدمی آیا، جو حواس باختگی کے عالَم میں یوں پکار رہا تھا کہ اے عبداللہ بن مسعود! قیامت آ گئی (بار بار کہہ رہا تھا) راوی کہتے ہیں کہ (یہ سُن کر) ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ اُٹھ بیٹھے (پہلے سہارا لگا کر بیٹھے تھے) پس فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی کہ میراث تقسیم نہیں کی جائے گی، اور مالِ غنیمت ہاتھ آنے پر خوشی نہ ہوگی (یہ حضرت مہدی کے زمانے کے ملاحم میں مسلمانوں کی کثرتِ شہادت کے وقت ہوگا، کہ ان شہادتوں کی وجہ سے کفار پر فتح اور غنائم ملنے کی خوشی بڑی سوگوار ہوگی) پھر آپ نے ہاتھ سے شام کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ یہاں دشمن کا اہلِ اسلام کے خلاف جمگھٹا ہوگا، اور اہلِ اسلام بھی اُن کے مقابلے کے لیے جمع ہو جائیں گے (راوی کہتے ہیں کہ) میں نے عرض کیا کہ دشمن سے مراد اہلِ روم (یورپیین اقوام) ہیں؟ فرمایا کہ ہاں! اور تمہارے اس قتال کے وقت سخت گھمسان کے رَن پڑیں گے، پس مسلمان اپنا ایک جتھا (گروہ) فتح، یا شہادت کے قول وقرار پر دشمن کے مقابلے میں بھیجے گا، پس وہ دشمن سے قتال کریں گے، یہاں تک کہ اُن کے درمیان رات حائل ہو جائے گی، پھر غلبہ حاصل ہوئے بغیر دونوں لشکر اپنے پڑاؤ کی طرف لوٹیں گے، اور (لڑتے لڑتے) یہ سارا جتھا ختم ہو جائے گا، پھر مسلمان دوسرا جتھا اس مذکورہ فتح، یا موت کے قول وقرار کے مطابق بھیجیں گے، اور مذکورہ تفصیل کے مطابق یہ جتھا بھی ختم ہو جائے گا، پھر تیسری جماعت کو اسی مذکورہ قول

وقرار کے مطابق بھیجیں گے، اور وہ بھی ختم ہو جائے گی، پھر چوتھے دن باقی ماندہ اہلِ اسلام دشمن سے بھڑ جائیں گے، پھر اللہ کافروں کو شکست دے دے گا، پس یہ (اہلِ اسلام، اہلِ کفر کی پوری جنگ، جس کی تفصیل پیچھے گزری) بڑی ہی خون ریز جنگ لڑی جائے گی (آگے راوی کو شک ہے کہ ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ نے کیا جملہ کہا) یا تو یہ کہا کہ اس جیسی جنگ پھر کبھی (آئندہ) نہیں ہوگی، اور یا یہ فرمایا کہ اس جیسی جنگ اس سے پہلے کبھی نہ ہوئی ہوگی، یہاں تک کہ پرندے ان اطراف سے گزریں گے تو معرکہ بپا ہونے کے اس پورے کارزار اور علاقے کو پار نہ کر سکیں گے، تھک ہار کر مَر گریں گے (یا گِر کر مَریں گے) پس ایک ایک برادری اور خاندان (ایک دادا کی اولاد) جس کے سو آدمی جنگ میں شریک تھے، جنگ کے بعد گنتی ہوگی، تو سَو میں سے صرف فی خاندان ایک آدمی بچا ہوگا، تو پھر کیا غنیمت اور کیا خوشی، اور کیسی میراث اور کیسی تقسیم؟ پھر اسی دوران مسلمان ایک اور ہولناک جنگ کی آواز سنیں گے، جس کی ہولناکی اس پہلی جنگ کے علاوہ ہوگی، پس مسلمان یہ چیخ اور پکار سُنیں گے کہ بے شک دجال ان کے بچیوں، بچوں اور گھر بار میں ان کے پیچھے ظاہر ہو چکا ہے، تو مسلمانوں کے ہاتھ میں جو کچھ (غنائم وغیرہ) ہوگا، سب چھوڑ چھاڑ کر اِدھر رُخ کرلیں گے، پھر اپنے دَس سوار اس خبر کی تحقیق اور حالات کا جائزہ لینے کے لیے روانہ کریں گے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں ان دَس آدمیوں کے نام اور ان کے باپ دادوں کے نام اور ان کے گھوڑوں کی رنگت تک جانتا ہوں، یہ اس وقت روئے زمین کے بہترین (مقرّب) شہسواروں میں سے ہوں گے (صحیح مسلم)

اور صحیح ابنِ حبان میں حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے اسی طرح کی حدیث کے آخر میں یہ بھی ہے کہ:

ثُمَّ يَسْتَفْتِحُونَ الْقُسْطَنْطِينِيَّةَ، فَبَيْنَمَا هُمْ يَقْسِمُونَ الدَّنَانِيرَ بَالتُّرْسَةِ، إِذَا أَتَاهُمْ فَزَعٌ أَكْبَرُ مِنْ ذٰلِكَ: إِنَّ الدَّجَّالَ قَدْ خَرَجَ فِي ذَرَارِيكُمْ، فَيَرْفُضُونَ مَا فِي أَيْدِيهِمْ وَيُقْبِلُونَ، وَيَبْعَثُونَ طَلِيعَةَ فَوَارِسَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُمْ يَوْمَئِذٍ خَيْرُ فَوَارِسِ الْأَرْضِ، إِنِّي لَأَعْلَمُ أَسْمَاءَ هُمْ وَأَسْمَاءَ آبَائِهِمْ وَقَبَائِلِهِمْ وَأَلْوَانَ خُيُولِهِمْ (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٦٧٨٦، تابع كتاب التاريخ، باب إخباره صلى الله عليه وسلم عما يكون فى أمته من الفتن والحوادث) [1]

ترجمہ: پھر وہ قسطنطنیہ کو فتح کریں گے، پھر اسی دوران کہ وہ دنانیر کو ڈھال پر تقسیم کر رہے ہوں گے، تو اچانک ان کے پاس اس سے بڑی گھبرا دینے والی خبر پہنچے گی کہ تمہاری نسلوں میں دجال برآمد ہو چکا ہے، تو وہ لوگ اپنے ہاتھوں سے وہ مال پھینک دیں گے، اور چل پڑیں گے، اور گھڑ سواروں کو بھیجیں گے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ اس وقت زمین کے سب سے بہتر گھڑ سوار ہوں گے، بے شک میں ان کے ناموں اور ان کے آباء کے ناموں، اور ان کے قبیلوں کو اور ان کے گھوڑوں کے رنگوں تک کو جانتا ہوں (صحیح ابنِ حبان)

جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ، حضرت نافع بن عتبہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ:

كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةٍ، قَالَ: فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْمٌ مِنْ قِبَلِ الْمَغْرِبِ، عَلَيْهِمْ ثِيَابُ الصُّوفِ، فَوَافَقُوهُ عِنْدَ أَكَمَةٍ، فَإِنَّهُمْ لَقِيَامٌ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدٌ، قَالَ: فَقَالَتْ لِي نَفْسِي ائْتِهِمْ، فَقُمْ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَهُ لَا يَغْتَالُونَهُ،

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبى قتادة: وهو العدوى، قيل اسمه تميم بن نذير، وقيل: ابن زبير، وقيل: اسمه نذير بن قنفذ، فمن رجال مسلم (حاشية صحيح ابنِ حبان)

www.idaraghufran.org

قَالَ :ثُمَّ قُلْتُ لَعَلَّهُ نَجِيٌّ مَعَهُمْ ،فَأَتَيْتُهُمْ فَقُمْتُ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَهُ: قَالَ فَحَفِظْتُ مِنْهُ أَرْبَعَ كَلِمَاتٍ أَعُدُّهُنَّ فِيْ يَدِيْ ،قَالَ: تَغْزُوْنَ جَزِيْرَةَ الْعَرَبِ فَيَفْتَحُهَا اللّٰهُ ،ثُمَّ فَارِسَ فَيَفْتَحُهَا اللّٰهُ، ثُمَّ تَغْزُوْنَ الرُّوْمَ ، فَيَفْتَحُهَا اللّٰهُ، ثُمَّ تَغْزُوْنَ الدَّجَّالَ فَيَفْتَحُهُ اللّٰهُ.

قَالَ :فَقَالَ نَافِعٌ يَا جَابِرُ لَا نَرَى الدَّجَّالَ يَخْرُجُ حَتّٰى تُفْتَحَ الرُّوْمُ

(صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٠٠ "٣٨" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب ما يكون من فتوحات المسلمين قبل الدجال)

ترجمہ: ہم ایک غزوہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے، آپ کے پاس مغرب کی طرف سے لوگوں کی ایک جماعت اونی کپڑوں میں ملبوس آئی، ان کی ملاقات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک جھاڑی کے پاس ہوئی، جب کہ وہ کھڑے ہوئے تھے، اور آپ تشریف فرماتے تھے، میں نے دل میں سوچا کہ چل، ان کے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان جا کر کھڑا ہو جاؤں، کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ آپ کے ساتھ کوئی دھوکہ کر دیں۔

پھر میں نے سوچا کہ ممکن ہے کہ آپ ان کے ساتھ آہستہ آواز سے باتیں کر رہے ہوں، بہر حال میں چلتا ہوا ان کے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان آ کر کھڑا ہو گیا، میں نے آپ کی زبان سے نکلنے والے چار کلمات محفوظ کر لیے، جن کو میں اپنے ہاتھ پر شمار کر رہا تھا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم جزیرۂ عرب میں جہاد کرو گے، اللہ اس کو فتح کروادے گا۔

پھر فارس والوں سے جہاد کرو گے، اللہ اسے بھی فتح کروادے گا، پھر روم سے جہاد کرو گے، اور اللہ اسے بھی فتح کروادے گا گے، پھر دجال سے جہاد کرو گے،

اور اللہ اس پر بھی فتح یابی نصیب فرمائے گا۔

راوی کہتے ہیں کہ حضرت نافع بن عتبہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اے جابر بن سمرہ! اس لیے ہم سمجھتے ہیں کہ دجال کا خروج اس وقت تک نہیں ہوگا، جب تک روم فتح نہ ہو جائے (صحیح مسلم)

مذکورہ حدیث میں بیان کردہ چار فتوحات کے بعد اسلام کے عروج کا پھر ایک دور قائم ہوگا، اس لحاظ سے اسلام کے عروج کا ایک مرحلہ ابھی باقی ہے، آج امت زوال وانحطاط کے انتہاء کو پہنچ چکی ہے، لیکن ان حالات کی ایک حد ہے، اس زوال کے بعد ابھی پھر عروج کا دَور آئے گا۔

اور اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ دجال کے خروج سے پہلے سب سے آخر میں مسلمان، روم کو فتح کریں گے۔

بعض روایات میں روم کے بجائے قسطنطنیہ کے فتح کرنے کا ذکر ہے۔

پہلے زمانہ میں روم کا دائرہ وسیع تھا، اور قسطنطنیہ شہر بھی اس کا حصہ تھا، بعد میں قسطنطنیہ کو مسلمانوں نے فتح کرلیا، اور اس کا نام تبدیل کردیا گیا، اب یہ شہر ترکی میں استنبول کے نام سے معروف ہے۔

ممکن ہے کہ قسطنطنیہ کی فتح سے مراد، روم ہی ہو، اور ممکن ہے کہ اس زمانہ میں اہلِ روم قسطنطنیہ پر دوبارہ قابض ہو جائیں، یا پھر اس زمانہ کے اہلِ قسطنطنیہ اس دور کے صحیح اور سچے مسلمانوں کے مقابلہ میں آجائیں، کیونکہ آج کل مسلمان حکمران، جن جن علاقوں پر قابض ہیں، وہ اپنے ملک پر دوسرے علاقہ کے مسلمانوں کی حکومت کے قیام پر راضی نہیں۔

جس کی تائید بعض احادیث سے ہوتی ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُقَاتِلُوْا

التُّرْکَ، صِغَارَ الْأَعْيُنِ، حُمْرَ الْوُجُوْهِ، ذُلْفَ الْأُنُوْفِ، كَأَنَّ وُجُوْهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ، وَلَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُقَاتِلُوْا قَوْمًا نِعَالُهُمُ الشَّعَرُ (صحیح البخاری،رقم الحدیث ۲۹۲۸، کتاب الجھاد والسیر، باب قتال الترک)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی، جب تک تم ترکوں سے جنگ نہ کرلو، جن کی آنکھیں چھوٹی ہوں گی، رنگ سرخ ہوگا، ناک چپٹی ہوگی، اور چہرے ایسے چوڑے ہوں گے، گویا کہ وہ چوڑی ڈھالیں ہیں، اور قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک کہ تم ایسے لوگوں سے جنگ نہ کرلو، جو بالوں کی جوتیاں پہنے ہوں گے (بخاری)

اس سے ملتی جلتی حدیث عمرو بن تغلب کی سند سے بھی مروی ہے۔ [1]

جابر بن عبداللہ وحذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَخْرُجُ الدَّجَّالُ فِيْ خَفْقَةٍ مِنَ الدِّيْنِ وَإِدْبَارٍ مِنَ الْعِلْمِ، فَلَهُ أَرْبَعُوْنَ لَيْلَةً يَسِيْحُهَا فِي الْأَرْضِ ،اَلْيَوْمُ مِنْهَا كَالسَّنَةِ ،وَالْيَوْمُ مِنْهَا كَالشَّهْرِ ،وَالْيَوْمُ مِنْهَا كَالْجُمُعَةِ ،ثُمَّ سَائِرُ أَيَّامِهٖ كَأَيَّامِكُمْ هٰذِهٖ ،وَلَهٗ حِمَارٌ يَرْكَبُهٗ عَرْضُ مَا بَيْنَ أُذُنَيْهِ أَرْبَعُوْنَ ذِرَاعًا ،فَيَقُوْلُ لِلنَّاسِ :أَنَا رَبُّكُمْ وَهُوَ أَعْوَرُ، وَإِنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِأَعْوَرَ،

---

[1] حدثنا أبو النعمان: حدثنا جرير بن حازم قال: سمعت الحسن يقول: حدثنا عمرو بن تغلب قال: قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم: إن من أشراط الساعة أن تقاتلوا قوما ينتعلون نعال الشعر وإن من أشراط الساعة أن تقاتلوا قوما عراض الوجوه كأن وجوههم المجان المطرقة(صحیح البخاری،رقم الحدیث ۲۹۲۷، کتاب الجھاد والسیر، باب قتال الترک)

www.idaraghufran.org

مَكْتُوبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَافِرٌ ك ف ر مُهَجَّاةٌ، يَقْرَؤُهُ كُلُّ مُؤْمِنٍ كَاتِبٌ وَغَيْرُ كَاتِبٍ، يَرِدُ كُلَّ مَاءٍ وَمَنْهَلٍ إِلَّا الْمَدِينَةَ، وَمَكَّةَ حَرَّمَهُمَا اللّٰهُ عَلَيْهِ، وَقَامَتِ الْمَلَائِكَةُ بِأَبْوَابِهَا، وَمَعَهُ جِبَالٌ مِنْ خُبْزٍ ،وَالنَّاسُ فِي جَهْدٍ إِلَّا مَنْ تَبِعَهُ ،وَمَعَهُ نَهْرَانِ ،أَنَا أَعْلَمُ بِهِمَا، مِنْهُ نَهْرٌ ،يَقُولُ :اَلْجَنَّةُ، وَنَهْرٌ يَقُولُ :اَلنَّارُ، فَمَنْ أُدْخِلَ الَّذِي يُسَمِّيهِ الْجَنَّةَ ،فَهُوَ النَّارُ، وَمَنْ أُدْخِلَ الَّذِي يُسَمِّيهِ النَّارَ ،فَهُوَ الْجَنَّةُ، قَالَ :وَيَبْعَثُ اللّٰهُ مَعَهُ شَيَاطِينَ تُكَلِّمُ النَّاسَ وَمَعَهُ فِتْنَةٌ عَظِيمَةٌ ،يَأْمُرُ السَّمَاءَ فَتُمْطِرُ فِيمَا يَرَى النَّاسُ ، وَيَقْتُلُ نَفْسًا ثُمَّ يُحْيِيهَا فِيمَا يَرَى النَّاسُ ،لَا يُسَلَّطُ عَلٰى غَيْرِهَا مِنَ النَّاسِ ،وَيَقُولُ أَيُّهَا النَّاسُ هَلْ يَفْعَلُ مِثْلَ هٰذَا إِلَّا الرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ، قَالَ: فَيَفِرُّ الْمُسْلِمُونَ إِلٰى جَبَلِ الدُّخَانِ بِالشَّامِ ، فَيَأْتِيهِمْ فَيُحَاصِرُهُمْ فَيَشْتَدُّ حِصَارُهُمْ، وَيُجْهِدُهُمْ جَهْدًا شَدِيدًا ،ثُمَّ يَنْزِلُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ ،فَيُنَادِي مِنَ السَّحَرِ ،فَيَقُولُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ مَا يَمْنَعُكُمْ أَنْ تَخْرُجُوا إِلَى الْكَذَّابِ الْخَبِيثِ ،فَيَقُولُونَ :هٰذَا رَجُلٌ جِنِّيٌّ ،فَيَنْطَلِقُونَ فَإِذَا هُمْ بِعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتُقَامُ الصَّلَاةُ ،فَيُقَالُ لَهُ تَقَدَّمْ يَا رُوحَ اللّٰهِ، فَيَقُولُ لِيَتَقَدَّمْ إِمَامُكُمْ، فَلْيُصَلِّ بِكُمْ ،فَإِذَا صَلّٰى صَلَاةَ الصُّبْحِ ،خَرَجُوا إِلَيْهِ ،قَالَ: فَحِينَ يَرَى الْكَذَّابُ يَنْمَاثُ كَمَا يَنْمَاثُ الْمِلْحُ فِي الْمَاءِ ،فَيَمْشِي إِلَيْهِ، فَيَقْتُلُهُ ،حَتّٰى إِنَّ الشَّجَرَةَ وَالْحَجَرَ يُنَادِي يَا رُوحَ اللّٰهِ هٰذَا يَهُودِيٌّ فَلَا يَتْرُكُ مِمَّنْ كَانَ يَتْبَعُهُ أَحَدًا إِلَّا قَتَلَهُ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۴۹۵۴) [1]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:إسناده على شرط مسلم، وأبو الزبير لم يصرح بسماعه من جابر(حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دجال ایسے زمانہ میں نکلے گا، جب کہ دین میں اضمحلال آچکا ہوگا اور (دین کا) علم رخصت ہورہا ہوگا، اس (دجال کے خروج کے بعد دنیا میں رہنے) کی مدت چالیس دن ہوگی، اس مدت میں وہ زمین میں گھومتا رہے گا، ان چالیس دنوں میں سے ایک دن، ایک سال کے برابر، اور ایک دن ایک ماہ کے برابر اور ایک دن ایک جمعہ (یعنی ایک ہفتہ) کے برابر ہوگا، پھر اس کے باقی ایام تمہارے ان عام دنوں کے برابر ہوں گے۔

اس (دجال) کا ایک گدھا ہوگا، جس پر وہ سوار ہوگا، اس گدھے کے دو کانوں کے درمیان چالیس ہاتھ کا فاصلہ ہوگا، دجال لوگوں سے کہے گا کہ میں تمہارا رب ہوں، حالانکہ وہ کانا ہوگا اور (ظاہر ہے کہ) تمہارا رب کانا نہیں (لہٰذا تمہارے لیے یہ فیصلہ کر لینا کہ وہ تمہارا رب نہیں، نہایت آسان ہوگا) اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان (پیشانی پر) ک۔ف۔ر (کافر) علیٰحدہ علیٰحدہ لکھا ہوگا، جسے ہر مؤمن پڑھ سکے گا خواہ وہ لکھنا جانتا ہو، یا نہ جانتا ہو۔

وہ (دجال) ہر چشمے اور گھاٹ پر اترے گا (یعنی ہر چھوٹی بڑی آبادی اس کی زَد میں ہوگی) سوائے مدینہ اور مکہ کے کہ اللہ نے ان دونوں شہروں کو اس پر حرام کردیا ہے، اور ان کے دروازوں (راستوں) پر فرشتے کھڑے (پہرہ دے رہے) ہوں گے (تاکہ دجال داخل نہ ہوسکے)

اس (دجال) کے ساتھ روٹی کے پہاڑ (کے برابر ذخیرے) ہوں گے، او رسوائے ان لوگوں کے جو اس کی پیروی کریں گے، سب لوگ سخت تنگی (فقروفاقہ اور ہر طرح کی بے بسی) میں ہوں گے، اس کے ساتھ دو نہریں ہوں گی، جن کو میں اس سے زیادہ جانتا ہوں، ایک نہر کو وہ جنت کہے گا اور دوسری نہر کو آگ کہے گا، پس جو شخص اس نہر میں داخل کیا جائے گا، جس کا نام دجال نے جنت رکھا

ہوگا، تو وہ (درحقیقت) آگ ہوگی، اور جو شخص اس نہر میں داخل کیا جائے گا، جس کا نام دجال نے آگ رکھا ہوگا، تو وہ (درحقیقت) جنت ہوگی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (مزید) فرمایا کہ اور اللہ اس کے ساتھ شیاطین بھیجے گا جو لوگوں سے باتیں کریں گے اور اس کے ساتھ ایک فتنۂ عظیم یہ ہوگا کہ وہ بادلوں کو حکم دے گا، تو وہ لوگوں کو بارش برساتے ہوئے نظر آئیں گے اور وہ ایک شخص کو قتل کرے گا، پھر لوگوں کو نظر آئے گا کہ وہ اُسے زندہ کر رہا ہے، دجال کو اس شخص کے علاوہ کسی اور (کے مارنے اور زندہ کرنے) پر قدرت نہیں دی جائے گی، اور وہ کہے گا کہ ''اے لوگو! کیا اس جیسا کارنامہ ربّ عزّ وجلّ کے سوا کوئی اور کرسکتا ہے (یعنی میرا یہ کارنامہ میرے رب ہونے کی دلیل ہے)

پس مسلمان شام کے ''جبل دخان'' کی طرف بھاگ جائیں گے، اور دجال وہاں آ کر ان کا محاصرہ کرلے گا، یہ محاصرہ بہت سخت ہوگا اور ان اہلِ ایمان کو جھنجھوڑ کر رکھ دے گا۔

پھر فجر کے وقت عیسیٰ ابنِ مریم نازل ہوں گے، تو وہ سحری کے وقت اعلان کریں گے، اور مسلمانوں سے کہیں گے ''اس خبیث کذاب کی طرف نکلنے سے تمہارے لئے کیا چیز رُکاوٹ ہے؟ مسلمان کہیں گے کہ یہ شخص جنّ ہے (لہٰذا اس کا مقابلہ مشکل ہے) غرض مسلمان روانہ ہوں گے، تو عیسیٰ ابنِ مریم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ساتھ ہوں گے، پس نماز کی اقامت ہوگی، تو عیسیٰ علیہ السلام سے کہا جائے گا ''یا روح اللہ آگے بڑھئے (اور نماز پڑھائیے) وہ فرمائیں گے کہ تمہارے امام کو آگے بڑھ کر نماز پڑھانی چاہئے، غرض نماز فجر اداء کرکے یہ سب لوگ دجال کی طرف نکل کھڑے ہوں گے، پس کذاب (دجال) عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھتے ہی یوں گھلنے لگے گا، جیسے پانی میں نمک گھلتا ہے، پھر عیسیٰ علیہ السلام اس کی طرف بڑھیں گے

اور اُسے قتل کر ڈالیں گے، یہاں تک کہ درخت اور پتھر بھی پکاریں گے کہ یا روح اللہ! (دجال کا پیروکار) یہودی یہ ہے، چنانچہ عیسیٰ علیہ السلام جو بھی دجال کا پیرو کار ہوگا، اسے قتل کر کے چھوڑیں گے (صحیح مسلم)

حضرت ابو طفیل سے روایت ہے کہ:

كُنْتُ بِالْكُوفَةِ ، فَقِيلَ:خَرَجَ الدَّجَّالُ ، قَالَ:فَأَتَيْنَا عَلٰى حُذَيْفَةَ بْنِ أُسَيْدٍ ، وَهُوَ يُحَدِّثُ ، فَقُلْتُ:هٰذَا الدَّجَّالُ قَدْ خَرَجَ ، فَقَالَ:اِجْلِسْ ، فَجَلَسْتُ ، فَأَتٰى عَلَيَّ الْعَرِّيفُ،فَقَالَ:هٰذَا الدَّجَّالُ قَدْ خَرَجَ،وَأَهْلُ الْكُوفَةِ يُطَاعِنُونَهُ،قَالَ:اِجْلِسْ،فَجَلَسْتُ،فَنُودِيَ إِنَّهَا كَذِبَةٌ صَبَّاغٌ ، قَالَ:فَقُلْنَا:يَا أَبَا سَرِيحَةَ،مَا أَجْلَسْتَنَا إِلَّا لِأَمْرٍ،فَحَدِّثْنَا،قَالَ:إِنَّ الدَّجَّالَ لَوْ خَرَجَ فِيْ زَمَانِكُمْ ، لَرَمَتْهُ الصِّبْيَانُ بِالْخَذْفِ ، وَلٰكِنَّ الدَّجَّالَ يَخْرُجُ فِيْ بُغْضٍ مِنَ النَّاسِ،وَخِفَّةٍ مِنَ الدِّيْنِ،وَسُوْءِ ذَاتِ بَيْنٍ،فَيَرِدُ كُلَّ مَنْهَلٍ،فَتُطْوَى لَهُ الْأَرْضُ طَيَّ فَرْوَةِ الْكَبْشِ،حَتّٰى يَأْتِيَ الْمَدِيْنَةَ ، فَيَغْلِبُ عَلٰى خَارِجِهَا،وَيَمْنَعُ دَاخِلَهَا،ثُمَّ جَبَلَ إِيْلِيَاءَ، فَيُحَاصِرُ عِصَابَةً مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ،فَيَقُوْلُ لَهُمُ الَّذِيْنَ عَلَيْهِمْ:مَا تَنْتَظِرُوْنَ بِهٰذَا الطَّاغِيَةِ أَنْ تُقَاتِلُوْهُ حَتّٰى تَلْحَقُوْا بِاللّٰهِ،أَوْ يُفْتَحَ لَكُمْ، فَيَأْتَمِرُوْنَ أَنْ يُقَاتِلُوْهُ إِذَا أَصْبَحُوْا،فَيُصْبِحُوْنَ وَمَعَهُمْ عِيْسَى بْنُ مَرْيَمَ،فَيَقْتُلُ الدَّجَّالَ،وَيَهْزِمُ أَصْحَابَهُ،حَتّٰى إِنَّ الشَّجَرَ وَالْحَجَرَ وَالْمَدَرَ،يَقُوْلُ:يَا مُؤْمِنُ ،هٰذَا يَهُوْدِيٌّ عِنْدِيْ،فَاقْتُلْهُ (المستدرک للحاکم، رقم الحديث ٨٦١٢، کتاب الفتن والملاحم) [1]

---

[1] قال الحاكم:هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص:على شرط البخاري ومسلم

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

ترجمہ: میں کوفہ میں تھا، تو یہ افواہ پھیلی کہ دجال نکل آیا، ہم حضرت حذیفہ بن اسید رضی اللہ عنہ کے پاس آئے، اور وہ اس وقت حدیث روایت کررہے تھے (یا بات چیت کررہے تھے) میں نے کہا کہ ''یہ دجال تو نکل آیا ہے'' آپ نے فرمایا، بیٹھ جاؤ، میں بیٹھ گیا، پھر میری طرف ایک سردار آیا، تو حضرت حذیفہ نے فرمایا کہ یہ دجال ہے جو نکلا ہے، اور کوفہ کے لوگ اس کو لعن طعن کررہے تھے، حضرت حذیفہ نے فرمایا کہ بیٹھ جاؤ، میں بیٹھ گیا؛ اتنے میں اعلان ہوا کہ یہ ایک کذاب کا جھوٹ ہے، ہم نے عرض کیا کہ اے ابوسریحہ (حضرت حذیفہ کی کنیت) آپ نے ہمیں جو بٹھایا ہے، تو ہم سے حدیث بیان کیجیے!

پس حضرت حذیفہ نے فرمایا کہ دجال اگر تمہارے زمانہ میں نکلتا، تو بچے اسے کنکریاں مارتے، وہ تو ایسے زمانہ میں نکلے گا، جب اچھے لوگ کم رہ جائیں گے، دین میں کمزوری آجائے گی، اور آپس کی عداوتیں پھیلی ہوئی ہوں گی، پس وہ ہر گھاٹ پر اُترے گا، اور (مسافتیں اتنی تیز رفتاری سے طے کرے گا کہ گویا) اس کے لیے زمین لپیٹ دی جائے گی، جیسا کہ آناً فاناً مینڈھے کی کھال لپیٹ دی جاتی ہے، یہاں تک کہ وہ مدینہ (کے آس پاس) آئے گا، بیرونِ مدینہ پر اُس کا غلبہ ہوجائے گا، اور اندرونِ مدینہ سے اُسے روک دیا جائے گا، پھر وہ ایلیا (بیت المقدس) کے پہاڑ تک آئے گا، اور مسلمانوں کی ایک جماعت کا محاصرہ کرلے گا، مسلمانوں کا امیر اُن سے کہے گا کہ اس سرکش سے جنگ کرنے میں تم کس کا انتظار کررہے ہو (اس کا مقابلہ کرو) یہاں تک کہ تم اللہ سے جاملو، یا فتح یاب

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

وقال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشّثرى:قلت :هذا موقوف على حذيفة بن أسيد، وله حكم الرفع كما تقدم لأنه لا يقال با لرأى.

فالخلاصة أن حديث الباب بهذه الشواهد صحيح لغيره، والله أعلم(حاشية المطالب العالية، ج١٨،ص ٤٣٨، رقم الترجمة ٤٥٢٠، كتاب الفتن،ذكر ابن صياد والتردد فى كونه الدجال)

ہو جاؤ، پس مسلمان طے کرلیں گے کہ صبح ہوتے ہی اُس سے جنگ کریں گے، اب مسلمان اس حال میں صبح کریں گے کہ عیسیٰ ابنِ مریم ان کے ساتھ ہوں گے، پس عیسیٰ علیہ السلام دجال کو قتل کریں گے، اور اس کے (یہود وغیر یہود) ساتھیوں کو شکست دے دیں گے، یہاں تک کہ درخت، پتھر اور ڈھیلے کہیں گے کہ ”اے ایمان والے! یہ میرے پاس یہودی ہے، اسے قتل کردے (حاکم)

سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت سمرۃ بن جندب رضی اللہ عنہ نے اپنے ایک خطبہ میں ایک لمبی حدیث بیان کرتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ حدیث بیان کی:

وَاللّٰہِ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی یَخْرُجَ ثَلَاثُوْنَ کَذَّابًا آخِرُهُمُ الْأَعْوَرُ الدَّجَّالُ: مَمْسُوْحُ الْعَیْنِ الْیُسْرٰی ، کَأَنَّهَا عَیْنُ أَبِیْ یَحْیٰی لِشَیْخٍ مِنَ الْأَنْصَارِ ، وَإِنَّهٗ مَتٰی خَرَجَ ، فَإِنَّهٗ یَزْعُمُ أَنَّهُ اللّٰهُ ، فَمَنْ آمَنَ بِهٖ وَصَدَّقَهٗ وَاتَّبَعَهٗ فَلَیْسَ یَنْفَعُهٗ صَالِحٌ مِنْ عَمَلٍ سَلَفَ،وَمَنْ کَفَرَ بِهٖ وَکَذَّبَهٗ فَلَیْسَ یُعَاقَبُ بِشَیْءٍ مِنْ عَمَلِهٖ سَلَفَ ، وَإِنَّهٗ سَیَظْهَرُ عَلَی الْأَرْضِ کُلِّهَا إِلَّا الْحَرَمَ ، وَبَیْتَ الْمَقْدِسِ،وَإِنَّهٗ یَحْصُرُ الْمُؤْمِنِیْنَ فِیْ بَیْتِ الْمَقْدِسِ فَیَتَزَلْزَلُوْنَ زِلْزَالًا شَدِیْدًا،فَیُصْبِحُ فِیْهِمْ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ فَیَهْزِمُهُ اللّٰهُ وَجُنُوْدَهٗ حَتّٰی إِنَّ أَجْذَمَ الْحَائِطِ،وَأَصْلَ الشَّجَرِ لَیُنَادِیْ بِالْمُؤْمِنِ هٰذَا کَافِرٌ یَسْتَتِرُ بِیْ فَتَعَالَ اُقْتُلْهُ،قَالَ:فَلَنْ یَّکُوْنَ ذٰلِکَ حَتّٰی تَرَوْنَ أُمُوْرًا یَتَفَاقَمُ شَأْنُهَا فِیْ أَنْفُسِکُمْ تَسَاءَ لُوْنَ بَیْنَکُمْ: هَلْ کَانَ نَبِیُّکُمْ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ذَکَرَ لَکُمْ مِنْهَا ذِکْرًا،وَحَتّٰی تَزُوْلَ جِبَالٌ عَنْ مَرَاسِیْهَا ، ثُمَّ عَلٰی أَثَرِ ذٰلِکَ الْقَبْضُ (المستدرک

www.idaraghufran.org

للحاکم، رقم الحدیث ۱۲۳۰، کتاب الکسوف، موارد الظمآن الی زوائد ابن حبان، رقم الحدیث ۵۹۷) [1]

ترجمہ: اللہ کی قسم! قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک تیس کذاب برآمد نہ ہوجائیں، جن میں سے سب سے آخر میں کذّاب کانا دجّال ہوگا، جس کی بائیں آنکھ ممسوح (ونا کارہ) ہوگی، ابو یحییٰ (ایک انصاری عمر رسیدہ شخص) کی آنکھ کی طرح ہوگی، اور جب وہ نکلے گا تو الٰہ ہونے کا دعویٰ کرے گا، پس جو شخص اس پر ایمان لے آئے گا اور اس کی تصدیق اور پیروی کرے گا، اُس کو پچھلا کوئی نیک عمل نفع نہ دے گا (مرتد ہونے کی وجہ سے اس کے سارے نیک اعمال باطل اور بے کار ہوجائیں گے) اور جو (مسلمان) شخص اس کی نافرمانی اور تکذیب کرے گا، اس کو پچھلے کسی (بُرے) عمل کی سزا نہیں دی جائے گی (یعنی اس کے سب گناہ معاف کر دیئے جائیں گے) دجّال حَرَم (یعنی مکہ و مدینہ) اور بیت المقدس کے علاوہ ساری زمین پر تسلُّط حاصل کرلے گا اور مؤمنین کو بیت المقدس میں محصور کر دے گا، جو سخت پریشانی میں مبتلا ہوں گے (یہ آزمائش بھرے حالات انہیں جھنجھوڑ کر رکھ دیں گے) پس ان میں صبح کے وقت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام تشریف لے آئیں گے، پس اللہ دجال اور اس کے لشکروں کو شکست دے دے گا (ایسی عبرتناک شکست کہ انہیں سر چھپانے کی جگہ بھی اس روئے زمین پر نہ ملے

---

[1] قال الحاکم: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين، ولم يخرجاه.

وقال حسين سليم أسد الدّاراني:

إسناده جيد، ثعلبة بن عِبَاد ترجمه البخاري في الكبير 2/ 174 ولم يورد فيه جرحاً ولا تعديلاً، وتبعه على ذلك ابن أبي حاتم في "الجرح والتعديل 2/ 463." وذكره ابن المديني في المجاهيل، وقال ابن حزم" :مجهول"، وتبعه ابن القطان .وقال الذهبي في المغني في الضعفاء " :تابعي لا يدرى من هو."ووثقه ابن حبان، وصحح حديثه الترمذي، وابن خزيمة، والحاكم، والذهبي أيضاً، وصحح حديثه أيضاً ابن حجر في الإِصابة (حاشية موارد الظمآن)

www.idaraghufran.org

گی) یہاں تک کہ دیوار کی بنیاد اور درخت کی جڑ بھی آواز دے گی کہ ''اے مومن میری آڑ میں یہ کافر چھپا ہوا ہے، آکر اسے قتل کردے''

اور وہ واقعہ (یعنی خروجِ دجال کا اس وقت تک) پیش نہیں آئے گا، جب تک کہ تم ایسے محیر العقول واقعات یکے بعد دیگرے رونما ہوتے نہ دیکھ لو، جو تمہاری نظر میں حد درجہ غیر معمولی اور خلافِ عادت ہوں گے، کہ ان کے متعلق تم ایک دوسرے سے پوچھا کرو گے کہ کیا تمہارے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) نے اس واقعہ کے بارے میں کچھ فرمایا تھا؟ (کیونکہ ان خلافِ عادت واقعات کی عقل کی راہ سے اور دنیا کے جاری نظام اور طبعیاتی ونیچرل قوانین کی روشنی میں کوئی توجیہ نہ ہوسکے گی) نیز (قیامت اس وقت تک نہیں آئے گی) جب تک کہ پہاڑ اپنے مرکزوں سے نہ ہٹ جائیں پھر اس کے بعد (خواہ طویل عرصہ بعد ہو) قبضِ (ارواح) ہوگا (یعنی قیامت آجائے گی، یا مؤمنین کی روح ایک ایک کرکے قبض ہوجائے گی، خالص کافر دنیا میں رہ جائیں گے) (حاکم)

نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ کی تفصیلی حدیث

حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

ذَكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدَّجَّالَ ذَاتَ غَدَاةٍ، فَخَفَّضَ فِيْهِ وَرَفَّعَ، حَتّٰى ظَنَنَّاهُ فِيْ طَائِفَةِ النَّخْلِ،فَلَمَّا رُحْنَا إِلَيْهِ عَرَفَ ذٰلِكَ فِيْنَا،فَقَالَ:مَا شَأْنُكُمْ؟قُلْنَا:يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ذَكَرْتَ الدَّجَّالَ غَدَاةً، فَخَفَّضْتَ فِيْهِ وَرَفَّعْتَ، حَتّٰى ظَنَنَّاهُ فِيْ طَائِفَةِ النَّخْلِ،فَقَالَ:غَيْرُ الدَّجَّالِ أَخْوَفُنِيْ عَلَيْكُمْ، إِنْ يَّخْرُجْ وَأَنَا فِيْكُمْ، فَأَنَا حَجِيْجُهٗ دُوْنَكُمْ، وَإِنْ يَّخْرُجْ وَلَسْتُ فِيْكُمْ، فَامْرُؤٌ حَجِيْجُ نَفْسِهٖ ،وَاللّٰهُ خَلِيْفَتِيْ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ، إِنَّهٗ شَابٌّ قَطَطٌ،عَيْنُهٗ طَافِئَةٌ،كَأَنِّيْ أُشَبِّهُهٗ بِعَبْدِ الْعُزّٰى بْنِ

قَطَنٍ، فَمَنْ أَدْرَكَهُ مِنْكُمْ، فَلْيَقْرَأْ عَلَيْهِ فَوَاتِحَ سُورَةِ الْكَهْفِ، إِنَّهُ خَارِجٌ خَلَّةً بَيْنَ الشَّأْمِ وَالْعِرَاقِ، فَعَاثَ يَمِينًا وَعَاثَ شِمَالًا، يَا عِبَادَ اللّٰهِ فَاثْبُتُوا.

قُلْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَمَا لَبْثُهُ فِي الْأَرْضِ ؟قَالَ: أَرْبَعُونَ يَوْمًا ،يَوْمٌ كَسَنَةٍ، وَيَوْمٌ كَشَهْرٍ ،وَيَوْمٌ كَجُمُعَةٍ ،وَسَائِرُ أَيَّامِهِ كَأَيَّامِكُمْ، قُلْنَا :يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَذٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِي كَسَنَةٍ ،أَتَكْفِينَا فِيهِ صَلَاةُ يَوْمٍ ؟قَالَ لَا اُقْدُرُوا لَهُ قَدْرَهُ، قُلْنَا :يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَمَا إِسْرَاعُهُ فِي الْأَرْضِ؟ قَالَ: كَالْغَيْثِ اِسْتَدْبَرَتْهُ الرِّيحُ فَيَأْتِي عَلَى الْقَوْمِ فَيَدْعُوهُمْ ،فَيُؤْمِنُونَ بِهِ، وَيَسْتَجِيبُونَ لَهُ ،فَيَأْمُرُ السَّمَاءَ فَتُمْطِرُ ،وَالْأَرْضَ فَتُنْبِتُ، فَتَرُوحُ عَلَيْهِمْ سَارِحَتُهُمْ أَطْوَلَ مَا كَانَتْ ذُرًا ،وَأَسْبَغَهُ ضُرُوعًا وَأَمَدَّهُ خَوَاصِرَ، ثُمَّ يَأْتِي الْقَوْمَ فَيَدْعُوهُمْ فَيَرُدُّونَ عَلَيْهِ قَوْلَهُ فَيَنْصَرِفُ عَنْهُمْ فَيُصْبِحُونَ مُمْحِلِينَ لَيْسَ بِأَيْدِيهِمْ شَيْءٌ مِنْ أَمْوَالِهِمْ، وَيَمُرُّ بِالْخَرِبَةِ ،فَيَقُولُ لَهَا أَخْرِجِي كُنُوزَكِ فَتَتْبَعُهُ كُنُوزُهَا كَيَعَاسِيبِ النَّحْلِ.

ثُمَّ يَدْعُو رَجُلًا مُمْتَلِئًا شَبَابًا فَيَضْرِبُهُ بِالسَّيْفِ فَيَقْطَعُهُ جَزْلَتَيْنِ رَمْيَةَ الْغَرَضِ ،ثُمَّ يَدْعُوهُ فَيُقْبِلُ وَيَتَهَلَّلُ وَجْهُهُ يَضْحَكُ ،فَبَيْنَمَا هُوَ كَذٰلِكَ إِذْ بَعَثَ اللّٰهُ الْمَسِيحَ ابْنَ مَرْيَمَ فَيَنْزِلُ عِنْدَ الْمَنَارَةِ الْبَيْضَاءِ شَرْقِيَّ دِمَشْقَ بَيْنَ مَهْرُودَتَيْنِ، وَاضِعًا كَفَّيْهِ عَلٰى أَجْنِحَةِ مَلَكَيْنِ ،إِذَا طَأْطَأَ رَأْسَهُ قَطَرَ ،وَإِذَا رَفَعَهُ تَحَدَّرَ مِنْهُ جُمَانٌ ،كَاللُّؤْلُؤِ ،فَلَا يَحِلُّ لِكَافِرٍ يَجِدُ رِيحَ نَفَسِهِ إِلَّا مَاتَ، وَنَفَسُهُ يَنْتَهِي حَيْثُ يَنْتَهِي طَرْفُهُ، فَيَطْلُبُهُ حَتّٰى يُدْرِكَهُ بِبَابِ لُدٍّ ،فَيَقْتُلُهُ ثُمَّ يَأْتِي عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ قَوْمٌ قَدْ عَصَمَهُمُ اللّٰهُ مِنْهُ ،فَيَمْسَحُ عَنْ وُجُوهِهِمْ ،وَيُحَدِّثُهُمْ بِدَرَجَاتِهِمْ

فِی الْجَنَّةِ ،فَبَیْنَمَا هُوَ كَذٰلِكَ ،إِذْ أَوْحَى اللّٰهُ إِلٰى عِيْسٰى إِنِّىْ قَدْ أَخْرَجْتُ عِبَادًا لِىْ لَا يَدَانِ لِأَحَدٍ بِقِتَالِهِمْ ،فَحَرِّزْ عِبَادِىْ إِلَى الطُّوْرِ وَيَبْعَثُ اللّٰهُ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ (صحيح مسلم،رقم الحديث ٢٩٣٧ "١١٠"

كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب ذكر الدجال وصفته وما معه)

ترجمہ: ایک دن صبح کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کا ذکر کیا،تو آپ نے کبھی اس فتنہ کی تحقیر کی،اور کبھی اس فتنہ کو بڑا کر کے بیان فرمایا(یا کبھی اپنی آواز کو پست کیا،اور کبھی بلند کیا) یہاں تک کہ ہم نے گمان کیا کہ وہ کھجوروں کے ایک جھنڈ میں ہے،پس جب ہم شام کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے،تو آپ نے ہمارے خوف کو پہچان لیا،اور فرمایا کہ تمہارا کیا حال ہے؟ ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول آپ نے صبح دجال کا ذکر کیا،اور اس میں آپ نے کبھی تحقیر کی،اور کبھی اس فتنہ کو بڑا کر کے بیان کیا(یا کبھی آواز کو پست،اور کبھی بلند کیا) یہاں تک کہ ہم نے گمان کیا کہ وہ کھجوروں کے ایک جھنڈ میں ہے تو آپ نے فرمایا کہ میں تمہارے بارے میں دجال کے علاوہ دوسرے فتنوں کا زیادہ خوف کرتا ہوں،اگر دجال میری موجودگی میں ظاہر ہوگیا،تو تمہارے بجائے میں اس کا مقابلہ کروں گا،اور اگر میری غیر موجودگی میں ظاہر ہوا،تو ہر شخص خود اس سے مقابلہ کرنے والا ہوگا،اور اللہ ہر مسلمان پر میرا نگہبان ہوگا،بے شک دجال نوجوان،گھنگریالے بالوں والا،اور پھولی ہوئی آنکھ والا ہوگا،گویا کہ میں اسے عبدالعزیٰ بن قطن نامی شخص کے ساتھ تشبیہ دیتا ہوں،پس تم میں سے جو کوئی اسے پائے،تو اسے چاہیئے کہ اس پر سورہ کہف کی ابتدائی آیات کی تلاوت کرے،بے شک اس کا خروج شام اور عراق کے درمیان سے ہوگا،پھر وہ اپنے دائیں اور بائیں جانب فساد برپا کرے،گا اے اللہ کے بندو ثابت قدم رہنا۔

ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! زمین میں وہ (دجال) کتنا عرصہ رہے گا؟ اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ چالیس دن رہے گا، جن میں سے ایک دن ایک سال کے برابر ہوگا، اور ایک دن ایک مہینہ کے برابر، اور ایک دن ایک ہفتہ کے برابر ہوگا، اور اُس کے باقی دن تمہارے عام دِنوں کی طرح ہوں گے، ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! جو دن پورے سال کے برابر ہوگا، کیا اس میں ہمیں ایک دن کی نمازیں کافی ہوں گی؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں، بلکہ تم نمازوں کے لیے وقت کا اندازہ کر لینا۔

ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! دجال کی تیز رفتاری کیسی ہوگی؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کی رفتار اس بارش کی طرح ہوگی، جس کو پیچھے سے ہوا ہانک رہی ہو، چنانچہ (وہ اسی رفتار سے) ایک قوم کے پاس آ کر انہیں دعوت دے گا، وہ لوگ اس کی بات مان کر اس پر ایمان لے آئیں گے، پھر وہ (دجال) آسمان کو بارش برسانے کا حکم دے گا، تو وہ بارش برسائے گا، اور زمین کو حکم دے گا، تو وہ اپنی پیداوار اُگائے گی، اور ان کے جانور شام کے وقت اس حال میں واپس آیا کریں گے کہ ان کے کوہان خوب اونچے، تھن خوب لبریز اور کوکھیں خوب بھری ہوئی ہوں گی۔

پھر (دجال) ایک جماعت کے پاس جا کر انہیں دعوت دے گا، وہ اس کی دعوت رَد کر دیں گے، اور دجال اُن سے واپس چلا جائے گا، اور وہ لوگ قحط سالی کا شکار ہو جائیں گے، اور ان کے ہاتھ میں ان کا کوئی مال باقی نہ رہے گا، پھر وہ ایک ویرانے پر گزرے گا، اور اس سے کہے گا کہ ’’اپنے خزانے نکال‘‘ چنانچہ زمین کے خزانے اس کے پیچھے اس طرح چلیں گے، جیسے شہد کی مکھیاں، اپنی ملکہ مکھی کے پیچھے چلتی ہیں۔

پھر دجال ایک اُبھرتی جوانی والے نوجوان کو بلائے گا، اور اسے تلوار مار کر دو ٹکڑوں میں تقسیم کردے گا، اور ان ٹکڑوں کے درمیان میں اتنا فاصلہ ہوجائے گا، جتنا تیر مارنے والے اور اس کے نشانے کے درمیان ہوتا ہے، پھر اس کو آواز دے گا، تو وہ زندہ ہوکر ہشاش بشاش چہرے کے ساتھ ہنستا ہوا، اس کے سامنے آجائے گا، اسی دوران اللہ حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کو بھیج دے گا، اور وہ ہلکے زرد رنگ کے دو کپڑوں کو زیب تن کئے ہوئے دمشق کے مشرقی جانب سفید مینارے پر نزول فرمائیں گے، دونوں ہاتھ دو فرشتوں کے پروں پر رکھے ہوں گے، جب سر جھکائیں گے، تو اس سے پانی کے قطرے ٹپکیں گے، اور جب سر اٹھائیں گے تو اس سے چاندی کے دانوں اور موتیوں کی طرح قطرے ڈھلیں گے، پس جس کافر کو آپ کی سانس کی ہوا پہنچے گی، وہ مرجائے گا، اور آپ کا سانس تاحدِ نگاہ پہنچے گا، پھر آپ دجال کو تلاش کریں گے، تا آنکہ اسے ''لُــــدّ'' نامی دروازے پر جاملیں گے، اور اس کو قتل کردیں گے۔

پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس لوگوں کی وہ جماعت آئے گی، جن کو اللہ نے دجال کے فتنے سے محفوظ فرمایا ہوگا، آپ ان کے چہروں کو صاف کریں گے اور جنت میں ان کے درجات گنوائیں گے، انہی حالات میں اللہ، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی بھیجے گا کہ میں نے اپنے ایسے بندوں کو نکالا ہے، جن سے لڑنے کی کسی میں طاقت نہیں، اس لئے آپ میرے بندوں کو طور پہاڑ پر جمع کرلیں، پھر اللہ، یاجوج ماجوج کو بھیجے گا (صحیح مسلم)

معلوم ہوا کہ دجال کے زمانے میں ایسے مسلمان، عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ہوں گے، جو دجال کے ساتھ جنگ کرنے والے ہوں گے، اور انہیں اللہ تعالیٰ نے دجال کے فتنے سے بچایا ہوگا۔

اور ایک حدیث میں ہے کہ دجال کے قتل کے بعد "لوگ اپنے اپنے شہروں اور وطنوں" کو واپس ہو جائیں گے۔

ابوسعید خدری وسلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيْثًا طَوِيْلًا عَنِ الدَّجَّالِ، فَكَانَ فِيْمَا حَدَّثَنَا بِهٖ ،أَنْ قَالَ يَأْتِي الدَّجَّالُ وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْهِ أَنْ يَّدْخُلَ نِقَابَ الْمَدِيْنَةِ بَعْضَ السِّبَاخِ الَّتِيْ بِالْمَدِيْنَةِ ،فَيَخْرُجُ إِلَيْهِ يَوْمَئِذٍ رَجُلٌ هُوَ خَيْرُ النَّاسِ ،أَوْ مِنْ خَيْرِ النَّاسِ، فَيَقُوْلُ أَشْهَدُ أَنَّكَ الدَّجَّالُ الَّذِيْ حَدَّثَنَا عَنْكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيْثَهُ ،فَيَقُوْلُ الدَّجَّالُ أَرَأَيْتَ إِنْ قَتَلْتُ هٰذَا ثُمَّ أَحْيَيْتُهُ هَلْ تَشُكُّوْنَ فِي الْأَمْرِ؟ فَيَقُوْلُوْنَ لَا فَيَقْتُلُهُ ثُمَّ يُحْيِيْهِ، فَيَقُوْلُ حِيْنَ يُحْيِيْهِ ،وَاللّٰهِ مَا كُنْتُ قَطُّ أَشَدَّ بَصِيْرَةً مِنِّي الْيَوْمَ ،فَيَقُوْلُ الدَّجَّالُ أَقْتُلُهُ فَلَا أُسَلَّطُ عَلَيْهِ (صحيح البخارى،رقم الحديث ١٨٨٢، كتاب الحج، فضائل المدينة، باب: لا يدخل الدجال المدينة)

ترجمہ: ہم سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کے متعلق طویل حدیث بیان کی، اس کے بارے میں جو کچھ ہمیں بیان کیا، اس میں یہ بات بھی تھی کہ دجال آئے گا، اور اس پر مدینہ کے اندر داخل ہونا حرام کر دیا گیا ہے، اور وہ مدینہ کی (ملحقہ) کسی کھاری زمین پر آئے گا، پھر اس وقت اس کے پاس ایک آدمی آئے گا، جو لوگوں میں (ایمان کے اعتبار سے) سب سے بہتر آدمی ہوگا، پھر وہ آدمی کہے گا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ تو ہی دجال ہے، جس کے متعلق رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے حدیث بیان کی تھی، دجال (وہاں پر موجود لوگوں سے) کہے گا کہ اگر میں اس آدمی کو قتل کر کے پھر وہ زندہ کر دوں، تو پھر تمہیں میرے معاملہ میں شک تو نہیں رہے گا، لوگ کہیں گے نہیں، چنانچہ وہ اس آدمی کو قتل کردے گا اور پھر وہ اس آدمی کو زندہ کردے گا، جب وہ اس آدمی کو زندہ کرے گا، تو وہ آدمی کہے گا کہ اللہ کی قسم! آج سے پہلے مجھے اس دجال کے متعلق زیادہ یقین نہیں تھا، جتنا اب اس کے دجال ہونے پر یقین ہوگیا ہے کہ یہ دجال ہی ہے، پھر دجال کہے گا میں اسے دوبارہ قتل کرتا ہوں، لیکن اب دجال اس آدمی کے قتل کرنے پر قدرت نہیں پا سکے گا (بخاری)

یہ اسی ایمان کی مضبوطی کی وجہ سے ہوگا، جیسا کہ دوسری احادیث میں فرمایا گیا کہ مومن کامل کا یہ کچھ نہیں بگاڑ سکے گا، پہلی مرتبہ اس بندہ کی آزمائش ہوگی، اور دوسری مرتبہ دجال کا دجل وفریب دوسروں کے سامنے بھی کھل جائے گا، اور اس بندہ کی آزمائش میں کامیابی کی وجہ سے اس کا ایمان مزید مضبوط ہوجائے گا۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَخْرُجُ الدَّجَّالُ فَيَتَوَجَّهُ قِبَلَهُ رَجُلٌ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ، فَتَلْقَاهُ الْمَسَالِحُ، مَسَالِحُ الدَّجَّالِ، فَيَقُوْلُوْنَ لَهُ: أَيْنَ تَعْمِدُ؟ فَيَقُوْلُ: أَعْمِدُ إِلٰى هٰذَا الَّذِىْ خَرَجَ، قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ لَهُ: أَوَ مَا تُؤْمِنُ بِرَبِّنَا؟ فَيَقُوْلُ: مَا بِرَبِّنَا خَفَاءٌ، فَيَقُوْلُوْنَ: اُقْتُلُوْهُ، فَيَقُوْلُ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: أَلَيْسَ قَدْ نَهَاكُمْ رَبُّكُمْ أَنْ تَقْتُلُوْا أَحَدًا دُوْنَهُ، قَالَ: فَيَنْطَلِقُوْنَ بِهٖ إِلَى الدَّجَّالِ، فَإِذَا رَآهُ الْمُؤْمِنُ، قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ هٰذَا الدَّجَّالُ الَّذِىْ ذَكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَيَأْمُرُ الدَّجَّالُ بِهٖ فَيُشَبَّحُ، فَيَقُوْلُ: خُذُوْهُ وَشُجُّوْهُ، فَيُوْسَعُ ظَهْرُهُ وَبَطْنُهُ ضَرْبًا، قَالَ:

فَيَقُولُ: أَوَ مَا تُؤْمِنُ بِي؟ قَالَ: فَيَقُولُ: أَنْتَ الْمَسِيحُ الْكَذَّابُ، قَالَ: فَيُؤْمَرُ بِهِ فَيُؤْشَرُ بِالْمِئْشَارِ مِنْ مَفْرِقِهِ حَتَّى يُفَرَّقَ بَيْنَ رِجْلَيْهِ، قَالَ: ثُمَّ يَمْشِي الدَّجَّالُ بَيْنَ الْقِطْعَتَيْنِ، ثُمَّ يَقُولُ لَهُ: قُمْ، فَيَسْتَوِي قَائِمًا، قَالَ: ثُمَّ يَقُولُ لَهُ: أَتُؤْمِنُ بِي؟ فَيَقُولُ: مَا ازْدَدْتُ فِيكَ إِلَّا بَصِيرَةً، قَالَ: ثُمَّ يَقُولُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّهُ لَا يَفْعَلُ بَعْدِي بِأَحَدٍ مِنَ النَّاسِ، قَالَ: فَيَأْخُذُهُ الدَّجَّالُ لِيَذْبَحَهُ، فَيُجْعَلَ مَا بَيْنَ رَقَبَتِهِ إِلَى تَرْقُوَتِهِ نُحَاسًا، فَلَا يَسْتَطِيعُ إِلَيْهِ سَبِيلًا، قَالَ: فَيَأْخُذُ بِيَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ فَيَقْذِفُ بِهِ، فَيَحْسِبُ النَّاسُ أَنَّمَا قَذَفَهُ إِلَى النَّارِ، وَإِنَّمَا أُلْقِيَ فِي الْجَنَّةِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا أَعْظَمُ النَّاسِ شَهَادَةً عِنْدَ رَبِّ الْعَالَمِينَ

(صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٣٨ "١١٣" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب في صفة الدجال، وتحريم المدينة عليه، وقتله المؤمن وإحيائه)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دجال برآمد ہوگا، تو وہ مومنین میں سے ایک آدمی کی طرف متوجہ ہوگا، پھر اس مومن آدمی سے دجال کے پہرہ دار ملیں گے، وہ اس مومن آدمی سے کہیں گے کہ کہاں کا ارادہ ہے؟ وہ مومن کہے گا کہ میں اس کی طرف کا ارادہ رکھتا ہوں، جس کا خروج ہوا ہے، وہ لوگ اس مومن سے کہیں گے کہ کیا تم ہمارے رب پر ایمان نہیں لاتے، وہ مومن آدمی کہے گا کہ ہمارے رب میں تو کوئی خفاء نہیں ہے، تو وہ کہیں گے کہ اسے قتل کردو، پھر وہ ایک دوسرے سے کہیں گے کہ کیا تم کو تمہارے رب (دجال) نے منع نہیں کیا کہ تم اس کے بغیر کسی کو قتل نہ کرنا، پھر وہ لوگ اس مومن آدمی کو دجال کی طرف لے جائیں گے، جب وہ مومن آدمی دجال کو دیکھے گا، تو کہے گا کہ اے لوگو یہ دجال ہے، جس کا اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ذکر کیا تھا، پھر دجال اس کا سر پھاڑنے کا حکم

دے گا، تو کہے گا کہ اسے پکڑلو اور اس کا سر پھاڑ ڈالو، پھر اس مومن آدمی کی کمر اور پیٹ پر سخت ضرب لگوائے گا، پھر دجال اس مومن آدمی سے کہے گا کہ کیا تو مجھ پر ایمان نہیں لاتا، تو وہ مومن آدمی کہے گا تو مسیح کذاب ہے، اس کے بعد دجال اس مومن آدمی کو آرے کے ساتھ چیرنے کا حکم دے گا اور اس مومن کے سر کی مانگ سے شروع کر کے اس کے دونوں پاؤں تک کو آرے سے چیر کر جدا کر دیا جائے گا ، پھر دجال اس مومن کے جسم کے دونوں ٹکڑوں کے درمیان چلے گا، پھر ان دونوں ٹکڑوں کو مخاطب ہو کر کہے گا کہ کھڑا ہو جا، تو وہ دونوں حصے جڑ کر، اور صحیح ہو کر کھڑا ہو جائے گا، پھر وہ دجال اس مومن آدمی سے کہے گا کہ کیا تو مجھ پر ایمان نہیں لاتا، وہ مومن آدمی کہے گا کہ مجھے تیرے بارے میں پہلے سے زیادہ بصیرت حاصل ہوگئی ہے، پھر وہ مومن آدمی کہے گا کہ اے لوگو یہ دجال میرے بعد کسی بھی اور آدمی سے ایسا نہیں کر سکے گا، یہ سن کر دجال اس مومن آدمی کو ذبح کرنے کے لئے پکڑے گا، لیکن اس مومن آدمی کی گردن اور ہنسلی کے درمیان کی جگہ تانبے کی ہو جائے گی، جس کی وجہ سے دجال کو اسے ذبح کرنے کا کوئی راستہ نہ ملے گا، پھر دجال اس مومن آدمی کے ہاتھ اور پاؤں پکڑ کر پھینک دے گا، لوگ گمان کریں گے کہ اس دجال نے اس مومن آدمی کو آگ کی طرف پھینک دیا ہے، حالانکہ وہ مومن آدمی جنت میں پہنچا دیا جائے گا، اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ آدمی رب العالمین کے نزدیک سب سے عظیم شہادت کے اجر وثواب کا حامل ہوگا (مسلم)

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کی سند سے مروی ہے کہ:

أَقْبَلْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قِبَلِ الْعَقِيْقِ، حَتّٰى إِذَا كُنَّا عَلَى الثَّنِيَّةِ الَّتِيْ يُقَالُ لَهَا ثَنِيَّةُ الْحَوْضِ الَّتِيْ بِالْعَقِيْقِ أَوْمَأَ

بِيَدِهٖ قِبَلَ الْمَشْرِقِ، فَقَالَ: إِنِّىْ لَأَنْظُرُ إِلٰى مَوَاقِعِ عَدُوِّ اللّٰهِ الْمَسِيْحِ، إِنَّهٗ يُقْبِلُ حَتّٰى يَنْزِلَ مِنْ كَذَا حَتّٰى يَخْرُجَ إِلَيْهِ غَوْغَاءُ النَّاسِ، مَا مِنْ نَقْبٍ مِنْ أَنْقَابِ الْمَدِيْنَةِ إِلَّا عَلَيْهِ مَلَكٌ أَوْ مَلَكَانِ يَحْرُسَانِهٖ، مَعَهٗ صُوْرَتَانِ: صُوْرَةُ الْجَنَّةِ، وَصُوْرَةُ النَّارِ حَمْرَاءُ، مَعَهٗ شَيَاطِيْنُ يَتَشَبَّهُوْنَ بِالْأَمْوَاتِ، يَقُوْلُوْنَ لِلْحَيِّ تَعْرِفُنِيْ؟ أَنَا أَخُوْكَ، أَنَا أَبُوْكَ، أَنَا ذُوْ قَرَابَةٍ مِنْكَ، أَلَسْتُ قَدْ مِتُّ؟ هٰذَا رَبُّنَا فَاتَّبِعْهُ، فَيَقْضِى اللّٰهُ مَا يَشَاءُ مِنْهُ، وَيَبْعَثُ اللّٰهُ لَهٗ رَجُلًا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ، فَيُسْكِتُهٗ وَيُبَكِّتُهٗ، فَيَقُوْلُ: هٰذَا الْكَذَّابُ أَيُّهَا النَّاسُ، لَا يَغُرَّنَّكُمْ، فَإِنَّهٗ كَذَّابٌ، وَيَقُوْلُ بَاطِلًا، وَلَيْسَ رَبُّكُمْ بِأَعْوَرَ، فَيَقُوْلُ: هَلْ أَنْتَ مُتَّبِعِيْ؟ فَيَأْبٰى، فَيَشُقُّهٗ شِقَّتَيْنِ، وَيُعْطٰى ذٰلِكَ، فَيَقُوْلُ: أُعِيْدُهٗ لَكُمْ، فَيَبْعَثُهُ اللّٰهُ أَشَدَّ مَا كَانَ لَهٗ تَكْذِيْبًا ، وَأَشَدُّهٗ شَتْمًا، فَيَقُوْلُ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ مَا رَأَيْتُمْ بَلَاءٌ ابْتُلِيْتُمْ بِهٖ ، وَفِتْنَةٌ افْتُتِنْتُمْ بِهَا، إِنْ كَانَ صَادِقًا فَلْيُعِدْنِيْ مَرَّةً أُخْرٰى، أَلَا هُوَ كَذَّابٌ، فَيَأْمُرُ بِهٖ إِلٰى هٰذِهِ النَّارِ، وَهِىَ صُوْرَةُ الْجَنَّةِ، يَخْرُجُ قِبَلَ الشَّامِ (المعجم الكبير للطبرانی، ج۷ص۳۶، رقم الحدیث۶۳۰۵)

ترجمہ: میں کوہِ عقیق کی طرف سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ آ رہا تھا، چلتے چلتے جب ہم کوہِ عقیق کے اس ٹیلے پر پہنچے، جس کو ''ثـنـیـۃ الـحــوض'' کہا جاتا ہے، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ سے مشرق کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ میں اللہ کے دشمن، مسیح دجال کے پڑاؤ کی جگہیں دیکھ رہا ہوں کہ وہ چلتا چلا آ رہا ہے، اور فلاں مقام اس کی منزل کی ہے، اور لوگوں کا ہجوم اس کی طرف نکلتا چلا گیا ہے، اور مدینہ کا کوئی ایسا درہ نہیں ہے، جس پر ایک، یا دو فرشتے حفاظت کے لئے نہ کھڑے ہوں۔

اس کے ساتھ دو شبیہیں ہیں، ایک جنت کی شبیہ اور ایک جہنم کی، اور کچھ شیاطین ہیں، جو مُردوں کی شکلیں اختیار کر کے آتے ہیں، اور زندوں سے کہتے ہیں کہ مجھے پہچانتے ہو؟ میں تمہارا بھائی، باپ، قرابت دار ہوں، کیا میں مر نہیں گیا تھا؟ یاد رکھو! کہ یہ (دجال) ہمارا رب ہے، اس لئے اس کی پیروی کرو، اس طرح اللہ اس (دجال) کو حسبِ منشاء غلبہ عطاء فرمادے گا۔

اس کے بعد اللہ مسلمانوں میں ایک ایسا شخص بھیجے گا، جو دجال کو ساکت اور لاجواب کردے گا، اور وہ اعلان کرے گا کہ اے لوگو! یہ (دجال) تمہیں دھوکے میں مبتلا نہ کردے، یہ جھوٹا ہے، اور جھوٹ کہتا ہے، تمہارا رب تو کانا نہیں ہوسکتا۔

دجال اس سے کہے گا کہ تو میری اتباع کرتا ہے، یا نہیں؟ وہ انکار کردے گا، دجال اس کو دو ٹکڑے کردے گا اور اس (دجال) کو (اللہ کی طرف سے) یہ قدرت دی جائے گی، اور کہے گا کہ میں تمہارے سامنے اس کو زندہ کرتا ہوں، چنانچہ اللہ اس کو دوبارہ زندگی عطاء فرمائے گا، اور وہ پہلے سے زیادہ اس کی تکذیب اور برائی اور مذمت بیان کرے گا، اور کہے گا کہ اے لوگو! تم یہ ایک آزمائش دیکھ رہے ہو، جس میں تم کو مبتلا کیا گیا ہے، اور یہ ایک فتنہ ہے، جس سے تم دوچار ہوئے ہو، اگر یہ سچا ہو، تو مجھے دوبارہ قتل کر کے دکھائے، یاد رکھو! یہ وہی کذاب ہے، وجال غصے میں آکر اپنی خودساختہ جہنم میں اس کو پھینک دینے کا حکم دے گا، جو درحقیقت جنت ہوگی، پھر دجال شام کی طرف چلا جائے گا (طبرانی)

اگرچہ اس حدیث کے کئی مضامین کی تائید دوسری معتبر احادیث سے ہوتی ہے، لیکن اس حدیث کی سند میں ایک راوی شدید ضعیف ہے۔ [1]

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني وفيه موسى بن عبيدة الربذي وهو ضعيف جدا. (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٢٥١٦، باب ما جاء في الدجال)

www.idaraghufran.org

فاطمہ بنتِ قیس رضی اللہ عنہا کی حدیث

سنن ابنِ ماجہ میں حضرت فاطمہ بنتِ قیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ، وَصَعِدَ الْمِنْبَرَ، وَكَانَ لَا يَصْعَدُ عَلَيْهِ قَبْلَ ذٰلِكَ، إِلَّا يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَاشْتَدَّ ذٰلِكَ عَلَى النَّاسِ فَمِنْ بَيْنِ قَائِمٍ وَجَالِسٍ، فَأَشَارَ إِلَيْهِمْ بِيَدِهٖ، أَنِ اقْعُدُوْا، فَإِنِّيْ وَاللّٰهِ مَا قُمْتُ مَقَامِيْ هٰذَا لِأَمْرٍ يَنْفَعُكُمْ، لِرَغْبَةٍ وَلَا لِرَهْبَةٍ، وَلٰكِنَّ تَمِيْمًا الدَّارِيَّ أَتَانِيْ، فَأَخْبَرَنِيْ خَبَرًا مَنَعَنِي الْقَيْلُوْلَةَ، مِنَ الْفَرَحِ وَقُرَّةِ الْعَيْنِ، فَأَحْبَبْتُ أَنْ أَنْشُرَ عَلَيْكُمْ فَرَحَ نَبِيِّكُمْ، أَلَا إِنَّ ابْنَ عَمٍّ لِتَمِيْمٍ الدَّارِيِّ أَخْبَرَنِيْ، أَنَّ الرِّيْحَ أَلْجَأَتْهُمْ إِلٰى جَزِيْرَةٍ لَا يَعْرِفُوْنَهَا، فَقَعَدُوْا فِيْ قَوَارِبِ السَّفِيْنَةِ، فَخَرَجُوْا فِيْهَا، فَإِذَا هُمْ بِشَيْءٍ أَهْدَبَ أَسْوَدَ كَثِيْرِ الشَّعَرِ، قَالُوْا لَهٗ: مَا أَنْتَ؟ قَالَ: أَنَا الْجَسَّاسَةُ، قَالُوْا: أَخْبِرِيْنَا، قَالَتْ: مَا أَنَا بِمُخْبِرَتِكُمْ شَيْئًا، وَلَا سَائِلَتِكُمْ، وَلٰكِنْ هٰذَا الدَّيْرُ، قَدْ رَمَقْتُمُوْهُ، فَأْتُوْهُ، فَإِنَّ فِيْهِ رَجُلًا بِالْأَشْوَاقِ إِلٰى أَنْ تُخْبِرُوْهُ وَيُخْبِرَكُمْ، فَأَتَوْهُ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ، فَإِذَا هُمْ بِشَيْخٍ مُوْثَقٍ شَدِيْدِ الْوَثَاقِ، يُظْهِرُ الْحُزْنَ، شَدِيْدِ التَّشَكِّيْ، فَقَالَ لَهُمْ: مِنْ أَيْنَ؟ قَالُوْا: مِنَ الشَّامِ، قَالَ: مَا فَعَلَتِ الْعَرَبُ؟ قَالُوْا: نَحْنُ قَوْمٌ مِنَ الْعَرَبِ، عَمَّ تَسْأَلُ؟ قَالَ: مَا فَعَلَ هٰذَا الرَّجُلُ الَّذِيْ خَرَجَ فِيْكُمْ؟ قَالُوْا: خَيْرًا، نَاوٰى قَوْمًا، فَأَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ، فَأَمْرُهُمُ الْيَوْمَ جَمِيْعٌ، إِلٰهُهُمْ وَاحِدٌ، وَدِيْنُهُمْ وَاحِدٌ، قَالَ: مَا فَعَلَتْ عَيْنُ زُغَرَ؟ قَالُوْا: خَيْرًا يَسْقُوْنَ مِنْهَا زُرُوْعَهُمْ، وَيَسْتَقُوْنَ مِنْهَا لِسَقْيِهِمْ، قَالَ: فَمَا فَعَلَ نَخْلُ

بَيْنَ عَمَّانَ وَبَيْسَانَ؟قَالُوْا:يُطْعِمُ ثَمَرَهُ كُلَّ عَامٍ، قَالَ:فَمَا فَعَلَتْ بُحَيْرَةُ الطَّبَرِيَّةِ؟ قَالُوْا:تَدَفَّقُ جَنَبَاتُهَا مِنْ كَثْرَةِ الْمَاءِ، قَالَ:فَزَفَرَ ثَلَاثَ زَفَرَاتٍ،ثُمَّ قَالَ:لَوِ انْفَلَتُّ مِنْ وَثَاقِي هٰذَا، لَمْ أَدَعْ أَرْضًا إِلَّا وَطِئْتُهَا بِرِجْلَيَّ هَاتَيْنِ، إِلَّا طَيْبَةَ، لَيْسَ لِيْ عَلَيْهَا سَبِيْلٌ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:إِلٰى هٰذَا يَنْتَهِي فَرَحِيْ، هٰذِهٖ طَيْبَةُ، وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ، مَا فِيْهَا طَرِيْقٌ ضَيِّقٌ، وَلَا وَاسِعٌ، وَلَا سَهْلٌ، وَلَا جَبَلٌ، إِلَّا وَعَلَيْهِ مَلَكٌ شَاهِرٌ سَيْفَهُ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ (سنن ابن ماجه،رقم الحديث ۴۰۷۴، كتاب الفتن، باب فتنة الدجال وخروج عيسى ابن مريم وخروج يأجوج ومأجوج) [1]

ترجمہ:ایک دن نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز اداء فرمائی اور منبر پر تشریف لائے، اس سے قبل آپ جمعہ کے علاوہ منبر پر تشریف نہ لے جاتے تھے،لوگوں کو یہ بات گراں گزری (اور گھبرا گئے کہ نہ معلوم کیا بات ہے) کچھ لوگ کھڑے ہوئے تھے اور کچھ بیٹھے ہوئے، آپ نے انہیں ہاتھ کے اشارہ سے بیٹھنے کا حکم فرمایا (پھر فرمایا کہ) واللہ میں اس جگہ کسی ایسے امر کی وجہ سے کھڑا نہیں ہوا، جس سے تمہیں ترغیب، یا ترہیب کا فائدہ ہو، بلکہ (وجہ یہ ہوئی کہ) تمیم داری میرے پاس آئے اور مجھے ایسی بات بتائی کہ خوشی اور فرحت کی وجہ سے میں دوپہر کو قیلولہ نہیں کرسکا، تو میں نے چاہا کہ تمہارے نبی کی خوشی کو، تمہارے اندر بھی پھیلا دوں۔

غور سے سنو! تمیم داری کے چچازاد بھائی نے مجھے بتایا کہ (سمندری سفر میں) مخالف ہوا، انہیں ایک غیر معروف جزیرہ میں لے گئی، یہ لوگ چھوٹی کشتیوں میں بیٹھ کر اس جزیرہ میں اترے، انہوں نے وہاں لمبے بالوں والی ایک سیاہ چیز

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:حديث صحيح، وهذا إسناد ضعيف لضعف مجالد(حاشية سنن ابنِ ماجه)

www.idaraghufran.org

دیکھی، انہوں نے اس سے پوچھا کہ تو کون ہے؟ کہنے لگی کہ میں جاسوس ہوں، ان لوگوں نے کہا کہ پھر ہمیں بتاؤ (خبریں دو) اس نے کہا کہ میں تمہیں کچھ خبر نہ دوں گی اور نہ ہی تم سے کچھ پوچھوں گی، لیکن یہ مندر (عبادت خانہ) جو تمہیں نظر آ رہا ہے، اس میں داخل ہو جاؤ، وہاں ایک شخص ہے، جو تم سے باتیں کرنے کا بڑا شوق رکھتا ہے، یعنی تم سے خبریں پوچھنے کا، اور تم کو خبریں دینے کا۔

وہ لوگ اس مندر (عبادت خانہ) کے پاس گئے، اور اندر داخل ہو گئے، وہاں انہوں نے ایک بوڑھے شخص کو دیکھا، جو خوب زور سے جکڑا و بندھا ہوا تھا، اور ہائے ہائے کر رہا تھا، بہت رنج وغم اور شکایت میں مبتلاء تھا۔

ہم نے اس سے کہا کہ خرابی ہو تیری، تو کون ہے؟ اس نے جواب میں کہا کہ تم میری خبر لینے پر قادر ہو، پہلے اپنی خبر بیان کرو۔ تم کون لوگ ہو؟ (پھر) اس نے کہا کہ تم لوگ کہاں سے آئے ہو؟ انہوں نے جواب میں کہا کہ شام سے، اس نے پوچھا کہ عرب کا کیا حال ہے؟ انہوں نے کہا کہ ہم عرب ہی کے لوگ ہیں، جن کے بارے میں تو معلوم کر رہا ہے، اس نے کہا کہ اس شخص (نبی) کا کیا حال ہے، جو تم لوگوں میں پیدا ہوا ہے؟ ان لوگوں نے جواب میں کہا کہ اچھا حال ہے، اس کی ایک قوم سے دشمنی ہوئی، لیکن اللہ نے اس کو غالب کر دیا، اب عرب کے لوگ مذہب میں ایک ہو گئے، ان کا اللہ ایک ہی ہے اور ان کا دین بھی ایک ہی ہے۔

پھر اس نے پوچھا کہ زُغر کے چشمہ کا کیا حال ہے؟ (زغر ایک گاؤں ہے، شام میں جہاں زغر حضرت لوط علیہ السلام کی بیٹی اتریں تھیں، وہاں ایک چشمہ ہے، اس کا پانی سوکھ جانا، دجال کے نکلنے کی نشانی ہے)

انہوں نے جواب میں کہا کہ اچھا حال ہے، لوگ اس میں سے اپنے کھیتوں کو پانی دیتے ہیں اور پینے کے لئے بھی اس میں سے پانی لیتے ہیں۔

پھر اس نے پوچھا کہ عمان اور بیسان کے درمیان کی کھجوروں کا کیا حال ہے؟

انہوں نے جواب میں کہا کہ ہر سال اس میں سے کھجور اترتی ہے۔

پھر اس نے کہا کہ طبریہ کے تالاب کا کیا حال ہے؟ انہوں نے جواب میں کہا کہ اس کے دونوں کناروں پر پانی کودتا ہے، یعنی اس میں پانی کثرت سے ہے۔ [1]

یہ سن کر وہ تین مرتبہ اچھلا، کودا، پھر کہنے لگا کہ اگر میں اس قید سے چھوٹ گیا، تو میں کسی زمین کو نہیں چھوڑوں گا، جہاں میں نہ پہنچ جاؤں، سوائے مدینہ طیبہ کے، وہاں جانے کی مجھ کو طاقت نہیں۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس پر مجھے بہت خوشی ہوئی، اور طیبہ یہی شہر ہے، قسم ہے اس ذات کی، جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، مدینہ میں کوئی تنگ راستہ ہو، یا کشادہ راستہ ہو، نرم زمین ہو، یا سخت پہاڑ ہوں، مگر اس جگہ ایک فرشتہ ننگی تلوار لئے ہوئے مقرر ہے، قیامت تک (ابنِ ماجہ)

اور سنن ابی دواد میں حضرت فاطمہ بنتِ قیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ مُنَادِیَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُنَادِیْ أَنْ الصَّلَاۃُ جَامِعَۃٌ، فَخَرَجْتُ فَصَلَّیْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا قَضٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلَاتَہٗ، جَلَسَ عَلَی الْمِنْبَرِ وَھُوَ یَضْحَکُ، قَالَ: لِیَلْزَمْ کُلُّ إِنْسَانٍ مُصَلَّاہُ، ثُمَّ قَالَ: ھَلْ تَدْرُوْنَ لِمَ جَمَعْتُکُمْ؟ قَالُوْا اَللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ أَعْلَمُ، قَالَ: إِنِّیْ مَا جَمَعْتُکُمْ لِرَھْبَۃٍ وَلَا رَغْبَۃٍ، وَلٰکِنْ جَمَعْتُکُمْ أَنَّ تَمِیْمًا الدَّارِیَّ کَانَ رَجُلًا نَصْرَانِیًّا فَجَاءَ فَبَایَعَ وَأَسْلَمَ، وَحَدَّثَنِیْ حَدِیْثًا وَافَقَ الَّذِیْ حَدَّثْتُکُمْ

---

[1] بیسان دراصل فلسطین کا علاقہ ہے، جو اس وقت اسرائیل کے قبضہ میں ہے۔
اور زغر کا چشمہ، بحرِ مردار کے مشرق میں واقع ہے، یہ بھی اس وقت اسرائیل کے قبضہ میں ہے۔
اور بحیرہ طبریہ اردن کی سرحد کے قریب، اسرائیل کے شمال مشرق میں واقع ہے۔ محمد رضوان۔

عَنِ الدَّجَّالِ، حَدَّثَنِي أَنَّهُ رَكِبَ فِي سَفِينَةٍ بَحْرِيَّةٍ مَعَ ثَلَاثِينَ رَجُلًا مِنْ لَخْمٍ وَجُذَامٍ ،فَلَعِبَ بِهِمُ الْمَوْجُ شَهْرًا فِي الْبَحْرِ، وَأَرْفَئُوا إِلٰى جَزِيرَةٍ حِينَ مَغْرِبِ الشَّمْسِ ،فَجَلَسُوا فِي أَقْرُبِ السَّفِينَةِ ،فَدَخَلُوا الْجَزِيرَةَ فَلَقِيَتْهُمْ دَابَّةٌ أَهْلَبُ ،كَثِيرَةُ الشَّعْرِ، قَالُوا :وَيْلَكِ مَا أَنْتِ؟ قَالَتْ أَنَا الْجَسَّاسَةُ، انْطَلِقُوا إِلٰى هٰذَا الرَّجُلِ فِي هٰذَا الدَّيْرَ ،فَإِنَّهُ إِلٰى خَبَرِكُمْ بِالْأَشْوَاقِ ،قَالَ: لَمَّا سَمَّتْ لَنَا رَجُلًا فَرِقْنَا مِنْهَا أَنْ تَكُونَ شَيْطَانَةً ،فَانْطَلَقْنَا سِرَاعًا حَتّٰى دَخَلْنَا الدَّيْرَ، فَإِذَا فِيهِ أَعْظَمُ إِنْسَانٍ رَأَيْنَاهُ قَطُّ خَلْقًا ،وَأَشَدُّهُ وَثَاقًا، مَجْمُوعَةٌ يَدَاهُ إِلٰى عُنُقِهِ ،فَذَكَرَ الْحَدِيثَ، وَسَأَلَهُمْ عَنْ نَخْلِ بَيْسَانَ ،وَعَنْ عَيْنِ زُغَرَ ،وَعَنِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ قَالَ إِنِّي أَنَا الْمَسِيحُ، وَإِنَّهُ يُوشِكُ أَنْ يُؤْذَنَ لِي فِي الْخُرُوجِ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِنَّهُ فِي بَحْرِ الشَّامِ ،أَوْ بَحْرِ الْيَمَنِ ،لَا بَلْ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ ،مَا هُوَ مَرَّتَيْنِ وَأَوْمَأَ بِيَدِهِ قِبَلَ الْمَشْرِقِ ،قَالَتْ حَفِظْتُ هٰذَا مِنْ رَّسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(سنن ابی داؤد، رقم الحدیث ۴۳۲۶، کتاب الملاحم، باب فی خبر الجساسة) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ایک اعلان کرنے والے کا اعلان سنا کہ نماز کے لیے جمع ہو جاؤ، پس میں نکلی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں نماز پڑھی، جب آپ نماز سے فارغ ہوئے، تو منبر پر تشریف فرما ہوئے، اور آپ مسکرا رہے تھے، آپ نے فرمایا کہ ہر شخص اپنی جگہ بیٹھا رہے، پھر آپ نے فرمایا کہ تم جانتے ہو کہ میں نے کیوں تمہیں جمع کیا ہے؟ لوگوں نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کے رسول ہی زیادہ جانتے ہیں، تو آپ نے فرمایا کہ میں

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسناده صحیح (حاشیة سنن ابی داود)

نے کسی ترغیب وترھیب پر مشتمل وعظ ونصیحت کے لیے تمہیں نہیں جمع کیا، بلکہ تمہیں اس لیے جمع کیا ہے کہ تمیم داری ایک عیسائی شخص تھے، وہ آئے ہیں، اور انہوں نے بیعت کی اور اسلام قبول کیا اور انہوں نے ایسا ایک واقعہ بیان کیا، جو دجال کے متعلق میری بیان کردہ احادیث کے موافق ہے، انہوں نے مجھ سے بیان کیا کہ وہ ایک کشتی پر تیس آدمیوں کے ہمراہ سوار ہوئے، جو قبیلہ لخم وجزام سے تعلق رکھتے تھے، پھر مہینہ بھر سمندر کی موجیں انہیں ادھر ادھر بھٹکاتی، پھراتی رہیں، پھر انہوں نے سورج کے مغرب کی طرف ایک (سمندری) جزیرہ میں پناہ لی، اور چھوٹی کشتیوں میں بیٹھ کر اس جزیرہ میں داخل ہوئے، وہاں ان کو ایک ایسا جانور ملا، جس کے بال موٹے موٹے اور بہت زیادہ تھے، انہوں نے اس سے کہا کہ کمبخت! تو کیا چیز ہے؟ وہ جانور بولا کہ میں جساسہ ہوں، اور اس گرجے (غیر مسلموں کے عبادت خانہ) میں ایک آدمی موجود ہے، اور اسے تمہاری باتیں سننے کا اشتیاق ہے، اس لیے تم اس کے پاس چلو، وہ (یعنی تمیم داری رضی اللہ عنہ) کہتے ہیں کہ جب اس جانور نے ہمارے سامنے ''ایک آدمی'' کا ذکر کیا، تو ہمیں ڈر لگا کہ کہیں یہ جانور شیطان نہ ہو؟

(بہرحال) ہم جلدی جلدی چلے، یہاں تک کہ اس گرجے میں داخل ہوگئے، وہاں ہم نے ایک بہت بڑا آدمی دیکھا، اس سے بڑا اور عظیم جسم آدمی ہم نے پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا، وہ بہت مضبوط بندھا ہوا تھا، اور اس کے ہاتھ اس کی گردن پر بندھے ہوئے تھے۔

پھر راوی نے مزید بھی حدیث بیان کی (جس میں یہ بھی تھا) کہ قید میں جکڑے ہوئے شخص نے بیسان اور زغر کے چشمے اور نبیِ امی کے متعلق ان سے پوچھا۔

اُس (قید میں جکڑے ہوئے شخص) نے کہا کہ میں مسیح دجال ہوں، اور عنقریب

مجھے خروج کی اجازت مل جائے گی۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ (دجال) شام کے سمندر، یا یمن کے سمندر میں ہے، نہیں، بلکہ وہ مشرق کی طرف سے ہے، یہ بات دو مرتبہ فرمائی، اور اپنے ہاتھ سے مشرق کی طرف اشارہ بھی فرمایا۔

حضرت فاطمہ بنتِ قیس رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ یہ حدیث میں نے (بغیر کسی واسطہ کے خود) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے (سُن کر) یاد کی ہے (ابوداود)

اور صحیح مسلم میں حضرت فاطمہ بنتِ قیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ نِدَاءَ الْمُنَادِیْ، مُنَادِیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يُنَادِیْ: اَلصَّلَاةَ جَامِعَةً، فَخَرَجْتُ إِلَى الْمَسْجِدِ، فَصَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكُنْتُ فِیْ صَفِّ النِّسَاءِ الَّتِیْ تَلِیْ ظُهُوْرَ الْقَوْمِ فَلَمَّا قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاتَهٗ جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ، وَهُوَ يَضْحَكُ، فَقَالَ: لِيَلْزَمْ كُلُّ إِنْسَانٍ مُصَلَّاهُ، ثُمَّ قَالَ: أَتَدْرُوْنَ لِمَ جَمَعْتُكُمْ؟ قَالُوْا: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ أَعْلَمُ، قَالَ: إِنِّیْ وَاللّٰهِ مَا جَمَعْتُكُمْ لِرَغْبَةٍ وَلَا لِرَهْبَةٍ، وَلٰكِنْ جَمَعْتُكُمْ، لِأَنَّ تَمِيْمًا الدَّارِیَّ كَانَ رَجُلًا نَصْرَانِيًّا، فَجَاءَ فَبَايَعَ وَأَسْلَمَ، وَحَدَّثَنِیْ حَدِيْثًا وَافَقَ الَّذِیْ كُنْتُ أُحَدِّثُكُمْ عَنْ مَسِيْحِ الدَّجَّالِ، حَدَّثَنِیْ أَنَّهٗ رَكِبَ فِیْ سَفِيْنَةٍ بَحْرِيَّةٍ، مَعَ ثَلَاثِيْنَ رَجُلًا مِنْ لَخْمٍ وَجُذَامَ، فَلَعِبَ بِهِمِ الْمَوْجُ شَهْرًا فِی الْبَحْرِ، ثُمَّ أَرْفَئُوْا إِلٰى جَزِيْرَةٍ فِی الْبَحْرِ حَتّٰى مَغْرِبِ الشَّمْسِ، فَجَلَسُوْا فِیْ أَقْرُبِ السَّفِيْنَةِ، فَدَخَلُوا الْجَزِيْرَةَ، فَلَقِيَتْهُمْ دَابَّةٌ أَهْلَبُ كَثِيْرُ الشَّعَرِ، لَا يَدْرُوْنَ مَا قُبُلُهٗ مِنْ دُبُرِهٖ، مِنْ كَثْرَةِ الشَّعَرِ، فَقَالُوْا: وَيْلَكِ مَا أَنْتِ؟ فَقَالَتْ: أَنَا الْجَسَّاسَةُ، قَالُوْا: وَمَا الْجَسَّاسَةُ؟ قَالَتْ:

أَيُّهَا الْقَوْمُ انْطَلِقُوْا إِلٰى هٰذَا الرَّجُلِ فِى الدَّيْرِ، فَإِنَّهُ إِلٰى خَبَرِكُمْ بِالْأَشْوَاقِ، قَالَ: لَمَّا سَمَّتْ لَنَا رَجُلًا فَرِقْنَا مِنْهَا أَنْ تَكُوْنَ شَيْطَانَةً، قَالَ: فَانْطَلَقْنَا سِرَاعًا، حَتّٰى دَخَلْنَا الدَّيْرَ، فَإِذَا فِيْهِ أَعْظَمُ إِنْسَانٍ رَأَيْنَاهُ قَطُّ خَلْقًا، وَأَشَدُّهُ وِثَاقًا، مَجْمُوْعَةٌ يَدَاهُ إِلٰى عُنُقِهٖ، مَا بَيْنَ رُكْبَتَيْهِ إِلٰى كَعْبَيْهِ بِالْحَدِيْدِ، قُلْنَا: وَيْلَكَ مَا أَنْتَ؟ قَالَ: قَدْ قَدَرْتُمْ عَلٰى خَبَرِىْ، فَأَخْبِرُوْنِىْ مَا أَنْتُمْ؟ قَالُوْا: نَحْنُ أُنَاسٌ مِّنَ الْعَرَبِ رَكِبْنَا فِىْ سَفِيْنَةٍ بَحْرِيَّةٍ، فَصَادَفْنَا الْبَحْرَ حِيْنَ اغْتَلَمَ فَلَعِبَ بِنَا الْمَوْجُ شَهْرًا، ثُمَّ أَرْفَأْنَا إِلٰى جَزِيْرَتِكَ هٰذِهٖ، فَجَلَسْنَا فِىْ أَقْرُبِهَا، فَدَخَلْنَا الْجَزِيْرَةَ، فَلَقِيَتْنَا دَابَّةٌ أَهْلَبُ كَثِيْرُ الشَّعَرِ، لَا يُدْرٰى مَا قُبُلُهٗ مِنْ دُبُرِهٖ مِنْ كَثْرَةِ الشَّعَرِ، فَقُلْنَا: وَيْلَكِ مَا أَنْتِ؟ فَقَالَتْ: أَنَا الْجَسَّاسَةُ، قُلْنَا: وَمَا الْجَسَّاسَةُ؟ قَالَتْ: اِعْمِدُوْا إِلٰى هٰذَا الرَّجُلِ فِى الدَّيْرِ، فَإِنَّهُ إِلٰى خَبَرِكُمْ بِالْأَشْوَاقِ، فَأَقْبَلْنَا إِلَيْكَ سِرَاعًا، وَفَزِعْنَا مِنْهَا، وَلَمْ نَأْمَنْ أَنْ تَكُوْنَ شَيْطَانَةً، فَقَالَ: أَخْبِرُوْنِىْ عَنْ نَخْلِ بَيْسَانَ، قُلْنَا: عَنْ أَىِّ شَأْنِهَا تَسْتَخْبِرُ؟ قَالَ: أَسْأَلُكُمْ عَنْ نَخْلِهَا، هَلْ يُثْمِرُ؟ قُلْنَا لَهٗ، نَعَمْ، قَالَ: أَمَا إِنَّهُ يُوْشِكُ أَنْ لَّا تُثْمِرَ، قَالَ: أَخْبِرُوْنِىْ عَنْ بُحَيْرَةِ الطَّبَرِيَّةِ، قُلْنَا: عَنْ أَىِّ شَأْنِهَا تَسْتَخْبِرُ؟ قَالَ: هَلْ فِيْهَا مَاءٌ؟ قَالُوْا: هِىَ كَثِيْرَةُ الْمَاءِ، قَالَ: أَمَا إِنَّ مَاءَ هَا يُوْشِكُ أَنْ يَّذْهَبَ، قَالَ: أَخْبِرُوْنِىْ عَنْ عَيْنِ زُغَرَ، قَالُوْا: عَنْ أَىِّ شَأْنِهَا تَسْتَخْبِرُ؟ قَالَ: هَلْ فِى الْعَيْنِ مَاءٌ؟ وَهَلْ يَزْرَعُ أَهْلُهَا بِمَاءِ الْعَيْنِ؟ قُلْنَا لَهٗ: نَعَمْ، هِىَ كَثِيْرَةُ الْمَاءِ، وَأَهْلُهَا يَزْرَعُوْنَ مِنْ مَائِهَا، قَالَ: أَخْبِرُوْنِىْ عَنْ نَبِىِّ الْأُمِّيِّيْنَ مَا فَعَلَ؟ قَالُوْا: قَدْ خَرَجَ مِنْ مَكَّةَ وَنَزَلَ يَثْرِبَ، قَالَ: أَقَاتَلَهُ الْعَرَبُ؟ قُلْنَا: نَعَمْ، قَالَ: كَيْفَ صَنَعَ بِهِمْ؟ فَأَخْبَرْنَاهُ أَنَّهُ قَدْ ظَهَرَ

عَلٰى مَنْ يَّلِيْهِ مِنَ الْعَرَبِ وَأَطَاعُوْهُ،قَالَ لَهُمْ:قَدْ كَانَ ذٰلِكَ؟قُلْنَا: نَعَمْ،قَالَ:أَمَا إِنَّ ذَاكَ خَيْرٌ لَهُمْ أَنْ يُّطِيْعُوْهُ،وَإِنِّيْ مُخْبِرُكُمْ عَنِّيْ،إِنِّيْ أَنَا الْمَسِيْحُ،وَإِنِّيْ أُوْشِكُ أَنْ يُؤْذَنَ لِيْ فِي الْخُرُوْجِ، فَأَخْرُجَ فَأَسِيْرَ فِي الْأَرْضِ فَلَا أَدَعَ قَرْيَةً إِلَّا هَبَطْتُهَا فِيْ أَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً غَيْرَ مَكَّةَ وَطَيْبَةَ، فَهُمَا مُحَرَّمَتَانِ عَلَيَّ كِلْتَاهُمَا، كُلَّمَا أَرَدْتُ أَنْ أَدْخُلَ وَاحِدَةً، أَوْ وَاحِدًا،مِنْهُمَا اِسْتَقْبَلَنِيْ مَلَكٌ بِيَدِهِ السَّيْفُ صَلْتًا، يَصُدُّنِيْ عَنْهَا، وَإِنَّ عَلٰى كُلِّ نَقْبٍ مِنْهَا مَلَائِكَةً يَحْرُسُوْنَهَا،قَالَتْ:قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،وَطَعَنَ بِمِخْصَرَتِهٖ فِي الْمِنْبَرِ:هٰذِهٖ طَيْبَةُ، هٰذِهٖ طَيْبَةُ،هٰذِهٖ طَيْبَةُ،يَعْنِي الْمَدِيْنَةَ، أَلَا هَلْ كُنْتُ حَدَّثْتُكُمْ ذٰلِكَ؟ فَقَالَ النَّاسُ:نَعَمْ،فَإِنَّهٗ أَعْجَبَنِيْ حَدِيْثُ تَمِيْمٍ، أَنَّهٗ وَافَقَ الَّذِيْ كُنْتُ أُحَدِّثُكُمْ عَنْهُ،وَعَنِ الْمَدِيْنَةِ وَمَكَّةَ، أَلَا إِنَّهٗ فِيْ بَحْرِ الشَّأْمِ، أَوْ بَحْرِ الْيَمَنِ،لَا بَلْ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ مَا هُوَ،مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ مَا هُوَ ،مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ مَا هُوَ، وَأَوْمَأَ بِيَدِهٖ إِلَى الْمَشْرِقِ،قَالَتْ:فَحَفِظْتُ هٰذَا مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ(صحيح مسلم،رقم الحديث ٢٩٤٢ "١١٩" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب قصة الجساسة)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اعلان کرنے والے کا اعلان سنا کہ وہ نماز کے لئے جمع ہونے کا اعلان کررہا تھا، پس میں مسجد کی طرف نکلی ، پھر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز اداء کی، اس حال میں کہ میں عورتوں کی اس صف میں تھی ، جو مرد حضرات کی پشتوں سے ملی ہوئی تھی ، پھر جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی نماز پوری کر لی، تو منبر پر تشریف فرما ہوئے ، اور آپ مسکرا رہے تھے، پھر فرمایا کہ ہر آدمی اپنی نماز کی جگہ پر ہی بیٹھا رہے، پھر

فرمایا کہ کیا تم جانتے ہو کہ میں نے تمہیں کیوں جمع کیا ہے، صحابہ نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کی قسم میں نے تمہیں کسی بات کی ترغیب، یا ترہیب، یعنی ڈرانے کے لئے جمع نہیں کیا، میں نے تمہیں صرف اس لئے جمع کیا ہے کہ تمیم داری نصرانی وعیسائی آدمی تھے، پس وہ آئے اور اسلام پر بیعت کی اور مسلمان ہو گئے اور مجھے ایک بات بتائی، جو اس خبر کے موافق ہے، جو میں تمہیں دجال کے بارے میں پہلے ہی بتایا کرتا تھا، چنانچہ انہوں نے مجھے خبر دی کہ وہ قبیلہ بنو لخم اور بنو جذام کے تیس آدمیوں کے ساتھ ایک بحری کشتی میں سوار ہوئے، پھر انہیں ایک ماہ تک بحری موجیں دھکیلتی رہیں، پھر وہ سمندر میں ایک جزیرہ کی طرف پہنچے، یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا، تو وہ چھوٹی چھوٹی کشتیوں میں بیٹھ کر جزیرہ کے اندر داخل ہوئے، تو انہیں وہاں ایک جانور ملا، جو موٹے اور گھنے بالوں والا تھا، بالوں کی کثرت کی وجہ سے اس کا اگلا اور پچھلا حصہ وہ نہ پہچان سکے، تو انہوں نے کہا کہ تیرے لئے ہلاکت ہو، تو کون ہے؟ اس نے کہا کہ میں جساسہ ہوں، ہم نے کہا کہ جساسہ کیا ہوتا ہے؟ اس نے کہا کہ اے لوگو! اس آدمی کی طرف گرجے میں چلو، کیونکہ وہ تمہاری خبر کے بارے میں بہت شوق رکھتا ہے، پس جب اس نے ہمارا نام لیا، تو ہم گھبرا گئے کہ وہ کہیں شیطان ہی نہ ہو، پس ہم جلدی جلدی چلے، یہاں تک کہ گرجے میں داخل ہو گئے، وہاں ایک بہت بڑا انسان تھا کہ اس سے پہلے ہم نے اتنا بڑا انسان نہیں دیکھا تھا، اور نہ ہی اتنی سختی کے ساتھ بندھا ہوا کہیں دیکھا تھا، اس کے دونوں ہاتھوں کو گردن کے ساتھ باندھا گیا تھا اور گھٹنوں سے ٹخنوں تک لوہے کی زنجیروں سے جکڑا گیا تھا، ہم نے کہا کہ تیرے لئے ہلاکت ہو، تو کون ہے؟ اس نے کہا کہ تم میری خبر معلوم کرنے پر قادر ہو ہی گئے ہو، تو پہلے

تم ہی بتاؤ کہ تم کون ہو؟ انہوں نے کہا کہ ہم عرب کے لوگ ہیں ہم دریائی کشتی میں سوار ہوئے ، پس جب ہم سوار ہوئے، تو سمندر کو جوش میں پایا، پس موجیں ایک مہینہ تک ہم سے کھیلتی رہیں، پھر ہمیں تمہارے اس جزیرہ تک پہنچادیا، پس ہم چھوٹی چھوٹی کشتیوں میں سوار ہوئے اور جزیرہ کے اندر داخل ہو گئے ،تو ہمیں بہت موٹے اور گھنے بالوں والا جانور ملا، جس کے بالوں کی کثرت کی وجہ سے اس کا اگلا اور پچھلا حصہ پہچانا نہ جاتا تھا، ہم نے کہا کہ تیرے لئے ہلاکت ہو،تو کون ہے؟ اس نے کہا کہ میں جساسہ ہوں، ہم نے کہا کہ جساسہ کیا ہوتا ہے؟ اس نے کہا کہ گرجے میں اس آدمی کے پاس جاؤ، کیونکہ وہ تمہاری خبر کا بہت شوق رکھتا ہے ، پس ہم تیری طرف جلدی سے آگئے، اور ہم گھبرا گئے اور اس (جانور) سے پر امن نہ تھے کہ کہیں وہ شیطان نہ ہو، اس جکڑے ہوئے آدمی نے کہا کہ تم مجھے بیسان کے باغ کے بارے میں خبر دو؟ ہم نے کہا کہ اس کی کس چیز کے بارے میں تم خبر معلوم کرنا چاہتے ہو؟ اس نے کہا کہ میں اس کی کھجوروں کے درختوں کے بارے میں معلوم کرنا چاہتا ہوں، کیا وہ پھل دے رہے ہیں؟ ہم نے اس سے کہا کہ ہاں پھل دے رہے ہیں، اس نے کہا کہ عنقریب وہ زمانہ آنے والا ہے کہ وہ پھل نہیں دیں گے۔

پھر اس آدمی نے کہا کہ مجھے بحیرہ طبریہ کے بارے میں خبر دو؟ ہم نے کہا کہ اس کی کس چیز کے بارے میں تم خبر معلوم کرنا چاہتے ہو؟ اس نے کہا کہ کیا اس میں پانی ہے؟ ہم نے کہا کہ اس میں پانی کثرت کے ساتھ موجود ہے، اس نے کہا کہ عنقریب اس کا سارا پانی ختم ہو جائے گا، اس نے یہ بھی کہا کہ مجھے زغر کے چشمہ کے بارے میں بتاؤ؟ ہم نے کہا کہ اس کی کس چیز کے بارے میں تم معلوم کرنا چاہتے ہو؟ اس نے کہا کہ کیا اس چشمہ میں وہاں کے لوگ اس کے پانی سے کھیتی

باڑی کرتے ہیں؟ ہم نے کہا کہ ہاں یہ کثیر پانی والا چشمہ ہے اور وہاں کے لوگ اس کے پانی سے کھیتی باڑی کرتے ہیں، پھر اس نے کہا کہ مجھے امیوں کے نبی کے بارے میں خبر دو کہ اس نے کیا کیا؟ ہم نے کہا کہ وہ مکہ سے نکلے اور یثرب، یعنی مدینہ میں اترے ہیں، اس نے کہا کہ کیا اس نبی سے عرب نے قتال کیا ہے؟ ہم نے کہا کہ ہاں کیا ہے، اس نے کہا کہ ان عرب کے ساتھ اس نے کیا سلوک کیا؟ تو ہم نے اس کو خبر دی کہ وہ نبی عرب کے اپنے سے متصل لوگوں پر غالب آ گیا ہے، جنہوں نے اس کی اطاعت کر لی ہے، اس آدمی نے ان لوگوں سے کہا کہ کیا ایسا ہو چکا ہے؟ ہم نے کہا کہ بے شک، اس نے کہا کہ ان عرب کے لئے بہتر یہی تھا کہ وہ اس نبی کی اطاعت کر لیں، اور اب میں تم کو اپنے بارے میں خبر دیتا ہوں، بلاشبہ میں مسیح (دجال) ہوں، اور عنقریب مجھے نکلنے کی اجازت دے دی جائے گی، پس میں نکلوں گا اور میں زمین کی کوئی بستی نہیں ہوگی، جس میں چکر نہ لگاؤں، اور میں چالیس راتوں تک زمین میں سیر کروں گا، سوائے مکہ اور مدینہ طیبہ کے، کیونکہ ان دونوں پر داخل ہونا میرے لئے حرام کر دیا گیا ہے، جب بھی میں ان میں سے کسی جگہ داخل ہونا چاہوں گا، تو اس کی ہر گھاٹی پر پہرہ دار فرشتے میرے سامنے تلوار سونت کر آ جائیں گے، جو مجھے وہاں داخل ہونے سے روکیں گے، اور اس کے ہر سوراخ وراستہ پر فرشتے اس کی حفاظت کرتے ہیں۔

اس حدیث کی راویہ فاطمہ بنتِ قیس نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلی کو منبر پر چبھویا اور فرمایا کہ یہ طیبہ ہے، یہ طیبہ ہے، یہ طیبہ ہے، یعنی مدینہ ہے ، کیا میں نے تمہیں یہ باتیں پہلے ہی بیان نہیں کر دیں تھیں؟

لوگوں نے عرض کیا کہ جی ہاں، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک مجھے تمیم داری کی اس خبر سے خوشی ہوئی ہے کہ وہ اس حدیث کے موافق ہے،

جو میں تمہیں دجال اور مدینہ اور مکہ کے بارے میں بیان کرتا تھا، یاد رکھو کہ دجال شام، یا یمن کے سمندر میں ہے، نہیں، بلکہ مشرق کی طرف ہے، وہ مشرق کی طرف ہے، وہ مشرق کی طرف ہے، اور آپ نے اپنے ہاتھ سے مشرق کی طرف اشارہ کیا، فاطمہ بنتِ قیس کہتی ہیں کہ پس میں نے یہ حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یاد کر لی (مسلم)

امِّ سلمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث

حضرت عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ:

قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: ذَكَرْتُ الْمَسِيحَ الدَّجَّالَ لَيْلَةً ،فَلَمْ يَأْتِنِى النَّوْمُ، فَلَمَّا أَصْبَحْتُ غَدَوْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: لَا تَفْعَلِى، فَإِنَّهُ إِنْ يَّخْرُجْ وَأَنَا فِيكُمْ يَكْفِيكُمُ اللّٰهُ بِى، وَإِنْ يَخْرُجْ بَعْدَ أَنْ أَمُوتَ يَكْفِيكُمُوهُ بِالصَّالِحِينَ، ثُمَّ قَامَ، فَذَكَرَ الدَّجَّالَ، فَقَالَ: مَا مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا قَدْ حَذَّرَهُ أُمَّتَهُ، وَأَنَا أُحَذِّرُكُمُوهُ، إِنَّهُ أَعْوَرُ، وَإِنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِأَعْوَرَ، أَلَا إِنَّ الْمَسِيحَ الدَّجَّالَ كَأَنَّ عَيْنَهُ عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ (المعجم الكبير للطبرانى، ج۲۳ ص۲۶۸، رقم الحديث ۵۶۹) [1]

ترجمہ: حضرت امِ سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ ایک رات مجھے ''دجال'' یاد آ گیا، تو مجھے (رات) نیند نہیں آئی، صبح کے وقت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی، اور سارا واقعہ عرض کیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے تسلی دیتے ہوئے فرمایا کہ ایسا نہ کرو، اس لیے کہ اگر وہ میری موجودگی میں نکلا،

---

[1] قال الهيثمى: رواه الطبرانى، ورجاله ثقات، إلا أن شيخ الطبرانى أحمد بن محمد بن نافع الطحان لم أعرفه(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ۱۲۵۵۲ ،باب ما جاء فى الدجال)

قلت :إسناد ابن خزيمة سالم منه، كماسياتى.

تو اللہ میرے ذریعے تمہاری کفایت فرمائے گا، اور اگر وہ میرے بعد نکلا، تو اللہ نیک لوگوں کے ذریعے تمہاری کفایت فرمائے گا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہوکر دجال کا تذکرہ فرمایا، اور فرمایا کہ کوئی نبی بھی ایسا نہیں، جس نے اپنی امت کو دجال سے نہ ڈرایا ہو، اور میں بھی تمہیں اُس سے ڈراتا ہوں، بے شک وہ کانا ہے، اور اللہ کانا نہیں ہے، یادرکھو کہ مسیح دجال کی آنکھ گویا انگور کا پھولا ہوا دانہ ہوگی (طبرانی)

اس حدیث کو ابنِ خزیمہ نے بھی ''التوحید'' میں روایت کیا ہے۔ [1]

ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلدَّجَّالُ يَخْرُجُ مِنْ أَرْضٍ بِالْمَشْرِقِ ،يُقَالُ لَهَا خُرَاسَانُ ،يَتْبَعُهُ أَقْوَامٌ كَأَنَّ وُجُوْهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ (سنن الترمذى،رقم الحديث٢٢٣٧، ابواب الفتن،باب ما جاء من أين يخرج الدجال)

ترجمہ: ہم سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ دجال ایک مشرقی خطہ سے نکلے گا ،جس کو خراسان کہا جاتا ہوگا، ایسی قومیں اس کی

---

[1] عن عروة بن الزبير، قال: قالت أم سلمة زوج النبى صلى الله عليه وسلم ذكرت المسيح الدجال ليلة، فلم يأتنى النوم، فلما أصبحت دخلت على رسول الله صلى الله عليه وسلم فأخبرته، فقال: " لا تفعلى، فإنه إن يخرج وأنا حى يكفيكموه الله بى، وإن يخرج بعد أن أموت يكفيكموه الله بالصالحين، ثم قال: ما من نبى إلا وقد حذر أمته الدجال، وإنى أحذركموه، إنه أعور، وإن الله ليس بأعور، إنه يمشى فى الأرض، وإن الأرض والسماء لله، إلا أن المسيح عينه اليمنى كأنها عنبة طافية (التوحيد لابنِ خزيمة، ج ١ ص ١٠٣ ،باب ذكر إثبات العين لله جل وعلا على ما ثبته الخالق البارء لنفسه فى محكم تنزيله، وعلى لسان نبيه صلى الله عليه وسلم)

اطاعت اختیار کریں گی، جن کے چہرے چمڑا چڑھے ہوئے ڈھالوں کی طرح چوڑے چکلے، اُبھرے ہوئے ہوں گے (ترمذی)

اس حدیث کوابنِ ماجہ نے بھی روایت کیا ہے۔ [1]

کسی روایت میں دجال کے اصفہان سے نکلنے کا ذکر ہے اور کسی روایت میں یہودیہ نامی بستی سے نکلنے کا ذکر ہے، ان میں حقیقتاً کوئی ٹکراؤ نہیں، کیونکہ ''یہودیہ'' سے مراد اصفہان کا وہ علاقہ ہے، جس کو یہودیوں نے آباد کیا، جس کی وجہ سے، اصفہان کے اس مخصوص علاقہ کا نام یہودیہ ہوگیا، اسی نسبت سے بعض روایات میں اس علاقہ کی طرف نسبت کی گئی ہے۔

اور دجال کے فتنہ کے مختلف مراحل، مختلف الوان ومواقع کے ہوں گے، اور وہ دنیا بھر میں چکر لگائے گا، تو کسی موقع پر وہ نبوت کا دعویٰ کرے گا، اور کسی موقع پر اس سے ترقی کر کے اُلوہیت وربوبیت کا دعویٰ کرے گا، کسی دعویٰ کے ساتھ اس کا ظہور اصفہان سے ہوگا، اور کسی دوسرے دعوے کے ساتھ خراسان سے ہوگا۔

جبیر بن نفیر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت جبیر بن نفیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ الدَّجَّالَ، فَقَالَ: إِنْ يَخْرُجْ وَأَنَا فِيْكُمْ فَأَنَا حَجِيْجُهُ، وَإِنْ يَخْرُجْ وَلَسْتُ فِيْكُمْ فَكُلُّ امْرِءٍ حَجِيْجُ نَفْسِهِ، وَاللّٰهُ خَلِيْفَتِيْ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ، أَلَا وَإِنَّهُ مَطْمُوْسُ الْعَيْنِ كَأَنَّهَا عَيْنُ عَبْدِ الْعُزَّى بْنِ قَطَنٍ الْخُزَاعِيِّ، أَلَا فَإِنَّهُ مَكْتُوْبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ

---

[1] عن أبی بکر الصدیق، قال :حدثنا رسول اللہ -صلى الله عليه وسلم " :-أن الدجال یخرج من أرض بالمشرق، یقال لها :خراسان، یتبعه أقوام كأن وجوههم المجان المطرقة(سنن ابنِ ماجه،رقم الحديث ۴۰۷۲، ابواب الفتن،باب فتنة الدجال وخروج عيسى ابن مريم وخروج يأجوج ومأجوج)

قال شعيب الارنؤوط:حديث حسن(حاشية سنن ابنِ ماجه)

كَافِرٌ يَقْرَأُ كُلُّ مُسْلِمٍ، فَمَنْ لَقِيَهُ مِنْكُمْ فَلْيَقْرَأْ بِفَاتِحَةِ الْكَهْفِ، يَخْرُجُ مِنْ بَيْنِ الشَّامِ وَالْعِرَاقِ، فَعَاثَ يَمِينًا وَعَاثَ شِمَالًا، يَا عِبَادَ اللّٰهِ اثْبُتُوا ثَلَاثًا، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَمَا مُكْثُهُ فِي الْأَرْضِ؟ قَالَ: أَرْبَعُونَ يَوْمًا، يَوْمٌ كَالسَّنَةِ، وَيَوْمٌ كَالشَّهْرِ، وَيَوْمٌ كَالْجُمُعَةِ، وَسَائِرُ أَيَّامِهِ كَأَيَّامِكُمْ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَكَيْفَ نَصْنَعُ بِالصَّلَاةِ يَوْمَئِذٍ صَلَاةُ يَوْمٍ أَوْ نَقْدُرُ؟ قَالَ: بَلْ تَقْدُرُوا (المستدرک للحاکم، رقم الحديث ۸۶۱۴، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کا ذکر کیا، اور فرمایا کہ اگر تمہارے اندر، میری موجودگی میں دجال برآمد ہوا، تو میں اس کا ذمہ دار ہوں، اور اگر وہ اس وقت برآمد ہوا، جب میں تم میں موجود نہیں ہوں گا، تو ہر ایک اپنی ذات کا ذمہ دار ہوگا، اور میرے بعد اللہ ہر مسلم کا نگران ہے، یاد رکھو کہ دجال کی آنکھ مٹی ہوئی ہے، گویا کہ اس کی آنکھ عبدالعزیٰ بن قطن خزاعی کی آنکھ ہے، یاد رکھو کہ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہوا ہے، جس کو ہر مسلم پڑھ لے گا، پس تم میں سے جس کسی کی اس سے ملاقات ہو، تو اسے چاہیے کہ وہ سورہ کہف کی ابتدائی آیات پڑھ لے، وہ شام اور عراق کے درمیان سے برآمد ہوگا، پھر وہ دائیں، بائیں، گھومتا پھرے گا، اے اللہ کے بندو، تم ثابت قدم رہنا، یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ بیان فرمائی، اس پر عرض کیا گیا کہ اے اللہ کے رسول! دجال زمین میں کتنے دن ٹھہرے گا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ چالیس دن، لیکن ایک دن سال کے برابر ہوگا، اور دوسرا دن مہینہ کے برابر ہوگا، اور تیسرا دن ایک ہفتہ کے برابر ہوگا، اور باقی سارے (یعنی چالیس میں

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: صحيح.

سے سینتیس) دن تمہارے عام دنوں کے برابر ہوں گے، لوگوں نے سوال کیا کہ اس وقت ہم نمازوں کو کس طرح پڑھیں گے (ایک دن جب مثلاً ایک مہینہ کے برابر ہوگا، تو) ایک دن کی نماز پڑھیں گے، یا وقت کی مقدار کے حساب سے نماز پڑھیں گے؟ (کہ اس سے پہلے ایک نماز پانچ نمازوں کے درمیان جتنے وقت کا فاصلہ تھا، اس حساب سے پانچ نمازیں پڑھیں گے) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وقت کی مقدار کے اعتبار سے نماز پڑھیں گے (حاکم)

ابوالدرداء، اور ایک دوسرے صحابی رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ حَفِظَ عَشْرَ آيَاتٍ مِنْ أَوَّلِ سُورَةِ الْكَهْفِ عُصِمَ مِنَ الدَّجَّالِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٨٠٩ ”٢٥٧“ كتاب صلاة المسافرين وقصرها، باب فضل سورة الكهف وآية الكرسى)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے سورہ کہف کی ابتدائی دس آیات کو یاد کرلیا، تو وہ دجال سے محفوظ ہوجائے گا (صحیح مسلم)

اس طرح کا مضمون پہلے بھی کئی احادیث میں گذر چکا ہے۔

حضرت ابوقلابہ سے روایت ہے کہ:

رَأَيْتُ رَجُلًا بِالْمَدِيْنَةِ وَقَدْ طَافَ النَّاسُ بِهِ، وَهُوَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَسَمِعْتُهُ وَهُوَ يَقُوْلُ: إِنَّ مِنْ بَعْدِكُمُ الْكَذَّابَ الْمُضِلَّ وَإِنَّ رَأْسَهُ مِنْ بَعْدِهِ حُبُكٌ حُبُكٌ حُبُكٌ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، وَإِنَّهُ سَيَقُوْلُ أَنَا رَبُّكُمْ فَمَنْ قَالَ:

”لَسْتَ رَبُّنَا لٰـكِنَّ رَبُّنَا اللّٰهُ عَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا .وَإِلَيْهِ أَنَبْنَا نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّكَ “

لَمْ يَكُنْ لَهُ عَلَيْهِ سُلْطَانٌ (مسند احمد، رقم الحديث ۲۳۱۵۹) [1]

ترجمہ: میں نے مدینہ میں ایک شخص کو دیکھا کہ لوگ اُن کے اِرد گرد گھوم رہے تھے، اور وہ کہہ رہے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے تھے، راوی کہتے ہیں کہ میں نے انہیں یہ فرماتے ہوئے سنا کہ تمہارے بعد ایک گمراہ کرنے والا کذاب (یعنی جھوٹا) آئے گا، اور اس کا سر پیچھے سے گنجا ہوگا، گنجا ہوگا، گنجا ہوگا، تین مرتبہ یہ فرمایا، اور وہ جلد ہی یہ دعویٰ کرے گا کہ میں تمہارا رب ہوں، سو جو شخص یہ کہے گا کہ:

”تو ہمارا رب نہیں ہے، بلکہ ہمارا رب اللہ ہے، اُسی پر ہم بھروسہ کرتے ہیں، اور اُسی کی طرف ہم رجوع کرتے ہیں، ہم تیرے شر سے اللہ کی پناہ لیتے ہیں“

تو اس کا اس (مومن) پر کوئی زور وقابو نہ چلے گا، اور وہ اس (مومن) کو کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا (مسند احمد)

اس حدیث کو امام احمد نے دوسرے مقام پر بھی تھوڑے سے فرق کے ساتھ روایت کیا ہے۔ [2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير صحابيه، وهذا المحفوظ عن أيوب -وهو السختياني -أن صحابيه غير مسمى، وتابع حماد بن زيد على ذلك إسماعيلُ ابن علية(حاشية مسند احمد)

[2] عن أبي قلابة، عن رجل من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم، عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: " إن من بعدكم – أو إن من ورائكم – الكذاب المضل، وإن رأسه من ورائه حبك حبك .وإنه سيقول: أنا ربكم، فمن قال: كذبت لست ربنا، ولكن الله ربنا، وعليه توكلنا، وإليه أنبنا، ونعوذ بالله منك، فلا سبيل له عليه "(مسند احمد ،رقم الحديث ۲۳۴۸۷)

قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير صحابيه(حاشية مسند احمد)

اس حدیث میں اس گمراہ اور الوہیت کا دعویٰ کرنے والے سے بظاہر دجال مراد ہے۔

حذیفہ رضی اللہ عنہ کی احادیث

امام بزار نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَأْتِي عَلٰى أُمَّتِيْ زَمَانٌ، يَتَمَنَّوْنَ الدَّجَّالَ، قِيلَ: وَمِمَّ ذَاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: فَأَخَذَ أُذُنَيْهِ، أَوْ فَأَخَذَ أُذُنَيَّ، فَهَزَّهُمَا، ثُمَّ قَالَ: مِمَّا يَلْقَوْنَ مِنَ الْفِتَنِ (كشف الاستار، عن زوائد البزار، رقم الحديث ٣٣٩٣، كتاب الفتن، باب ما جاء في الدجال) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ وہ دجال سے ملاقات کی تمنا کریں گے، عرض کیا گیا کہ اے اللہ کے رسول! ایسا کس وجہ سے ہوگا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے کانوں کو پکڑا، یا میرے کانوں کو پکڑ کر کھینچا اور فرمایا کہ اس کی وجہ یہ ہوگی کہ لوگ مختلف فتنوں سے ملاقات کریں گے (بزار)

اور امام طبرانی نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيَأْتِيَنَّ عَلٰى أُمَّتِيْ زَمَانٌ يَتَمَنَّوْنَ فِيهِ الدَّجَّالَ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، بِأَبِيْ أَنْتَ وَأُمِّيْ، مِمَّ ذَاكَ؟ قَالَ: مِمَّا يَلْقَوْنَ مِنَ الْعَنَاءِ وَالْعَنَاءِ (المعجم الاوسط، للطبرانی، رقم الحديث ٤٢٨٩، باب العين) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ وہ

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني في الأوسط ورجاله ثقات، ورواه البزار بنحوه ورجاله ثقات (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٢٢٣١، باب في أيام الصبر وفيمن يتمسك بدينه في الفتن)

[2] قال الالبانی: فالسند صحيح (سلسلة الأحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ٣٠٩٠)

اس زمانہ میں دجال سے ملاقات کی تمنا کریں گے، عرض کیا گیا کہ اے اللہ کے رسول میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! ایسا کس وجہ سے ہوگا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کی وجہ یہ ہوگی کہ لوگ مصیبتوں در مصیبتوں سے ملاقات کریں گے (یعنی فتنوں سے تنگ پڑ جائیں گے) (بزار)

اور ابنِ ابی شیبہ نے شہر بن حوشب سے روایت کیا ہے کہ:

كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ جَالِسًا وَأَصْحَابُهُ، فَارْتَفَعَتْ أَصْوَاتُهُمْ، قَالَ: فَجَاءَ حُذَيْفَةُ، فَقَالَ: مَا هٰذِهِ الْأَصْوَاتُ يَا ابْنَ أُمِّ عَبْدٍ، قَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ، ذَكَرُوا الدَّجَّالَ وَتَخَوَّفْنَاهُ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ: وَاللّٰهِ مَا أُبَالِيْ أَهُوَ لَقِيْتُ أَمْ هٰذِهِ الْعَنْزُ السَّوْدَاءَ، قَالَ عَبْدُ الْمَلِكِ لِعَنْزٍ تَأْكُلُ النَّوٰى فِيْ جَانِبِ الْمَسْجِدِ، قَالَ: فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ: لِمَ؟ لِلّٰهِ أَبُوْكَ، قَالَ حُذَيْفَةُ: لِأَنَّا قَوْمٌ مُؤْمِنُوْنَ وَهُوَ امْرُؤٌ كَافِرٌ، وَإِنَّ اللّٰهَ سَيُعْطِيْنَا عَلَيْهِ النَّصْرَ وَالظَّفَرَ، وَايْمُ اللّٰهِ، لَا يَخْرُجُ حَتّٰى يَكُوْنَ خُرُوْجُهُ أَحَبَّ إِلَى الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ مِنْ بَرْدِ الشَّرَابِ عَلَى الظَّمَأِ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: لِمَ؟ لِلّٰهِ أَبُوْكَ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ: مِنْ شِدَّةِ الْبَلَاءِ وَجَنَادِعِ الشَّرِّ (مصنف ابنِ ابی شیبة، رقم الحديث ٣٨٦٦٣، كتاب الفتن، باب ما ذكر فی فتنة الدجال)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے کہ ان کی آوازیں بلند ہوگئیں، راوی کہتے ہیں کہ اتنی دیر میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ آ گئے، انہوں نے پوچھا کہ اے ابنِ امِ عبد (یعنی عبداللہ بن مسعود) یہ آوازیں کیسی ہیں؟ حضرت عبداللہ بن مسعود نے فرمایا کہ ان لوگوں نے دجال کا تذکرہ کیا، تو ہمیں اس سے ڈر محسوس ہوا (اس وجہ سے آوازیں بلند ہوگئیں) حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرمانے لگے کہ اللہ کی قسم! مجھے تو کوئی پرواہ نہیں کہ دجال

سے ملوں، یا اس کالی بکری سے؟ راوی عبدالملک کہتے ہیں کہ اس وقت مسجد کے ایک طرف بکری گٹھلیاں کھا رہی تھی (اس کی طرف اشارہ تھا) ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ایسا کیوں؟ آپ کے والد کا کیا کہنا۔

حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اس لیے کہ ہم مؤمن ہیں، اور وہ کافر ہوگا، اللہ ہمیں اس پر فتح اور کامیابی عطاء فرمائے گا، اللہ کی قسم! دجال اس وقت تک نہیں نکلے گا، جب تک کہ اس کا خروج مسلمانوں کو سخت پیاس میں ٹھنڈے پانی سے زیادہ پسند نہ ہو۔

ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ نے پوچھا کہ اس کی کیا وجہ ہے؟ حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بلاؤں کی شدت اور بدترین حالات کی وجہ سے (ابنِ ابی شیبہ)

معلوم ہوا کہ دجال سے پہلے ایسے شدید فتنے رونما ہوں گے، جن میں مسلمان کو اپنا دین، ایمان، نیک اعمال اور اللہ تعالیٰ پر یقین ہی کام دے گا۔

لیکن جو نام نہاد مسلمان اپنے دین پر اعتماد اور ایمان ویقین کی دولت سے محروم اور مادیت پرستی کا شکار اور صرف دنیوی خوشحالی پر ہی فریفتہ ہوں گے، تو وہ ان مقاصد کے حصول کے لیے دجال کی اتباع وخوشنودی کی طرف دوڑ دوڑ کر جائیں گے۔

مطرف بن عبداللہ بن شخیر سے روایت ہے کہ حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ:

كُنْتُ فِي الْحَطِيمِ مَعَ حُذَيْفَةَ فَذَكَرَ حَدِيثًا، ثُمَّ قَالَ: لَتُنْقَضَنَّ عُرَى الْإِسْلَامِ عُرْوَةً عُرْوَةً، وَلَيَكُونَنَّ أَئِمَّةٌ مُضِلُّونَ، وَلَيَخْرُجَنَّ عَلٰى أَثَرِ ذٰلِكَ الدَّجَّالُونَ الثَّلَاثَةُ، قُلْتُ: يَا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ، قَدْ سَمِعْتَ هٰذَا الَّذِي تَقُولُ مِنْ رَّسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ سَمِعْتُهُ وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: يَخْرُجُ الدَّجَّالُ مِنْ يَهُودِيَّةِ أَصْبَهَانَ، عَيْنُهُ الْيُمْنٰى مَمْسُوحَةٌ وَالْأُخْرٰى كَأَنَّهَا زُهْرَةٌ، تَشُقُّ الشَّمْسَ شَقًّا، وَيَتَنَاوَلُ الطَّيْرَ مِنَ الْجَوْلَةِ ثَلَاثَ صَيْحَاتٍ، يَسْمَعُهُنَّ أَهْلُ الْمَشْرِقِ وَأَهْلُ

الْـمَـغْـرِبِ، وَمَـعَـهُ جَبَـلَانِ ،جَبَلٌ مِنْ دُخَانٍ وَنَارٍ، وَجَبَلٌ مِنْ شَجَرٍ وَأَنْهَارٍ، وَيَقُوْلُ هٰذِهِ الْجَنَّةُ وَهٰذِهِ النَّارُ.

وَسَـمِعْتُهُ يَقُوْلُ:يَخْرُجُ مِنْ قَبْلِهٖ كَذَّابٌ ،قَالَ:قُلْتُ:فَمَا الثَّالِثُ؟قَالَ: إِنَّهُ أَكْـذَبُ الْـكَـذَّابِيْـنَ إِنَّـهُ يَـخْـرُجُ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ يَتْبَعُهُ حُشَارَةُ الْعَرَبِ وَسِفْلَةُ الْمَوَالِيْ، أَوَّلُهُمْ مَثْبُوْرٌ،وَآخِرُهُمْ مَثْبُوْرٌ هَـلَاكُهُمْ عَلٰى قَدْرِ سُلْطَانِهِمْ ،عَلَيْهِمُ اللَّعْنَةُ مِنَ اللّٰهِ دَائِمَةً ،قَالَ:فَقُلْتُ:اَلْعَجَبُ كُلُّ الْـعَـجَبِ،قَالَ:وَأَعْجَبُ مِنْ ذٰلِكَ سَيَكُوْنُ،فَإِذَا سَمِعْتَ بِهٖ فَالْهَرَبَ الْهَرَبَ.

قَـالَ:قُـلْتُ: كَيْفَ أَصْنَعُ بِمَنْ خَلَّفْتُ؟قَالَ:مُرْهُمْ فَلْيَلْحَقُوْا بِرُءُ وْسِ الْـجِبَـالِ،قَـالَ:قُـلْـتُ:فَإِنْ لَّمْ يُتْرَكُوْا وَذَاكَ،قَالَ:مُرْهُمْ أَنْ يَّكُوْنُوْا أَحْلَاسًـا مِنْ أَحْلَاسِ بُيُوْتِهِمْ،قَالَ:قُلْتُ:فَإِنْ لَّمْ يُتْرَكُوْا وَذَاكَ،قَالَ: يَا ابْنَ عُمَرَ زَمَانُ خَوْفٍ وَهَرْجٍ وَسَلْبٍ.

قَالَ:قُلْتُ:يَا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ مَا لِهٰذَا الْهَرْجِ مِنْ فَرَجٍ؟قَالَ:بَلٰى إِنَّـهُ لَيْسَ مِـنْ هَـرْجٍ إِلَّا وَلَـهُ فَـرَجٌ، وَلٰـكِـنْ أَيْنَ مَا يَبْقٰى لَهَا، إِنَّهَا فِتْنَةٌ يُقَالُ لَهَا الْـجَـارِفَةُ، تَـأْتِـيْ عَـلٰـى صَـرِيْـحِ الْعَرَبِ، وَصَرِيْحِ الْمَوَالِيْ، وَذَوِي الْـكُـنُـوْزِ، وَبَـقِيَّةِ الـنَّـاسِ، ثُمَّ تَنْجَلِيَ عَنْ أَقَلِّ مِنَ الْقَلِيْلِ (المستدرك للحاکم، رقم الحدیث ۸۶۱۱، کتاب الفتن والملاحم)

ترجمہ: میں حطیم میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا، حضرت حذیفہ نے حدیث ذکر کی، پھر حضرت حذیفہ نے فرمایا کہ اسلام کے حلقوں کوایک ایک کر کے توڑا جائے گا، اور گمراہ کرنے والے قائدین ہوں گے، اوراس کے بعد تین دجال نکلیں گے۔

ابنِ عمر کہتے ہیں کہ میں نے پوچھا کہ اے ابوعبداللہ (یعنی حذیفہ) آپ یہ جو کہہ

رہے ہیں، کیا آپ نے یہ بات نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے؟ حضرت حذیفہ نے جواب دیا کہ جی ہاں! میں نے یہ بات نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے، اور میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے بھی سنا ہے کہ دجال اصفہان کی یہودیہ نامی بستی سے ظاہر ہوگا، اس کی دائیں آنکھ سپاٹ ہوگی، اور دوسری آنکھ گویا کہ شگوفہ (پھلی) ہوگی، جس سے سورج میں شق وپھٹن ظاہر ہوگی، اور وہ پرندے کو اُڑتے اُڑتے اُچک لے گا، تین چیخیں ہوں گی، جن کو اہلِ مشرق واہلِ مغرب سنیں گے، اور اس دجال کے ساتھ دو پہاڑ ہوں گے، ایک دھویں اور آگ کا، دوسرا غلوں اور پانی (کے ذخیروں کا) وہ دجال (ان کے متعلق) کہے گا کہ یہ جنت ہے، اور یہ جہنم ہے۔

ابنِ عمر کہتے ہیں کہ میں نے حضرت حذیفہ کو یہ فرماتے ہوئے بھی سنا کہ دجال سے پہلے ایک کذاب اور جھوٹا برآمد ہوگا۔

میں نے حضرت حذیفہ سے کہا کہ تیسرا کون ہوگا؟

تو انہوں نے فرمایا کہ وہ سب سے بڑا کذاب (کانا دجال) ہوگا، وہ مشرق کی طرف سے نکلے گا، جس کے پیچھے عرب کے بڑے بڑے، اور امراء چلیں گے، جن کا پہلا شخص بھی مردود ہوگا، اور آخری شخص بھی مردود ہوگا، ان کی ہلاکت ان کے بادشاہ کے بقدر ہی ہوگی، ان پر اللہ کی دائمی لعنت ہوگی۔

ابنِ عمر کہتے ہیں کہ میں نے کہا کہ یہ تو انتہائی قابلِ تعجب بات ہے۔

حضرت حذیفہ نے فرمایا کہ اس سے بھی عجیب وغریب باتیں پیش آئیں گی۔

پس جب تم اس فتنہ کا سنو، تو بھاگ جانا۔

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت حذیفہ سے دریافت کیا کہ میں پیچھے والوں (اہل وعیال) کی حفاظت کس طرح کروں گا؟ اس کے جواب

میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ان کو حکم کرنا کہ وہ پہاڑوں کی چوٹیوں پر چلے جائیں، ابنِ عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حذیفہ سے معلوم کیا کہ اگر وہ (گھر والے) یہ سب کچھ چھوڑ کر نہ جاسکیں؟ تو اس کے جواب میں حضرت حذیفہ نے فرمایا کہ ان کو حکم کرنا کہ وہ گھروں کا ٹاٹ بن کر رہیں (گھروں سے نہ نکلیں) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کہا کہ اگر وہ یہ (بھی) نہ کرسکیں تو پھر کیا ہوگا؟ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اے ابنِ عمر خوف، قتل اور لوٹ مار کا زمانہ ہوگا (اس سے بچنا ضروری ہے)

ابنِ عمر کہتے ہیں کہ میں نے حضرت حذیفہ سے پوچھا کہ اے ابوعبداللہ (حذیفہ) کیا اس قتل وفتنہ سے کوئی نجات کا راستہ ہوگا؟ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ کیوں نہیں، کوئی قتل وفتنہ ایسا نہیں، جس سے نجات نہ ہو۔

لیکن وہ نجات کا راستہ کہاں باقی رہے گا، یہ ایسا فتنہ ہوگا کہ جس کو "جارفہ" کہا جائے گا، جو عرب کے عقل مند لوگوں پر مسلط ہوگا، اور عقل مند امراء، اور مالداروں پر، اور بقیہ لوگوں پر مسلط ہوگا، پھر بہت تھوڑے لوگوں سے ہی یہ فتنہ دور ہوسکے گا (جو مذکورہ ہدایات پر عمل کریں گے) (حاکم)

امام حاکم نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے۔

لیکن علامہ ذہبی نے اس کو منکر وضعیف کہا ہے۔ [1]

جس کی وجہ یہ ہے کہ اس حدیث کی سند میں محمد بن سنان کو بعض حضرات نے جھوٹا قرار دیا ہے، اور اس شخص کے علاوہ کسی اور معتبر سند سے اس حدیث میں مذکور مضامین نہیں آئے۔ [2]

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد و لم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: بل منكر.

[2] الحديث صححه الحاكم، وتعقبه الذهبي بقوله": بل منكر.
فعبد الأعلى ضعفه أحمد، وأبو زرعة، وأما جهضم فثقة، ومحمد بن سنان كذبه أبو داود

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

امِ شریک رضی اللہ عنہا کی حدیث

حضرت امِ شریک رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ،یَقُوْلُ:لَیَفِرَّنَّ النَّاسُ مِنَ الدَّجَّالِ فِی الْجِبَالِ ،قَالَتْ أُمُّ شَرِیکٍ یَا رَسُولَ اللّٰہِ فَأَیْنَ الْعَرَبُ یَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: ھُمْ قَلِیْلٌ (صحیح مسلم، رقم الحدیث ۲۹۴۵"۱۲۵" کتاب الفتن وأشراط الساعۃ، باب فی بقیۃ من أحادیث الدجال)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ (مومن صادق) لوگ دجال سے بھاگ کر پہاڑوں میں پناہ لینے پر مجبور ہوجائیں گے، امِ شریک نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! اس وقت عرب کہاں ہوں گے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ اس وقت تھوڑے ہوں گے (مسلم)

مطلب یہ ہے کہ نام نہاد مسلمانوں کی بڑی تعداد تو مادیت زدہ اور دنیا پرستی کی وجہ سے دین

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

أما عبد الأعلی الذی ضعفه أحمد، وأبو زرعة، فهو ابن عامر الثعلبی، تقدم فی الحدیث (1067) أنه :صدوق یهم.

وأما جهضم بن عبد الله بن أبی الطفیل القیسی، مولاهم، الیمامی، فإنه :ثقة، وإنما أخذ علیه فی روایته عن المجاهیل، قال ابن معین :ثقة، إلا أن حدیثه منکر، یعنی ما روی عن المجهولین .وقال أبو حاتم :ثقة، إلا أنه یحدث أحیاناً عن المجهولین .وذکره ابن حبان فی الثقات .وقال الإمام أحمد :کان رجلاً صالحاً، لم یکن به بأس .اهـ .من الجرح والتعدیل (534 /2رقم 2219)، والتهذیب (121 - 120 /2رقم 195).

وأما محمد بن سنان بن یزید بن الذیال القزاز، فتقدم فی الحدیث (531) أنه :ضعیف.

الحکم علی الحدیث :الحدیث ضعیف بهذا الإسناد لضعف محمد بن سنان، وما قیل عن عبد الأعلی من الوهم.

وأما النکارة التی قصدها الذهبی بقوله " :بل منکر "، فهی تفرد محمد بن سنان هذا، بالحدیث، حیث لم أجد من تابعه علیه، والله أعلم(مختصرُ استدرَاک الحافِظ الذّهبی،لابن الملقن"المعروف بـ مختصر تلخیص الذهبی لمستدرک الحاکم، ج۷،ص ۳۴۳۶،۳۴۳۷، کتاب الملاحم والفتن)

وایمان کو پسِ پشت ڈال کر دجال اور دجالی نظام کے ساتھ سمجھوتہ اور اس کا اتباع کر کے اپنی زندگی اور مرنے جینے کو اس کے ساتھ وابستہ کر لے گی، ان سے دجال ودجالی نظام کو کیا خطرہ؟ اور دجال کو ان سے کیا سروکار؟ دجال کا ٹکراؤ اور مقابلہ تو ان مخلص اور صحیح دین کے حامل اللہ والوں سے ہوگا، جو اپنے رب کے فرمانبردار اور دجال ودجالی نظام کے منکر ہوں گے، یہ لوگ تھوڑے ہوں گے، اور دجال کے شر وفتنہ سے بچنے کے لیے تمدنی زندگی سے دستبردار ہو کر عیش وعشرت سے کنارہ کشی اختیار کرتے ہوئے سادہ زندگی کو ترجیح دیں گے، کیونکہ انسانوں کی اکثریت جب دجال کی پیروی اور دجالی نظام کا تسلط قبول کر لے گی، تو تمولی، تمدنی واجتماعی زندگی اسی دجالی نظام میں ڈھل جائے گی۔

عبداللہ بن حوالہ ازدی رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن حوالہ ازدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهٗ قَالَ: مَنْ نَجَا مِنْ ثَلَاثٍ فَقَدْ نَجَا، قَالَهٗ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، قَالُوْا: مَاذَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: مَوْتِيْ، وَمَنْ قَتْلِ خَلِيْفَةٍ مُصْطَبِرٍ بِالْحَقِّ يُعْطِيْهِ، وَالدَّجَّالِ (مسند احمد، رقم الحديث ۲۲۴۸۸) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص تین چیزوں (کی آزمائش) سے نجات پا گیا، وہ صحیح معنوں میں نجات یافتہ ہے، یہ جملہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ دہرایا، لوگوں نے معلوم کیا کہ اے اللہ کے رسول! وہ کون ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک تو میری وفات سے، دوسرے حق پر قائم ومستقیم رہنے والے خلیفہ کے قتل سے جو اُسے عطاء کرنے والا ہے، تیسرے دجال سے (مسند احمد)

[1] قال شعیب الارنؤوط: حدیث حسن (حاشیہ مسند احمد)

یعنی جو شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد بھی توحیدِ الٰہی اور رسالتِ نبوت پر ایمان کو برقرار رکھنے میں کامیاب رہا، اور حق پر قائم حکمران جو اس کی ضروریات کا لحاظ کرتا تھا، اس کے فوت ہونے اور اس کی حکومت وعطایاء سے محروم ہونے کے باوجود دین پر ثابت قدم رہا اور دجال کے دجل وفریب میں مبتلاء ہونے سے بچنے میں کامیاب رہا، تو یہ اہم اور عظیم فتنوں سے نجات پانے والا ہے، اور فتنوں سے نجات کامیاب ترین شخص ہے۔

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ:

لِلدَّجَّالِ آيَاتٌ مَّعْلُوْمَاتٌ: إِذَا غَارَتِ الْعُيُوْنُ، وَنَزَفَتِ الْأَنْهَارُ، وَاصْفَرَّ الرَّيْحَانُ، وَانْتَقَلَتْ مَذْحِجُ وَهَمْدَانُ مِنَ الْعِرَاقِ، فَنَزَلَتْ قِنَّسْرِيْنَ فَانْتَظِرُوْا الدَّجَّالَ غَادِيًا أَوْ رَائِحًا (المستدرک للحاکم، رقم الحديث ٨٤٢٠، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: دجال کی آمد کی متعین گنی چنی علامات ہیں، جب چشمے سوکھ جائیں گے، اور نہریں خشک ہوجائیں گی، اور ریحان کا پودا زَرد پڑ جائے گا، اور مذحج وھمدان (نامی قبیلے بظاہر) عراق سے نقل مکانی کرجائیں گے، پھر وہ (شام کے علاقہ) قنسرین میں پڑاؤ کریں گے، تو تب دجال کی آمد کا صبح یا شام میں انتظار کرو (حاکم)

مذکورہ احادیث سے یہ بات معلوم ہوگئی کہ دجال ایک انسانی نسل کا انسان ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی مشابہت عبدالعزیٰ بن قطن کے ساتھ بیان فرمائی، جو کہ انسان تھے، اور اس کی دوسری بشری صفات کو بھی بیان فرمایا، جس سے ان لوگوں کے موقف کی تردید ہوگئی، جو دجال کسی مخصوص شخصیت کے بجائے، ایک کردار کو قرار دیتے ہیں۔

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد و لم يخرجاه.
وقال الذهبی فی التلخيص: صحيح.

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ الدَّجَّالُ فِىْ أُمَّتِىْ فَيَمْكُثُ أَرْبَعِيْنَ ،لَا أَدْرِىْ أَرْبَعِيْنَ يَوْمًا، أَوْ أَرْبَعِيْنَ شَهْرًا ،أَوْ أَرْبَعِيْنَ عَامًا ،فَيَبْعَثُ اللّٰهُ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ كَأَنَّهُ عُرْوَةُ بْنُ مَسْعُوْدٍ ،فَيَطْلُبُهُ فَيُهْلِكُهُ ،ثُمَّ يَمْكُثُ النَّاسُ سَبْعَ سِنِيْنَ ،لَيْسَ بَيْنَ اثْنَيْنِ عَدَاوَةٌ ،ثُمَّ يُرْسِلُ اللّٰهُ رِيْحًا بَارِدَةً مِنْ قِبَلِ الشَّأْمِ، فَلَا يَبْقٰى عَلٰى وَجْهِ الْأَرْضِ أَحَدٌ فِىْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنْ خَيْرٍ أَوْ إِيْمَانٍ إِلَّا قَبَضَتْهُ ،حَتّٰى لَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ دَخَلَ فِىْ كَبِدِ جَبَلٍ لَدَخَلَتْهُ عَلَيْهِ ،حَتّٰى تَقْبِضَهُ ،قَالَ: سَمِعْتُهَا مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ،قَالَ :فَيَبْقٰى شِرَارُ النَّاسِ فِىْ خِفَّةِ الطَّيْرِ وَأَحْلَامِ السِّبَاعِ لَا يَعْرِفُوْنَ مَعْرُوْفًا، وَلَا يُنْكِرُوْنَ مُنْكَرًا ،فَيَتَمَثَّلُ لَهُمُ الشَّيْطَانُ ،فَيَقُوْلُ: أَلَا تَسْتَجِيْبُوْنَ فَيَقُوْلُوْنَ فَمَا تَأْمُرُنَا ،فَيَأْمُرُهُمْ بِعِبَادَةِ الْأَوْثَانِ ،وَهُمْ فِىْ ذٰلِكَ دَارٌّ رِزْقُهُمْ ،حَسَنٌ عَيْشُهُمْ ،ثُمَّ يُنْفَخُ فِى الصُّوْرِ، فَلَا يَسْمَعُهُ أَحَدٌ إِلَّا أَصْغٰى لِيْتًا ،وَرَفَعَ لِيْتًا ،قَالَ: وَأَوَّلُ مَنْ يَّسْمَعُهُ رَجُلٌ يَلُوْطُ حَوْضَ إِبِلِهٖ ،قَالَ: فَيَصْعَقُ وَيَصْعَقُ النَّاسُ ثُمَّ يُرْسِلُ اللّٰهُ أَوْ قَالَ يُنْزِلُ اللّٰهُ مَطَرًا ،كَأَنَّهُ الطَّلُّ أَوِ الظِّلُّ ،نُعْمَانُ الشَّاكُّ ،فَتَنْبُتُ مِنْهُ أَجْسَادُ النَّاسِ ،ثُمَّ يُنْفَخُ فِيْهِ أُخْرٰى ،فَإِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ، ثُمَّ يُقَالُ :يَا أَيُّهَا النَّاسُ هَلُمَّ إِلٰى رَبِّكُمْ "وَقِفُوْهُمْ إِنَّهُمْ مَسْئُوْلُوْنَ" قَالَ :ثُمَّ يُقَالُ أَخْرِجُوْا بَعْثَ النَّارِ ،فَيُقَالُ مِنْ كَمْ؟ فَيُقَالُ مِنْ كُلِّ أَلْفٍ تِسْعَ مِائَةٍ وَتِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ، قَالَ: فَذَاكَ يَوْمَ "يَجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا" وَذٰلِكَ "يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ "(صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٤٠ "١١٦" كتاب

الفتن وأشراط الساعة، باب في خروج الدجال ومكثه في الأرض، ونزول عيسى وقتله إياه الخ)

ترجمہ: اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دجال میری امت میں ظاہر ہوگا، پس چالیس کے عرصے تک رہے گا، میں نہیں جانتا کہ اس سے چالیس دن مراد ہیں یا چالیس مہینے یا، چالیس سال، پھر اللہ، عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کو بھیجے گا، جو عروہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے مشابہ ہوں گے، پھر عیسیٰ علیہ السلام دجال کا تعاقب کرکے اسے ہلاک کرڈالیں گے، پھر لوگوں پر سات سال کا عرصہ ایسا (امن، اطمینان، سکون وخوشحالی والا) گزرے گا کہ دو آدمیوں کے درمیان بھی کوئی بغض وعداوت نہ ہوگی، پھر اللہ ایک ٹھنڈی ہوا شام کی طرف سے بھیجے گا، تو اس ہوا کے اثر سے روئے زمین پر کوئی ایک آدمی بھی ایسا نہ بچے گا، جس کے دل میں ذرہ برابر بھی بھلائی ہو، یا یہ فرمایا کہ ایمان ہو (اچھے اور مومن لوگ سب فوت ہوجائیں گے) حتیٰ کہ اگر کوئی پہاڑ کی کھوہ اور غار وسرنگ میں بھی جا گھسے گا، تو یہ ہوا وہاں بھی اسے آن لے گی، یہاں تک کہ وہ فوت ہوجائے گا۔

(عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے) فرمایا کہ میں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر دنیا میں بُرے اور شریر لوگ ہی باقی رہ جائیں گے، جن کے پرندوں جیسے (معمولی وحقیر) حوصلے ہوں گے اور درندوں جیسی ان کی عقل اور سوچ ہوگی (بگاڑ وفساد، چیر پھاڑ، لوٹ مار والی سوچ اور ذہنیت ہوگی) ان کے نزدیک نہ اچھائی کی کوئی قدر وقیمت ہوگی اور نہ برائی کی کوئی قیمت، پھر شیطان انسانی شکل میں آکر ان سے کہے گا کیا تم کہا نہیں مانتے (حکم قبول نہیں کرتے) وہ پوچھیں گے کہ آپ ہمیں کیا حکم فرماتے ہیں؟ شیطان انہیں بتوں کے پوجنے کا حکم کرے گا اور وہ لوگ پھر اسی حالت پر قائم

ہو جائیں گے (یعنی بت پرستی پر) رزق وروزی کی ان پر خوب کشائش وفراوانی ہوگی، بڑی خوش عیش والی زندگی اور گزر بسران کو حاصل ہوگی (یہ سب امتحان و آزمائش اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے ڈھیل کے طور پر ہوگا) پھر صور پھونکا جائے گا، پس جو بھی اس کو سُنے گا، وہ حواس باختہ ہوکر خوف ودہشت وبدحواسی سے سر کو اوپر نیچے جھٹکے گا (یا سر کو جھکائے گا اور اٹھائے گا) اور وہ پہلا آدمی جو صورِ اسرافیل کو سنے گا، وہ اپنے اونٹوں کے پانی چارے کے حوض کو لیپ رہا ہوگا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ آدمی بے ہوش ہو جائے گا اور سب لوگ بے ہوش ہو جائیں گے، پھر اللہ ایک بارش بھیجے گا، یا بارش برسائے گا، پھوار، یا شبنم نما بارش (نعمان راوی کو شک ہے کہ طل کہا، یا ظل) تو اس سے لوگوں کے اجسام اُگ پڑیں گے (جیسا کہ نبات زمین سے اُگتا ہے) پھر دوبارہ صور پھونکا جائے گا، تو سب لوگ کھڑے دیکھ رہے ہوں گے، پھر حکم ہوگا کہ اے لوگو! اپنے رب کی طرف آؤ (قرآن میں اس کا یوں ذکر ہے) ''**وقفوھم انھم مسئولون**'' کہ ان کو ٹھہراؤ، ان سے پوچھ گچھ ہوگی، نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کہ پھر حکم ہوگا کہ آگ میں بھیجے جانے والوں کو نکالو! پوچھا جائے گا کتنوں میں سے کتنے؟ حکم ہوگا کہ ہر ہزار میں سے نوسو ننانوے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ وہ دن ہوگا، جس کے بارے میں قرآن میں فرمایا کہ وہ بچوں کو بوڑھا کردے گا، اور اس دن پنڈلی (اللہ کی مخصوص شان وصفت) ظاہر کی جائے گی (مسلم)

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ایک حدیث میں یہ بات مذکور ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اس امت کے شروع میں ہوں، اور عیسیٰ علیہ السلام آخر میں ہوں گے،

اورمہدی درمیان میں ہوں گے (اس کو ابنِ عساکر نے روایت کیا ہے) ۱؎

اور اس حدیث کو بعض حضرات نے ضعیف، اور بعض نے منکر کہا ہے، کیونکہ اس میں مہدی، اور عیسیٰ کے زمانوں کو ایک دوسرے سے فاصلہ پر کہا گیا ہے، اور یہ بات معلوم ہے کہ مہدی، حضرت عیسیٰ کے زمانہ سے متصل ہوں گے۔

لیکن اگر وسط سے مطلق درمیان کا زمانہ مراد لیا جائے، تو پھر یہ اشکال باقی نہیں رہتا۔ ۲؎

۱؎ أحمد بن محمد بن عبيد الله أبو بكر حدث عن أبي الطيب طاهر بن على الطبراني روى عنه أبو الحسين بن المظفر كتب إلى أبو طالب الحسين بن محمد بن على الزينبي وحدثنا أبو طاهر إبراهيم بن الحسن الفقيه عنه أنا أبو القاسم على بن المحسن بن على التنوخي نا أبو الحسين محمد بن المظفر بن موسى من لفظه نا أبو بكر أحمد بن محمد بن عبيد الله الدمشقي أخبرني طاهر بن على نا على بن هاشم نا ابن الهيثم نا محمد بن إبراهيم أن أمير المؤمنين أبا جعفر حدثه عن أبيه عن ابن عباس أن رسول الله (صلى الله عليه وسلم) قال كيف تهلك أمك أنا أولها وعيسى في آخرها والمهدى من أهل بيتي في وسطها (تاريخِ دمشق، لابنِ عساكر، ج۵، ص۳۹۵، تحت رقم الترجمة ۱۶۹، حرف الالف)

أخبرنا أبو القاسم الشحامى أنبأنا أبو سعد الجنزرودى أنبأنا أبو أحمد محمد بن محمد أخبرني أبو الطيب أحمد بن عبد الله الدارمي بأنطاكية حدثنا يمان بن سعيد حدثنا خالد بن يزيد القشيرى حدثنا محمد بن إبراهيم الهاشمي عن أبي جعفر أمير المؤمنين عبد الله بن محمد عن أبيه عن ابن عباس قال قال رسول الله (صلى الله عليه وسلم) كيف تهلك أمة أنا أولها وعيسى بن مريم آخرها والمهدى من أهل بيتي في وسطها (تاريخِ دمشق، لابنِ عساكر، ج۴۷، ص۵۲۱، ۵۲۲، تحت رقم الترجمة ۵۵۱۹، حرف العين)

۲؎ قال الالباني:

كيف تهلك أمة أنا أولها، وعيسى آخرها، والمهدى في وسطها ."

منكر

رواه ابن عساكر (2/95/2) عن أحمد بن محمد بن عبيد الله الدمشقي :أخبرني طاهر ابن على :نا على بن هاشم :نا أبو الهيثم محمد بن إبراهيم أن أمير المؤمنين أبا جعفر حدثه عن أبيه عن ابن عباس مرفوعا.

قلت :وهذا سند مظلم، أحمد هذا أورده ابن عساكر بهذا الحديث، ولم يذكر فيه جرحا ولا تعديلا.

وطاهر بن على؛ هو الطبراني؛ لم أعرفه.

وأبو جعفر؛ هو الخليفة العباسي المشهور، لا يعرف حاله في الرواية.

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

عائشہ وابنِ عمر رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ جَهْدًا ،يَكُوْنُ بَيْنَ يَدَىِ الدَّجَّالِ، فَقَالُوْا:أَيُّ الْمَالِ خَيْرٌ يَوْمَئِذٍ؟قَالَ:غُلَامٌ شَدِيْدٌ يَسْقِيْ أَهْلَهُ الْمَاءَ،وَأَمَّا الطَّعَامُ فَلَيْسَ،قَالُوْا:فَمَا طَعَامُ الْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَئِذٍ؟قَالَ: اَلتَّسْبِيْحُ وَالتَّكْبِيْرُ وَالتَّحْمِيْدُ وَالتَّهْلِيْلُ،قَالَتْ عَائِشَةُ:فَأَيْنَ الْعَرَبُ يَوْمَئِذٍ؟قَالَ:اَلْعَرَبُ يَوْمَئِذٍ قَلِيْلٌ (مسند احمد،رقم الحديث ٢٤٤٦٧)

ترجمہ:رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کے سامنے مشقت اور جوجہد والے حالات کا ذکر فرمایا،لوگوں نے عرض کیا کہ اس زمانہ میں کونسا مال سب سے بہتر ہوگا؟تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب میں فرمایا کہ وہ لڑکا جو اپنے گھر والوں کو پانی پلائے گا،اور کھانا،اس وقت موجود نہیں ہوگا،لوگوں نے عرض کیا کہ

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

وأبو الهيثم محمد بن إبراهيم لعله محمد بن إبراهيم المعروف بالإمام ابن محمد ابن على بن عبد الله بن عباس؛ ترجمه الخطيب (386 - 1/384) ، وذكر أنه روى العلم عن جماعة، منهم عمه أبو جعفر المنصور، ولم يذكر فيه جرحا ولا تعديلا.

ثم تأكد لدى أنه هو حين رأيت ابن عساكر رواه فى مكان آخر (14/53/2) من طريق خالد بن يزيد القشيرى :حدثنا محمد بن إبراهيم الهاشمى به.

والحديث منكر عندى، لأن ظاهره أن بين المهدى وعيسى سنين كثيرة مع أنه صح فى غير ما حديث أنهما يلتقيان فى دمشق، ويأتم عيسى بالمهدى عليهما السلام، فكيف يقال :إن المهدى فى وسطها وعيسى فى آخرها؟ !

والحديث رواه ابن عساكر أيضا من طريق عبد الوهاب بن الضحاك :حدثنا إسماعيل بن عياش عن صفوان بن عمروعن عبد الرحمن بن نفير عن كثير بن مرة عن عبد الله بن عمروبن العاص مرفوعا به، دون الجملة الوسطى . وهذا وإن كان أقرب إلى الصواب؛ فإنه ضعيف جدا، فإن عبد الوهاب قال فيه أبوحاتم ":كذاب "(سلسلة الاحاديث الضعيفة،تحت رقم الحديث ٢٣٤٩)

مومنوں کا کھانا، اس وقت کیا ہوگا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ”تسبیح، تکبیر، تحمید، اور تہلیل“ کا ذکر کرنا ہوگا، عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ اس زمانہ میں اہلِ عرب کہاں ہوں گے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر فرمایا کہ عرب اس وقت کم ہوں گے (مسند احمد)

اس حدیث کی سند کو بعض اہلِ علم حضرات نے ضعیف کہا ہے۔ [1]

اور حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ طَعَامِ الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْ زَمَنِ الدَّجَّالِ، قَالَ: طَعَامُ الْمَلَائِكَةِ قَالُوْا: وَمَا طَعَامُ الْمَلَائِكَةِ؟ قَالَ: طَعَامُهُمْ مَنْطِقُهُمْ بِالتَّسْبِيْحِ وَالتَّقْدِيْسِ، فَمَنْ كَانَ مَنْطِقُهُ يَوْمَئِذٍ اَلتَّسْبِيْحَ وَالتَّقْدِيْسَ أَذْهَبَ اللّٰهُ عَنْهُ الْجُوْعَ، فَلَمْ يَخْشَ جُوْعًا (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۵۶۱، کتاب الفتن والملاحم)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دجال کے زمانہ میں مومنوں کے کھانے کے بارے میں سوال کیا گیا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فرشتوں والا کھانا ہوگا، لوگوں نے عرض کیا کہ فرشتوں کا کھانا کیا ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان کا کھانا، اللہ کی تسبیح اور تقدیس کرنا ہے، پس اس زمانہ میں جس

---

[1] قال شعیب الارنؤوط:
إسناده فيه ضعفٌ وانقطاع .علي بن زيد -وهو ابنُ جُدعان -ضعيف، الحسن -وهو البصري -لم يصحَّ له سماعٌ من عائشة فيما ذكر المزيُّ في تهذيب الكمال ."وبقية رجال الإسناد ثقات رجال الشيخين، غير حماد -وهو بن سلمة -فمن رجال مسلم.
عبد الصمد :هو ابنُ عبد الوارث العنبري.
وأخرجه أبو يعلى (4607) عن عبد الله بن معاوية، عن حماد بن سلمة، هذا الإسناد.
وسيأتي برقم (24944).
وفي الباب عن أسماء بنت يزيد، سيرد 6/ 454 - 453 مطولاً .وفي إسناده هر بن حوشب (حاشية مسند احمد)

کی زبان پر اللہ کی تسبیح وتقدیس ہوگی، تو اس سے اللہ بھوک کو مٹادے گا، پھر اس کو بھوک کا خوف نہ ہوگا (حاکم)

امام حاکم نے اگرچہ اس حدیث کی سند کو صحیح کہا ہے، لیکن امام ذہبی نے سعید راوی کی وجہ سے شدید کمزور کہا ہے۔ [1]

اسماء بنتِ یزید انصاریہ رضی اللہ عنہا کی حدیث

حضرت اسماء بنت یزید انصاریہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَيْتِيْ فَذَكَرَ الدَّجَّالَ ، فَقَالَ: إِنَّ بَيْنَ يَدَيْهِ ثَلَاثَ سِنِيْنَ: سَنَةٌ تُمْسِكُ السَّمَاءُ ثُلُثَ قَطْرِهَا، وَالْأَرْضُ ثُلُثَ نَبَاتِهَا، وَالثَّانِيَةُ تُمْسِكُ السَّمَاءُ ثُلُثَيْ قَطْرِهَا، وَالْأَرْضُ ثُلُثَيْ نَبَاتِهَا، وَالثَّالِثَةُ تُمْسِكُ السَّمَاءُ قَطْرَهَا كُلَّهُ، وَالْأَرْضُ نَبَاتَهَا كُلَّهُ، فَلَا تَبْقٰى ذَاتُ ظِلْفٍ وَلَا ذَاتُ ضِرْسٍ مِنَ الْبَهَائِمِ إِلَّا هَلَكَتْ، وَإِنَّ مِنْ أَشَدِّ النَّاسِ فِتْنَةً أَنَّهُ يَأْتِي الْأَعْرَابِيَّ فَيَقُوْلُ: أَرَأَيْتَ إِنْ أَحْيَيْتُ لَكَ إِبِلًا، أَلَسْتَ تَعْلَمُ أَنِّيْ رَبُّكَ؟ قَالَ: فَيَقُوْلُ: بَلٰى، فَيَتَمَثَّلُ لَهُ الشَّيْطَانُ نَحْوَ إِبِلِهِ كَأَحْسَنِ مَا تَكُوْنُ ضُرُوْعًا، وَأَعْظَمِهِ أَسْنِمَةً، قَالَ: وَيَأْتِي الرَّجُلَ قَدْ مَاتَ أَخُوْهُ وَمَاتَ أَبُوْهُ، فَيَقُوْلُ: أَرَأَيْتَ إِنْ أَحْيَيْتُ لَكَ أَبَاكَ وَأَحْيَيْتُ لَكَ أَخَاكَ، أَلَيْسَ تَعْلَمُ أَنِّيْ رَبُّكَ؟ فَيَقُوْلُ بَلٰى، فَيَتَمَثَّلُ لَهُ الشَّيْطَانُ نَحْوَ أَبِيْهِ

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد على شرط مسلم، ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: كلا، فسعيد متهم تالف.
وقال الالباني: ضعيف جدا: أخرجه الحاكم (511 /4) عن سعيد بن سنان، عن أبي الزاهرية، عن كثير بن مرة، عن ابن عمر مرفوعا .وقال: "صحيح الإسناد ."ورده الذهبي بقوله ": قلت : كلا؛ فسعيد متهم تالف." (سلسلة الاحاديث الضعيفة، تحت رقم الحديث ۳۸۲۵)

وَنَحْوَ أَخِيهِ، قَالَتْ: ثُمَّ خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَاجَةٍ لَهُ ثُمَّ رَجَعَ، قَالَتْ: وَالْقَوْمُ فِي اهْتِمَامٍ وَغَمٍّ مِمَّا حَدَّثَهُمْ بِهِ، قَالَتْ: فَأَخَذَ بِلُحْمَتَيِ الْبَابِ، وَقَالَ: مَهْيَمْ أَسْمَاءُ، قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَقَدْ خَلَعْتَ أَفْئِدَتَنَا بِذِكْرِ الدَّجَّالِ، قَالَ: إِنْ يَخْرُجْ وَأَنَا حَيٌّ فَأَنَا حَجِيجُهُ، وَإِلَّا فَإِنَّ رَبِّي خَلِيفَتِي مِنْ بَعْدِي عَلٰى كُلِّ مُؤْمِنٍ، قَالَتْ أَسْمَاءُ: فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَاللّٰهِ إِنَّا لَنَعْجِنُ عَجِينَتَنَا فَمَا نَخْبِزُهَا حَتّٰى نَجُوعَ، فَكَيْفَ بِالْمُؤْمِنِينَ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: يُجْزِئُهُمْ مَا يُجْزِئُ أَهْلَ السَّمَاءِ مِنَ التَّسْبِيحِ وَالتَّقْدِيسِ (المصنف لعبدالرزاق، رقم الحديث ٢٠٨٢١، الجامع لمعمر بن راشد، باب أشراط الساعة، باب الدجال)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے گھر میں تشریف فرما تھے، وہاں آپ نے دجال کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ دجال کے نکلنے سے پہلے کے تین سال (ایسے) ہوں گے کہ پہلے سال میں آسمان ایک تہائی بارش اور زمین ایک تہائی پیداوار کو روک لے گی، دوسرے سال میں آسمان دو تہائی بارش اور زمین دو تہائی پیداوار کو روک لے گی، اور تیسرے سال میں آسمان مکمل بارش اور زمین مکمل پیداوار کو روک لے گی، اور کوئی ڈاڑھ والا، یا کھر والا جانور نہ بچے گا، سب ہلاک ہوجائیں گے، اور بلاشبہ سب سے سخت (بڑی) آزمائش (دجال کی طرف سے) یہ ہوگی کہ اس کے پاس ایک دیہاتی آدمی آئے گا، تو دجال اسے کہے گا کہ اگر میں تیرے لیے تیرے (مرے ہوئے) اونٹ کو زندہ کردوں، تو کیا تو (پھر بھی) نہ جانے گا (اور نہ مانے گا) کہ میں تیرا رب ہوں، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ آدمی جواب دے گا، کہ کیوں نہیں (ضرور مانوں گا) تو شیطان اس کے اونٹ کی شکل میں متشکل ہوجائے گا کہ بہترین تھنون والا ایک

بہترین اونٹ (جیسا کہ اس کا تھا) کھڑا ہوگا۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اور ایک آدمی آئے گا، جس کے بھائی اور باپ مر چکے ہوں گے، تو شیطان اسے کہے گا کہ تیری کیا رائے ہے کہ اگر میں تیرے لیے تیرے باپ اور تیرے بھائی کو زندہ کردوں، تو کیا تو نہ جانے گا (اور نہ مانے گا) کہ میں تیرا رب ہوں، تو وہ کہے گا کہ کیوں نہیں! تو شیطان اس کے باپ اور بھائی کی شکل میں متشکل ہوجائے گا۔

حضرت اسماء رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے کسی کام سے باہر تشریف لے گئے، واپس آئے تو دیکھا کہ لوگ دجال سے متعلق آپ کی بیان کردہ حدیث سے کافی غمگین نظر آرہے ہیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دروازے کے دونوں کواڑ پکڑ کر فرمایا کہ اے اسماء! کیا بات ہے؟ میں نے عرض کیا کہ دجال کا ذکر کرکے تو آپ نے ہمارے دل کھینچ لیے ہیں (اور ہمیں بہت خوف محسوس ہورہا ہے) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر وہ میری زندگی میں نکلا، تو میں اس سے مقابلہ کروں گا، ورنہ میرے بعد ہر مسلمان کا محافظ ''اللہ'' ہے، حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! اللہ کی قسم، ہم تو آٹا گوندھتے ہیں، روٹی پکا کر کھانے نہیں پاتے کہ بھوک لگ جاتی ہے، اس وقت مومنوں کا کیا حال ہوگا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان کو آسمان والوں (فرشتوں) کی طرح تسبیح وتقدیس ہی کافی ہوگی (مصنف عبدالرزاق)

اس حدیث کو عبدالرزاق سے امام احمد نے بھی روایت کیا ہے۔ [1]

---

[1] كان رسول الله صلى الله عليه وسلم في بيتي، فذكر الدجال، فقال: " إن بين يديه ثلاث سنين، سنة تمسك السماء ثلث قطرها، والأرض ثلث نباتها، والثانية تمسك السماء ثلثي قطرها، والأرض ثلثي نباتها، والثالثة تمسك السماء قطرها كله، والأرض نباتها كله، فلا يبقى ذات ضرس، ولا ذات ظلف من البهائم، إلا هلكت،

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

لیکن اس حدیث کی سند میں ''شہر بن حوشب'' نام کے راوی موجود ہیں، جن کو بہت سے محدثین نے ضعیف قرار دیا ہے۔ [1]

نیز اس حدیث کو تھوڑے فرق کے ساتھ امام طبرانی نے بھی روایت کیا ہے۔ [2]

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

وإن أشد فتنة: يأتي الأعرابي فيقول: أرأيت إن أحييت لك إبلك، ألست تعلم أني ربك؟ "قال: " فيقول بلى، فتمثل الشياطين له نحو إبله، كأحسن ما تكون ضروعها، وأعظمه أسنمة ."قال: " ويأتي الرجل قد مات أخوه ومات أبوه فيقول: أرأيت إن أحييت لك أباك، وأحييت لك أخاك، ألست تعلم أني ربك؟ "فيقول: بلى، فتمثل له الشياطين نحو أبيه، ونحو أخيه ."قالت: ثم خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم لحاجة له، ثم رجع، قالت: والقوم في اهتمام وغم مما حدثهم به .قالت: فأخذ بلحمتي الباب، وقال: " مهيم أسماء؟ "قالت: قلت: يا رسول الله، لقد خلعت أفئدتنا بذكر الدجال، قال: " وإن يخرج وأنا حي، فأنا حجيجه، وإلا، فإن ربي خليفتي على كل مؤمن ."قالت أسماء: يا رسول الله، إنا والله لنعجن عجينتنا، فما نختبزها حتى نجوع، فكيف بالمؤمنين يومئذ؟ قال: " يجزيهم ما يجزى أهل السماء من التسبيح والتقديس "(مسند احمد، رقم الحديث ٢٧٥٦٩)

[1] قال شعيب الارنؤوط:قوله" :إن يخرج الدَّجَّال وأنا حيٌّ، فأنا حجيجُه :"صحيح لغيره، وهذا إسناد ضعيف لضعف شَهْر بن حوشب، وبقية رجاله ثقات(حاشية مسند احمد)

وقال الهيثمي:وفيه شهر بن حوشب وفيه ضعف وقد وثق(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ١٢٥٢٧، باب ما جاء في الدجال)

[2] عن شهر بن حوشب، عن أسماء بنت يزيد، أنها سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو بين ظهراني أصحابه يقول: " أحذركم المسيح وأنذركموه، وكل نبي قد حذر قومه، وهو فيكم أيتها الأمة، وسأحكي لكم من نعته ما لم يحك الأنبياء قبلي لقومهم: يكون قبل خروجه سنون خمس جدب حتى يهلك كل ذي حافر "فناداه رجل فقال: يا رسول الله فبم يعيش المؤمنون؟ قال: " بما يعيش به الملائكة، ثم يخرج وهو أعور وليس الله بأعور، وبين عينيه كافر يقرؤه كل مؤمن كاتب وغير كاتب، أكثر من يتبعه اليهود والنساء والأعراب، يرون السماء تمطر وهي لا تمطر، والأرض تنبت وهي لا تنبت، ويقول للأعراب: ما تبغون مني؟ ألم أرسل السماء عليكم مدرارا؟ وأحيي لكم أنعامكم شاخصة دراها، خارجة خواصرها، دارة ألبانها؟ وتبعث معه الشياطين على صورة من قد مات من الآباء والإخوان والمعارف، فيأتي أحدهم إلى أبيه أو أخيه أو ذوي رحمه فيقول: ألست فلانا؟ ألست تعرفني؟ هو ربك فاتبعه، يعمر أربعين سنة، السنة الأولى كالشهر، والشهر كالجمعة، والجمعة كاليوم، واليوم كالساعة والساعة

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

جس میں بعض دوسری صحیح احادیث کے خلاف بھی باتیں موجود ہیں۔ [1]

معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُمْرَانُ بَيْتِ الْمَقْدِسِ، خَرَابُ يَثْرِبَ، وَخَرَابُ يَثْرِبَ، خُرُوْجُ الْمَلْحَمَةِ، وَخُرُوْجُ الْمَلْحَمَةِ فَتْحُ قُسْطَنْطِيْنِيَّةَ، وَفَتْحُ الْقُسْطَنْطِيْنِيَّةِ خُرُوْجُ الدَّجَّالِ ،ثُمَّ ضَرَبَ بِيَدِهٖ عَلٰى فَخِذِ الَّذِیْ حَدَّثَهٗ أَوْ مَنْكِبِهٖ، ثُمَّ قَالَ إِنَّ هٰذَا لَحَقٌّ كَمَا أَنَّكَ هَاهُنَا أَوْ كَمَا أَنَّكَ قَاعِدٌ يَعْنِیْ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ (ابوداؤد، رقم الحديث ۴۲۹۴، كتاب الملاحم، باب فی أمارات الملاحم)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بیت المقدس کا آباد ہونا، یثرب (یعنی مدینہ) کی خرابی کا باعث ہوگا، اور مدینہ کی خرابی جنگِ عظیم کا باعث بنے گی، اور جنگِ عظیم فتحِ قسطنطنیہ کا سبب ہوگی، اور فتحِ قسطنطنیہ دجال کے نکلنے کا سبب بنے گی، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث بیان کرنے والے (یعنی حضرت معاذ) کی ران، یا کندھے پر ہاتھ مار کر فرمایا کہ یہ سب اسی طرح حقیقت ہے، جس طرح تم یہاں ہو (یا یہ فرمایا) جیسے تم بیٹھے ہو، یعنی معاذ بن جبل (ابوداود)

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

كاحتراق السعفة فی النار، يرد كل منهل إلا المسجدين "، ثم قام رسول الله صلى الله عليه وسلم يتوضأ، فسمع بكاء الناس وشهيقهم، فرجع إليهم فقام بين أظهرهم فقال: أبشروا، فإن يخرج وأنا بين أظهركم فالله كافيكم ورسوله، وإن يخرج بعدی فالله خليفتی على كل مسلم(المعجم الكبير للطبرانی،ج۲۴ص ۱۶۹ ،رقم الحديث۱۹۹۰۳)

[1] قال الهيثمی: رواه الطبرانی وفيه شهر بن حوشب ولا يحتمل مخالفته للاحاديث الصحيحة انه يلبث فی الارض أربعين يوما وفی هذا أربعين سنة ، وبقية رجاله ثقات . (مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ۱۲۵۳۵ ،باب ما جاء فی الدجال)

لیکن بعض محدثین کی تصریح کے مطابق اس حدیث کی سند ضعیف ہے۔ ۱

البتہ اس طرح کی حدیث کو موقوف طریقہ پر امام حاکم نے بھی روایت کیا ہے، اور اس کی سند کو صحیح کہا ہے۔ ۲

---

۱ قال شعيب الارنؤوط:

حديث ضعيف .عبد الرحمن بن ثابت بن ثوبان حسن الحديث إذا لم يأت بما بنكر أو ينفرد بما لا أصل له، وقد تفرد بهذا الحديث ولا يحتمل تفرد مثله به، ولهذا عدَّه الحافظ الذهبى فى ترجمته من "الميزان "فى جملة مناكيره، على أنه اختلف عليه فى إسناده، كما سيأتى .ومع ذلک جود إسناده ابن كثير فى "النهاية!!94 /1 "

وأخرجه أبو القاسم البغوى فى "الجعديات "(3530)، والطحاوى فى "شرح مشكل الآثار "(520) والطبرانى فى "الكبير /20 "(214)، وأبو محمَّد البغوى فى "شرح السنة "(4252)، وابن عساكر فى "تاريخ دمشق 520 /56 "من طريق على بن الجعد، والطحاوى (519) من طريق الهيثم بن جميل، وابن أبى شيبة 135 /15، والخطيب البغدادى فى ""تاريخه 223 /10 "من طريق أبى النضر هاشم بن القاسم، ثلاثتهم عن عبد الرحمن بن ثابت بن ثوبان، بهذا الإسناد.

وأخرجه أبو عمرو الدانى فى "السنن الواردة فى الفتن "(459 و 489) من طريق شريح بن عبيد، عن ابن ثوبان، عن أبيه، عن مكحول، عن مالک بن يخامر، عن معاذ، فأسقط من إسناده جبير بن نُفير .

وأخرجه أحمد (22023) عن زيد بن الحباب، عن ابن ثوبان، عن أبيه، عن مكحول، عن معاذ بن جبل .فأعضل الإسناد.

وخالف عبد الرحمن بن ثابت بن ثوبان فى إسناده ومتنه عبدُ الرحمن بنُ يزيد بن جابر وهو ثقة، عند البخارى فى "التاريخ الكبير193 /5 "، والحاكم 421 - 420 /4

فقد روى من طريقين، عنه، عن مكحول، عن عبد الله بن مُحيريز، أن معاذ بن جبل كان يقول ... :فذكره موقوفاً .وابن محيريز لم يسمع من معاذ(حاشية سنن ابى داود)

۲ فحدثنا أبو العباس محمد بن يعقوب، أنبأ العباس بن الوليد بن مزيد البيروتى، ثنا محمد بن شعيب بن شابور، ثنا عبد الرحمن بن يزيد بن جابر، عن مكحول، عن عبد الله بن محيريز، أن معاذ بن جبل، كان يقول: عمران بيت المقدس، خراب يثرب، وخراب يثرب، حضور الملحمة، وحضور الملحمة فتح القسطنطينية، وفتح القسطنطينية، خروج الدجال قال: ثم ضرب معاذ على منكب عمر بن الخطاب، فقال: والله إن ذلک لحق كما أنک جالس(المستدرک للحاكم،رقم الحديث ٨٢٩٧)

قال الحاكم:هذا الحديث وإن كان موقوفا فإن إسناده صحيح على شرط الرجال، وهو اللائق بالمسند الذى تقدمه .

وقال الذهبى فى التلخيص:صحيح موقوف.

www.idaraghufran.org

معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی ایک اور حدیث

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: اَلْمَلْحَمَۃُ الْکُبْرٰی وَفَتْحُ الْقُسْطَنْطِیْنِیَّۃِ وَخُرُوْجُ الدَّجَّالِ فِیْ سَبْعَۃِ أَشْھُرٍ (سنن ابی داؤد، رقم الحدیث ۴۲۹۵، کتاب الملاحم، باب فی تواتر الملاحم)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جنگِ عظیم، اور فتحِ قسطنطنیہ، اور دجال کا خروج سات مہینوں میں ہوگا (ابوداود)

تاہم مذکورہ حدیث بھی سند کے اعتبار سے ضعیف ہے۔ [1]

عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ کی حدیث

اور سنن ابنِ ماجہ میں حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ کی سند سے روایت ہے کہ:

''جنگِ عظیم، اور شہر (قسطنطنیہ) کی فتح چھ سال میں ہوگی، اور ساتویں سال میں دجال کا خروج ہوگا'' [2]

لیکن اس حدیث کی سند میں بھی ضعف پایا جاتا ہے، اور ضعیف حدیث، عقائد کے سلسلہ میں معتبر نہیں ہوا کرتی۔ [3]

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسناده ضعیف لضعف أبی بکر بن أبی مریم والولید بن سفیان، ولجهالة یزید بن قُطیب .أبو بحریة :هو عبد الله بن قیس (حاشیة سنن ابی داود)

[2] حدثنا سوید بن سعید، حدثنا بقیة، عن بحیر بن سعد، عن خالد بن أبی بلال ،عن عبد الله بن بسر، قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: " بین الملحمة وفتح المدینة ست سنین، ویخرج الدجال فی السابعة "(سنن ابنِ ماجه، رقم الحدیث ۴۰۹۳، ابواب الفتن، باب الملاحم)

[3] قال شعیب الارنؤوط: إسناده ضعیف لضعف بقیة -وهو ابن الولید الحمصی -وسوید بن سید .ولجهالة ابن أبی بلال -والصواب فی اسمه عبد الله .-وقال الحافظ ابن کثیر فی "النهایة :1/97"هذا مشکل مع الذی قبله -یعنی حدیث معاذ السابق(حاشیة سنن ابنِ ماجه)

عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَا أَهْبَطَ اللّٰهُ إِلَى الْأَرْضِ مُنْذُ خَلَقَ آدَمَ إِلٰى أَنْ تَقُوْمَ السَّاعَةُ، فِتْنَةً أَعْظَمَ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ، وَقَدْ قُلْتُ فِيْهِ قَوْلًا لَمْ يَقُلْهُ أَحَدٌ قَبْلُ:إِنَّهُ آدَمُ، جَعْدٌ، مَمْسُوْحُ عَيْنِ الْيَسَارِ، عَلٰى عَيْنِهٖ طَفْرَةٌ غَلِيْظَةٌ،وَإِنَّهٗ يُبْرِءُ الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ، وَيَقُوْلُ: أَنَا رَبُّكُمْ، فَمَنْ قَالَ:رَبِّيَ اللّٰهُ، فَلَا فِتْنَةَ عَلَيْهِ،وَمَنْ قَالَ:أَنْتَ رَبِّيْ، فَقَدِ افْتُتِنَ،يَلْبَثُ فِيْكُمْ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ يَنْزِلُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،وَعَلٰى مِلَّتِهٖ مَاتَ، إِمَامًا مَهْدِيًّا، وَحَكَمًا عَدْلًا، فَيَقْتُلُ الدَّجَّالَ (المعجم الاوسط، للطبرانی، رقم الحديث ۴۵۸۰، باب العين)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدم علیہ السلام کی پیدائش سے لے کر قیامت قائم ہونے تک اللہ نے ایسا کوئی فتنہ نازل نہیں کیا (اور نہ کرے گا) جو دجال کے فتنہ سے زیادہ عظیم ہو، اور میں نے اس کے بارے میں ایسی باتیں (علامات) بتادی ہیں کہ مجھ سے پہلے ایسی کسی نے نہیں بتائیں، اس کا رنگ گہرا گندمی ہوگا، وہ گھٹیا اور حقیر شخص ہوگا (یا اس کے بال پیچ دار ہوں گے) بائیں آنکھ مٹی ہوئی (یعنی بے نور) ہوگی، اس کی (دائیں) آنکھ پر موٹی پھلّی ہوگی، وہ مادر زاد اندھے اور ابرص کو تندرست کردے گا، اور کہے گا کہ میں تمہارا رب ہوں، پس جو شخص کہے گا کہ میرا رب اللہ ہے، اس پر کوئی فتنہ نہ ہوگا (یعنی آئندہ ہر قسم کی ایمان شکنی سے محفوظ ہوجائے گا) اور جو شخص کہے گا کہ تو میرا رب ہے، وہ فتنہ میں

مبتلا ہو جائے گا (یعنی ایمان وکفر کے اس بڑے معرکہ وآزمائش میں وہ کفر کے بدلے ایمان کا سودا کر کے ایمان سے محروم ومردود ہو جائے گا) جب تک اللہ چاہے گا، وہ دجال تمہارے اندر رہے گا، پھر عیسیٰ ابنِ مریم نازل ہوں گے، جو محمد کی تصدیق کرتے ہوئے انہی کی شریعت پر تادمِ حیات کاربند رہیں گے، اور آپ ہدایت یافتہ امام اور حاکم عادل ہوں گے، اور دجال کو قتل کریں گے (طبرانی)

اس حدیث کی سند میں کچھ کمزوری پائی جاتی ہے۔ [1]

عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:يَكُوْنُ لِلْمُسْلِمِيْنَ ثَلَاثَةُ أَمْصَارٍ:مِصْرٌ بِمُلْتَقَى الْبَحْرَيْنِ،وَمِصْرٌ بِالْحِيرَةِ،وَمِصْرٌ بِالشَّامِ، فَيَفْزَعُ النَّاسُ ثَلَاثَ فَزَعَاتٍ،فَيَخْرُجُ الدَّجَّالُ فِيْ أَعْرَاضِ النَّاسِ،فَيُهْزَمُ مَنْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ،فَأَوَّلُ مِصْرٍ يَرِدُهُ الْمِصْرُ الَّذِىْ

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني في الكبير والأوسط ورجاله ثقات وفي بعضهم ضعف لا يضر (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٢٥٠١ ،باب ما جاء في الدجال)

وقال أبو حذيفة، نبيل بن منصور بن يعقوب بن سلطان البصارة :

قال العقيلي :لا يتابع محمد بن مروان عليه."

وقال الطبراني :لم يرو هذا الحديث عن يونس بن عبيد إلا محمد بن مروان، تفرد به عمرو بن العباس."

وقال الهيثمي :ورجاله ثقات وفي بعضهم ضعف لا يضر "المجمع .336 /7

قلت :عمرو بن العباس ترجمه البخاري وابن أبي حاتم في كتابيهما ولم يذكرا فيه جرحا ولا تعديلا، وذكره ابن حبان في "الثقات "وقال :ربما خالف.

ومحمد بن مروان مختلف فيه، وثقه أبو داود وغيره، وضعفه العقيلي وغيره.

والحسن وهو البصري مدلس ولم يذكر سماعا من عبد الله بن مغفل(انس الساري تخريج احاديث فتح الباري، ج٩، ص٦٧٦٥، تحت رقم الحديث ٤٧٧١،حرف الياء)

بِمُلْتَقَى الْبَحْرَيْنِ، فَيَصِيرُ أَهْلُهُ ثَلَاثَ فِرَقٍ: فِرْقَةٌ تَقُولُ: نُشَامُّهُ، نَنْظُرُ مَا هُوَ، وَفِرْقَةٌ تَلْحَقُ بِالْأَعْرَابِ، وَفِرْقَةٌ تَلْحَقُ بِالْمِصْرِ الَّذِي يَلِيهِمْ، وَمَعَ الدَّجَّالِ سَبْعُونَ أَلْفًا عَلَيْهِمُ السِّيجَانُ، وَأَكْثَرُ تَبَعِهِ الْيَهُودُ وَالنِّسَاءُ، ثُمَّ يَأْتِي الْمِصْرَ الَّذِي يَلِيهِ فَيَصِيرُ أَهْلُهُ ثَلَاثَ فِرَقٍ: فِرْقَةٌ تَقُولُ: نُشَامُّهُ وَنَنْظُرُ مَا هُوَ، وَفِرْقَةٌ تَلْحَقُ بِالْأَعْرَابِ، وَفِرْقَةٌ تَلْحَقُ بِالْمِصْرِ الَّذِي يَلِيهِمْ بِغَرْبِيِّ الشَّامِ.

وَيَنْحَازُ الْمُسْلِمُونَ إِلَى عَقَبَةِ أَفِيقٍ، فَيَبْعَثُونَ سَرْحًا لَهُمْ، فَيُصَابُ سَرْحُهُمْ، فَيَشْتَدُّ ذَلِكَ عَلَيْهِمْ، وَتُصِيبُهُمْ مَجَاعَةٌ شَدِيدَةٌ، وَجَهْدٌ شَدِيدٌ، حَتَّى إِنَّ أَحَدَهُمْ لَيُحْرِقُ وَتَرَ قَوْسِهِ فَيَأْكُلُهُ، فَبَيْنَمَا هُمْ كَذَلِكَ إِذْ نَادَى مُنَادٍ مِنَ السَّحَرِ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ أَتَاكُمُ الْغَوْثُ، ثَلَاثًا، فَيَقُولُ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: إِنَّ هَذَا لَصَوْتُ رَجُلٍ شَبْعَانَ، وَيَنْزِلُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ عِنْدَ صَلَاةِ الْفَجْرِ، فَيَقُولُ لَهُ أَمِيرُهُمْ: يَا رُوحَ اللَّهِ، تَقَدَّمْ صَلِّ، فَيَقُولُ هَذِهِ الْأُمَّةُ أُمَرَاءُ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ، فَيَتَقَدَّمُ أَمِيرُهُمْ فَيُصَلِّي، فَإِذَا قَضَى صَلَاتَهُ، أَخَذَ عِيسَى حَرْبَتَهُ، فَيَذْهَبُ نَحْوَ الدَّجَّالِ، فَإِذَا رَآهُ الدَّجَّالُ، ذَابَ، كَمَا يَذُوبُ الرَّصَاصُ، فَيَضَعُ حَرْبَتَهُ بَيْنَ ثَنْدُوَتِهِ، فَيَقْتُلُهُ وَيَنْهَزِمُ أَصْحَابُهُ، فَلَيْسَ يَوْمَئِذٍ شَيْءٌ يُوَارِي مِنْهُمْ أَحَدًا، حَتَّى إِنَّ الشَّجَرَةَ لَتَقُولُ: يَا مُؤْمِنُ هَذَا كَافِرٌ، وَيَقُولُ الْحَجَرُ: يَا مُؤْمِنُ هَذَا كَافِرٌ (مسند احمد، رقم الحديث ١٧٩٠٠)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ (قیامت سے پہلے) مسلمانوں کے تین شہر ہوں گے کہ ان میں سے ایک شہر (یعنی قسطنطنیہ) تو دوسمندروں کے ملنے کی جگہ پر واقع ہوگا، ایک شہر (عراق میں) حیرہ کے مقام پر ہوگا، اور ایک شہر شام میں ہوگا، پس تین مرتبہ (ایسا واقعہ پیش آئے

گا کہ) لوگ گھبرا اُٹھیں گے، پھر جلد ہی لوگوں کے برابر میں دجال نکل آئے گا، پس وہ مشرق کی طرف کے لوگوں کو شکست دے دے گا، اور سب سے پہلے اس شہر میں وارد ہوگا، جو دو سمندروں کے ملنے کی جگہ واقع ہے (یعنی قسطنطنیہ) اور اس شہر کے لوگوں کے تین گروہ ہوجائیں گے، ایک گروہ یہ کہہ کر وہیں رہ جائے گا کہ دیکھیں دجال کون ہے، اور کیا کرتا ہے؟ اور ایک گروہ دیہات میں منتقل ہوجائے گا، اور ایک گروہ اپنے سے قریب والے شہر میں منتقل ہوجائے گا، اس وقت دجال کے ساتھ ستر ہزار آدمی ہوں گے، جن کے اوپر طیلسان (ایک خاص قسم کی چادر) ہوگی، اس کے اکثر پیروکار عورتیں اور یہودی ہوں گے، پھر دجال اس شہر کے قریب والے شہر میں آئے گا، اس شہر کے باشندوں کے (بھی) تین گروہ ہوجائیں گے، ایک گروہ کہے گا کہ دیکھیں دجال کون ہے، اور کیا کرتا ہے؟ اور ایک گروہ دیہات میں چلا جائے گا، اور ایک گروہ قریب والے اس شہر میں چلا جائے گا، جو شام کی مغربی جانب میں ہوگا۔

اور (بالآخر) مسلمان افیق نامی گھاٹی کی طرف سمٹ جائیں گے، اور اپنے مویشی (چَرنے کے لیے) بھیجیں گے، جو سب کے سب ہلاک ہوجائیں گے، ان کو یہ نقصان بہت شاق گزرے گا، اور شدید بھوک اور سخت مشقت میں مبتلا ہوجائیں گے، یہاں تک کہ بعض لوگ اپنی کمان کی تانت کو جلا کر کھائیں گے، یہ اسی حال میں ہوں گے کہ سَحَر کے وقت کوئی پکارنے والا تین بار یہ آواز لگائے گا کہ ''اے لوگو! تمہارا فریادرس آ پہنچا'' یہ سن کر لوگ آپس میں کہیں گے کہ یہ تو کسی پیٹ بھرے آدمی کی آواز ہے، اور نمازِ فجر کے وقت عیسیٰ ابنِ مریم علیہ السلام نازل ہوں گے، مسلمانوں کا امیر اُن سے کہے گا کہ ''اے روح اللہ! آگے آ کر نماز پڑھایئے'' وہ فرمائیں گے کہ اس امت کے بعض لوگ بعض کے امیر ہیں (اس

لیے تم ہی نماز پڑھاؤ) پھر مسلمانوں کا امیر آگے بڑھ کر نماز پڑھائے گا، پھر عیسیٰ علیہ السلام نماز سے فارغ ہو کر اپنا حربہ (چھوٹا نیزہ، خنجر) سنبھالیں گے اور دجال کی طرف روانہ ہو جائیں گے، دجال اُن کو دیکھتے ہی رانگ (سیسہ) کی طرح پگھلنے لگے گا، پھر عیسیٰ علیہ السلام اپنا حربہ اس کے سینہ کے بیچوں بیچ مار کر اُسے قتل کرڈالیں گے، اور اس کے ساتھی شکست کھا جائیں گے، اُس دن اُن میں سے کسی کو بھی کوئی چیز اپنے پیچھے نہیں چھپائے گی، یہاں تک کہ درخت کہے گا کہ اے مؤمن! یہ کافر ہے، اور پتھر کہے گا کہ اے مؤمن! یہ کافر ہے (میری آڑ میں چھپا بیٹھا ہے، اسے قتل کر) (مسند احمد)

اس حدیث کی سند میں علی بن زید بن جدعان کو اکثر محدثین نے ضعیف قرار دیا ہے۔ [1] لیکن اس حدیث کے کئی مضامین کی دوسری احادیث وروایات سے تائید ہوتی ہے۔

سفینہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

سفینہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَلَا إِنَّهُ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ قَبْلِيْ إِلَّا قَدْ حَذَّرَ الدَّجَّالَ أُمَّتَهُ هُوَ أَعْوَرُ عَيْنِهِ الْيُسْرٰى بِعَيْنِهِ الْيُمْنٰى، ظُفُرَةٌ غَلِيْظَةٌ، مَكْتُوْبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَافِرٌ، يَخْرُجُ مَعَهُ وَادِيَانِ، أَحَدُهُمَا جَنَّةٌ، وَالْآخَرُ نَارٌ، فَنَارُهُ جَنَّةٌ، وَجَنَّتُهُ نَارٌ، مَعَهُ مَلَكَانِ مِنَ الْمَلَائِكَةِ، يُشْبِهَانِ نَبِيَّيْنِ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ لَوْ شِئْتُ سَمَّيْتُهُمَا بِأَسْمَائِهِمَا، وَأَسْمَاءِ آبَائِهِمَا، وَاحِدٌ مِنْهُمَا عَنْ يَمِيْنِهِ وَالْآخَرُ عَنْ شِمَالِهِ، وَذٰلِكَ فِتْنَةٌ،

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده ضعيف لضعف علي بن زيد :وهو ابن جدعان .أبو نضرة :هو المنذر بن مالك بن قِطعة العبدى.(حاشية مسنداحمد)

وقال الهيثمي: رواه أحمد والطبراني وفيه علي بن زيد وفيه ضعف وقد وثق، وبقية رجالهما رجال الصحيح. (مجمع الزوائد، رقم الحديث ١٢٥٢٠، باب ما جاء في الدجال)

فَيَقُولُ الدَّجَّالُ: أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ، أَلَسْتُ أُحْيِيُ وَأُمِيتُ؟ فَيَقُولُ لَهُ أَحَدُ الْمَلَكَيْنِ كَذَبْتَ، مَا يَسْمَعُهُ أَحَدٌ مِنَ النَّاسِ إِلَّا صَاحِبُهُ فَيَقُولُ لَهُ: صَدَقْتَ فَيَسْمَعُهُ النَّاسُ، فَيَظُنُّونَ إِنَّمَا يُصَدِّقُ الدَّجَّالَ، وَذٰلِكَ فِتْنَةٌ، ثُمَّ يَسِيرُ، حَتّٰى يَأْتِيَ الْمَدِينَةَ، فَلَا يُؤْذَنُ لَهُ فِيهَا، فَيَقُولُ هٰذِهٖ قَرْيَةُ ذٰلِكَ الرَّجُلِ، ثُمَّ يَسِيرُ حَتّٰى يَأْتِيَ الشَّامَ فَيُهْلِكُهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عِنْدَ عَقَبَةِ أَفِيقَ (مسند احمد، رقم الحديث ۲۱۹۲۹)

ترجمہ: ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیا، اور فرمایا کہ سنو! مجھ سے پہلے جو نبی بھی آیا، اس نے اپنی امت کو دجال سے ڈرایا ہے، وہ بائیں آنکھ سے کانا ہوگا، اس کی دائیں آنکھ پر ایک موٹی پھلّی ہوگی، اس کی دو آنکھوں کے درمیان (پیشانی پر) کافر (بصورت ''ک ف ر'') لکھا ہوا ہوگا، اس کے ساتھ دو وادیاں ہوں گی، جن میں سے ایک جنت اور دوسری آگ ہوگی (مگر حقیقت برعکس ہوگی کہ) اس کی آگ، دراصل جنت ہوگی اور جنت، دراصل آگ ہوگی۔

اس کے ساتھ فرشتوں میں سے دو فرشتے ہوں گے، جو انبیاء (سابقین) میں سے دو نبیوں کے مشابہ ہوں گے، اگر میں چاہوں تو ان دونوں نبیوں کے نام اوران کے آباؤ اجداد کے نام بھی بتا سکتا ہوں (مگر حاجت یا مصلحت نہیں اس لئے نہیں بتاتا) اُن دو فرشتوں میں سے ایک دجال کے دائیں جانب ہوگا اور دوسرا بائیں جانب ہوگا، اور یہ سب کچھ (لوگوں کی) آزمائش کے لئے ہوگا، چنانچہ دجال پوچھے گا کہ ''کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ کیا میں زندہ کرتا اور مارتا نہیں ہوں؟ تو دونوں فرشتوں میں سے ایک فرشتہ کہے گا کہ ''تُو نے جھوٹ بولا ہے'' (مگر) یہ جواب سوائے اس کے ساتھی (فرشتے) کے کوئی آدمی نہ سُن سکے گا، اور وہ (ساتھ والا فرشتہ پہلے فرشتہ سے) کہے گا کہ ''تو نے سچ کہا ہے'' اس جواب کو سب حاضرین

سن لیں گے اور گمان کریں گے کہ یہ دوسرا (فرشتہ) دجال کی تصدیق کر رہا ہے (حالانکہ وہ پہلے فرشتہ کی تصدیق کر رہا ہوگا، جس نے دجال سے کہا تھا کہ تو نے جھوٹ بولا ہے) اور ایسا آزمائش کی غرض سے ہوگا (کہ کون نورِ ایمان سے دجال کی حقیقت جان کر اس سے کنارہ کش رہتا ہے، اور کون اس کی مادی تسخیرات سے مرعوب ہو کر ایمان کا سودا کر بیٹھتا ہے)

پھر وہ (دجال) روانہ ہوگا اور مدینہ (طیبہ کے قریب) پہنچے گا، مگر اس کو مدینہ میں داخل ہونے کی اجازت (وقدرت) نہ ہوگی، چنانچہ وہ کہے گا کہ یہ اُس آدمی (نبی صلی اللہ علیہ وسلم) کا شہر ہے (اسی لئے میں اس میں داخل نہیں ہوسکتا)

پھر وہ یہاں سے چل کر شام آئے گا، تو اللہ عزوجل اُس کو ''افیق'' نامی گھاٹی کے پاس ہلاک فرمادے گا (مسند احمد)

اس حدیث کو بعض حضرات نے ضعیف قرار دیا ہے۔[1]

لیکن بعض دیگر حضرات نے دوسری روایات کے پیشِ نظر حسن قرار دیا ہے، البتہ دو فرشتوں کے انبیاء کے مشابہ ہونے کے ذکر کی دوسری معتبر احادیث سے تائید نہیں ملتی۔[2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: ضعيف بهذه السياقة، تفرد به حشرج بن نباتة، عن سعيد بن جمهان (حاشية مسند احمد)

[2] قال الهيثمي: رواه أحمد الطبراني واللفظ له ورجاله ثقات، وفي بعضهم كلام لا يضر (مجمع الزوائد ومنبع الفوائد، رقم الحديث ١٢٥١٧، باب ما جاء في الدجال)

وقال أبو حذيفة، نبيل بن منصور بن يعقوب بن سلطان البصارة:

قال ابن كثير: إسناده لا بأس به ولكن في متنه غرابة ونكارة "النهاية ص 71.

وقال الهيثمي: رجاله ثقات وفي بعضهم كلام لا يضر "المجمع 340 /7

وقال البوصيري: سنده صحيح "مختصر الإتحاف 546 /10

قلت: الحشرج مختلف فيه، وسعيد وثقه ابن معين وغير واحد، فالإسناد حسن.

وقوله: معه ملكان من الملائكة يشبهان نبيين من الأنبياء، لم أره إلا في هذا الحديث.

وقد ثبت في حديث النواس بن سمعان عند مسلم (2937) أن عيسى ابن مريم حين ينزل يضع كفيه على أجنحة ملكين (انس الساري تخريم احاديث فتح الباري، ج ١١، ص ١٥١٥، تحت رقم الحديث ١٤٠٩ "٢٢٠٢" كتاب الفتن، باب ذكر الدجال)

www.idaraghufran.org

عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبادۃ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنِّيْ قَدْ حَدَّثْتُكُمْ عَنِ الدَّجَّالِ ،حَتّٰى خَشِيْتُ أَنْ لَّا تَعْقِلُوْا، إِنَّ مَسِيْحَ الدَّجَّالِ رَجُلٌ قَصِيْرٌ أَفْحَجُ جَعْدٌ ،أَعْوَرُ مَطْمُوْسُ الْعَيْنِ، لَيْسَ بِنَاتِئَةٍ وَلَا حَجْرَاءَ، فَإِنْ أُلْبِسَ عَلَيْكُمْ فَاعْلَمُوْا أَنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِأَعْوَرَ (سنن ابی داوٗد،رقم الحدیث ۴۳۲۰، کتاب الملاحم،باب خروج الدجال)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے دجال سے متعلق تم سے اتنی حدیثیں بیان کی ہیں کہ مجھے ڈر ہے کہ کہیں تم سمجھ نہ سکو (اور التباس کا شکار ہو جاؤ) دجال پستہ قد، ٹیڑھے پاؤں رکھ کر (یعنی پاؤں کے پنجوں کو قریب اور ایڑیوں کو دُور رکھ کر، یا یہ مطلب ہے کہ) ٹانگوں کو پھیلا کر چلنے والا ہوگا، انتہائی گھونگھریالے بالوں والا، ایک آنکھ سے کانا اور دوسری بالکل سپاٹ، جو نہ اُبھری ہوگی، اور نہ دھنسی ہوئی، اب بھی اگر تم پر التباس واشتباہ پیدا ہو، تو یہ جان لو کہ تمہارا رب کانا نہیں ہے (ابوداود)

اس حدیث کی سند میں کچھ کمزوری پائی جاتی ہے، تاہم اس حدیث میں مذکور بعض باتوں کی دوسری معتبر احادیث سے تائید ہوتی ہے۔ [1]

---

[1] قال شعیب الارنؤوط:
إسناده ضعيف لضعف بقية -وهو ابن الوليد الحمصى .-وأخرجه النسائى فى "الكبرى")(7716) من طريق بقية بن الوليد، بهذا الإسناد.وهو فى "مسند أحمد.(22864) "
وقد صح من وصف الدَّجَّال فى هذا الحديث أنه جعدٌ أعور، مطموس العين، ليس بناتئة ولا جَحْراء .فأما جعودة شعره، فقد وردت فى حديث ابن عمر عند البخارى (3440)، ومسلم .(169)وأما عَوَرُه فوارد عن جم غفير من الصحابة(حاشية سنن ابى داود)

رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّـهُ سَـمِـعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: يَكُوْنُ قَوْمٌ مِنْ أُمَّتِيْ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَبِالْقُرْآنِ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ كَمَا كَفَرَتِ الْيَهُوْدُ، وَالنَّصَارٰى، قَالَ: قُلْتُ: جُعِلْتُ فِدَاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ ذَاكَ؟ قَالَ: يُقِرُّوْنَ بِبَعْضِ الْقَدَرِ وَيَكْفُرُوْنَ بِبَعْضِهِ، قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ مَا يَقُوْلُوْنَ؟ قَالَ: يَقُوْلُوْنَ: اَلْخَيْرُ مِنَ اللّٰهِ وَالشَّرُّ مِنْ إِبْلِيْسَ، فَيُقِرُّوْنَ عَلٰى ذٰلِكَ كِتَابَ اللّٰهِ وَيَكْفُرُوْنَ بِالْقُرْآنِ بَعْدَ الْإِيْمَانِ وَالْمَعْرِفَةِ، فَمَا يَلْقٰى أُمَّتِيْ مِنْهُمْ مِنَ الْعَدَاوَةِ وَالْبَغْضَاءِ وَالْجِدَالِ أُولٰئِكَ زَنَادِقَةُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ فِيْ زَمَانِهِمْ يَكُوْنُ ظُلْمُ السُّلْطَانِ، فَيَنَالُهُمْ مِنْ ظُلْمٍ وَحَيْفٍ وَأَثَرَةٍ، ثُمَّ يَبْعَثُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ طَاعُوْنًا فَيُفْنِيْ عَامَّتَهُمْ، ثُمَّ يَكُوْنُ الْخَسْفُ فَمَا أَقَلَّ مَا يَنْجُوْ مِنْهُمْ، اَلْمُؤْمِنُ يَوْمَئِذٍ قَلِيْلٌ فَرَحُهُ، شَدِيْدٌ غَمُّهُ، ثُمَّ يَكُوْنُ الْمَسْخُ فَيَمْسَخُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَامَّةَ أُولٰئِكَ قِرَدَةً وَخَنَازِيْرَ، ثُمَّ يَخْرُجُ الدَّجَّالُ عَلٰى أَثَرِ ذٰلِكَ قَرِيْبًا، ثُمَّ بَكٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى بَكَيْنَا لِبُكَائِهِ، قُلْنَا: مَا يُبْكِيْكَ؟ قَالَ: رَحْمَةً لَهُمُ الْأَشْقِيَاءِ، لِأَنَّ فِيْهِمُ الْمُتَعَبِّدَ، وَمِنْهُمُ الْمُجْتَهِدَ (المعجم الكبير للطبرانی، ج۴ص ۲۴۵، رقم الحديث ۴۲۷۰)

ترجمہ: انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میری امت میں کچھ لوگ ہوں گے، جو اللہ کا اور قرآن کا انکار کریں گے، اور ان کو اس کا احساس تک نہ ہوگا (کہ کتنی بڑی گمراہی میں مبتلا ہوگئے) جیسا کہ یہودیوں اور عیسائیوں نے کفر کیا، انہوں (یعنی حضرت رافع بن خدیج نے) فرمایا کہ میں نے

عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! میں آپ پر قربان ہوں، وہ کیسے ہوگا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ بعض تقدیر کی باتوں کا اقرار کریں گے، اور بعض کا انکار کریں گے، انہوں نے (یعنی حضرت رافع بن خدیج نے) فرمایا کہ میں نے عرض کیا کہ پھر وہ کیا کہیں گے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ کہیں گے کہ خیر اللہ کی طرف سے اور بُرائی ابلیس کی طرف سے ہے، پس وہ اس پر اللہ کی کتاب کا اقرار کریں گے، اور قرآن کے ذریعے ہی ایمان اور معرفت کے بعد کفر کریں گے، پس میرا اہر امتی اُن سے دشمنی، غصے اور جھگڑے کے ساتھ ملے گا؛ یہ لوگ اس امت کے زندیق ہیں، اور ان کے زمانے میں حکمران کا ظلم ہوگا، اور وہ ان سے ظلم وستم، اور حسرت وندامت کا معاملہ کرے گا، پھر اللہ عزوجل ان پر طاعون کو مسلط فرمادے گا، جس سے ان کی اکثریت ہلاک ہوجائے گی، پھر ان کو زمین میں دھنسادیا جائے گا، اور بہت کم لوگ بچ سکیں گے۔

اس وقت مؤمن، خوش کم اور غمگین زیادہ ہوگا، پھر (بہت سے لوگوں کے بطور عذاب) چہروں کو مسخ کرکے اکثر لوگوں کے چہرے بندر اور خنزیر کی طرح کردیے جائیں گے، پھر اس کے قریبی زمانے میں ہی دجال کا خروج ہوجائے گا، یہ کہہ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رونے لگے، آپ کو روتا دیکھ کر ہم بھی رونے لگے، پھر ہم نے پوچھا کہ آپ کیوں رو رہے ہیں؟ فرمایا کہ ان بدبخت لوگوں پر مجھے رحم آرہا ہے، کیونکہ ان میں بعض عبادت گزار اور کوشش کرنے والے بھی ہوں گے (طبرانی)

تاہم مذکورہ حدیث کی سند میں کمزوری اور اضطراب پایا جاتا ہے۔ [1]

---

[1] قال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشثرى:
الحديث بهذا السند مضطرب، والحمل على عطية بن عطية وهو مجهول، وقال الذهبى فى الميزان فى ترجمة عطية بن عطية أتى بخبر موضوع، ويعنى الذهبى بذلك هذا الحديث.

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت راشد بن سعد فرماتے ہیں:

لَمَّا فُتِحَتُ إِصْطَخُرُ نَادیٰ مُنَادٍ أَلا إِنَّ الدَّجَّالَ قَدُ خَرَجَ، قَالَ: فَلَقِيَهُمُ الصَّعُبُ بُنُ جَثَّامَةَ ،قَالَ :فَقَالَ: لَوُلَا مَا تَقُولُونَ لَأَخُبَرُتُكُمُ أَنِّيُ سَمِعُتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيُهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَخُرُجُ الدَّجَّالُ حَتّٰى يَذُهَلَ النَّاسُ عَنُ ذِكُرِهٖ وَحَتّٰى تَتُرُكَ الْأَئِمَّةُ ذِكُرَهٗ عَلَى الْمَنَابِرِ (مسند احمد، رقم الحديث ١٦٦٦٧)

ترجمہ: جب اصطخر فتح ہو چکا، تو ایک منادی نے یہ آواز لگائی کہ ہوشیار! دجال نکل آیا، پھر کچھ لوگوں کی ملاقات حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ سے ہوگئی انہوں نے فرمایا کہ اگر تم نے یہ بات نہ کہی ہوتی، تو میں تمہیں بتاتا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ دجال اس وقت تک نہیں نکلے گا، جب تک لوگ اس کا تذکرہ بھول نہ جائیں، اور (مسجدوں کے) امام منبروں پر اس کا ذکر کرنا، نہ چھوڑ دیں (مسند احمد)

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

ولـه طريق أخرى عن عمرو بن شعيب، فرواه الفريابي في القدر(ص 224 :283) وعنه الآجري في الشريعة (ص 192) والعقيلي في الضعفاء (358 /3) والطبراني في الكبير (4271 :246 /4) كلهم من طريق عبد الرحمن المقرء، عن ابن لهيعة، عن عمرو بن شعيب به.

والحديث بهذا الطريق ضعيف أيضا فيه ابن لهيعة ولا مجبر له لأن الطرق الأخرى ضعيفة جدا وقال العقيلي في الضعفاء .فلم يأت به عن ابن لهيعة غير المقرء ولعل ابن لهيعة أخذه عن بعض هؤلاء ، عن عمرو بن شعيب.

قلت :ما قاله العقيلي عن ابن لهيعة صحيح لأنه مدلس، عن الضعفاء .وسئل ابن أبي حاتم، عن حديث عمرو بن شعيب هذا فقال :هذا حديث عندي موضوع.

وعلى أي حال فالحديث ضعيف جدا وإن كثرت طرقه إن لم يكن موضوعا(حاشية المطالب العالية محققا، ج١٢،ص ٣٦٣،كتاب الإيمان والتوحيد،باب القدر)

اس حدیث کی سند میں بھی کچھ کمزوری کا حکم لگایا گیا ہے۔ [1]

عبید بن عمیر کی مرسل حدیث

عبید بن عمیر سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيَصْحَبَنَّ الدَّجَّالَ قَوْمٌ يَقُوْلُوْنَ: إِنَّا لَنَصْحَبُهُ، وَإِنَّا لَنَعْلَمُ أَنَّهُ كَذَّابٌ، وَلٰكِنَّا إِنَّمَا نَصْحَبُهُ لِنَأْكُلَ مِنَ الطَّعَامِ وَنَرْعٰى مِنَ الشَّجَرِ، وَإِذَا نَزَلَ غَضَبُ اللّٰهِ نَزَلَ عَلَيْهِمْ كُلِّهِمْ (مصنف ابنِ ابی شیبة، رقم الحدیث ۳۸۶۹۲، کتاب الفتن، باب ما ذکر فی فتنة الدجال)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دجال کے ساتھ (کچھ لوگ) ایسے بھی ہوں گے، جو اس بات کا اعتراف کریں گے کہ ہم جانتے ہیں کہ یہ (دجال) کافر ہے، لیکن ہم اس کے ساتھ اس لیے رہ رہے ہیں کہ کھانے کو مل جاتا ہے، اور درختوں کی حفاظت کر لیتے ہیں، پھر جب اللہ کا غضب نازل ہوگا، تو ان سب پر نازل ہوگا (مصنف ابنِ ابی شیبہ)

---

[1] قال شعیب الارنؤوط:

إسناده ضعيف، راشد بن سعْد :هو المَقْرائی الحمصی، لم یدرک الصعب بن جَثامة، وبقية :وهو أبن الوليد يدلس ويسوى، وهو وإن صرح بسماعه من شيخه صفوان بن عمرو عند ابن أبی عاصم، فإن مثله يحتاج إلى التصريح فی جميع طبقات الإسناد، ثم إنه انفرد به وهو ممن لا يحتمل تفرده.

وقد أعله الحافظ فی "الإصابة "فی ترجمة الصعب بالإرسال .وبقية رجاله ثقات.

حيوة :هو ابن شريح بن يزيد الحمصی، وصفوان بن عمرو :هو ابن هرم السكسكی.

وأخرجه ابن أبی عاصم فی "الآحاد والمثانی "(907) عن عبد الوهّاب بن نجدة، عن بقية بن الوليد، بهذا الإسناد.

وأورده الهيثمی فی "مجمع الزوائد 7/335 "، وقال :رواه عبد الله بن أحمد من رواية بقية عن صفوان بن عمرو، وهی صحيحة كما قال ابن معين، وبقية رجاله ثقات(حاشية مسند احمد)

یہ حدیث مرسل ہے، کیونکہ عبید بن عمیر دراصل تابعی ہیں، اور درمیان کے صحابی کا نام مذکور نہیں۔

کعب کی روایت

حضرت کعب سے روایت ہے کہ:

قَالَ: اَلْجَزِيْرَةُ آمِنَةٌ مِنَ الْخَرَابِ حَتّٰى تَخْرَبَ أَرْمِيْنِيَةُ، وَمِصْرُ آمِنَةٌ مِنَ الْخَرَابِ حَتّٰى تَخْرَبَ الْجَزِيْرَةُ، وَالْكُوْفَةُ آمِنَةٌ مِنَ الْخَرَابِ حَتّٰى تَخْرَبَ مِصْرُ، وَلَا تَكُوْنُ الْمَلْحَمَةُ حَتّٰى تَخْرَبَ الْكُوْفَةُ، وَلَا تُفْتَحُ مَدِيْنَةُ الْكُفْرِ حَتّٰى تَكُوْنَ الْمَلْحَمَةُ، وَلَا يَخْرُجُ الدَّجَّالُ حَتّٰى تُفْتَحَ مَدِيْنَةُ الْكُفْرِ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۴۲۸، کتاب الفتن والملاحم)

ترجمہ: حضرت کعب نے فرمایا کہ جزیرۃُ العرب خرابی سے محفوظ رہے گا، جب تک کہ آرمینیا خراب نہ ہوجائے، اور مصر خرابی سے محفوظ رہے گا، جب تک جزیرۃُ العرب نہ خراب ہوجائے، اور کوفہ خرابی سے محفوظ رہے گا، جب تک کہ مصر خراب نہ ہوجائے، اور جنگِ عظیم اس وقت تک نہیں چھڑے گی، جب تک کوفہ خراب نہ ہوجائے، اور دجال اس وقت تک نہیں آئے گا، جب تک کفر کا شہر فتح نہ ہوجائے (حاکم)

تاہم امام ذہبی نے اس حدیث کی سند کو منقطع اور بے کار قرار دیا ہے۔ [1]

عبداللہ بن معتم کی حدیث

ابونعیم اصبہانی نے عبداللہ بن معتم (یا عبداللہ بن مغنم) کی سند سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث کو روایت کیا ہے کہ:

---

[1] قال الذہبی فی التلخیص: منقطع واہ.

’’دجال کا معاملہ مخفی نہیں ہے، وہ مشرق کی طرف سے آئے گا، پھر وہ حق کی طرف دعوت دے گا، جس کی اتباع کرلی جائے گی، اور وہ لوگوں سے قتال کرے گا، اور اپنے مخالفین پر غلبہ حاصل کرلے گا، پھر وہ اسی حال میں ہوگا، یہاں تک کہ وہ کوفہ پہنچے گا، پھر وہاں اللہ کے دین کو غالب کرے گا، اور اس پر عمل کرائے گا، جس کی اتباع کی جائے گی، اور اللہ کے دین پر ابھارا جائے گا۔

پھر وہ اس کے بعد کہے گا کہ وہ نبی ہے، جس کے نتیجہ میں اس سے ہر عقل مند گھبرا کر الگ ہوجائے گا۔

پھر وہ اسی حال میں ٹھہرے گا، یہاں تک کہ اس کے بعد وہ کہے گا کہ میں ’’اللہ‘‘ ہوں، اس دعوے کے بعد اس کی دائیں آنکھ دھنس جائے گی، اور اس کے دونوں کان کٹ جائیں گے، اور اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان ’’کافر لکھ دیا جائے گا، جو کسی بھی مسلم سے چھپا نہیں رہ سکے گا۔

پھر مخلوق میں سے ہر وہ بندہ اس سے الگ ہوجائے گا، جس کے دل میں رائی کے دانہ کے برابر بھی ایمان ہوگا۔

اور اس کے ساتھی، اور لشکر والے، مجوسی، یہودی، اور عیسائی، اور یہ عجمی مشرکین ہی ہوجائیں گے۔

پھر وہ ایک آدمی کو بلا کر اسے قتل کرنے کا حکم دے گا، جس کو قتل کردیا جائے گا، پھر اس مقتول کے ٹکڑے ٹکڑے کرکے، اس کے ہر ایک عضو کو الگ الگ کردیا جائے گا، یہاں تک کہ لوگ بھی اس کو دیکھ لیں گے، پھر وہ دجال، ان اعضاء کو جمع کرے گا، پھر اس کو اپنی چھڑی مارے گا، تو وہ یکا یک کھڑا ہوجائے گا، پھر دجال کہے گا کہ میں ہی اللہ ہوں، میں زندہ کرتا ہوں، اور میں مارتا ہوں۔

لیکن یہ جادو ہوگا، جو دجال لوگوں کی آنکھوں پر کردے گا، حقیقت میں وہ اس میں

سے کوئی کام بھی نہیں کرے گا''۔ ؎۱

علامہ ہیثمی نے فرمایا کہ اس حدیث کو طبرانی نے روایت کیا ہے، اور اس کی سند میں ''سعید بن محمد وراق'' راوی متروک ہے۔ ؎۲

لیکن ہمیں طبرانی میں مذکورہ حدیث دستیاب نہیں ہو سکی۔ اور ابونعیم اصبہانی کی سند میں ''سعید بن محمد وراق'' راوی موجود نہیں، اور اس کے بجائے ''سعید بن محمد جرمی کوفی'' راوی ہے، جو متروک نہیں، بلکہ مقبول، صدوق، اور ثقہ ہے۔ ؎۳

؎۱ حدثنا سليمان بن أحمد، ثنا أبو شعيب الحرانى، حدثنا إسحاق بن موسى، ح وحدثنا محمد بن أحمد بن حمدان، ثنا الحسن بن سفيان، قال يحيى بن موسى الخثى، ح وحدثنا سليمان بن أحمد، قال: ثنا محمد بن شعيب الأصبهانى، ثنا سعيد بن عنبسة، قالوا: ثنا سعيد بن محمد الجرمى الكوفى، ثنا سلام بن صالح، قال: أخبرنى سليمان بن شهاب العبسى، قال: نزل على عبد الله بن معتم، وكان من أصحاب النبى صلى الله عليه وسلم، فحدثنى عن النبى صلى الله عليه وسلم أنه قال: " الدجال ليس به خفاء إنه يجيء من قبل المشرق، فيدعو إلى حق فيتبع، وينصب للناس فيقاتلهم، فيظهر عليهم، فلا يزال على ذلك حتى يقدم الكوفة، فيظهر دين الله، ويعمل به فيتبع، ويحث على ذلك، ثم يقول بعد ذلك: إنى نبى، فيفزع من ذلك كل ذى لب ويفارقه، فيمكث بعد ذلك حتى يقول: أنا الله فتغمس عينه اليمنى، وتقطع أذناه، ويكتب بين عينيه كافر، فلا يخفى على كل مسلم، فيفارقه كل أحد من الخلق فى قلبه مثقال حبة من خردل من الإيمان، ويكون أصحابه وجنوده المجوس واليهود والنصارى، وهذه الأعاجم من المشركين، ثم يدعو برجل فيما يرون فيأمر به، فيقتل، ثم تقطع أعضاؤه كل عضو على حدة، فيفرق بينها، حتى يراه الناس ثم يجمع بينها، ثم يضربه بعصاه، فإذا هو قائم، فيقول: أنا الله الذى أحيي وأميت، وذلك سحر، يسحر به أعين الناس، ليس يصنع من ذلك شيئا "(معرفة الصحابة لابى نعيم الاصبهانى، ج۴ص ۱۷۹۱، ۱۷۹۲، رقم الحديث ۴۵۴۲،باب الميم من باب العين)

؎۲ قال الهيثمى:رواه الطبرانى، وفيه سعيد بن محمد الوراق وهو متروك(مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ۱۲۵۱۸ ،باب ماجاء فى الدجال)

؎۳ خ م د ق -سعيد "بن محمد بن سعيد الجرمى أبو محمد وقيل أبو عبيد الله الكوفى روى عن عبد الرحمن بن عبد الملك بن أبجر وأبى تميلة يحيى بن واضح ويعقوب بن إبراهيم بن سعد وأبى أسامة والمطلب بن زياد وأبى عبيدة الحداد وحاتم بن إسماعيل ويحيى بن سعيد الأموى وأبى يوسف القاضى وغيرهم وعنه البخارى ومسلم وروى له أبو داود وابن ماجة بواسطة الذهلى وأبو

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

اور بعض حضرات نے اس کی سند میں حلام بن صالح کا ذکر کیا ہے، جن کو ابنِ حبان نے ثقہ کہا ہے۔

اور اس کی سند میں ایک دوسرے راوی سلیمان بن شہاب کو بعض نے مجہول کہا ہے، اور ابنِ حبان نے ثقہ کہا ہے۔ [1]

لیکن ایک تو ابو نعیم کی سند میں ''حلام بن صالح'' کے بجائے ''سلام بن صالح'' راوی مذکور

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

زرعة وعبد الله بن أحمد وعبد الأعلى بن واصل وابن أبى الدنيا وعباس الدورى وجماعة قال أبو زرعة سألت بن نمير وابن أبى شيبة عنه فأثنيا عليه.

صدوق ثقة ولا أعرف سعيد بن عفير غير المصرى ولم ينسب المصرى إلى بدع ولا إلى كذب وروى له حديثين من رواية ابنه عبيد الله عنه ثم قال ولعل البلاء من عبيد الله لأن سعيد بن عفير مستقيم الحديث وقال ابن يونس كان سعيد من أعلم الناس بالأنساب والاخبار الماضية وأيام العرب مآثرها ووقائعها والمناقب والمثالب كان فى ذلك كله شيئا عجيبا وكان أديبا فصيح اللسان حسن البيان لا تمل مجالسته ولا ينزف علمه وله أخبار مشهورة تركتها لشهرتها وكان غير ظنين فى جميع ذلك ولد سنة "146"وتوفى سنة ست وعشرين ومائتين قلت وذكره ابن حبان فى الثقات وقال إبراهيم بن الجنيد عن ابن معين ثقة لا بأس به وقال النسائى سعيد بن عفير صالح وابن أبى مريم أحب إلى منه وقال الحاكم يقال أن مصر لم تخرج أجمع للعلوم منه(تهذيب التهذيب،لابنِ حجر، ج۴،ص۷۵،تابع لحرف السين،من اسمه سعيد)

[1] قال أبو حذيفة، نبيل بن منصور بن يعقوب بن سلطان البصارة :

قال ابن كثير :قال شيخنا الذهبى :ورواه يحيى بن موسى عن سعيد بن محمد الثقفى وهو واه."

وقال الهيثمى :رواه الطبرانى وفيه سعيد بن محمد الوراق وهو متروك "المجمع 7/ 340 - 341

قلت :وحلام بن صالح ذكره ابن حبان فى "الثقات "على قاعدته، وترجمه البخارى وابن أبى حاتم فى كتابيهما ولم يذكرا فيه جرحا ولا تعديلا.

وسليمان بن شهاب ذكره ابن حبان فى "الثقات "أيضا، وقال البخارى :سمع عبد الله بن المعتمر روى عنه حلام ولم يصح، وقال أبو حاتم :مجهول، وقال الذهبى فى "الميزان :"لا يدرى من هو.

وعبد الله بن مغنم وقيل :معتمر قال أبو حاتم :مجهول (الجرح (123 /1 /2)(انيس السارى تخريج احاديث فتح البارى، ج۴،ص۳۱۰۷،۳۱۰۸، تحت رقم الحديث ۲۰۸۷،حرف الدال)

www.idaraghufran.org

ہے، مگر اس نام کے راوی پر ہمیں محدثین کی طرف سے کلام نہیں ملا۔ [1]

البتہ اس حدیث کے شروع والے ایک مختصر حصہ کو ابنِ ابی شیبہ نے روایت کیا ہے، اس میں ''حلام بن صالح'' راوی موجود ہیں۔ [2]

اور حلام بن صالح کو محدثین نے صدوق کہا ہے۔ [3]

بہر حال جو کچھ بھی ہو، اس حدیث کی سند میں کچھ کمزوری موجود ہے، اور مذکورہ حدیث کی بعض باتیں تو اگرچہ دوسری صحیح حدیثوں کے مطابق ہیں، لیکن بعض باتیں صرف اسی حدیث میں مذکور ہیں، جن کی کسی دوسری معتبر سند والی حدیث سے تائید نہیں ہوتی، اس لئے ان کی تصدیق کرنا مشکل ہے۔

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث

ابنِ اعرابی نے اپنی معجم میں ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی سند سے اس حدیث کو روایت کیا ہے کہ:

---

[1] قال ابنِ حجر العسقلانی:
سليمان بن شهاب.عن عبد الله بن معتمر.
لا يدرى من هو.قال أبو حاتم :مجهول .انتهى.
وصوابه مغنم .وذكره ابن حبان فی "الثقات "وقال :روى عنه حلام بن صالح(لسان الـميزان،ج۴،ص ۱۶۱، تحت رقم الترجمة ۳۶۲۷، حرف السين المهملة،من اسمه سليمان)

[2] حدثنا عبد الله بن نمير ، قال : حدثنا حلام بن صالح ، عن سليمان بن شهاب العبسی ، قال : أخبرنی عبد الله بن مغنم وذكر الدجال ، فقال : إن الدجال ليس به خفاء ، وما يكون قبله من الفتنة أخوف عليكم من الدجال ، إن الدجال لا خفاء فيه ، إن الدجال يدعو إلى أمر يعرفه الناس حتى يرون ذلک منه(مصنف ابنِ ابی شيبة،رقم الحديث ۳۸۶۷۳، كتاب الفتن، باب ما ذكر فی فتنة الدجال)

[3] حلام بن صالح العبسی الكوفی.
عن مسعود بن حراش أخی ربعی، وسالم بن ربيعة، وسليمان بن شهاب .وعنه مسعر، وحفص بن غياث، وابن نمير، وسعيد بن محمد الوراق، وآخرون.صدوق(تاريخ الإسلام ،للذهبی، ج۳، ص۸۴۸، رقم الترجمة ۱۰۰ ،حرف الهاء)

www.idaraghufran.org

’’ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ دجال کے ساتھ ایک عورت ہوگی، جس کا نام ’’طینبة‘‘ ہوگا، دجال جس آبادی میں بھی جائے گا، تو اس سے پہلے وہ عورت وہاں پہنچ جائے گی، اور کہے گی کہ یہ دجال تمہارے پاس داخل ہو رہا ہے، تم اس سے بچ کر رہنا‘‘ [1]

اس حدیث کو مذکورہ سند کے ساتھ ہی ابو نعیم اصبہانی نے بھی ’’الفتن‘‘ میں روایت کیا ہے، مگر اس روایت میں اس خاتون کا نام ’’طیبہ‘‘ ذکر کیا گیا ہے۔ [2]

لیکن اس حدیث کی سند ایک تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک نہیں پہنچتی، دوسرے اس کی سند میں ’’عیسیٰ حناط‘‘ نام کا ایک راوی ہے، جس کا پورا نام ’’عیسیٰ بن ابی عیسیٰ حناط‘‘ ہے، اس پر محدثین نے جرح کی ہے۔

حافظ ابنِ حجر نے اس کو متروک کہا ہے۔ [3]

امام بخاری نے اس راوی کو ضعیف کہا ہے، بعض محدثین نے اس کو منکرُ الحدیث کہا ہے، امام احمد اور ابنِ معین نے اس راوی کے بارے میں ’’لیس بشیء‘‘ فرمایا ہے، اور ابنِ معین نے اس راوی کی حدیث لکھے جانے سے منع بھی کیا ہے، اور عمرو بن علی، اور ابو داؤد، اور

---

[1] نا محمد، نا عبيد الله، نا عيسى الحناط، عن محمد بن يحيى بن حبان قال: سمعت أبا سعيد الخدرى يقول: " مع الدجال امرأة يقال لها طينبة، لا يقدم قرية إلا سبقت إليها تقول: هذا الدجال دخل عليكم فاحذروه "(معجم ابن الاعرابى، ج ا ص ٢٠٦ ،رقم الحديث ٣٦٣، باب الباء)

[2] حدثنا عبيد الله بن موسى، عن عيسى الحناط، عن محمد بن يحيى بن حبان، عن أبى سعيد الخدرى، رضى الله عنه قال " :مع الدجال امرأة تسمى طيبة، لا يؤم قرية إلا سبقته إليها، تقول :هذا الرجل داخل عليكم فاحذروه (الفتن لنعيم بن حماد،رقم الحديث ١٤٥٧ ،باب ما يقدم إلى الناس فى خروج الدجال)

[3] عيسى ابن أبى عيسى الحناط الغفارى أبو موسى المدنى أصله من الكوفة واسم أبيه ميسرة ويقال فيه الخياط بالمعجمة والتحتانية وبالموحدة وبالمهملة والنون كان قد عالج الصنائع الثلاث وهو متروك من السادسة مات سنة إحدى وخمسين وقيل قبل ذلك ق(تقريب التهذيب، ص ٤٤٠، تحت رقم الترجمة ٥٣١٧ ،حرف العين)

نسائی اور دار قطنی ان سب نے ’’ متروک الحدیث ‘‘ فرمایا ہے، اور ابو حاتم نے فرمایا کہ یہ قوی نہیں، حدیث میں مضطرب ہے، اور ابنِ عدی نے فرمایا کہ اس کی حدیث کی نہ تو متن میں اور نہ ہی سند میں دوسروں کی طرف متابعت ملتی، اور محمد بن سعد نے فرمایا کہ اس کی حدیث سے حجت نہیں پکڑی جائے گی۔ [1]

پس ایسے راوی کی مذکورہ حدیث کو عقائد اور غیب سے متعلق معاملہ میں معتبر نہیں سمجھا جاسکتا۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے یہ حدیث مروی ہے کہ:

’’دجال ایک سفید گدھے پر سوار ہو کر نکلے گا، جس کے دونوں کانوں کے درمیان ستر باع کا فاصلہ ہوگا (ایک باع کی مقدار دونوں ہاتھ کھولنے کے بعد ان کے

---

[1] قال البخاری: ضعفه علی عن یحیی القطان.
وقال عمرو بن علی : سمعت یحیی بن سعید وذکر عیسی الحناط فلم یرضه، وذکر حفظا سیئا،
وقال :کان منکر الحدیث .وکان لا یحدث عنه.
وقال صالح بن أحمد حنبل ، عن أبیه :لیس بشیء ، ضعیف.
وقال عبد الله بن أحمد بن حنبل، عن أبیه :السری بن إسماعیل أحب إلی منه.
وقال عباس الدوری وأحمد بن سعد بن أبی مریم، عن یحیی بن معین :لیس بشیء .
زاد أحمد عن یحیی :ولا یکتب حدیثه.
وقال أبو بکر بن أبی خیثمة، عن یحیی بن معین :کان کوفیا، وانتقل إلی المدینة کان خیاطا، ثم ترک ذلک، وصار حناطا، ثم ترک ذلک وصار یبیع الخبط .
وقال محمد بن سعد : کان یقول :أنا خیاط وحناط وخباط کلا قد عالجت.
وقال عمرو بن علی ، وأبو داود ، والنسائی ، والدارقطنی : متروک الحدیث .
وقال أبو حاتم : لیس بالقوی، مضطرب الحدیث.
وقال أیضا : عیسی بن میسرة الغفاری الذی روی عن أبی الزناد عن أنس هو عیسی الحناط، وفرق بینهما محمد بن إسماعیل البخاری وجعلهما اسمین وهما واحد.
وقال أبو أحمد بن عدی : أحادیثه لا یتابع علیها متنا ولا إسنادا.
وقال محمد بن سعد : کان قد قدم الکوفة فی تجارة فلقی الشعبی وسمع منه، وکان کثیر الحدیث، لا یحتج به، وتوفی فی خلافة أبی جعفر المنصور(تهذیب الکمال، للمزی، ج۲۳، ص۱۶ الی ۱۸ ، تحت رقم الترجمة ۴۶۴۸،باب العین)

درمیان کے فاصلہ والی ہوتی ہے)اس کے ساتھ ستر ہزار یہودی ہوں گے،جن پر سبز چادریں ہوں گی، یہاں تک کہ وہ ابوالحمراء کے ٹیلوں میں اتریں گے۔ [1]

لیکن اس حدیث کی سند میں ایک راوی ''عبدالعزیز بن یحییٰ'' کو محدثین نے شدید ضعیف قرار دیا ہے۔ [2]

بہرحال دجال سے متعلق،بعض احادیث ضعیف، یا شدید ضعیف اور من گھڑت بھی ہیں،جن کی حقیقت واضح کرنے کے لیے ہم نے،ان کا ذکر کردیا ہے۔

وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.

---

[1] حدثنا علی بن سعید بن بشیر حدثنا عبد العزیز بن یحیی حدثنا سلیمان بن بلال عن محمد بن عقبة ، عن أبیه عن أبی هریرة قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم یخرج الدجال علی حمار أقمر ما بین أذنیه سبعون باعا معه سبعون ألف یهودی علیهم الطیالسة الخضر حتی ینزلوا کوم أبی الحمراء .(جزء الحسن بن رشیق العسکری عن شیوخه من الأمالی، ص ٤٦،رقم الحدیث٢٧)

[2] قال الالبانی:

یخرج الدجال علی حمار أقمر، ما بین أذنیه سبعون عاما، معه سبعون ألف یهودی علیهم الطیالسة بالحضر، حتی ینزلو کوم ابن الحمراء ."

ضعیف جدا.

رواه الحسن بن رشیق العسکری فی "المنتقی من الأمالی "(2/42) : حدثنا علی بن سعید بن بشیر حدثنا عبد العزیز بن یحیی حدثنا سلیمان بن بلال عن محمد أبوعقبة عن أبیه عن أبی هریرة مرفوعا .قلت :وهذا إسناد ضعیف جدا، عبد العزیز بن یحیی المدنی، قال الحافظ " :متروک، کذبه إبراهیم بن المنذر ."والحدیث أورده فی " المشکاة "(5493) دون قوله " :معه سبعون ألف ."وقال " :رواه البیهقی فی کتاب (البعث والنشور) ." قلت :وهذه الزیادة فی "صحیح مسلم "(207/8) عن أنس مرفوعا بلفظ " :یتبع الدجال من یهو د أصبهان سبعون ألفا علیهم الطیالسة ."وفی حدیث ابن عباس أن النبی صلی الله علیه وسلم رأی الدجال فی صورته رؤیا عین لیس رؤیا منام، فسئل النبی صلی الله علیه وسلم عن الدجال فقال :رأیته فیلمانیا أقمر هجانا ...أخرجه أحمد (374/1) بسند حسن .وقد جاء ت الجملة الأولی فی حدیث آخر إسناده خیر من هذا،دون قوله " :أقمر "، ولکنه ضعیف أیضا، مع الاختلاف فی بعد ما بین أذنی الحمار، وهو الحدیث الآتی بعده(سلسلة الاحادیث الضعیفة،تحت رقم الحدیث١٩٦٨)

(فصل نمبر 44)

دجال اور ابنِ صیاد

کئی احادیث وروایات میں ''عبداللہ بن صیاد'' جس کو ''ابنِ صائد'' بھی کہا جاتا ہے، کا ذکر آیا ہے، بعض احادیث وروایات سے اس کے دجال ہونے کی طرف اشارہ ملتا ہے، اور بعض احادیث وروایات سے اس کے دجالِ اکبر ہونے کی تردید ہوتی ہے، اس لئے سلف کا بھی اس بارے میں اختلاف ہے۔

اور اس بارے میں ایک نوعیت کی یکطرفہ احادیث وروایات ملاحظہ کرنے، اور اسی طرح صحیح وغیرصحیح احادیث وروایات کو ایک درجہ میں رکھنے سے مختلف غلط فہمیاں لازم آتی ہیں۔

اس لئے اس سلسلے میں احادیث وروایات کی روشنی میں تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

محمد بن منکدر سے روایت ہے کہ:

رَأَيْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَحْلِفُ بِاللّٰهِ: أَنَّ ابْنَ الصَّائِدِ الدَّجَّالُ، قُلْتُ: تَحْلِفُ بِاللّٰهِ؟ قَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ عُمَرَ يَحْلِفُ عَلٰى ذٰلِكَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يُنْكِرْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (صحيح البخاری رقم الحديث ٧٣٥٥، كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة، باب من رأى ترك النكير من النبی صلى الله عليه وسلم حجة لا من غير الرسول)

ترجمہ: میں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ انہوں نے اللہ کی قسم اٹھا کر فرمایا کہ ابنِ صائد ''دجال'' ہے، میں نے عرض کیا کہ کہ آپ اللہ کی قسم اٹھا رہے

ہیں،تو حضرت جابر نے فرمایا کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس بات پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے حلف اٹھاتے ہوئے دیکھا تھا،جس پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نکیر نہیں فرمائی تھی (بخاری)

ابنِ صائد سے مراد ''ابنِ صیاد'' ہی ہے،اور مطلب یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ابنِ صائد کے دجال ہونے پر قسم اٹھائی تھی،تو مجھے اس پر قسم اٹھانے میں کیا مانع ہے،اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اس کی نفی نہ کرنا،تقریری حدیث کا حکم رکھتا ہے،اس لئے ابنِ صیاد کے دجال ہونے میں شبہ نہیں۔

تاہم مذکورہ حدیث میں دجال ہونے کا تو ذکر ہے،دجالِ اکبر،کا ذکر نہیں،جس کو ''مسیح دجال'' کہا جاتا ہے،اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دجالِ اکبر،یا مسیح دجال سے پہلے بھی کئی دجالوں کے برآمد ہونے کا ذکر کیا ہے،اس لئے مذکورہ تفصیل کے پیشِ نظر،اس حدیث میں ابنِ صیاد کو دجال قرار دینے،اور مسیح دجال کے دوسری شخصیت ہونے میں ٹکراؤ لازم نہیں آتا۔[1]

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

ابونضرہ سے روایت ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِابْنِ صَائِدٍ: مَا تَرٰى؟ قَالَ: أَرٰى عَرْشًا عَلَى الْمَاءِ، أَوْ قَالَ: عَلَى الْبَحْرِ، حَوْلَهُ حَيَّاتٌ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

---

[1] قیل :لم یکن أولا عالما ثم أعلمه، أو حلف عمر لم یکن علی أن ابن صیاد هو الدجال المسیح بل دجال من الدجاجلة، فإن کل کذاب وکاهن دجال وهذا هو الصواب(الکوثر الجاری إلی ریاض أحادیث البخاری،للکورانی،ج ۱۱،ص ۱۸۳،کتاب الاعتصام بالکتاب والسنة،باب من رأی ترک النکیر من النبی -صلی الله علیه وسلم -حجة لا من غیر الرسول)

قلت :فما الریب إذا فی کونه دجالا، وإن لم یکن الأکبر(فیض الباری علی صحیح البخاری،ج۶، ص ۵۳۷،کتاب الاعتصام بالکتاب والسنة،باب من رأی ترک النکیر من النبی -صلی الله علیه وسلم -حجة، لا من غیر الرسول)

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ذَاكَ عَرْشُ إِبْلِيسَ (مسند احمد، رقم الحديث ١٥١٦٥) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابنِ صائد سے فرمایا کہ تو کیا دیکھتا ہے؟ اس نے کہا کہ میں پانی، یا سمندر پر عرش کو دیکھتا ہوں، جس کے اردگرد سانپ ہیں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ ابلیس کا عرش ہے (مسند احمد)

اور صحیح ابنِ حبان میں حضرت ابونضرہ سے ہی روایت ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ:

لَقِيَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنَ صَائِدٍ، وَمَعَهُ أَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ، قَالَ: وَابْنُ صَائِدٍ مَعَ الْغِلْمَانِ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتَشْهَدُ أَنِّي رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ قَالَ: أَتَشْهَدُ أَنِّي رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ: آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهِ، قَالَ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَرٰى؟ قَالَ: أَرٰى عَرْشًا عَلَى الْمَاءِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَرٰى عَرْشَ إِبْلِيسَ عَلَى الْبَحْرِ، قَالَ: اُنْظُرْ مَا تَرٰى، قَالَ: أَرٰى صَادِقِيْنَ وَكَاذِبِيْنَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لُبِسَ عَلٰى نَفْسِهِ، فَدَعَاهُ (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٦٧٨٤، تابع كتاب التاريخ، باب إخباره صلى الله عليه وسلم عما يكون في أمته من الفتن والحوادث) [2]

ترجمہ: ابنِ صیاد سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ملاقات فرمائی، اور آپ کے ساتھ ابوبکر وعمر بھی تھے، تو ابنِ صیاد سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تو گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ ابنِ صیاد نے کہا کہ کیا آپ گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح دون قوله" :حوله حيات"، وهذا إسناد ضعيف لضعف مؤمل: وهو ابن إسماعيل، ولضعف علي بن زيد :وهو ابن جدعان .حماد :هو ابن سلمة، وأبو نضرة :هو منذر بن مالك بن قطعة (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية صحيح ابنِ حبان)

اللہ، اور اس کے رسول پر ایمان لایا۔

جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تو کیا دیکھتا ہے؟ اس نے جواب میں کہا کہ میں پانی پر عرش کو دیکھتا ہوں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تو ابلیس کے عرش کو سمندر پر دیکھتا ہے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تو اور کیا دیکھتا ہے؟ ابنِ صیاد نے کہا کہ میں سچوں کو اور جھوٹوں کو دیکھتا ہوں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کے نفس پر (ابلیس کی طرف سے) تلبیس کردی گئی ہے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو چھوڑ دیا (صحیح ابنِ حبان)

ابلیس دراصل سمندر پر ہی اپنا تخت لگا کر اپنے لشکر کو لوگوں کے گمراہ کرنے کے لئے بھیجتا ہے۔

چنانچہ صحیح مسلم میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: إِنَّ عَرْشَ إِبْلِيْسَ عَلَى الْبَحْرِ، فَيَبْعَثُ سَرَايَاهُ فَيَفْتِنُوْنَ النَّاسَ، فَأَعْظَمُهُمْ عِنْدَهُ أَعْظَمُهُمْ فِتْنَةً

(صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٨١٣ "٦٦" كتاب صفة القيامة والجنة والنار، باب تحريش الشيطان، وبعثه سراياه لفتنة الناس، وأن مع كل إنسان قرينا)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ ابلیس کا تخت سمندر پر لگتا ہے، پھر وہ اپنے لشکر کو بھیجتا ہے، پھر اس لشکر کے افراد، لوگوں کو فتنہ میں ڈالتے ہیں، پس اس لشکر کے افراد میں سے، ابلیس کے نزدیک وہ فرد، زیادہ تعظیم کے قابل ہوتا ہے، جو اِن میں زیادہ بڑا فتنہ کھڑا کرے (صحیح مسلم)

ابنِ صیاد کو جو عرش پر تخت نظر آتا تھا، اور جھوٹے لوگ نظر آتے تھے، وہ شیطان ہی کی طرف سے تلبیس ہوتی تھی، اسی کے ساتھ ابنِ صیاد کے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم، اور صحابہ کے ذریعہ سچی باتیں بھی پہنچتی تھیں، اور بعض اوقات شیطان بھی حق کی باطل کے ساتھ تلبیس کر کے پیش کرتا تھا، تاکہ حق و باطل میں تمیز مشکل ہوجائے، اور اس کو اپنی کارروائی ڈالنا آسان ہو۔

پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابنِ صیاد پر تلبیس واقع ہونے کا تو حکم لگایا، لیکن اس کو مسیح دجال، یا دجالِ اکبر قرار نہیں دیا۔

ہم بھی اسی بات کو راجح سمجھتے ہیں کہ ابنِ صیاد پر شیطان کی طرف سے تلبیس ہوتی تھی، اس تلبیس کی وجہ سے دوسروں کی گمراہی کا شدید خطرہ لاحق تھا، اگر ابنِ صیاد کے معاملہ کو اسی طرح چھوڑ دیا جاتا، اور اس کے ساتھ امتیازی نوعیت کا سلوک نہ کیا جاتا، بلکہ دوسرے عام صحابۂ کرام کی طرح کا برتاؤ کیا جاتا، تو نہ جانے اس کی طرف سے کتنی تلبیسات والی باتیں پھیل جاتیں، جو ہم تک بھی پہنچتیں، اللہ نے امت کی اس سے حفاظت فرمائی۔

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

اور مسند احمد میں ابوالزبیر، حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ:

إِنَّ امْرَأَةً مِنَ الْيَهُودِ بِالْمَدِينَةِ وَلَدَتْ غُلَامًا مَمْسُوحَةً عَيْنُهُ، طَالِعَةٌ نَاتِئَةٌ، فَأَشْفَقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَكُونَ الدَّجَّالَ، فَوَجَدَهُ تَحْتَ قَطِيفَةٍ يُهَمْهِمُ، فَآذَنَتْهُ أُمُّهُ، فَقَالَتْ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ هٰذَا أَبُو الْقَاسِمِ قَدْ جَاءَ، فَاخْرُجْ إِلَيْهِ، فَخَرَجَ مِنَ الْقَطِيفَةِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لَهَا قَاتَلَهَا اللّٰهُ لَوْ تَرَكَتْهُ لَبَيَّنَ، ثُمَّ قَالَ: يَا ابْنَ صَائِدٍ مَا تَرٰى؟ قَالَ: أَرٰى حَقًّا، وَأَرٰى بَاطِلًا، وَأَرٰى عَرْشًا عَلَى الْمَاءِ، قَالَ: فَلُبِسَ عَلَيْهِ. فَقَالَ: أَتَشْهَدُ أَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ، فَقَالَ هُوَ: أَتَشْهَدُ أَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهِ، ثُمَّ خَرَجَ وَتَرَكَهُ، ثُمَّ أَتَاهُ مَرَّةً أُخْرٰى، فَوَجَدَهُ فِي نَخْلٍ لَهُ يُهَمْهِمُ، فَآذَنَتْهُ أُمُّهُ، فَقَالَتْ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ هٰذَا أَبُو الْقَاسِمِ قَدْ جَاءَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لَهَا قَاتَلَهَا اللّٰهُ، لَوْ تَرَكَتْهُ لَبَيَّنَ، قَالَ: فَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَطْمَعُ أَنْ يَسْمَعَ

مِنْ كَلَامِهِ شَيْئًا، فَيَعْلَمُ هُوَ، هُوَ أَمْ لَا، قَالَ: يَا ابْنَ صَائِدٍ مَا تَرٰى؟ قَالَ: أَرٰى حَقًّا، وَأَرٰى بَاطِلًا، وَأَرٰى عَرْشًا عَلَى الْمَاءِ، قَالَ: أَتَشْهَدُ أَنِّي رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ قَالَ هُوَ: أَتَشْهَدُ أَنِّي رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهِ، فَلُبِسَ عَلَيْهِ، ثُمَّ خَرَجَ، فَتَرَكَهُ ثُمَّ جَاءَ فِي الثَّالِثَةِ أَوِ الرَّابِعَةِ وَمَعَهُ أَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فِيْ نَفَرٍ مِّنَ الْمُهَاجِرِيْنَ، وَالْأَنْصَارِ وَأَنَا مَعَهُ، قَالَ: فَبَادَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَيْدِيْنَا وَرَجَا أَنْ يَّسْمَعَ مِنْ كَلَامِهِ شَيْئًا، فَسَبَقَتْهُ أُمُّهُ إِلَيْهِ، فَقَالَتْ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ هٰذَا أَبُو الْقَاسِمِ قَدْ جَاءَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لَهَا قَاتَلَهَا اللّٰهُ لَوْ تَرَكَتْهُ لَبَيَّنَ، فَقَالَ: يَا ابْنَ صَائِدٍ مَا تَرٰى؟ قَالَ: أَرٰى حَقًّا، وَأَرٰى بَاطِلًا، وَأَرٰى عَرْشًا عَلَى الْمَاءِ، قَالَ: أَتَشْهَدُ أَنِّي رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ قَالَ: أَتَشْهَدُ أَنْتَ أَنِّي رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهِ، فَلُبِسَ عَلَيْهِ. فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا ابْنَ صَائِدٍ، إِنَّا قَدْ خَبَّأْنَا لَكَ خَبِيْئًا فَمَا هُوَ؟ قَالَ: اَلدُّخُّ اَلدُّخُّ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِخْسَأْ اِخْسَأْ، فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: اِئْذَنْ لِيْ فَأَقْتُلَهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ يَّكُنْ هُوَ فَلَسْتَ صَاحِبَهُ، إِنَّمَا صَاحِبُهُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ، وَإِنْ لَا يَكُنْ، فَلَيْسَ لَكَ أَنْ تَقْتُلَ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ الْعَهْدِ، قَالَ: فَلَمْ يَزَلْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُشْفِقًا أَنَّهُ الدَّجَّالُ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۴۹۵۵) [1]

ترجمہ: مدینہ منورہ میں ایک یہودی عورت کے یہاں ایک بچہ پیدا ہوا، جس کی

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

ایک آنکھ مسخ شدہ تھی، اور دوسری آنکھ روشن ابھری ہوئی تھی، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ڈر ہوا کہ کہیں یہ دجال نہ ہو، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ایک چادر میں لپیٹے ہوئے دیکھا کہ وہ کچھ گنگنا رہا ہے، لیکن اس کی ماں نے اسے آگاہ کردیا، اور کہا کہ اے عبداللہ، یہ ابوالقاسم (محمد) آئے ہیں، ان کے پاس آؤ، چنانچہ وہ اپنی چادر سے نکل کر آیا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس عورت کو کیا ہوگیا ہے، اس پر اللہ کی مار ہو، اگر یہ اسے میرے بارے میں نہ بتاتی، تو یہ اپنی حقیقت ضرور واضح کردیتا، جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، یہ چاہتے تھے کہ وہ اس کی کوئی بات سنیں، اور پھر پتہ لگائیں کہ یہ وہی دجال ہے، یا کوئی اور ہے؟ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے پوچھا کہ اے ابنِ صائد تو کیا دیکھتا ہے؟ اس نے کہا کہ میں حق بھی دیکھتا ہوں اور باطل بھی دیکھتا ہوں اور میں پانی کے اوپر ایک تخت کو دیکھتا ہوں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پس اس پر معاملہ مشتبہ ہوگیا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تو اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ اس نے جواب میں کہا کہ کیا آپ اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھتا ہوں، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو چھوڑ کر چلے گئے۔

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس دوسری مرتبہ تشریف لائے، اور اس کو اپنی کھجور کے درخت کے نیچے گنگناتے ہوئے پایا، پھر اس کو اس کی ماں نے خبر دی کہ اے عبداللہ! یہ ابوالقاسم (محمد) آئے ہیں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس عورت کو کیا ہوگیا، اس پر اللہ کی مار ہو، اگر یہ عورت اس کو چھوڑ دیتی، تو یہ سب کچھ بیان کردیتا، حضرت جابر کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ چاہتے تھے کہ اس کی کسی بات کو سن کر پتہ چلائیں کہ یہ وہی دجال ہے، یا کوئی اور

ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے ابنِ صائد! تو کیا دیکھتا ہے؟ اس نے کہا کہ میں حق کو بھی دیکھتا ہوں، اور باطل کو بھی دیکھتا ہوں، اور میں عرش کو پانی کے اوپر دیکھتا ہوں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تو گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ ابنِ صائد نے کہا کہ کیا تم گواہی دیتے ہو کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لایا، پس اس (ابنِ صائد) پر (ابلیس کی طرف سے) تلبیس کردی گئی، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے تشریف لے گئے، اور اس کو چھوڑ دیا۔

اس کے بعد پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس تیسری، یا چوتھی مرتبہ آئے اور آپ کے ساتھ ابوبکر وعمر بن خطاب بھی مہاجرین، اور انصار کی ایک جماعت کے ساتھ تھے، اور میں بھی آپ کے ساتھ تھا، جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جلدی سے ہمارے سامنے آگئے، اور یہ امید کی کہ وہ اس کی کوئی بات سن لیں، لیکن اس سے پہلے ہی اس کی طرف اس کی ماں آ گئی، اور (پہلے کی طرح کا ہی معاملہ پیش آیا) اس کی ماں نے کہا کہ اے عبداللہ، یہ ابوالقاسم آئے ہیں، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ، اس کی ماں کو کیا ہوگیا، اللہ اس کا ناس کرے، اگر یہ اس کو میرے آنے کا نہ بتاتی، تو یہ کچھ واضح کرتا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے ابنِ صائد! تو کیا دیکھتا ہے؟ اس نے جواب میں کہا کہ میں حق بھی دیکھتا ہوں، اور باطل بھی دیکھتا ہوں، اور میں پانی کے اوپر عرش کو دیکھتا ہوں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تو گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ اس نے جواب میں کہا کہ کیا تم گواہی دیتے ہو کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھتا ہوں، پس اس پر (شیطان کی طرف سے) تلبیس کردی گئی، پھر اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے ابنِ صائد

ہم نے تیرے لیے اپنے ذہن میں ایک چیز چھپائی ہوئی ہے، بتاوہ کیا ہے، اس نے جواب میں کہا کہ درخ، درخ، پھر اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دفع ہو، دفع ہو، اس پر عمر بن خطاب نے کہا کہ اے اللہ کے رسول! مجھے اجازت دیجیے کہ میں اسے قتل کر دوں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر یہ وہی ہوا (یعنی دجالِ مسیح) تو تم اس کے قتل کرنے کے اہل نہیں ہو، اس کے اہل حضرت عیسیٰ ہیں اور اگر یہ وہ (دجال مسیح) نہیں ہے، تو تمہارے لئے کسی عہد کئے ہوئے شخص کو قتل کرنا جائز نہیں، پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہمیشہ یہ ڈر لگا رہا کہ کہیں یہ (وہی مسیح) دجال نہ ہو (مسند احمد)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جس وقت مذکورہ واقعہ پیش آیا، اس وقت ابنِ صیاد بچہ تھا، اور وہ اہلِ عہد یہودیوں کی اولاد تھا۔

بعد میں اس کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم، اور صحابۂ کرام سے اسلام کی باتیں کرنا، اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے دور میں اس کا مسلمانوں کے ساتھ حج کے سفر پر جانا ثابت ہے، جو بعد میں اس کے بظاہر مسلمان ہوجانے کی دلیل ہے، لیکن اس کی طرف سے بعض شیطانی اور تلبیسات پر مبنی باتیں مشاہدہ کی جاتی رہیں، جیسا کہ آگے ابو سعید خدری رضی اللہ عنہم کی آنے والی احادیث سے معلوم ہوگا۔

نیز مذکورہ حدیث سے واضح طور پر معلوم ہوا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابنِ صیاد کے بچپن میں بھی دجال ہونے کا واضح حکم نہیں لگایا تھا، البتہ آپ کو اس کی بعض حرکات وصفات کی وجہ سے دجال ہونے کا شبہ اور خوف تھا۔

اور اس کی ایک بنیادی وجہ یہ تھی کہ اس نے اپنے بارے میں اللہ کا نبی ہونے کی خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے گواہی طلب کی تھی۔

اور اس قسم کی بات ''دجالِ اکبر، یا مسیح دجال'' کے علاوہ کئی دجالوں کے کرنے کا بھی احادیث میں ذکر آیا ہے۔

چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يُبْعَثَ دَجَّالُوْنَ كَذَّابُوْنَ قَرِيْبٌ مِنْ ثَلَاثِيْنَ، كُلُّهُمْ يَزْعُمُ أَنَّهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ

(صحيح مسلم، رقم الحديث ١٥٧ "٨٤" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب لا تقوم الساعة حتى يمر الرجل بقبر الرجل، فيتمنى أن يكون مكان الميت، من البلاء)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک تیس دجال کذاب نہ مبعوث ہو جائیں، جن میں سے ہر ایک یہ گمان کرے گا کہ وہ اللہ کا رسول ہے (مسلم)

اس قسم کی اور احادیث بھی ہیں، جن میں ''دجالِ اکبر، یا مسیح دجال'' کے علاوہ دوسرے لوگوں کو بھی دجال کذاب کہا گیا ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ جن صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے ابنِ صیاد کو دجال کہا، وہ ابنِ صیاد کی اسی قسم کی باتوں کی وجہ سے، نیز نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس کے دجال ہونے کے خوف کی وجہ سے کہا۔ پھر بعد میں اس کا کم از کم دجالِ اکبر نہ ہونا معلوم ہو گیا۔

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث

سنن ابی داود میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

فَقَدْنَا ابْنَ صَيَّادٍ يَوْمَ الْحَرَّةِ (سنن ابى داود، رقم الحديث ٤٣٣٢، كتاب الملاحم، باب فى خبر ابن صائد) [1]

ترجمہ: ہم نے حرہ کے واقعہ کے دن ابنِ صیاد کو مفقود پایا (ابوداود)

حرہ کے واقعہ سے یزید بن معاویہ کے اہلِ مدینہ پر غلبہ حاصل کرنے اور ان سے مقابلہ کا دن مراد ہے، جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے ترپن سال بعد تریسٹھ ہجری کو واقع ہوا تھا، اور

[1] قال شعيب الارنؤوط:۔إسناده صحيح (حاشية سنن ابى داود)

www.idaraghufran.org

اس میں بہت سے مسلمان اور صحابۂ کرام شہید ہوئے تھے۔ [1]

اور ابنِ صیاد کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے اتنے عرصہ بعد تک صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے درمیان موجود رہنا، اور صحابۂ کرام کا اس طویل عرصہ تک اس کے ساتھ رویہ وبرتاؤ رکھنا، شریعت کے کئی بڑے بڑے اصولوں کو واضح کرتا ہے، اور قیامت تک آنے والے مومنوں کی عملی رہنمائی کرتا ہے، جیسا کہ آگے آنے والی تفصیل سے معلوم ہوگا۔

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی پانچویں حدیث

ابو سلمہ، حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْہِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ عَلَى الْمِنبَرِ: إِنَّہُ بَيْنَمَا أُنَاسٌ يَسِيْرُوْنَ فِی الْبَحْرِ، فَنَفِدَ طَعَامُهُمْ، فَرُفِعَتْ لَهُمْ جَزِيْرَةٌ، فَخَرَجُوْا يُرِيْدُوْنَ الْخُبْزَ، فَلَقِيَتْهُمُ الْجَسَّاسَةُ ،قُلْتُ لِأَبِیْ سَلَمَةَ:وَمَا الْجَسَّاسَةُ؟ قَالَ:اِمْرَأَةٌ تَجُرُّ شَعْرَ جِلْدِهَا وَرَأْسِهَا،قَالَتْ:فِیْ هٰذَا الْقَصْرِ،فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ، وَسَأَلَ عَنْ نَخْلِ بَيْسَانَ،وَعَنْ عَيْنِ زُغَرَ، قَالَ:هُوَ الْمَسِيْحُ،فَقَالَ:لِیْ اِبْنُ أَبِیْ سَلَمَةَ:إِنَّ فِیْ هٰذَا الْحَدِيْثِ شَيْئًا مَا حَفِظْتُہُ،قَالَ:شَهِدَ جَابِرٌ أَنَّہُ هُوَ اِبْنُ صَيَّادٍ،قُلْتُ:فَإِنَّہُ قَدْ مَاتَ، قَالَ:وَإِنْ مَاتَ، قُلْتُ:فَإِنَّہُ أَسْلَمَ،قَالَ:وَإِنْ أَسْلَمَ، قُلْتُ :فَإِنَّہُ قَدْ دَخَلَ الْمَدِيْنَةَ، قَالَ:وَإِنْ دَخَلَ الْمَدِيْنَةَ (سنن ابی داود،رقم الحدیث ۴۳۲۸، کتاب الملاحم، باب فی خبر الجساسة)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن منبر پر فرمایا کہ چند افراد تھے، جو

---

[1] (يوم الحرة) : هو يوم غلبة يزيد بن معاوية على أهل المدينة ومحاربته إياهم .قيل :هذا يخالف رواية من روى أنه مات بالمدينة، وليس بمخالف، ذكره الطيبي رحمه الله، وهو مخالف ; إذ يلزم من فقده المحتمل موته بها وبغيرها(مرقاة المفاتيح، ج۸،ص ۳۴۹۱، كتاب الفتن،باب قصة ابن صياد)

سمندر میں سفر کر رہے تھے، ان کا کھانا ختم ہوگیا، تو انہیں ایک جزیرہ نظر آیا، وہ مسافر اس جزیرہ میں روٹی کی تلاش میں نکل گئے، تو وہاں انہیں جساسہ ملی۔

ولید کہتے ہیں کہ میں نے راوی ابوسلمہ سے پوچھا کہ جساسہ کیا ہے؟ انہوں نے جواب میں فرمایا کہ ایک عورت تھی، جو اپنی کھال، اور سر کے بال کھینچ رہی تھی، اس جساسہ عورت نے کہا کہ اس محل میں۔

پھر آگے حدیث ذکر کی، جس میں ہے کہ (اس محل میں ایک شخص کو پایا، جس سے کچھ سوالات وجوابات کا سلسلہ قائم ہوا)

اس شخص نے بیسان اور عزر کے چشمہ کی کھجوروں کے بارے میں دریافت کیا، اس نے یہ بھی کہا کہ وہ مسیح ہے۔

ولید راوی کہتے ہیں کہ ابوسلمہ کے بیٹے نے مجھ سے کہا کہ اس حدیث میں کچھ اور بھی باتیں تھیں، جنہیں میں یاد نہ کرسکا۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے گواہی دی تھی کہ وہ ابنِ صائد ہے۔

ولید راوی کہتے ہیں کہ میں نے کہا کہ ابنِ صائد تو مر چکا ہے؟ ابوسلمہ نے جواب میں کہا کہ اگرچہ مر چکا ہو، ولید راوی کہتے ہیں کہ میں نے کہا کہ ابنِ صائد تو اسلام لا چکا تھا؟ ابوسلمہ نے کہا کہ اگرچہ اسلام بھی لا چکا ہو، میں نے کہا کہ وہ تو مدینہ میں بھی داخل ہوگیا تھا، ابوسلمہ نے کہا کہ اگرچہ وہ مدینہ میں بھی داخل ہوگیا ہو (تب بھی ابنِ صائد ہی دجال ہے) (سنن ابی داود)

پہلی بات تو یہ ہے کہ بعض اہلِ علم حضرات نے اس حدیث کو ضعیف قرار دیا ہے، اور اس میں عبداللہ بن جمیع راوی کے اضطراب کا حکم لگایا ہے۔ [1]

---

[1] قال شعیب الارنؤوط:

إسناده ضعيف .فقد اضطرب فيه الوليد بن عبد الله بن جُميع، كما قال العقيلي في

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

دوسری بات یہ ہے کہ ابنِ صائد کو دجال مسیح قرار دینے کا قول بعض حضرات کا تھا، جن میں ابوسلمہ بھی داخل ہوسکتے ہیں۔

تیسری بات یہ ہے کہ اصل دجال کے پہلے فوت ہونے اور پھر دوبارہ پیدا ہونے کی کسی معتبر حدیث سے تائید نہیں ہوتی۔

چوتھی بات یہ ہے کہ ابنِ صائد کے مکہ ومدینہ داخل ہونے، حج کرنے، اور صحابہ کی معیت اختیار کرنے کا معتبر احادیث میں ذکر ہے، جبکہ مسیح دجال کے مکہ ومدینہ میں داخل ہونے کی قدرت نہ ہونے، اور مدینہ منورہ کی دجال اکبر سے فرشتوں کی حفاظت کرنے کی کئی صحیح احادیث میں تصریح ہے۔

اس لئے ابنِ صائد کے دجالِ اکبر ہونے کی طرف ہمارا رجحان نہیں ہوسکا۔

البتہ دجالِ اصغر کہا جائے، تو حرج نہیں، جیسا کہ متعدد محققین کا یہی قول ہے۔

ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

صحیح مسلم میں حضرت نافع سے روایت ہے کہ:

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

"الضعفاء 317 /4 "وساق منه قصة ابن صياد، فمرة جعله من مسند جابر، ومرة جعله من مسند أبى سعيد .وقد قال الحاكم :لو لم يخرِّج له مسلمٌ لكان أولى.

قلنا :وانفرد أيضاً برواية قصة الجساسة من هذا الطريق، ولا يُحتمل تفرُّد مثله بذلك.

ولهذا قال ابن عدى فى "الكامل :2538 /7 "وللوليد أحاديث، وروى عن أبى سلمة، عن جابر، ومنهم من قال عنه :عن أبى سلمة، عن أبى سعيد الخدرى حديث الجساسة بطوله، ولا يرويه غير الوليد بن جميع هذا، وقال ابن كثير فى "النهاية :1/ 116 !" تفرد به أبو داود وهو غريب جداً.

قلنا :ذلك لأن قصة الجساسة المحفوظ أنها من رواية فاطمة بنت قيس .على أنه خالف فى متنه فذكر أن الجساسة امرأة تجر شعرها، وإنما هى دابة كما فى حديث فاطمة بنت قيس .ومع ذلك فقد حسَّن إسناده الحافظ فى "الفتح !!329 /13 "

(حاشية سنن ابى داود)

لَقِيَ ابْنُ عُمَرَ ابْنَ صَائِدٍ فِي بَعْضِ طُرُقِ الْمَدِينَةِ، فَقَالَ لَهُ قَوْلًا أَغْضَبَهُ، فَانْتَفَخَ حَتّٰى مَلَأَ السِّكَّةَ، فَدَخَلَ ابْنُ عُمَرَ عَلٰى حَفْصَةَ وَقَدْ بَلَغَهَا، فَقَالَتْ لَهُ: رَحِمَكَ اللّٰهُ مَا أَرَدْتَ مِنِ ابْنِ صَائِدٍ، أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنَّمَا يَخْرُجُ مِنْ غَضْبَةٍ يَغْضَبُهَا؟ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٣٢ "٩٨" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب ذكر ابن صياد)

ترجمہ: ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی ابن صیاد سے مدینہ کے کسی راستہ میں ملاقات ہوگئی تو ابنِ عمر نے اس سے ایسی بات کہی، جو اسے غصہ دلانے والی تھی، پس وہ اتنا پھولا کہ راستہ بھر گیا، پھر ابنِ عمر، ام المومنین سیدہ حفصہ کے پاس حاضر ہوئے اور انہیں اس واقعہ کی خبر مل چکی تھی، تو انہوں نے ابنِ عمر سے کہا کہ اللہ آپ پر رحم فرمائے، آپ نے ابنِ صائد کے بارے میں کیا ارادہ کیا تھا، کیا آپ نہیں جانتے کہ رسول اللہ نے فرمایا تھا کہ دجال کسی پر غصہ کرنے کی وجہ سے ہی برآمد ہوگا (مسلم)

ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

اور مسند احمد میں حضرت نافع سے ہی روایت ہے کہ:

عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: لَقِيتُ ابْنَ صَائِدٍ مَرَّتَيْنِ، فَأَمَّا مَرَّةً فَلَقِيتُهُ وَمَعَهُ بَعْضُ أَصْحَابِهِ، فَقُلْتُ لِبَعْضِهِمْ: نَشَدْتُكُمْ بِاللّٰهِ إِنْ سَأَلْتُكُمْ عَنْ شَيْءٍ لَتَصْدُقُنِّي؟ قَالُوا: نَعَمْ، قَالَ: قُلْتُ: أَتُحَدِّثُونَ أَنَّهُ هُوَ؟ قَالُوا: لَا، قُلْتُ: كَذَبْتُمْ وَاللّٰهِ، لَقَدْ حَدَّثَنِي بَعْضُكُمْ وَهُوَ يَوْمَئِذٍ أَقَلُّكُمْ مَالًا وَوَلَدًا أَنَّهُ لَا يَمُوتُ حَتّٰى يَكُونَ أَكْثَرَكُمْ مَالًا وَوَلَدًا، وَهُوَ الْيَوْمَ كَذٰلِكَ، قَالَ: فَتَحَدَّثْنَا ثُمَّ فَارَقْتُهُ، ثُمَّ لَقِيتُهُ مَرَّةً أُخْرٰى وَقَدْ تَغَيَّرَتْ عَيْنُهُ،

فَقُلْتُ: مَتٰی فَعَلَتْ عَيْنُكَ مَا أَرٰى؟ قَالَ: لَا أَدْرِي، قُلْتُ: لَا تَدْرِي وَهِيَ فِي رَأْسِكَ؟ فَقَالَ: مَا تُرِيدُ مِنِّي يَا ابْنَ عُمَرَ؟ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى أَنْ يَّخْلُقَهُ مِنْ عَصَاكَ هٰذِهِ خَلَقَهُ، وَنَخَرَ كَأَشَدِّ نَخِيرِ حِمَارٍ سَمِعْتُهُ قَطُّ، فَزَعَمَ بَعْضُ أَصْحَابِي أَنِّي ضَرَبْتُهُ بِعَصًا كَانَتْ مَعِيَ حَتّٰى تَكَسَّرَتْ، وَأَمَّا أَنَا فَوَاللّٰهِ مَا شَعَرْتُ، قَالَ: فَدَخَلَ عَلٰى أُخْتِهِ حَفْصَةَ فَأَخْبَرَهَا، فَقَالَتْ: مَا تُرِيدُ مِنْهُ؟ أَمَا عَلِمْتَ أَنَّهُ قَالَ، تَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِنَّ أَوَّلَ مَا يَبْعَثُهُ اللّٰهُ عَلَى النَّاسِ غَضْبَةٌ يَغْضَبُهَا (مسند احمد، رقم الحديث ٢٦٤٢٦) [1]

ترجمہ: حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے ابن صائد سے دومرتبہ ملاقات کی ہے، پہلی مرتبہ جب میں نے اس سے ملاقات کی، تو اس کے ساتھ اس کے کچھ ساتھی تھے، میں نے ان میں سے کسی سے کہا کہ میں تمہیں اللہ کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کہ اگر میں تم سے کوئی سوال کروں، تو کیا مجھے اس کا صحیح جواب دو گے؟

انہوں نے کہا کہ بالکل، میں نے کہا کہ کیا تم اسے وہی دجال (اکبر) سمجھتے ہو؟ انہوں نے جواب میں کہا کہ نہیں، میں نے کہا کہ تم جھوٹ بول رہے ہو، واللہ تم میں سے کسی نے مجھے اس وقت بتایا تھا، جب اس کے پاس مال واولاد کی کمی تھی کہ یہ اس وقت تک نہیں مرے گا، جب تک مال واولاد میں تم سب سے زیادہ نہ ہوجائے اور آج ایسا ہی ہے۔

ابنِ عمر نے فرمایا کہ پھر ہم نے گفتگو کی، پھر میں اس سے جدا ہوگیا۔

پھر میں نے اس سے دوسری مرتبہ ملاقات کی، تو اس کی آنکھ خراب ہوگئی تھی، میں

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

نے اس سے پوچھا کہ تیری یہ آنکھ کب سے خراب ہوئی؟ اس نے جواب میں کہا کہ مجھے معلوم نہیں، میں نے کہا کہ آنکھ تیرے سر میں ہے، اور تجھ کو ہی معلوم نہیں، اس نے کہا کہ اے ابنِ عمر آپ مجھ سے کیا چاہتے ہو؟ اگر اللہ چاہے، تو آپ کی اس لاٹھی میں بھی آنکھ پیدا کرسکتا ہے، اور وہ گدھے جیسی آواز میں اتنی زور سے چیخا کہ اس سے پہلے میں نے کبھی ایسی آواز نہیں سنی تھی، تو میرے بعض ساتھی یہ سمجھے کہ میں نے اسے اپنے پاس موجود لاٹھی سے مارا ہے، حتی کہ وہ ٹوٹ گئی ہے (اس سے آواز پیدا ہوئی ہے) حالانکہ واللہ مجھے کچھ خبر نہ تھی۔

حضرت حفصہ نے یہ معلوم ہونے پر ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ تمہارا اس سے کیا کام ہے، تم اسے کیوں بھڑکا رہے ہو؟ کیا تم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے نہیں سنا کہ دجال کو کوئی شخص غصہ دلائے گا، اور وہ اسی غصے میں آکر خروج کرے گا (مسند احمد)

فائدہ: مطلب یہ ہے کہ اگر بالفرض ابنِ صیاد دجال ہی ہو، تو بھی بلاوجہ ایسا طرزِ عمل اختیار کرنے کی ضرورت نہیں، جو اس کو دجال کی اصل حالت کی طرف منتقل کرنے کا سبب ہو۔

صحابۂ کرام کی عملی زندگی، اتباعِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عبارت تھی، ان میں سے جس نے جو بات جس طرح سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی، اس کے مطابق عمل کیا، اور دوسرے تک بھی وہ بات پہنچائی، نہ اس میں اپنی طرف سے کمی کی، نہ ہی کسی اضافہ کی ضرورت سمجھی۔

ہمیں بھی یہی طریقہ اختیار کرنا چاہیے۔

ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

اور ''سنن ابی داؤد'' میں حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِابْنِ صَائِدٍ فِيْ نَفَرٍ مِّنْ أَصْحَابِهِ،

فِيهِـمْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، وَهُوَ يَلْعَبُ مَعَ الْغِلْمَانِ عِنْدَ أُطُمِ بَنِي مَغَالَةَ، وَهُوَ غُلَامٌ، فَلَمْ يَشْعُرْ حَتّٰى ضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ظَهْرَهُ بِيَدِهِ، ثُمَّ قَالَ: أَتَشْهَدُ أَنِّي رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ قَالَ: فَنَظَرَ إِلَيْهِ ابْنُ صَيَّادٍ، فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُوْلُ الْأُمِّيِّيْنَ، ثُمَّ قَالَ ابْنُ صَيَّادٍ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتَشْهَدُ أَنِّي رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهِ، ثُمَّ قَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يَأْتِيكَ؟ قَالَ: يَأْتِينِي صَادِقٌ وَكَاذِبٌ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُلِطَ عَلَيْكَ الْأَمْرُ، ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي قَدْ خَبَأْتُ لَكَ خَبِيئَةً وَخَبَأَ لَهُ: "يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ" قَالَ ابْنُ صَيَّادٍ: هُوَ الدُّخُّ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِخْسَأْ، فَلَنْ تَعْدُوَ قَدْرَكَ، فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، ائْذَنْ لِي فَأَضْرِبَ عُنُقَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ يَّكُنْ فَلَنْ تُسَلَّطَ عَلَيْهِ، يَعْنِي الدَّجَّالَ، وَإِلَّا يَكُنْ هُوَ فَلَا خَيْرَ فِي قَتْلِهِ

(سنن ابی داود، رقم الحديث ۴۳۲۹، کتاب الملاحم، باب فی خبر ابن صائد) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے چند صحابہ کے ساتھ، جن میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بھی تھے، ابنِ صیاد کے پاس سے گذرے اور وہ اس وقت بنی مغالہ کے پتھروں سے بنے ہوئے قلعہ کے پاس لڑکوں کے ساتھ کھیل رہا تھا، اور وہ لڑکا تھا، پس اس کو احساس نہیں ہوا، یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ اس کی پیٹھ پر مارا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تو گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن ابی داود)

www.idaraghufran.org

ابنِ عمر کہتے ہیں کہ ابنِ صیاد نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دیکھ کر کہا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اُمیوں کے رسول ہیں، پھر ابنِ صیاد نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ کیا آپ گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ تو اس کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لایا، پھر اس کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تیرے پاس کیا آتا ہے؟ تو اس نے کہا کہ میرے پاس سچا، اور جھوٹا دونوں ہی آتے ہیں، پھر اس کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تیرے اوپر معاملہ خلط ملط ہو گیا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے تیرے لیے (اپنے دل میں) ایک بات چھپا رکھی ہے، اور آپ نے اس کے لئے دل میں سورہ دخان کی آیت:

"یَوۡمَ تَاۡتِی السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِیۡنٍ"

چھپالی (جس میں دھویں کا ذکر ہے)، ابنِ صیاد نے کہا کہ وہ بات درخ ہے (ابنِ صیاد "دخان" کا لفظ بھی پورا نہیں کہہ سکا، آدھا لفظ ہی بولنے پر قادر ہوا) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دور ہٹ، تو ہرگز اپنے اندازہ سے آگے نہیں بڑھ سکے گا (جس طرح کے اندازے کاہنوں کے ہوتے ہیں، تیرا اندازہ بھی ناقص ہے) حضرت عمر نے فرمایا کہ اے اللہ کے رسول! مجھے اجازت دیجئے کہ میں اس کی گردن اڑادوں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر یہ دجال ہے، تو تمہیں اس کے اوپر مسلط نہیں کیا گیا (اس کے لیے تو حضرت عیسیٰ ہیں) اور اگر یہ وہ (دجالِ اکبر) نہیں، تو اس کے قتل کرنے میں کوئی خیر نہیں (ابوداود)

اس حدیث کو تھوڑے فرق کے ساتھ امام بخاری نے بھی روایت کیا ہے۔ [1]

---

[1] عن الزهري قال: أخبرني سالم بن عبد الله: أن ابن عمر رضي الله عنهما أخبره: أن عمر انطلق مع النبي صلى الله عليه وسلم في رهط قبل ابن صياد، حتى وجدوه يلعب

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

اس حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابنِ صیاد کو واضح طور پر مسیح دجال قرار نہیں دیا۔
اگر وہ مسیح دجال ہوتا، تو اس کے متعلق آپ واضح فرما دیتے، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ نے دجالِ اکبر، یا دجالِ اکبر کی واضح علامتیں بتلا دی تھیں۔

ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِابْنِ صَائِدٍ: قَدْ خَبَأْتُ لَکَ خَبِیْئًا، فَمَا ھُوَ؟ قَالَ: اَلدُّخُّ، قَالَ: اِخْسَأْ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۶۱۷۲، کتاب الأدب، باب قول الرجل للرجل اخسأ)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابنِ صائد سے کہا کہ میں نے تیرے لئے (اپنے دل میں) کچھ چھپایا ہے، وہ کیا ہے؟ اس نے کہا کہ وہ ''دخ'' ہے (وہ پوری آیت تو درکنار ''دخان'' کا لفظ بھی پورا بولنے پر قادر نہ ہوسکا) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دور ہوجا (بخاری)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو معلوم ہوگیا تھا کہ اس کو شیطان نے ادھوری بات بتلائی، جیسا کہ

﴿ گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ ﴾

مع الصبیان، عند أطم بنی مغالة، وقد قارب ابن صیاد الحلم، فلم یشعر حتی ضرب النبی صلی اللہ علیہ وسلم بیدہ، ثم قال لابن صیاد: تشھد أنی رسول اللہ؟ .فنظر إلیہ ابن صیاد فقال: أشھد أنک رسول الأمیین .فقال ابن صیاد للنبی صلی اللہ علیہ وسلم: أتشھد أنی رسول اللہ؟ فرفضہ وقال: آمنت باللہ وبرسلہ .فقال لہ: ماذا تری .قال ابن صیاد: یأتینی صادق وکاذب .فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم: خلط علیک الأمر .ثم قال لہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم: إنی قد خبأت لک خبیئا .فقال ابن صیاد: ھو الدخ. فقال: اخسأ، فلن تعدو قدرک .فقال عمر رضی اللہ عنہ: دعنی یا رسول اللہ أضرب عنقہ .فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم: إن یکنہ فلن تسلط علیہ، وإن لم یکنہ فلا خیر لک فی قتلہ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۱۳۵۴، کتاب الجنائز، باب: إذا أسلم الصبی فمات ھل یصلی علیہ الخ)

شیطان کی کاہنوں کے ساتھ اسی طرح کی باتیں بتانے کی عادت ہے، جس میں ایک آدھ پہلو واقع کے مطابق، اور باقی خلافِ حقیقت اور جھوٹ ہوتے ہیں۔

جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا قرآن مجید کی سورہ صافات میں ارشاد ہے کہ:

إِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَأَتْبَعَهُ شِهَابٌ ثَاقِبٌ (سورة الصافات، رقم الآية ۱۰)

ترجمہ: مگر وہ فرد جو (اللہ کی آسمان سے آئی ہوئی غیبی بات میں سے) کسی چیز کو اچکتا ہے، تو اس کا شہابِ ثاقب (دہکتا ہوا انگارہ) پیچھا کرتا ہے (سورہ صافات)

اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ الْكُهَّانَ كَانُوْا يُحَدِّثُوْنَنَا بِالشَّيْءِ فَنَجِدُهُ حَقًّا قَالَ: تِلْكَ الْكَلِمَةُ الْحَقُّ، يَخْطَفُهَا الْجِنِّيُّ فَيَقْذِفُهَا فِيْ أُذُنِ وَلِيِّهِ، وَيَزِيْدُ فِيْهَا مِائَةَ كَذْبَةٍ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۲۲۸ "۱۲۲" كتاب السلام، باب تحريم الكهانة وإتيان الكهان)

ترجمہ: میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول، کاہن لوگ ہمیں کوئی بات بتلایا کرتے تھے، تو ہم اس کو واقع کے مطابق پالیا کرتے تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ حق کلمہ ہوتا ہے، جس کو جن (وشیطان) اچک کر اپنے دوست (کاہن ونجومی وغیرہ) کے کان میں ڈال دیتا ہے، اور اس میں سو جھوٹ مزید شامل کر دیتا ہے (اس لئے ان کی باتوں پر یقین کرنے، بلکہ ان سے غیب کی باتیں معلوم کرنے کی اجازت ہی نہیں، اور ان سے بچنے اور دور رہنے کا حکم ہے) (مسلم)

اور حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث میں روایت ہے کہ:

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَإِنَّهَا لَا يُرْمٰى بِهَا لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهِ، وَلٰكِنْ رَبُّنَا تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اِسْمُهُ، إِذَا قَضٰى أَمْرًا

سَبَّحَ حَمَلَةُ الْعَرْشِ، ثُمَّ سَبَّحَ أَهْلُ السَّمَاءِ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، حَتّٰى يَبْلُغَ التَّسْبِيْحُ أَهْلَ هٰذِهِ السَّمَاءِ الدُّنْيَا ثُمَّ قَالَ: اَلَّذِيْنَ يَلُوْنَ حَمَلَةَ الْعَرْشِ لِحَمَلَةِ الْعَرْشِ، مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ؟ فَيُخْبِرُوْنَهُمْ مَاذَا قَالَ: قَالَ فَيَسْتَخْبِرُ بَعْضُ أَهْلِ السَّمَاوَاتِ بَعْضًا، حَتّٰى يَبْلُغَ الْخَبَرُ هٰذِهِ السَّمَاءَ الدُّنْيَا، فَتَخْطَفُ الْجِنُّ السَّمْعَ فَيَقْذِفُوْنَ إِلٰى أَوْلِيَائِهِمْ، وَيُرْمَوْنَ بِهٖ، فَمَا جَاءُوْا بِهٖ عَلٰى وَجْهِهٖ فَهُوَ حَقٌّ، وَلٰكِنَّهُمْ يَقْرِفُوْنَ فِيْهِ وَيَزِيْدُوْنَ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۲۲۹ "۱۲۴" كتاب السلام، باب تحريم الكهانة وإتيان الكهان)

ترجمہ: تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ (شہابِ ثاقب) کسی کی موت کی وجہ سے نہیں پھینکا جاتا، اور نہ ہی کسی کی حیات کی وجہ سے پھینکا جاتا، لیکن ہمارا رب تبارک وتعالیٰ اسمہٗ، جب کسی حکم کا فیصلہ فرماتا ہے، تو عرش کے حاملین فرشتے تسبیح بیان کرتے ہیں، پھر ان سے متصل آسمان والے فرشتے تسبیح بیان کرتے ہیں، یہاں تک کہ یہ تسبیح آسمانِ دنیا والے فرشتوں تک پہنچتی ہے، پھر حاملینِ عرش کے متصل فرشتے، حاملینِ عرش فرشتوں سے کہتے ہیں کہ آپ کے رب نے کیا حکم فرمایا؟ تو وہ ان کو خبر دیتے ہیں کہ یہ حکم فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک آسمان والے، دوسرے آسمان والوں سے خبر معلوم کرتے ہیں، یہاں تک کہ یہ خبر آسمانِ دنیا والوں تک پہنچتی ہے، تو جن کوئی بات سن کر اچک لیتے ہیں، پھر وہ اپنے دوستوں (یعنی کاہنوں) تک پہنچادیتے ہیں، اور ان کو اس کی اطلاع دیتے ہیں، پس جو خبر اسی طرح لاتے ہیں، وہ تو سچی ہوتی ہے، لیکن یہ اسے خلط ملط کردیتے ہیں اور اس میں اضافہ کردیتے ہیں (اس لئے ان کی باتوں پر یقین کرنا جائز ہی نہیں، بلکہ سخت گناہ ہے) (مسلم)

اسی لئے بعض روایات میں ابنِ صیاد کی بات کو اندازہ اور اٹکل فرمایا گیا، اور اس کو اپنی حد سے

آگے نہ بڑھنے والا قرار دیا گیا۔

معلوم ہوا کہ ابنِ صیاد کو شیطان بعض باتیں، کاہنوں کی طرح کی بتلا دیا کرتا تھا۔

اور اس قسم کے لوگوں سے بچنے اور دور رہنے کا حکم ہے، اسی لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ذہن میں ایک بات چھپا کر اس کا امتحان لیا، اور جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کے کاہن کے مشابہ ہونے کا علم ہوگیا، تو آپ نے اس کو دھتکارا، جس کے بعد صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے ابنِ صیاد سے بچنے اور دور رہنے پر تاحیات عمل کیا۔

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كُنَّا نَمْشِيْ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَرَّ بِابْنِ صَيَّادٍ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ خَبَأْتُ لَكَ خَبْأً، فَقَالَ: دُخٌّ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِخْسَأْ، فَلَنْ تَعْدُوَ قَدْرَكَ، فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، دَعْنِيْ فَأَضْرِبَ عُنُقَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْهُ، فَإِنْ يَكُنِ الَّذِيْ تَخَافُ لَنْ تَسْتَطِيْعَ قَتْلَهُ

(صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۹۲۴ "۸۶" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب ذكر ابن صياد)

ترجمہ: ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چل رہے تھے، تو ابنِ صیاد کے پاس سے گذرے، اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے تیرے لئے (اپنے دل میں) کوئی بات چھپا رکھی ہے؟ ابنِ صیاد نے کہا کہ وہ "دخ" ہے، تو اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دور ہوجا، تو ہرگز اپنے اندازہ سے آگے نہیں بڑھ سکتا، تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے

رسول! مجھے آپ اجازت دیجیے، میں اس کی گردن اڑادوں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کو چھوڑ دو، اگر وہ وہی شخص ہے، جس کا تم خوف کررہے ہو(یعنی دجالِ اکبر) تو تم اس کے قتل کرنے پر قادر نہیں ہوسکتے (صحیح مسلم)

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ:

أَنْ أَحْلِفَ بِاللّٰهِ تِسْعًا ،أَنَّ ابْنَ صَائِدٍ، هُوَ الدَّجَّالُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَحْلِفَ وَاحِدَةً (مسند ابی یعلیٰ،الموصلی،رقم الحديث ٥٢٠٧،مسند عبد الله بن مسعود) [1]

ترجمہ: میں اللہ کی دس مرتبہ قسم اٹھاؤں ،اس بات پر کہ ابنِ صائد ہی دجال ہے، یہ مجھے زیادہ پسند ہے،اس بات سے کہ میں اس بات پر ایک مرتبہ قسم اٹھاؤں (مسندابی یعلیٰ)

اس حدیث میں ابنِ صائد کو دجال کہا گیا ہے،اور احادیث میں دجالِ اکبر سے پہلے بھی کئی دجالوں کی آمد کا حکم لگایا گیا ہے۔

اس لئے ممکن ہے کہ دجالِ اکبر سے پہلے برآمد ہونے والا دجال مراد ہو،اور ممکن ہے کہ حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کو اس کے دجالِ اکبر ہونے کا یقین ہو،اور وہ اپنے یقین کے مطابق قسم اٹھانے پر گناہ گار نہ ہوں گے، اگرچہ دوسرے حضرات کے نزدیک وہ دجالِ اکبر نہ ہو۔

حسین بن علی رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال حسين سليم أسد الداراني:إسناده صحيح(حاشية مسند ابی یعلیٰ)

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَبَّأَ لِابْنِ صَائِدٍ دُخَانًا، فَسَأَلَهُ عَمَّا خَبَّأَ لَهُ، فَقَالَ: دُخٌ، فَقَالَ: اِخْسَأْ فَلَنْ تَعْدُوَ قَدْرَكَ، فَلَمَّا وَلّٰى، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا قَالَ؟ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: دُخٌ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: بَلْ قَالَ زُخٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدِ اخْتَلَفْتُمْ وَأَنَا بَيْنَ أَظْهُرِكُمْ، فَأَنْتُمْ بَعْدِي أَشَدُّ اِخْتِلَافًا (المعجم الكبير للطبرانی، ج۳ص۱۳۴ ،رقم الحديث ۲۹۰۸ ،مصنف لعبد الرزاق،رقم الحديث۲۰۸۱۸ ،باب الدجال) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابنِ صائد کے لئے (اپنے ذہن میں) دخان کو چھپایا، پھر اس سے (اپنے ذہن میں) چھپائی ہوئی چیز کے بارے میں سوال کیا، تو اس نے کہا کہ ''دخ'' تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دور ہو جا، تو ہرگز اپنی حیثیت سے آگے نہیں بڑھ سکتا، پھر جب وہ چلا گیا، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (صحابہ سے) پوچھا، اس نے کیا کہا ہے؟ تو بعض لوگوں نے کہا کہ اس نے ''دخ'' کہا تھا، اور بعض لوگوں نے کہا کہ ''زخ'' کہا تھا، جس پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اختلاف کرتے ہو، حالانکہ میں تمہارے درمیان میں موجود ہوں، اس طرح تو تم تو میرے بعد شدید اختلاف کرو گے (طبرانی)

---

[1] قال الهيثمی: رواه الطبرانی بإسنادين، ورجال أحدهما رجال الصحيح (مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ۱۲۵۶۶ ،باب ما جاء فی ابن صياد)

وقال الالبانی:

قلت :وهذا إسناد صحيح،ثم رواه الطبرانی (2909) من طريق عبد الله بن صالح: حدثنی الليث: حدثنی عُقيل (عن) ابن شهاب به .وقال الهيثمی (8/5)": رواه الطبرانی بإسنادين، ورجال أحدهما رجال الصحيح."

وكأنه يعنی الأول، والثانی كذلك عندی لولا أن عبد الله بن صالح فيه ضعف من قبل حفظه، ولكنه ممن يستشهد به، فيزداد الحديث به قوة على قوة (سلسلة الاحاديث الصحيحة،تحت رقم الحديث ۳۲۵۶)

ابوذرغفاری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنْ أَحْلِفَ عَشْرَ مِرَارٍ أَنَّ ابْنَ صَائِدٍ هُوَ الدَّجَّالُ، أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَحْلِفَ مَرَّةً وَاحِدَةً أَنَّهُ لَيْسَ بِهِ، قَالَ: وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَنِي إِلٰى أُمِّهِ، فَقَالَ: سَلْهَا كَمْ حَمَلَتْ بِهِ.

قَالَ: فَأَتَيْتُهَا فَسَأَلْتُهَا، فَقَالَتْ: حَمَلْتُ بِهِ اِثْنَيْ عَشَرَ شَهْرًا، قَالَ: ثُمَّ أَرْسَلَنِي إِلَيْهَا، فَقَالَ: سَلْهَا عَنْ صَيْحَتِهِ حِيْنَ وَقَعَ، قَالَ: فَرَجَعْتُ إِلَيْهَا فَسَأَلْتُهَا، فَقَالَتْ: صَاحَ صَيْحَةَ الصَّبِيِّ اِبْنِ شَهْرٍ، ثُمَّ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّيْ قَدْ خَبَأْتُ لَكَ خَبْأً، قَالَ: خَبَأْتَ لِيْ خَطْمِ شَاةٍ عَفْرَاءَ وَالدُّخَانَ، قَالَ: فَأَرَادَ أَنْ يَّقُوْلَ: اَلدُّخَانَ فَلَمْ يَسْتَطِعْ، فَقَالَ: اَلدُّخُّ اَلدُّخُّ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِخْسَأْ، فَإِنَّكَ لَنْ تَعْدُوَ قَدْرَكَ (مسند احمد، رقم الحدیث ۲۱۳۱۹)

ترجمہ: میں دس مرتبہ حلف اٹھالوں کہ ابنِ صائد دجال ہی ہے، تو یہ مجھے زیادہ پسند ہے کہ ایک مرتبہ حلف اٹھاؤں کہ ابنِ صائد، دجال نہیں ہے، ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے ابنِ صائد کی ماں کے پاس (اس کے دجال ہونے کی تحقیق وتفتیش کے لئے) بھیجا کرتے تھے، ایک مرتبہ فرمایا کہ اس کی ماں سے معلوم کرو کہ ابنِ صائد! کتنے دنوں تک حمل کی حالت میں رہا؟ میں نے اس کے پاس آکر یہ سوال کیا، تو اس نے جواب میں کہا کہ یہ بارہ ماہ تک حمل کی حالت میں رہا۔

ابوذر کہتے ہیں کہ مجھے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت کے پاس اس

کی پیدائش کے وقت بچہ کی چیخنے والی آواز کے بارے میں سوال کرنے کے لئے بھیجا، پھر میں لوٹ کر اس عورت کے پاس گیا، اور اس سے یہ سوال کیا، تو اس نے جواب میں کہا کہ اس کی پیدائش کے وقت چیخنے کی آواز ایک ماہ کے بچہ کی طرح کی تھی۔

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابنِ صائد سے فرمایا کہ میں نے تیرے لئے ایک چیز (ذہن میں) چھپا کر رکھی ہے، وہ کیا ہے؟ ابنِ صائد نے جواب میں کہا کہ آپ نے میرے لیے ایک سفید بکری کی ناک اور دھواں چھپا رکھا ہے، اس نے ''دخان'' کا لفظ بولنے کا ارادہ کیا، لیکن وہ یہ لفظ بولنے پر قادر نہیں ہوسکا، اس لئے صرف ''درخ، درخ'' ہی بول سکا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا کہ دور ہو، تو اپنی حیثیت سے آگے ہرگز نہیں بڑھ سکتا (مسند احمد)

بعض اہلِ علم حضرات نے اس حدیث کو منکر کہا ہے۔ [1]

---

[1] قال شعیب الارنؤوط:

حديث منكر، وهذا إسناد رجاله ثقات رجال الشيخين غير الحارث بن حصيرة، فقد روى له البخارى فى "الأدب المفرد"، والنسائى فى "خصائص على "و"مسنده" ووثقه ابن معين والنسائى والعجلى، وابن شاهين، وابن حبان وابن نمير، وقال أبو داود : شيعى صدوق، وقال الدارقطنى :شيخ للشيعة يغلو فى التشيع، وقال أبو حاتم :لولا أن الثورى روى عنه لتُرك حديثه، وقال ابن عدى :وهو أحد من يُعدُّ من المحترقين بالكوفة فى التشيع، وعلى ضعفه يكتب حديثه .وقال العقيلى :لا يتابع على حديثه هذا وله غير حديث منكر، وأما حديث ابن صياد (يعنى أصل حديثه) فقد رواه جماعة من أصحاب النبى صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عنه بأسانيد صحاح.

قلنا :ومنها حديث ابن مسعود فى "الصحيح"، وسلف برقم (3610) وذكرنا له شواهد أخرى هناك.

وأما حديث أبى ذر فأخرجه الطحاوى فى "شرح المشكل "(2859) من طريق عفان بن مسلم، بهذا الإسناد.

وأخرجه عمر بن شبة فى "أخبار المدينة 402-2/401 "، والبزار فى "مسنده" (3983) ، والطحاوى (2860) ، والعقيلى فى "الضعفاء 1/217 "، والطبرانى فى "الأوسط "(8515) من طرق عن عبد الواحد بن زياد، به.

وانظر شرحه عند حديث ابن مسعود السالف برقم (3610)(حاشية مسند احمد)

لیکن بعض دوسرے اہلِ علم حضرات نے اس حدیث کو حسن درجہ میں معتبر قرار دیا ہے۔ [1]

مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

مَا سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدَّجَّالِ أَكْثَرَ مِمَّا سَأَلْتُهُ، فَقَالَ: مَا تَصْنَعُ؟ لَيْسَ بِضَارِّكَ، قُلْتُ: أَلَا أَقْتُلُ ابْنَ صَيَّادٍ؟ قَالَ: مَا تَصْنَعُ بِقَتْلِهِ؟ إِنْ كَانَ هُوَ الدَّجَّالُ فَلَنْ تَخْلُصَ إِلٰى قَتْلِهِ، وَإِنْ لَمْ يَكُنِ الدَّجَّالَ فَمَا تَصْنَعُ بِهِ؟ (المعجم الكبير، للطبراني، ج ۲۰ ص ۳۹۹، رقم الحديث ۹۴۸) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے جتنا دجال کے بارے میں میں نے سوال کیا، اتنا کسی دوسرے نے نہیں کیا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم کیا کرو گے؟ وہ آپ کو کچھ ضرر نہیں پہنچا سکتا، میں نے کہا کہ کیا میں ابنِ صیاد کو قتل نہ کردوں؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اس کو قتل کر کے کیا کرو گے؟ اگر وہ (اصلی) دجال ہوا، تو تم اس کو قتل کرنے کی طاقت نہیں رکھو گے، اور اگر وہ دجال نہ ہوا، تو تم

---

[1] قال الهيثمي: رواه أحمد والبزار وقال " :إني قد خبأت لك خبأ فما هو؟ ." والطبراني في الأوسط، ورجال أحمد رجال الصحيح، غير الحارث بن حصيرة وهو ثقة (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۲۵۵۹، باب ما جاء في ابن صياد)

وقال نبيل بن مَنصور بن يَعقوب البصارة:

قلت :وثقه ابن معين والنسائي والعجلي وابن نمير وابن حبان، وقال أبو داود :صدوق، وذكره العقيلي في "الضعفاء"، وقال ابن عدي :وعلى ضعفه يكتب حديثه، فهو حسن الحديث، وعبد الواحد بن زياد وزيد بن وهب ثقتان، فالإسناد حسن (انيس الساري تخريج احاديث فتح الباري، ج۵، ص ۳۳۰۴، تحت رقم الحديث ۲۲۳۸، حرف السين)

[2] قال الهيثمي: رواه الطبراني، ورجاله رجال الصحيح، غير جهور بن منصور وهو ثقة (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۲۵۶۷، باب ما جاء في ابن صياد)

اس کو کس لئے قتل کرو گے؟ (طبرانی)

اس قسم کی تمام احادیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے معلق ومشروط حکم بیان کیا، ابنِ صیاد کو واضح اور متعین طور پر دجالِ اکبر قرار نہیں دیا۔

اس لئے ابنِ صیاد پر دجالِ اکبر ہونے کا حکم لگانا راجح معلوم نہیں ہوتا، البتہ اس کی تلبیسا تی باتوں کی وجہ سے دجالِ اصغر کہا جائے، تو گنجائش ہے۔ [1]

ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

علی بن زید بن جدعان، عبدالرحمٰن بن ابی بکرہ سے، اور وہ اپنے والد حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَمْكُثُ أَبَوَا الدَّجَّالِ ثَلَاثِيْنَ عَامًا لَا يُوْلَدُ لَهُمَا، ثُمَّ يُوْلَدُ لَهُمَا غُلَامٌ أَعْوَرُ، أَضَرُّ شَيْءٍ وَأَقَلُّهُ نَفْعًا، تَنَامُ عَيْنَاهُ، وَلَا يَنَامُ قَلْبُهُ، ثُمَّ نَعَتَ أَبَوَيْهِ فَقَالَ: أَبُوْهُ رَجُلٌ طُوَالٌ، مُضْطَرِبُ اللَّحْمِ، طَوِيْلُ الْأَنْفِ، كَأَنَّ أَنْفَهُ مِنْقَارٌ، وَأُمُّهُ اِمْرَأَةٌ فِرْضَاخِيَّةٌ، عَظِيْمَةُ الثَّدْيَيْنِ.

قَالَ: فَبَلَغَنَا أَنَّ مَوْلُوْدًا مِنَ الْيَهُوْدِ وُلِدَ بِالْمَدِيْنَةِ، قَالَ: فَانْطَلَقْتُ أَنَا وَالزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ حَتّٰى دَخَلْنَا عَلٰى أَبَوَيْهِ، فَرَأَيْنَا فِيْهِمَا نَعْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَإِذَا هُوَ مُنْجَدِلٌ فِي الشَّمْسِ فِيْ قَطِيْفَةٍ

---

[1] وقال النووى قال العلماء قصة ابن الصياد مشكلة وأمره مشتبه فى أنه هل هو المسيح الدجال المشهور أم غيره ولا شك أنه دجال من الدجاجلة قال العلماء ظاهر الأحاديث فى هذا الباب أن النبى -صلى الله عليه وسلم - لم يوح إليه بأنه المسيح الدجال ولا غيره وإنما أوحى إليه بعلامات الدجال وكان فى ابن صياد قرائن محتملة فلذلك كان النبى -صلى الله عليه وسلم - لا يقطع بأنه الدجال ولا غيره ولهذا قال لعمر رضى الله تعالى عنه إن يكن هو فلن تستطيع قتله (عمدة القارى شرح صحيح البخارى، ج٨، ص ١٧٢، كتاب الجنائز، باب إذا أسلم الصبى فمات هل يصلى عليه وهل يعرض على الصبى الإسلام)

www.idaraghufran.org

لَهُ هَمْهَمَةٌ، فَسَأَلْنَا أَبَوَيْهِ، فَقَالَا: مَكَثْنَا ثَلَاثِيْنَ عَامًا لَا يُوْلَدُ لَنَا، ثُمَّ وُلِدَ لَنَا غُلَامٌ أَعْوَرُ، أَضَرُّ شَيْءٍ وَأَقَلُّهُ نَفْعًا، فَلَمَّا خَرَجْنَا مَرَرْنَا بِهِ، فَقَالَ: مَا كُنْتُمَا فِيْهِ؟ قُلْنَا: وَسَمِعْتَ؟ قَالَ: نَعَمْ إِنَّهُ تَنَامُ عَيْنَايَ، وَلَا يَنَامُ قَلْبِيْ، فَإِذَا هُوَ ابْنُ صَيَّادٍ (مسند احمد، رقم الحدیث ۲۰۴۱۸)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دجال کے والدین تیس سالوں تک ٹھہرے رہیں گے، ان کے یہاں کوئی اولاد نہیں ہوگی، پھر ان کے یہاں بھینگا بچہ پیدا ہوگا، جس کا نقصان زیادہ اور فائدہ کم ہوگا، اس کی آنکھیں سوئیں گی، اس کا دل نہیں سوئے گا، پھر اس کے والدین کا حلیہ بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ اس کا باپ لمبے قد کا آدمی ہوگا، اور اس کا گوشت حرکت کرے گا، اس کی ناک لمبی ہوگی، ایسا محسوس ہوگا، جیسا کہ جانور کی چونچ ہو، اور اس کی ماں کشادہ، بڑی چھاتی والی عورت ہوگی۔

ابوبکرہ کہتے ہیں کہ پھر ہمیں یہ خبر پہنچی کہ مدینہ میں یہود کے ہاں ایک بچہ پیدا ہوا ہے، پھر میں اور زبیر بن عوام اسے دیکھنے کے لیے گئے، اس کے والدین کے پاس پہنچے، تو ہم نے اس کے والدین میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا بتایا ہوا حلیہ دیکھا، اور وہ بچہ دھوپ میں ایک چادر میں لپٹا ہوا پڑا تھا، اس کی ہلکی ہلکی آواز آ رہی تھی، پھر ہم نے اس کے والدین سے اس بچہ کے متعلق معلوم کیا، تو انہوں نے بتایا کہ ہم نے تیس سال اس حال میں گزارے کہ ہمارے ہاں کوئی بچہ پیدا نہیں ہوا، پھر ہمارے ہاں یہ ایک کانا بچہ پیدا ہوا، جس کا نقصان زیادہ اور فائدہ کم ہے۔

ابوبکرہ کہتے ہیں کہ جب ہم وہاں سے نکلے، تو ہم اس بچہ کے پاس سے گزرے، وہ کہنے لگا کہ تم دونوں کیا باتیں کر رہے تھے؟ ہم نے کہا کہ کیا تو نے وہ باتیں سن لیں؟ اس نے کہا کہ جی ہاں! میری آنکھیں سوتی ہیں، لیکن میرا دل نہیں سوتا۔

جب ہم نے غور کیا، تو وہ ابنِ صیاد تھا (مسند احمد)

مذکورہ حدیث کی سند میں علی بن زید بن جدعان نام کا راوی ضعیف ہے۔ [1]

ابو طفیل رضی اللہ عنہ کی حدیث

مہدی بن عمران مازنی سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ أَبَا الطُّفَيْلِ، وَسُئِلَ: هَلْ رَأَيْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قِيْلَ: فَهَلْ كَلَّمْتَهُ؟ قَالَ: لَا، وَلٰكِنِّيْ رَأَيْتُهُ انْطَلَقَ مَكَانَ كَذَا وَكَذَا، وَمَعَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ وَأُنَاسٌ مِنْ أَصْحَابِهٖ حَتّٰى أَتٰى دَارَ قَوْرَاءَ فَقَالَ: افْتَحُوْا هٰذَا الْبَابَ، فَفُتِحَ وَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدَخَلْتُ مَعَهُ، فَإِذَا قَطِيْفَةٌ فِيْ وَسَطِ الْبَيْتِ، فَقَالَ: ارْفَعُوْا هٰذِهِ الْقَطِيْفَةَ، فَرَفَعُوا الْقَطِيْفَةَ، فَإِذَا غُلَامٌ أَعْوَرُ تَحْتَ الْقَطِيْفَةِ، فَقَالَ: قُمْ يَا غُلَامُ، فَقَامَ الْغُلَامُ، فَقَالَ: يَا غُلَامُ، أَتَشْهَدُ أَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ قَالَ الْغُلَامُ: أَتَشْهَدُ أَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ قَالَ: أَتَشْهَدُ أَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ قَالَ الْغُلَامُ: أَتَشْهَدُ أَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ هٰذَا، مَرَّتَيْنِ (مسند احمد، رقم الحديث ۲۳۷۹۶)

ترجمہ: میں نے ابو طفیل سے سنا، اور ان سے یہ سوال کیا گیا کہ کیا تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے؟ انہوں نے جواب میں کہا کہ بے شک۔ سوال کیا گیا کہ تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کلام کیا ہے؟ انہوں نے جواب میں کہا کہ نہیں، لیکن میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فلاں جگہ جاتے ہوئے

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده ضعيف لضعف علي بن زيد بن جدعان، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

دیکھا تھا، اس وقت آپ کے ساتھ عبداللہ بن مسعود اور چند دوسرے صحابہ رضی اللہ عنہم تھے، یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک کشادہ مکان پر آئے، پھر فرمایا کہ اس دروازہ کو کھولو، پس دروازہ کھول دیا گیا، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم اندر داخل ہوگئے، اور میں بھی ان کے ساتھ داخل ہوگیا، پس وہاں گھر کے درمیان میں ایک چادر تھی، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ چادر اٹھاؤ، لوگوں نے چادر اٹھائی، تو چادر کے نیچے سے ایک کانا لڑکا نکلا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے لڑکے! کھڑا ہو جا، وہ لڑکا کھڑا ہوگیا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا کہ اے لڑکے! کیا تو اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ اس لڑکے نے کہا کہ کیا آپ اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا کہ کیا تو اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ اس لڑکے نے پھر یہی کہا کہ کیا آپ اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کے شر سے اللہ کی پناہ مانگو، اس کے شر سے اللہ کی پناہ مانگو، دومرتبہ یہ جملہ فرمایا (مسند احمد)

اس حدیث کی سند میں ''مہدی بن عمران مازنی'' نام کے راوی کو بعض محدثین نے ضعیف کہا ہے۔ [1]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده ضعيف، مهدى بن عمران قال البخارى فيما نقله عنه الذهبى فى "الميزان 4/195: "لا يتايع على حديثه، ثم ساق له هذا الحديث من طريق قرة ابن سليمان، عن مهدى بن عمران، به (حاشية مسند احمد)

وقال الهيثمى: رواه أحمد والطبرانى، وفيه مهدى بن عمران، قال البخارى: لا يتابع على حديثه (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٢٥٦١، باب ما جاء فى ابن صياد)

وقال نبيل بن مَنصور بن يَعقوب البصارة: قال البخارى: لا يتابع مهدى بن عمران على حديثه" قلت: ذكره ابن حبان فى "الثقات (انيس السارى تخريج احاديث فتح البارى، ج۴، ص۲۷۳۸، تحت رقم الحديث ۱۸۴۹، حرف التاء)

www.idaraghufran.org

زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کی سند سے روایت ہے کہ:

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِبَعْضِ أَصْحَابِهٖ: اِنْطَلِقْ، فَانْطَلَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَصْحَابُهٗ مَعَهٗ حَتّٰى دَخَلُوْا بَيْنَ حَائِطَيْنِ فِيْ زُقَاقٍ طَوِيْلٍ، فَلَمَّا اِنْتَهَوْا إِلَى الدَّارِ إِذَا اِمْرَأَةٌ قَاعِدَةٌ، وَإِذَا قِرْبَةٌ عَظِيْمَةٌ مَلْأَى مَاءً، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَرٰى قِرْبَةً وَلَا أَرٰى حَامِلَهَا، فَأَشَارَتِ الْمَرْأَةُ إِلٰى قَطِيْفَةٍ فِيْ نَاحِيَةِ الدَّارِ، فَقَامُوْا إِلَى الْقَطِيْفَةِ، فَكَشَفُوْهَا فَإِذَا تَحْتَهَا إِنْسَانٌ، فَرَفَعَ رَأْسَهٗ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَاهَ الْوَجْهُ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، لِمَ تَفْحَشُ عَلَيَّ؟ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّيْ قَدْ خَبَأْتُ لَكَ خَبْئًا، فَأَخْبِرْنِيْ مَا هُوَ، وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ خَبَأَ لَهٗ سُوْرَةَ الدُّخَانِ، فَقَالَ: اَلدُّخُّ، فَقَالَ: اِخْسَهْ، مَا شَاءَ اللّٰهُ كَانَ، ثُمَّ انْصَرَفَ (مسند البزار، رقم الحديث ۱۳۳۴، مسند زيد بن حارثة رضى الله عنه)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بعض صحابہ سے فرمایا کہ چلو، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، اور آپ کے ساتھ آپ کے صحابہ گئے، یہاں تک کہ دو دیواروں کے درمیان لمبے راستہ میں داخل ہوگئے، پھر جب ایک گھر میں پہنچے، تو ایک عورت کو بیٹھے ہوئے دیکھا، اور ایک بڑے ڈول کو پانی سے بھرا ہوا دیکھا، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں ڈول کو تو دیکھ رہا ہوں، لیکن اس کو اٹھانے والا نہیں دیکھ رہا، یہ سن کر اس عورت نے گھر کے ایک جانب چادر کی طرف اشارہ کیا، وہ حضرات چادر کی طرف گئے، پھر انہوں نے چادر کو کھولا، تو اس کے نیچے

ایک انسان تھا، پھر اس نے اپنا سر اوپر کیا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ چہرہ خراب ہے، اس نے کہا کہ اے محمد! تم مجھے بری بات کیوں کہتے ہو؟ اس کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے تیرے لئے (ذہن میں) ایک چیز مخفی رکھی ہوئی ہے، مجھے بتلاؤ کہ وہ کیا ہے؟ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے لئے سورہ دخان کو (اپنے دل ودماغ میں) مخفی رکھا ہوا تھا، تو اس نے جواب میں کہا کہ ''درخ'' ہے، اس پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دفع ہو، جو بھی اللہ چاہے، وہ ہوتا ہے، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے واپس لوٹ آئے (بزار)

امام بزار نے اس حدیث کو روایت کرنے کے بعد فرمایا کہ بعض حضرات نے اس حدیث کو ابو طفیل سے روایت کیا ہے۔ [1]

اور علامہ ہیثمی نے اس حدیث کے بارے میں فرمایا کہ اس حدیث کی سند میں ''زیاد بن حسن بن فرات'' کو ابو حاتم نے ضعیف اور ابنِ حبان نے ثقہ قرار دیا ہے۔ [2]

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

لَقِيَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ فِيْ بَعْضِ طُرُقِ الْمَدِيْنَةِ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتَشْهَدُ أَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ فَقَالَ هُوَ: أَتَشْهَدُ أَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: آمَنْتُ بِاللّٰهِ، وَمَلَائِكَتِهِ، وَكُتُبِهِ، مَا تَرٰى؟ قَالَ: أَرٰى عَرْشًا عَلَى الْمَاءِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَرٰى

---

[1] قال البزار: وهذا الحديث قد روى بعضه أبو الطفيل نفسه، عن النبي صلى الله عليه وسلم، وذكره بهذا الإسناد، عن زيد بن حارثة.

[2] قال الهيثمي: رواه البزار والطبراني في الكبير والأوسط، وفيه زياد بن الحسن بن فرات، ضعفه أبو حاتم، ووثقه ابن حبان (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٢٥٦٢، باب ما جاء في ابن صياد)

عَرْشَ إِبْلِيسَ عَلَى الْبَحْرِ، وَمَا تَرٰى؟ قَالَ: أَرٰى صَادِقَيْنِ وَكَاذِبًا، أَوْ كَاذِبَيْنِ وَصَادِقًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لُبِسَ عَلَيْهِ، دَعُوْهُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٢٥ "٨٧" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب ذكر ابن صياد)

ترجمہ: ابنِ صیاد سے مدینہ کے بعض راستوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما کی ملاقات ہوئی، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابنِ صیاد سے فرمایا کہ کیا تو گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ تو ابنِ صیاد نے کہا کہ کیا آپ گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اللہ پر اور اس کے فرشتوں اور اس کی کتابوں پر ایمان لایا۔

تو کیا دیکھتا ہے؟ اس نے جواب میں کہا کہ میں پانی کے اوپر عرش کو دیکھتا ہوں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تو ابلیس کے عرش کو سمندر پر دیکھتا ہے، اور تو کیا دیکھتا ہے؟ ابنِ صیاد نے کہا کہ میں دو سچے آدمیوں کو اور ایک جھوٹے کو دیکھتا ہوں، یا دو جھوٹوں اور ایک سچے کو دیکھتا ہوں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس پر (ابلیس کی طرف سے) تلبیس کر دی گئی ہے، تم اس کو چھوڑ دو (مسلم)

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ لِيَ ابْنُ صَائِدٍ: وَأَخَذَتْنِي مِنْهُ ذَمَامَةٌ: هٰذَا عَذَرْتُ النَّاسَ، مَا لِي وَلَكُمْ؟ يَا أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ أَلَمْ يَقُلْ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهُ يَهُودِيٌّ وَقَدْ أَسْلَمْتُ، قَالَ: وَلَا يُوْلَدُ لَهُ وَقَدْ وُلِدَ لِي، وَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَرَّمَ عَلَيْهِ مَكَّةَ وَقَدْ حَجَجْتُ، قَالَ: فَمَا زَالَ حَتّٰى كَادَ أَنْ

يَأْخُذَ فِيَّ قَوْلُهُ، قَالَ: فَقَالَ لَهُ: أَمَا، وَاللّٰهِ إِنِّي لَأَعْلَمُ الْآنَ حَيْثُ هُوَ، وَأَعْرِفُ أَبَاهُ وَأُمَّهُ، قَالَ: وَقِيلَ لَهُ: أَيَسُرُّكَ أَنَّكَ ذَاكَ الرَّجُلُ؟ قَالَ: فَقَالَ: لَوْ عُرِضَ عَلَيَّ مَا كَرِهْتُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٢٧ "٩٠" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب ذكر ابن صياد)

ترجمہ: مجھ سے ابنِ صائد نے ایسی بات کہی، جس سے مجھے شرم آئی، ابنِ صائد نے کہا کہ دوسرے لوگوں کو تو میں معذور سمجھتا ہوں اور اے محمد کے صحابہ تمہیں میرے بارے میں کیا ہو گیا؟ کیا اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نہیں فرمایا تھا کہ دجال یہودی ہوگا، حالانکہ میں اسلام لا چکا ہوں اور دجال کی اولاد نہ ہوگی، حالانکہ میری تو اولاد بھی ہے، اور اللہ نے اس پر مکہ کو حرام کر دیا ہے، حالانکہ میں حج کر چکا ہوں اور ابنِ صائد مسلسل ایسی باتیں کرتا رہا کہ قریب تھا کہ میں اس کی باتوں میں آ جاتا، اس نے کہا کہ اللہ کی قسم میں جانتا ہوں کہ دَجّال کہاں ہے، اور میں اس کے باپ اور ماں کو بھی جانتا ہوں۔

ابو سعید خدری کہتے ہیں کہ ابنِ صائد سے کہا گیا کہ کیا تجھے یہ بات پسند ہے کہ تو ہی وہ آدمی (دَجّال) ہو، اس نے کہا کہ اگر یہ بات مجھ پر پیش کی گئی، تو میں اسے ناپسند نہ کروں گا (مسلم)

ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

اور صحیح مسلم میں ہی حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

صَحِبْتُ ابْنَ صَائِدٍ إِلٰى مَكَّةَ، فَقَالَ لِيْ: أَمَا قَدْ لَقِيتُ مِنَ النَّاسِ، يَزْعُمُونَ أَنِّي الدَّجَّالُ، أَلَسْتَ سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: إِنَّهُ لَا يُولَدُ لَهُ، قَالَ: قُلْتُ: بَلٰى، قَالَ: فَقَدْ وُلِدَ لِيْ،

أَوَلَيْسَ سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: لَا يَدْخُلُ الْمَدِيْنَةَ وَلَا مَكَّةَ ، قُلْتُ: بَلٰى، قَالَ: فَقَدْ وُلِدْتُ بِالْمَدِيْنَةِ، وَهٰذَا أَنَا أُرِيْدُ مَكَّةَ، قَالَ: ثُمَّ قَالَ لِيْ فِيْ آخِرِ قَوْلِهٖ: أَمَا، وَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأَعْلَمُ مَوْلِدَهٗ وَمَكَانَهٗ وَأَيْنَ هُوَ، قَالَ: فَلَبَسَنِيْ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٢٧ ”٨٩“ كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب ذكر ابن صياد)

ترجمہ: میں ابنِ صائد کے ساتھ مکہ کی طرف سفر کرتے ہوئے ساتھ تھا، تو اس نے مجھ سے کہا کہ لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ میں دجّال ہوں، اور کیا تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں سنا کہ دجال کے اولاد نہیں ہوگی؟ میں نے کہا کہ میں نے یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے، ابنِ صائد نے کہا کہ میرے تو اولاد ہے۔

پھر ابنِ صائد نے کہا کہ کیا تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں سنا کہ دجال نہ تو مکہ مکرمہ میں داخل ہو سکے گا، اور نہ ہی مدینہ منورہ میں داخل ہو سکے گا؟ میں نے کہا کہ میں نے یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے، ابنِ صائد نے کہا کہ میں تو مدینہ منورہ میں پیدا ہوا ہوں، اور اب میں مکہ مکرمہ جا رہا ہوں، ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ پھر ابنِ صائد نے مجھے آخر میں کہا کہ یاد رکھو اللہ کی قسم! میں دجال کی جائے ولادت، اور اس کے مقام کو بھی جانتا ہوں کہ وہ کہاں ہے، ابوسعید خدری کہتے ہیں کہ اس نے مجھے شک وشبہ میں ڈال دیا (مسلم)

اور صحیح مسلم میں ہی حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

خَرَجْنَا حُجَّاجًا، أَوْ عُمَّارًا، وَمَعَنَا ابْنُ صَائِدٍ، قَالَ: فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا، فَتَفَرَّقَ النَّاسُ وَبَقِيْتُ أَنَا وَهُوَ، فَاسْتَوْحَشْتُ مِنْهُ وَحْشَةً شَدِيْدَةً مِمَّا يُقَالُ عَلَيْهِ، قَالَ: وَجَاءَ بِمَتَاعِهٖ فَوَضَعَهٗ مَعَ مَتَاعِيْ، فَقُلْتُ: إِنَّ الْحَرَّ

شَدِيْدٌ، فَلَوْ وَضَعْتَهُ تَحْتَ تِلْكَ الشَّجَرَةِ،قَالَ:فَفَعَلَ، قَالَ:فَرُفِعَتْ لَنَا غَنَمٌ، فَانْطَلَقَ فَجَاءَ بِعُسٍّ، فَقَالَ:اِشْرَبْ، أَبَا سَعِيْدٍ ، فَقُلْتُ إِنَّ الْحَرَّ شَدِيْدٌ وَاللَّبَنُ حَارٌّ، مَا بِيْ إِلَّا أَنِّيْ أَكْرَهُ أَنْ أَشْرَبَ عَنْ يَدِهٖ ،أَوْ قَالَ آخُذَ عَنْ يَدِهٖ ،فَقَالَ:أَبَا سَعِيْدٍ لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ آخُذَ حَبْلًا فَأُعَلِّقَهُ بِشَجَرَةٍ، ثُمَّ أَخْتَنِقَ مِمَّا يَقُوْلُ لِي النَّاسُ، يَا أَبَا سَعِيْدٍ مَنْ خَفِيَ عَلَيْهِ حَدِيْثُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا خَفِيَ عَلَيْكُمْ مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ، أَلَسْتَ مِنْ أَعْلَمِ النَّاسِ بِحَدِيْثِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ أَلَيْسَ قَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:هُوَ كَافِرٌ وَأَنَا مُسْلِمٌ، أَوَلَيْسَ قَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:هُوَ عَقِيْمٌ لَا يُوْلَدُ لَهُ، وَقَدْ تَرَكْتُ وَلَدِيْ بِالْمَدِيْنَةِ؟ أَوَلَيْسَ قَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:لَا يَدْخُلُ الْمَدِيْنَةَ وَلَا مَكَّةَ وَقَدْ أَقْبَلْتُ مِنَ الْمَدِيْنَةِ وَأَنَا أُرِيْدُ مَكَّةَ؟ قَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيُّ:حَتّٰى كِدْتُ أَنْ أَعْذِرَهُ، ثُمَّ قَالَ:أَمَا، وَاللّٰهِ إِنِّيْ لَأَعْرِفُهُ وَأَعْرِفُ مَوْلِدَهُ وَأَيْنَ هُوَ الْآنَ، قَالَ:قُلْتُ لَهُ:تَبًّا لَكَ، سَائِرَ الْيَوْمِ (صحيح مسلم،رقم الحديث٢٩٢٧"٩١" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب ذكر ابن صياد)

ترجمہ: ہم حج، یا عمرہ کرنے کی غرض سے چلے، اور ابنِ صائد ہمارے ساتھ تھا، ہم ایک جگہ اترے، تو لوگ منتشر ہو گئے، میں اور ابنِ صائد باقی رہ گئے، اور مجھے اس بات سے سخت وحشت وخوف پیدا ہوا، جو بات ابنِ صائد کے بارے میں کہی جاتی تھی، اور اس نے اپنا سامان لا کر میرے سامان کے ساتھ رکھ دیا، میں نے کہا کہ گرمی سخت ہے، اگر تو اپنا سامان درخت کے نیچے رکھ دے (تو بہتر ہے) پس ابنِ صائد نے ایسا ہی کیا، پھر ہمیں کچھ بکریاں نظر پڑیں، ابنِ صائد گیا اور ایک

(دودھ کا) بھرا ہوا پیالہ لے آیا، اور کہنے لگا کہ اے ابوسعید! پیو، میں نے کہا کہ گرمی بہت سخت ہے اور دودھ بھی گرم ہے، مجھے کوئی چیز مانع نہیں تھی، سوائے اس کے کہ مجھے اس کے ہاتھ سے پینا ناگوار تھا، یا یہ کہا کہ اس کے ہاتھ سے لینا مجھے ناپسند تھا، جس پر ابنِ صائد نے کہا کہ اے ابوسعید! میں نے ارادہ کیا ہے کہ ایک رسی لے کر درخت کے ساتھ لٹکاؤں، پھر اپنا گلا گھونٹ لوں، اس وجہ سے کہ جو میرے بارے میں لوگ باتیں کرتے ہیں، اے ابوسعید! جن سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث مخفی ہے (ان کی تو الگ بات ہے) تم انصار کی جماعت کے شخص ہو، تم پر تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث پوشیدہ نہیں ہے، کیا آپ لوگوں میں سب سے زیادہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کو جاننے والے نہیں ہو؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ دجال کافر ہوگا، جبکہ میں مسلمان ہوں، اور کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں فرمایا کہ دجال بانجھ ہوگا ، اور اس کی کوئی اولاد نہ ہوگی، جبکہ میں اپنی اولاد مدینہ میں چھوڑ کر آیا ہوں، اور کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں فرمایا کہ دجال مدینہ اور مکہ میں داخل نہیں ہو سکے گا، جبکہ میں مدینہ سے آرہا ہوں اور میں مکہ جانے کا ارادہ ہے۔

حضرت ابوسعید خدری کہتے ہیں کہ قریب تھا کہ میں اس کے عذر کو قبول کر لیتا، پھر ابنِ صائد نے کہا کہ اللہ کی قسم میں دجال کو پہچانتا ہوں اور اس کی جائے پیدائش سے بھی واقف ہوں اور مجھے یہ بھی معلوم ہے کہ وہ اس وقت کہاں ہے؟ میں نے اس سے کہا تیرے لئے سارے دن کی ہلاکت و بربادی ہو (مسلم)

اس سے معلوم ہوا کہ بظاہر ابنِ صیاد مسلمان ہوگیا تھا، لیکن وہ تلبیس اور شبہ والی باتیں کیا کرتا تھا، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اس پر التباس واختلاط کا حکم لگایا تھا، اور اس سے بچنے کا حکم فرمایا تھا، اور اس کی التباس والی باتوں پر اس کو ملامت کی تھی، اور ساتھ ہی اس کو قتل کرنے

سے بھی منع کیا تھا، یہی رویہ بہت سے صحابۂ کرام کا بھی اس کے ساتھ رہا، لیکن نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یقینی طور پر اس کو مسیح دجال، یا دجالِ اکبر قرار نہیں دیا، البتہ اس کے دجل وفریب والی باتیں، اس کو دجال قرار دینے کا باعث تھیں۔

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث

اور مسند احمد میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

حَجَجْنَا فَنَزَلْنَا تَحْتَ شَجَرَةٍ وَجَاءَ ابْنُ صَائِدٍ، فَنَزَلَ فِيْ نَاحِيَتِهَا فَقُلْتُ: إِنَّا لِلّٰهِ مَا صَبَّ هٰذَا عَلَيَّ، قَالَ: فَقَالَ: يَا أَبَا سَعِيْدٍ مَا أَلْقَى مِنَ النَّاسِ، وَمَا يَقُوْلُوْنَ لِيْ؟ يَقُوْلُوْنَ: إِنِّي الدَّجَّالُ، أَمَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اَلدَّجَّالُ لَا يُوْلَدُ لَهُ، وَلَا يَدْخُلُ الْمَدِيْنَةَ، وَلَا مَكَّةَ، قَالَ: قُلْتُ: بَلٰى، وَقَالَ: قَدْ وُلِدَ لِيْ وَقَدْ خَرَجْتُ مِنَ الْمَدِيْنَةِ، وَأَنَا أُرِيْدُ مَكَّةَ، قَالَ أَبُو سَعِيْدٍ: فَكَأَنِّيْ رَقَقْتُ لَهُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ إِنَّ أَعْلَمَ النَّاسِ بِمَكَانِهِ لَأَنَا، قَالَ: قُلْتُ: تَبًّا لَكَ سَائِرَ الْيَوْمِ (مسند احمد، رقم الحديث ١١٣٩٠) [1]

ترجمہ: ہم لوگوں نے حج کیا، پھر (سفرِ حج میں) ہم ایک درخت کے نیچے اترے، اور ابنِ صائد بھی وہاں آ گیا اور اس نے بھی وہاں ایک کونے میں پڑاؤ ڈال لیا، میں نے ''انا للّٰہ'' پڑھ کر سوچا کہ یہ کیا مصیبت میرے گلے پڑ گئی ہے؟ اسی دوران وہ کہنے لگا کہ لوگ میرے بارے میں طرح طرح کی باتیں کرتے ہیں، اور مجھے دجال کہتے ہیں، کیا تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے نہیں سنا کہ دجال کی کوئی اولاد نہ ہوگی، اور وہ مکہ اور مدینہ میں داخل نہیں ہو سکے گا،

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

ابوسعید کہتے ہیں کہ میں نے کہا کہ بے شک میں نے یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے، ابنِ صیاد نے کہا کہ پھر میرے یہاں تو اولاد بھی ہے، اور میں مدینہ منورہ سے نکلا ہوں، اور مکہ مکرمہ جانے کا ارادہ ہے، ابوسعید خدری کہتے ہیں کہ میرے دل میں ابنِ صیاد کے لئے نرمی پیدا ہوگئی، اسی لمحہ اس نے کہا کہ میں دوسرے لوگوں کے مقابلہ میں دجال کے ٹھکانے کو زیادہ جانتا ہوں؟ یہ سن کر میں نے اس سے کہا کہ کم بخت! تیرا پورے دن ناس ہو (مسند احمد)

اس سے صاف ظاہر ہوا کہ بعد میں بظاہر ابنِ صیاد اسلام لے آیا تھا، ورنہ صحابہ کے ہمراہ اس کے حج کے لئے مکہ مکرمہ جانے کے کوئی معنیٰ نہیں تھے۔

اور مسند احمد میں ہی حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے ایک روایت اس طرح ہے کہ:

أَقْبَلْنَا فِي جَيْشٍ مِنَ الْمَدِينَةِ قِبَلَ هٰذَا الْمَشْرِقِ،قَالَ:فَكَانَ فِي الْجَيْشِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَيَّادٍ،وَكَانَ لَا يُسَايِرُهُ أَحَدٌ، وَلَا يُرَافِقُهُ، وَلَا يُؤَاكِلُهُ، وَلَا يُشَارِبُهُ، وَيُسَمُّونَهُ الدَّجَّالَ، فَبَيْنَا أَنَا ذَاتَ يَوْمٍ نَازِلٌ فِي مَنْزِلٍ لِي، إِذْ رَآنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَيَّادٍ جَالِسًا، فَجَاءَ حَتّٰى جَلَسَ إِلَيَّ، فَقَالَ:يَا أَبَا سَعِيدٍ أَلَا تَرٰى إِلٰى مَا يَصْنَعُ بِيَ النَّاسُ؟ لَا يُسَايِرُنِي أَحَدٌ، وَلَا يُرَافِقُنِي أَحَدٌ،وَلَا يُشَارِبُنِي أَحَدٌ وَلَا يُؤَاكِلُنِي أَحَدٌ،وَيَدْعُونِي الدَّجَّالَ،وَقَدْ عَلِمْتَ أَنْتَ يَا أَبَا سَعِيدٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:إِنَّ الدَّجَّالَ لَا يَدْخُلُ الْمَدِينَةَ،وَإِنِّي وُلِدْتُ بِالْمَدِينَةِ وَقَدْ سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:إِنَّ الدَّجَّالَ لَا يُولَدُ لَهُ،وَقَدْ وُلِدَ لِي، فَوَاللّٰهِ لَقَدْ هَمَمْتُ مِمَّا يَصْنَعُ بِي هٰؤُلَاءِ النَّاسُ، أَنْ آخُذَ حَبْلًا فَأَخْلُوَ فَأَجْعَلَهُ فِي عُنُقِي فَأَخْتَنِقَ،فَأَسْتَرِيحَ مِنْ هٰؤُلَاءِ النَّاسِ، وَاللّٰهِ مَا أَنَا بِالدَّجَّالِ، وَلٰكِنْ وَاللّٰهِ لَوْ شِئْتَ لَأَخْبَرْتُكَ

بِاسْمِهٖ، وَاسْمِ أَبِيْهِ، وَاسْمِ أُمِّهٖ، وَاسْمِ الْقَرْيَةِ الَّتِىْ يَخْرُجُ مِنْهَا (مسند احمد، رقم الحديث ١١٧٤٩) [1]

ترجمہ: ہم لوگ مشرق کی طرف سے لوگوں کے ایک لشکر کے ساتھ مدینہ منورہ سے واپس آ رہے تھے، اس لشکر میں عبداللہ بن صیاد بھی شامل تھا، کوئی شخص بھی ابنِ صیاد سے بات چیت نہیں کرتا تھا اور نہ ہی اس کی رفاقت کے لئے تیار ہوتا تھا، اور کوئی بھی شخص اس کے ساتھ نہ تو کھاتا تھا، اور نہ ہی پیتا تھا، اور وہ اسے ''دجال'' کہتے تھے، ایک دن میں کسی پڑاؤ کے موقع پر اپنے خیمے میں تھا کہ مجھے عبداللہ بن صیاد نے دیکھ لیا، وہ میرے پاس آ کر بیٹھ گیا اور کہنے لگا کہ اے ابوسعید! آپ میرے ساتھ لوگوں کا رویہ نہیں دیکھتے؟ میرے ساتھ کوئی بھی بات چیت، اور رفاقت اور کھانے اور پینے کے لئے تیار نہیں ہوتا، اور وہ مجھے دجال کہہ کر پکارتے ہیں، جب کہ اے ابوسعید! آپ جانتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ دجال مدینہ منورہ میں داخل نہیں ہو سکے گا، اور میں تو پیدا ہی مدینہ منورہ میں ہوا ہوں، اور آپ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے بھی سنا ہے کہ دجال کی کوئی اولاد نہ ہوگی، جب کہ میری تو اولاد بھی ہے، اللہ کی قسم! لوگوں کا یہ رویہ دیکھ کر میرا دل چاہتا ہے کہ ایک رسی لے کر، اسے اپنے گلے میں ڈال کر اپنا گلا گھونٹ لوں، اور لوگوں سے نجات پالوں، اللہ کی قسم! میں دجال نہیں ہوں، اور اگر آپ چاہیں، تو میں آپ کو دجال کا، اور اس کی ماں کا، اور اس کے باپ کا، اور اس بستی کا نام بھی بتا سکتا ہوں، جہاں سے وہ خروج کرے گا (مسند احمد)

دجال کے ماں، باپ وغیرہ کے نام کی تصریح تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی نہیں فرمائی، ابنِ صیاد کے سچ وحق باتوں کے کرتے کرتے، اس طرح کی بے ہودہ اور خلطِ مبحث، وتلبیس پر مبنی

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

باتوں کا اظہار ابنِ صیاد کی طرف سے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے سامنے اس وقت بھی ہوا، جب ابنِ صیاد اپنے ساتھ لوگوں کے رویہ کی شکایت کرر ہا تھا، جس سے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بھی متاثر ہونے والے تھے، لیکن اس موقع پر بھی ابنِ صیاد کی طرف سے تلبیس والی باتیں صادر ہوگئیں، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابنِ صیاد پر تلبیس واقع ہونے کا جوحکم لگایا تھا، وہ بہر حال ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے بھی مشاہدہ کرلیا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا بیان فرمودہ یہ حکم صد فیصد سچ ثابت ہوا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع میں ایک طرف تو ابنِ صیاد کی ان حرکات پر دھتکارا جاتا رہا، اس سے حفاظت ودوری اختیار کی جاتی رہی، دوسری طرف اس کو قتل کرنے سے بھی اجتناب کیا جاتا رہا۔

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی پانچویں حدیث

صحیح مسلم میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِابْنِ صَائِدٍ: مَا تُرْبَةُ الْجَنَّةِ؟ قَالَ: دَرْمَكَةٌ بَيْضَاءُ، مِسْكٌ يَا أَبَا الْقَاسِمِ قَالَ: صَدَقْتَ (صحیح مسلم، رقم الحديث ۲۹۲۸ ”۹۲“ كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب ذكر ابن صياد)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن صائد سے معلوم کیا کہ جنت کی مٹی کیسی ہوگی؟ تو ابنِ صائد نے جواب دیا کہ اے ابوالقاسم سفید باریک مشک کی طرح ہوگی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تو نے سچ کہا (صحیح مسلم)

اور صحیح مسلم میں ہی حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ ابْنَ صَيَّادٍ، سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ تُرْبَةِ الْجَنَّةِ؟ فَقَالَ: دَرْمَكَةٌ بَيْضَاءُ مِسْكٌ خَالِصٌ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۹۲۸ ”۹۳“ كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب ذكر ابن صياد)

ترجمہ: ابن صیاد نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ جنت کی مٹی کیسی ہوگی؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سفید باریک، خالص مشک کی طرح ہوگی (صحیح مسلم)

ایک روایت میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے معلوم کرنے اور دوسری روایت میں ابنِ صائد کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کرنے کا ذکر ہے، بہرحال اتنی بات معلوم ہوگئی کہ ابنِ صیاد کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اسلام کے متعلق سوالات بھی ہوئے ہیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابنِ صیاد پر جیسا حکم لگایا تھا، اور اس کے ساتھ جس طرح کا برتاؤ کیا تھا، صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے قول وفعل سے اس کا مختلف شکلوں میں اظہار ہوتا رہا۔

شریعت کے بیان کردہ اصول وقواعد کو اعتدال کے ساتھ قائم رکھنا، اور ذو اضداد رویہ پر عمل کرنا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی شان تھی، جو صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم میں منتقل ہوئی، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے تعامل سے قیامت تک آنے والے انسانوں کے لئے سبق مل گیا کہ جس بندہ کی طرف سے حق وباطل کی تلبیس والا طرزِ عمل سامنے آئے، اس کے ساتھ کیا سلوک و برتاؤ اختیار کیا جائے، ایک طرف اس کی طرف سے گمراہ کن اور تلبیس پر مبنی باتوں سے حفاظت کی جائے، جس کے لئے اس سے اپنے آپ اور دوسروں کو دور رکھا جائے، اور دوسری طرف اس کی جانب سے اسلام کا اظہار ہونے پر اس کو صریح کافر قرار دینے، اور قتل کرنے سے بھی اجتناب کیا جائے۔

فاطمہ بنتِ قیس رضی اللہ عنہا کی حدیث

صحیح مسلم میں حضرت فاطمہ بنتِ قیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ نِدَاءَ الْمُنَادِیْ، مُنَادِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ،

يُنَادِىْ: اَلصَّلَاةَ جَامِعَةً، فَخَرَجْتُ إِلَى الْمَسْجِدِ، فَصَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكُنْتُ فِىْ صَفِّ النِّسَاءِ الَّتِىْ تَلِىْ ظُهُوْرَ الْقَوْمِ فَلَمَّا قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاتَهُ جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ، وَهُوَ يَضْحَكُ، فَقَالَ: لِيَلْزَمْ كُلُّ إِنْسَانٍ مُصَلَّاهُ، ثُمَّ قَالَ: أَتَدْرُوْنَ لِمَ جَمَعْتُكُمْ؟ قَالُوْا: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: إِنِّىْ وَاللّٰهِ مَا جَمَعْتُكُمْ لِرَغْبَةٍ وَلَا لِرَهْبَةٍ، وَلٰكِنْ جَمَعْتُكُمْ، لِأَنَّ تَمِيْمًا الدَّارِىَّ كَانَ رَجُلًا نَصْرَانِيًّا، فَجَاءَ فَبَايَعَ وَأَسْلَمَ، وَحَدَّثَنِىْ حَدِيْثًا وَافَقَ الَّذِىْ كُنْتُ أُحَدِّثُكُمْ عَنْ مَسِيْحِ الدَّجَّالِ، حَدَّثَنِىْ أَنَّهُ رَكِبَ فِىْ سَفِيْنَةٍ بَحْرِيَّةٍ، مَعَ ثَلَاثِيْنَ رَجُلًا مِنْ لَخْمٍ وَجُذَامَ، فَلَعِبَ بِهِمِ الْمَوْجُ شَهْرًا فِى الْبَحْرِ، ثُمَّ أَرْفَئُوْا إِلٰى جَزِيْرَةٍ فِى الْبَحْرِ حَتّٰى مَغْرِبِ الشَّمْسِ، فَجَلَسُوْا فِىْ أَقْرُبِ السَّفِيْنَةِ، فَدَخَلُوا الْجَزِيْرَةَ، فَلَقِيَتْهُمْ دَابَّةٌ أَهْلَبُ كَثِيْرُ الشَّعَرِ، لَا يَدْرُوْنَ مَا قُبُلُهُ مِنْ دُبُرِهٖ، مِنْ كَثْرَةِ الشَّعَرِ، فَقَالُوْا: وَيْلَكِ مَا أَنْتِ؟ فَقَالَتْ: أَنَا الْجَسَّاسَةُ، قَالُوْا: وَمَا الْجَسَّاسَةُ؟ قَالَتْ: أَيُّهَا الْقَوْمُ انْطَلِقُوْا إِلٰى هٰذَا الرَّجُلِ فِى الدَّيْرِ، فَإِنَّهُ إِلٰى خَبَرِكُمْ بِالْأَشْوَاقِ، قَالَ: لَمَّا سَمَّتْ لَنَا رَجُلًا فَرِقْنَا مِنْهَا أَنْ تَكُوْنَ شَيْطَانَةً، قَالَ: فَانْطَلَقْنَا سِرَاعًا، حَتّٰى دَخَلْنَا الدَّيْرَ، فَإِذَا فِيْهِ أَعْظَمُ إِنْسَانٍ رَأَيْنَاهُ قَطُّ خَلْقًا، وَأَشَدُّهُ وِثَاقًا، مَجْمُوْعَةٌ يَدَاهُ إِلٰى عُنُقِهٖ، مَا بَيْنَ رُكْبَتَيْهِ إِلٰى كَعْبَيْهِ بِالْحَدِيْدِ، قُلْنَا: وَيْلَكَ مَا أَنْتَ؟ قَالَ: قَدْ قَدَرْتُمْ عَلٰى خَبَرِىْ، فَأَخْبِرُوْنِىْ مَا أَنْتُمْ؟ قَالُوْا: نَحْنُ أُنَاسٌ مِّنَ الْعَرَبِ رَكِبْنَا فِىْ سَفِيْنَةٍ بَحْرِيَّةٍ، فَصَادَفْنَا الْبَحْرَ حِيْنَ اغْتَلَمَ فَلَعِبَ بِنَا الْمَوْجُ شَهْرًا، ثُمَّ أَرْفَأْنَا إِلٰى جَزِيْرَتِكَ هٰذِهٖ، فَجَلَسْنَا فِىْ أَقْرُبِهَا، فَدَخَلْنَا الْجَزِيْرَةَ، فَلَقِيَتْنَا

دَابَّةٌ أَهْلَبُ كَثِيرُ الشَّعَرِ،لَا يُدْرَى مَا قُبُلُهُ مِنْ دُبُرِهِ مِنْ كَثْرَةِ الشَّعَرِ، فَقُلْنَا:وَيْلَكِ مَا أَنْتِ؟فَقَالَتْ:أَنَا الْجَسَّاسَةُ،قُلْنَا:وَمَا الْجَسَّاسَةُ؟ قَالَتْ:اِعْمِدُوا إِلٰى هٰذَا الرَّجُلِ فِي الدَّيْرِ،فَإِنَّهُ إِلٰى خَبَرِكُمْ بِالْأَشْوَاقِ، فَأَقْبَلْنَا إِلَيْكَ سِرَاعًا، وَفَزِعْنَا مِنْهَا، وَلَمْ نَأْمَنْ أَنْ تَكُونَ شَيْطَانَةً، فَقَالَ:أَخْبِرُونِي عَنْ نَخْلِ بَيْسَانَ،قُلْنَا:عَنْ أَيِّ شَأْنِهَا تَسْتَخْبِرُ؟قَالَ: أَسْأَلُكُمْ عَنْ نَخْلِهَا،هَلْ يُثْمِرُ؟قُلْنَا لَهُ،نَعَمْ،قَالَ:أَمَا إِنَّهُ يُوشِكُ أَنْ لَّا تُثْمِرَ،قَالَ:أَخْبِرُونِي عَنْ بُحَيْرَةِ الطَّبَرِيَّةِ،قُلْنَا:عَنْ أَيِّ شَأْنِهَا تَسْتَخْبِرُ؟ قَالَ:هَلْ فِيهَا مَاءٌ؟قَالُوا:هِيَ كَثِيرَةُ الْمَاءِ،قَالَ:أَمَا إِنَّ مَاءَ هَا يُوشِكُ أَنْ يَّذْهَبَ،قَالَ:أَخْبِرُونِي عَنْ عَيْنِ زُغَرَ،قَالُوا:عَنْ أَيِّ شَأْنِهَا تَسْتَخْبِرُ؟قَالَ:هَلْ فِي الْعَيْنِ مَاءٌ؟وَهَلْ يَزْرَعُ أَهْلُهَا بِمَاءِ الْعَيْنِ؟قُلْنَا لَهُ:نَعَمْ،هِيَ كَثِيرَةُ الْمَاءِ،وَأَهْلُهَا يَزْرَعُونَ مِنْ مَائِهَا،قَالَ:أَخْبِرُونِي عَنْ نَبِيِّ الْأُمِّيِّينَ مَا فَعَلَ؟قَالُوا:قَدْ خَرَجَ مِنْ مَكَّةَ وَنَزَلَ يَثْرِبَ، قَالَ: أَقَاتَلَهُ الْعَرَبُ؟ قُلْنَا:نَعَمْ،قَالَ: كَيْفَ صَنَعَ بِهِمْ؟فَأَخْبَرْنَاهُ أَنَّهُ قَدْ ظَهَرَ عَلٰى مَنْ يَّلِيهِ مِنَ الْعَرَبِ وَأَطَاعُوهُ،قَالَ لَهُمْ:قَدْ كَانَ ذٰلِكَ؟قُلْنَا: نَعَمْ،قَالَ:أَمَا إِنَّ ذَاكَ خَيْرٌ لَهُمْ أَنْ يُّطِيعُوهُ،وَإِنِّي مُخْبِرُكُمْ عَنِّي،إِنِّي أَنَا الْمَسِيحُ،وَإِنِّي أُوشِكُ أَنْ يُؤْذَنَ لِي فِي الْخُرُوجِ، فَأَخْرُجَ فَأَسِيرَ فِي الْأَرْضِ فَلَا أَدَعَ قَرْيَةً إِلَّا هَبَطْتُهَا فِي أَرْبَعِينَ لَيْلَةً غَيْرَ مَكَّةَ وَطَيْبَةَ، فَهُمَا مُحَرَّمَتَانِ عَلَيَّ كِلْتَاهُمَا،كُلَّمَا أَرَدْتُ أَنْ أَدْخُلَ وَاحِدَةً ،أَوْ وَاحِدًا،مِنْهُمَا اسْتَقْبَلَنِي مَلَكٌ بِيَدِهِ السَّيْفُ صَلْتًا، يَصُدُّنِي عَنْهَا، وَإِنَّ عَلٰى كُلِّ نَقْبٍ مِنْهَا مَلَائِكَةً يَحْرُسُونَهَا،قَالَتْ:قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،وَطَعَنَ بِمِخْصَرَتِهِ فِي الْمِنْبَرِ:هٰذِهِ طَيْبَةُ،

هٰذِهٖ طَيْبَةُ،هٰذِهٖ طَيْبَةُ،يَعْنِى الْمَدِيْنَةَ،أَلَا هَلْ كُنْتُ حَدَّثْتُكُمْ ذٰلِكَ؟ فَقَالَ النَّاسُ:نَعَمْ،فَإِنَّهُ أَعْجَبَنِىْ حَدِيْثُ تَمِيْمٍ، أَنَّهُ وَافَقَ الَّذِىْ كُنْتُ أُحَدِّثُكُمْ عَنْهُ،وَعَنِ الْمَدِيْنَةِ وَمَكَّةَ، أَلَا إِنَّهُ فِىْ بَحْرِ الشَّأْمِ، أَوْ بَحْرِ الْيَمَنِ،لَا بَلْ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ مَا هُوَ،مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ مَا هُوَ ،مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ مَا هُوَ، وَأَوْمَأَ بِيَدِهٖ إِلَى الْمَشْرِقِ،قَالَتْ:فَحَفِظْتُ هٰذَا مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ(صحيح مسلم،رقم الحديث ٢٩٤٢ "١١٩" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب قصة الجساسة)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اعلان کرنے والے کا اعلان سنا کہ وہ نماز کے لئے جمع ہونے کا اعلان کر رہا تھا، پس میں مسجد کی طرف نکلی ، پھر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز اداء کی، اس حال میں کہ میں عورتوں کی اس صف میں تھی ، جو مرد حضرات کی پشتوں سے ملی ہوئی تھی ، پھر جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی نماز پوری کر لی، تو منبر پر تشریف فرما ہوئے ، اور آپ مسکرا رہے تھے، پھر فرمایا کہ ہر آدمی اپنی نماز کی جگہ پر ہی بیٹھا رہے، پھر پھر فرمایا کہ کیا تم جانتے ہو کہ میں نے تمہیں کیوں جمع کیا ہے، صحابہ نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کی قسم میں نے تمہیں کسی بات کی ترغیب، یا ترہیب (یعنی ڈرانے) کے لئے جمع نہیں کیا ، میں نے تمہیں صرف اس لئے جمع کیا ہے کہ تمیم داری نصرانی وعیسائی آدمی تھے، پس وہ آئے اور اسلام پر بیعت کی اور مسلمان ہو گئے اور مجھے ایک بات بتائی ، جو اس خبر کے موافق ہے، جو میں تمہیں دجال کے بارے میں پہلے ہی بتایا کرتا تھا، چنانچہ انہوں نے مجھے خبر دی کہ وہ قبیلہ بنو لخم اور بنو جذام کے تیس آدمیوں کے ساتھ ایک بحری کشتی میں سوار ہوئے ، پھر انہیں ایک ماہ تک

بحری موجیں دھکیلتی رہیں، پھر وہ سمندر میں ایک جزیرہ کی طرف پہنچے، یہاں تک کہ سورج غروب ہوگیا، تو وہ چھوٹی چھوٹی کشتیوں میں بیٹھ کر جزیرہ کے اندر داخل ہوئے، تو انہیں وہاں ایک جانور ملا، جو موٹے اور گھنے بالوں والا تھا، بالوں کی کثرت کی وجہ سے اس کا اگلا اور پچھلا حصہ وہ نہ پہچان سکے، تو انہوں نے کہا کہ تیرے لئے ہلاکت ہو، تو کون ہے؟ اس نے کہا کہ میں ''جساسہ'' ہوں، انہوں نے کہا کہ ''جساسہ'' کیا ہے؟ اس نے کہا کہ اے لوگو! اس آدمی کی طرف گرجے میں چلو، کیونکہ وہ تمہاری خبر کے بارے میں بہت شوق رکھتا ہے، پس جب اس نے ہمارا نام لیا، تو ہم گھبرا گئے کہ وہ کہیں شیطان ہی نہ ہو، پس ہم جلدی جلدی چلے، یہاں تک کہ گرجے میں داخل ہوگئے، وہاں ایک بہت بڑا انسان تھا کہ اس سے پہلے ہم نے اتنا بڑا انسان نہیں دیکھا تھا، اور نہ ہی اتنی سختی کے ساتھ بندھا ہوا کہیں دیکھا تھا، اس کے دونوں ہاتھوں کو گردن کے ساتھ باندھا گیا تھا اور گھٹنوں سے ٹخنوں تک لوہے کی زنجیروں سے جکڑا گیا تھا، ہم نے کہا کہ تیرے لئے ہلاکت ہو، تو کون ہے؟ اس نے کہا کہ تم میری خبر معلوم کرنے پر قادر ہو ہی گئے ہو، تو پہلے تم ہی بتاؤ کہ تم کون ہو؟ انہوں نے کہا کہ ہم عرب کے لوگ ہیں ہم دریائی کشتی میں سوار ہوئے، پس جب ہم سوار ہوئے، تو سمندر کو جوش میں پایا، پس موجیں ایک مہینہ تک ہم سے کھیلتی رہیں، پھر ہمیں تمہارے اس جزیرہ تک پہنچا دیا، پس ہم چھوٹی چھوٹی کشتیوں میں سوار ہوئے اور جزیرہ کے اندر داخل ہوگئے، تو ہمیں بہت موٹے اور گھنے بالوں والا جانور ملا، جس کے بالوں کی کثرت کی وجہ سے اس کا اگلا اور پچھلا حصہ پہچانا نہ جاتا تھا، ہم نے کہا کہ تیرے لئے ہلاکت ہو، تو کون ہے؟ اس نے کہا کہ میں جساسہ ہوں، ہم نے کہا کہ جساسہ کیا ہوتا ہے؟ اس نے کہا کہ گرجے میں اس آدمی کے پاس جاؤ، کیونکہ وہ تمہاری خبر کا بہت شوق

رکھتا ہے ،پس ہم تیری طرف جلدی سے آ گئے، اور ہم گھبرا گئے اور اس (جانور) سے پر امن نہ تھے کہ کہیں وہ شیطان نہ ہو،اس جکڑے ہوئے آدمی نے کہا کہ تم مجھے بیسان کے باغ کے بارے میں خبر دو؟ ہم نے کہا کہ اس کی کس چیز کے بارے میں تم خبر معلوم کرنا چاہتے ہو؟ اس نے کہا کہ میں اس کی کھجوروں کے پھل کے بارے میں معلوم کرنا چاہتا ہوں؟ ہم نے اس سے کہا کہ ہاں پھل آتا ہے،اس نے کہا کہ عنقریب وہ زمانہ آنے والا ہے کہ وہ درخت پھل نہ دیں گے۔ پھراس آدمی نے کہا کہ مجھے بحیرہ طبریہ کے بارے میں خبر دو؟ ہم نے کہا کہ اس کی کس چیز کے بارے میں تم خبر معلوم کرنا چاہتے ہو؟ اس نے کہا کہ کیا اس میں پانی ہے؟ ہم نے کہا کہ اس میں پانی کثرت کے ساتھ موجود ہے، اس نے کہا کہ عنقریب اس کا سارا پانی ختم ہو جائے گا،اس نے یہ بھی کہا کہ مجھے زغر کے چشمہ کے بارے میں بتاؤ؟ ہم نے کہا کہ اس کی کس چیز کے بارے میں تم معلوم کرنا چاہتے ہو؟ اس نے کہا کہ کیا اس چشمہ میں وہاں کے لوگ اس کے پانی سے کھیتی باڑی کرتے ہیں؟ ہم نے کہا کہ ہاں یہ کثیر پانی والا چشمہ ہے اور وہاں کے لوگ اس کے پانی سے کھیتی باڑی کرتے ہیں، پھر اس نے کہا کہ مجھے امیوں کے نبی کے بارے میں خبر دو کہ اس نے کیا کیا؟ ہم نے کہا کہ وہ مکہ سے نکلے اور یثرب (یعنی مدینہ) میں اترے ہیں،اس نے کہا کہ کیا اس نبی سے عرب نے قتال کیا ہے؟ ہم نے کہا کہ ہاں کیا ہے،اس نے کہا کہ ان عرب کے ساتھ اس نے کیا سلوک کیا؟ تو ہم نے اس کو خبر دی کہ وہ نبی عرب کے اپنے سے متصل لوگوں پر غالب آ گیا ہے، جنہوں نے اس کی اطاعت کر لی ہے،اس آدمی نے ان لوگوں سے کہا کہ کیا ایسا ہو چکا ہے؟ ہم نے کہا کہ بے شک،اس نے کہا کہ ان عرب کے حق میں بہتر ہے کہ وہ اس نبی کی اطاعت کر لیں،اور اب میں تم کو اپنے بارے میں خبر

دیتا ہوں، بلاشبہ میں مسیح (دجال) ہوں، اور عنقریب مجھے نکلنے کی اجازت دے دی جائے گی، پس میں نکلوں گا اور میں زمین کی کوئی بستی نہیں ہوگی، جس میں چکر نہ لگاؤں، اور چالیس راتوں تک زمین میں سیر کروں گا، سوائے مکہ اور مدینہ طیبہ کے، کیونکہ ان دونوں پر داخل ہونا میرے لئے حرام کردیا گیا ہے، جب بھی میں ان میں سے کسی جگہ داخل ہونا چاہوں گا، تو اس کی ہر گھاٹی پر پہرہ دار فرشتے میرے سامنے تلوار سونت کر آجائیں گے، جو مجھے وہاں داخل ہونے سے روکیں گے، اور اس کے ہر سوراخ وراستہ پر فرشتے اس کی حفاظت کرتے ہیں۔

اس حدیث کی راویہ فاطمہ بنتِ قیس نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلی کو منبر پر چبھویا اور فرمایا کہ یہ طیبہ ہے یہ طیبہ ہے، یہ طیبہ ہے، یعنی مدینہ ہے، کیا میں نے تمہیں یہ باتیں پہلے ہی بیان نہیں کردیں تھیں؟

لوگوں نے عرض کیا کہ جی ہاں، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک مجھے تمیم داری کی اس خبر سے خوشی ہوئی ہے کہ وہ اس حدیث کے موافق ہے، جو میں نے تمہیں دجال اور مدینہ اور مکہ کے بارے میں بیان کی تھی، یادرکھو کہ دجال شام، یا یمن کے سمندر میں ہے، نہیں، بلکہ مشرق کی طرف ہے، وہ مشرق کی طرف ہے، وہ مشرق کی طرف ہے، اور آپ نے اپنے ہاتھ سے مشرق کی طرف اشارہ کیا، فاطمہ بنتِ قیس کہتی ہیں کہ پس میں نے یہ حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یاد کرلی (مسلم)

اس حدیث کو امام ابوداود نے بھی روایت کیا ہے، جس کے آخر میں دجال کے، بحرِ شام، بحرِ یمن، بلکہ مشرق کی طرف ہونے کا ذکر ہے، جیسا کہ پیچھے دجال کے بیان میں نقل کی جاچکی۔ [1]

---

[1] عن فاطمة بنت قيس، قالت: سمعت منادى رسول الله صلى الله عليه وسلم ينادى: أن الصلاة جامعة، فخرجت، فصليت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم، فلما قضى رسول الله صلى الله عليه وسلم صلاته جلس على المنبر وهو يضحك، فقال:

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

اس سے صاف طور پر معلوم ہوا کہ مسیح دجال، یا دجالِ اکبر، ابنِ صیاد کے علاوہ ہے، اور دجالِ اکبر مشرق کی طرف ہے۔

بعض محققین نے فرمایا کہ اس حدیث سے پہلے تک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ابنِ صیاد کے دجالِ اکبر ہونے نہ ہونے کا واضح علم نہیں دیا گیا تھا، لیکن مذکورہ واقعہ سے واضح ہوگیا کہ دجالِ اعظم، ابنِ صیاد نہیں ہے، جس کا بعض صحابہ کو پتہ چلا، تو انہوں نے ابنِ صیاد کو دجالِ اکبر نہیں کہا، اور جن کو اس واقعہ کا علم نہ ہوسکا، وہ ابنِ صیاد کے دجال، یا دجالِ اعظم ہونے سے برابر خوف زدہ رہے، بلکہ اس کی حرکات کی وجہ سے اسی کو دجالِ اعظم سمجھتے رہے۔

اور جن صحابۂ کرام کو جو حدیث پہنچا کرتی تھی، وہ اسی کے مکلّف قرار پاتے تھے۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب ایک ''غریب'' حدیث

علامہ بدرالدین عینی حنفی (المتوفیٰ:855ہجری) نے صحیح بخاری کی شرح ''عمدۃُ القاری''

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

"لیلزم کل إنسان مصلاه "ثم قال: " هل تدرون لم جمعتكم؟ "قالوا: الله ورسوله أعلم، قال: " إني ما جمعتكم لرهبة ولا رغبة، ولكن جمعتكم أن تميما الدارى كان رجلا نصرانيا، فجاء فبايع وأسلم، وحدثني حديثا وافق الذى حدثتكم عن الدجال، حدثني أنه ركب في سفينة بحرية مع ثلاثين رجلا من لخم وجذام فلعب بهم الموج شهرا في البحر، وأرفؤوا إلى جزيرة حين مغرب الشمس، فجلسوا في أقرب السفينة، فدخلوا الجزيرة، فلقيتهم دابة أهلب كثيرة الشعر، قالوا: ويلك ما أنت؟! قالت: أنا الجساسة، انطلقوا إلى هذا الرجل في هذا الدير، فإنه إلى خبركم بالأشواق، قال: لما سمت لنا رجلا فرقنا منها أن تكون شيطانة، فانطلقنا سراعا حتى دخلنا الدير، فإذا فيه أعظم إنسان رأيناه قط خلقا وأشده وثاقا مجموعة يداه إلى عنقه، فذكر الحديث، وسألهم عن نخل بيسان، وعن عين زغر، وعن النبي الأمي، قال: إني أنا المسيح، وإنه يوشك أن يؤذن لي في الخروج .قال النبي صلى الله عليه وسلم:" وإنه في بحر الشام، أو بحر اليمن، لا بل من قبل المشرق ما هو "مرتين، وأومأ بيده قبل المشرق، قالت: حفظت هذا من رسول الله صلى الله عليه وسلم، وساق الحديث(سنن ابی داود،رقم الحديث ٤٣٢٦،باب في خبر الجساسة)

قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح(حاشية سنن ابی داوٗد)

میں، صاحبِ ریاض کے حوالہ سے، قاضی ابوبکر ورنجری کے امالی سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک لمبی حدیث کو نقل کیا ہے، جس میں مدینہ منورہ میں ایک دن صبح فجر کی نماز کے بعد زوردار چیخ سننے، اور پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے یہودیوں کے گھر میں ابنِ صائد نام کے ایک بچہ پیدا ہونے کی خبر دینے، اور پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس کے دجال ہونے کے خوف کا اظہار کرنے، اور پھر سات دن گذرنے کے بعد اس کے پاس جانے، اور پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ابنِ صیاد کو تلوار مارنے، اور تلوار کے اچٹ کر حضرت عمر کے سر میں لگنے، اور سر میں زخم ہوجانے کا ذکر ہے، اور بھی کئی باتوں کا اس حدیث میں ذکر ہے، جس سے ابنِ صیاد کے دجال ہونے کی تائید ہوتی ہے۔ ۱

---

۱ قال صاحب زهرة الرياض رأيت فى أمالى القاضى الإمام أبى بكر محمد بن على بن الفضل الورنجرى بإسناده عن أبى هريرة رضى الله تعالى عنه قال "بينا رسول الله -صلى الله عليه وسلم -يصلى صلاة الغداة فلما سلم استقبل أصحابه بوجهه يحدثهم إذ أقبلت صيحة شديدة بناحية اليهود ما سمعنا صيحة أشد منها فأرسل رجلا ليأتينا بالخبر قال فما مكث حتى رجع وقد تغير لونه فقال يا رسول الله أما علمت أن البارحة ولد ولد فى اليهود وأنه غضب وتزبد حتى امتلأ البيت منه وقد ضم أمه مع سريرها إلى زاوية البيت ورفع السقف عن حيطانها وهم يخافونه فاسترجع النبى -صلى الله عليه وسلم - ثم قال أخاف أنه دجال فلما مضت سبعة أيام قال النبى -صلى الله عليه وسلم - لأصحابه ألا تمضون بنا إلى هذا المولود فإذا الدجال على رأس نخلة يلتقط رطبا ويأكله وله همهمة شديدة وأمه جالسة فى آصال النخلة فلما رأت النبى -صلى الله عليه وسلم - نادته يا ابن الصائد هذا محمد قد أقبل قال فسكت وترك الهمهمة قال فرجع النبى -صلى الله عليه وسلم -ونزل الدجال من النخلة واتبع النبى -صلى الله عليه وسلم - وقال النبى -صلى الله عليه وسلم -لأصحابه اسمعوا إلى مقالته وأنا أسأله ثم قال أتشهد أنى نبى وقال له الدجال أتشهد أنى نبى ثم رجع النبى -صلى الله عليه وسلم - مع أصحابه قال فقام عمر رضى الله تعالى عنه فضرب السيف على هامته فنبأ السيف كأنه قد ضرب على حجر ثم رجع السيف فشج رأس عمر قال فوقع عمر صريعا جريحا يسيل الدم من رأسه قال وقام الدجال على رأسه يسخر به ويستهزىء به حتى ورد الخبر إلى رسول الله -صلى الله عليه وسلم - فقام النبى -صلى الله عليه وسلم - مسرعا حزينا حتى أتى إلى عمر رضى الله تعالى عنه فقال ما الذى دعاك إلى هذا فأخبره بما جرى فقال النبى -صلى الله عليه وسلم - يا عمر إنك لن تستطيع أن ترد قضاء الله تعالى قال فوضع النبى -صلى الله عليه وسلم - يده المباركة على رأس عمر فدعا الله تعالى فالتحم الجرح بإذن الله تعالى وقال عمر يا رسول الله وددت أن يرفعه الله تعالى فقال النبى -صلى الله عليه وسلم - أتحب ذلك يا

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

لیکن تحقیق کرنے پر اس تفصیلی حدیث کا کہیں باسند طریقہ پر وجود نہیں مل سکا، بلکہ اس حدیث میں بعض باتیں تو دوسری مختلف حدیثوں سے جوڑی گئی ہیں، اور بعض باتوں کا کسی بھی حدیث میں باسند طریقہ پر وجود نہیں ملتا۔

پھر بھی کوئی اس کے حدیث ہونے کا دعویٰ کرے، تو اس کے ذمہ باحوالہ، اور باسند طریقہ پر ثبوت پیش کرنا، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بے سند باتیں منسوب کرنے کے گناہ سے بچنا لازم ہے۔ [1]

ابنِ صیاد کے بارے میں مختلف احادیث وروایات گذر چکی ہیں، اور ابنِ صیاد کے دجال ہونے نہ ہونے، اور دجالِ صغیر وکبیر ہونے کے بارے میں سلف کے اقوال مختلف ہیں۔

دلائل کے پیشِ نظر ہمارا رجحان اس طرف ہوا کہ عبداللہ بن صیاد، دجالِ اکبر نہیں ہے، جو عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں خروج کرے گا، اور اس کو عیسیٰ علیہ السلام قتل کریں گے، اس کے لئے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں داخلہ ممکن نہ ہوگا۔

امام بیہقی کا حوالہ

امام بیہقی فرماتے ہیں کہ:

ومن ذهب إلى أن الدجال غيره احتج بحديث تميم الداري،

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

عمر قال نعم قال اللهم افعل فنزل جبريل عليه الصلاة والسلام فى قطعة من الغمام كشبه الترس فنزل على رأس الدجال وهو جالس فى وسط اليهود فأخذ بناصيته وجذبه عن ظهر الأرض وأمه وأبوه وقومه ينظرون إليه ويكون عليه فرفعه جبرائيل عليه الصلاة والسلام فألقاه إلى جزيرة فى البحر إلى أن قدم تميم الدارى إلى رسول الله -صلى الله عليه وسلم - وأخبره بخبره (عمدة القارى، ج٨،ص ١٧٢، و١٧٣، كتاب الجنائز،باب إذا أسلم الصبى فمات هل يصلى عليه وهل يعرض على الصبى الإسلام)

[1] قال الشيخ محمد بدر عالم الميرتهي: خبر غريب أخرجه الحافظ العينى فى "شرح البخارى (حاشية فيض البارى على صحيح البخارى، ج٣،ص ٦٤، كتاب الجنائز،باب إذا أسلم الصبى فمات هل يصلى عليه وهل يعرض على الصبى الإسلام؟)

وإسناده أصح من هذا، مع جواز موافقة صفته صفة الدجال، والدجال غيره كما جاء في الخبر في صفة الدجال أنه أشبه الناس بعبد العزى بن قطن، وليس به، وأمر ابن صائد على ما حكى عنه كانت فتنة ابتلى الله بها عباده، كما كان أمر العجل في زمن موسى -عليه السلام- فتنة ابتلاهم الله بها.

إلا أن الله تعالى عصم منها أمة محمد، ووقاهم شرها، وليس في حديث جابر أكثر من سكوت النبي -صلى الله عليه وسلم- على قول عمر بن الخطاب، ويحتمل أنه -عليه السلام- كان كالمتوقف في بابه، ثم جاءه الثبت من الله، أنه غيره، فقال في حديث تميم الداري (البعث والنشور، ص١٦٧، تحت رقم الحديث ١٨٩، باب خبر ابن صائد)

ترجمہ: اور جو حضرات اس طرف گئے ہیں کہ دجال، ابنِ صیاد کے علاوہ ہے، انہوں نے تمیم داری کی حدیث سے دلیل پکڑی ہے، جس کی سند اس سے زیادہ صحیح ہے، البتہ انہوں نے ساتھ ہی یہ بھی کہا ہے کہ ابنِ صیاد کی صفت دجال کی صفت کے موافق ہے، لیکن دجال اس کے علاوہ ہے، جیسا کہ حدیث میں دجال کی یہ صفت آئی ہے کہ وہ لوگوں میں عبدالعزیٰ بن قطن کے سب سے زیادہ مشابہ ہوگا، لیکن عبدالعزیٰ بن قطن نہیں ہوگا۔

اور ابنِ صیاد کا معاملہ، جیسا کہ اس کے متعلق مروی ہے، وہ ایسا ہے، جیسا حضرت موسیٰ کے زمانے میں بچھڑے کا معاملہ تھا، جس کے ذریعہ اللہ نے اپنے بندوں کا امتحان لیا، لیکن اللہ نے اس فتنہ سے امتِ محمدیہ کی حفاظت فرمائی، اور اس کے شر سے محفوظ رکھا۔

اورحضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں زیادہ سے زیادہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے،حضرت عمر بن خطاب کے قول پر سکوت کا ذکر ہے،جس میں یہ بھی احتمال ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت تک اس کے بارے میں توقف اختیار فرمانے والے تھے،پھر جب اللہ کی طرف سے یقینی حکم آ گیا کہ دجال،ابنِ صیاد کے علاوہ ہے،تو آپ نے تمیم داری کی حدیث میں اس کی وضاحت فرمادی(البعث والنشور)

امام بیہقی کا دوسرا حوالہ

امام بیہقی مزید فرماتے ہیں کہ:

وفی حدیث الجساسة هذا دلالة على أن الدجال الأكبر الخارج فی آخر الزمان، غير ابن صياد، ويشبه أن يكون ابن صياد أحد الكذابين الدجالين الذی أخبر رسول الله -صلى الله عليه وسلم- عن خروجهم قبل خروج أكبرهم (البعث والنشور،ص ۱۷۴، تحت رقم الحدیث ۱۹۳ ،باب خبر الجساسة)

ترجمہ:اور جساسہ کی اس حدیث میں اس بات پر دلالت پائی جاتی ہے کہ دجالِ اکبر،آخری زمانہ میں برآمد ہوگا،جو ابنِ صیاد کے علاوہ ہوگا۔

اور یہ بات بھی ممکن ہے کہ ابنِ صیاد ان دجال اور کذاب لوگوں میں سے ہو،جن کے برآمد ہونے کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دجالِ اکبر کے برآمد ہونے سے پہلے خبر دی ہے(جس کا ابو ہریرہ وغیرہ کی احادیث میں ذکر ہے)(البعث والنشور)

علامہ انور شاہ کشمیری کا حوالہ

اورعلامہ انور شاہ کشمیری فرماتے ہیں کہ:

الأرجح أن ابن الصياد ليس بالدجال الكبير الموعود، نعم أحواله

www.idaraghufran.org

مختلطة ومشبهة مع أحوال الدجال الكبير ولعله دجال صغير (العرف الشذى شرح سنن الترمذى، ج۳،ص ۴۳۰، كتاب الفتن،باب ما جاء فى ذكر ابن صياد)

ترجمہ: زیادہ راجح بات یہ ہے کہ ابنِ صیاد، وہ دجالِ کبیر نہیں ہے، جس کا وعدہ کیا گیا ہے، البتہ اس کے احوال، دجالِ کبیر کے ساتھ مختلط اور اس کے مشابہ ہیں، اور غالب گمان کے مطابق ابنِ صیاد ''دجالِ صغیر'' ہے (العرف الشذی)

اور بھی کئی حضرات نے اسی قسم کی تفصیل بیان فرمائی ہے۔ [1]

مذکورہ تفصیل سے اس بات کا راجح ہونا معلوم ہوگیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ''عبداللہ بن صائد'' یا ''عبداللہ بن صیاد'' نام کا شخص ''دجالِ اکبر'' اور ''مسیح دجال'' نہیں ہے، بلکہ وہ ''دجالِ اکبر ومسیح دجال'' کے مشابہ تھا، اور شیطانی تلبیسات کا اس پر اثر تھا، اور اس کے ''دجالِ اکبر'' ہونے کا شبہ تھا۔

اور بعد میں اس کے احوال سے ثابت ہوگیا کہ وہ ''دجالِ اکبر ومسیح دجال'' نہیں، یہی راجح ہے۔

وَاللّٰہُ سُبُحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعۡلَمُ وَعِلۡمُہٗ اَتَمُّ وَاَحۡکَمُ.

---

[1] س/6: ......ما علاقة ابن الصياد بالدجال، وهل رأى الصحابة ابن صائد؟

ج/: ......نعم ابن صياد أو ابن صائد كان موجودا فى المدينة، وظهر عليه بعض العلامات وخشى أن يكون الدجال، لكن من المعلوم أن الدجال لا يخرج من المدينة، الدجال يخرج من مكان هو فيه محبوس وهذا الرجل مات ودفن إلخ، فالقول أن الدجال هو ابن صائد ليس (......)الصحابة شكوا ثم تبين لهم هذا الأمر، ومن أقسم على أن ابن صياد هو الدجال هذا بحسب ظنه أو أن المقصود أنه دجال من الدجاجلة(إتحاف السائل بما فى الطحاوية من مسائل،لصالح بن عبد العزيز آل الشيخ، ص ۶۹۸، دروس مفرغة،المسألة السابعة:أشراط الساعة)

(فصل نمبر45)

عیسیٰ علیہ السلام کا نزول

احادیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ دجال کے خروج کے بعد آسمان سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول ہوگا، اور وہی دجال کو قتل بھی کریں گے۔

آگے احادیث وروایات کی روشنی میں اس کی تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

جابر وعمران بن حصین رضی اللہ عنہما کی احادیث

صحیح مسلم میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ أُمَّتِیْ یُقَاتِلُوْنَ عَلَی الْحَقِّ ظَاهِرِیْنَ إِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ، قَالَ: فَیَنْزِلُ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَیَقُوْلُ أَمِیْرُهُمْ: تَعَالَ صَلِّ لَنَا، فَیَقُوْلُ: لَا، إِنَّ بَعْضَكُمْ عَلٰی بَعْضٍ أُمَرَاءُ تَكْرِمَةَ اللّٰهِ هٰذِهِ الْأُمَّةَ (صحیح مسلم، رقم الحدیث ۱۵۶ ''۲۴۷'' کتاب الإیمان، باب نزول عیسی بن مریم حاکما بشریعة نبینا محمد صلی الله علیه وسلم)

ترجمہ: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میری امت کی ایک جماعت تا قیامت برابر حق پر قتال کرتی رہے گی، جو غالب رہے گی، فرمایا کہ پھر عیسیٰ بن مریم صلی اللہ علیہ وسلم نازل ہوں گے، پھر وہ اس جماعتِ حقہ کے امیر سے کہیں گے کہ آپ تشریف لا کر ہمیں نماز پڑھایئے، تو وہ امیر جواب میں کہیں گے کہ نہیں، بے شک تمہارے بعض، بعض پر امیر ہیں، جو اللہ کی طرف سے اس

امت کا اکرم واعزاز ہے (صحیح مسلم)

محققین اہل السنہ کے نزدیک اس حدیث میں امیر سے مراد حضرت مہدی ہیں، عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے وقت وہ امامت کریں گے، بعد میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی امامت کریں گے، اور یہ حضرات قرآن وسنت کو ہی اپنا پیشوا، ورہبر بنائیں گے۔

اسی لئے بعض حضرات نے عیسیٰ علیہ السلام کے ہم میں سے امام ہونے سے ہماری کتاب اور ہمارے نبی کی سنت کو مراد لیا ہے۔ [1]

اور سنن ابی داود میں حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ أُمَّتِيْ يُقَاتِلُوْنَ عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِيْنَ عَلٰى مَنْ نَاوَأَهُمْ، حَتّٰى يُقَاتِلَ آخِرُهُمُ الْمَسِيْحَ الدَّجَّالَ (سنن ابى داود، رقم الحديث ۲۴۸۴، كتاب الجهاد، باب فى دوام الجهاد) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کی ایک جماعت برابر حق پر قتال کرتے ہوئے، اپنے مخالفین ومعاندین پر غالب رہے گی، یہاں تک کہ اس جماعت کے آخری لوگ مسیح دجال سے قتال (اور مقابلہ) کریں گے

(سنن ابی داؤد)

اور مسند احمد میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] وحدثنا زهير بن حرب. حدثني الوليد بن مسلم. حدثنا ابن أبي ذئب عن ابن شهاب، عن نافع، مولى أبي قتادة، عن أبي هريرة؛ أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: "كيف أنتم إذا نزل فيكم ابن مريم فأمكم منكم؟ "فقلت لابن أبي ذئب: إن الأوزاعي حدثنا عن الزهري، عن نافع، عن أبي هريرة "وإمامكم منكم "قال ابن أبي ذئب: تدري ما أمكم منكم؟ قلت: تخبرني .قال: فأمكم بكتاب ربكم تبارك وتعالى وسنة نبيكم (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۴۶ "۱۵۵" كتاب الإيمان، باب نزول عيسى بن مريم حاكما بشريعة نبينا محمد صلى الله عليه وسلم)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن ابى داود)

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ أُمَّتِى عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِيْنَ، عَلٰى مَنْ نَاوَأَهُمْ حَتّٰى يَأْتِىَ أَمْرُ اللّٰهِ، وَيَنْزِلَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ (مسند احمد، رقم الحديث ١٩٨٥١) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کی ایک جماعت برابر حق پر قائم، اور اپنے مخالفین پر غالب رہے گی، یہاں تک کہ اللہ کا حکم آ جائے، اور عیسیٰ بن مریم نازل ہوں (مسند احمد)

کسی روایت میں اس جماعتِ حقہ کے قتال کرنے، اور کسی روایت میں حق پر قائم رہنے کا ذکر آیا ہے، جس کی وجہ یہ ہے کہ وہ جماعت دراصل حق پر ہی قائم رہے گی، جب جب بھی حق کا جو تقاضا ہوگا، اس کے مطابق عمل کرے گی، جب مسلح جہاد وقتال کی ضرورت ہوگی، جیسا کہ عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ بھی دجال کو قتل کرنے کے لئے مسلح قتال کی ضرورت ہوگی، تو یہ جماعت مسلح جہاد وقتال کرے گی، اور مخالفین پر غلبہ حاصل کرے گی، اور جب دلائل کے ذریعہ حق گوئی کا تقاضا ہوگا، تو تقریر وتحریر وغیرہ کی شکل میں حسبِ ضرورت ومصلحت حق کی تبلیغ واشاعت کرے گی، اور دلائل کے ذریعہ مخالفین پر غالب رہے گی۔

یہ سلسلہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے لے کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک برابر جاری رہے گا۔

ابو ہریرہ وجابر رضی اللہ عنہما کی احادیث

صحیح بخاری میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ أَنْتُمْ إِذَا نَزَلَ ابْنُ مَرْيَمَ فِيْكُمْ، وَإِمَامُكُمْ مِنْكُمْ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٣٤٤٩، كتاب احاديث الانبياء، باب نزول عيسى بن مريم عليهما السلام)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اس وقت کیسے ہوگے، جب تم میں ابنِ مریم نازل ہوں گے، اور تمہارا، امام تم میں سے ہوگا (بخاری)

یعنی شروع میں دوسرا امام ہوگا، بعد میں پھر حضرت عیسیٰ بھی امامت فرمائیں گے۔

صحیح مسلم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَنْزِلَ الرُّوْمُ بِالْأَعْمَاقِ، أَوْ بِدَابِقٍ فَيَخْرُجُ إِلَيْهِمْ جَيْشٌ مِنَ الْمَدِيْنَةِ مِنْ خِيَارِ أَهْلِ الْأَرْضِ يَوْمَئِذٍ، فَإِذَا تَصَافُّوْا، قَالَتِ الرُّوْمُ: خَلُّوْا بَيْنَنَا وَبَيْنَ الَّذِيْنَ سَبَوْا مِنَّا، نُقَاتِلْهُمْ، فَيَقُوْلُ الْمُسْلِمُوْنَ لَا وَاللّٰهِ لَا نُخَلِّيْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ إِخْوَانِنَا، فَيُقَاتِلُوْنَهُمْ، فَيَنْهَزِمُ ثُلُثٌ لَا يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ أَبَدًا، وَيُقْتَلُ ثُلُثُهُمْ، أَفْضَلُ الشُّهَدَاءِ عِنْدَ اللّٰهِ وَيَفْتَتِحُ الثُّلُثُ لَا يُفْتَنُوْنَ أَبَدًا، فَيَفْتَتِحُوْنَ قُسْطُنْطِيْنِيَّةَ، فَبَيْنَمَا هُمْ يَقْتَسِمُوْنَ الْغَنَائِمَ قَدْ عَلَّقُوْا سُيُوْفَهُمْ بِالزَّيْتُوْنِ، إِذْ صَاحَ فِيْهِمُ الشَّيْطَانُ، إِنَّ الْمَسِيْحَ قَدْ خَلَفَكُمْ فِيْ أَهْلِيْكُمْ فَيَخْرُجُوْنَ وَذٰلِكَ بَاطِلٌ، فَإِذَا جَاءُوْا الشَّأْمَ خَرَجَ، فَبَيْنَمَا هُمْ يُعِدُّوْنَ لِلْقِتَالِ يُسَوُّوْنَ الصُّفُوْفَ، إِذْ أُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ فَيَنْزِلُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَمَّهُمْ، فَإِذَا رَآهُ عَدُوُّ اللّٰهِ ذَابَ كَمَا يَذُوْبُ الْمِلْحُ فِي الْمَاءِ، فَلَوْ تَرَكَهُ لَانْذَابَ حَتّٰى يَهْلِكَ، وَلٰكِنْ يَقْتُلُهُ اللّٰهُ بِيَدِهٖ فَيُرِيْهِمْ دَمَهٗ فِيْ حَرْبَتِهٖ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٨٩٧ "٣٤" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب فى فتح قسطنطينية، وخروج الدجال، ونزول عيسى ابن مريم)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک کہ اہلِ روم ''اعماق یا دابق'' کے مقام پر نہ پہنچ جائیں گے، ان کی

طرف مدینہ سے ایک لشکر پیش قدمی کرے گا، جو اس زمانہ کے بہترین لوگوں میں سے ہوگا، جب دونوں لشکر آمنے سامنے صف بستہ ہوں گے، تو رومی کہیں گے کہ (تم میں سے) جن لوگوں نے ہمارے آدمی قید کیے ہیں، اُنہیں اور ہمیں تنہا چھوڑ دو، ہم اُن سے جنگ کریں گے، مسلمان کہیں گے کہ نہیں اللہ کی قسم! ہم ہرگز اپنے بھائیوں کو تمہارے حوالہ نہیں کریں گے، اس پر وہ ان سے جنگ کریں گے، اب ایک تہائی مسلمان تو بھاگ کھڑے ہوں گے، جن کی توبہ اللہ کبھی قبول نہ فرمائے گا (یعنی ان کو توبہ کی توفیق ہی نہ ہوگی) اور ایک تہائی مسلمان قتل ہوجائیں گے، جو اللہ کے نزدیک افضل الشہداء (یعنی بہترین شہید) ہوں گے، اور باقی ایک تہائی مسلمان فتح حاصل کرلیں گے (جس کے نتیجہ میں) یہ آئندہ ہر قسم کے فتنے سے محفوظ ومامون ہوجائیں گے، اس کے بعد جلد ہی یہ لوگ قسطنطنیہ فتح کرلیں گے، اور اپنی تلواریں زیتون کے درخت پر لٹکا کر ابھی یہ لوگ مالِ غنیمت تقسیم ہی کررہے ہوں گے کہ شیطان ان میں چیخ کر یہ آواز لگائے گا کہ مسیح (دجال) تمہارے پیچھے تمہارے گھروالوں (بستیوں) میں گھس گیا ہے۔

یہ سنتے ہی یہ لشکر (دجال کے مقابلہ کے لیے قسطنطنیہ سے) روانہ ہوجائے گا، اور یہ خبر (اگرچہ) غلط ہوگی، لیکن جب یہ لوگ شام پہنچیں گے، تو دجال واقعی نکل آئے گا۔

مسلمان جنگ کی تیاری اور صفیں درست کرنے میں مشغول ہوں گے کہ اس دوران (جبکہ فجر کی) نماز کھڑی ہورہی ہوگی، عیسیٰ ابنِ مریم علیہ السلام نازل ہوجائیں گے، اور (مسلمانوں کے امیر کو) ان کی امامت (کا حکم) فرمائیں گے، (پھر) اللہ کا دشمن (دجال) عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھتے ہی، اس طرح گھلنے لگے گا، جیسے پانی میں نمک گھلتا ہے، چنانچہ اگر وہ اُسے چھوڑ بھی دیتے، تب بھی وہ گھل

گُھل کر ہلاک ہو جاتا، لیکن اللہ اسے انہی کے ہاتھ سے قتل کرے گا، اور حضرت عیسیٰ لوگوں کو اس دجال کا (قتل کرنے کے بعد) خون دکھلائیں گے، جو ان کے اسلحہ میں لگ گیا ہوگا (مسلم)

اس سے معلوم ہوا کہ دجال کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام قتل فرمائیں گے۔

اور حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَخْرُجُ الدَّجَّالُ فِيْ خَفْقَةٍ مِنْ الدِّيْنِ وَإِدْبَارٍ مِنَ الْعِلْمِ، فَلَهُ أَرْبَعُوْنَ لَيْلَةً يَسِيْحُهَا فِي الْأَرْضِ ،اَلْيَوْمُ مِنْهَا كَالسَّنَةِ ،وَالْيَوْمُ مِنْهَا كَالشَّهْرِ ،وَالْيَوْمُ مِنْهَا كَالْجُمُعَةِ ،ثُمَّ سَائِرُ أَيَّامِهٖ كَأَيَّامِكُمْ هٰذِهٖ ،وَلَهُ حِمَارٌ يَرْكَبُهُ عَرْضُ مَا بَيْنَ أُذُنَيْهِ أَرْبَعُوْنَ ذِرَاعًا ،فَيَقُوْلُ لِلنَّاسِ :أَنَا رَبُّكُمْ وَهُوَ أَعْوَرُ، وَإِنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِأَعْوَرَ، مَكْتُوْبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَافِرٌ ک ف ر مُهَجَّاةٌ، يَقْرَؤُهُ كُلُّ مُؤْمِنٍ كَاتِبٌ وَغَيْرُ كَاتِبٍ، يَرِدُ كُلَّ مَاءٍ وَمَنْهَلٍ إِلَّا الْمَدِيْنَةَ، وَمَكَّةَ حَرَّمَهُمَا اللّٰهُ عَلَيْهِ، وَقَامَتِ الْمَلَائِكَةُ بِأَبْوَابِهَا، وَمَعَهُ جِبَالٌ مِنْ خُبْزٍ ،وَالنَّاسُ فِيْ جَهْدٍ إِلَّا مَنْ تَبِعَهُ ،وَمَعَهُ نَهْرَانِ ،أَنَا أَعْلَمُ بِهِمَا، مِنْهُ نَهْرٌ ،يَقُوْلُ :اَلْجَنَّةُ ، وَنَهْرٌ يَقُوْلُ :اَلنَّارُ، فَمَنْ أُدْخِلَ الَّذِیْ يُسَمِّيْهِ الْجَنَّةَ ،فَهُوَ النَّارُ، وَمَنْ أُدْخِلَ الَّذِیْ يُسَمِّيْهِ النَّارَ ،فَهُوَ الْجَنَّةُ، قَالَ :وَيَبْعَثُ اللّٰهُ مَعَهُ شَيَاطِيْنَ تُكَلِّمُ النَّاسَ وَمَعَهُ فِتْنَةٌ عَظِيْمَةٌ ،يَأْمُرُ السَّمَاءَ فَتُمْطِرُ فِيْمَا يَرَى النَّاسُ ، وَيَقْتُلُ نَفْسًا ثُمَّ يُحْيِيْهَا فِيْمَا يَرَى النَّاسُ ،لَا يُسَلَّطُ عَلٰى غَيْرِهَا مِنَ النَّاسِ ،وَيَقُوْلُ أَيُّهَا النَّاسُ هَلْ يَفْعَلُ مِثْلَ هٰذَا إِلَّا الرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ، قَالَ: فَيَفِرُّ الْمُسْلِمُوْنَ إِلٰى جَبَلِ الدُّخَانِ بِالشَّامِ ،فَيَأْتِيْهِمْ فَيُحَاصِرُهُمْ فَيَشْتَدُّ حِصَارُهُمْ، وَيُجْهِدُهُمْ جَهْدًا شَدِيْدًا ،ثُمَّ يَنْزِلُ

عِيُسَى ابُنُ مَرُيَمَ ،فَيُنَادِیُ مِنَ السَّحَرِ ،فَيَقُولُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ مَا يَمُنَعُكُمُ أَنُ تَخُرُجُوُا إِلَى الُكَذَّابِ الُخَبِيُثِ ،فَيَقُولُونَ :هٰذَا رَجُلٌ جِنِّیٌّ ،فَيَنُطَلِقُونَ فَإِذَا هُمُ بِعِيُسَى ابُنِ مَرُيَمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيُهِ وَسَلَّمَ، فَتُقَامُ الصَّلَاةُ ،فَيُقَالُ لَهُ تَقَدَّمُ يَا رُوحَ اللّٰهِ، فَيَقُولُ لِيَتَقَدَّمُ إِمَامُكُمُ، فَلُيُصَلِّ بِكُمُ ،فَإِذَا صَلّٰى صَلَاةَ الصُّبُحِ ،خَرَجُوُا إِلَيُهِ ،قَالَ: فَحِيُنَ يَرَى الُكَذَّابُ يَنُمَاثُ كَمَا يَنُمَاثُ الُمِلُحُ فِي الُمَاءِ ،فَيَمُشِیُ إِلَيُهِ، فَيَقُتُلُهُ ،حَتّٰى إِنَّ الشَّجَرَةَ وَالُحَجَرَ يُنَادِیُ يَا رُوحَ اللّٰهِ هٰذَا يَهُودِیٌّ فَلَا يَتُرُكُ مِمَّنُ كَانَ يَتُبَعُهُ أَحَدًا إِلَّا قَتَلَهُ (مسند احمد، رقم الحديث ١٤٩٥٤) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دجال ایسے زمانہ میں نکلے گا جب کہ دین میں کمزوری آ چکی ہوگی، اور (دین کا) علم رخصت ہو رہا ہوگا، اس (دجال کے خروج کے بعد دنیا میں رہنے) کی مدت چالیس روز ہوگی، اس مدت میں وہ زمین میں گھومتا رہے گا، ان چالیس روز میں ایک دن ایک سال کے برابر، اور ایک دن ایک ماہ کے برابر اور ایک دن ایک جمعہ (مراد ایک ہفتہ ہے) کے برابر ہوگا، پھر اس کے باقی ایام تمہارے ان عام دنوں کے برابر ہوں گے۔

اس دجال کا ایک گدھا ہوگا، جس پر وہ سوار ہوگا، اس گدھے کے دو کانوں کے درمیان چالیس ہاتھ کا فاصلہ ہوگا، دجال لوگوں سے کہے گا کہ میں تمہارا رب ہوں، حالانکہ وہ کانا ہوگا اور (ظاہر ہے کہ) تمہارا رب کانا نہیں (لہٰذا تمہارے لیے یہ فیصلہ کر لینا کہ وہ تمہارا رب نہیں، نہایت آسان ہوگا) اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان (پیشانی پر) ک۔ف۔ر (کافر) علیحدہ علیحدہ لکھا ہوگا،

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:إسناده على شرط مسلم، وأبو الزبير لم يصرح بسماعه من جابر(حاشية مسند احمد)

جسے ہر مؤمن پڑھ سکے گا، خواہ وہ لکھنا جانتا ہو، یا نہ جانتا ہو۔
وہ (دجال) ہر چشمے اور گھاٹ پر اترے گا (یعنی ہر چھوٹی بڑی آبادی اس کی زَد میں ہوگی) سوائے مدینہ اور مکہ کے کہ اللہ نے ان دونوں شہروں کو اس پر حرام کردیا ہے، اور ان کے دروازوں (راستوں) پر فرشتے کھڑے (پہرہ دے رہے) ہوں گے (تاکہ دجال داخل نہ ہوسکے)
اس کے ساتھ روٹی کے پہاڑ (کے برابر ذخیرے) ہوں گے، اور سوائے ان لوگوں کے جو اس کی پیروی کریں گے، سب لوگ سخت تنگی (فقروفاقہ اور بے بسی) میں ہوں گے، اس دجال کے ساتھ دو نہریں ہوں گی، جن کو میں اس دجال سے زیادہ جانتا ہوں، ایک نہر کو وہ جنت کہے گا اور دوسری نہر کو آگ کہے گا، پس جو شخص اس نہر میں داخل کیا جائے گا، جس کا نام دجال نے جنت رکھا ہوگا، تو وہ (درحقیقت) آگ ہوگی، اور جو شخص اس نہر میں داخل کیا جائے گا، جس کا نام دجال نے آگ رکھا ہوگا، تو وہ (درحقیقت) جنت ہوگی۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (مزید) فرمایا کہ اور اللہ اس کے ساتھ شیاطین کو بھیجے گا جو لوگوں سے باتیں کریں گے اور اس کے ساتھ ایک فتنۂ عظیم یہ ہوگا کہ وہ بادلوں کو حکم دے گا، تو وہ لوگوں کو بارش برساتے ہوئے نظر آئیں گے اور وہ ایک شخص کو قتل کرے گا، پھر لوگوں کو نظر آئے گا کہ وہ اُسے زندہ کررہا ہے، دجال کو اس شخص کے علاوہ کسی اور (کے مارنے اور زندہ کرنے) پر قدرت نہیں دی جائے گی، اور وہ کہے گا کہ ”اے لوگو! کیا اس جیسا کارنامہ رب عزّ وجلّ کے سوا کوئی اور کرسکتا ہے (یعنی میرا یہ کارنامہ میرے رب ہونے کی دلیل ہے)
پس مسلمان شام کے ”دخان“ پہاڑ کی طرف بھاگ جائیں گے، اور دجال وہاں آکر ان کا محاصرہ کرلے گا، یہ محاصرہ بہت سخت ہوگا اور ان اہلِ ایمان کو

جھنجھوڑ کر رکھ دے گا۔

پھر فجر کے وقت عیسیٰ ابنِ مریم نازل ہوں گے، تو وہ سحری کے وقت اعلان کریں گے، اور مسلمانوں سے کہیں گے کہ "اس خبیث کذاب کی طرف نکلنے سے تمہارے لئے کیا چیز رُکاوٹ ہے؟ مسلمان کہیں گے کہ یہ شخص جنّ ہے (لہٰذا اس کا مقابلہ مشکل ہے)

پھر مسلمان چلیں گے، تو وہ عیسیٰ ابنِ مریم ان کے ساتھ ہوں گے، پس نماز کی اقامت ہوگی، تو عیسیٰ علیہ السلام سے کہا جائے گا کہ "یا روح اللّٰہ! آگے بڑھیے (اور نماز پڑھائیے)" وہ فرمائیں گے کہ تمہارے امام کو آگے بڑھ کر نماز پڑھانی چاہئے، غرض نمازِ فجر اداء کر کے یہ لوگ دجال کی طرف نکل کھڑے ہوں گے، پس کذاب (دجال) عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھتے ہی یوں گھلنے لگے گا، جیسے پانی میں نمک گھلتا ہے، پھر عیسیٰ علیہ السلام اس کی طرف بڑھیں گے اور اُسے قتل کرڈالیں گے، یہاں تک کہ درخت اور پتھر بھی پکاریں گے کہ یا روح اللّٰہ! (دجال کا ساتھی) یہودی یہ ہے، چنانچہ عیسیٰ علیہ السلام جو بھی دجال کا پیروکار ہوگا، اسے قتل کر کے چھوڑیں گے (صحیح مسلم)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

صحیح بخاری میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَنْزِلَ فِيْكُمْ ابْنُ مَرْيَمَ حَكَمًا مُقْسِطًا، فَيَكْسِرَ الصَّلِيْبَ، وَيَقْتُلَ الْخِنْزِيْرَ، وَيَضَعَ الْجِزْيَةَ، وَيَفِيْضَ الْمَالُ، حَتّٰى لَا يَقْبَلَهُ أَحَدٌ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۲۴۷۶، كتاب المظالم، باب كسر الصليب وقتل الخنزير)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہو گی، جب تک تم میں ابنِ مریم (حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے) منصف حاکم بن کر نہ اتر آئیں، پس وہ صلیب (عیسائیوں کے مذہبی شعار) کو توڑ ڈالیں گے، اور خنزیر کو قتل کردیں گے، اور ٹیکس کو ختم فرمادیں گے، اور مال کی کثرت وفراوانی ایسی ہوجائے گی کہ کوئی اس کو لینے والا (حاجت مند، مستحق) نہ رہے گا (ہر ایک غنی ومستغنی ہوجائے گا) (بخاری)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی ''صحیح بخاری'' میں روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهٖ لَيُوْشِكَنَّ أَنْ يَّنْزِلَ فِيْكُمْ اِبْنُ مَرْيَمَ حَكَمًا عَدْلًا فَيَكْسِرَ الصَّلِيْبَ وَيَقْتُلَ الْخِنْزِيْرَ وَيَضَعَ الْجِزْيَةَ وَيَفِيْضَ الْمَالُ ،حَتّٰى لَا يَقْبَلَهٗ أَحَدٌ حَتّٰى تَكُوْنَ السَّجْدَةُ الْوَاحِدَةُ خَيْرًا مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا ،ثُمَّ يَقُوْلُ أَبُوْهُرَيْرَةَ: وَاقْرَءُ وْا إِنْ شِئْتُمْ "وَإِنْ مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ إِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ،وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا" (صحيح البخارى، رقم الحديث ۳۴۴۸، كتاب احاديث الانبياء، باب نزول عيسى ابن مريم)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، وہ وقت ضرور آئے گا، جب تم میں (اے امتِ محمدیہ) ابنِ مریم عادل حاکم کی حیثیت سے نازل ہوکر صلیب کو توڑیں گے، خنزیر کو قتل کردیں گے، جزیہ (ٹیکس) لینا بند کردیں گے، اور مال ودولت کی ایسی فراوانی ہوگی کہ اسے کوئی قبول نہ کرے گا، یہاں تک کہ (ایمان اور نیک اعمال کی عام طور پر ایسی

قدر ومنزلت ہو جائے گی کہ) ایک سجدہ دنیا اور جو کچھ اس دنیا میں ہے، اُس سے بہتر ہو گا۔

پھر (حضرت) ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر تم (حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اُس زمانے میں سب کے مؤمن بن جانے کی دلیل قرآن سے جاننا) چاہو، تو (سورہ نساء کی) یہ آیت پڑھ لو (جس کا ترجمہ یہ ہے کہ) تمام اہلِ کتاب (عیسیٰ علیہ السلام کے زمانے کے) اُن کی تصدیق اُن کی موت سے پہلے کر دیں گے (کہ بے شک آپ زندہ ہیں، مَرے نہ تھے، اور آپ نہ معبود ہیں، اور نہ معبود کے بیٹے، بلکہ اللہ کے بندے اور رسول ہیں) اور عیسیٰ علیہ السلام قیامت کے دن اُن اہلِ کتاب کے خلاف گواہی دیں گے (جنہوں نے اُن کو اللہ کا بیٹا کہا تھا، یعنی عیسائی اور جنہوں نے اُن کی تکذیب کی تھی، یعنی یہودی) (بخاری)

صلیب کو توڑنے سے صلیب پرستی ختم کرنا مراد ہے، اور عیسائی کیونکہ خنزیر کو حلال سمجھ کر کھاتے ہیں، اس لیے خنزیر کو قتل کرنے سے بھی عیسائیوں کے اس نظریے کی تردید ہو جائے گی۔

مذکورہ حدیث میں لوگوں کے دیندار ہو جانے اور ایک سجدہ کے دُنیا اور جو کچھ اس دنیا میں ہے، اُس سے بہتر سمجھنے کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ قیامت کے قریب ہونے کی وجہ سے اس وقت مسلمان خواہشات پوری کرنے کے بجائے نیکی کے کام کرنے کے حریص ہوں گے۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

اور صحیح مسلم میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاللّٰهِ، لَيَنْزِلَنَّ ابْنُ مَرْيَمَ حَكَمًا عَادِلًا، فَلَيَكْسِرَنَّ الصَّلِيْبَ، وَلَيَقْتُلَنَّ الْخِنْزِيْرَ، وَلَيَضَعَنَّ الْجِزْيَةَ، وَلَتُتْرَكَنَّ الْقِلَاصُ فَلَا يُسْعٰى عَلَيْهَا، وَلَتَذْهَبَنَّ الشَّحْنَاءُ وَالتَّبَاغُضُ

وَالتَّحَاسُدُ، وَلَيَدْعُوَنَّ إِلَى الْمَالِ فَلَا يَقْبَلُهُ أَحَدٌ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۴۳ "۱۵۵" كتاب الإيمان، باب نزول عيسى بن مريم حاكما بشريعة نبينا محمد صلى الله عليه وسلم)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کی قسم! عیسیٰ ابنِ مریم ضرور بالضرور، عادل حکمران بن کر نازل ہوں گے، پھر وہ ضرور بالضرور صلیب کو توڑ ڈالیں گے، اور ضرور بالضرور خنزیر کو قتل کریں گے، اور جزیہ (ٹیکس) کو ختم کر دیں گے، اور جوان اونٹنیاں چھوڑ دی جائیں گی، پس ان سے کام نہیں لیا جائے گا، اور ضرور بالضرور لوگوں کے دلوں سے کینہ، اور باہمی بغض اور آپس کا حسد ختم ہو جائے گا اور وہ (عیسیٰ) ضرور بالضرور مال (قبول کرنے) کی طرف دعوت دیں گے، مگر (مال کی برکت وفراوانی کی وجہ سے) کوئی مال کو قبول نہیں کرے گا (مسلم)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث

اور مسند احمد میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُوشِكُ مَنْ عَاشَ مِنْكُمْ أَنْ يَّلْقٰى عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ إِمَامًا مَهْدِيًّا وَحَكَمًا عَدْلًا، فَيَكْسِرُ الصَّلِيبَ، وَيَقْتُلُ الْخِنْزِيرَ، وَتُوضَعُ الْجِزْيَةُ، وَتَضَعُ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا (مسند احمد، رقم الحديث ۹۳۲۳) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قریب ہے کہ جو شخص تم میں سے زندہ ہوگا، تو وہ عیسیٰ بن مریم سے ملاقات کرے گا، ایک ہدایت یافتہ امام، اور منصف حکمران کے طور پر، پھر وہ صلیب کو توڑ دیں گے، اور خنزیر کو قتل کر دیں گے، اور

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية مسند احمد)

جزیہ (ٹیکس) کو ختم کردیں گے، اور جنگ وجدل موقوف ہوجائے گی (مسند احمد)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی پانچویں حدیث

اور مسند احمد میں ہی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَنْزِلُ ابْنُ مَرْيَمَ إِمَامًا عَادِلًا، وَحَكَمًا مُقْسِطًا، فَيَكْسِرُ الصَّلِيْبَ، وَيَقْتُلُ الْخِنْزِيْرَ، وَيُرْجِعُ السَّلْمَ، وَيَتَّخِذُ السُّيُوْفَ مَنَاجِلَ، وَتَذْهَبُ حُمَةُ كُلِّ ذَاتِ حُمَةٍ، وَتُنْزِلُ السَّمَاءُ رِزْقَهَا، وَتُخْرِجُ الْأَرْضُ بَرَكَتَهَا، حَتّٰى يَلْعَبَ الصَّبِيُّ بِالثُّعْبَانِ، فَلَا يَضُرُّهُ، وَيُرَاعِي الْغَنَمَ الذِّئْبُ، فَلَا يَضُرُّهَا، وَيُرَاعِي الْأَسَدُ الْبَقَرَ، فَلَا يَضُرُّهَا (مسند احمد، رقم الحديث ١٠٢٦١) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابنِ مریم، عدل کرنے والے امام، اور انصاف کرنے والے حکمران بن کر نازل ہوں گے، پھر وہ صلیب کو توڑ دیں گے، اور خنزیر کو قتل کردیں گے، اور جزیہ (ٹیکس) کو ختم کردیں گے اور تلواروں کو (ضرورت نہ ہونے کی وجہ سے) درانتیاں بنالیا جائے گا، اور ہر زہر والی چیز کا زہر ختم ہوجائے گا، اور آسمان اپنا رزق اتارے گا، اور زمین اپنی برکت کو نکالے گی، حتیٰ کے بچے بڑے بڑے سانپوں سے کھیلیں گے، پس وہ ان کو نقصان نہ پہنچائیں گے، اور بکریوں کی حفاظت بھیڑیا کرے گا، اور ان کو نقصان نہیں پہنچائے گا، اور شیر، گائے کی دیکھ بھال کرے گا اور اسے نقصان نہیں پہنچائے گا (مسند احمد)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی چھٹی حدیث

اور مسند احمد ہی میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح، وهذا إسناد محتمل للتحسين (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلْأَنْبِيَاءُ إِخْوَةٌ لِعَلَّاتٍ: دِيْنُهُمْ وَاحِدٌ، وَأُمَّهَاتُهُمْ شَتّٰى، وَأَنَا أَوْلَى النَّاسِ بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ، لِأَنَّهُ لَمْ يَكُنْ بَيْنِي وَبَيْنَهُ نَبِيٌّ، وَإِنَّهُ نَازِلٌ، فَإِذَا رَأَيْتُمُوْهُ فَاعْرِفُوْهُ، فَإِنَّهُ رَجُلٌ مَرْبُوْعٌ إِلَى الْحُمْرَةِ وَالْبَيَاضِ، سَبْطٌ كَأَنَّ رَأْسَهُ يَقْطُرُ، وَإِنْ لَمْ يُصِبْهُ بَلَلٌ، بَيْنَ مُمَصَّرَتَيْنِ، فَيَكْسِرُ الصَّلِيْبَ، وَيَقْتُلُ الْخِنْزِيْرَ، وَيَضَعُ الْجِزْيَةَ، وَيُعَطِّلُ الْمِلَلَ، حَتّٰى تَهْلِكَ فِيْ زَمَانِهِ الْمِلَلُ كُلُّهَا غَيْرَ الْإِسْلَامِ، وَيُهْلِكُ اللّٰهُ فِيْ زَمَانِهِ الْمَسِيْحَ الدَّجَّالَ الْكَذَّابَ، وَتَقَعُ الْأَمَنَةُ فِي الْأَرْضِ حَتّٰى تَرْتَعَ الْإِبِلُ مَعَ الْأُسْدِ جَمِيْعًا، وَالنُّمُوْرُ مَعَ الْبَقَرِ، وَالذِّئَابُ مَعَ الْغَنَمِ، وَيَلْعَبَ الصِّبْيَانُ وَالْغِلْمَانُ بِالْحَيَّاتِ، لَا يَضُرُّ بَعْضُهُمْ بَعْضًا، فَيَمْكُثُ مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَّمْكُثَ، ثُمَّ يُتَوَفّٰى فَيُصَلِّيْ عَلَيْهِ الْمُسْلِمُوْنَ وَيَدْفِنُوْنَهُ (مسند احمد، رقم الحديث ۹۶۳۲) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سب انبیاء باپ شریک بھائیوں کی طرح ہیں کہ ان سب کا دین ایک اور مائیں (یعنی شریعتیں) علیٰحدہ علیٰحدہ ہیں، اور میں عیسیٰ ابنِ مریم کے سب سے زیادہ قریب ہوں، کیونکہ میرے اور ان کے درمیان کوئی نبی نہیں ہوا، اور بے شک وہ نازل ہوں گے، جب تم انہیں دیکھو، تو پہچان لینا (ان کی پہچان یہ ہے کہ) وہ درمیانہ قدوقامت کے ہوں گے، رنگ سُرخ وسفید ہوگا، بال سیدھے اور ایسے (صاف اور چمکدار) ہوں گے کہ وہ اگرچہ بھیگے نہ ہوں، تب بھی یوں معلوم ہوگا، جیسے ابھی اُن سے پانی ٹپک رہا ہو (وہ نازل ہونے کے وقت) ہلکے زرد رنگ کے دو کپڑوں میں ہوں گے، پس وہ صلیب کو توڑ

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح، وفي هذا الإسناد انقطاع، فلم يثبت سماع قتادة من عبد الرحمن بن آدم، وهو مولى أم بُرثُن. وابن أبي عروبة -واسمه سعيد- اختلط بأخرة، لكن يحيى القطان روى عنه قبل الاختلاط (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

ڈالیں گے، اور خنزیر کو قتل کریں گے، اور ٹیکس کو موقوف کردیں گے، تمام ملتوں کو معطل کردیں گے، یہاں تک کہ اُن کے زمانہ میں اسلام کے سِوا تمام ادیان ومذاہب کا خاتمہ ہوجائے گا، اور اللہ ان کے زمانہ میں مسیح دجال کذّاب کو ہلاک کرے گا، اور زمین میں امن وامان کا دَور دَورہ ہوگا، یہاں تک کہ اونٹ، شیروں کے ساتھ، اور چیتے، گائے، بیلوں کے ساتھ اور بھیڑیئے، بکریوں کے ساتھ اکٹھے چرا کریں گے، اور بچے اور لڑکے سانپوں سے کھیلیں گے، کوئی کسی کو نقصان نہ پہنچائے گا؛ پس عیسیٰ علیہ السلام جب تک اللہ چاہے گا، دنیا میں رہیں گے، پھر ان کی وفات ہوگی، اور مسلمان ان کی نمازِ جنازہ پڑھ کر اُنہیں دفن کریں گے (مسند احمد)

اور سننِ ابی داود میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت اس طرح مروی ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ نَبِيٌّ، يَعْنِيْ عِيْسٰى، وَإِنَّهُ نَازِلٌ فَإِذَا رَأَيْتُمُوْهُ فَاعْرِفُوْهُ، رَجُلٌ مَرْبُوْعٌ إِلَى الْحُمْرَةِ وَالْبَيَاضِ بَيْنَ مُمَصَّرَتَيْنِ، كَأَنَّ رَأْسَهٗ يَقْطُرُ، وَإِنْ لَّمْ يُصِبْهُ بَلَلٌ فَيُقَاتِلُ النَّاسَ عَلَى الْإِسْلَامِ، فَيَدُقُّ الصَّلِيْبَ، وَيَقْتُلُ الْخِنْزِيْرَ، وَيَضَعُ الْجِزْيَةَ، وَيُهْلِكُ اللّٰهُ فِيْ زَمَانِهِ الْمِلَلَ كُلَّهَا إِلَّا الْإِسْلَامَ، وَيُهْلِكُ الْمَسِيْحَ الدَّجَّالَ فَيَمْكُثُ فِي الْأَرْضِ أَرْبَعِيْنَ سَنَةً، ثُمَّ يُتَوَفّٰى فَيُصَلِّيْ عَلَيْهِ الْمُسْلِمُوْنَ (سنن ابی داؤد، رقم الحديث ۴۳۲۴، كتاب الملاحم، باب خروج الدجال) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے اور ان کے، یعنی عیسیٰ (علیہ السلام) کے درمیان کوئی نبی نہیں، اور بے شک وہ نازل ہوں گے، جب تم ان کو

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح دون قوله " :فيصلى عليه المسلمون "، وهذا إسناد منقطع، فإن قتادة -وهو ابن دعامة السدوسى -لم يسمع من عبد الرحمن بن آدم فيما نص عليه ابن معين (حاشية سنن ابی داود)

دیکھو تو پہچان لینا، اُن کا قد وقامت درمیانہ اور رنگ سرخ وسفید ہوگا، ہلکے زرد رنگ کے دو کپڑوں میں (نازل) ہوں گے، سر کے بال اگرچہ بھیگے نہ ہوں، تب بھی (چمک اور صفائی کی وجہ سے) ایسے ہوں گے کہ گویا ان سے پانی ٹپک رہا ہے، اسلام کی خاطر کافروں سے قتال کریں گے، پس وہ صلیب کو توڑ ڈالیں گے، اور خنزیر کو قتل کریں گے، اور جزیہ (ٹیکس) لینا بند کردیں گے، اور اللہ ان کے زمانہ میں اسلام کے سوا تمام دینوں اور مذاہب کو ختم کردے گا، اور (اللہ، عیسیٰ علیہ السلام کے ہاتھوں) مسیح دجال کو ہلاک کرے گا، پھر عیسیٰ علیہ السلام زمین میں چالیس سال رہ کر وفات پائیں گے، اور مسلمان ان کی نمازِ جنازہ پڑھیں گے (سنن ابی داود)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی ساتویں حدیث

امام بیہقی نے ابوبکر بن انباری کی سند سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: طُوبٰى لِعَيْشٍ بَعْدَ الْمَسِيحِ يُؤْذَنُ لِلسَّمَاءِ فِي الْقَطْرِ، وَيُؤْذَنُ لِلْأَرْضِ فِي النَّبَاتِ، فَلَوْ بَذَرْتَ حَبَّكَ عَلَى الصَّفَا لَنَبَتَ، وَلَا تَشَاحَّ، وَلَا تَحَاسُدَ، وَلَا تَبَاغُضَ حَتّٰى يَمُرَّ الرَّجُلُ عَلَى الْأَسَدِ وَلَا يَضُرُّهُ وَيَطَأُ عَلَى الْحَيَّةِ وَلَا تَضُرُّهُ، وَلَا تَشَاحَّ وَلَا تَحَاسُدَ وَلَا تَبَاغُضَ (البعث والنشور، ص ۱۷۷، رقم الحديث ۲۰۰، باب نزول عيسى عليه السلام) [1]

---

[1] قال الالبانی:
رواه أبو بكر الأنبارى فى "حديثه" (ج 1 ورقة 2/6 - 1) قال: حدثنا جعفر ابن محمد بن شاكر قال: حدثنا عفان قال: حدثنى سليم بن حيان - إملاء من قرطاس وسألته - قال: حدثنا سعيد بن مينا عن أبى هريرة مرفوعا. ومن طريق الأنبارى رواه الديلمى (2/161) وابن المحب فى "صفات رب العالمين" (1/ 427) وقال: "هذا على شرط خ".

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسیح (یعنی عیسیٰ علیہ السلام کے نازل ہونے) کے بعد زندگی بڑی خوشگوار ہوگی، بادلوں کو بارش برسانے اور زمین کو نباتات اُگانے کی (گویا) اجازت دے دی جائے گی، یہاں تک کہ اگر تم اپنا بیج ٹھوس اور چکنے پتھر میں بھی (بالفرض) کاشت کرو گے، تو اُگ آئے گا، اور نہ ایک دوسرے کے خلاف بخل ہوگا، اور نہ ایک دوسرے کے خلاف حسد ہوگا، اور نہ ایک دوسرے کے خلاف بغض ہوگا، یہاں تک کہ آدمی شیر کے پاس سے گزرے گا، اور وہ اس آدمی کو کوئی ضرر نہیں پہنچائے گا، اور سانپ پر پاؤں آ جائے گا، اور وہ اس کو کوئی ضرر نہیں پہنچائے گا، اور نہ تو آپس میں بخل ہوگا، اور نہ آپس میں حسد ہوگا، اور نہ آپس میں بغض ہوگا (بیہقی)

فائدہ: لیکن ظاہر ہے کہ اس مرحلہ تک پہنچنے کے لئے دجالِ اکبر کے عظیم فتنہ سے حفاظت ضروری ہوگی، ورنہ اس سے پہلے ہی دجال جہنم میں لے ڈوبے گا۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی آٹھویں حدیث

اور مسند احمد میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَنْزِلُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ، فَيَقْتُلُ الْخِنْزِيْرَ، وَيَمْحَى الصَّلِيْبَ، وَتُجْمَعُ لَهُ الصَّلَاةُ، وَيُعْطَى الْمَالُ حَتّٰى لَا يُقْبَلَ، وَيَضَعُ الْخَرَاجَ ، وَيَنْزِلُ الرَّوْحَاءَ، فَيَحُجُّ مِنْهَا أَوْ يَعْتَمِرُ، أَوْ

﴿ گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ ﴾

قلت :جعفر بن محمد بن شاكر لم يخرج له البخارى ولا غيره من الستة، وهو ثقة وقد ترجمه الخطيب (7/187 - 185) وفى "التهذيب "أيضا ولم يرمز له بشىء .
ورواه الضياء فى "المنتقى من مسموعاته بمرو "(2/127 - 1) من طريق أبى جعفر البغدادى :حدثنا جعفر بن محمد به.
قلت :فالإسناد صحيح(سلسلة الأحاديث الصحيحة،تحت رقم الحديث ۱۹۲۶)

يَجْمَعُهُمَا (مسند احمد، رقم الحديث ٧٩٠٣) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عیسیٰ ابنِ مریم نازل ہوکر خنزیر کو قتل کریں گے، اور صلیب کو مٹائیں گے، اور ان کے لئے نمازوں میں جمع ہوا جائے گا اور (لوگوں کو) اتنا مال دیا جائے گا کہ قبول نہیں کیا جائے گا، اور خراج (ٹیکس) لینا بند کردیں گے، اور عیسیٰ بن مریم ''رَوْحَاء'' کے مقام پر قیام کریں گے، اور یہیں سے حج، یا عمرہ، یا دونوں کا احرام باندھیں گے (مسند احمد)

''رَوْحَاء'' مدینہ منورہ اور بدر کے درمیان، مدینہ منورہ کے قریب ایک جگہ کا نام ہے، اس سے معلوم ہوا کہ عیسیٰ علیہ السلام، حج، یا عمرہ، یا دونوں اعمال انجام دیں گے۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی نویں حدیث

اور مسند ابی یعلیٰ میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: وَالَّذِىْ نَفْسُ أَبِى الْقَاسِمِ بِيَدِهِ لَيَنْزِلَنَّ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ إِمَامًا مُقْسِطًا وَحَكَمًا عَدْلًا، فَلَيَكْسِرَنَّ الصَّلِيْبَ، وَلَيَقْتُلَنَّ الْخِنْزِيْرَ، وَلَيُصْلِحَنَّ ذَاتَ الْبَيْنِ، وَلَيُذْهِبَنَّ الشَّحْنَاءَ، وَلَيُعْرَضَنَّ عَلَيْهِ الْمَالُ فَلَا يَقْبَلُهُ، ثُمَّ لَئِنْ قَامَ عَلٰى قَبْرِىْ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ لَأُجِيْبَنَّهُ (مسند ابی یعلٰی الموصلی، رقم الحديث ٦٥٨٤، مسند أبی هريرة) [2]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سُنا کہ قسم ہے اُس ذات کی جس کے قبضہ میں ابوالقاسم (محمد) کی جان ہے، عیسیٰ بن مریم انصاف

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حنظلة -ابن على الأسلمی- فمن رجاله مسلم (حاشية مسند احمد)

[2] قال حسين سليم أسد الدارانی: إسناده صحيح (حاشية مسند ابی يعلٰی)

پسند امام اور عادل حاکم کی حیثیت سے ضرور نازل ہوں گے، وہ صلیب کو ضرور توڑ ڈالیں گے، اور خنزیر کو ضرور قتل کریں گے، اور لوگوں میں ضرور صلح کرائیں گے، اور (لوگوں سے) نفرتوں (اور دشمنیوں) کو دُور کردیں گے، اور ضرور (لوگوں پر) مال پیش کریں گے، تو (خوش حالی کی وجہ سے) کوئی قبول نہ کرے گا، پھر اگر وہ میری قبر کے پاس کھڑے ہوکر "اے محمد" کہیں گے، تو میں ضرور جواب دُوں گا (مسند ابی یعلیٰ)

اور مستدرک حاکم میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لَیَھْبِطَنَّ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ حَکَمًا عَدْلًا، وَإِمَامًا مُقْسِطًا وَلَیَسْلُکَنَّ فَجًّا حَاجًّا، أَوْ مُعْتَمِرًا أَوْ بِنِیَّتِھِمَا ،وَلَیَأْتِیَنَّ قَبْرِی حَتّٰی یُسَلِّمَ وَلَأَرُدَّنَّ عَلَیْہِ.

یَقُوْلُ أَبُوْ ھُرَیْرَۃَ: أَیْ بَنِیْ أَخِیْ إِنْ رَأَیْتُمُوْہُ فَقُوْلُوْا: أَبُوْھُرَیْرَۃَ یُقْرِئُکَ السَّلَامَ (المستدرک للحاکم،رقم الحدیث ۴۱۶۲،کتاب تواریخ المتقدمین من الأنبیاء والمرسلین،ذکر نبی اللہ وروحہ عیسی ابن مریم صلوات اللہ وسلامہ علیھما) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ضرور بالضرور عیسیٰ بن مریم عادل حکمران، اور منصف امام بن کر نازل ہوں گے، اور وہ ضرور بالضرور کشادہ راستہ پر حج، یا عمرہ، یا ان دونوں کی نیت سے چلیں گے، اور وہ ضرور بالضرور میری قبر پر آ کر سلام پیش کریں گے، اور میں ضرور بالضرور ان کو جواب دوں گا۔

ابو ہریرہ کہتے ہیں کہ اے میرے بھتیجے اگر تم حضرت عیسیٰ کو دیکھو، تو تم یہ کہنا کہ ابو ہریرہ نے آپ کو سلام کہا ہے (حاکم)

---

[1] قال الحاکم:
ھذا حدیث صحیح الإسناد ولم یخرجاہ بھذہ السیاقۃ.
وقال الذھبی فی التلخیص: صحیح.

اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اس زمانہ تک بیت اللہ آباد ہوگا، اور جو بیت اللہ کو منہدم کئے جانے اور اس کے دوبارہ آباد نہ ہونے کا احادیث میں ذکر ہے، وہ اس کے بعد پیش آنے والی حالت ہے، جس کا بیان آگے آتا ہے۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دسویں حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أُحَدِّثُكُمْ مَا سَمِعْتُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّادِقِ الْمَصْدُوْقِ؟ حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ أَبُو الْقَاسِمِ الصَّادِقُ الْمَصْدُوْقُ: إِنَّ الْأَعْوَرَ الدَّجَّالَ مَسِيحَ الضَّلَالَةِ يَخْرُجُ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ فِيْ زَمَانِ اخْتِلَافٍ مِنَ النَّاسِ ، وَفُرْقَةٍ ، فَيَبْلُغُ مَا شَاءَ اللّٰهُ مِنَ الْأَرْضِ فِيْ أَرْبَعِيْنَ يَوْمًا، اَللّٰهُ أَعْلَمُ مَا مِقْدَارُهَا، اَللّٰهُ أَعْلَمُ مَا مِقْدَارُهَا، مَرَّتَيْنِ، وَيُنَزِّلُ اللّٰهُ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ، فَيَؤُمُّهُمْ ، فَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرَّكْعَةِ، قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ ، قَتَلَ اللّٰهُ الدَّجَّالَ ، وَأَظْهَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٦٨١٢، تابع كتاب التاريخ، باب إخباره صلى الله عليه وسلم عما يكون فى أمته من الفتن والحوادث) [1]

ترجمہ: میں تم کو وہ حدیث بیان کرتا ہوں، جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے، جو سچے بھی ہیں، اور ان کے سچ کی تصدیق بھی کی جاچکی ہے، ہمیں ابو القاسم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، صادق اور مصدوق نے یہ حدیث بیان کی کہ بے شک کانا دجال مسیح الضلالة مشرق کی جانب سے ظاہر ہوگا، ایسے زمانے میں کہ لوگ اختلاف وافتراق میں مبتلا ہوں گے، چالیس دن میں زمین پر

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده قوى، رجاله ثقات رجال الصحيح، غير كليب بن شهاب، والد عاصم، فقد روى له أصحاب السنن والبخارى فى "رفع اليدين" وهو صدوق (حاشية ابنِ حبان)

جہاں جہاں اللہ کو منظور ہوگا، وہ پہنچ جائے گا، اللہ ہی جانتا ہے، اس (زمانے، یا اس کی رفتار ومسافت کی) کی کیا مقدار ہوگی، دو مرتبہ یہی فرمایا، اور اللہ عیسیٰ بن مریم کو (آسمان سے) نازل فرمائے گا، پھر وہ (کسی) نماز میں مسلمانوں کی امامت فرمائیں گے، اور (نماز پڑھاتے ہوئے) رکوع سے سَر اُٹھا کر ''سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ '' کے بعد (بطور دعاء) فرمائیں گے ''اللہ دجال کو قتل، اور مؤمنین کو غالب فرمادے'' (صحیح ابنِ حبان)

مذکورہ حدیث میں دجال کو مسیح الضلالۃ فرمایا گیا ہے، کیونکہ عیسیٰ علیہ السلام کا نام بھی مسیح ہے، اُن سے ممتاز کرنے کے لیے دجال کو مسیح الضلالۃ فرمایا، یعنی گمراہ مسیح، اور دجال کو مسیح کہنے کی ایک وجہ یہ ہے کہ وہ ممسوح العین ہوگا، یعنی اس کی ایک آنکھ بے نور اور پونچھ کر صاف سپاٹ کی ہوئی جیسی ہوگی۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام دجال کے لیے بطور بد دُعاء فرمائیں گے، کہ ''اللہ دجال کو قتل کرے، اور مؤمنین کو غالب کرے'' پھر دجال کو اپنے حربہ سے قتل کریں گے، جس کا دوسری احادیث میں ذکر ہے۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی گیارہویں حدیث

اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو پیدائش کے وقت سے ہی شیطان سے محفوظ رکھا ہے، اس لئے شیطان کا عظیم پیروکار ''دجالِ اکبر'' ان کے خلاف اپنے دجل وفریب میں کامیاب نہیں ہوسکے گا، اور ان کے ہاتھوں ذلت ناک قتل سے دوچار ہوگا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ بَنِيْ آدَمَ يَطْعُنُ الشَّيْطَانُ فِيْ جَنْبَيْهِ بِإِصْبَعِهِ حِيْنَ يُوْلَدُ، غَيْرَ عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ، ذَهَبَ يَطْعُنُ فَطَعَنَ

فِی الْحِجَابِ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۳۲۸۶، کتاب بدء الخلق، باب صفة إبلیس وجنوده)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو بھی بچہ پیدا ہوتا ہے (پیدائش کے وقت) شیطان اس کے پہلوؤں میں اپنی انگلی چبھوتا ہے، سوائے حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کے کہ (جب) شیطان ان کو انگلی چبھونے لگا (تو منجانب اللہ شیطان اور ان کے درمیان پردہ حائل ہوگیا) پس شیطان نے انگلی پردے میں چبھودی (بخاری)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: مَا مِنْ بَنِيْ آدَمَ مَوْلُوْدٌ إِلَّا يَمَسُّهُ الشَّيْطَانُ حِيْنَ يُوْلَدُ، فَيَسْتَهِلُّ صَارِخًا مِنْ مَسِّ الشَّيْطَانِ، غَيْرَ مَرْيَمَ وَابْنِهَا ثُمَّ يَقُوْلُ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: "وَإِنِّيْ أُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ" (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۳۴۳۱، کتاب احادیث الانبیاء، باب قول الله تعالى: واذكر فى الكتاب مريم إذ انتبذت من أهلها مكانا شرقيا)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جو بھی بچہ پیدا ہوتا ہے، شیطان اس کو (انگلی سے) چُوکا لگاتا ہے، جس سے بچہ رونے چلانے لگتا ہے (پیدائش کے فوراً بعد بچے کا رونا گویا شیطان کے اس چوکے کی وجہ سے ہوتا ہے) سوائے مریم اور ان کے بیٹے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے، پھر حضرت ابو ہریرہ نے (قرآن مجید سے اس حدیث کی تائید کی طرف اشارہ کرتے ہوئے) فرمایا کہ (اگر چاہو، تو یہ آیت پڑھو، جس کا مطلب ہے کہ حضرت مریم کے پیدا ہونے پر حضرت مریم کی والدہ زوجہ عمران نے ان کے حق میں اللہ سے

یوں دعاء کی کہ) میں اس (مریم) کو اور اس کی اولاد کو شیطان مردود سے تیری (یعنی اللہ کی) پناہ میں دیتی ہوں (بخاری)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی بارہویں حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِي وَضَعْتُ قَدَمَيَّ حَيْثُ تُوضَعُ أَقْدَامُ الْأَنْبِيَاءِ مِنْ بَيْتِ الْمَقْدِسِ، فَعُرِضَ عَلَيَّ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ. قَالَ: فَإِذَا أَقْرَبُ النَّاسِ بِهِ شَبَهًا عُرْوَةُ بْنُ مَسْعُودٍ، وَعُرِضَ عَلَيَّ مُوسَى، فَإِذَا رَجُلٌ ضَرْبٌ مِنَ الرِّجَالِ، كَأَنَّهُ مِنْ رِجَالِ شَنُوءَةَ، وَعُرِضَ عَلَيَّ إِبْرَاهِيمُ. قَالَ: فَإِذَا أَقْرَبُ النَّاسِ شَبَهًا بِصَاحِبِكُمْ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ١٠٨٣٠) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس (معراج کی) رات مجھے سیر کرائی گئی، میں نے اپنے قدم بیت المقدس میں اس جگہ رکھے، جہاں انبیائے کرام کے قدم رکھے جاتے تھے، پھر میرے اوپر عیسیٰ بن مریم کو پیش کیا گیا، میں نے اچانک دیکھا کہ وہ شکل وشباہت کے اعتبار سے سب سے زیادہ قریب عروہ بن مسعود کے ہیں، اور میرے اوپر موسیٰ علیہ السلام کو پیش کیا گیا، وہ گویا کہ ''شنوءۃ'' (یمن کے مخصوص) لوگوں میں سے ہیں، اور میرے اوپر ابراہیم علیہ السلام کو پیش کیا گیا، جو لوگوں میں تمہارے ساتھی (یعنی میرے) مشابہ تھے (مسند احمد)

ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح، وهذا إسناد حسن (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

رَأَيْتُ عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ، وَمُوسٰى، وَإِبْرَاهِيمَ، فَأَمَّا عِيسٰى، فَأَحْمَرُ جَعْدٌ عَرِيضُ الصَّدْرِ، وَأَمَّا مُوسٰى فَآدَمُ جَسِيمٌ قَالُوا لَهُ: فَإِبْرَاهِيمُ ؟ قَالَ انْظُرُوا إِلٰى صَاحِبِكُمْ يَعْنِي نَفْسَهُ (مسند احمد،رقم الحديث ٢٦٩٧، مسند عبدالله بن العباس) [1]

ترجمہ: میں نے حضرت عیسیٰ بن مریم، حضرت موسیٰ، اور حضرت ابراہیم علیہم السلام کو دیکھا، حضرت عیسیٰ علیہ السلام تو سرخ رنگت والے، گھنگریالے بالوں اور کشادہ سینے والے تھے، اور حضرت موسیٰ علیہ السلام سانولے (ہلکے گورے) اور خوب جسامت والے تھے، صحابۂ کرام نے پوچھا کہ پھر حضرت ابراہیم؟ (یعنی وہ کیسے تھے؟) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنے اس صاحب کو (یعنی مجھے) دیکھ لو (وہ میرے مشابہ تھے) (مسند احمد)

ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أُسْرِيَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلٰى بَيْتِ الْمَقْدِسِ، ثُمَّ جَاءَ مِنْ لَيْلَتِهِ، فَحَدَّثَهُمْ بِمَسِيرِهِ، وَبِعَلَامَةِ بَيْتِ الْمَقْدِسِ، وَبِعِيرِهِمْ، فَقَالَ نَاسٌ، قَالَ حَسَنٌ: نَحْنُ نُصَدِّقُ مُحَمَّدًا بِمَا يَقُولُ؟ فَارْتَدُّوا كُفَّارًا، فَضَرَبَ اللّٰهُ أَعْنَاقَهُمْ مَعَ أَبِي جَهْلٍ، وَقَالَ أَبُو جَهْلٍ: يُخَوِّفُنَا مُحَمَّدٌ بِشَجَرَةِ الزَّقُّومِ ، هَاتُوا تَمْرًا وَزُبْدًا، فَتَزَقَّمُوا.

وَرَأَى الدَّجَّالَ فِي صُورَتِهِ رُؤْيَا عَيْنٍ، لَيْسَ رُؤْيَا مَنَامٍ، وَعِيسٰى، وَمُوسٰى، وَإِبْرَاهِيمَ، صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ، فَسُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غيرَ عثمان بن المغيرة، فمن رجال البخاري (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدَّجَّالِ؟ فَقَالَ:أَقْمَرُ هِجَانًا،قَالَ حَسَنٌ:قَالَ:رَأَيْتُهُ فَيْلَمَانِيًّا أَقْمَرَ هِجَانًا ،إِحْدٰى عَيْنَيْهِ قَائِمَةٌ، كَأَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ، كَأَنَّ شَعْرَ رَأْسِهِ أَغْصَانُ شَجَرَةٍ.

وَرَأَيْتُ عِيسٰى شَابًّا أَبْيَضَ، جَعْدَ الرَّأْسِ، حَدِيْدَ الْبَصَرِ، مُبَطَّنَ الْخَلْقِ، وَرَأَيْتُ مُوسٰى أَسْحَمَ آدَمَ، كَثِيرَ الشَّعْرِ،قَالَ حَسَنٌ: الشَّعَرَةِ، شَدِيْدَ الْخَلْقِ، وَنَظَرْتُ إِلٰى إِبْرَاهِيمَ، فَلَا أَنْظُرُ إِلٰى إِرْبٍ مِنْ آرَابِهِ، إِلَّا نَظَرْتُ إِلَيْهِ مِنِّي، كَأَنَّهُ صَاحِبُكُمْ، فَقَالَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ: سَلِّمْ عَلٰى مَالِكٍ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ٣٥٤٦) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو (شبِ معراج میں) بیت المقدس کی سیر کرائی گئی، پھر آپ اسی رات واپس تشریف لے آئے، پھر آپ نے لوگوں کو اپنے جانے کے متعلق اور بیت المقدس کی علامات اور ان کے ایک قافلے کے متعلق بتایا، کچھ لوگ یہ کہنے لگے کہ کیا محمد کی اس بات کی ہم تصدیق کر سکتے ہیں؟ یہ کہہ کر وہ دوبارہ کفر کی طرف لوٹ گئے، پھر اللہ نے ابوجہل کے ساتھ ان کی گردنیں بھی ماردیں، ایک مرتبہ ابوجہل نے کہا تھا کہ محمد ہمیں زقوم کے درخت سے ڈراتے ہیں، تم میرے پاس کھجور اور جھاگ لے کر آؤ، پھر تم زقوم بناؤ (اور اسے کھاؤ) اور (اسی شبِ معراج میں) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کو اس کی اصل صورت میں جاگتی ہوئی آنکھوں سے دیکھا، خواب میں نہیں دیکھا، اور عیسیٰ اور موسیٰ اور ابراہیم صلوات اللہ علیہم کو بھی، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے دجال کے بارے میں سوال کیا گیا، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ بڑے ڈیل ڈول کا اور سبزی مائل سفید

[1] قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح كسابقه(حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

رنگ والا شخص ہے، اس کی ایک آنکھ موجود ہے، اور وہ آنکھ ایسی محسوس ہوتی ہے کہ گویا کہ وہ کوئی چمکتا ہوا موتی ہے، اور اس کے سر کے بال درخت کی ٹہنیوں کی طرح کے ہیں، اور میں نے عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھا، تو وہ سفید (یعنی گورے چٹے) رنگ کے جوان تھے، ان کے سر کے بال گھنگھریالے تھے، نگاہیں تیز تھیں، پیدائشی طور پر پیٹ پتلا تھا، اور میں نے موسیٰ علیہ السلام کو دیکھا، تو وہ انتہائی گندمی رنگ اور گھنے بالوں والے تھے، اور پیدائشی طور پر بڑے مضبوط تھے، اور میں نے ابراہیم علیہ السلام کو بھی دیکھا، ان کے جسم کا کوئی عضو ایسا نہ تھا، جو میں نے نہ دیکھا ہو، اور وہ گویا کہ تمہارے ساتھی (یعنی میری) طرح کے ہیں، پھر جبریل علیہ السلام نے فرمایا کہ آپ ''مالک'' کو سلام کیجیے، میں نے ان کو سلام کیا (مسند احمد)

ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

اور حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی ایک لمبی حدیث میں ہے کہ:

وَرَأَى الدَّجَّالَ فِي صُورَتِهِ رُؤْيَا عَيْنٍ لَيْسَ رُؤْيَا مَنَامٍ وَعِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ وَإِبْرَاهِيمَ، قَالَ فَسُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدَّجَّالِ، فَقَالَ رَأَيْتُهُ فَيْلَمَانِيًّا أَقْمَرَ هِجَانًا، إِحْدٰى عَيْنَيْهِ قَائِمَةٌ كَأَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ، كَأَنَّ شَعْرَهُ أَغْصَانُ شَجَرَةٍ، وَرَأَيْتُ عِيسٰى: شَابًّا أَبْيَضَ جَعْدَ الرَّأْسِ حَدِيدَ الْبَصَرِ مُبَطَّنَ الْخَلْقِ، وَرَأَيْتُ مُوسٰى: أَسْحَمَ، آدَمَ: كَثِيرَ الشَّعْرِ، شَدِيدَ الْخَلْقِ، وَرَأَيْتُ إِبْرَاهِيمَ (مسند أبی یعلیٰ، رقم الحدیث ۲۷۲۰، ج۵ ص۱۰۸، اول مسند ابن عباس) [1]

ترجمہ: اور دجال کو اس کی صورت میں دیکھا، جاگتی ہوئی آنکھوں سے، نہ کہ سوتی

---

[1] قال حسین سلیم أسد الدارانی: إسناده صحیح (حاشیة مسند ابی یعلیٰ)
وقال الالبانی: قلت: فالإسناد حسن (الإسراء والمعراج للالبانی، ص۷۷، حدیث عبد الله بن عباس)

ہوئی آنکھوں سے، اور عیسیٰ بن مریم اور ابراہیم علیہما السلام کو بھی، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے دجال کے بارے میں پوچھا گیا، تو آپ نے فرمایا کہ میں نے اُسے بڑے قدّ وقامت میں سبزی مائل، سفید رنگ میں دیکھا، اس کی دونوں آنکھوں میں سے ایک آنکھ سپاٹ تھی، گویا کہ وہ سفید موتی ہے، اور گویا کہ اس کے بال درخت کی ٹہنیوں کی طرح ہیں، اور میں نے حضرت عیسیٰ کو جوان اور گورا دیکھا، بال گھنگریالے تھے، آنکھ سُرمگیں تھیں، پتلے تھے، اور میں نے موسیٰ کو دیکھا گندمی رنگ، اور زیادہ بالوں، اور مضبوط جسم والے تھے، اور میں نے حضرت ابراہیم کو بھی دیکھا (ابویعلیٰ)

مذکورہ احادیث وروایات سے دجال گمراہ، اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا حلیہ معلوم ہوگیا۔

ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَقِيْتُ لَيْلَةَ أُسْرِىَ بِىْ إِبْرَاهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسٰى، قَالَ: فَتَذَاكَرُوْا أَمْرَ السَّاعَةِ فَرَدُّوْا أَمْرَهُمْ إِلٰى إِبْرَاهِيْمَ، فَقَالَ: لَا عِلْمَ لِىْ بِهَا، فَرَدُّوْا الْأَمْرَ إِلٰى مُوْسٰى، فَقَالَ: لَا عِلْمَ لِىْ بِهَا، فَرَدُّوا الْأَمْرَ إِلٰى عِيْسٰى، فَقَالَ: أَمَّا وَجْبَتُهَا فَلَا يَعْلَمُهَا أَحَدٌ إِلَّا اللّٰهُ، ذٰلِكَ وَفِيْمَا عَهِدَ إِلَيَّ رَبِّىْ عَزَّ وَجَلَّ، أَنَّ الدَّجَّالَ خَارِجٌ، قَالَ: وَمَعِىْ قَضِيْبَانِ، فَإِذَا رَآنِىْ ذَابَ كَمَا يَذُوْبُ الرَّصَاصُ، قَالَ: فَيُهْلِكُهُ اللّٰهُ حَتّٰى إِنَّ الْحَجَرَ وَالشَّجَرَ لَيَقُوْلُ يَا مُسْلِمُ إِنَّ تَحْتِىْ كَافِرًا فَتَعَالَ فَاقْتُلْهُ، قَالَ: فَيُهْلِكُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ يَرْجِعُ النَّاسُ إِلٰى بِلَادِهِمْ وَأَوْطَانِهِمْ، قَالَ: فَعِنْدَ ذٰلِكَ يَخْرُجُ يَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ، وَهُمْ مِنْ كُلِّ حَدَبٍ يَنْسِلُوْنَ فَيَطَئُوْنَ بِلَادَهُمْ، لَا يَأْتُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ إِلَّا أَهْلَكُوْهُ،

وَلَا يَمُرُّوْنَ عَلٰى مَاءٍ إِلَّا شَرِبُوْهُ ،ثُمَّ يَرْجِعُ النَّاسُ إِلَيَّ فَيَشْكُوْنَهُمْ، فَأَدْعُو اللّٰهَ عَلَيْهِمْ ،فَيُهْلِكُهُمُ اللّٰهُ وَيُمِيْتُهُمْ، حَتّٰى تَجْوَى الْأَرْضُ مِنْ نَتْنِ رِيْحِهِمْ ،قَالَ: فَيُنْزِلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ الْمَطَرَ ،فَتَجْرُفُ أَجْسَادَهُمْ ، حَتّٰى يَقْذِفَهُمْ فِي الْبَحْرِ، قَالَ: أَبِيْ ذَهَبَ عَلَيَّ هَاهُنَا شَيْءٌ لَمْ أَفْهَمْهُ كَأَدِيْمٍ، وَقَالَ يَزِيْدُ يَعْنِي ابْنَ هَارُوْنَ :ثُمَّ تُنْسَفُ الْجِبَالُ وَتُمَدُّ الْأَرْضُ مَدَّ الْأَدِيْمِ ،ثُمَّ رَجَعَ إِلٰى حَدِيْثِ هُشَيْمٍ، قَالَ: فَفِيْمَا عَهِدَ إِلَيَّ رَبِّيْ عَزَّ وَجَلَّ أَنَّ ذٰلِكَ إِذَا كَانَ كَذٰلِكَ ،فَإِنَّ السَّاعَةَ كَالْحَامِلِ الْمُتِمِّ الَّتِيْ لَا يَدْرِيْ أَهْلُهَا، مَتٰى تَفْجَؤُهُمْ بِوِلَادَتِهَا لَيْلًا أَوْ نَهَارًا

(مسند احمد، رقم الحدیث ۳۵۵۶)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے اپنی سیر کرائی گئی (یعنی معراج کی)رات میں ابراہیم، موسیٰ اور عیسیٰ (علیہم السلام) سے ملاقات کی ،تو وہ قیامت کے بارے میں باتیں کررہے تھے، پس انہوں نے اس معاملہ میں ابراہیم (علیہ السلام) سے رجوع کیا (کہ وہ قیامت کے بارے میں کچھ بتائیں) انہوں نے فرمایا کہ مجھے اس کا علم نہیں، پھر موسیٰ (علیہ السلام) کی طرف رجوع کیا، تو انہوں نے (بھی) فرمایا کہ مجھے اس کا علم نہیں، پھر عیسیٰ (علیہ السلام) کی طرف رجوع کیا، تو انہوں نے فرمایا کہ جہاں تک قیامت کے قائم ہونے کا معاملہ ہے، تو اس کا علم سوائے اللہ کے کسی کو نہیں، البتہ جو عہد میرے رب عزوجل نے مجھ سے کیا ہے، اس میں یہ ہے کہ دجال نکلے گا، اور میرے پاس دو باریک سی نرم تلواریں ہوں گی، پس وہ مجھے دیکھتے ہی رانگ (یا سیسہ) کی طرح پگھلنے لگے گا، پس اللہ اس کو ہلاک کرے گا، یہاں تک کہ پتھر اور درخت بھی کہیں گے کہ اے مسلمان! میری آڑ میں ایک کافر (دجال کا پیروکار چھپا ہوا) ہے، آ کر اُسے قتل کردے، چنانچہ اللہ اُن سب (کافروں) کو ہلاک فرمادے گا، پھر لوگ اپنے اپنے شہروں

اور وطنوں کو واپس ہوجائیں گے، تو اُس وقت یاجوج ماجوج نکلیں گے، جو (تیز رفتاری کے ساتھ) ہر بلندی سے پھسلتے ہوئے معلوم ہوں گے، وہ شہروں کو روند ڈالیں گے، جس چیز پر اُن کا گزر ہوگا، اس کا خاتمہ کردیں گے، جس پانی (نہر، چشمہ، کنویں، یا دریا وغیرہ) سے گزریں گے، اُسے پی کر ختم کردیں گے، پھر لوگ میرے پاس آ کر اُن کی شکایت کریں گے، میں اللہ سے ان کے بارے میں بددعاء کروں گا، پس اللہ ان کو ہلاک کردے گا، اور مار ڈالے گا، حتیٰ کہ زمین ان کی بدبو سے متعفن ہوجائے گی، پھر اللہ عزوجل بارش برسائے گا، پھر وہ ان کی لاشیں بہا کر سمندر میں ڈال دے گی، راوی کہتے ہیں کہ آگے اس حدیث کا کچھ حصہ میری سمجھ میں نہیں آیا، اور ایک دوسرے راوی یزید بن ہارون کہتے ہیں کہ آگے یہ فرمایا کہ پھر پہاڑ (روئی کی طرح) دُھن دیئے (اور ریزہ ریزہ کریئے) جائیں گے، اور زمین چمڑے کی طرح پھیلا (کر سیدھی کر) دی جائے گی، ہشیم راوی کہتے ہیں کہ پھر عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ پس جن امور کا عہد میرے رب نے مجھ سے کیا ہے، اُن میں یہ بھی ہے کہ جب ایسا ہوچکے تو قیامت کا حال پورے دنوں کی اُس گابھن (حاملہ) جانور (اونٹنی) کی طرح ہوگا، جو بس بچہ جننا ہی چاہتی ہے، جس کے مالک نہیں جانتے کہ وہ دن، یا رات میں کب اچانک بچہ دے دے گی (مسند احمد)

بعض حضرات نے مذکورہ حدیث کی سند میں ''مؤثر بن عفازۃ'' راوی کے پائے جانے کی وجہ سے اس کو ''ضعیف'' قرار دیا ہے، اور کہا ہے کہ ان کو ابنِ حبان اور عجلی کے علاوہ کسی دوسرے محدث نے ''ثقہ ومعتبر'' قرار نہیں دیا، اور ان کا شمار ''مجہول ونامعلوم'' راویوں میں ہوتا ہے۔ [1]

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسناده ضعيف، مؤثر بن عَفَازَة لم يوثقه غير ابن حبان والعجلی، فهو فی عداد المجاهيل، وباقی رجاله ثقات رجال الشيخين .هشيم: هو ابن بشير، والعوام: هو ابن حوشب(حاشية مسند احمد،تحت رقم الحديث ٣٥٥٦)

لیکن اس طرح کا مضمون حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے موقوفاً بھی مروی ہے، اور اس کی سند کو بعض حضرات نے ''حسن، یا صحیح'' قرار دیا ہے۔

چنانچہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

لَمَّا أُسْرِیَ لَیْلَةَ أُسْرِیَ بِالنَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَقِیَ إِبْرَاهِیمَ، وَمُوْسٰی، وَعِیْسٰی فَتَذَاكَرُوا السَّاعَةَ فَبَدَءُوا بِإِبْرَاهِیمَ فَسَأَلُوْهُ عَنْهَا، فَلَمْ یَكُنْ عِنْدَهٗ مِنْهَا عِلْمٌ، ثُمَّ مُوْسٰی، فَلَمْ یَكُنْ عِنْدَهٗ مِنْهَا عِلْمٌ، فَتَرَاجَعُوا الْحَدِیْثَ إِلٰی عِیْسٰی، فَقَالَ عِیْسٰی: عَهِدَ اللّٰهُ إِلَیَّ فِیْمَا دُوْنَ وَجْبَتِهَا فَلَا نَعْلَمُهَا، قَالَ: فَذَكَرَ مِنْ خُرُوجِ الدَّجَّالِ، فَأَهْبِطُ فَاقْتُلُهٗ، وَیَرْجِعُ النَّاسُ إِلٰی بِلَادِهِمْ ،فَیَسْتَقْبِلُهُمْ یَأْجُوْجُ وَمَأْجُوْجُ ، وَهُمْ مِنْ كُلِّ حَدَبٍ یَّنْسِلُوْنَ، فَلَا یَمُرُّوْنَ بِمَاءٍ إِلَّا شَرِبُوْهُ وَلَا یَمُرُّوْنَ بِشَیْءٍ إِلَّا أَفْسَدُوْهُ ،فَیَجْأَرُوْنَ إِلَی اللّٰهِ فَیَدْعُوْنَ اللّٰهَ فَیُمِیْتُهُمْ فَتَجْأَرُ الْأَرْضُ إِلَی اللّٰهِ مِنْ رِیْحِهِمْ ،وَیَجْأَرُوْنَ إِلَیَّ، فَأَدْعُوا اللّٰهَ فَیُرْسِلُ السَّمَاءَ بِالْمَاءِ فَیَحْمِلُ أَجْسَامَهُمْ فَیَقْذِفُهَا فِی الْبَحْرِ، ثُمَّ یَنْسِفُ الْجِبَالَ، وَتُمَدُّ الْأَرْضُ مَدَّ الْأَدِیْمِ فَعَهِدَ اللّٰهُ إِلَیَّ إِذَا كَانَ ذٰلِكَ، فَإِنَّ السَّاعَةَ مِنَ النَّاسِ كَالْحَامِلِ الْمُتِمِّ لَا یَدْرِیْ أَهْلُهَا، مَتٰی تَفْجَأُهُمْ بِوِلَادَتِهَا لَیْلًا أَوْ نَهَارًا (مستدرک حاکم، رقم الحدیث ۳۴۴۸، ج۲ص ۴۱۶، کتاب التفسیر، تفسیر سورة الأنبیاء، و رقم الحدیث ۸۵۰۲، کتاب الفتن و الملاحم)

ترجمہ: جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو (معراج کی رات میں) سیر کرائی گئی، تو آپ کی حضرت ابراہیم اور حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ علیہم السلام سے ملاقات ہوئی، جو قیامت (کی آمد) کے متعلق گفتگو فرمارہے تھے، انہوں نے پہلے اس کے

بارے میں حضرت ابراہیم علیہ السلام سے پوچھا، تو انہوں نے فرمایا کہ مجھے اس کے بارے میں علم نہیں، پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام سے پوچھا، تو انہوں نے بھی لاعلمی کا اظہار فرمایا، پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے پوچھا، تو انہوں نے فرمایا کہ جہاں تک قیامت کے قائم ہونے کا معاملہ ہے، تو اس کا حتمی علم سوائے اللہ کے کسی کو نہیں، البتہ جو عہد میرے اللہ نے مجھ سے کیا ہے، اس میں یہ ہے کہ دجال نکلے گا، اور میں اتر کر اسے قتل کروں گا، اور لوگ اپنے شہروں کی طرف جائیں گے، تو ان کو یاجوج ماجوج ملیں گے، اور وہ ہر اونچائی سے نیچے اتریں گے، تو وہ جس پانی کے قریب سے بھی گزریں گے، اسے پی لیں گے، اور جس چیز کے پاس سے بھی گزریں گے، اسے خراب کردیں گے۔

پھر لوگ اللہ کی طرف متوجہ ہوں گے، اور اللہ سے دعاء کریں گے، تو اللہ انہیں (یعنی یاجوج ماجوج کو) ہلاک کردے گا، پھر اللہ سے، زمین ان (مرے، سڑے ہوئے یاجوج ماجوج کے جسموں ولاشوں) کی بدبو سے پناہ چاہے گی، اور لوگ میری طرف متوجہ ہوں گے، تو میں اللہ سے دعاء کروں گا، پھر اللہ آسمان سے بارش نازل فرمائے گا، اور اللہ ان کے جسموں کو بہا کر سمندر میں ڈال دے گا، پھر اللہ پہاڑوں کو اکھاڑے گا، اور زمین کو چمڑے کی طرح پھیلا دیا جائے گا، پس اللہ نے مجھ سے عہد فرمایا ہے کہ جب یہ واقعات ہوں گے، تو قیامت لوگوں کے قریب اس طرح ہوجائے گی، جیسے کہ پورے دنوں کی گابھن (حاملہ) اونٹنی کی حالت ہوتی ہے، کہ اس کے گھر والوں کو معلوم نہیں کہ کس وقت رات، یا دن میں اچانک اس کا بچہ پیدا ہوجائے (حاکم)

امام حاکم نے اس حدیث کو نقل کرنے کے بعد فرمایا کہ ''یہ حدیث سند کے اعتبار سے صحیح ہے، اور ''مؤثر بن عفازہ'' مجہول نہیں ہیں''

اورعلامہ ذہبی نے بھی اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔ [1]

اور بھی بعض حضرات نے مذکورہ حدیث کو سند کے اعتبار سے ”حسن، یا صحیح“ قرار دیا ہے۔ [2]

---

[1] قال الحاكم تحت رقم الحديث ٣٤٤٨:

هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه فأما مؤثر فليس بمجهول "قد روى عن عبد الله بن مسعود والبراء بن عازب وروى عنه جماعة من التابعين.

وقال الذهبى فى التلخيص: صحيح (مستدرک حاكم، رقم الحديث ٣٤٤٨، ج٢ص ٤١٦، كتاب التفسير، تفسير سورة الأنبياء)

وقال الحاكم تحت رقم الحديث ٨٥٠٢:

هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه .

وقال الذهبى فى التلخيص: صحيح (مستدرک حاكم، رقم الحديث ٨٥٠٢، كتاب الفتن والملاحم)

[2] حدثنا أبو خيثمة، حدثنا يزيد بن هارون، أخبرنى العوام بن حوشب، حدثنى جبلة بن سحيم، عن مؤثر بن غفارة، عن عبد الله قال: " لما كان ليلة أسرى بالنبى صلى الله عليه وسلم، لقى إبراهيم، وموسى، وعيسى صلوات الله عليهم فتذاكروا الساعة، متى هى؟ فبدئوا بإبراهيم، فسألوه عنها فلم يكن عنده منها علم، فسألوا موسى، فلم يكن عنده منها علم، فردوا الحديث إلى عيسى فقال: عهد الله إلى فيما دون وجبتها، فأما وجبتها فلا يعلمها إلا الله، فذكر من خروج الدجال فأهبط فأقتله، فيرجع الناس إلى بلادهم، فيستقبلهم يأجوج ومأجوج، وهم من كل حدب ينسلون، لا يمرون بماء إلا شربوه ولا بشىء إلا أفسدوه، فيجأرون إلى فأدعوا الله فيميتهم، فتجوى الأرض من ريحهم فأدعوا الله أن يرسل السماء فتحمل أجسامهم فتلقيها فى البحر، ثم تنسف الجبال، وتمد الأرض مد الأديم، فعهد الله تبارک وتعالى إلى أنه إذا كان ذلک أن الساعة من الناس كالحامل المتم، لا يدرى أهلها متى تفجؤهم بولادها ليلا أو نهارا "، قال العوام: فوجدت تصديق ذلک فى كتاب الله ثم قرأ: "حتى إذا فتحت يأجوج ومأجوج" (مسند أبى يعلٰى ، رقم الحديث ٥٢٩٤، مسند عبدالله بن مسعود)

قال حسين سليم أسد الدارانى: إسناده حسن (حاشية مسند ابى يعلٰى)

وقال ابو العباس شهاب الدين البوصيرى الكنانى:

هذا إسناد صحيح رجاله ثقات مؤثر بن عفازة ذكره ابن حبان فى الثقات وباقى رجال الإسناد ثقات رواه أبو بكر بن أبى شيبة عن يزيد بن هارون بإسناده ومتنه ورواه أبو يعلى الموصلى ثنا أبو خيثمة ثنا يزيد بن هارون فذكره نحوه ورواه الحاكم فى المستدرک عن أبى العباس أحمد بن محمد المحبوبى عن سعيد بن مسعود عن يزيد بن هارون به وقال هذا حديث صحيح الإسناد (مصباح الزجاجة فى زوائد ابن ماجه، ج٤ص ٢٠٢، كتاب الفتن، باب فتنة الدجال وخروج عيسى ابن مريم وخروج يأجوج ومأجوج)

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

www.idaraghufran.org

ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

ذَكَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا بَيْنَ ظَهْرَىِ النَّاسِ الْمَسِيحَ الدَّجَّالَ، فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِأَعْوَرَ ،أَلَا إِنَّ الْمَسِيحَ الدَّجَّالَ أَعْوَرُ الْعَيْنِ الْيُمْنٰى ،كَأَنَّ عَيْنَهُ عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ ،وَأَرَانِي اللَّيْلَةَ عِنْدَ الْكَعْبَةِ فِي الْمَنَامِ ،فَإِذَا رَجُلٌ آدَمُ كَأَحْسَنِ مَا يُرَى مِنْ أُدْمِ الرِّجَالِ، تَضْرِبُ لِمَّتُهُ بَيْنَ مَنْكِبَيْهِ، رَجِلُ الشَّعَرِ يَقْطُرُ رَأْسُهُ مَاءً، وَاضِعًا يَدَيْهِ عَلَى مَنْكِبَيْ رَجُلَيْنِ، وَهُوَ يَطُوفُ بِالْبَيْتِ ،فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا ،فَقَالُوا :هٰذَا الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ ،ثُمَّ رَأَيْتُ رَجُلًا وَرَاءَهُ جَعْدًا قَطِطًا أَعْوَرَ الْعَيْنِ الْيُمْنٰى ،كَأَشْبَهِ مَنْ رَأَيْتُ بِابْنِ قَطَنٍ ،وَاضِعًا يَدَيْهِ عَلَى مَنْكِبَيْ رَجُلٍ، يَطُوفُ بِالْبَيْتِ ،فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا قَالُوا الْمَسِيحُ الدَّجَّالُ(صحيح البخاری، رقم الحديث ۳۴۳۹، كتاب احاديث الانبياء، باب''واذكر فى الكتاب مريم إذ انتبذت من أهلها'')

ترجمہ: ایک دن نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کے سامنے مسیح دجال کا تذکرہ

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

وقال ابوحذيفة نبيل بن منصور البصارة الكويتى:

عن ابن مسعود عن النبى صلى الله عليه وسلم قال: لقيت ليلة أسرى بى إبراهيم وموسى وعيسى، قال: فتذاكروا الساعة، وذكر الحديث.

قال الحاكم: صحيح الإسناد"

وقال البوصيرى: هذا إسناد صحيح رجاله ثقات، مؤثر بن عفازة ذكره ابن حبان فى "الثقات"، وباقى رجال الإسناد ثقات "المصباح 202 /4

قلت: مؤثر ذكره العجلى أيضاً فى "الثقات "وقال: من أصحاب عبد الله، ثقة(انيس السارى تخريج احاديث فتح البارى، ج٦ص ۴۳۹۸، تحت رقم الحديث ۳۱۲۰، حرف اللام)

www.idaraghufran.org

کرتے ہوئے فرمایا کہ بلاشبہ ''اللہ'' کانا نہیں ہے، خبردار رہو! مسیح دجال دائیں آنکھ سے کانا ہوگا، گویا کہ اس کی آنکھ انگور کا پھولا ہوا دانہ ہوگی۔

اور آج رات مجھے خواب میں خانہ کعبہ کے پاس دکھایا گیا، کیا دیکھتا ہوں کہ ایک گندمی رنگ کا آدمی، اس آدمی کے مشابہہ جو مَردوں میں سب سے زیادہ خوبصورت گندمی رنگ والا ہوسکتا ہے، ان کے بال دونوں کندھے کے درمیان تک لٹکے ہوئے ہیں، ہلکے گھونگھریالے بال ہیں اور ان کے سَر سے پانی ٹپک رہا ہے، انہوں نے اپنے ہاتھ دو آدمیوں کے کندھوں پر رکھے ہوئے ہیں، اور وہ بیت اللہ کا طواف کر رہے ہیں، میں نے پوچھا کہ یہ کون شخص ہیں؟ لوگوں نے بتایا کہ یہ مسیح ابنِ مریم ہیں، پھر میں نے ایک اور شخص کو دیکھا جو اُن کے پیچھے پیچھے تھا، انتہائی گھونگھریالے بال، دائیں آنکھ سے کانا، میرے مشاہدے کے مطابق اس کے سب سے زیادہ مشابہہ (عرب کا مشہور شخص) ابن قطن ہے، اس نے اپنے ہاتھ ایک آدمی کے کندھوں پر رکھے ہوئے تھے، اور بیت اللہ کا طواف کر رہا تھا، میں نے پوچھا کہ یہ کون ہے؟ لوگوں نے بتایا کہ یہ مسیح دجال ہے (بخاری)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا اچھی شکل میں بیت اللہ کا طواف کرنا اللہ تعالیٰ کے دین کی مدد، اور اس میں پیدا شدہ بگاڑ کی اصلاح کو ظاہر کرتا ہے، اور دجال کا مکروہ، اور ناپسندیدہ صورت میں بیت اللہ کا طواف کرنا، اُس کا اللہ تعالیٰ کے دین میں کجی، اور فساد تلاش کرنے کو ظاہر کرتا ہے۔

عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ،وَأَنَا أَبْكِي ،فَقَالَ لِيْ : مَا يُبْكِيكِ ،قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ !ذَكَرْتُ الدَّجَّالَ فَبَكَيْتُ، فَقَالَ

رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ يَخْرُجِ الدَّجَّالُ وَأَنَا حَيٌّ كَفَيْتُكُمُوهُ، وَإِنْ يَخْرُجِ الدَّجَّالُ بَعْدِي ،فَإِنَّ رَبَّكُمْ عَزَّ وَجَلَّ لَيْسَ بِأَعْوَرَ ،وَإِنَّهُ يَخْرُجُ فِي يَهُودِيَّةِ أَصْبَهَانَ ،حَتّٰى يَأْتِيَ الْمَدِينَةَ، فَيَنْزِلَ نَاحِيَتَهَا ،وَلَهَا يَوْمَئِذٍ سَبْعَةُ أَبْوَابٍ عَلٰى كُلِّ نَقْبٍ مِنْهَا مَلَكَانِ ، فَيَخْرُجَ إِلَيْهِ شِرَارُ أَهْلِهَا حَتَّى الشَّامِ مَدِينَةٍ بِفِلَسْطِينَ بِبَابِ لُدٍّ ،وَقَالَ أَبُو دَاوُدَ مَرَّةً: حَتّٰى يَأْتِيَ فِلَسْطِينَ بَابَ لُدٍّ ،فَيَنْزِلَ عِيسَى عَلَيْهِ السَّلَام فَيَقْتُلَهُ، ثُمَّ يَمْكُثُ عِيسَى عَلَيْهِ السَّلَام فِي الْأَرْضِ أَرْبَعِينَ سَنَةً، إِمَامًا عَدْلًا وَحَكَمًا مُقْسِطًا (مسند احمد، رقم الحديث ٢٤٤٦٧؛ صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٦٨٢٢) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے، میں اس وقت رو رہی تھی، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے پوچھا کہ کس لیے رو رہی ہو؟ میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول مجھے دجّال یاد آ گیا تھا (اس کے خوف سے) رو رہی ہوں، اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر وہ اس حال میں نکلا کہ میں حیات ہوں، تو میں تمہارے لیے اس کو کافی ہوں گا، اور اگر دجّال میرے بعد نکلا، تو (تمہیں اس کے فریب سے پھر بھی خوف زدہ نہیں ہونا چاہیے، کیونکہ اس کے الوہیت کے دعوے کے جھوٹے ہونے کے لیے اتنی بات ہی کافی ہے کہ وہ کانا ہوگا، اور) تمہارا رب کانا نہیں ہے، اور بے شک وہ اصفہان کے (ایک مقام) یہودیہ میں نکلے گا، یہاں تک کہ مدینہ بھی آئے گا، اور مدینہ کے

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن(حاشية مسند احمد)

وقال الهيثمي:

رواه أحمد ورجاله رجال الصحيح غير المضرمي ابن لا حق وهو ثقة (مجمع الزوائد ومنبع الفوائد، رقم الحديث ١٢٥١٢ ،باب ما جاء في الدجال)

(باہر) ایک جانب پڑاؤ ڈالے گا، اس وقت مدینہ کے سات دروازے (یا راستے ہوں گے) جن میں سے ہر درّے پر دو فرشتے ہوں گے (جو اُسے مدینہ طیبہ میں داخل نہیں ہونے دیں گے) پھر مدینہ کے بُرے لوگ نکل کر اس کے پاس چلے جائیں گے، یہاں تک کہ پھر وہ شام میں فلسطین کے ایک شہر میں بابِ لُدّ کے مقام پر چلا جائے گا، اور ابوداؤد نے ایک مرتبہ روایت کیا کہ یہاں تک کہ (دجال) جب فلسطین میں بابِ لُد کے مقام پر آجائے گا، تو عیسیٰ علیہ السلام نازل ہو کر اُسے قتل کر ڈالیں گے، پھر عیسیٰ علیہ السلام دنیا میں امام عادل، اور حاکم منصف کی حیثیت سے چالیس سال ٹھہریں گے (مسند احمد)

اصفہان یہودیہ ایران کے ایک مشہور علاقہ کا نام ہے، بعض حضرات نے فرمایا کہ بختِ نصر کے زمانہ میں جب یہودیوں کو بیت المقدس سے نکالا گیا، تو ان کی ایک جماعت اصفہان کے علاقہ میں ایک مقام پر جا کر آباد ہوگئی، یہاں انہوں نے مکانات وغیرہ تعمیر کیے، اور یہاں ان کی نسل پھیلتی رہی، اور اس مقام کا نام ''یہودیۃ'' پڑ گیا، احادیث میں وہ مقام مراد ہے، خواہ اب اس کا نام کچھ اور ہو۔

''لُد''، فلسطین کا ایک مقام ہے، جس کی تعیین مستند احادیثِ مرفوعہ میں کی گئی ہے، یہ مقام آج کل یہودیوں کے قبضہ میں ہے، اور یہاں اسرائیل کا ائیر پورٹ بھی ہے۔

مجمع بن جاریہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت مجمع بن جاریہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ الدَّجَّالَ، فَقَالَ: يَقْتُلُهُ ابْنُ مَرْيَمَ بِبَابِ لُدٍّ (مسند احمد، رقم الحديث ١٥٤٦٦) [1]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:
حديث صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کا ذکر فرمایا، پھر فرمایا کہ اس کو (عیسیٰ) ابنِ مریم ''بابِ لُدّ'' پر قتل کرڈالیں گے (مسنداحمد)

نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت نواس بن سمعان کلابی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

ذَكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدَّجَّالَ، فَقَالَ: إِنْ يَّخْرُجْ وَأَنَا فِيْكُمْ فَأَنَا حَجِيْجُهُ دُوْنَكُمْ، وَإِنْ يَّخْرُجْ وَلَسْتُ فِيْكُمْ، فَامْرُؤٌ حَجِيْجُ نَفْسِهٖ، وَاللّٰهُ خَلِيْفَتِيْ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ، فَمَنْ أَدْرَكَهُ مِنْكُمْ، فَلْيَقْرَأْ عَلَيْهِ فَوَاتِحَ سُوْرَةِ الْكَهْفِ، فَإِنَّهَا جِوَارُكُمْ مِنْ فِتْنَتِهٖ، قُلْنَا: وَمَا لَبْثُهُ فِي الْأَرْضِ؟ قَالَ: أَرْبَعُوْنَ يَوْمًا: يَوْمٌ كَسَنَةٍ، وَيَوْمٌ كَشَهْرٍ، وَيَوْمٌ كَجُمُعَةٍ، وَسَائِرُ أَيَّامِهٖ كَأَيَّامِكُمْ.

فَقُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هٰذَا الْيَوْمُ الَّذِيْ كَسَنَةٍ، أَتَكْفِيْنَا فِيْهِ صَلَاةُ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ؟ قَالَ: لَا، اُقْدُرُوْا لَهٗ قَدْرَهٗ، ثُمَّ يَنْزِلُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ عِنْدَ الْمَنَارَةِ الْبَيْضَاءِ شَرْقِيَّ دِمَشْقَ، فَيُدْرِكُهٗ عِنْدَ بَابِ لُدٍّ، فَيَقْتُلُهٗ (سنن ابی داود، رقم الحديث ۴۳۲۱، کتاب الملاحم، باب خروج الدجال) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کا تذکرہ فرمایا، پھر فرمایا کہ اگر دجال برآمد ہوا، اور میں تمہارے درمیان موجود ہوا، تو میں تمہاری طرف سے اس کے ساتھ حجت کرنے کے لئے کافی ہوجاؤں گا، اور اگر وہ اس حال میں برآمد ہوا کہ میں تمہارے درمیان موجود نہ ہوا، تو ہر آدمی اپنے نفس کی طرف سے حجت کا ذمہ دار ہوگا، اور اللہ ہی ہر مسلم پر میرے بعد نگران ہوگا، پس تم میں سے جو شخص اس کو

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن ابی داود)

پائے، تو اسے چاہیے کہ وہ سورہ کہف کی ابتدائی آیات پڑھ لے، تو یہ عمل تم کو اس کے فتنہ سے محفوظ رکھے گا۔

ہم نے عرض کیا کہ دجال زمین میں کتنے عرصہ تک ٹھہرے گا؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ چالیس دن تک، لیکن ایک دن ایک سال کے برابر ہوگا، اور ایک دن ایک ماہ کے برابر ہوگا اور ایک دن، ہفتہ کے برابر ہوگا، اور بقیہ تمام دن تمہارے دنوں کی طرح ہوں گے۔

ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! یہ جو ایک سال کا ایک دن ہوگا، کیا اس میں ہمارے لیے ایک ہی دن رات کی نمازیں کافی ہوں گی؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں، بلکہ تم اس دن کے اعتبار سے اندازہ کر لینا (یعنی اس سے پہلے دن ورات جتنے گھنٹوں میں گذرا تھا، اس کا حساب کر کے نمازیں پڑھنا) پھر عیسیٰ بن مریم نازل ہوں گے، دمشق کے مشرقی سفید منارہ پر اور وہ اس دجال کو بابِ لد کے قریب پائیں گے، پھر وہ اس کو قتل کر دیں گے (سنن ابی داود)

نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ کی ایک اور تفصیلی حدیث

اور صحیح مسلم میں حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ سے تفصیلی حدیث میں روایت ہے کہ:

ذَكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدَّجَّالَ ذَاتَ غَدَاةٍ، فَخَفَّضَ فِيْهِ وَرَفَّعَ، حَتّٰى ظَنَنَّاهُ فِيْ طَائِفَةِ النَّخْلِ،فَلَمَّا رُحْنَا إِلَيْهِ عَرَفَ ذٰلِكَ فِيْنَا،فَقَالَ:مَا شَأْنُكُمْ؟قُلْنَا:يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ذَكَرْتَ الدَّجَّالَ غَدَاةً، فَخَفَّضْتَ فِيْهِ وَرَفَّعْتَ، حَتّٰى ظَنَنَّاهُ فِيْ طَائِفَةِ النَّخْلِ،فَقَالَ:غَيْرُ الدَّجَّالِ أَخْوَفُنِيْ عَلَيْكُمْ، إِنْ يَّخْرُجْ وَأَنَا فِيْكُمْ، فَأَنَا حَجِيْجُهٗ دُوْنَكُمْ، وَإِنْ يَّخْرُجْ وَلَسْتُ فِيْكُمْ، فَامْرُؤٌ حَجِيْجُ نَفْسِهٖ ،وَاللّٰهُ خَلِيْفَتِيْ عَلٰى

كُلِّ مُسْلِمٍ، إِنَّهُ شَابٌّ قَطَطٌ،عَيْنُهُ طَافِئَةٌ،كَأَنِّى أُشَبِّهُهُ بِعَبْدِ الْعُزَّى بْنِ قَطَنٍ،فَمَنْ أَدْرَكَهُ مِنْكُمْ،فَلْيَقْرَأْ عَلَيْهِ فَوَاتِحَ سُوْرَةِ الْكَهْفِ،إِنَّهُ خَارِجٌ خَلَّةً بَيْنَ الشَّأْمِ وَالْعِرَاقِ، فَعَاثَ يَمِيْنًا وَعَاثَ شِمَالًا، يَا عِبَادَ اللّٰهِ فَاثْبُتُوْا.

قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا لَبْثُهُ فِى الْأَرْضِ ؟قَالَ: أَرْبَعُوْنَ يَوْمًا ،يَوْمٌ كَسَنَةٍ، وَيَوْمٌ كَشَهْرٍ ،وَيَوْمٌ كَجُمُعَةٍ ،وَسَائِرُ أَيَّامِهٖ كَأَيَّامِكُمْ، قُلْنَا :يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَذٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِىْ كَسَنَةٍ ،أَتَكْفِينَا فِيْهِ صَلَاةُ يَوْمٍ ؟قَالَ لَا اُقْدُرُوْا لَهُ قَدْرَهُ، قُلْنَا :يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا إِسْرَاعُهُ فِى الْأَرْضِ؟ قَالَ: كَالْغَيْثِ اِسْتَدْبَرَتْهُ الرِّيْحُ فَيَأْتِى عَلَى الْقَوْمِ فَيَدْعُوْهُمْ ،فَيُؤْمِنُوْنَ بِهٖ، وَيَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُ ،فَيَأْمُرُ السَّمَاءَ فَتُمْطِرُ ،وَالْأَرْضَ فَتُنْبِتُ، فَتَرُوْحُ عَلَيْهِمْ سَارِحَتُهُمْ أَطْوَلَ مَا كَانَتْ ذُرًا ،وَأَسْبَغَهُ ضُرُوْعًا وَأَمَدَّهُ خَوَاصِرَ، ثُمَّ يَأْتِى الْقَوْمَ فَيَدْعُوْهُمْ فَيَرُدُّوْنَ عَلَيْهِ قَوْلَهُ فَيَنْصَرِفُ عَنْهُمْ فَيُصْبِحُوْنَ مُمْحِلِيْنَ لَيْسَ بِأَيْدِيْهِمْ شَىْءٌ مِنْ أَمْوَالِهِمْ، وَيَمُرُّ بِالْخَرِبَةِ ،فَيَقُوْلُ لَهَا أَخْرِجِىْ كُنُوْزَكِ فَتَتْبَعُهُ كُنُوْزُهَا كَيَعَاسِيْبِ النَّحْلِ.

ثُمَّ يَدْعُوْ رَجُلًا مُمْتَلِئًا شَبَابًا فَيَضْرِبُهُ بِالسَّيْفِ فَيَقْطَعُهُ جَزْلَتَيْنِ رَمْيَةَ الْغَرَضِ ،ثُمَّ يَدْعُوْهُ فَيُقْبِلُ وَيَتَهَلَّلُ وَجْهُهُ يَضْحَكُ ،فَبَيْنَمَا هُوَ كَذٰلِكَ إِذْ بَعَثَ اللّٰهُ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ فَيَنْزِلُ عِنْدَ الْمَنَارَةِ الْبَيْضَاءِ شَرْقِىَّ دِمَشْقَ بَيْنَ مَهْرُوْدَتَيْنِ، وَاضِعًا كَفَّيْهِ عَلٰى أَجْنِحَةِ مَلَكَيْنِ ،إِذَا طَأْطَأَ رَأْسَهُ قَطَرَ ،وَإِذَا رَفَعَهُ تَحَدَّرَ مِنْهُ جُمَانٌ ، كَاللُّؤْلُؤِ ،فَلَا يَحِلُّ لِكَافِرٍ يَجِدُ رِيْحَ نَفَسِهٖ إِلَّا مَاتَ، وَنَفَسُهُ يَنْتَهِىْ حَيْثُ يَنْتَهِىْ طَرْفُهُ،

فَيَطْلُبُهُ حَتّٰى يُدْرِكَهُ بِبَابِ لُدٍّ ،فَيَقْتُلُهُ ثُمَّ يَأْتِي عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ قَوْمٌ قَدْ عَصَمَهُمُ اللّٰهُ مِنْهُ ،فَيَمْسَحُ عَنْ وُجُوهِهِمْ ،وَيُحَدِّثُهُمْ بِدَرَجَاتِهِمْ فِي الْجَنَّةِ ،فَبَيْنَمَا هُوَ كَذٰلِكَ ،إِذْ أَوْحَى اللّٰهُ إِلٰى عِيسٰى إِنِّيْ قَدْ أَخْرَجْتُ عِبَادًا لِيْ لَا يَدَانِ لِأَحَدٍ بِقِتَالِهِمْ ،فَحَرِّزْ عِبَادِيْ إِلَى الطُّوْرِ وَيَبْعَثُ اللّٰهُ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ ،وَهُمْ مِنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ، فَيَمُرُّ أَوَائِلُهُمْ عَلٰى بُحَيْرَةِ طَبَرِيَّةَ فَيَشْرَبُوْنَ مَا فِيْهَا، وَيَمُرُّ آخِرُهُمْ فَيَقُوْلُوْنَ:لَقَدْ كَانَ بِهٰذِهِ مَرَّةً مَاءٌ، وَيُحْصَرُ نَبِيُّ اللّٰهِ عِيسَى وَأَصْحَابُهُ، حَتّٰى يَكُوْنَ رَأْسُ الثَّوْرِ لِأَحَدِهِمْ خَيْرًا مِنْ مِائَةِ دِيْنَارٍ لِأَحَدِكُمُ الْيَوْمَ، فَيَرْغَبُ نَبِيُّ اللّٰهِ عِيسٰى وَأَصْحَابُهُ، فَيُرْسِلُ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ النَّغَفَ فِيْ رِقَابِهِمْ، فَيُصْبِحُوْنَ فَرْسَى كَمَوْتِ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ، ثُمَّ يَهْبِطُ نَبِيُّ اللّٰهِ عِيسٰى وَأَصْحَابُهُ إِلَى الْأَرْضِ، فَلَا يَجِدُوْنَ فِي الْأَرْضِ مَوْضِعَ شِبْرٍ إِلَّا مَلَأَهُ زَهَمُهُمْ وَنَتْنُهُمْ، فَيَرْغَبُ نَبِيُّ اللّٰهِ عِيسٰى وَأَصْحَابُهُ إِلَى اللّٰهِ، فَيُرْسِلُ اللّٰهُ طَيْرًا كَأَعْنَاقِ الْبُخْتِ فَتَحْمِلُهُمْ فَتَطْرَحُهُمْ حَيْثُ شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ يُرْسِلُ اللّٰهُ مَطَرًا لَا يَكُنُّ مِنْهُ بَيْتُ مَدَرٍ وَلَا وَبَرٍ، فَيَغْسِلُ الْأَرْضَ حَتّٰى يَتْرُكَهَا كَالزَّلَفَةِ.

ثُمَّ يُقَالُ لِلْأَرْضِ أَنْبِتِيْ ثَمَرَتَكِ وَرُدِّيْ بَرَكَتَكِ،فَيَوْمَئِذٍ تَأْكُلُ الْعِصَابَةُ مِنَ الرُّمَّانَةِ وَيَسْتَظِلُّوْنَ بِقِحْفِهَا وَيُبَارَكُ فِي الرِّسْلِ حَتّٰى إِنَّ اللِّقْحَةَ مِنَ الْإِبِلِ لَتَكْفِي الْفِئَامَ مِنَ النَّاسِ وَاللِّقْحَةَ مِنَ الْبَقَرِ لَتَكْفِي الْقَبِيْلَةَ مِنَ النَّاسِ وَاللِّقْحَةَ مِنَ الْغَنَمِ لَتَكْفِي الْفَخِذَ مِنَ النَّاسِ.

فَبَيْنَمَا هُمْ كَذٰلِكَ إِذْ بَعَثَ اللّٰهُ رِيْحًا طَيِّبَةً، فَتَأْخُذُهُمْ تَحْتَ

آبَـاطِهِمْ، فَتَقْبِضُ رُوحَ كُلِّ مُؤْمِنٍ وَكُلِّ مُسْلِمٍ، وَيَبْقَى شِرَارُ النَّاسِ، يَتَهَارَجُونَ فِيهَا تَهَارُجَ الْحُمُرِ، فَعَلَيْهِمْ تَقُومُ السَّاعَةُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٣٧ "١١٠" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب ذكر الدجال وصفته وما معه)

ترجمہ: ایک دن صبح کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کا ذکر کیا، تو آپ نے کبھی اس فتنہ کی تحقیر کی، اور کبھی اس کے فتنہ کو بڑا کر کے بیان فرمایا (یا کبھی آواز کو پست کیا، اور کبھی بلند کیا) یہاں تک کہ ہم نے گمان کیا کہ دجال کھجوروں کے ایک جھنڈ میں ہے، پس جب ہم شام کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے، تو آپ نے ہم سے اس بارے میں معلوم کیا، اور فرمایا کہ تمہارا کیا حال ہے؟ ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول آپ نے صبح دجال کا ذکر کیا اور اس میں آپ نے کبھی تحقیر کی اور کبھی اس فتنہ کو بڑا کر کے بیان کیا (یا کبھی آواز کو پست، اور کبھی بلند کیا) یہاں تک کہ ہم نے گمان کیا کہ وہ کھجوروں کے ایک جھنڈ میں ہے، تو آپ نے فرمایا کہ میں تمہارے بارے میں دجال کے علاوہ دوسرے فتنوں کا زیادہ خوف کرتا ہوں، اگر دجال میری موجودگی میں ظاہر ہوگیا، تو تمہارے بجائے میں اس کا مقابلہ کروں گا اور اگر میری غیر موجودگی میں ظاہر ہوا، تو ہر شخص خود اس سے مقابلہ کرنے والا ہوگا، اور اللہ ہر مسلمان پر میرا نگہبان ہوگا، بے شک دجال نوجوان گھنگریالے بالوں والا، اور پھولی ہوئی آنکھ والا ہوگا، گویا کہ میں اسے عبدالعزی بن قطن نامی شخص کے ساتھ تشبیہ دیتا ہوں، پس تم میں سے جو کوئی اسے پائے، تو اسے چاہئے کہ اس پر سورت کہف کی ابتدائی آیات کی تلاوت کرے، بے شک اس کا خروج شام اور عراق کے درمیان سے ہوگا، پھر وہ اپنے دائیں اور بائیں جانب فساد برپا کرے گا، اے اللہ کے بندو! ثابت قدم رہنا۔

ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! زمین میں وہ (دجال) کتنا عرصہ رہے گا؟ اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ چالیس دن رہے گا، جن میں سے ایک دن ایک سال کے برابر ہوگا، اور ایک دن ایک مہینہ کے برابر، اور ایک دن ایک جمعہ کے برابر ہوگا، اور اُس کے باقی دن تمہارے عام دِنوں کی طرح ہوں گے، ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! جو دن پورے سال کے برابر ہوگا، کیا اس میں ہمیں ایک دن کی نمازیں کافی ہوں گی؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں، بلکہ تم نمازوں کے لیے وقت کا اندازہ کر لینا۔

ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! دجال کی تیز رفتاری کیسی ہوگی؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کی رفتار اس بارش کی طرح ہوگی، جس کو پیچھے سے ہوا ہانک رہی ہو، چنانچہ (وہ اسی رفتار سے) ایک قوم کے پاس آ کر انہیں دعوت دے گا، وہ لوگ اس کی بات مان کر اس پر ایمان لے آئیں گے، پھر وہ (دجال) آسمان کو بارش برسانے کا حکم دے گا، تو وہ بارش برسائے گا، اور زمین کو حکم دے گا، تو وہ اپنی پیداوار اُگائے گی، اور ان کے جانور شام کے وقت اس حال میں واپس آیا کریں گے کہ ان کے کوہان خوب اونچے، تھن خوب لبریز اور کوکھیں خوب بھری ہوئی ہوں گی۔

پھر وہ دجال ایک جماعت کے پاس جا کر انہیں دعوت دے گا، وہ اس کی دعوت رَد کر دیں گے، اور دجال اُن سے واپس چلا جائے گا، اور وہ لوگ قحط سالی کا شکار ہو جائیں گے، اور ان کے ہاتھ میں ان کا کوئی مال باقی نہ رہے گا، پھر وہ ایک ویرانے پر گزرے گا، اور اس سے کہے گا کہ ’’اپنے خزانے نکال‘‘ چنانچہ زمین کے خزانے اس کے پیچھے اس طرح چلیں گے، جیسے شہد کی مکھیاں، اپنی ملکہ مکھی کے پیچھے چلتی ہیں۔

پھر دجال ایک اُبھرتی جوانی والے نوجوان کو بلائے گا، اور اسے تلوار مار کر دو ٹکڑوں میں تقسیم کر دے گا، اور ان ٹکڑوں کے درمیان میں اتنا فاصلہ ہو جائے گا، جتنا تیر مارنے والے اور اس کے نشانے کے درمیان ہوتا ہے، پھر اس کو آواز دے گا، تو وہ زندہ ہو کر ہشاش بشاش چہرے کے ساتھ ہنستا ہوا، اس کے سامنے آجائے گا، اسی دوران اللہ حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کو بھیج دے گا، اور وہ ہلکے زرد رنگ کے دو کپڑوں کو زیب تن کئے ہوئے دمشق کے مشرقی جانب سفید مینارے پر نزول فرمائیں گے، دونوں ہاتھ دو فرشتوں کے پروں پر رکھے ہوں گے، جب سر جھکائیں گے، تو اس سے پانی کے قطرے ٹپکیں گے، اور جب سر اٹھائیں گے تو اس سے چاندی کے دانوں اور موتیوں کی طرح قطرے ڈھلیں گے، پس جس کافر کو آپ کی سانس کی ہوا پہنچے گی، وہ مر جائے گا، اور آپ کا سانس تاحدِ نگاہ پہنچے گا، پھر آپ دجال کو تلاش کریں گے، تا آنکہ اسے ''لُــدّ'' نامی دروازے پر جا ملیں گے، اور اس کو قتل کر دیں گے۔

پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس لوگوں کی وہ جماعت آئے گی، جن کو اللہ نے دجال کے فتنے سے محفوظ فرمایا ہوگا، آپ ان کے چہروں کو صاف کریں گے اور جنت میں ان کے درجات گنوائیں گے، انہی حالات میں اللہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی بھیجے گا کہ میں نے اپنے ایسے بندوں کو نکالا ہے، جن سے لڑنے کی کسی میں طاقت نہیں، اس لئے آپ میرے بندوں کو طور پہاڑ پر جمع کر لیں۔

پھر اللہ، یاجوج ماجوج کو بھیجے گا، اور وہ ہر اونچائی والی جگہوں سے نکل پڑیں گے، ان کی اگلی جماعتیں بحیرہ طبریہ پر سے گزریں گی، اور اس کا سارا پانی پی جائیں گی اور ان کی آخری جماعتیں گزریں گی، تو کہیں گی کہ اس جگہ کسی وقت پانی موجود تھا۔

اور اللہ کے نبی عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی محصور ہو کر رہ جائیں گے، یہاں تک کہ ان میں کسی ایک کے لیے بیل کی سری بھی تم میں سے کسی ایک کے لیے آج کل کے سو دینار سے افضل و بہتر ہوگی۔

پھر اللہ کے نبی عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی اللہ سے دعاء کریں گے، تو اللہ یاجوج ماجوج کی گردنوں میں ایک کیڑا پیدا کرے گا، وہ ایک جان کی موت کی طرح سب کے سب یک لخت مر جائیں گے۔

پھر اللہ کے نبی عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی زمین کی طرف اتریں گے، تو انہیں زمین میں ایک بالشت کی جگہ بھی یاجوج ماجوج کی علامات اور بدبو سے خالی نہیں ملے گی۔

پھر اللہ کے نبی عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی دعاء کریں گے، تو اللہ بختی (مخصوص نسل کے) اونٹوں کی گردنوں کے برابر پرندے بھیجے گا، جو ان کی لاشوں کو اٹھا کر لے جائیں گے، اور جہاں اللہ چاہے گا، وہاں انہیں پھینک دیں گے۔

پھر اللہ بارش بھیجے گا، جو ہر مکان، خواہ وہ مٹی کا ہو، یا بالوں کا، اس بارش سے نہیں بچے گا، پھر زمین کو دھو کر آئینہ کی طرح صاف کر چھوڑے گا۔

پھر زمین سے کہا جائے گا کہ اپنی پیداوار اُگا، اور اپنی برکت از سرِ نو ظاہر کر دے، چنانچہ اس زمانہ میں ایک انار (اتنا بڑا ہوگا کہ اُسے) آدمیوں کی ایک جماعت کھا سکے گی، اور اُس کے چھلکے کے نیچے لوگ سایہ حاصل کریں گے، اور دُودھ میں اتنی برکت ہوگی کہ دودھ دینے والی ایک اونٹنی، لوگوں کی بہت بڑی جماعت کے لیے کافی ہوگی، اور دودھ دینے والی گائے، پورے قبیلہ کے لیے کافی ہوگی، اور دودھ دینے والی بکری، پوری برادری کو کافی ہوگی۔

پھر وہ لوگ اسی طرح (زندگی گزار رہے) ہوں گے کہ اللہ پاکیزہ ہوا کو بھیجے گا، جو

مومنوں کی بغلوں کے نیچے پہنچے گی، جس سے ہر مومن، اور ہر مسلم کی روح قبض ہوجائے گی، اور شریر ترین لوگ ہی باقی رہ جائیں گے، جو آپس میں گدھوں کی طرح اختلاط رکھیں گے (انسانیت اور شرم وحیاء نام کی کوئی چیز ان میں نہ ہوگی) پھر ان (شریر ترین) لوگوں پر ہی قیامت قائم ہوگی (مسلم)

سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت سمرۃ بن جندب رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد مروی ہے کہ:

وَاللّٰہِ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی یَخْرُجَ ثَلَاثُوْنَ کَذَّابًا آخِرُھُمُ الْأَعْوَرُ الدَّجَّالُ: مَمْسُوْحُ الْعَیْنِ الْیُسْرٰی، کَأَنَّھَا عَیْنُ أَبِیْ یَحْیٰی لِشَیْخٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، وَإِنَّهٗ مَتٰی خَرَجَ، فَإِنَّهٗ یَزْعُمُ أَنَّهُ اللّٰهُ، فَمَنْ آمَنَ بِهٖ وَصَدَّقَهٗ وَاتَّبَعَهٗ فَلَیْسَ یَنْفَعُهٗ صَالِحٌ مِنْ عَمَلٍ سَلَفَ، وَمَنْ کَفَرَ بِهٖ وَکَذَّبَهٗ فَلَیْسَ یُعَاقَبُ بِشَیْءٍ مِنْ عَمَلِهٖ سَلَفَ، وَإِنَّهٗ سَیَظْهَرُ عَلَی الْأَرْضِ کُلِّهَا إِلَّا الْحَرَمَ، وَبَیْتَ الْمَقْدِسِ، وَإِنَّهٗ یَحْصُرُ الْمُؤْمِنِیْنَ فِیْ بَیْتِ الْمَقْدِسِ فَیَتَزَلْزَلُوْنَ زِلْزَالًا شَدِیْدًا۔

فَیُصْبِحُ فِیْهِمْ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ فَیَهْزِمُهُ اللّٰهُ وَجُنُوْدَهٗ حَتّٰی إِنَّ أَجْذَمَ الْحَائِطِ، وَأَصْلَ الشَّجَرِ لَیُنَادِیْ بِالْمُؤْمِنِ هٰذَا کَافِرٌ یَسْتَتِرُ بِیْ فَتَعَالَ اُقْتُلْهُ، قَالَ: فَلَنْ یَّکُوْنَ ذٰلِکَ حَتّٰی تَرَوْنَ أُمُوْرًا یَتَفَاقَمُ شَأْنُهَا فِیْ أَنْفُسِکُمْ تَسَاءَلُوْنَ بَیْنَکُمْ: هَلْ کَانَ نَبِیُّکُمْ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ذَکَرَ لَکُمْ مِنْهَا ذِکْرًا، وَحَتّٰی تَزُوْلَ جِبَالٌ عَنْ مَرَاسِیْهَا، ثُمَّ عَلٰی أَثَرِ ذٰلِکَ الْقَبْضُ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۱۲۳۰، کتاب الکسوف،

www.idaraghufran.org

موارد الظمآن الی زوائد ابن حبان، رقم الحدیث ۵۹۷، کتاب المواقیت، باب صلاۃ الکسوف) ل

ترجمہ: اللہ کی قسم! قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک تیس کذاب برآمد نہ ہوجائیں، جن میں سے ایک کذّاب کانا دجّال ہوگا، جس کی بائیں آنکھ ممسوح (ونا کارہ) ہوگی، گویا کہ ابو یحییٰ (ایک انصاری عمر رسیدہ شخص) کی آنکھ کی طرح ہوگی، اور جب وہ نکلے گا، تو الٰہ ہونے کا دعویٰ کرے گا، پس جو شخص اس پر ایمان لے آئے گا اور اس کی تصدیق اور پیروی کرے گا، تو اُس کو پچھلا کوئی نیک عمل نفع نہ دے گا (مرتد ہونے کی وجہ سے اس کے سارے نیک اعمال باطل اور بے کار ہوجائیں گے) اور جو (مسلمان) شخص اس کی نافرمانی اور تکذیب کرے گا، تو اس کو پچھلے کسی (بُرے) عمل کی سزا نہ دی جائے گی (یعنی اس کے سب گناہ معاف کردیئے جائیں گے) دجّال حَرم (یعنی مکہ و مدینہ) اور بیت المقدس کے علاوہ ساری زمین پر غلبہ حاصل کرلے گا، اور مؤمنین کو بیت المقدس میں محصور کرکے رکھ دے گا، جو سخت پریشانی میں مبتلا ہوں گے (یہ آزمائش بھرے حالات انہیں جھنجھوڑ کر رکھ دیں گے)

پھر ان لوگوں میں صبح کے وقت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام تشریف لے آئیں گے، پس اللہ دجال اور اس کے لشکروں کو شکست دے دے گا (ایسی عبرتناک شکست

ل قال الحاکم: هذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین، ولم یخرجاه.
وقال حسین سلیم أسد الدّارانی:
إسناده جید، ثعلبة بن عِبَاد ترجمه البخاری فی الکبیر 2/ 174 ولم یورد فیه جرحاً ولا تعدیلاً، وتبعه علی ذلک ابن أبی حاتم فی "الجرح والتعدیل 2/ 463." وذکره ابن المدینی فی المجاهیل، وقال ابن حزم": مجهول"، وتبعه ابن القطان. وقال الذهبی فی المغنی فی الضعفاء ": تابعی لا یدری من هو." ووثقه ابن حبان، وصحح حدیثه الترمذی، وابن خزیمة، والحاکم، والذهبی أیضاً، وصحح حدیثه أیضاً ابن حجر فی الإِصابة (حاشیة موارد الظمآن)

کہ انہیں سر چھپانے کی جگہ بھی اس روئے زمین پر نہ ملے گی) یہاں تک کہ دیوار کی بنیاد اور درخت کی جڑ بھی آواز دے گی کہ ”اے مومن میری آڑ میں یہ کافر چھپا ہوا ہے، آ کر اسے قتل کردے“

اور وہ واقعہ (یعنی خروجِ دجال کا) اس وقت تک پیش نہیں آئے گا، جب تک کہ تم ایسے محیرُ العقول واقعات یکے بعد دیگرے رونما ہوتے نہ دیکھ لو، جو تمہاری نظر میں حد درجہ غیر معمولی اور خلافِ عادت ہوں گے، کہ ان کے متعلق تم ایک دوسرے سے پوچھا کرو گے کہ کیا تمہارے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) نے اس واقعہ کے بارے میں کچھ فرمایا تھا؟ (کیونکہ ان خلافِ عادت واقعات کی عقل اور دنیا کے جاری نظام اور طبعیاتی و نیچری قوانین کی روشنی میں کوئی توجیہ نہ ہو سکے گی) نیز (قیامت اس وقت تک نہیں آئے گی) جب تک کہ پہاڑ اپنے مرکزوں سے نہ ہٹ جائیں پھر اس کے بعد (خواہ طویل عرصہ بعد ہو) قبضِ (ارواح) ہوگا (یعنی قیامت آجائے گی، یا مؤمنین کی روح ایک ایک کرکے قبض ہوجائے گی، خالص کافر دنیا میں رہ جائیں گے) (حاکم)

حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے ایک لمبی حدیث میں روایت ہے کہ:

حَتّٰی یَأْتِیَ الْمَدِیْنَةَ ، فَیَغْلِبُ عَلٰی خَارِجِهَا،وَیَمْنَعُ دَاخِلَهَا،ثُمَّ جَبَلَ إِیْلِیَاءَ، فَیُحَاصِرُ عِصَابَةً مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ،فَیَقُوْلُ لَهُمُ الَّذِیْنَ عَلَیْهِمْ:مَا تَنْتَظِرُوْنَ بِهٰذَا الطَّاغِیَةِ أَنْ تُقَاتِلُوْهُ حَتّٰی تَلْحَقُوْا بِاللّٰهِ،أَوْ یُفْتَحَ لَكُمْ، فَیَأْتَمِرُوْنَ أَنْ یُقَاتِلُوْهُ إِذَا أَصْبَحُوْا،فَیُصْبِحُوْنَ وَمَعَهُمْ عِیْسَی بْنُ مَرْیَمَ،فَیَقْتُلُ الدَّجَّالَ،وَیَهْزِمُ أَصْحَابَهُ،حَتّٰی إِنَّ الشَّجَرَ وَالْحَجَرَ

وَالْمَدَرَ، يَقُوْلُ: يَا مُؤْمِنُ، هٰذَا يَهُوْدِيٌّ عِنْدِيْ، فَاقْتُلْهُ (المستدرک للحاکم، رقم الحديث ۸۶۱۲، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: یہاں تک کہ وہ (دجال) مدینہ (کے آس پاس) آئے گا، بیرونِ مدینہ پر اُس کا غلبہ ہوجائے گا، اور اندرونِ مدینہ سے اُسے روک دیا جائے گا، پھر وہ ایلیا (بیت المقدس) کے پہاڑ تک آئے گا، اور مسلمانوں کی ایک جماعت کا محاصرہ کرلے گا، مسلمانوں کا امیر اُن سے کہے گا کہ اس سرکش سے جنگ کرنے میں تم کس کا انتظار کررہے ہو (اس کا مقابلہ کرو) یہاں تک کہ تم اللہ سے جاملو، یا فتح یاب ہوجاؤ، پس مسلمان طے کرلیں گے کہ صبح ہوتے ہی اُس سے جنگ کریں گے، اب مسلمان اس حال میں صبح کریں گے کہ عیسیٰ ابنِ مریم ان کے ساتھ ہوں گے، پس عیسیٰ علیہ السلام دجال کو قتل کریں گے، اور (دجال اور) اس کے ساتھیوں کو شکست دے دیں گے، یہاں تک کہ درخت، پتھر اور ڈھیلے کہیں گے کہ ''اے ایمان والے! یہ میرے پاس یہودی ہے، اسے قتل کردے'' (حاکم)

ابنِ عُمر وابنِ عَمرو، اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَنْزِلُ الدَّجَّالُ فِيْ هٰذِهِ السَّبَخَةِ بِمَرِّقَنَاةَ فَيَكُوْنُ أَكْثَرَ مَنْ يَّخْرُجُ إِلَيْهِ النِّسَاءُ، حَتّٰى إِنَّ الرَّجُلَ لَيَرْجِعُ إِلَى حَمِيْمِهٖ وَإِلٰى أُمِّهٖ وَابْنَتِهٖ وَأُخْتِهٖ وَعَمَّتِهٖ، فَيُوْثِقُهَا

[1] قال الحاکم: هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.
وقال الذهبی فی التلخيص: علی شرط البخاری ومسلم.
وقال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشَّثری: قلت: هذا موقوف علی حذيفة بن أسيد، وله حکم الرفع کما تقدم لأنه لا يقال با لرأی. فالخلاصة أن حديث الباب بهذه الشواهد صحيح لغيره، والله أعلم (حاشية المطالب العالية، ج۱۸، ص ۴۳۸، رقم الترجمة ۴۵۲۰، کتاب الفتن، ذکر ابن صياد والتردد فی کونه الدجال)

www.idaraghufran.org

رِبَاطًا مَخَافَةَ أَنْ تَخْرُجَ إِلَيْهِ، ثُمَّ يُسَلِّطُ اللّٰهُ الْمُسْلِمِينَ عَلَيْهِ فَيَقْتُلُونَهُ وَيَقْتُلُونَ شِيعَتَهُ حَتّٰى إِنَّ الْيَهُودِيَّ لَيَخْتَبِءُ تَحْتَ الشَّجَرَةِ أَوِ الْحَجَرِ، فَيَقُولُ الْحَجَرُ أَوِ الشَّجَرَةُ لِلْمُسْلِمِ هٰذَا يَهُودِيٌّ تَحْتِيَ فَاقْتُلْهُ (مسند احمد، رقم الحديث ۵۳۵۳)

ترجمہ: دجال (مدینہ منورہ کے قریب) اس پانی گذرنے والی دلدلی زمین میں آ کر پڑاؤ ڈالے گا، پس اس کی طرف (مدینہ منورہ سے) نکل کر جانے والوں میں اکثریت خواتین کی ہوگی، اور نوبت یہاں تک جا پہنچے گی کہ ایک آدمی اپنے گھر میں اپنی بیوی، ماں، بیٹی، بہن، اور پھوپھی کے پاس آ کر انہیں اس اندیشے سے کہ کہیں یہ دجال کے پاس نہ چلی جائیں، رسیوں سے باندھ دے گا، پھر اللہ مسلمانوں کو دجال پر تسلط عطاء فرمائے گا، اور وہ اسے اور اس کے ہمنواؤں کو قتل کردیں گے، حتیٰ اگر کوئی یہودی کسی درخت، یا پتھر کے نیچے چھپا ہوگا، تو وہ درخت، یا پتھر مسلم سے کہے گا کہ یہ میرے نیچے یہودی چھپا ہوا ہے، اسے قتل کرو (مسند احمد)

اس حدیث کی سند میں فی نفسہٖ کچھ کمزوری پائی جاتی ہے، لیکن دوسری احادیث وروایات کے ساتھ مل کر اس کی سند حسن درجہ میں معتبر بننے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ [1]

صحیح بخاری میں حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُقَاتِلُوا الْيَهُودَ، حَتّٰى يَقُولَ الْحَجَرُ وَرَاءَهُ الْيَهُودِيُّ: يَا مُسْلِمُ، هٰذَا يَهُودِيٌّ وَرَائِي فَاقْتُلْهُ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۲۹۲۶، كتاب الجهاد والسير، باب قتال اليهود)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده ضعيف، فيه محمد بن إسحاق وهو مدلس، وقد عنعن (حاشية مسند احمد)

وقال الالبانی: قلت: وإسناده حسن لولا عنعنة محمد بن إسحاق (قصة المسيح الدجال ونزول عيسى عليه الصلاة والسلام، ص ۸۸، القسم الثالث تخريج فقرات القصة)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک تم یہودیوں سے قتال نہ کرلو، یہاں تک کہ وہ پتھر جس کے پیچھے یہودی ہوگا، یہ کہے گا کہ اے مسلم! میرے پیچھے یہ یہودی ہے،تم اسے قتل کردو (بخاری)

اور صحیح بخاری میں ہی حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ،یَقُوْلُ:تُقَاتِلُکُمُ الْیَھُوْدُ فَتُسَلَّطُوْنَ عَلَیْھِمْ، ثُمَّ یَقُوْلُ الْحَجَرُ یَا مُسْلِمُ ھٰذَا یَھُوْدِیٌّ وَرَائِیْ، فَاقْتُلْہُ (صحیح البخاری،رقم الحدیث ۳۵۹۳،کتاب المناقب، باب علامات النبوۃ فی الإسلام)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ تم یہود سے قتال کروگے،پس تم ان پر مسلط ہوجاؤگے،پھر پتھر کہے گا کہ اے مسلم! میرے پیچھے یہ یہودی ہے،تم اسے قتل کردو (بخاری)

مسلمانوں کے کافروں،اور بالخصوص یہودیوں پر مسلط ہونے،اوران کوقتل کرنے کا یہ واقعہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ سے ہی متعلق ہے۔

اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے موقوفاً روایت ہے کہ:

یَنْزِلُ الْمَسِیْحُ بْنُ مَرْیَمَ ،فَإِذَا رَآہُ الدَّجَّالُ ذَابَ کَمَا تَذُوْبُ الشَّحْمَۃُ،قَالَ:فَیَقْتُلُ الدَّجَّالَ،وَتَفَرَّقَ عَنْہُ الْیَھُوْدُ ،فَیُقْتَلُوْنَ حَتّٰی إِنَّ الْحَجَرَ یَقُوْلُ:یَا عَبْدَ اللّٰہِ الْمُسْلِمُ ، ھٰذَا یَھُوْدِیٌّ ،فَتَعَالَ فَاقْتُلْہُ (مصنف ابنِ ابی شیبۃ،رقم الحدیث ۳۸۶۴۹،کتاب الفتن،باب ما ذکر فی فتنۃ الدجال)

ترجمہ: مسیح ابنِ مریم نازل ہوں گے، پس دجّال ان کو دیکھتے ہی (خوف سے) ایسا پگھلنے لگے گا، جیسے چربی پگھلتی ہے، پس وہ دجّال کوقتل کریں گے، اور یہود

اس کے پاس سے تتّر بتّر ہو جائیں گے، پھر سب یہودی قتل کر دیے جائیں گے، یہاں تک کہ پتھر بھی پکارے گا کہ ''اے اللہ کے بندے! یہ یہودی (میری آڑ میں چھپا بیٹھا) ہے، آ کر اسے قتل کر دے (مصنف ابنِ ابی شیبہ)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،قَالَ:لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يُقَاتِلَ الْمُسْلِمُوْنَ الْيَهُوْدَ،فَيَقْتُلُهُمُ الْمُسْلِمُوْنَ حَتّٰى يَخْتَبِءَ الْيَهُوْدِيُّ مِنْ وَّرَاءِ الْحَجَرِ وَالشَّجَرِ،فَيَقُوْلُ الْحَجَرُ أَوِ الشَّجَرُ:يَا مُسْلِمُ يَا عَبْدَ اللّٰهِ هٰذَا يَهُوْدِيٌّ خَلْفِيْ، فَتَعَالَ فَاقْتُلْهُ، إِلَّا الْغَرْقَدَ، فَإِنَّهُ مِنْ شَجَرِ الْيَهُوْدِ (صحيح مسلم،رقم الحديث ٢٩٢٢"٨٢" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب لا تقوم الساعة حتى يمر الرجل بقبر الرجل، فيتمنى أن يكون مكان الميت، من البلاء)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک مسلمان، یہودیوں سے قتال نہ کرلیں، پس ان یہودیوں کو مسلمان قتل کریں گے، یہاں تک کہ یہودی، پتھر، اور درخت کے پیچھے چھپے گا، تو پتھر، اور درخت کہے گا کہ اے مسلم! اے عبداللہ! میرے پیچھے یہ یہودی ہے، تم ادھر آؤ، اور اسے قتل کردو، سوائے غرقد نام کے درخت کے (وہ اپنے پیچھے چھپنے والے یہودی کا نہیں بتائے گا) کیونکہ وہ یہودیوں کا درخت ہے (صحیح مسلم)

''شجرِ غرقد'' یعنی غرقد کے درخت کو ''شجرِ یہود'' اور ''یہود کا پاسباں درخت'' اور ''گونگا درخت'' بھی کہا جاتا ہے، انگریزی زبان میں اس کو ''Boxthorn،Lycium'' کہا جاتا ہے، جس کی یہودی بہت تعظیم کرتے ہیں۔

ایک صحابی رضی اللہ عنہ کی حدیث

ایک صحابی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

ذَكَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدَّجَّالَ فَقَالَ: يَأْتِي سِبَاخَ الْمَدِينَةِ، وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْهِ أَنْ يَدْخُلَ نِقَابَهَا، فَتَنْتَفِضُ الْمَدِينَةُ بِأَهْلِهَا نَفْضَةً أَوْ نَفْضَتَيْنِ، وَهِيَ الزَّلْزَلَةُ، فَيَخْرُجُ إِلَيْهِ مِنْهَا كُلُّ مُنَافِقٍ وَمُنَافِقَةٍ، ثُمَّ يُوَلِّي الدَّجَّالُ قِبَلَ الشَّامِ، حَتّٰى يَأْتِيَ بَعْضَ جِبَالِ الشَّامِ فَيُحَاصِرَهُمْ، وَبَقِيَّةُ الْمُسْلِمِينَ يَوْمَئِذٍ مُعْتَصِمُونَ بِذِرْوَةِ جَبَلٍ مِنْ جِبَالِ الشَّامِ، فَيُحَاصِرُهُمُ الدَّجَّالُ نَازِلًا بِأَصْلِهِ، حَتّٰى إِذَا طَالَ عَلَيْهِمُ الْبَلَاءُ، قَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْمُسْلِمِينَ: يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ، حَتّٰى مَتٰى أَنْتُمْ هٰكَذَا وَعَدُوُّ اللّٰهِ نَازِلٌ بِأَرْضِكُمْ هٰكَذَا، هَلْ أَنْتُمْ إِلَّا بَيْنَ إِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ، بَيْنَ أَنْ يَسْتَشْهِدَكُمُ اللّٰهُ أَوْ يُظْهِرَكُمْ، فَيُبَايِعُونَ عَلَى الْمَوْتِ بَيْعَةً يَعْلَمُ اللّٰهُ أَنَّهَا الصِّدْقُ مِنْ أَنْفُسِهِمْ، ثُمَّ تَأْخُذُهُمْ ظُلْمَةٌ لَا يُبْصِرُ امْرُؤٌ فِيهَا كَفَّهُ، قَالَ: فَيَنْزِلُ ابْنُ مَرْيَمَ فَيَحْسِرُ عَنْ أَبْصَارِهِمْ، وَبَيْنَ أَظْهُرِهِمْ رَجُلٌ عَلَيْهِ لَأْمَتُهُ يَقُولُونَ: مَنْ أَنْتَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ؟ فَيَقُولُ: أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُولُهُ، وَرُوحُهُ، وَكَلِمَتُهُ، عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ، اِخْتَارُوا بَيْنَ إِحْدٰى ثَلَاثٍ: بَيْنَ أَنْ يَبْعَثَ اللّٰهُ عَلَى الدَّجَّالِ وَجُنُودِهِ عَذَابًا مِنَ السَّمَاءِ، أَوْ يَخْسِفَ بِهِمُ الْأَرْضَ، أَوْ يُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ سِلَاحَكُمْ، وَيَكُفَّ سِلَاحَهُمْ عَنْكُمْ، فَيَقُولُونَ: هٰذِهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَشْفَى لِصُدُورِنَا وَلِأَنْفُسِنَا، فَيَوْمَئِذٍ تَرَى الْيَهُودِيَّ الْعَظِيمَ الطَّوِيلَ، الْأَكُولَ الشَّرُوبَ، لَا تُقِلُّ يَدُهُ سَيْفَهُ مِنَ الرِّعْدَةِ، فَيَقُومُونَ إِلَيْهِمْ

فَيُسَلَّطُوْنَ عَلَيْهِمْ، وَيَذُوْبُ الدَّجَّالُ حِيْنَ يَرَى ابْنَ مَرْيَمَ كَمَا يَذُوْبُ الرَّصَاصُ، حَتّٰى يَأْتِيَهُ أَوْ يُدْرِكَهُ عِيْسَى ،فَيَقْتُلَهُ(المصنف لعبدالرزاق، رقم الحديث ٢٠٨٣٤، الجامع لمعمر بن راشد، باب الدجال) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ وہ (دجال) مدینہ کی کھاری زمین پر آئے گا،اور مدینہ میں اس کا داخلہ حرام ہوگا،اس وقت مدینہ میں ایک ،یا دو زلزلے آئیں گے،جس سے گھبرا کر ہر منافق (مرد وعورت) دجال کی طرف چلا جائے گا،پھر دجال شام کا رخ کرے گا،یہاں تک کہ شام کے بعض پہاڑوں پر آئے گا،اوران کا محاصرہ کرلے گا،اوراُس دن باقی مسلمان شام کے بعض پہاڑوں کی چوٹی پر پناہ گزین ہوں گے،پہاڑ کے نیچے پڑاؤ ڈال کر دجال اُن کا محاصرہ کرلے گا،جب یہ مصیبت طویل ہوجائے گی،تو ایک مسلمان کہے گا کہ اے مسلمانوں کی جماعت! تم کب تک اس طرح پڑے رہو گے؟ اللہ کا دشمن تمہارے پہاڑ کے نیچے پڑاؤ ڈالے موجود ہے (اب تم دو اچھے کاموں کے درمیان ہو،یا تو) شہادت، یا غلبہ؛ چنانچہ مسلمان موت پر بیعت کرلیں گے،اوراللہ جانتا ہے کہ وہ اس میں سچے ہوں گے،پھران پر ایسا اندھیرا چھاجائے گا،جس میں آدمی اپنی ہتھیلی بھی نہ دیکھ سکے گا۔

پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (اسی دوران) حضرت عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوجائیں گے،جب لوگوں کی آنکھیں دیکھنے کے قابل ہوں گی،تو وہ اپنے درمیان ایک زرہ پوش آدمی کو پائیں گے اوراُن سے پوچھیں گے کہ اے اللہ کے

---

[1] قال الالبانی: أخرجه عبد الرزاق، عن عمرو بن أبی سفیان الثقفی عنه ؛ قلت :وإسناده ثقات رجال الشیخین غیر الرجل الأنصاری فإنه لم یسم ویحتمل أن یکون صحابیا لأن الثقفی هذا تابعی روی عن أبی موسی الأشعری وغیره فإن کان کذلک فالسند صحیح لأن جهالة الصحابی لا تضر عند أهل السنة(قصة المسیح الدجال ونزول عیسی علیه الصلاة والسلام،ص ۹۲،القسم الثالث تخریج فقرات القصة)

بندے! آپ کون ہیں؟ وہ کہیں گے کہ میں اللہ کا بندہ اور اُس کا رسول، اس کی روح اور کلمہ ''عیسیٰ ابنِ مریم'' ہوں، تمہیں تین باتوں میں سے ایک کا اختیار ہے، جو چاہو، منتخب کرلو، یا تو دجال اور اس کے لشکر پر اللہ آسمان سے کوئی عذاب بھیج دے، یا ان سب کو زمین میں دھنسا دیا جائے، یا تمہارا اسلحہ ان پر مسلط کردے اور ان کے اسلحہ سے تمہیں بچالیا جائے۔

مسلمان عرض کریں گے کہ اللہ کے رسول! یہی تیسری صورت ہمارے دلوں کے لیے زیادہ باعثِ شفاء ہے، پھر تم اس دن دیکھو گے کہ ایک لمبا خوب کھاتا پیتا یہودی بھی ہیبت کی وجہ سے اپنے ہاتھ میں تلوار نہ اُٹھا سکے گا، اور مسلمان پہاڑ سے اُتر کر ان پر غالب آجائیں گے، اور دجال حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھتے ہی سیسہ کی طرح پگھلنا شروع ہوجائے گا، یہاں تک کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اُسے پالیں گے اور اسے قتل کرڈالیں گے (عبدالرزاق)

ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی تفصیلی حدیث

سنن ابنِ ماجہ میں حضرت ابواُمامہ باہلی رضی اللہ عنہ سے تفصیلاً روایت ہے کہ:

خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، فَکَانَ أَکْثَرُ خُطْبَتِہٖ حَدِیْثًا، حَدَّثَنَاہُ عَنِ الدَّجَّالِ، وَحَذَّرَنَاہُ، فَکَانَ مِنْ قَوْلِہٖ أَنْ قَالَ: إِنَّہٗ لَمْ تَکُنْ فِتْنَۃٌ فِی الْأَرْضِ مُنْذُ ذَرَأَ اللّٰہُ ذُرِّیَّۃَ آدَمَ أَعْظَمَ مِنْ فِتْنَۃِ الدَّجَّالِ ،وَإِنَّ اللّٰہَ لَمْ یَبْعَثْ نَبِیًّا إِلَّا حَذَّرَ أُمَّتَہُ الدَّجَّالَ ، وَأَنَا آخِرُ الْأَنْبِیَاءِ ،وَأَنْتُمْ آخِرُ الْأُمَمِ ،وَھُوَ خَارِجٌ فِیْکُمْ لَا مَحَالَۃَ ،وَإِنْ یَّخْرُجْ وَأَنَا بَیْنَ ظَھْرَانَیْکُمْ فَأَنَا حَجِیْجٌ لِکُلِّ مُسْلِمٍ ،وَإِنْ یَّخْرُجْ مِنْ بَعْدِیْ ،فَکُلُّ امْرِءٍ حَجِیْجُ نَفْسِہٖ وَاللّٰہُ خَلِیْفَتِیْ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ ،وَإِنَّہٗ یَخْرُجُ مِنْ

خَلَّةٍ بَيْنَ الشَّامِ وَالْعِرَاقِ ،فَيَعِيثُ يَمِينًا وَيَعِيثُ شِمَالًا ، يَا عِبَادَ اللّٰهِ فَاثْبُتُوا ،فَإِنِّي سَأَصِفُهُ لَكُمْ صِفَةً لَمْ يَصِفْهَا إِيَّاهُ نَبِيٌّ قَبْلِي ،إِنَّهُ يَبْدَأُ فَيَقُولُ أَنَا نَبِيٌّ ،وَلَا نَبِيَّ بَعْدِي ، ثُمَّ يُثَنِّي فَيَقُولُ أَنَا رَبُّكُمْ ، وَلَا تَرَوْنَ رَبَّكُمْ حَتّٰى تَمُوتُوا ،وَإِنَّهُ أَعْوَرُ ، وَإِنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِأَعْوَرَ ،وَإِنَّهُ مَكْتُوبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَافِرٌ ،يَقْرَؤُهُ كُلُّ مُؤْمِنٍ كَاتِبٍ أَوْ غَيْرِ كَاتِبٍ.

وَإِنَّ مِنْ فِتْنَتِهِ أَنَّ مَعَهُ جَنَّةً وَنَارًا، فَنَارُهُ جَنَّةٌ، وَجَنَّتُهُ نَارٌ، فَمَنِ ابْتُلِيَ بِنَارِهِ، فَلْيَسْتَغِثْ بِاللّٰهِ، وَلْيَقْرَأْ فَوَاتِحَ الْكَهْفِ ،فَتَكُونَ عَلَيْهِ بَرْدًا وَسَلَامًا،كَمَا كَانَتِ النَّارُ عَلٰى إِبْرَاهِيمَ.

وَإِنَّ مِنْ فِتْنَتِهِ أَنْ يَّقُولَ لِأَعْرَابِيٍّ:أَرَأَيْتَ إِنْ بَعَثْتُ لَكَ أَبَاكَ وَأُمَّكَ، أَتَشْهَدُ أَنِّي رَبُّكَ؟ فَيَقُولُ:نَعَمْ، فَيَتَمَثَّلُ لَهُ شَيْطَانَانِ فِي صُورَةِ أَبِيهِ، وَأُمِّهِ، فَيَقُولَانِ:يَا بُنَيَّ، اتَّبِعْهُ، فَإِنَّهُ رَبُّكَ.

وَإِنَّ مِنْ فِتْنَتِهِ أَنْ يُّسَلَّطَ عَلٰى نَفْسٍ وَّاحِدَةٍ، فَيَقْتُلَهَا، وَيَنْشُرَهَا بِالْمِنْشَارِ، حَتّٰى يُلْقٰى شِقَّتَيْنِ، ثُمَّ يَقُولَ:انْظُرُوا إِلٰى عَبْدِي هٰذَا، فَإِنِّي أَبْعَثُهُ الْآنَ، ثُمَّ يَزْعُمُ أَنَّ لَهُ رَبًّا غَيْرِي، فَيَبْعَثُهُ اللّٰهُ، وَيَقُولُ لَهُ الْخَبِيثُ: مَنْ رَبُّكَ؟فَيَقُولُ رَبِّيَ اللّٰهُ، وَأَنْتَ عَدُوُّ اللّٰهِ، أَنْتَ الدَّجَّالُ، وَاللّٰهِ مَا كُنْتُ بَعْدُ أَشَدَّ بَصِيرَةً بِكَ مِنِّي الْيَوْمَ .

قَالَ أَبُو الْحَسَنِ الطَّنَافِسِيُّ:فَحَدَّثَنَا الْمُحَارِبِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيدِ الْوَصَّافِيُّ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ،قَالَ:قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:ذٰلِكَ الرَّجُلُ أَرْفَعُ أُمَّتِي دَرَجَةً فِي الْجَنَّةِ، قَالَ:قَالَ أَبُو سَعِيدٍ:وَاللّٰهِ مَا كُنَّا نُرَى ذٰلِكَ الرَّجُلَ إِلَّا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ حَتّٰى مَضَى لِسَبِيلِهِ،قَالَ الْمُحَارِبِيُّ،ثُمَّ رَجَعْنَا

إِلَى حَدِيْثِ أَبِيْ رَافِعٍ.

قَالَ: وَإِنَّ مِنْ فِتْنَتِهِ أَنْ يَأْمُرَ السَّمَاءَ أَنْ تُمْطِرَ فَتُمْطِرَ، وَيَأْمُرَ الْأَرْضَ أَنْ تُنْبِتَ فَتُنْبِتَ.

وَإِنَّ مِنْ فِتْنَتِهِ أَنْ يَمُرَّ بِالْحَيِّ فَيُكَذِّبُوْنَهُ، فَلَا تَبْقٰى لَهُمْ سَائِمَةٌ إِلَّا هَلَكَتْ.

وَإِنَّ مِنْ فِتْنَتِهِ أَنْ يَّمُرَّ بِالْحَيِّ فَيُصَدِّقُوْنَهُ، فَيَأْمُرَ السَّمَاءَ أَنْ تُمْطِرَ فَتُمْطِرَ، وَيَأْمُرَ الْأَرْضَ أَنْ تُنْبِتَ فَتُنْبِتَ، حَتّٰى تَرُوْحَ مَوَاشِيْهِمْ، مِنْ يَوْمِهِمْ ذٰلِكَ أَسْمَنَ مَا كَانَتْ وَأَعْظَمَهُ، وَأَمَدَّهُ خَوَاصِرَ، وَأَدَرَّهُ ضُرُوْعًا.

وَإِنَّهُ لَا يَبْقَى شَيْءٌ مِنَ الْأَرْضِ إِلَّا وَطِئَهُ، وَظَهَرَ عَلَيْهِ، إِلَّا مَكَّةَ، وَالْمَدِيْنَةَ، لَا يَأْتِيْهِمَا مِنْ نَقْبٍ مِنْ نِقَابِهِمَا إِلَّا لَقِيَتْهُ الْمَلَائِكَةُ بِالسُّيُوْفِ صَلْتَةً، حَتّٰى يَنْزِلَ عِنْدَ الظُّرَيْبِ الْأَحْمَرِ، عِنْدَ مُنْقَطَعِ السَّبَخَةِ، فَتَرْجُفُ الْمَدِيْنَةُ بِأَهْلِهَا ثَلَاثَ رَجَفَاتٍ، فَلَا يَبْقَى مُنَافِقٌ، وَلَا مُنَافِقَةٌ إِلَّا خَرَجَ إِلَيْهِ، فَتَنْفِي الْخَبَثَ مِنْهَا كَمَا يَنْفِي الْكِيْرُ، خَبَثَ الْحَدِيْدِ، وَيُدْعَى ذٰلِكَ الْيَوْمُ يَوْمَ الْخَلَاصِ.

فَقَالَتْ أُمُّ شَرِيْكٍ بِنْتُ أَبِي الْعَكَرِ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَأَيْنَ الْعَرَبُ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: هُمْ يَوْمَئِذٍ قَلِيْلٌ، وَجُلُّهُمْ بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ.

وَإِمَامُهُمْ رَجُلٌ صَالِحٌ، فَبَيْنَمَا إِمَامُهُمْ قَدْ تَقَدَّمَ يُصَلِّيْ بِهِمُ الصُّبْحَ، إِذْ نَزَلَ عَلَيْهِمْ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ الصُّبْحَ، فَرَجَعَ ذٰلِكَ الْإِمَامُ يَنْكُصُ، يَمْشِي الْقَهْقَرٰى، لِيَتَقَدَّمَ عِيسَى يُصَلِّيْ بِالنَّاسِ، فَيَضَعُ عِيسٰى يَدَهُ بَيْنَ كَتِفَيْهِ، ثُمَّ يَقُوْلُ لَهُ: تَقَدَّمْ فَصَلِّ، فَإِنَّهَا لَكَ أُقِيْمَتْ، فَيُصَلِّيْ بِهِمْ

إِمَامُهُمْ، فَإِذَا انْصَرَفَ، قَالَ عِيسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ: اِفْتَحُوا الْبَابَ، فَيُفْتَحُ، وَوَرَاءَهُ الدَّجَّالُ مَعَهُ سَبْعُونَ أَلْفَ يَهُودِيٍّ، كُلُّهُمْ ذُو سَيْفٍ مُحَلًّى وَسَاجٍ، فَإِذَا نَظَرَ إِلَيْهِ الدَّجَّالُ ذَابَ، كَمَا يَذُوبُ الْمِلْحُ فِي الْمَاءِ، وَيَنْطَلِقُ هَارِبًا، وَيَقُولُ عِيسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ: إِنَّ لِي فِيكَ ضَرْبَةً، لَنْ تَسْبِقَنِي بِهَا، فَيُدْرِكُهُ عِنْدَ بَابِ اللُّدِّ الشَّرْقِيِّ، فَيَقْتُلُهُ، فَيَهْزِمُ اللّٰهُ الْيَهُودَ، فَلَا يَبْقَى شَيْءٌ مِمَّا خَلَقَ اللّٰهُ يَتَوَارٰى بِهِ يَهُودِيٌّ إِلَّا أَنْطَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ الشَّيْءَ، لَا حَجَرَ، وَلَا شَجَرَ، وَلَا حَائِطَ، وَلَا دَابَّةَ، إِلَّا الْغَرْقَدَةَ، فَإِنَّهَا مِنْ شَجَرِهِمْ، لَا تَنْطِقُ، إِلَّا قَالَ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ الْمُسْلِمَ هٰذَا يَهُودِيٌّ، فَتَعَالَ اقْتُلْهُ.

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَإِنَّ أَيَّامَهُ أَرْبَعُونَ سَنَةً، اَلسَّنَةُ كَنِصْفِ السَّنَةِ، وَالسَّنَةُ كَالشَّهْرِ، وَالشَّهْرُ كَالْجُمُعَةِ، وَآخِرُ أَيَّامِهِ كَالشَّرَرَةِ، يُصْبِحُ أَحَدُكُمْ عَلٰى بَابِ الْمَدِينَةِ، فَلَا يَبْلُغُ بَابَهَا الْآخَرَ حَتّٰى يُمْسِيَ، فَقِيلَ لَهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَيْفَ نُصَلِّي فِي تِلْكَ الْأَيَّامِ الْقِصَارِ؟ قَالَ: تَقْدُرُونَ فِيهَا الصَّلَاةَ كَمَا تَقْدُرُونَهَا فِي هٰذِهِ الْأَيَّامِ الطِّوَالِ، ثُمَّ صَلُّوا.

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَيَكُونُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ عَلَيْهِ السَّلَامِ فِي أُمَّتِي حَكَمًا عَدْلًا وَإِمَامًا مُقْسِطًا يَدُقُّ الصَّلِيبَ وَيَذْبَحُ الْخِنْزِيرَ وَيَضَعُ الْجِزْيَةَ وَيَتْرُكُ الصَّدَقَةَ، فَلَا يُسْعٰى عَلٰى شَاةٍ وَلَا بَعِيرٍ وَتُرْفَعُ الشَّحْنَاءُ وَالتَّبَاغُضُ، وَتُنْزَعُ حُمَةُ كُلِّ ذَاتِ حُمَةٍ، حَتّٰى يُدْخِلَ الْوَلِيدُ يَدَهُ فِي فِيِّ الْحَيَّةِ، فَلَا تَضُرَّهُ، وَتُفِرَّ الْوَلِيدَةُ الْأَسَدَ، فَلَا يَضُرُّهَا، وَيَكُونَ الذِّئْبُ فِي الْغَنَمِ كَأَنَّهُ كَلْبُهَا وَتُمْلَأُ الْأَرْضُ مِنَ

السِّلْمِ كَمَا يُمْلَأُ الْإِنَاءُ مِنَ الْمَاءِ ، وَتَكُونُ الْكَلِمَةُ وَاحِدَةً ،فَلَا يُعْبَدُ إِلَّا اللّٰهُ ،وَتَضَعُ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا ،وَتُسْلَبُ قُرَيْشٌ مُلْكَهَا ، وَتَكُونُ الْأَرْضُ كَفَاثُورِ الْفِضَّةِ ، تُنْبِتُ نَبَاتَهَا بِعَهْدِ آدَمَ ،حَتّٰى يَجْتَمِعَ النَّفَرُ عَلَى الْقِطْفِ مِنَ الْعِنَبِ ،فَيُشْبِعَهُمْ ،وَيَجْتَمِعَ النَّفَرُ عَلَى الرُّمَّانَةِ، فَتُشْبِعَهُمْ ،وَيَكُونَ الثَّوْرُ بِكَذَا وَكَذَا مِنَ الْمَالِ ،وَتَكُونَ الْفَرَسُ بِالدُّرَيْهِمَاتِ ،قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ! وَمَا يُرْخِصُ الْفَرَسَ ؟قَالَ: لَا تُرْكَبُ لِحَرْبٍ أَبَدًا ،قِيلَ لَهُ: فَمَا يُغْلِي الثَّوْرَ؟ قَالَ: تُحْرَثُ الْأَرْضُ كُلُّهَا (سنن ابنِ ماجه،رقم الحديث ٤٠٧٧، کتاب الفتن ،باب فتنة الدجال وخروج عيسى ابن مريم وخروج يأجوج ومأجوج)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیا، آپ نے خطبہ کے اکثر حصہ میں جو حدیث بیان کی، وہ ہمیں دجال سے متعلق بیان کی، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس دجال سے ڈرایا، اُس خطبہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا کہ جب سے اللہ نے آدم کی اولاد کو پیدا کیا ہے، دنیا میں کوئی فتنہ دجّال کے فتنہ سے بڑا نہیں ہوا، اور اللہ نے جس نبی کو بھی بھیجا، اس نے اپنی امت کو دجّال کے فتنہ سے ڈرایا ہے، اب میں آخری نبی ہوں، اور تم آخری امت ہو، اس لیے لامحالہ اس کا خروج تم ہی میں ہوگا، اور اگر وہ میری موجودگی میں نکل آیا، تو ہر مسلمان کی طرف سے اس کا مقابلہ کرنے کے لیے میں موجود ہوں، اور اگر اس کا خروج میرے بعد ہوا، تو ہر مسلمان اپنا دفاع خود کرنے کا ذمہ دار ہے، اور اللہ میری طرف سے ہر (سچّے) مسلمان کا محافظ ہے، وہ شام اور عراق کے درمیان ایک راستہ سے خروج کرے گا، اور دائیں بائیں فساد پھیلاتا پھرے گا، اس لیے اے اللہ کے بندو! تم اس وقت ثابت قدم رہنا، میں تمہارے سامنے اس کی ایسی

علامات بیان کیے دیتا ہوں، جو مجھ سے پہلے کسی نبی نے ذکر نہیں کیں۔

ابتداء میں وہ (اپنے متعلق) یہ دعویٰ کرے گا کہ میں نبی ہوں، حالانکہ میرے بعد کوئی نبی نہیں، بعد میں وہ (دجال) ربوبیت کا دعویٰ کرے گا، حالانکہ مرنے سے پہلے تم اپنے رب کو دیکھ نہیں سکتے، پھر وہ کانا بھی ہوگا، اور تمہارا رب کانا نہیں، اور اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان ''کافر'' لکھا ہوگا، جس کو ہر مسلمان (جبکہ وہ حقیقی مسلمان ہو) خواہ لکھنا پڑھنا جانتا ہو، یا نہ جانتا ہو، پڑھ لے گا۔

اور اس دجال کا ایک فتنہ یہ ہوگا کہ اس کے ساتھ جنت اور آگ (یعنی جہنم) ہوگی، لیکن اس کی آگ دراصل جنت ہوگی، اور اس کی جنت، دراصل جہنم ہوگی، پس جو کوئی اس کی آگ میں ڈالا جائے گا (اور دجال سچے مومنوں کو ہی آگ میں ڈالے گا) تو اسے چاہیے کہ وہ اللہ سے مدد طلب کرے، اور سورہ کہف کی شروع کی آیتیں پڑھے، تو وہ آگ، اس پر ٹھنڈی اور سلامتی والی ہو جائے گی، جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لیے ہوگئی تھی۔

اور اس دجال کا ایک فتنہ یہ ہوگا کہ وہ ایک دیہاتی سے کہے گا کہ دیکھ اگر میں تیرے ماں باپ کو زندہ کر دوں، تو کیا تو مجھے اپنا رب ماننے کی گواہی دے گا؟ وہ دیہاتی کہے گا کہ بے شک، پھر وہ دجال دو شیطانوں کو اس کے ماں باپ کی صورت میں بنا کر پیش کرے گا، اور وہ دونوں کہیں گے کہ اے میرے بیٹے! اس کی اتباع کرو، کیونکہ بے شک یہ تیرا رب ہے (معاذ اللہ)

اور اس دجال کا ایک فتنہ یہ ہوگا کہ وہ ایک آدمی پر غلبہ پا کر اس کو قتل کر ڈالے گا، اور اس کو آری سے چیر کر اس کے دو ٹکڑے کر دے گا، پھر (لوگوں سے) کہے گا کہ دیکھو میرے اس بندہ کی طرف، میں اب اس کو زندہ کروں گا، پھر دیکھتا ہوں کہ وہ کیسے گمان کرے گا کہ میرے علاوہ بھی اس کا (کوئی دوسرا) رب ہے؟ پھر اللہ اس

(مقتول) کو زندہ کردے گا۔

اوراس مقتول سے دجال خبیث کہے گا کہ تیرا رب کون ہے؟ وہ مقتول کہے گا کہ میرا رب اللہ ہے اور تو اللہ کا دشمن ہے، تو دجال ہے، اللہ کی قسم! آج تو مجھے تیرے بارے میں خوب بصیرت حاصل ہوگئی کہ تو دجال ہی ہے۔

ابوالحسن علی بن محمد طنافسی نے کہا (جو ابن ماجہ کے اس حدیث میں شیخ ہیں کہ) ہم سے عبیداللہ بن ولید وصافی نے بیان کیا، انہوں نے عطیہ سے روایت کیا، انہوں نے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (اس موقع پر یہ بھی) فرمایا کہ اس (مقتول) آدمی کا، جنت میں درجہ میری امت میں سب سے بلند ہوگا۔

اور ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے اس موقع پر یہ بھی فرمایا کہ قسم اللہ کی ہم تو یہ سمجھتے تھے کہ یہ آدمی جو دجال سے ایسا مقابلہ کرے گا، حضرت عمر بن خطاب کے علاوہ کوئی دوسرا ہو ہی نہیں سکتا، جو کہ اپنے راستہ پر گذر چکے (یعنی وفات پا چکے) ہیں۔

محاربی نے کہا کہ اب پھر ہم (ابوامامہ کی) اس حدیث کی طرف لوٹتے ہیں، جس کو ابورافع نے روایت کیا ہے (اور اس کا ہی بیان جاری ہے، ابوسعید کی حدیث کا ذکر درمیان میں اس آدمی کے ذکر پر آ گیا تھا)

ابوامامہ کہتے ہیں کہ اور دجال کا ایک فتنہ یہ ہوگا کہ وہ آسمان کو پانی برسانے کا حکم کرے گا، تو وہ پانی برسائے گا اور وہ زمین کو غلہ اگانے کا حکم کرے گا، تو وہ غلہ اگائے گی۔

اوراس دجال کا ایک فتنہ یہ ہوگا کہ وہ ایک علاقہ سے گزرے گا، وہ لوگ اس کو جھوٹا کہیں گے، تو ان کا کوئی جانور بھی ہلاک ہونے سے نہیں بچے گا۔

اوراس دجال کا ایک فتنہ یہ ہوگا کہ وہ ایک علاقہ سے گذرے گا، وہ لوگ اس کو سچا

کہیں گے، تو وہ آسمان کو بارش برسانے کا حکم کرے گا، تو آسمان بارش برسائے گا، اور وہ زمین کو غلہ اگانے کا حکم کرے گا، تو زمین غلہ اگائے گی، یہاں تک ان کے کہ جانور اسی دن شام تک موٹے تازے، اور کوکھیں (یعنی پیٹ) بھرے ہوئے اور تھن دودھ سے پھولے ہوئے ہو جائیں گے۔

اور بے شک زمین کا کوئی حصہ باقی نہیں رہے گا، جہاں دجال نہ جائے، اور اس پر غلبہ حاصل نہ کرلے، سوائے مکہ اور مدینہ کے، ان دونوں شہروں میں، جس راستے سے وہ آئے گا، اس کو فرشتے ننگی تلوار سونتے ہوئے ملیں گے، یہاں تک کہ وہ (مدینہ کے قریب) چھوٹی لال پہاڑی کے پاس جہاں کھاری زمین ختم ہوتی ہے، وہاں پڑاؤ ڈالے گا اور مدینہ تین مرتبہ زلزلہ سے اپنے لوگوں کو حرکت دے گا، جس کے بعد جو منافق مرد، یا منافق عورت مدینہ میں ہوں گے، وہ دجال کے پاس چلے جائیں گے، اور مدینہ خباثت کو اپنے سے اس طرح دور کردے گا، جس طرح بھٹی لوہے کا میل دور کر دیتی ہے، اور (مدینہ منورہ میں) اس دن کا نام خلاصی، یعنی چھٹکارے کا دن رکھا جائے گا۔

اُمِ شریک بنتِ ابوعکر نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! عرب کے لوگ اس دن کہاں ہوں گے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عرب کے لوگ (مومنین مخلصین) اس وقت تھوڑے ہوں گے، اور ان عرب (مومنین) کے زیادہ تر لوگ بیت المقدس میں ہوں گے۔

اور ان (مسلمانوں) کا امام ایک نیک آدمی (مہدی) ہوگا، پس اسی دوران کہ امام آگے بڑھ کر صبح کی نماز پڑھانا چاہے گا کہ اتنے میں حضرت عیسیٰ بن مریم صبح کے وقت نازل ہوں گے، تو یہ امام ان کو دیکھ کر الٹے پاؤں پیچھے ہٹے گا، تاکہ حضرت عیسیٰ کو لوگوں کی نماز پڑھانے کے لئے آگے کرے، لیکن حضرت عیسیٰ اپنا

ہاتھ اس کے دونوں مونڈھوں کے درمیان رکھ کر، فرمائیں گے کہ آپ ہی آگے بڑھ کر نماز پڑھایئے، کیونکہ آپ کے لئے ہی اقامت کہی گئی تھی، پھر وہ امام لوگوں کو نماز پڑھائے گا، پھر نماز سے فارغ ہو کر عیسیٰ علیہ السلام (مسلمانوں سے) فرمائیں گے (جو قلعہ، یا شہر میں محصور ہوں گے اور دجال ان کا گھیراؤ کئے ہوئے ہوگا) کہ دروازہ کو کھول دو، پس دروازہ کھول دیا جائے گا، اور اس دروازہ کے سامنے دجال موجود ہوگا، جس کے ساتھ ستر ہزار یہودی ہوں گے، جن میں سے ہر ایک کے پاس زیور سے مزین تلوار ہوگی اور (ان یہودیوں کی مخصوص مذہبی) چادر ہوگی، جب دجال حضرت عیسیٰ کو دیکھے گا، تو ایسا گھل جائے گا، جیسے نمک پانی میں گھل جاتا ہے، اور وہ بھاگنا شروع کرے گا، اور عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے کہ میری ایک مار تجھ کو کافی ہے، تو اس سے بچ نہیں سکے گا، پھر عیسیٰ علیہ السلام، اس کو بابِ لد شرقی میں پالیں گے، اور اس کو قتل کر دیں گے۔

پھر اللہ، یہودیوں کو شکست دیدے گا، پھر اللہ کی مخلوق میں سے کوئی چیز بھی ایسی نہیں ہوگی، جس کی آڑ میں یہودی چھپا ہو، مگر اللہ اس کو بولنے کی طاقت دے گا، نہ تو کوئی پتھر، نہ کوئی درخت، نہ کوئی دیوار، اور نہ کوئی جانور، سوائے غرقد (نامی درخت) کے، جو یہودیوں کا درخت ہے (یہود اس کو بہت لگاتے ہیں اور اس کی تعظیم کرتے ہیں) وہ نہیں بولے گا، ہر چیز یہ بولے گی کہ اے اللہ کے مسلم بندے، یہ یہودی ہے، تو آ کر اس کو قتل کر دے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دجال چالیس سال تک رہے گا (سال کا لفظ دوسری صحیح احادیث وروایات کے خلاف ہے، صحیح لفظ چالیس دن ہے) ایک سال چھ مہینے کے برابر ہوگا اور ایک سال ایک مہینے کے برابر ہوگا، اور ایک مہینہ ایک ہفتہ کے برابر ہوگا اور آخیر دن دجال کے ایسے ہوں گے، جیسے چنگاری (ہوا

میں) اڑتی جاتی ہے۔

تم میں سے کوئی صبح کو مدینہ کے ایک دروازے پر ہوگا، پھر دوسرے دروازہ پر نہ پہنچے گا کہ شام ہو جائے گی۔

لوگوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول ہم ان چھوٹے دنوں میں نماز کیونکر پڑھیں گے؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وقت کے اندازہ سے نماز پڑھ لینا، جیسے لمبے دنوں میں اندازہ کر کے نماز پڑھتے ہو۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عیسیٰ ابنِ مریم علیہ السلام میری امت میں عادل حاکم، اور انصاف پسند امام کی حیثیت سے رہیں گے، وہ صلیب کو توڑ ڈالیں گے، اور خنزیر کو ذبح کر دیں گے، اور ٹیکس کو ختم کر دیں گے اور (سرکاری طور پر) صدقہ وزکاۃ لینا چھوڑ دیں گے، پس نہ بکری کی زکاۃ وصول کی جائے گی، نہ اونٹ کی (کیونکہ سب مالدار ہوں گے، زکاۃ لینے والا کوئی نہ رہے گا) آپس کی بغض وعداوت ختم ہو جائے گی، اور ہر زہریلے جانور کا زہر نکال دیا جائے گا، یہاں تک کہ چھوٹا بچہ اپنا ہاتھ سانپ کے منہ میں دے دے گا، تو سانپ نقصان نہ پہنچائے گا، اور چھوٹی بچی شیر کو دوڑائے گی، تو وہ اُسے نقصان نہ پہنچائے گا، اور بکریوں کے ریوڑ میں بھیڑیا، اس طرح رہے گا، جیسے ان کی حفاظت کرنے والا کتا ہو، اور زمین امن وامان سے بھر جائے گی، جیسے برتن پانی سے بھر جاتا ہے، اور کلمہ سب کا ایک ہوگا (یعنی اسلام کے کلمہ پر سب جمع ہو جائیں گے) پس اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کی جائے گی، اور جنگ اپنے ہتھیار ڈال کر ختم ہو جائے گی (یعنی بھرپور امن وامان کا دَور ہوگا) اور قریش سے سلطنت لے لی جائے گی، اور زمین چاندی کے ایک طَشت کی طرح (صاف) ہو جائے گی، اور زمین اپنی نباتات کو آدم علیہ

السلام کے زمانے کی کمّیت وکیفیت پراُگانے لگے گی (زمین کی پیداوار میں ایسی برکت وفراوانی ہوجائے گی کہ) انگور کے ایک خوشے کوایک جماعت شکم سیر ہوکر کھائے گی، اورانارایک جماعت کوشکم سیر کردے گا، اور بیل اتنی اتنی قیمت کا ملے گا (انتہائی مہنگا) اورگھوڑا چند درہموں (روپیوں) میں ملے گا، صحابۂ کرام نے پوچھا، اے اللہ کے رسول! گھوڑا کیونکر سستا ہوجائے گا؟ فرمایا، جنگ کے لیے اب اس کی سواری کی نوبت نہ آئے گی (کامل امن وامان کی وجہ سے اس جنگی وعسکری اہمیت والے جانور کی ضرورت واہمیت بہت کم ہوجائے گی) پوچھا گیا کہ بیل کیوں مہنگا ہوجائے گا؟ فرمایا، سب لوگ کھیتی باڑی کرنے لگیں گے (زمین کی وسیع برکتوں اور پیداوار کی فراوانی سمیٹنے کے لیے) (سنن ابنِ ماجہ)

فائدہ: اس روایت کی سند میں ایک تو ابوزرعہ سیبانی، راوی، اور یحیٰی بن ابی عمرو کے درمیان انقطاع پایا جاتا ہے، دوسرے اس کی سند میں اسماعیل بن رافع نام کے راوی ضعیف ہیں۔ اس لئے مذکورہ حدیث کو اہلِ علم حضرات نے ضعیف قرار دیا ہے۔

اور علامہ ابنِ کثیر نے اس حدیث کو شدید غریب کہا ہے، کیونکہ اس لمبی حدیث میں بعض مضامین دوسری صحیح احادیث کے خلاف ہیں، جیسا کہ دجال کا چالیس سال تک رہنا، حالانکہ صحیح احادیث میں چالیس دنوں کا ذکر آیا ہے، جن میں سے پہلا دن ایک سال کے برابر، دوسرا دن ایک مہینہ کے برابر، تیسرا دن ایک ہفتہ کے برابر اور باقی ایام عام دنوں کی طرح کے بتلائے گئے ہیں۔ [1]

[1] قال شعيب الارنؤوط:
إسناده ضعيف لانقطاعه فإن السيبانى لم يسمع من أبى أمامة، بينهما فى الإسناد عمرو بن عبد الله السيبانى الحضرمى كلما رواه ضمرة بن ربيعة وعطاء الخراسانى كما سيأتى، وهو الذى صوبه المزى فى "التهذيب "فى ترجمة زرعة السيبانى، وابن حجر فى "النكت الظراف .175 /4 "وإسماعيل بن رافع ضعيف الحديث، ولعل الوهم منه. وقال ابن كثير فى "تفسيره :413 /2 "هذا حديث غريب جدا من هذا الوجه، ولبعضه شواهد من أحاديث أخر (حاشية سنن ابنِ ماجه)

لیکن اس لمبی حدیث کو بعض دوسرے محدثین نے بھی اپنی اپنی اسناد کے ساتھ روایت کیا ہے، البتہ بعض نے کسی حصہ کو اور بعض نے کسی دوسرے حصہ کو روایت کیا ہے، اور بعض روایات میں چند مضامین کی تقدیم وتاخیر بھی ہے۔

ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی دوسری تفصیلی حدیث

چنانچہ امام طبرانی نے انقطاع کے بغیر ایک دوسری سند کے ساتھ ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی اس تفصیلی حدیث کو اس طرح روایت کیا ہے کہ:

خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، وَکَانَ أَکْثَرُ خُطْبَتِہٖ ذِکْرَ الدَّجَّالِ وَیُحَذِّرُنَا وَیُحَدِّثُنَا عَنْہُ حَتّٰی فَرَغَ مِنْ خُطْبَتِہٖ ،فَکَانَ فِیْمَا قَالَ لَنَا یَوْمَئِذٍ:إِنَّ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ یَبْعَثْ نَبِیًّا إِلَّا حَذَّرَہٗ أُمَّتَہٗ، فَإِنِّیْ آخِرُ الْأَنْبِیَاءِ وَأَنْتُمْ آخِرُ الْأُمَمِ،وَھُوَ خَارِجٌ فِیْکُمْ لَا مَحَالَۃَ، فَإِنْ یَخْرُجْ وَأَنَا بَیْنَ أَظْھُرِکُمْ ،فَأَنَا حَجِیْجُ کُلِّ مُسْلِمٍ، وَإِنْ یَّخْرُجْ فِیْکُمْ بَعْدِیْ فَکُلُّ امْرِءٍ حَجِیْجُ نَفْسِہٖ، وَاللّٰہُ خَلِیْفَتِیْ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ.

إِنَّہٗ یَخْرُجُ مِنْ خُلَّۃٍ بَیْنَ الْعِرَاقِ وَالشَّامِ، عَاثَ یَمِیْنًا وَعَاثَ شِمَالًا، یَا عِبَادَ اللّٰہِ اُثْبُتُوْا، فَإِنَّہٗ یَبْدَأُ فَیَقُوْلُ:أَنَا نَبِیٌّ، وَلَا نَبِیَّ بَعْدِیْ، وَإِنَّہٗ مَکْتُوْبٌ بَیْنَ عَیْنَیْہِ کَافِرٌ، یَقْرَؤُہٗ کُلُّ مُؤْمِنٍ، فَمَنْ لَقِیَہٗ مِنْکُمْ فَلْیَتْفُلْ فِیْ وَجْھِہٖ، وَلْیَقْرَأْ بِفَوَاتِحِ سُوْرَۃِ أَصْحَابِ الْکَھْفِ.

وَإِنَّہٗ یُسَلَّطُ عَلٰی نَفْسٍ مِنْ بَنِیْ آدَمَ فَیَقْتُلُھَا ثُمَّ یُحْیِیْھَا، وَإِنَّہٗ لَا یَعْدُوْ ذٰلِکَ، وَلَا یُسَلَّطُ عَلٰی نَفْسٍ غَیْرِھَا.

وَإِنَّ مِنْ فِتْنَتِہٖ أَنَّ مَعَہٗ جَنَّۃً وَنَارًا، فَنَارُہٗ جَنَّۃٌ وَجَنَّتُہٗ نَارٌ، فَمَنِ ابْتُلِیَ بِنَارِہٖ فَلْیُغْمِضْ عَیْنَیْہِ ،وَلْیَسْتَغِثْ بِاللّٰہِ، یَکُوْنُ بَرْدًا وَسَلَامًا ،کَمَا

كَانَتِ النَّارُ بَرْدًا وَسَلَامًا عَلٰى إِبْرَاهِيمَ.

وَإِنَّ أَيَّامَهُ أَرْبَعُونَ يَوْمًا، فَيَوْمٌ كَسَنَةٍ، وَيَوْمٌ كَشَهْرٍ، وَيَوْمٌ كَجُمُعَةٍ، وَيَوْمٌ كَالْأَيَّامِ، وَآخِرُ أَيَّامِهِ كَالسَّرَابِ.

يُصْبِحُ الدَّجَّالُ عِنْدَ بَابِ الْمَدِينَةِ، فَيُمْسِي قَبْلَ أَنْ يَبْلُغَ بَابَهَا الْآخَرَ ، قَالُوا: فَكَيْفَ نُصَلِّي يَا نَبِيَّ اللّٰهِ فِي تِلْكَ الْأَيَّامِ الطِّوَالِ؟ قَالَ: تَقْدِرُونَ فِيهَا كَمَا تَقْدِرُونَ فِي الْأَيَّامِ الطِّوَالِ.

لَا يَبْقَى مِنَ الْأَرْضِ شَيْءٌ إِلَّا وَطِئَهُ، وَغَلَبَ عَلَيْهِ إِلَّا مَكَّةَ وَالْمَدِينَةَ، فَإِنَّهُ لَا يَأْتِيهِمَا مِنْ بَيْتٍ مِنْ أَبْيَاتِهِمَا إِلَّا لَقِيَهُ مَلَكٌ مُصْلِتًا سَيْفَهُ ، حَتّٰى يَنْزِلَ عِنْدَ الظَّرِيبِ الْأَحْمَرِ عِنْدَ مُنْقَطَعِ السَّبْخَةِ عِنْدَ مُجْتَمَعِ السُّيُولِ، فَتَرْجُفُ الْمَدِينَةُ بِأَهْلِهَا ثَلَاثَ رَجَفَاتٍ لَا يَبْقٰى مُنَافِقٌ، وَلَا مُنَافِقَةٌ إِلَّا خَرَجَ إِلَيْهِ، فَتَنْفِي الْمَدِينَةُ يَوْمَئِذٍ الْخَبَثَ مِنْهَا، كَمَا يَنْفِي الْكِيرُ خَبَثَ الْحَدِيدِ، ذٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِي يُدْعَى يَوْمَ الْخَلَاصِ.

فَقَالَتْ أُمُّ شَرِيكٍ: فَأَيْنَ الْمُسْلِمُونَ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: هُمْ يَوْمَئِذٍ قَلِيلٌ، وَجُلُّهُمْ بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ، يَخْرُجُ فَيُحَاصِرُهُمْ.

وَإِمَامُ النَّاسِ يَوْمَئِذٍ رَجُلٌ صَالِحٌ، فَيُقَالُ: صَلِّ الصُّبْحَ، فَإِذَا كَبَّرَ وَدَخَلَ فِيهَا نَزَلَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَامُهُ، فَإِذَا رَآهُ ذٰلِكَ الرَّجُلُ عَرَفَهُ فَرَجَعَ يَمْشِي الْقَهْقَرَى، فَيَتَقَدَّمُ عِيسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ يَضَعُ يَدَيْهِ بَيْنَ كَتِفَيْهِ، ثُمَّ يَقُولُ: صَلِّ، فَإِنَّمَا أُقِيمَتْ لَكَ، فَيُصَلِّي عِيسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَاءَهُ، ثُمَّ يَقُولُ: افْتَحُوا الْبَابَ، فَيَفْتَحُونَ الْأَبْوَابَ، وَمَعَ الدَّجَّالِ يَوْمَئِذٍ سَبْعُونَ أَلْفَ يَهُودِيٍّ، كُلُّهُمْ ذُو تَاجٍ وَسَيْفٍ مُحَلًّى.

فَإِذَا نَظَرَ إِلٰى عِيسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ ذَابَ كَمَا يَذُوبُ الرَّصَاصُ ،

وَكَمَا يَذُوبُ الْمِلْحُ فِي الْمَاءِ، ثُمَّ يَخْرُجُ هَارِبًا ،فَيَقُولُ عِيسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ: إِنَّ لِيْ فِيكَ ضَرْبَةً لَنْ تَفُوتَنِي بِهَا، فَيُدْرِكُهُ فَيَقْتُلُهُ.

فَلَا يَبْقٰى شَيْءٌ مِمَّا خَلَقَ عَزَّ وَجَلَّ يَتَوَارٰى بِهٖ يَهُودِيٌّ إِلَّا أَنْطَقَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، لَا حَجَرٌ وَلَا شَجَرٌ وَلَا دَابَّةٌ إِلَّا قَالَ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ الْمُسْلِمُ، هٰذَا الْيَهُودِيُّ فَاقْتُلْهُ، إِلَّا الْغَرْقَدُ،فَإِنَّهَا مِنْ شَجَرِهِمْ فَلَا يَنْطِقُ.

وَيَكُونَ عِيسٰى فِي أُمَّتِي حَكَمًا عَدْلًا، وَإِمَامًا مُقْسِطًا، يَدُقُّ الصَّلِيبَ، وَيَقْتُلُ الْخِنْزِيرَ، وَيَضَعُ الْجِزْيَةَ، وَيَتْرُكُ الصَّدَقَةَ، فَلَا يُسْعٰى عَلٰى شَاةٍ وَلَا بَعِيرٍ، فَيُرْفَعُ الشَّحْنَاءُ وَالتَّبَاغُضُ، وَتُنْزَعُ حُمَةَ كُلِّ دَابَّةٍ ذِي حُمَةٍ حَتّٰى يُدْخِلَ الْوَلِيدُ يَدَهُ فِي الْحَنَشِ فَلَا يَضُرُّهُ، وَتَضُرُّ الْوَلِيدَةُ الْأَسَدَ فَلَا يَضُرُّهَا، وَيَكُونُ فِي الْإِبِلِ كَكَلْبِهَا، وَالذِّئْبُ فِي الْغَنَمِ كَأَنَّهَا كَلْبُهَا، وَيَمْلَأُ الْأَرْضَ مِنَ السَّلَامِ، وَيَسْلُبُ لِكُفَّارِهِمْ مُلْكَهُمْ، فَلَا يَكُونُ مَلِكٌ إِلَّا أَسْلَمَ، وَتَكُونُ الْأَرْضُ كَفَاثُورِ الْفِضَّةِ، فَيَنْبُتُ نَبَاتُهَا كَمَا كَانَتْ عَلٰى عَهْدِ آدَمَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، وَيَجْتَمِعُ النَّفَرُ عَلَى الْقِطْفِ مِنَ الْعِنَبِ فَيُشْبِعُهُمْ، وَيَجْتَمِعُ النَّفَرُ عَلَى الرُّمَّانَةِ فَتُشْبِعُهُمْ، وَيَكُونُ الثَّوْرُ بِكَذَا وَكَذَا مِنَ الْمَالِ، وَيَكُونُ الْفَرَسُ بِالدُّرَيْهِمَاتِ (الأحاديث الطوال،للطبرانی،ص۲۹۵،رقم الحدیث ۴۸،حدیث أبی أمامة الباھلی رضی اللہ عنہ فی خروج الدجال)

ترجمہ: ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیا، اور آپ نے اکثر اپنے خطبہ میں دجال کا ذکر فرمایا، اور ہمیں ڈرایا، اور ہم سے اس کے بارے میں حالات بیان کئے، یہاں تک کہ آپ اپنے خطبہ سے فارغ ہوگئے، آپ نے اس دن ہمیں جو باتیں بیان کیں، ان میں یہ بھی بیان کیا کہ اللہ عزوجل نے جو نبی بھی

www.idaraghufran.org

مبعوث فرمایا، اس نے اپنی امت کو دجال سے ڈرایا، اور میں آخری نبی ہوں، اور تم آخری امت ہو، اور وہ دجال تمہارے اندر لامحالہ برآمد ہوگا، پھر اگر وہ اس حال میں برآمد ہوا کہ میں تمہارے درمیان میں موجود ہوا، تو میں ہر مسلم کی طرف سے اس کے لئے حجت کرنے والا ہوں گا، اور اگر وہ تمہارے درمیان میرے بعد میں برآمد ہوا، تو ہر آدمی خود سے اپنا دفاع کرنے والا ہوگا، اور میرے بعد اللہ ہی ہر مسلم کا نگہبان ہوگا۔

بے شک وہ دجال عراق اور شام کے درمیان زیورات سے مزین ہو کر برآمد ہوگا، جو دائیں، بائیں گھومتا پھرے گا، اے اللہ کے بندو! تم ثابت قدم رہنا، کیونکہ وہ ابتداء میں یہ کہے گا کہ میں نبی ہوں، حالانکہ میرے بعد کوئی نبی نہیں، اور اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہوا ہوگا، جس کو ہر مومن پڑھ لے گا، پس تم میں سے جو شخص اس سے ملاقات کرے، تو اسے چاہیے کہ اس کے چہرہ پر تھوک دے، اور سورہ کہف کی ابتدائی آیات پڑھ لے۔

اور وہ بنی آدم کی ایک جان پر مسلط ہو کر اس کو قتل کرے گا، پھر اس کو زندہ کرے گا، لیکن وہ اس سے زیادہ آگے نہیں بڑھ سکے گا، اور اس جان کے علاوہ کسی دوسرے پر اس طرح کا تسلط حاصل نہیں کر سکے گا۔

اور دجال کے فتنہ میں سے یہ بھی ہے کہ اس کے ساتھ جنت اور آگ (یعنی اس کی مصنوعی جنت اور جہنم) ہوگی، پس اس کی آگ تو درحقیقت جنت ہوگی، اور اس کی جنت دراصل آگ وجہنم ہوگی، پس جو شخص اس کی آگ میں مبتلاء ہو، تو اسے چاہیے کہ وہ اپنی دونوں آنکھیں بند کر کے اللہ سے مدد طلب کرے، تو وہ آگ ٹھنڈی اور سلامتی والی ہو جائے گی، جیسا کہ ابراہیم علیہ السلام پر ٹھنڈی اور سلامتی والی ہو گئی تھی۔

اور دجال کے چالیس دن ہوں گے، جن میں سے ایک دن، ایک سال کے برابر،

اور دوسرا دن، ایک مہینہ کے برابر، اور تیسرا دن، ایک ہفتہ کے برابر ہوگا، اور ایک دن عام دنوں کے برابر ہوگا، اور اس کے آخری ایام ریت کی طرح (بہت بے حقیقت اور جلدی جلدی گذرنے والے) ہوں گے۔

دجال مدینہ میں داخل ہونے والے دروازہ پر صبح کے وقت ہوگا، پھر وہ دوسرے دروازہ تک پہنچنے سے پہلے چلا جائے گا۔

لوگوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے نبی! ان لمبے دنوں میں ہم نماز کس طرح پڑھیں گے؟ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم ان دنوں میں اس طرح وقت کا اندازہ کرکے نماز پڑھنا، جس طرح تم بڑے دنوں میں نماز پڑھا کرتے تھے۔

زمین میں کوئی جگہ باقی نہیں بچے گی، جس سے دجال نہ گذرے، اور اس پر غلبہ حاصل نہ کرے، سوائے مکہ، اور مدینہ کے، پس وہ دجال ان دونوں شہروں کے کسی گھر میں بھی نہیں آسکے گا، وہاں اس سے فرشتہ ننگی تلوار سونتے ہوئے ملاقات کرے گا، یہاں تک کہ وہ دجال، چھوٹی لال پہاڑی کے پاس، جہاں کھاری زمین ختم ہوتی ہے، وہاں بارش کے جمع ہونے والے پانی کی جگہ قیام کرے گا، پھر مدینہ اپنے لوگوں کو تین مرتبہ جھنجھوڑے گا (یعنی تین مرتبہ مدینہ میں زلزلہ آئے گا) جس کے نتیجہ میں کوئی منافق مرد اور کوئی منافق عورت ایسی نہیں ہوگی، جو اس دجال کی طرف نکلے بغیر رہ جائے، پس مدینہ کو اس وقت خباثت سے اس طرح صاف کردیا جائے گا، جس طرح بھٹی، لوہے سے میل وکچیل کو صاف کردیتی ہے، اس دن کو (مدینہ منورہ میں) خلاصی کا دن قرار دیا جائے گا۔

اس پر امِ شریک رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ اس وقت مسلمان کہاں ہوں گے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس وقت مسلمان تھوڑے ہوں گے (زیادہ

تر لوگ دجال کے دجل وفریب کی زد میں آ کر کافر ہو چکے ہوں گے، یا فوت ہو چکے ہوں گے)اور مسلمانوں کا بڑا حصہ بیت المقدس میں ہوگا، دجال برآمد ہوگا، اوران مسلمانوں کا محاصرہ کرلے گا۔

اوراس وقت لوگوں کے امام ایک نیک صالح شخص (امام مہدی) ہوں گے، پھر کہا جائے گا کہ فجر کی نماز پڑھادیجئے، پس جب تکبیر کہی جارہی ہوگی، تو اس نماز میں عیسیٰ بن مریم صلوات اللہ علیہ وسلامہ داخل ہوں گے، پھر جب وہ نیک صالح امام ان کو دیکھیں گے، تو ان کو پہچان لیں گے، اس لئے وہ اپنی ایڑیوں کے بل پیچھے لوٹنے لگیں گے، پھر عیسیٰ علیہ السلام آگے بڑھ کر ان کے کاندھوں کے درمیان اپنے دونوں ہاتھوں کو رکھ کر فرمائیں گے کہ آپ ہی نماز پڑھایئے، کیونکہ نماز کی اقامت آپ کے لئے کہی گئی ہے، پھر عیسیٰ علیہ السلام ان کے پیچھے نماز پڑھیں گے، پھر کہا جائے گا کہ دروازہ کو کھولو، پھر وہ لوگ دروازوں کو کھولیں گے، اور دجال کے ساتھ اس وقت ستر ہزار یہودی ہوں گے، ہر ایک تاج اور مزین تلوار لئے ہوئے ہوگا۔

پھر جب دجال عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھے گا، تو اس طرح پگھلے گا، جس طرح سیسہ پگھلا کرتا ہے، اور جس طرح نمک پانی کے اندر پگھلا کرتا ہے، پھر وہ دجال بھاگ کر نکلے گا، تو عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے کہ میرے پاس تیرے لئے ایک ضرب ہے، جس سے تو بچ نہیں سکتا، پھر عیسیٰ علیہ السلام اس کو پالیں گے، اوراس کو قتل کردیں گے۔

پھر کوئی چیز بھی جو اللہ عزوجل کی مخلوق میں سے ایسی نہیں ہوگی، جس کے پیچھے، یا نیچے یہودی چھپا ہوا ہو، جس کو اللہ عزوجل قوتِ گویائی عطاء نہ فرمادے، نہ کوئی پتھر، اور نہ کوئی درخت اور نہ کوئی جانور، مگر وہ یہ کہے گا کہ اے اللہ کے مسلم بندے،

یہ یہودی ہے، اس کو قتل کردو، سوائے غرقد درخت کے، کیونکہ وہ یہودیوں کا درخت ہے، اس لئے وہ نہیں بولے گا (اسی حیثیت سے اس کو گونگا درخت بھی کہا جاتا ہے) اور عیسیٰ علیہ السلام میری امت میں عادل حاکم، اور انصاف پسند امام ہوں گے، وہ صلیب کو توڑ دیں گے، اور خنزیر کو قتل کردیں گے، اور جزیہ (ٹیکس) کو ختم فرمادیں گے، اور صدقہ (خیرات کی امداد) لینے کو چھوڑ دیں گے، نہ بکری کی زکاۃ لی جائے گی،، اور نہ اونٹ کی اور باہمی بخل اور باہمی بغض ختم کردیا جائے گا، اور ہر جانور کے زہر (وڈنک) کو ختم کردیا جائے گا، یہاں تک کہ بچہ، سانپ کے منہ میں اپنا ہاتھ ڈالے گا، تو وہ اس کو کوئی ضرر نہیں پہنچائے گا، اور بچی چیتے کو چھیڑے گی، تو وہ اس کو کوئی ضرر نہیں پہنچائے گا، اور اونٹ میں کتوں کی طرح (حفاظت کے لئے) اور بکریوں میں بھیڑیا موجود ہوگا، گویا کہ وہ ان کا حفاظتی کتا ہے، اور وہ زمین کو اسلام سے بھر دیں گے، اور کفار سے ان کے ملکوں کو چھین لیں گے، پس کوئی ملک بھی اسلام لائے بغیر نہیں رہے گا، اور زمین چاندی کے طشت کی طرح صاف ہوجائے گی، پھر وہ اپنے نباتات کو اس طرح (فراوانی کے ساتھ) اگائے گی، جس طرح آدم صلواتُ اللّٰہ علیہ کے زمانہ میں اگاتی تھی، اور ایک جماعت انگور کے ایک گچھے پر جمع ہوگی، جو ان کا پیٹ بھر دے گا، اور ایک جماعت ایک انار پر جمع ہوگی، جو اس جماعت کو شکم سیر کردے گا، اور بیل اس طرح، اور مال اس طرح ملے گا، اور گھوڑا چند درہموں (روپیوں) میں مل جائے گا (طبرانی)

اس روایت کی سند میں نہ تو انقطاع ہے، اور نہ ہی اسماعیل بن رافع ہیں، البتہ ایک دوسرے راوی ''ضمرہ بن ربیعہ'' ہیں، جو کہ ضعیف ہیں۔

تاہم طبرانی میں مذکور ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی اس حدیث کے اکثر حصہ کی دوسری احادیث سے

تائید ہوتی ہے۔ [1]

عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: يَكُوْنُ لِلْمُسْلِمِيْنَ ثَلَاثَةُ أَمْصَارٍ: مِصْرٌ بِمُلْتَقَى الْبَحْرَيْنِ، وَمِصْرٌ بِالْحِيْرَةِ، وَمِصْرٌ بِالشَّامِ، فَيَفْزَعُ النَّاسُ ثَلَاثَ فَزَعَاتٍ، فَيَخْرُجُ الدَّجَّالُ فِيْ أَعْرَاضِ النَّاسِ، فَيُهْزَمُ مَنْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ، فَأَوَّلُ مِصْرٍ يَرِدُهُ الْمِصْرُ الَّذِىْ بِمُلْتَقَى الْبَحْرَيْنِ، فَيَصِيْرُ أَهْلُهُ ثَلَاثَ فِرَقٍ: فِرْقَةٌ تَقُوْلُ: نُشَامُّهُ، نَنْظُرُ مَا هُوَ، وَفِرْقَةٌ تَلْحَقُ بِالْأَعْرَابِ، وَفِرْقَةٌ تَلْحَقُ بِالْمِصْرِ الَّذِىْ يَلِيْهِمْ، وَمَعَ الدَّجَّالِ سَبْعُوْنَ أَلْفًا عَلَيْهِمُ السِّيْجَانُ، وَأَكْثَرُ تَبَعِهِ الْيَهُوْدُ وَالنِّسَاءُ، ثُمَّ يَأْتِى الْمِصْرَ الَّذِىْ يَلِيْهِ فَيَصِيْرُ أَهْلُهُ ثَلَاثَ فِرَقٍ: فِرْقَةٌ تَقُوْلُ: نُشَامُّهُ وَنَنْظُرُ مَا هُوَ، وَفِرْقَةٌ تَلْحَقُ بِالْأَعْرَابِ، وَفِرْقَةٌ تَلْحَقُ بِالْمِصْرِ الَّذِىْ يَلِيْهِمْ بِغَرْبِيِّ الشَّامِ.

وَيَنْحَازُ الْمُسْلِمُوْنَ إِلٰى عَقَبَةِ أَفِيْقٍ، فَيَبْعَثُوْنَ سَرْحًا لَهُمْ، فَيُصَابُ سَرْحُهُمْ، فَيَشْتَدُّ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ، وَتُصِيْبُهُمْ مَجَاعَةٌ شَدِيْدَةٌ، وَجَهْدٌ شَدِيْدٌ، حَتّٰى إِنَّ أَحَدَهُمْ لَيُحْرِقُ وَتَرَ قَوْسِهٖ فَيَأْكُلُهُ، فَبَيْنَمَا هُمْ كَذٰلِكَ إِذْ نَادٰى مُنَادٍ مِنَ السَّحَرِ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ أَتَاكُمُ الْغَوْثُ، ثَلَاثًا، فَيَقُوْلُ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: إِنَّ هٰذَا لَصَوْتُ رَجُلٍ شَبْعَانَ، وَيَنْزِلُ

---

[1] قال الالبانی: لكن الحديث غالبه صحيح قد جاء مفرقا فى أحاديث إلا قليلا منه فلم أجد ما يشهد له أو يقويه كما سيأتى بيانه ولتسهيل توضيح ذلك على القارء وتخريجه على جعلته فقرات بأرقام متسلسلة (قصة المسيح الدجال ونزول عيسى عليه الصلاة والسلام، ص ۴۹، القسم الثالث، تخريج فقرات القصة)

www.idaraghufran.org

عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ عِنْدَ صَلَاةِ الْفَجْرِ، فَيَقُوْلُ لَهُ أَمِيْرُهُمْ: يَا رُوْحَ اللّٰهِ، تَقَدَّمْ صَلِّ، فَيَقُوْلُ هٰذِهِ الْأُمَّةُ أُمَرَاءُ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ، فَيَتَقَدَّمُ أَمِيْرُهُمْ فَيُصَلِّيْ، فَإِذَا قَضٰى صَلَاتَهُ، أَخَذَ عِيْسَى حَرْبَتَهُ، فَيَذْهَبُ نَحْوَ الدَّجَّالِ، فَإِذَا رَآهُ الدَّجَّالُ، ذَابَ، كَمَا يَذُوْبُ الرَّصَاصُ، فَيَضَعُ حَرْبَتَهُ بَيْنَ ثَنْدُوَتِهِ، فَيَقْتُلُهُ وَيَنْهَزِمُ أَصْحَابُهُ، فَلَيْسَ يَوْمَئِذٍ شَيْءٌ يُوَارِيْ مِنْهُمْ أَحَدًا، حَتّٰى إِنَّ الشَّجَرَةَ لَتَقُوْلُ: يَا مُؤْمِنُ هٰذَا كَافِرٌ، وَيَقُوْلُ الْحَجَرُ: يَا مُؤْمِنُ هٰذَا كَافِرٌ (مسند احمد، رقم الحديث ١٧٩٠٠)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ (قیامت سے پہلے) مسلمانوں کے تین شہر ہوں گے کہ ان میں سے ایک شہر (یعنی قسطنطنیہ) تو دو سمندروں کے ملنے کی جگہ پر واقع ہوگا، ایک شہر (عراق میں) حیرہ کے مقام پر ہوگا، اور ایک شہر شام میں ہوگا۔

پس تین مرتبہ (ایسا واقعہ پیش آئے گا کہ) لوگ گھبرا اُٹھیں گے، پھر جلد ہی لوگوں کے برابر میں دجال نکل آئے گا، پس وہ مشرق کی طرف کے لوگوں کو شکست دے دے گا، اور سب سے پہلے اس شہر میں وارد ہوگا، جو دو سمندروں کے ملنے کی جگہ واقع ہے (یعنی قسطنطنیہ) اور اس شہر کے لوگوں کے تین گروہ ہو جائیں گے، ایک گروہ یہ کہہ کر وہیں رہ جائے گا کہ دیکھیں دجال کون ہے، اور کیا کرتا ہے؟ اور ایک گروہ دیہات میں منتقل ہو جائے گا، اور ایک گروہ اپنے سے قریب والے شہر میں منتقل ہو جائے گا، اس وقت دجال کے ساتھ ستر ہزار آدمی ہوں گے، جن کے اوپر طیلسان (ایک خاص قسم کی چادر) ہوگی، اس کے اکثر پیرو کار عورتیں اور یہودی ہوں گے، پھر دجال اس شہر کے قریب والے شہر میں آئے گا، اس شہر کے باشندوں کے (بھی) تین گروہ ہو جائیں گے، ایک گروہ کہے گا کہ دیکھیں دجال کون ہے، اور کیا کرتا ہے؟ اور ایک گروہ دیہات میں چلا جائے گا، اور ایک گروہ

قریب والے اس شہر میں چلا جائے گا، جو شام کی مغربی جانب میں ہوگا۔

اور (بالآخر) مسلمان افیق نامی گھاٹی کی طرف سمٹ جائیں گے، اور اپنے مویشی (چرنے کے لیے) بھیجیں گے، جو سب کے سب ہلاک ہوجائیں گے، ان کو یہ نقصان بہت شاق گزرے گا، اور شدید بھوک اور سخت مشقت میں مبتلا ہوجائیں گے، یہاں تک کہ بعض لوگ اپنی کمان کی تانت کو جلا کر کھائیں گے، یہ اسی حال میں ہوں گے کہ سَحَر کے وقت کوئی پکارنے والا تین مرتبہ یہ آواز لگائے گا کہ ''اے لوگو! تمہارا فریاد رس آ پہنچا'' یہ سن کر لوگ آپس میں کہیں گے کہ یہ تو کسی پیٹ بھرے آدمی کی آواز ہے۔

اور نمازِ فجر کے وقت عیسیٰ ابنِ مریم علیہ السلام نازل ہوں گے، مسلمانوں کا امیر اُن سے کہے گا کہ ''روح اللہ! آگے آ کر نماز پڑھائیے'' وہ فرمائیں گے کہ اس امت کے بعض لوگ بعض کے امیر ہیں (اس لیے تم ہی نماز پڑھاؤ) پس مسلمانوں کا امیر آگے بڑھ کر نماز پڑھائے گا، پھر عیسیٰ علیہ السلام نماز سے فارغ ہوکر اپنا حربہ (چھوٹا نیزہ، خنجر) سنبھالیں گے اور دجال کی طرف روانہ ہوجائیں گے، دجال اُن کو دیکھتے ہی رانگ (سیسہ) کی طرح پگھلنے لگے گا، پھر عیسیٰ علیہ السلام اپنا حربہ اس کے سینہ کے بیچوں بیچ مار کر اُسے قتل کر ڈالیں گے، اور اس کے ساتھی شکست کھا جائیں گے، اُس دن اُن میں سے کسی کو بھی کوئی چیز اپنے پیچھے نہیں چھپائے گی، یہاں تک کہ درخت کہے گا کہ اے مؤمن! یہ کافر ہے، اور پتھر کہے گا اے مؤمن! یہ کافر ہے (میری آڑ میں چھپا بیٹھا ہے، اسے قتل کر ڈال) (مسند احمد)

اس حدیث کی سند میں علی بن زید بن جدعان کو اکثر محدثین نے ضعیف قرار دیا ہے۔ [1]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:إسناده ضعيف لضعف على بن زيد :وهو ابن جدعان .أبو نضرة :هو المنذر بن مالك بن قِطعة العبدى.(حاشية مسنداحمد)

وقال الهيثمى:رواه أحمد والطبرانى وفيه على بن زيد وفيه ضعف وقد وثق،وبقية رجالهما رجال الصحيح. (مجمع الزوائد، رقم الحديث ١٢٥٢٠ ،باب ما جاء فى الدجال)

لیکن اس حدیث کے کئی مضامین کی دوسری احادیث وروایات سے تائید ہوتی ہے۔

عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أَهْبَطَ اللّٰهُ إِلَى الْأَرْضِ مُنْذُ خَلَقَ آدَمَ إِلٰى أَنْ تَقُوْمَ السَّاعَةُ، فِتْنَةً أَعْظَمَ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ، وَقَدْ قُلْتُ فِيْهِ قَوْلًا لَمْ يَقُلْهُ أَحَدٌ قَبْلُ: إِنَّهُ آدَمُ، جَعْدٌ، مَمْسُوْحُ عَيْنِ الْيُسَارِ، عَلٰى عَيْنِهٖ طَفْرَةٌ غَلِيْظَةٌ، وَإِنَّهُ يُبْرِءُ الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ، وَيَقُوْلُ: أَنَا رَبُّكُمْ، فَمَنْ قَالَ: رَبِّيَ اللّٰهُ، فَلَا فِتْنَةَ عَلَيْهِ، وَمَنْ قَالَ: أَنْتَ رَبِّيْ، فَقَدِ افْتُتِنَ، يَلْبَثُ فِيْكُمْ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ يَنْزِلُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَلٰى مِلَّتِهٖ مَاتَ، إِمَامًا مَهْدِيًّا، وَحَكَمًا عَدْلًا، فَيَقْتُلُ الدَّجَّالَ (المعجم الاوسط، للطبرانی، رقم الحدیث ۴۵۸۰، باب العین)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدم علیہ السلام کی پیدائش سے لے کر قیامت قائم ہونے تک اللہ نے ایسا کوئی فتنہ نازل نہیں کیا (اور نہ کرے گا) جو دجال کے فتنہ سے زیادہ عظیم ہو، اور میں نے اس کے بارے میں ایسی باتیں (علامات) بتادی ہیں کہ مجھ سے پہلے ایسی باتیں کسی نے نہیں بتائیں، اس کا رنگ گہرا گندمی ہوگا، وہ گھٹیا اور حقیر شخص ہوگا (یا اس کے بال پیچ دار ہوں گے) بائیں آنکھ مٹی ہوئی (یعنی بے نور) ہوگی، اس کی (دائیں) آنکھ پر موٹی پھلّی ہوگی، وہ مادرزاد اندھے اور ابرص کو تندرست کردے گا، اور کہے گا کہ میں تمہارا رب ہوں، پس جو شخص کہے گا کہ میرا رب اللہ ہے، اس پر کوئی فتنہ نہ ہوگا (یعنی آئندہ ہر قسم کی ایمان شکنی سے محفوظ ہوجائے گا) اور جو شخص کہے گا کہ تو میرا رب ہے، وہ فتنہ میں

مبتلا ہو جائے گا، جب تک اللہ چاہے گا، وہ تمہارے اندر رہے گا، پھر عیسیٰ ابنِ مریم نازل ہوں گے، جو محمد کی تصدیق کرتے ہوئے انہی کی شریعت پر تادمِ حیات کاربند رہیں گے، عیسیٰ علیہ السلام ہدایت یافتہ امام اور حاکم عادل ہوں گے، اور دجال کو قتل کریں گے (طبرانی)

اس حدیث کی سند میں کچھ کمزوری پائی جاتی ہے۔ [1]

عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کی حدیث

محمد بن یوسف بن عبدالسلام کے واسطہ سے، عبداللہ بن سلام سے موقوفاً روایت ہے کہ:

مَكْتُوبٌ فِي التَّوْرَاةِ صِفَةُ مُحَمَّدٍ وَصِفَةُ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ ،يُدْفَنُ مَعَهُ، فَقَالَ أَبُو مَوْدُودٍ: وَقَدْ بَقِيَ فِي الْبَيْتِ مَوْضِعُ قَبْرٍ (سنن الترمذی، رقم الحديث۳۶۱۷،ابواب المناقب، باب بلاترجمة قبل باب ما جاء فی میلاد النبی صلی الله عليه وسلم)

ترجمہ: توراۃ میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی اور عیسیٰ بن مریم (علیہ السلام) کی صفات لکھی ہوئی ہیں (اور عیسیٰ علیہ السلام کی یہ بھی صفت لکھی ہوئی ہے) کہ وہ محمد صلی اللہ علیہ کے پاس دفن کیے جائیں گے، ابومودود نے کہا کہ حجرہ میں ایک قبر کی جگہ باقی ہے (ترمذی)

---

[1] قال الهيثمی: رجاله ثقات وفی بعضهم ضعف لا يضر (مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ۱۲۵۰۱ ،باب ما جاء فی الدجال)

قال أبو حذيفة، نبيل بن منصور بن يعقوب بن سلطان البصارة:

قلت :عمرو بن العباس ترجمه البخاری و ابن أبی حاتم فی كتابيهما ولم يذكرا فيه جرحا ولا تعديلا، وذكره ابن حبان فی "الثقات "وقال :ربما خالف.

ومحمد بن مروان مختلف فيه، وثقه أبو داود وغيره، وضعفه العقيلی وغيره.

والحسن وهو البصری مدلس ولم يذكر سماعا من عبد الله بن مغفل(انيس السارى تخريج احاديث فتح البارى، ج۹، ص۶۷۶۵، تحت رقم الحديث ۴۷۷۱،حرف الياء)

امام ترمذی نے اس روایت کوحسن غریب کہا ہے۔ [1]

امام طبرانی نے بھی مذکورہ حدیث کوروایت کیا ہے۔ [2]

جس کی سند کے بارے میں علامہ ہیثمی نے فرمایا کہ اس میں عثمان بن ضحاک راوی ہے، جس کو ابنِ حبان نے ثقہ اورابوداود نے ضعیف کہا ہے۔ [3]

اورامام بخاری نے ''التاریخُ الکبیر ''میں محمد بن یوسف بن عبداللہ بن سلام کے تذکرہ کے ذیل میں اس کو مرفوعاً روایت کرکے اس کو غیر صحیح کہا ہے،اور محمد بن یوسف کی متابعت نہ ہونے کا حکم لگایا ہے۔ [4]

بہرحال بعض احادیث وروایات ،اگرچہ ضعیف، یا شدید ضعیف اور غیرمعتبر ہیں، جوعقائد کے سلسلہ میں قطعاً نا قابلِ اعتبار ہیں،لیکن ان سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے عقیدہ،اوران کے دجال کوقتل کرنے کے مسئلہ پرفرق نہیں پڑتا،وہ اپنی جگہ برحق ہے۔

---

[1] قال: فقال أبو مودود وقد بقى فى البيت موضع قبر:هذا حديث حسن غريب هكذا قال: عثمان بن الضحاك، والمعروف الضحاك بن عثمان المدينى(سنن الترمذى، حواله بالا)

[2] حدثنا محمد بن أحمد الترمذى، قال: حدثنا بكر بن عبد الوهاب، قال: حدثنا عبد الله بن نافع، عن عثمان بن الضحاك، عن محمد بن يوسف بن عبد الله بن سلام، عن أبيه، عن جده، قال:يدفن عيسى عليه السلام مع رسول الله صلى الله عليه وسلم، وصاحبيه فيكون قبره الرابع(المعجم الكبير، للطبرانى، ج۱۳ص ۱۵۸ ،رقم الحديث ۳۸۴)

[3] قال الهيثمى:رواه الطبرانى، وفيه عثمان بن الضحاك، وثقه ابن حبان وضعفه أبو داود، وقد ذكر المزى رحمه الله هذا فى ترجمته، وعزاه إلى الترمذى وقال :حسن، ولم أجده فى الأطراف والله أعلم. (مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ۱۳۷۹۲ ،باب ذكر المسيح عيسى بن مريم صلى الله عليه وسلم)

[4] وروى عمرو بن يحيى، عن محمد بن يوسف بن عبد الله بن سلام، عن أبى سعيد، عن النبى صلى الله عليه وسلم: من تبع جنازة، فله قيراط .وقال لى الحزامى: حدثنا محمد بن صدقة، سمع عثمان بن الضحاك بن عثمان، أخبرنى محمد بن يوسف بن عبد الله بن سلام، عن أبيه، عن جده: ليدفنن عيسى بن مريم مع النبى صلى الله عليه وسلم فى بيته .قال محمد: هذا لا يصح عندى، ولا يتابع عليه(التاريخ الكبير،ج ۱ ،ص ۲۶۲ ،باب محمد، رقم الترجمة ۸۳۹،تحت ترجمة:"محمد بن يوسف بن عبد الله بن سلام بن الحارث، الخزرجى، الأنصارى")

(فصل نمبر 46)

یاجوج وماجوج کا خروج

پیچھے مختلف احادیث وروایات کے ضمن میں گذر چکا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں ہی یاجوج ماجوج کا بھی خروج ہوگا، جن کے بارے میں قرآن مجید میں بھی ذکر آیا ہے۔

سورہ کہف کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ کہف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

حَتّٰی اِذَا بَلَغَ بَیْنَ السَّدَّیْنِ وَجَدَ مِنْ دُوْنِھِمَا قَوْمًا لَّا یَکَادُوْنَ یَفْقَھُوْنَ قَوْلًا.

قَالُوْا یٰذَا الْقَرْنَیْنِ اِنَّ یَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ فِی الْاَرْضِ فَھَلْ نَجْعَلُ لَکَ خَرْجًا عَلٰٓی اَنْ تَجْعَلَ بَیْنَنَا وَبَیْنَھُمْ سَدًّا.

قَالَ مَا مَکَّنِّیْ فِیْهِ رَبِّیْ خَیْرٌ فَاَعِیْنُوْنِیْ بِقُوَّةٍ اَجْعَلْ بَیْنَکُمْ وَبَیْنَھُمْ رَدْمًا.

اٰتُوْنِیْ زُبَرَ الْحَدِیْدِ حَتّٰی اِذَا سَاوٰی بَیْنَ الصَّدَفَیْنِ قَالَ انْفُخُوْا، حَتّٰی اِذَا جَعَلَهٗ نَارًا، قَالَ اٰتُوْنِیْٓ اُفْرِغْ عَلَیْهِ قِطْرًا.

فَمَا اسْطَاعُوْٓا اَنْ یَّظْھَرُوْهُ وَمَا اسْتَطَاعُوْا لَهٗ نَقْبًا.

قَالَ ھٰذَا رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّیْ، فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ رَبِّیْ جَعَلَهٗ دَکَّآءَ، وَکَانَ وَعْدُ رَبِّیْ حَقًّا.

وَتَرَکْنَا بَعْضَھُمْ یَوْمَئِذٍ یَّمُوْجُ فِیْ بَعْضٍ وَّنُفِخَ فِی الصُّوْرِ

فَجَمَعْنَاهُمْ جَمْعًا (سورة الكهف، رقم الآيات ٩٣، الیٰ ٩٩)

ترجمہ: یہاں تک کہ جب پہنچا وہ (ذوالقرنین) دو پہاڑوں کے درمیان میں، پایا اس (ذوالقرنین) نے ان (پہاڑوں) کے پیچھے ایک قوم کو، جو نہیں تھے قریب کہ سمجھیں وہ کسی بات کو۔

کہا انہوں نے کہ اے ذوالقرنین! بے شک یاجوج اور ماجوج فساد کرتے ہیں زمین میں، تو کیا کردیں ہم آپ کے لئے خرچ اس (شرط) پر کہ کردیں آپ ہمارے درمیان، اوران کے درمیان کوئی دیوار۔

کہا اس (ذوالقرنین) نے کہ وہ چیز کہ طاقت دی میرے رب نے اس میں بہتر ہے، پس اعانت کروتم میری قوت سے، کردوں گا میں تمہارے درمیان، اوران کے درمیان مضبوط بند۔

لاؤ تم میرے پاس لوہے کے ٹکڑے، یہاں تک کہ جب برابر کردیا اس (ذوالقرنین) نے دونوں پہاڑوں کا درمیانی حصہ، کہا کہ دھونکو، یہاں تک کہ جب کردیا اس نے اس (لوہے) کو آگ، تو کہا کہ لاؤ میرے پاس انڈیل دوں میں اس پر پگھلا ہوا تانبا۔

پھر نہیں استطاعت رکھیں گے وہ (یاجوج وماجوج) یہ کہ عبور کرسکیں وہ اس کو، اور نہیں استطاعت رکھیں گے وہ اس کے لئے سوراخ کی۔

کہا اس (ذوالقرنین) نے کہ یہ رحمت ہے میرے رب کی طرف سے، پس جب آجائے گا میرے رب کا وعدہ، تو کردے گا وہ (میرا رب) اس کو ہموار، اور ہے میرے رب کا وعدہ برحق۔

اور چھوڑ دیں گے ہم ان کے بعض کو اس دن، گھسیں گے وہ بعض میں اور پھونک ماری جائے گی، صور میں، پھر جمع کریں گے ہم ان کو جمع (سورہ کہف)

مذکورہ آیات سے معلوم ہوا کہ یاجوج اور ماجوج سے حفاظت کے لئے ذوالقرنین نے ایک مضبوط آہنی دیوار بنائی تھی، جب اللہ کا حکم آئے گا، تو وہ دیوار ختم ہو جائے گی، اور وہ زمین میں فساد برپا کرنے کے لئے ایک دوسرے پر گرتے پڑتے نکل پڑیں گے۔

سورہ انبیاء کا حوالہ

اور قرآن مجید کی سورہ انبیاء میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

حَتّٰى إِذَا فُتِحَتْ يَأْجُوْجُ وَمَأْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ (سورة الانبياء، رقم الآية ٩٦)

ترجمہ: یہاں تک کہ جب کھول دیا جائے گا، یاجوج اور ماجوج کو، اور وہ ہر اونچی جگہ سے تیزی سے آئیں گے (سورہ انبیاء)

معلوم ہوا کہ جب اللہ کی طرف سے یاجوج اور ماجوج کو کھولا جائے گا، تو وہ ہر اونچی جگہ سے انسانی آبادی کی طرف تیزی سے فساد برپا کرنے کے لئے آئیں گے۔

یاجوج وماجوج انسانی نسل میں سے ہیں، حضرت آدم علیہ السلام تک ان کا سلسلۂ نسب پہنچتا ہے، لیکن ابتداء سے ہی غیر متمدن حصۂ زمین پر آباد، غیر مہذب اور وحشی ہیں، ہزاروں سال پہلے ذوالقرنین کے ہاتھوں ان کو آباد و متمدن دنیا سے دُور کر کے محبوس ومحصور کر دینا اور قربِ قیامت پر ان کا اس محاصرے سے چھوٹ کر متمدن وآباد دنیا پر یلغار ولوٹ مار کرنا، قرآن سے ثابت ہے، جو اس وقت کے انسانوں کے لیے بڑا فتنہ اور بڑا سانحہ ہوگا، باقی کئی احوال ان کے احادیث وروایات میں بیان ہوئے ہیں۔

زینب رضی اللہ عنہا کی حدیث

حضرت زینب رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

اِسْتَيْقَظَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ النَّوْمِ مُحْمَرًّا وَجْهُهُ يَقُوْلُ:

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ، فُتِحَ الْيَوْمَ مِنْ رَدْمِ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ مِثْلُ هٰذِهِ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٧٠٥٩، كتاب الفتن، باب قول النبى صلى الله عليه وسلم ويل للعرب من شر قد اقترب)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نیند سے بیدار ہوئے، اور آپ کا چہرہ سرخ تھا، یہ کہہ رہے تھے کہ ''لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ'' عرب کے لئے ہلاکت ہے، اس شر سے جو قریب آچکا ہے، آج یاجوج اور ماجوج کی دیوار میں اتنا (بڑا) سوراخ ہو گیا ہے (بخاری)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَتَحَ اللّٰهُ مِنْ رَدْمِ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ مِثْلَ هٰذَا وَعَقَدَ بِيَدِهِ تِسْعِينَ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٣٣٤٧، كتاب احاديث الانبياء، باب قصة يأجوج ومأجوج)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ نے یاجوج اور ماجوج کی دیوار میں اس طرح کا سوراخ کھول دیا ہے، اور یہ فرماتے ہوئے آپ نے اپنے ہاتھ کی انگلی اور انگوٹھے سے حلقہ (چھوٹا سا سوراخ) بنا کر دکھایا (بخاری)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السَّدِّ قَالَ: يَحْفِرُونَهُ كُلَّ يَوْمٍ حَتّٰى إِذَا كَادُوا يَخْرِقُونَهُ قَالَ الَّذِي عَلَيْهِمُ ارْجِعُوا فَسَتَخْرِقُونَهُ غَدًا فَيُعِيدُهُ اللّٰهُ كَأَشَدِّ مَا كَانَ حَتّٰى إِذَا بَلَغَ مُدَّتَهُمْ وَأَرَادَ اللّٰهُ أَنْ يَبْعَثَهُمْ عَلَى النَّاسِ، قَالَ الَّذِي عَلَيْهِمُ ارْجِعُوا فَسَتَخْرِقُونَهُ غَدًا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ وَاسْتَثْنٰى، قَالَ: فَيَرْجِعُونَ فَيَجِدُونَهُ كَهَيْئَتِهِ حِينَ تَرَكُوهُ فَيَخْرِقُونَهُ

فَيَخْرُجُونَ عَلَى النَّاسِ، فَيَسْتَقُونَ الْمِيَاهَ وَيَفِرُّ النَّاسُ مِنْهُمْ ،فَيَرْمُونَ بِسِهَامِهِمْ فِي السَّمَاءِ فَتَرْجِعُ مُخَضَّبَةً بِالدِّمَاءِ ،فَيَقُولُونَ قَهَرْنَا مَنْ فِي الْأَرْضِ، وَعَلَوْنَا مَنْ فِي السَّمَاءِ قَسْوَةً وَعُلُوًّا ،فَيَبْعَثُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ نَغَفًا فِي أَقْفَائِهِمْ ،فَيَهْلِكُونَ فَوَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ ،إِنَّ دَوَابَّ الْأَرْضِ تَسْمَنُ وَتَبْطَرُ وَتَشْكَرُ شَكَرًا مِنْ لُحُومِهِمْ (سنن الترمذی، رقم الحديث ۳۱۵۳،ابواب تفسير القرآن، باب: ومن سورة الكهف) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سدِ ذوالقرنین کے بارے میں فرمایا کہ یاجوج ماجوج اس دیوار کو روزانہ کھودتے ہیں اور کھودتے کھودتے جب وہ دیوار انہدام کے قریب ہو جاتی ہے (اور سورج غروب ہونے لگتا ہے، تو رات اور اندھیرا ہونے کی وجہ سے) ان کا سردار کہتا ہے (کہ بس اب) واپس چلو، کل تم اسے مکمل توڑ دو گے، لیکن اللہ اسے پہلے کی طرح ویسی ہی مضبوط کر دیتا ہے، یہاں تک کہ جب ان کا مقررہ وقت آ پہنچے گا، اور اللہ کو انہیں انسانوں پر چھوڑنا منظور ہوگا، تو ان کے سردار کی زبان سے یہ جملہ نکلے گا کہ (بس اب) واپس چلو، کل تم اسے ان شاء اللہ مکمل توڑ دو گے، اس (اللہ کے نام کے) استثناء کی وجہ سے جب وہ لوگ اگلے دن لوٹ کر آئیں گے، تو دیوار کو اسی حال میں پائیں گے، جس پر اسے چھوڑ گئے تھے، چنانچہ وہ اسے توڑ دیں گے، اور لوگوں پر باہر نکل آئیں گے، اور (زمین کا) سارا پانی پی جائیں گے، اور لوگ ان سے (ڈر کر) بھاگ جائیں گے، پھر (یاجوج وماجوج) آسمان کی طرف اپنے تیر پھینکیں گے، جو خون سے رنگین ہو کر واپس لوٹیں گے (یہ دیکھ کر) وہ کہیں گے کہ ہم زمین اور آسمان کی ساری مخلوق پر بزورِ غالب آ گئے ہیں، اس پر اللہ ان کی گردن میں گدّی کے پاس ایک کیڑا مسلط

[1] قال الترمذی:هذا حديث حسن غريب إنما نعرفه من هذا الوجه مثل هذا.

فرمادے گا، جس سے یہ ہلاک ہوجائیں گے، قسم ہے اس ذات کی، جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے کہ پھریاجوج وماجوج کا گوشت کھا کھا کر زمین کے کیڑے بھی موٹے اور بھاری بھرکم ہوجائیں گے(ترمذی)

اس حدیث کوامام حاکم نے بھی روایت کیا ہے،اوراس کی سند کو بخاری اور مسلم کی شرط پر قرار دیا ہے،جس کی علامہ ذہبی نے بھی تصدیق کی ہے۔ [1]

اورامام احمد نے بھی اس کوروایت کیا ہے۔ [2]

---

[1] عن أبي هريرة رضي الله عنه، عن النبي صلى الله عليه وسلم في السد، قال: " يحفرونه كل يوم حتى إذا كادوا يخرقونه، قال الذي عليهم: ارجعوا فستخرقونه غدا "، قال: " فيعيده الله عز وجل كأشد ما كان، حتى إذا بلغوا مدتهم وأراد الله تعالى قال الذي عليهم: ارجعوا فستخرقونه غدا إن شاء الله تعالى واستثنى "، قال: " فيرجعون وهو كهيئته حين تركوه، فيخرقونه ويخرجون على الناس، فيستقون المياه ويفر الناس منهم، فيرمون سهامهم في السماء فترجع مخضبة بالدماء، فيقولون: قهرنا أهل الأرض، وغلبنا من في السماء قوة وعلوا "، قال: فيبعث الله عز وجل عليهم نغفا في أقفائهم، قال: فيهلكهم قال: والذي نفس محمد بيده، إن دواب الأرض لتسمن وتبطر، وتشكر شكرا، وتسكر سكرا من لحومهم(المستدرک للحاکم،رقم الحديث ٨٥٠١، کتاب الفتن والملاحم)

قال الحاكم:هذا حديث صحيح على شرط الشيخين، ولم يخرجاه.

وقال الذهبي في التلخيص:على شرط البخاري ومسلم.

[2] حدثنا روح، حدثنا سعيد بن أبي عروبة، عن قتادة، حدثنا أبو رافع، عن أبي هريرة، عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: " إن يأجوج ومأجوج ليحفرون السد كل يوم، حتى إذا كادوا يرون شعاع الشمس، قال الذي عليهم: ارجعوا فستحفرونه غدا، فيعودون إليه كأشد ما كان، حتى إذا بلغت مدتهم، وأراد الله أن يبعثهم على الناس، حفروا، حتى إذا كادوا يرون شعاع الشمس، قال الذي عليهم: ارجعوا فستحفرونه غدا إن شاء الله، ويستثني، فيعودون إليه وهو كهيئته حين تركوه، فيحفرونه ويخرجون على الناس، فينشفون المياه، ويتحصن الناس منهم في حصونهم، فيرمون بسهامهم إلى السماء، فترجع وعليها كهيئة الدم، فيقولون: قهرنا أهل الأرض،وعلونا أهل السماء، فيبعث الله عليهم نغفا في أقفائهم فيقتلهم بها ."

فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " والذي نفس محمد بيده، إن دواب الأرض لتسمن وتشكر شكرا من لحومهم ودمائهم "(مسند احمد،رقم الحديث ١٠٦٣٢)

قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح على شرط الشيخين(حاشية مسند احمد)

اور صحیح ابنِ حبان میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَحْفِرُوْنَ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ حَتّٰى يَكَادُوْا أَنْ يَّرَوْا شُعَاعَ الشَّمْسِ، فَيَقُوْلُوْنَ: نَرْجِعُ إِلَيْهِ غَدًا، فَيَرْجِعُوْنَ وَهُوَ أَشَدُّ مَا كَانَ، حَتّٰى إِذَا بَلَغَتْ مُدَّتُهُمْ وَأَرَادَ اللّٰهُ أَنْ يَّبْعَثَهُمْ عَلَى النَّاسِ، قَالُوْا: نَرْجِعُ إِلَيْهِ غَدًا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، فَيَرْجِعُوْنَ إِلَيْهِ كَهَيْئَةِ مَا تَرَكُوْهُ، فَيَحْفِرُوْنَهُ، فَيَخْرُجُوْنَ عَلَى النَّاسِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَيَفِرُّ النَّاسُ مِنْهُمْ إِلٰى حُصُوْنِهِمْ (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٦٨٢٩، تابع كتاب التاريخ، باب إخباره صلى الله عليه وسلم عما يكون في أمته من الفتن والحوادث) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یاجوج وماجوج دیوار کو روزانہ کھودتے ہیں، یہاں تک کہ وہ جب سورج کی روشنی کو ختم ہونے کے قریب دیکھتے ہیں، تو کہتے ہیں کہ ہم واپس چلتے ہیں، کل اس کی طرف لوٹ کر آئیں گے، پھر وہ لوٹ کر آتے ہیں، تو وہ اسی طرح مضبوط ہو جاتی ہے، جیسے پہلے تھی، یہاں تک کہ جب ان کا مقررہ وقت آ پہنچے گا اور اللہ کو انہیں انسانوں پر چھوڑنا، منظور ہوگا، تو وہ یہ کہیں گے کہ ہم کل لوٹ کر آئیں گے، ان شاء اللہ، پھر وہ اس کی طرف لوٹ کر آئیں گے، تو دیوار کو اسی حال میں پائیں گے، جس حال پر اسے چھوڑ کر گئے تھے، پھر وہ اس دیوار کو کھود دیں گے، پھر وہ لوگوں پر نکل پڑیں گے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر لوگ ان سے بھاگ کر اپنے قلعوں میں چلے جائیں گے (صحیح ابنِ حبان)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده إلى أبي هريرة صحيح على شرط البخاري (حاشية صحيح ابنِ حبان)

www.idaraghufran.org

نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: سَیُوْقِدُ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ قِسِیِّ یَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ وَنُشَّابِھِمْ وَاَتْرِسَتِھِمْ، سَبْعَ سِنِیْنَ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۴۰۷۶، كتاب الفتن، باب فتنة الدجال وخروج عيسى ابن مريم وخروج يأجوج ومأجوج) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قریب ہے کہ مسلمین، یاجوج اور ماجوج (کے مرنے کے بعد ان) کی کمانوں اور ان کے تیروں، اور ان کی ڈھالوں سے سات سال تک (اپنی ضرورت کے لئے) آگ جلائیں گے (یعنی ان کے تیر، اوران کی ڈھالیں اتنی زیادہ مقدار میں ہوں گی) (سنن ابنِ ماجہ)

نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

سنن ترمذی میں حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

ذَکَرَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الدَّجَّالَ ذَاتَ غَدَاۃٍ، فَخَفَّضَ فِیْہِ وَرَفَّعَ حَتّٰی ظَنَنَّاہُ فِیْ طَائِفَۃِ النَّخْلِ، قَالَ: فَانْصَرَفْنَا مِنْ عِنْدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثُمَّ رَجَعْنَا اِلَیْہِ فَعَرَفَ ذٰلِکَ فِیْنَا فَقَالَ: مَا شَاْنُکُمْ؟

قَالَ: قُلْنَا: یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ، ذَکَرْتَ الدَّجَّالَ الْغَدَاۃَ فَخَفَّضْتَ فِیْہِ وَرَفَّعْتَ حَتّٰی ظَنَنَّاہُ فِیْ طَائِفَۃِ النَّخْلِ، قَالَ: غَیْرُ الدَّجَّالِ اَخْوَفُ لِیْ عَلَیْکُمْ، اِنْ یَّخْرُجْ وَاَنَا فِیْکُمْ فَاَنَا حَجِیْجُہٗ دُوْنَکُمْ، وَاِنْ یَّخْرُجْ

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح (حاشية سنن ابنِ ماجه)

وَلَسْتُ فِيكُمْ فَامْرُؤٌ حَجِيجُ نَفْسِهِ ،وَاللّٰهُ خَلِيفَتِي عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ، إِنَّهُ شَابٌّ قَطَطٌ عَيْنُهُ طَافِئَةٌ شَبِيهٌ بِعَبْدِ الْعُزَّى بْنِ قَطَنٍ، فَمَنْ رَآهُ مِنْكُمْ فَلْيَقْرَأْ فَوَاتِحَ سُورَةِ أَصْحَابِ الْكَهْفِ.

قَالَ: يَخْرُجُ مَا بَيْنَ الشَّامِ وَالْعِرَاقِ، فَعَاثَ يَمِينًا وَشِمَالًا، يَا عِبَادَ اللّٰهِ اثْبُتُوا.

قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا لَبْثُهُ فِي الْأَرْضِ؟ قَالَ: أَرْبَعِينَ يَوْمًا، يَوْمٌ كَسَنَةٍ، وَيَوْمٌ كَشَهْرٍ، وَيَوْمٌ كَجُمُعَةٍ ،وَسَائِرُ أَيَّامِهِ كَأَيَّامِكُمْ،قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ،أَرَأَيْتَ الْيَوْمَ الَّذِي كَالسَّنَةِ أَتَكْفِينَا فِيهِ صَلَاةُ يَوْمٍ؟ قَالَ: لَا،وَلٰكِنْ اقْدُرُوا لَهُ.

قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَمَا سُرْعَتُهُ فِي الْأَرْضِ؟ قَالَ: كَالْغَيْثِ اسْتَدْبَرَتْهُ الرِّيحُ فَيَأْتِي الْقَوْمَ فَيَدْعُوهُمْ فَيُكَذِّبُونَهُ وَيَرُدُّونَ عَلَيْهِ قَوْلَهُ فَيَنْصَرِفُ عَنْهُمْ فَتَتْبَعُهُ أَمْوَالُهُمْ وَيُصْبِحُونَ لَيْسَ بِأَيْدِيهِمْ شَيْءٌ.

ثُمَّ يَأْتِي الْقَوْمَ فَيَدْعُوهُمْ فَيَسْتَجِيبُونَ لَهُ وَيُصَدِّقُونَهُ فَيَأْمُرُ السَّمَاءَ أَنْ تُمْطِرَ فَتُمْطِرَ، وَيَأْمُرُ الْأَرْضَ أَنْ تُنْبِتَ فَتُنْبِتَ، فَتَرُوحُ عَلَيْهِمْ سَارِحَتُهُمْ كَأَطْوَلِ مَا كَانَتْ ذُرًا وَأَمَدِّهِ خَوَاصِرَ وَأَدَرِّهِ ضُرُوعًا.

قَالَ: ثُمَّ يَأْتِي الْخَرِبَةَ فَيَقُولُ لَهَا: أَخْرِجِي كُنُوزَكِ فَيَنْصَرِفُ مِنْهَا فَيَتْبَعُهُ كَيَعَاسِيبِ النَّحْلِ، ثُمَّ يَدْعُو رَجُلًا شَابًّا مُمْتَلِئًا شَبَابًا فَيَضْرِبُهُ بِالسَّيْفِ فَيَقْطَعُهُ جِزْلَتَيْنِ ،ثُمَّ يَدْعُوهُ فَيُقْبِلُ يَتَهَلَّلُ وَجْهُهُ يَضْحَكُ.

فَبَيْنَمَا هُوَ كَذٰلِكَ إِذْ هَبَطَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ بِشَرْقِيِّ دِمَشْقَ عِنْدَ الْمَنَارَةِ الْبَيْضَاءِ بَيْنَ مَهْرُودَتَيْنِ وَاضِعًا يَدَيْهِ عَلٰى أَجْنِحَةِ مَلَكَيْنِ إِذَا طَأْطَأَ رَأْسَهُ قَطَرَ، وَإِذَا رَفَعَهُ تَحَدَّرَ مِنْهُ جُمَّانٌ كَاللُّؤْلُؤِ .

قَالَ: وَلَا يَجِدُ رِيحَ نَفَسِهِ، يَعْنِيُ أَحَدًا ،إِلَّا مَاتَ وَرِيحُ نَفَسِهِ مُنْتَهَى بَصَرِهٖ.

قَالَ: فَيَطْلُبُهُ حَتّٰى يُدْرِكَهُ بِبَابِ لُدٍّ فَيَقْتُلَهُ.

قَالَ: فَيَلْبَثُ كَذٰلِكَ مَا شَاءَ اللّٰهُ،قَالَ: ثُمَّ يُوحِي اللّٰهُ إِلَيْهِ أَنْ حَرِّزْ عِبَادِيْ إِلَى الطُّورِ، فَإِنِّيْ قَدْ أَنْزَلْتُ عِبَادًا لِّيْ لَا يَدَانِ لِأَحَدٍ بِقِتَالِهِمْ.

قَالَ: وَيَبْعَثُ اللّٰهُ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ وَهُمْ كَمَا قَالَ اللّٰهُ: ”وَهُمْ مِنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ “قَالَ: فَيَمُرُّ أَوَّلُهُمْ بِبُحَيْرَةِ الطَّبَرِيَّةِ فَيَشْرَبُ مَا فِيْهَا ثُمَّ يَمُرُّ بِهَا آخِرُهُمْ ،فَيَقُوْلُوْنَ: لَقَدْ كَانَ بِهٰذِهٖ مَرَّةً مَاءٌ، ثُمَّ يَسِيْرُوْنَ حَتّٰى يَنْتَهُوْا إِلٰى جَبَلِ بَيْتِ الْمَقْدِسِ فَيَقُوْلُوْنَ: لَقَدْ قَتَلْنَا مَنْ فِي الْأَرْضِ ،فَهَلُمَّ فَلْنَقْتُلْ مَنْ فِي السَّمَاءِ، فَيَرْمُوْنَ بِنُشَّابِهِمْ إِلَى السَّمَاءِ فَيَرُدُّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ نُشَّابَهُمْ مُحْمَرًّا دَمًا.

وَيُحَاصَرُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَأَصْحَابُهُ ،حَتّٰى يَكُوْنَ رَأْسُ الثَّوْرِ يَوْمَئِذٍ خَيْرًا لِّأَحَدِهِمْ مِنْ مِائَةِ دِيْنَارٍ لِأَحَدِكُمُ الْيَوْمَ،فَيَرْغَبُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ إِلَى اللّٰهِ وَأَصْحَابُهُ،فَيُرْسِلُ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ النَّغَفَ فِيْ رِقَابِهِمْ فَيُصْبِحُوْنَ فَرْسَى مَوْتٰى كَمَوْتِ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ، وَيَهْبِطُ عِيْسٰى وَأَصْحَابُهُ فَلَا يَجِدُ مَوْضِعَ شِبْرٍ إِلَّا وَقَدْ مَلَأَتْهُ زَهَمَتُهُمْ وَنَتَنُهُمْ وَدِمَاؤُهُمْ، فَيَرْغَبُ عِيسَى إِلَى اللّٰهِ وَأَصْحَابُهُ.

فَيُرْسِلُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ طَيْرًا كَأَعْنَاقِ الْبُخْتِ، فَتَحْمِلُهُمْ فَتَطْرَحُهُمْ بِالْمَهْبِلِ.

وَيَسْتَوْقِدُ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ قِسِيِّهِمْ وَنُشَّابِهِمْ وَجِعَابِهِمْ سَبْعَ سِنِيْنَ، وَيُرْسِلُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مَطَرًا لَا يُكِنُّ مِنْهُ بَيْتُ وَبَرٍ وَلَا مَدَرٍ، فَيَغْسِلُ

الْأَرْضَ فَيَتْرُكُهَا كَالزَّلَفَةِ،قَالَ:ثُمَّ يُقَالُ لِلْأَرْضِ أَخْرِجِيْ ثَمَرَتَكِ وَرُدِّيْ بَرَكَتَكِ،فَيَوْمَئِذٍ تَأْكُلُ الْعِصَابَةُ الرُّمَّانَةَ، وَيَسْتَظِلُّوْنَ بِقَحْفِهَا وَيُبَارَكُ فِي الرِّسْلِ حَتّٰى إِنَّ الْفِئَامَ مِنَ النَّاسِ لَيَكْتَفُوْنَ بِاللِّقْحَةِ مِنَ الْإِبِلِ، وَإِنَّ الْقَبِيْلَةَ لَيَكْتَفُوْنَ بِاللِّقْحَةِ مِنَ الْبَقَرِ،وَإِنَّ الْفَخِذَ لَيَكْتَفُوْنَ بِاللِّقْحَةِ مِنَ الْغَنَمِ .

فَبَيْنَمَا هُمْ كَذٰلِكَ إِذْ بَعَثَ اللّٰهُ رِيْحًا ،فَقَبَضَتْ رُوْحَ كُلِّ مُؤْمِنٍ، وَيَبْقٰى سَائِرُ النَّاسِ يَتَهَارَجُوْنَ كَمَا تَتَهَارَجُ الْحُمُرُ فَعَلَيْهِمْ تَقُوْمُ السَّاعَةُ (سنن الترمذی،رقم الحدیث ۲۲۴۰، ابواب الفتن، باب ما جاء فی فتنة الدجال) [1]

ترجمہ:ایک دن صبح کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کا ذکر کیا،تو اس طرح اونچے،اور نیچے(یعنی ذلت وحقارت)اور بڑائی(یا نیچی اوراونچی آواز میں)اس کا ذکر کیا کہ ہم گمان کرنے لگے کہ وہ کھجوروں کے باغ کی آڑ میں موجود ہے(یعنی بس وہ برآمد ہونے والا ہے) پھر ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے چلے گئے، پھر ہم دوبارہ خدمت میں حاضر ہوئے،تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے خوف کی حالت کو پہچان لیا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہیں کیا ہوا؟

ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! آپ نے صبح دجال کا ذکر فرمایا،اور آپ نے اس طرح اونچے، نیچے(یعنی ذلت وحقارت)وراس کی بڑائی(یا اونچی، نیچی آواز میں)اس کا ذکر کیا،تو ہمیں گمان ہوا کہ وہ کھجوروں کی آڑ میں موجود ہے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دجال کے علاوہ(دوسرے فتنوں) کا

---

[1] قال الترمذی:هذا حديث حسن صحيح غريب لا نعرفه إلا من حديث عبد الرحمن بن يزيد بن جابر.

مجھے تم پر زیادہ خوف ہے، کیونکہ اگر دجال میری موجودگی میں برآمد ہوا، تو میں اس سے تم لوگوں کی طرف سے مقابلہ کرنے والا ہوں گا اور اگر وہ اس حال میں برآمد ہوا کہ میں تمہارے اندر موجود نہ ہوا، تو ہر شخص خود اپنے نفس کی طرف سے مقابلہ کرے گا، اور اللہ میری طرف سے ہر مسلم کا محافظ ہے۔

بے شک وہ دجال جوان ہوگا، گھنگریالے بالوں والا ہوگا، اس کی ایک آنکھ ابھری ہوئی ہوگی اور وہ عبدالعزی بن قطن کا ہم شکل ہوگا، پس تم میں سے جو کوئی اسے دیکھے، تو اسے چاہیے کہ وہ سورہ کہف کی ابتدائی آیات پڑھے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ شام اور عراق کے درمیان سے برآمد گا، اور دائیں، بائیں فساد مچاتا پھرے گا، اے اللہ کے بندو، تم ثابت قدم رہنا۔

نواس بن سمعان کہتے ہیں کہ پھر ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول، وہ کتنی مدت زمین پر ٹھہرے گا؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ چالیس دن تک ٹھہرے گا، پہلا دن ایک سال کے برابر ہوگا، اور دوسرا دن ایک مہینہ کے برابر ہوگا، اور تیسرا دن ایک ہفتہ کے برابر ہوگا، اور باقی دن تمہارے عام دنوں کے برابر ہوں گے۔

ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کیا اس ایک سال کے برابر دن میں ہمارے لئے ایک دن کی نماز کافی ہوگی؟

اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں، بلکہ تم وقت کا اندازہ لگا لینا (اور اس کے مطابق پانچوں نمازوں کو اداء کرتے رہنا)

حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! اس دجال کی زمین میں رفتار کس طرح کی ہوگی؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان بادلوں کی طرح ہوگی جن کو ہنکا کر ہوا لے جائے، پھر دجال

کچھ لوگوں کے پاس آئے گا، پھران کو دعوت دے گا، وہ لوگ اس کی تکذیب کریں گے، اوراس دجال کی بات کی تردید کریں گے، تو وہ دجال ان کے پاس سے لوٹ کر چلا جائے گا، تو ان لوگوں کے اموال اس دجال کے پیچھے چل پڑیں گے اور وہ لوگ خالی ہاتھ رہ جائیں گے۔

پھر وہ کچھ اور لوگوں کے پاس آئے گا، پھرانہیں دعوت دے گا، تو وہ اس کی بات کو قبول کرلیں گے، اوراس کی تصدیق کریں گے، پھر وہ آسمان کو بارش برسانے کا حکم دے گا، پھر وہ بادل بارش برسائے گا، اور وہ دجال زمین کو اگانے کا حکم دے گا، تو وہ زمین اگائے گی، پھر شام کو ان لوگوں کے جانور اس حالت میں لوٹیں گے کہ ان کے کوہان لمبے، کولہے چوڑے، اور پھیلے ہوئے اور تھن دودھ سے بھرے ہوئے ہوں گے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر وہ دجال ویران جگہ آ کر کہے گا کہ اپنے خزانے باہر نکال دے، پھر جب دجال وہاں سے واپس لوٹے گا، تو خزانے اس کے پیچھے شہد کی مکھیوں کے سرداروں کے پیچھے چلنے کی طرح چل پڑیں گے۔

پھر وہ دجال ایک بھرپور جوان کو بلا کر تلوار سے اس کے دو ٹکڑے کرے گا، پھر اسے پکارے گا، تو وہ زندہ ہو کر ہنستا ہوا، کھلتے چہرہ کے ساتھ اس کو جواب دے گا۔

پھر وہ دجال اسی حال میں مگن ہوگا کہ اچانک عیسیٰ بن مریم ہلکے زرد رنگ کا جوڑا پہنے، دمشق کے سفید مشرقی مینارہ پر اس حالت میں اتریں گے کہ ان کے ہاتھ دو فرشتوں کے بازوؤں پر رکھے ہوں گے، جب وہ اپنا سر نیچے کی طرف کریں گے، تو ان کے بالوں سے قطرے ٹپکیں گے اور جب وہ اپنا سر اوپر اٹھائیں گے، تو موتیوں کی طرح سفید دانے جھڑیں گے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کافر تک عیسیٰ علیہ السلام کے سانس کی

ہوا پہنچے گی، وہ مرجائے گا، اور آپ کی سانس کی ہوا، حدِ نگاہ تک پہنچے گی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر عیسیٰ علیہ السلام دجال کو تلاش کریں گے، یہاں تک کہ وہ دجال کو ''لُــد'' کے دروازے پر پائیں گے، اور اسے قتل کر دیں گے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر جتنا اللہ چاہے گا، اس کے مطابق عیسیٰ علیہ السلام زمین پر قیام کریں گے۔

پھر عیسیٰ علیہ السلام کی طرف اللہ وحی بھیجے گا کہ میرے بندوں کو کوہِ طور پر لے جا کر جمع کرلو، کیونکہ میں ایسی مخلوق کو اتارنے والا ہوں، جن سے لڑنے کی کسی میں طاقت نہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اور اللہ یاجوج ماجوج کو بھیجے گا، اور وہ اللہ کے حکم کے مطابق ہر بلندی سے دوڑتے ہوئے آئیں گے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان یاجوج وماجوج کا پہلا گروہ بحیرہ طبریہ سے گزرے گا، اور اس کا سارا پانی پی جائے گا، پھر جب ان کا دوسرا گروہ وہاں سے گزرے گا، تو وہ کہیں گے کہ یہاں کبھی پانی ہوا کرتا تھا، پھر وہ لوگ آگے چل دیں گے، یہاں تک کہ بیت المقدس کے ایک پہاڑ پر پہنچیں گے، پھر وہ کہیں گے کہ ہم نے زمین والوں کو قتل کردیا، اب آؤ ہم آسمان والوں کو بھی قتل کردیں، پھر وہ آسمان کی طرف اپنے تیر پھینکیں گے، تو اللہ ان کے تیروں کو خون آلود حالت میں واپس بھیج دے گا۔

ادھر عیسیٰ علیہ السلام اور آپ کے ساتھی محصور ہوں گے، یہاں تک کہ ان کے نزدیک گائے کا سر (بھوک کی وجہ سے) تمہارے آج کے سو دیناروں سے زیادہ اہمیت رکھتا ہوگا، پھر عیسیٰ علیہ السلام اور آپ کے ساتھی اللہ کی طرف رجوع کر کے

دعاء کریں گے، تو اللہ ان یاجوج وماجوج کی گردنوں میں کیڑا پیدا کردے گا، یہاں تک کہ وہ سب یک لخت اس طرح مرجائیں گے، جس طرح کوئی ایک ہی جان مری ہو، اور عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی اتریں گے، تو ان مرے ہوئے یاجوج وماجوج کی مردہ لاشوں کی بدبو اور خون کی وجہ سے ایک بالشت جگہ بھی خالی نہیں پائیں گے۔

پھر عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی اللہ سے دعاء کریں گے، تو اللہ لمبی گردن والے اونٹ کی طرح کے پرندے بھیجے گا، وہ پرندے ان کی لاشوں کو اٹھا کر کسی غار (یا گہری وادی) میں (جہاں اللہ کو منظور ہوگا) پہنچادیں گے۔

اور مسلمان ان یاجوج وماجوج کے چھوڑے ہوئے تیروں، کمانوں اور ترکشوں سے سات سال تک آگ جلائیں گے۔

اور اللہ لوگوں پر ایسی بارش برسائے گا، جو ہر گھر اور خیمہ تک پہنچے گی، اور پوری زمین کو دھو کر شیشہ کی طرح صاف شفاف کردے گی، پھر زمین کو حکم ہوگا کہ اپنے پھل باہر نکال اور اپنی برکتیں واپس لا، پھر اس وقت ایک جماعت ایک انار سے کھائے گی، اور اس کے لوگ انار کے چھلکے سے سایہ حاصل کریں گے، اور دودھ میں اتنی برکت پیدا کردی جائے گی کہ ایک اونٹنی کے دودھ سے ایک بڑی جماعت سیر ہوجائے گی، اور ایک گائے کے دودھ سے ایک قبیلہ سیر ہوجائے گا اور ایک بکری کے دودھ سے ایک کنبہ سیر ہوجائے گا۔

پھر وہ لوگ (جب تک اللہ کو منظور ہوگا) اسی طرح زندگی گزار رہے ہوں گے کہ (یکا یک) اللہ ایک ایسی ہوا بھیجے گا، جو ہر مومن کی روح قبض کرلے گی، اور صرف وہ (بدترین) لوگ باقی رہ جائیں گے، جو گدھوں کی طرح ایک دوسرے کے ساتھ رہیں سہیں گے اور ان ہی لوگوں پر قیامت قائم ہوگی (سنن ترمذی)

اور صحیح مسلم کے حوالہ سے حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ کی یہ تفصیلی حدیث پہلے گذر چکی ہے کہ:

ذَكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدَّجَّالَ ذَاتَ غَدَاةٍ، فَخَفَّضَ فِيْهِ وَرَفَّعَ، حَتّٰى ظَنَنَّاهُ فِيْ طَائِفَةِ النَّخْلِ،فَلَمَّا رُحْنَا إِلَيْهِ عَرَفَ ذٰلِكَ فِينَا،فَقَالَ:مَا شَأْنُكُمْ؟قُلْنَا:يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ذَكَرْتَ الدَّجَّالَ غَدَاةً، فَخَفَّضْتَ فِيْهِ وَرَفَّعْتَ، حَتّٰى ظَنَنَّاهُ فِيْ طَائِفَةِ النَّخْلِ،فَقَالَ:غَيْرُ الدَّجَّالِ أَخْوَفُنِيْ عَلَيْكُمْ، إِنْ يَّخْرُجْ وَأَنَا فِيْكُمْ، فَأَنَا حَجِيْجُهُ دُوْنَكُمْ، وَإِنْ يَّخْرُجْ وَلَسْتُ فِيْكُمْ، فَامْرُؤٌ حَجِيْجُ نَفْسِهِ ،وَاللّٰهُ خَلِيْفَتِيْ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ، إِنَّهُ شَابٌّ قَطَطٌ،عَيْنُهُ طَافِئَةٌ،كَأَنِّي أُشَبِّهُهُ بِعَبْدِ الْعُزَّى بْنِ قَطَنٍ،فَمَنْ أَدْرَكَهُ مِنْكُمْ،فَلْيَقْرَأْ عَلَيْهِ فَوَاتِحَ سُوْرَةِ الْكَهْفِ،إِنَّهُ خَارِجٌ خَلَّةً بَيْنَ الشَّأْمِ وَالْعِرَاقِ، فَعَاثَ يَمِيْنًا وَعَاثَ شِمَالًا، يَا عِبَادَ اللّٰهِ فَاثْبُتُوْا.

قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا لَبْثُهُ فِي الْأَرْضِ ؟قَالَ: أَرْبَعُوْنَ يَوْمًا ،يَوْمٌ كَسَنَةٍ، وَيَوْمٌ كَشَهْرٍ ،وَيَوْمٌ كَجُمُعَةٍ ،وَسَائِرُ أَيَّامِهِ كَأَيَّامِكُمْ، قُلْنَا :يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَذٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِیْ كَسَنَةٍ ،أَتَكْفِينَا فِيْهِ صَلَاةُ يَوْمٍ ؟قَالَ لَا اُقْدُرُوْا لَهُ قَدْرَهُ، قُلْنَا :يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا إِسْرَاعُهُ فِي الْأَرْضِ؟ قَالَ: كَالْغَيْثِ اِسْتَدْبَرَتْهُ الرِّيْحُ فَيَأْتِي عَلَى الْقَوْمِ فَيَدْعُوْهُمْ ،فَيُؤْمِنُوْنَ بِهِ، وَيَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُ ،فَيَأْمُرُ السَّمَاءَ فَتُمْطِرُ ،وَالْأَرْضَ فَتُنْبِتُ، فَتَرُوْحُ عَلَيْهِمْ سَارِحَتُهُمْ أَطْوَلَ مَا كَانَتْ ذُرًا ،وَأَسْبَغَهُ ضُرُوْعًا وَأَمَدَّهُ خَوَاصِرَ، ثُمَّ يَأْتِي الْقَوْمَ فَيَدْعُوْهُمْ فَيَرُدُّوْنَ عَلَيْهِ قَوْلَهُ فَيَنْصَرِفُ عَنْهُمْ فَيُصْبِحُوْنَ مُمْحِلِيْنَ لَيْسَ بِأَيْدِيْهِمْ شَيْءٌ مِنْ أَمْوَالِهِمْ، وَيَمُرُّ

بِالْخَرِبَةِ ،فَيَقُولُ لَهَا أَخْرِجِيْ كُنُوزَكِ فَتَتْبَعُهُ كُنُوزُهَا كَيَعَاسِيْبِ النَّحْلِ.

ثُمَّ يَدْعُوْ رَجُلًا مُمْتَلِئًا شَبَابًا فَيَضْرِبُهُ بِالسَّيْفِ فَيَقْطَعُهُ جَزْلَتَيْنِ رَمْيَةَ الْغَرَضِ ،ثُمَّ يَدْعُوْهُ فَيُقْبِلُ وَيَتَهَلَّلُ وَجْهُهُ يَضْحَكُ ،فَبَيْنَمَا هُوَ كَذٰلِكَ إِذْ بَعَثَ اللّٰهُ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ فَيَنْزِلُ عِنْدَ الْمَنَارَةِ الْبَيْضَاءِ شَرْقِيَّ دِمَشْقَ بَيْنَ مَهْرُوْدَتَيْنِ، وَاضِعًا كَفَّيْهِ عَلٰى أَجْنِحَةِ مَلَكَيْنِ ،إِذَا طَأْطَأَ رَأْسَهُ قَطَرَ ،وَإِذَا رَفَعَهُ تَحَدَّرَ مِنْهُ جُمَانٌ ، كَاللُّؤْلُؤِ ،فَلَا يَحِلُّ لِكَافِرٍ يَجِدُ رِيحَ نَفَسِهِ إِلَّا مَاتَ، وَنَفَسُهُ يَنْتَهِيْ حَيْثُ يَنْتَهِيْ طَرْفُهُ، فَيَطْلُبُهُ حَتّٰى يُدْرِكَهُ بِبَابِ لُدٍّ ،فَيَقْتُلُهُ ثُمَّ يَأْتِيْ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ قَوْمٌ قَدْ عَصَمَهُمُ اللّٰهُ مِنْهُ ،فَيَمْسَحُ عَنْ وُجُوْهِهِمْ ،وَيُحَدِّثُهُمْ بِدَرَجَاتِهِمْ فِي الْجَنَّةِ ،فَبَيْنَمَا هُوَ كَذٰلِكَ ،إِذْ أَوْحَى اللّٰهُ إِلٰى عِيْسٰى إِنِّيْ قَدْ أَخْرَجْتُ عِبَادًا لِيْ لَا يَدَانِ لِأَحَدٍ بِقِتَالِهِمْ ،فَحَرِّزْ عِبَادِيْ إِلَى الطُّوْرِ وَيَبْعَثُ اللّٰهُ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ ،وَهُمْ مِنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ، فَيَمُرُّ أَوَائِلُهُمْ عَلٰى بُحَيْرَةِ طَبَرِيَّةَ فَيَشْرَبُوْنَ مَا فِيْهَا، وَيَمُرُّ آخِرُهُمْ فَيَقُوْلُوْنَ:لَقَدْ كَانَ بِهٰذِهِ مَرَّةً مَاءٌ، وَيُحْصَرُ نَبِيُّ اللّٰهِ عِيْسَى وَأَصْحَابُهُ، حَتّٰى يَكُوْنَ رَأْسُ الثَّوْرِ لِأَحَدِهِمْ خَيْرًا مِنْ مِائَةِ دِيْنَارٍ لِأَحَدِكُمُ الْيَوْمَ، فَيَرْغَبُ نَبِيُّ اللّٰهِ عِيْسٰى وَأَصْحَابُهُ، فَيُرْسِلُ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ النَّغَفَ فِيْ رِقَابِهِمْ، فَيُصْبِحُوْنَ فَرْسَى كَمَوْتِ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ، ثُمَّ يَهْبِطُ نَبِيُّ اللّٰهِ عِيْسٰى وَأَصْحَابُهُ إِلَى الْأَرْضِ، فَلَا يَجِدُوْنَ فِي الْأَرْضِ مَوْضِعَ شِبْرٍ إِلَّا مَلَأَهُ زَهَمُهُمْ وَنَتْنُهُمْ، فَيَرْغَبُ نَبِيُّ اللّٰهِ عِيْسٰى وَأَصْحَابُهُ إِلَى اللّٰهِ، فَيُرْسِلُ اللّٰهُ طَيْرًا كَأَعْنَاقِ الْبُخْتِ

فَتَحْمِلُهُمْ فَتَطْرَحُهُمْ حَيْثُ شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ يُرْسِلُ اللّٰهُ مَطَرًا لَا يَكُنُّ مِنْهُ بَيْتُ مَدَرٍ وَلَا وَبَرٍ، فَيَغْسِلُ الْأَرْضَ حَتّٰى يَتْرُكَهَا كَالزَّلَفَةِ.

ثُمَّ يُقَالُ لِلْأَرْضِ أَنْبِتِي ثَمَرَتَكِ وَرُدِّي بَرَكَتَكِ، فَيَوْمَئِذٍ تَأْكُلُ الْعِصَابَةُ مِنَ الرُّمَّانَةِ وَيَسْتَظِلُّونَ بِقِحْفِهَا وَيُبَارَكُ فِي الرِّسْلِ حَتّٰى إِنَّ اللِّقْحَةَ مِنَ الْإِبِلِ لَتَكْفِي الْفِئَامَ مِنَ النَّاسِ وَاللِّقْحَةَ مِنَ الْبَقَرِ لَتَكْفِي الْقَبِيلَةَ مِنَ النَّاسِ وَاللِّقْحَةَ مِنَ الْغَنَمِ لَتَكْفِي الْفَخِذَ مِنَ النَّاسِ.

فَبَيْنَمَا هُمْ كَذٰلِكَ إِذْ بَعَثَ اللّٰهُ رِيحًا طَيِّبَةً، فَتَأْخُذُهُمْ تَحْتَ آبَاطِهِمْ، فَتَقْبِضُ رُوحَ كُلِّ مُؤْمِنٍ وَكُلِّ مُسْلِمٍ، وَيَبْقٰى شِرَارُ النَّاسِ، يَتَهَارَجُونَ فِيهَا تَهَارُجَ الْحُمُرِ، فَعَلَيْهِمْ تَقُومُ السَّاعَةُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۹۳۷ "۱۱۰" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب ذكر الدجال وصفته وما معه)

ترجمہ: ایک دن صبح کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کا ذکر کیا، تو آپ نے کبھی اس فتنہ کی تحقیر کی، اور کبھی اس کے فتنہ کو بڑا کر کے بیان فرمایا (یا کبھی آواز کو پست، اور کبھی بلند کیا) یہاں تک کہ ہم نے گمان کیا کہ وہ کھجوروں کے ایک جھنڈ میں ہے، پس جب ہم شام کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے، تو آپ نے ہمارے خوف کو پہچان لیا، اور فرمایا کہ تمہارا کیا حال ہے؟ ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول آپ نے صبح دجال کا ذکر کیا اور اس میں آپ نے کبھی تحقیر کی اور کبھی اس فتنہ کو بڑا کر کے بیان کیا (یا کبھی آواز کو پست، اور کبھی بلند کیا) یہاں تک کہ ہم نے گمان کیا کہ وہ کھجوروں کے ایک جھنڈ میں ہے تو آپ نے فرمایا کہ میں تمہارے بارے میں دجال کے علاوہ دوسرے فتنوں کا زیادہ خوف کرتا ہوں، اگر دجال میری موجودگی میں ظاہر ہو گیا، تو تمہارے بجائے میں

اس کا مقابلہ کروں گا اور اگر میری غیر موجودگی میں ظاہر ہوا، تو ہر شخص خود اس سے مقابلہ کرنے والا ہوگا، اور اللہ ہر مسلمان پر میرا نگہبان ہوگا، بے شک دجال نوجوان، گھنگریالے بالوں والا، اور پھولی ہوئی آنکھ والا ہوگا، گویا کہ میں اسے عبدالعزی بن قطن نامی شخص کے ساتھ تشبیہ دیتا ہوں، پس تم میں سے جو کوئی اسے پائے، تو اسے چاہئے کہ اس پر سورہ کہف کی ابتدائی آیات کی تلاوت کرے، بے شک اس کا خروج شام اور عراق کے درمیان سے ہوگا، پھر وہ اپنے دائیں اور بائیں جانب فساد برپا کرے، گا اے اللہ کے بندو ثابت قدم رہنا۔

ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! زمین میں وہ (دجال) کتنا عرصہ رہے گا؟ اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ چالیس دن رہے گا، جن میں سے ایک دن ایک سال کے برابر ہوگا، اور ایک دن ایک مہینہ کے برابر، اور ایک دن ایک جمعہ کے برابر ہوگا، اور اُس کے باقی دن تمہارے عام دِنوں کی طرح ہوں گے، ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! جو دن پورے سال کے برابر ہوگا، کیا اس میں ہمیں ایک دن کی نمازیں کافی ہوں گی؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں، بلکہ تم نمازوں کے لیے وقت کا اندازہ کر لینا۔

ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! دجال کی تیز رفتاری کیسی ہوگی؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کی رفتار اس بارش کی طرح ہوگی، جس کو پیچھے سے ہوا ہانک رہی ہو، چنانچہ (وہ اسی رفتار سے) ایک قوم کے پاس آ کر انہیں دعوت دے گا، وہ لوگ اس کی بات مان کر اس پر ایمان لے آئیں گے، پھر وہ (دجال) آسمان کو بارش برسانے کا حکم دے گا، تو وہ بارش برسائے گا، اور زمین کو حکم دے گا، تو وہ اپنی پیداوار اُگائے گی، اور ان کے جانور شام کے وقت اس حال میں واپس آیا کریں گے کہ ان کے کوہان خوب اونچے، تھن خوب لبریز اور کوکھیں

خوب بھری ہوئی ہوں گی۔

پھر دجال ایک جماعت کے پاس جا کر انہیں دعوت دے گا، وہ اس کی دعوت رَد کر دیں گے، اور دجال اُن سے واپس چلا جائے گا، اور وہ لوگ قحط سالی کا شکار ہو جائیں گے، اور ان کے ہاتھ میں ان کا کوئی مال باقی نہ رہے گا، پھر وہ ایک ویرانے پر گزرے گا، اور اس سے کہے گا کہ ''اپنے خزانے نکال'' چنانچہ زمین کے خزانے اس کے پیچھے اس طرح چلیں گے، جیسے شہد کی مکھیاں، اپنی ملکہ مکھی کے پیچھے چلتی ہیں۔

پھر دجال ایک اُبھرتی جوانی والے نوجوان کو بلائے گا، اور اسے تلوار مار کر دو ٹکڑوں میں تقسیم کر دے گا، اور ان ٹکڑوں کے درمیان میں اتنا فاصلہ ہو جائے گا، جتنا تیر مارنے والے اور اس کے نشانے کے درمیان ہوتا ہے، پھر اس کو آواز دے گا، تو وہ زندہ ہو کر ہشاش بشاش چہرے کے ساتھ ہنستا ہوا، اس کے سامنے آ جائے گا، اسی دوران اللہ حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کو بھیج دے گا، اور وہ ہلکے زرد رنگ کے دو کپڑوں کو زیب تن کئے ہوئے دمشق کے مشرقی جانب سفید مینارے پر نزول فرمائیں گے، دونوں ہاتھ دو فرشتوں کے پروں پر رکھے ہوں گے، جب سر جھکائیں گے، تو اس سے پانی کے قطرے ٹپکیں گے، اور جب سر اٹھائیں گے تو اس سے چاندی کے دانوں اور موتیوں کی طرح قطرے ڈھلیں گے، پس جس کافر کو آپ کی سانس کی ہوا پہنچے گی، وہ مر جائے گا، اور آپ کا سانس تا حدِ نگاہ پہنچے گا، پھر آپ دجال کو تلاش کریں گے، تا آنکہ اسے ''لُدّ'' نامی دروازے پر جا ملیں گے، اور اس کو قتل کر دیں گے۔

پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس لوگوں کی وہ جماعت آئے گی، جن کو اللہ نے دجال کے فتنے سے محفوظ فرمایا ہوگا، آپ ان کے چہروں کو صاف کریں گے اور

جنت میں ان کے درجات گنوائیں گے، انہی حالات میں اللہ، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی بھیجے گا کہ میں نے اپنے ایسے بندوں کو نکالا ہے، جن سے لڑنے کی کسی میں طاقت نہیں، اس لئے آپ میرے بندوں کو طور پہاڑ پر جمع کرلیں۔

پھر اللہ، یاجوج وماجوج کو بھیجے گا، اور وہ ہر اونچائی والی جگہوں سے نکل پڑیں گے، ان کی اگلی جماعتیں بحیرہ طبریہ پر سے گزریں گی، اور اس کا سارا پانی پی جائیں گی اور ان کی آخری جماعتیں گزریں گی، تو کہیں گی کہ اس جگہ کسی وقت پانی موجود تھا۔

اور اللہ کے نبی عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی محصور ہو کر رہ جائیں گے، یہاں تک کہ ان میں کسی ایک کے لیے بیل کی سری بھی تم میں سے کسی ایک کے لیے آج کل کے سو دینار سے افضل وبہتر ہوگی۔

پھر اللہ کے نبی عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی اللہ سے دعاء کریں گے، تو اللہ یاجوج وماجوج کی گردنوں میں ایک کیڑا پیدا کرے گا، وہ ایک جان کی موت کی طرح سب کے سب یک لخت مرجائیں گے۔

پھر اللہ کے نبی عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی زمین کی طرف اتریں گے، تو انہیں زمین میں ایک بالشت کی جگہ بھی یاجوج وماجوج کی علامات اور بدبو سے خالی نہیں ملے گی۔

پھر اللہ کے نبی عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی دعاء کریں گے، تو اللہ بختی (مخصوص نسل کے) اونٹوں کی گردنوں کے برابر پرندے بھیجے گا، جو ان کی لاشوں کو اٹھا کر لے جائیں گے اور جہاں اللہ چاہے گا وہاں انہیں پھینک دیں گے۔

پھر اللہ بارش بھیجے گا، جو ہر مکان، خواہ وہ مٹی کا ہو، یا بالوں کا، اس بارش سے نہیں

بچے گا، پھر زمین کو دھو کر آئینہ کی طرح صاف کر چھوڑے گا۔

پھر زمین سے کہا جائے گا کہ اپنی پیداوار اُگا، اور اپنی برکت از سرِ نو ظاہر کر دے، چنانچہ اس زمانہ میں ایک انار (اتنا بڑا ہوگا کہ اُسے) آدمیوں کی ایک جماعت کھا سکے گی، اور اُس کے چھلکے کے نیچے لوگ سایہ حاصل کریں گے، اور دُودھ میں اتنی برکت ہوگی کہ دودھ دینے والی ایک اونٹنی، لوگوں کی بہت بڑی جماعت کے لیے کافی ہوگی، اور دودھ دینے والی گائے، پورے قبیلہ کے لیے کافی ہوگی، اور دودھ دینے والی بکری، پوری برادری کو کافی ہوگی۔

پھر وہ لوگ اسی طرح (زندگی گزار رہے) ہوں گے کہ اللہ پاکیزہ ہوا کو بھیجے گا، جو مومنوں کی بغلوں کے نیچے پہنچے گی، جس سے ہر مومن، اور ہر مسلم کی روح قبض ہو جائے گی، اور شریر ترین لوگ ہی باقی رہ جائیں گے، جو آپس میں گدھوں کی طرح اختلاط رکھیں گے (انسانیت اور شرم وحیاء نام کی کوئی چیز ان میں نہ ہوگی) پھر ان (شریر ترین) لوگوں پر ہی قیامت قائم ہوگی (مسلم)

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تُفْتَحُ يَأْجُوْجُ وَمَأْجُوْجُ فَيَخْرُجُوْنَ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: "وَهُمْ مِنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ" فَيَعُمُّوْنَ الْأَرْضَ، وَيَنْحَازُ مِنْهُمُ الْمُسْلِمُوْنَ، حَتّٰى تَصِيْرَ بَقِيَّةُ الْمُسْلِمِيْنَ فِيْ مَدَائِنِهِمْ وَحُصُوْنِهِمْ، وَيَضُمُّوْنَ إِلَيْهِمْ مَوَاشِيَهُمْ.

حَتّٰى إِنَّهُمْ لَيَمُرُّوْنَ بِالنَّهَرِ فَيَشْرَبُوْنَهُ حَتّٰى مَا يَذَرُوْنَ فِيْهِ شَيْئًا، فَيَمُرُّ آخِرُهُمْ عَلٰى أَثَرِهِمْ، فَيَقُوْلُ قَائِلُهُمْ: لَقَدْ كَانَ بِهٰذَا الْمَكَانِ مَرَّةً مَاءٌ،

وَيَظْهَرُوْنَ عَلَى الْأَرْضِ،فَيَقُوْلُ قَائِلُهُمْ:هٰؤُلَاءِ أَهْلُ الْأَرْضِ قَدْ فَرَغْنَا مِنْهُمْ، وَلَنُنَازِلَنَّ أَهْلَ السَّمَاءِ، حَتّٰى إِنَّ أَحَدَهُمْ لَيَهُزُّ حَرْبَتَهُ إِلَى السَّمَاءِ، فَتَرْجِعُ مُخَضَّبَةً بِالدَّمِ، فَيَقُوْلُوْنَ:قَدْ قَتَلْنَا أَهْلَ السَّمَاءِ.

فَبَيْنَمَا هُمْ كَذٰلِكَ إِذْ بَعَثَ اللّٰهُ دَوَابَّ كَنَغَفِ الْجَرَادِ، فَتَأْخُذُ بِأَعْنَاقِهِمْ فَيَمُوْتُوْنَ مَوْتَ الْجَرَادِ، يَرْكَبُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا، فَيُصْبِحُ الْمُسْلِمُوْنَ لَا يَسْمَعُوْنَ لَهُمْ حِسًّا، فَيَقُوْلُوْنَ:مَنْ رَجُلٌ يَشْرِيْ نَفْسَهُ، وَيَنْظُرُ مَا فَعَلُوْا؟فَيَنْزِلُ مِنْهُمْ رَجُلٌ قَدْ وَطَّنَ نَفْسَهُ عَلٰى أَنْ يَّقْتُلُوْهُ، فَيَجِدُهُمْ مَوْتٰى،فَيُنَادِيهِمْ:أَلَا أَبْشِرُوْا فَقَدْ هَلَكَ عَدُوُّكُمْ، فَيَخْرُجُ النَّاسُ وَيَخْلُوْنَ سَبِيْلَ مَوَاشِيهِمْ، فَمَا يَكُوْنُ لَهُمْ رَعْيٌ إِلَّا لُحُوْمُهُمْ، فَتَشْكَرُ عَلَيْهَا كَأَحْسَنِ مَا شَكِرَتْ مِنْ نَبَاتٍ أَصَابَتْهُ قَطُّ (سنن ابنِ ماجه،رقم الحديث ٤٠٧٩، كتاب الفتن، باب فتنة الدجال وخروجٌ عيسى ابن مريم وخروج يأجوج ومأجوج) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یاجوج اور ماجوج کھول دیئے جائیں گے، پھر وہ نکلیں گے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے (سورہ انبیاء میں) فرمایا کہ ’’وهم من كل حدب ينسلون ‘‘ کہ وہ ہر بلندی سے تیزی سے نکل پڑیں گے، پھر وہ روئے زمین پر پھیل جائیں گے اور مسلمان ان کو چھوڑ کر اپنے شہروں اور قلعوں میں محصور ہو کر رہ جائیں گے، اور وہ اپنے چرانے کے جانوروں کو بھی اپنے ساتھ لے جائیں گے۔

یہاں تک کہ یاجوج اور ماجوج کسی نہر سے گزریں گے تو اس کا پانی پی جائیں گے، یہاں تک کہ اس میں کچھ بھی باقی نہیں چھوڑیں گے، پھر ان میں سے کوئی کہنے والا یہ کہے گا کہ یقیناً اس جگہ میں کسی وقت پانی ہوگا، پھر ان میں سے کوئی

[1] قال شعيب الارنؤوط:إسناده حسن (حاشية سنن ابنِ ماجه)

www.idaraghufran.org

کہنے والا کہے گا کہ ان زمین والوں سے تو اب ہم فارغ ہوگئے ہیں (کوئی ہمارا مقابل نہیں رہا) اب ہم آسمان والوں سے لڑیں گے، یہاں تک کہ ان میں سے کوئی اپنا حربہ آسمان کی طرف پھینکے گا، تو وہ خون میں رنگا ہوا لوٹ کر گرے گا، تو وہ کہیں گے کہ ہم نے آسمان والوں کو بھی مار ڈالا۔

پس وہ اسی حال میں ہوں گے کہ اللہ چند جانور ٹڈیوں کے کیڑوں کی طرح کے بھیجے گا، جو ان کی گردنوں کو کاٹیں گے، پھر وہ سب ٹڈیوں کی طرح یکبارگی مر جائیں گے، ایک کے اوپر ایک پڑا ہوگا، پھر مسلمان صبح کو اٹھیں گے، تو ان کی آواز نہیں سنیں گے، پھر وہ کہیں گے کہ ہم میں سے کون ہے، جو اپنی جان پر کھیلے (یعنی اپنی جان کی پرواہ نہ کرے) اور جا کر دیکھے کہ یاجوج ماجوج کیا کر رہے ہیں، پھر ان میں سے ایک شخص نکلے گا، یہ سمجھ کر کہ وہ مجھ کو ضرور مار ڈالیں گے، پھر وہ ان کو مرا ہوا پائے گا، پھر وہ دوسرے مسلمانوں کو پکار کر کہے گا کہ تم خوش ہو جاؤ، یقیناً تمہارے دشمن مر چکے ہیں، یہ سن کر لوگ نکلیں گے اور اپنے جانوروں کو چرنے کے لیے چھوڑیں گے، پس ان کے چرنے کے لئے کچھ بھی نہیں ہوگا، سوائے یاجوج اور ماجوج کے گوشت کے، پھر وہ اس گوشت کو کھا کر اتنے صحت منداور فربہ ہو جائیں گے کہ کسی گھاس وغیرہ سے کبھی اتنے صحت مند نہ ہوئے ہوں گے (سنن ابنِ ماجہ)

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

اور صحیح بخاری میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيُحَجَّنَّ الْبَيْتُ وَلَيُعْتَمَرَنَّ بَعْدَ خُرُوْجِ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ (صحيح البخارى، رقم الحديث ١٥٩٣، كتاب الحج، باب قول الله تعالى ”جعل الله الكعبة البيت الحرام قياما للناس والشهر الحرام“ الخ)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یاجوج وماجوج کے خروج کے بعد بیت

اللہ کا حج، اور عمرہ ضرور کیا جائے گا (بخاری)

اور صحیح ابنِ حبان میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى لَا يُحَجَّ الْبَيْتَ (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٦٧٥٠، تابع كتاب التاريخ، باب إخباره صلى الله عليه وسلم عما يكون فى أمته من الفتن والحوادث) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک بیت اللہ کا حج نہ کیا جاتا رہے (ابنِ حبان)

اور مستدرک حاکم میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَيُحَجَّنَّ الْبَيْتُ وَلَيُعْتَمَرَنَّ بَعْدَ خُرُوْجِ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ، فَإِنَّهُ يُمْكِنُ أَنْ يُحَجَّ وَيُعْتَمَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ، ثُمَّ يَنْقَطِعُ الْحَجُّ بِمَرَّةٍ (المستدرك للحاكم، رقم الحديث ٨٣٩٩، كتاب الفتن والملاحم) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یاجوج وماجوج کے خروج کے بعد ضرور بیت اللہ کا حج، اور عمرہ کیا جاتا رہے گا، پھر بعد میں کسی وقت حج منقطع ہو جائے گا (ابنِ حبان)

دوسری احادیث میں آیا ہے کہ قیامت سے پہلے بیتُ اللہ کو ویران کر دیا جائے گا، جس کے بعد وہ آباد نہ ہوگا۔

مذکورہ بالا احادیث وروایات سے معلوم ہوا کہ بیتُ اللہ سے متعلق مذکورہ کیفیت یاجوج وماجوج کے خروج تک پیدا نہ ہوگی، بلکہ اس کے بعد جب عیسیٰ علیہ السلام وفات پا جائیں گے، تب ہی پیدا ہوگی، جس کا ذکر آگے الگ فصل میں آتا ہے۔

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية صحيح ابنِ حبان)

[2] قال الذهبي فى التلخيص: صحيح.

www.idaraghufran.org

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

صحیح بخاری میں ہی حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،قَالَ:يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى يَا آدَمُ !فَيَقُوْلُ: لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ فِيْ يَدَيْكَ ،فَيَقُوْلُ: أَخْرِجْ بَعْثَ النَّارِ، قَالَ: وَمَا بَعْثُ النَّارِ؟ قَالَ: مِنْ كُلِّ أَلْفٍ تِسْعَ مِائَةٍ وَتِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ ، فَعِنْدَهُ يَشِيْبُ الصَّغِيْرُ"وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكَارٰى وَمَا هُمْ بِسُكَارٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ " قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ !وَأَيُّنَا ذٰلِكَ الْوَاحِدُ؟ قَالَ: أَبْشِرُوْا فَإِنَّ مِنْكُمْ رَجُلًا وَمِنْ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ أَلْفًا ،ثُمَّ قَالَ: وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ إِنِّيْ أَرْجُوْ أَنْ تَكُوْنُوْا رُبُعَ أَهْلِ الْجَنَّةِ ،فَكَبَّرْنَا ،فَقَالَ: أَرْجُوْ أَنْ تَكُوْنُوْا ثُلُثَ أَهْلِ الْجَنَّةِ ،فَكَبَّرْنَا ،فَقَالَ أَرْجُوْ أَنْ تَكُوْنُوْا نِصْفَ أَهْلِ الْجَنَّةِ ،فَكَبَّرْنَا، فَقَالَ: مَا أَنْتُمْ فِي النَّاسِ إِلَّا كَالشَّعَرَةِ السَّوْدَاءِ فِيْ جِلْدِ ثَوْرٍ أَبْيَضَ ، أَوْ كَشَعَرَةٍ بَيْضَاءَ فِيْ جِلْدِ ثَوْرٍ أَسْوَدَ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٣٣٤٨، كتاب احاديث الانبياء، باب قصة يأجوج ومأجوج)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ (قیامت کے دن) فرمائے گا کہ اے آدم! تو آدم علیہ السلام عرض کریں گے کہ میں حاضر ہوں، اور آپ کی خدمت میں یہ حاضری سعادت وبرکت والی ہے، اور سب خیر (کے خزانے) آپ کے ہاتھوں میں ہیں، تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ "بعث النار" (جہنمی لشکر) کو نکال لو، آدم علیہ السلام عرض کریں گے کہ "بعث النار" کیا ہے؟ اللہ فرمائے گا کہ ہر ہزار (انسانوں) میں سے نوسو ننانوے جہنم کے لیے نکال لو، یہ سنتے ہی بچے (غم وخوف کے مارے، بال سفید ہوکر) بوڑھے ہوجائیں گے، اور حاملہ

عورتوں کا حمل گر جائے گا، اور لوگ مدہوش دکھائی دیں گے، حالانکہ وہ مدہوش نہیں ہوں گے، لیکن بلاشبہ اللہ کا عذاب شدید ہے۔

صحابۂ کرام نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! وہ (ہزار میں سے) ایک نجات پانے والا ہم میں سے کون ہوگا؟ آپ نے جواب میں فرمایا کہ خوش ہوجاؤ کہ (اس ہزار کی تشکیل وتعیین میں) ایک تم میں سے اور ایک ہزار یاجوج وماجوج میں ہوں گے (حاصل یہ کہ جہنم میں جانے والوں میں سے تمہارا اور یاجوج ماجوج کا ایک اور ہزار کا تناسب ہوگا) پھر آپ نے فرمایا کہ اس ذات کی قسم ہے جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، مجھے امید ہے کہ تم لوگ (پوری امتِ محمدیہ، یا صرف جماعتِ صحابہ، دونوں احتمال ہیں، پہلا احتمال زیادہ راجح ہے) اہلِ جنت کا ایک چوتھائی ہوگے (یعنی اہلِ جنت کے تین حصے باقی تمام امتوں میں سے اور چوتھا حصہ صرف اس امت میں سے ہوگا) یہ سُن کر ہم نے اللہ کی تکبیر بیان کی۔

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے امید ہے کہ تم جنت والوں کا ایک تہائی حصہ ہوگے، ہم نے پھر تکبیر کہی، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے امید ہے کہ تم آدھے جنت والوں میں سے ہوگے، ہم نے پھر تکبیر کہی، اس کے بعد آپ نے فرمایا کہ تم دوسرے لوگوں میں اس طرح (نمایاں) ہوگے، جس طرح سفید بیل کی جلد پر (تھوڑے سے) سیاہ بال، یا سیاہ بیل کی جلد پر (تھوڑے سے) سفید بال (نمایاں) ہوتے ہیں (بخاری)

مذکورہ حدیث سے معلوم ہوا کہ جہنم میں یاجوج وماجوج کی تعداد بہت زیادہ ہوگی۔

عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ، فَتَفَاوَتَ بَيْنَ أَصْحَابِهٖ فِي السَّيْرِ، فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَوْتَهٗ بِهَاتَيْنِ الآيَتَيْنِ "يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ" إِلٰى قَوْلِهٖ "وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ"

فَلَمَّا سَمِعَ ذٰلِكَ أَصْحَابُهٗ حَثُّوا الْمَطِيَّ وَعَرَفُوْا أَنَّهٗ عِنْدَ قَوْلٍ يَقُوْلُهٗ، فَقَالَ: هَلْ تَدْرُوْنَ أَيُّ يَوْمٍ ذٰلِكَ؟

قَالُوْا: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ أَعْلَمُ، قَالَ: ذٰلِكَ يَوْمٌ يُنَادِي اللّٰهُ فِيْهِ آدَمَ فَيُنَادِيْهِ رَبُّهٗ فَيَقُوْلُ: يَا آدَمُ اِبْعَثْ بَعْثَ النَّارِ، فَيَقُوْلُ: أَيْ رَبِّ، وَمَا بَعْثُ النَّارِ؟ فَيَقُوْلُ: مِنْ كُلِّ أَلْفٍ تِسْعُ مِائَةٍ وَّتِسْعَةٌ وَتِسْعُوْنَ إِلَى النَّارِ وَوَاحِدٌ فِي الْجَنَّةِ .

فَيَئِسَ الْقَوْمُ، حَتّٰى مَا أَبْدَوْا بِضَاحِكَةٍ، فَلَمَّا رَأٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِيْ بِأَصْحَابِهٖ قَالَ: اِعْمَلُوْا وَأَبْشِرُوْا فَوَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ إِنَّكُمْ لَمَعَ خَلِيْقَتَيْنِ مَا كَانَتَا مَعَ شَيْءٍ إِلَّا كَثَّرَتَاهُ، يَأْجُوْجُ وَمَأْجُوْجُ، وَمَنْ مَاتَ مِنْ بَنِيْ آدَمَ وَبَنِيْ إِبْلِيْسَ قَالَ: فَسُرِّيَ عَنِ الْقَوْمِ بَعْضُ الَّذِيْ يَجِدُوْنَ.

فَقَالَ: اِعْمَلُوْا وَأَبْشِرُوْا فَوَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ مَا أَنْتُمْ فِي النَّاسِ إِلَّا كَالشَّامَةِ فِيْ جَنْبِ الْبَعِيْرِ أَوْ كَالرَّقْمَةِ فِيْ ذِرَاعِ الدَّابَّةِ (سنن الترمذی، رقم الحديث ٣١٦٩، ابواب تفسير القرآن، باب: ومن سورة الحج) [1]

ترجمہ: ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں تھے، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم، اپنے صحابہ سے آگے پیچھے ہو گئے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلند آواز

[1] قال الترمذی: هذا حديث حسن صحيح.

سے (سورہ حج کی) یہ دو آیتیں پڑھیں:

''یَـا أَيُّهَـا النَّـاسُ اتَّـقُـوْا رَبَّـكُـمْ إِنَّ زَلْـزَلَةَ السَّـاعَةِ شَـيْءٌ عَظِيْمٌ'' سے ''وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ'' تک۔

پھر جب آپ کے صحابہ نے یہ سنا، تو اپنی سواریوں کو دوڑا کر آ گئے، اور سمجھ گئے کہ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کوئی بات کہنے والے ہیں، پھر آپ نے فرمایا کہ کیا تم جانتے ہو کہ وہ (قیامت کا) کیسا دن ہے؟

لوگوں نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ وہ دن ہے کہ اللہ، اس دن آدم کو نداء دے گا، پس آدم کو اس کا رب نداء فرمائے گا کہ اے آدم! جہنم کے لئے لشکر تیار کرو، آدم عرض کریں گے کہ اے میرے رب! وہ کونسا لشکر ہے؟ رب تعالیٰ فرمائے گا کہ ہر ہزار آدمیوں میں سے نوسوننانوے جہنمیوں (کا لشکر) اور ایک جنتی کا۔

اس بات سے لوگ مایوس ہو گئے، یہاں تک کہ کوئی مسکرا بھی نہیں سکا، پھر جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کو غمگین دیکھا، تو فرمایا کہ عمل کرو اور خوشخبری حاصل کرو، پس اس ذات کی قسم! جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے، تم ایسی دو مخلوقوں کے ساتھ ہو گے، جو کسی کے ساتھ مل جائیں، تو ان کی تعداد زیادہ کر دیں گی، ایک یاجوج اور ماجوج اور دوسری وہ لوگ جو آدم کی اولاد، اور ابلیس کی اولاد میں سے مر گئے۔

عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ یہ سن کر صحابہ کا وہ غم ختم ہو گیا، جو ان کو لاحق تھا، اور وہ خوش ہو گئے۔

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عمل کرو اور خوشخبری حاصل کرو، پس اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے، نہیں ہو تم دوسرے لوگوں (یاجوج

وماجوج،اورشیاطین،اوردوسری امتوں) کے مقابلہ میں،مگرکسی اونٹ کے پہلو میں تل کی طرح،یاکسی جانور کے ہاتھ کے اندر کے چھوٹے سے نشان کی طرح(ترمذی)

مطلب یہ ہے کہ امتِ محمدیہ کے علاوہ دوسری امتوں،اور یاجوج وماجوج،اورشیاطین کی تعداد بہت زیادہ ہے،جوزیادہ ترجہنمی ہیں۔

انس بن مالک وابنِ عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

نَزَلَتْ "يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ" عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِيْ مَسِيْرٍ لَهُ،فَرَفَعَ بِهَا صَوْتَهُ حَتّٰى ثَابَ إِلَيْهِ أَصْحَابُهُ ثُمَّ قَالَ:أَتَدْرُوْنَ أَيُّ يَوْمٍ هٰذَا؟ يَوْمٌ يَقُوْلُ اللّٰهُ جَلَّا وَعَلَا لِآدَمَ يَا آدَمُ قُمْ فَابْعَثْ بَعْثَ النَّارِ مِنْ كُلِّ أَلْفٍ تِسْعَ مِائَةٍ وَتِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ،فَكَبُرَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:سَدِّدُوْا وَقَارِبُوْا وَأَبْشِرُوْا فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مَا أَنْتُمْ فِي النَّاسِ إِلَّا كَالشَّامَةِ فِيْ جَنْبِ الْبَعِيْرِ أَوْ كَالرَّقْمَةِ فِيْ ذِرَاعِ الدَّابَّةِ، وَإِنَّ مَعَكُمْ لَخَلِيْقَتَيْنِ مَا كَانَتَا مَعَ شَيْءٍ قَطُّ إِلَّا كَثَّرَتَاهُ:يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ وَمَنْ هَلَكَ مِنْ كُفْرِ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ (صحيح ابنِ حبان،رقم الحديث ۷۳۵۴،تابع لكتاب إخباره صلى الله عليه وسلم عن مناقب الصحابة رضى الله عنهم أجمعين،باب إخباره صلى الله عليه وسلم عن البعث وأحوال الناس فى ذلك اليوم) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اوپر(سورہ حج کی) یہ آیت نازل ہوئی کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح على شرط الشيخين(حاشية صحيح ابنِ حبان)

”یَا أَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَیْءٌ عَظِیْمٌ“

اور آپ اس وقت ایک سفر میں چل رہے تھے، پھر آپ نے اپنی آواز کو بلند کیا، یہاں تک کہ آپ کے صحابہ آپ کی طرف دوڑے آئے، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم جانتے ہو، وہ (قیامت کا) دن کیسا ہوگا؟ یہ ایسا دن ہوگا کہ اللہ جلا وعلا، آدم سے فرمائے گا کہ اے آدم! کھڑے ہوجایئے، اور جہنم میں بھیجے جانے والے لشکر کو تیار کیجئے، ہر ہزار میں سے نوسو ننانوے افراد کا، تو یہ بات مسلمین پر گراں گذری، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سیدھے رہو، اور قریب رہو، اور خوشی حاصل کرو، پس اس ذات کی قسم، جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، تم دوسرے لوگوں کے مقابلہ میں اس طرح ہو، جس طرح اونٹ کے پہلو میں تل کا نشان ہوتا ہے، یا جانور کے ہاتھ میں چھوٹا سا نشان ہوتا ہے، اور بے شک تمہارے ساتھ دو مخلوقیں ایسی ہوں گی، جو کبھی کسی بھی چیز کے ساتھ شامل ہوجائیں، تو وہ دونوں اس چیز پر کثرت حاصل کرلیں، ایک تو یاجوج وماجوج، اور دوسرے جنات اور انسانوں میں سے ہلاک شدہ کفار (صحیح ابنِ حبان)

اور حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

تَلَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهِ الْآیَةَ وَعِنْدَهٗ أَصْحَابُهٗ: ”یَا أَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَیْءٌ عَظِیْمٌ“ إِلٰى آخِرِ الْآیَةِ، فَقَالَ: هَلْ تَدْرُوْنَ أَیُّ یَوْمٍ ذَاکَ؟ قَالُوْا: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ أَعْلَمُ، قَالَ: ذَاکَ یَوْمَ یَقُوْلُ اللّٰهُ لِآدَمَ: قُمْ فَابْعَثْ بَعْثَ النَّارِ، أَوْقَالَ: بَعْثًا إِلَى النَّارِ، فَیَقُوْلُ: یَا رَبِّ مِنْ كَمْ؟ قَالَ: مِنْ كُلِّ أَلْفٍ تِسْعَ مِائَةٍ وَتِسْعَةً وَتِسْعِیْنَ إِلَى النَّارِ وَوَاحِدٌ إِلَى الْجَنَّةِ، فَشَقَّ ذٰلِکَ عَلَى الْقَوْمِ، وَوَقَعَتْ عَلَیْهِمُ الْكَآبَةُ وَالْحُزْنُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ

وَسَلَّمَ: إِنِّی لَأَرْجُو أَنْ تَكُونُوا شَطْرَ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَفَرِحُوا، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِعْمَلُوا وَأَبْشِرُوا فَإِنَّكُمْ بَيْنَ خَلِيقَتَيْنِ لَمْ يَكُونَا مَعَ أَحَدٍ إِلَّا كَثَّرَتَاهُ يَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ، وَإِنَّمَا أَنْتُمْ فِی النَّاسِ، أَوْ فِی الْأُمَمِ، كَالشَّامَةِ فِی جَنْبِ الْبَعِيرِ أَوْ كَالرَّقْمَةِ فِی ذِرَاعِ النَّاقَةِ، وَإِنَّمَا أُمَّتِی جُزْءٌ مِنْ أَلْفِ جُزْءٍ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۶۹۷، کتاب الأهوال) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (سورہ حج کی) یہ آیت:

''يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَیْءٌ عَظِيمٌ''

آخر تک تلاوت فرمائی، اور اس وقت آپ کے صحابہ آپ کے ساتھ تھے، پھر فرمایا کہ کیا تم جانتے ہو، وہ (قیامت کا) دن کیسا ہوگا؟ لوگوں نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کا رسول ہی زیادہ جانتا ہے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ ایسا دن ہوگا کہ اللہ، آدم سے فرمائے گا کہ اے آدم! کھڑے ہو جایئے، اور جہنم میں بھیجے جانے والے، یا جہنم کی طرف بھیجے جانے والے افراد کے لشکر کو تیار کیجئے۔

آدم عرض کریں گے کہ اے میرے رب کتنے افراد میں سے کتنے افراد کا لشکر جہنم کے لیے تیار کروں؟ تو اللہ فرمائے گا کہ ہر ہزار میں سے نو سو ننانوے افراد کا لشکر جہنم کی طرف اور ان میں سے ایک کا جنت کی طرف۔

تو یہ بات لوگوں پر گراں گذری، اور ان کو کوفت اور غم و رنج لاحق ہوا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں امید رکھتا ہوں کہ تم آدھے کے قریب جنت والوں میں سے ہوگے، یہ سن کر لوگ خوش ہو گئے، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عمل کرو، اور خوشی حاصل کرو، پس بے شک تم دو ایسی مخلوقوں کے درمیان میں

---

[1] قال الحاکم: هذا حدیث صحیح بهذه الزیادة، ولم یخرجاه.
وقال الذهبی فی التلخیص: صحیح.

www.idaraghufran.org

ہو گے کہ وہ دونوں کسی کے ساتھ بھی شامل ہو جائیں، تو ان پر کثرت حاصل کرلیں، اور وہ مخلوق یاجوج اور ماجوج ہیں، اور بس تم دوسرے لوگوں، یا دوسری امتوں کے مقابلہ میں ایسے ہو گے، جیسے اونٹ کے پہلو میں تل کا نشان، یا اونٹنی کے ہاتھ میں چھوٹا سا نشان ہوتا ہے، اور میری امت ہزار جزء کا ایک جزء ہے (مستدرک حاکم)

مذکورہ بالا احادیث کی سندیں صحیح ہیں۔

ابنِ عباس وابوموسیٰ رضی اللہ عنہما کی ایک اور حدیث

اور حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی سند سے ہی مروی ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَأَ ”يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا“ قَالَ: ذٰلِكَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ، وَذٰلِكَ يَوْمٌ يَقُوْلُ اللّٰهُ جَلَّ ذِكْرُهُ لِآدَمَ: قُمْ فَابْعَثْ مِنْ ذُرِّيَّتِكَ بَعْثًا إِلَى النَّارِ فَقَالَ: مِنْ كَمْ يَا رَبِّ؟ قَالَ: مِنْ أَلْفٍ تِسْعِمِائَةٍ وَتِسْعَةٌ وَتِسْعِيْنَ، وَيَنْجُوْ وَاحِدٌ، فَاشْتَدَّ ذٰلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ، وَعَرَفَ ذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ أَبْصَرَ ذٰلِكَ فِيْ وُجُوْهِهِمْ: إِنَّ بَنِيْ آدَمَ كَثِيْرٌ، وَإِنَّ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ مِنْ وَلَدِ آدَمَ، وَإِنَّهُ لَا يَمُوْتُ مِنْهُمْ رَجُلٌ حَتّٰى يَرِثَهُ لِصُلْبِهِ أَلْفُ رَجُلٍ وَفِيْهِمْ وَفِيْ أَشْبَاهِهِمْ جُنَّةٌ لَكُمْ (المعجم الكبير للطبرانی، ج ۱۱ ص ۳۶، رقم الحدیث ۱۲۰۳۴)

ترجمہ: رسول اللہ علیہ وسلم نے ایک دن سورہ مزمل کی یہ آیت تلاوت کی کہ:

”يَوْمًا يَجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا“

www.idaraghufran.org

’’(اگرانکارکروتم)اس دن کاجوکردے گالڑکوں کوبوڑھا‘‘

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ قیامت کا دن ہے، جوایسا دن ہے کہ جس دن اللہ جل ذکرہٗ، آدم سے فرمائے گا کہ اٹھیےاوراپنی ذریت میں سے جہنم میں بھیجے جانے کالشکر تیار کیجئے، آدم کہیں گے کہ اے میرے رب! کتنے لوگوں میں سے کتنے لوگوں کالشکر جہنم کے لئے تیار کروں؟

اللہ فرمائے گا کہ ہزار میں سے نوسوننانوے افراد کا، اور ایک نجات پانے والا ہوگا۔

پس یہ بات مسلمین پر بھاری گذری، اوراس کیفیت کورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہچان لیا، پھررسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب لوگوں کے چہروں کی یہ کیفیت دیکھی، توفرمایا کہ آدم کی اولاد بہت زیادہ ہے، اور بے شک یاجوج اور ماجوج، آدم کی اولاد میں سے ہیں، اوران میں سے جب بھی کوئی ایک آدمی فوت ہوتا ہے، تواس کے صلب سے ہزارافراداس کے وارث ہوتے ہیں، اوران میں اوران کے مثل دوسری مخلوق (کافروں وشیاطین) میں تمہارے لئے ڈھال ہے

(طبرانی)

اس حدیث کی سند میں کمزوری پائی جاتی ہے۔[1]

لیکن اس حدیث کے مفہوم کی دوسری روایات سے تائید ہوتی ہے۔

جہاں تک مومنین کے لئے یاجوج وماجوج اوران کے مثل کافروں اورشیطانوں کے ڈھال ہونے کاتعلق ہے، تواس سے یہی مراد ہے کہ جہنم میں ان کی اکثریت مومنوں کی طرف سے کفایت کاسامان بنے گی، جس کودوسری احادیث میں مومنوں کافدیہ قراردیا گیا ہے۔

چنانچہ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: إِذَا کَانَ یَوْمُ الْقِیَامَةِ دُفِعَ إِلٰی

[1] قال الھیثمی: رواہ الطبرانی، وفیہ عثمان بن عطاء الخراسانی وھو ضعیف (مجمع الزوائد، تحت رقم الحدیث ۱۱۴۴۶، کتاب التفسیر، سورۃ المزمل)

كُلِّ مُؤْمِنٍ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْمِلَلِ، فَقَالَ لَهُ: هٰذَا فِدَاؤُكَ مِنَ النَّارِ

(مسند احمد، رقم الحديث ١٩٦٧٠) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب قیامت کا دن ہوگا، تو ہر مومن کو دوسرے مذاہب کے لوگوں میں سے ایک آدمی دیا جائے گا کہ یہ تیرا جہنم سے بچاؤ کا فدیہ ہے (مسند احمد)

اور یہ بات ظاہر ہے کہ دوسری احادیث میں یاجوج وماجوج کو بھی جہنمی قرار دیا گیا ہے، اور آسمان والوں کو مارنے کے لئے ان کا تیر پھینکنا، ان کے کافر ہونے کی دلیل ہے، جس سے ان کا مومنوں کے علاوہ دوسرے اہلِ مذاہب میں داخل ہوکر مذکورہ حدیث کا مصداق ہونا معلوم ہوتا ہے۔

ابنِ مسعود، ابنِ عمرو، وعبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہم کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی سند سے مروی ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ أَقَلُّ مَا يَتْرُكُ أَحَدُهُمْ لِصُلْبِهِ أَلْفًا مِنَ الذُّرِّيَّةِ، وَإِنَّ مِنْ وَّرَائِهِمْ أُمَمًا ثَلَاثَةً: مِنْسَكٌ وَتَأْوِيلٌ وَتَارِيسٌ، لَا يَعْلَمُ عَدَدُهُمْ إِلَّا اللّٰهُ (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٦٨٢٨، تابع كتاب التاريخ، باب إخباره صلى الله عليه وسلم عما يكون فى أمته من الفتن والحوادث)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یاجوج اور ماجوج کے ایک فرد کی صلبی نسل کی کم از کم تعداد جو وہ چھوڑتا ہے، ہزار افراد کے برابر ہوتی ہے، اور ان کے پیچھے پھر تین امتیں ہیں، ایک کا نام ''منسک'' دوسری کا نام ''تاویل'' اور

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح، وهذا إسناده حسن (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

تیسری کا نام ''تاریس'' ہے، جن کی تعداد اللہ ہی کو معلوم ہے (صحیح ابنِ حبان)

اس حدیث کی سند کو کمزور قرار دیا گیا ہے۔ [1]

اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے موقوفاً روایت ہے کہ:

إِنَّ اللّٰـهَ عَـزَّ وَجَـلَّ جَـزَّأَ الْـخَلْقَ عَشَرَةَ أَجْزَاءٍ، فَجَعَلَ تِسْعَةَ أَجْزَاءٍ الْـمَلَائِـكَةَ، وَجُـزْءًا سَـائِـرَ الْـخَلْقِ، وَجَزَّأَ الْمَلَائِكَةَ عَشَرَةَ أَجْزَاءٍ، فَـجَـعَـلَ تِـسْـعَةَ أَجْـزَاءٍ يُسَبِّـحُونَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُونَ ،وَجُزْءًا لِـرِسَـالَتِـهِ، وَجَـزَّأَ الْـخَلْقَ عَشَرَةَ أَجْزَاءٍ ،فَجَعَلَ تِسْعَةَ أَجْزَاءٍ الْجِنَّ، وَجُـزْءًا بَـنِـيْ آدَمَ، وَجَزَّأَ بَنِيْ آدَمَ عَشَرَةَ أَجْزَاءٍ، فَجَعَلَ تِسْعَةَ أَجْزَاءٍ يَـأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ، وَجُزْءًا سَائِرَ النَّاسِ (المستدرک للحاکم،رقم الحديث ٨٥٠٦، كتاب الفتن والملاحم)

ترجمہ: بے شک اللہ عزوجل نے مخلوق کو دس حصوں میں تقسیم فرمایا ہے،تو نو حصے فرشتوں کے بنائے ہیں، اور ایک حصہ تمام مخلوق کا ہے، اور فرشتوں کو بھی دس حصوں میں تقسیم فرمایا ہے،تو نو حصے اُن (فرشتوں) کے بنائے ہیں، جو رات اور دن تسبیح کرتے ہیں، تھکتے نہیں ہیں، اور ایک حصہ اپنا پیغام بھجوانے والے (فرشتوں) کا رکھا ہے۔

اور مخلوق کو جو دس حصوں میں تقسیم کیا ہے،تو نو حصے جنات کے بنائے ہیں،اور ایک حصہ بنی آدم کا بنایا ہے، اور بنی آدم کو بھی دس حصوں میں تقسیم کیا ہے،تو نو حصے یاجوج ماجوج کے بنائے ہیں،اور ایک حصہ تمام لوگوں کا بنایا ہے (مستدرک حاکم)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:
إسناده ضعيف، أبو إسحاق :هـو عمرو بن عبد الله السبيعي، قد اختلط وزيد بن أبي أنيسة لم ينص أحـد عـلى أنه قد سمع منه قبل اختلاطه، وقد رواه قدماء أصحاب أبي إسحاق عنه، فلم يذكروا هذا الحرف في حديثه كما سيأتي في التخريج(حاشية صحيح ابنِ حبان)

امام حاکم نے اس حدیث کی سند کو صحیح کہا ہے، اور امام ذہبی نے بھی صحیح کہا ہے۔ [1]

اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے موقوفاً روایت ہے کہ:

يَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ يَمُرُّ أَوَّلُهُمْ بِنَهَرٍ مِثْلِ دِجْلَةَ، وَيَمُرُّ آخِرُهُمْ فَيَقُولُ: قَدْ كَانَ فِي هٰذَا النَّهَرِ مَرَّةً مَاءٌ، وَلَا يَمُوتُ رَجُلٌ إِلَّا تَرَكَ أَلْفًا مِنْ ذُرِّيَّتِهِ فَصَاعِدًا، وَمَنْ بَعْدَهُمْ ثَلَاثَةُ أُمَمٍ: تَاوِيسَ وَتَاوِيلَ وَنَاسِكٌ وَمَنْسَكٌ شَكَّ شُعْبَةُ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۵۰۵، کتاب الفتن والملاحم)

ترجمہ: یاجوج ماجوج کا پہلا شخص دجلہ جیسی نہر سے گذرے گا (یہاں تک کہ وہ لوگ اس نہر کے پانی کا صفایا کردیں گے) اور ان کا آخری شخص گذرے گا، تو کہے گا کہ کسی وقت یہاں پانی ہوا کرتا ہوگا، اور ان میں سے کوئی آدمی بھی اُس وقت تک نہیں مَرتا، جب تک کہ اُس کی صُلب سے ہزار، یا اس سے زیادہ افراد پیدا نہ ہوجائیں، اور ان کے علاوہ بھی تین امتیں ہیں، جن کی تعداد اللہ کے علاوہ کوئی نہیں جانتا، ان کے نام ”تاویس، تاویل، ناسک، یا منسک“ ہیں، شعبہ (راوی) کو ان الفاظ میں شک ہے (مستدرک حاکم)

امام حاکم نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے، جس کی امام ذہبی نے بھی موافقت کی ہے۔ [2]

اور عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث مرفوعاً بھی مروی ہے۔ [3]

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد و لم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: صحيح.

[2] قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين، ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: على شرط البخاري ومسلم.

[3] حدثنا منتصر بن محمد، ثنا الوليد بن شجاع بن الوليد، ثنا أبي، عن زياد بن خيثمة، حدثني أبو إسحاق، أن وهب بن جابر، حدثه، عن عبد الله بن عمرو، عن رسول الله صلى الله عليه وسلم: إن يأجوج ومأجوج يموت منهم الرجل، وأقل ما يدع من ذريته ألفا أو يزيدون، وإن من ورائهم أمما: منسك، وتاويل، وتاريس لم يرو هذا الحديث عن زياد بن خيثمة إلا شجاع، تفرد به: ابنه "(المعجم الاوسط للطبرانی، رقم الحديث ۸۵۹۸، باب الميم)

علامہ ہیثمی نے اس کی سند کے راویوں کی توثیق کی ہے۔ [1]

لیکن بعض حضرات نے تحقیق کرتے ہوئے عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی مرفوع سند کو کمزور، اور موقوف سند کو صحیح قرار دیا ہے، ساتھ ہی یہ بھی فرمایا کہ اس کو مرفوع حدیث کا حکم حاصل ہے، کیونکہ صحابی کا ایسی بات نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنے بغیر کہنا مشکل ہے۔ [2]

اور ابنِ ابی شیبہ نے عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ سے موقوفاً روایت کیا ہے۔

قَالَ: مَا مَاتَ رَجُلٌ مِنْ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ إِلَّا تَرَكَ أَلْفَ ذُرِّيٍّ لِصُلْبِهِ (مصنف ابنِ ابی شیبة، رقم الحدیث ۳۸۶۹۶، کتاب الفتن، باب ما ذکر فی فتنة الدجال)

ترجمہ: عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یاجوج وماجوج میں سے جو آدمی بھی فوت ہوجاتا ہے، تو اپنی صلبی اولاد میں ہزار افراد کو چھوڑتا ہے (مصنف ابنِ ابی شیبہ)

اوس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ لَهُمْ نِسَاءٌ يُجَامِعُوْنَ مَا شَاءُوْا، وَشَجَرٌ يُلَقِّحُوْنَ مَا شَاءُوْا، فَلَا يَمُوْتُ

---

[1] رواه الطبرانی فی الکبیر والأوسط، ورجاله ثقات (مجمع الزوائد، تحت رقم الحدیث ۱۲۵۷۱، باب ما جاء فی یأجوج ومأجوج)

[2] قال سعد بن ناصر بن عبد العزیز الشَّثری: قلت: هذا إسناد صحیح، رواته ثقات، ولا یضر اختلاط أبی إسحاق السبیعی، لأن الذین رووا عنه هذا الوجه هم من القدماء الذین سمعوا منه قبل اختلاطه مثل سفیان الثوری، وشعبة، وغیرهما ,ولا یضر تدلیسه أیضا لأنه صرح بالسماع بینه وبین وهب بن جابر، کما تقدم ذلک فی حدیث شعبة عنه، وقد تقدم ذکره فی "الفتن "لنعیم بن حماد وفی "المستدرک "للحاکم، ثم إن شعبة إذا روى عنه فهی مقبولة ولو کانت بالعنعنة؛ لأنه کفانا تدلیسه (حاشیة المطالب العالیة، ج۱۸، ص ۴۶۳، تحت رقم الحدیث ۴۵۲۷، کتاب الفتن، باب یاجوج وماجوج)

فالخلاصة: أن حدیث الباب صحیح موقوفا علی عبد الله بن عمرو رضی الله عنه، وله حکم الرفع؛ لأنه من الأمور الغیبیة التی لا یقال فیها بالرأی، والله أعلم (حاشیة المطالب العالیة، ج۱۸، ص ۴۶۳، تحت رقم الحدیث ۴۵۲۷، کتاب الفتن، باب یاجوج وماجوج)

مِنْهُمْ رَجُلٌ إِلَّا تَرَكَ مِنْ ذُرِّيَّتِهِ أَلْفًا فَصَاعِدًا (السنن الکبریٰ للنسائی، رقم الحدیث ۱۱۲۷۱)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یاجوج وماجوج کی بھی عورتیں ہوتی ہیں، جن سے وہ جب چاہتے ہیں، صحبت کرتے ہیں، اور حسبِ خواہش درخت کو بھی حاملہ بناتے ہیں، اُن میں سے کوئی بھی اُس وقت تک نہیں مَرتا، جب تک کہ اُس کی صُلب سے ہزار افراد، یا اس سے زیادہ پیدا نہ ہوجائیں (سنن کبریٰ نسائی)

بعض حضرات نے اس کی سند کو درست، اور موقوف ہونے کو راجح قرار دیا ہے۔ [1]

جبکہ بعض حضرات نے اس کی سند کو ضعیف قرار دیا ہے۔ [2]

---

[1] قال أبو حذيفة، نبيل بن منصور بن يعقوب بن سلطان البصارة:
وابن عمرو بن أوس قال الحافظ فی "التهذيب :(12/ 305) "هو عبد الرحمن"
وقال فی "التقريب :(2/ 518) "يقال اسمه عبد الرحمن"
ولم يذكر فيه جرحا ولا تعديلا .وسهل بن حماد هو أبو عتاب الدلال قال أبو حاتم وأبو زرعة :صالح الحديث .وباقی رجال الإسناد ثقات(انيس السارى تخريج احاديث فتح البارى، ج٣، ص١٩٦٥، تحت رقم الحديث ١٣٧٥،حرف الهمزة)
وقال ايضاً:
واختلف فيه علی سهل بن حماد البصری، فرواه محمد بن المثنی عنه ثنا شعبة عن النعمان بن سالم قال :سمعت نافع بن جبير بن مطعم يقول :قال ابن عمرو :فذكره، وهو موقوف.
أخرجه ابن جرير فی "تفسيره.(17/ 88) "(انيس السارى تخريج احاديث فتح البارى، ج٩،ص٦٥٥٨، تحت رقم الحديث ٤٥٩٤،حرف الياء)

[2] قال الألبانی:ضعيف.أخرجه النسائی فی "التفسير "من "السنن الكبری "(/6/408 11334) من طريق ابن عمرو بن أوس عن أبيه عن جده به .قلت :وهذا إسناد ضعيف ، رجاله ثقات غير ابن عمرو هذا ؛ فإنه لا يعرف .أورده الحافظ فی "باب من نسب إلی أبيه أو ".....من "التهذيب "، وجزم فيه أن اسمه عبدالرحمن .وقال فی "التقريب": "يقال :اسمه عبدالرحمن ، تقدم فی ابن أوس. "كذا وقع فيه ، والصواب " :فی ابن أبی أوس "؛ فقد قال فی أول الباب المشار إليه ":ابن أبی أوس الثقفی ، وفی رواية :ابن عمرو بن أوس ، يقال :اسمه عبدالرحمن ، هو عبدالله. "كذا الأصل ، ولعله " :ويقال :هو عبدالله. "هذا كل ما ترجمه به ، ومنه تبين أن الرجل مجهول لا يعرف (سلسلة الضعيفة تحت رقم الحديث ٣٢٠٩)

حذیفہ رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث

طبرانی میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی سند سے ایک حدیث میں یہ مضمون مروی ہے کہ:

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یاجوج، ایک امت ہے، اور ماجوج دوسری امت ہے، کل امت چار ہزار امتوں پر مشتمل ہے، ان میں سے جو آدمی بھی فوت ہوتا ہے، تو وہ اپنی صلب سے ہزار تک افراد، اپنے سامنے دیکھ کر فوت ہوتا ہے، ان میں سے ہر ایک نے اسلحہ لے رکھا ہے۔

اور ان کی تین قسمیں ہیں ایک قسم ایسی ہے، جس کے سامنے کوئی پہاڑ اور پتھر بھی نہیں ٹھہرتا، اور ایک قسم ایسی ہے جو اپنے کانوں سے شکار کرتی ہے، اور ایک دوسرے کے ساتھ لپٹتی ہے۔

اور باقی لوگوں کا یہ حال ہے کہ وہ ہاتھی، اور وحشی جانور اور اونٹ اور خنزیر، جس چیز کے بھی پاس سے گذرتے ہیں، اسے کھا جاتے ہیں، اور ان میں سے جو فوت ہوجاتا ہے، اسے بھی کھا جاتے ہیں، اور ان کا ابتدائی حصہ ملکِ شام میں، اور آخری حصہ خراسان میں ہوگا، یہ لوگ مشرق کی نہروں، اور بحیرہ طبریہ کے پانی کو بھی پی جائیں گے'' ۔انتھٰی۔ [1]

---

[1] حدثنا على بن سعيد الرازى قال: نا محمد بن عمرو بن حنان الحمصى قال: نا يحيى بن سعيد العطار قال: نا محمد بن إسحاق، عن الأعمش، عن شقيق بن سلمة، عن حذيفة بن اليمان قال: سألت رسول الله صلى الله عليه وسلم، عن يأجوج ومأجوج؟ قال: يأجوج أمة، ومأجوج أمة، كل أمة أربعمائة ألف أمة، لا يموت الرجل حتى ينظر إلى ألف ذكر بين يديه من صلبه، كل واحد قد حمل السلاح قلت: يا رسول الله، صفهم لنا؟ قال: هم ثلاثة أصناف: صنف منهم أمثال الأرز قلت: وما الأرز؟ قال: شجر بالشام طول الشجرة عشرون ومائة ذراع فى السماء ، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: هؤلاء الذين لا يقوم لهم حيل ولا حديد، وصنف منهم يفترش بأذنه، ويلتحف بالأخرى، لا يمرون بفيل ولا وحش ولا جمل ولا خنزير إلا أكلوه، ومن مات منهم أكلوه، مقدمتهم بالشام، وساقتهم بخراسان، يشربون أنهار المشرق، وبحيرة طبرية (المعجم الاوسط للطبرانى،رقم الحديث ۳۸۵۵، باب العين)

علامہ ہیثمی نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند میں یحییٰ بن سعید عطار نام کا راوی ضعیف ہے۔ ۱

اس کے علاوہ مذکورہ حدیث کی سند میں محمد بن اسحاق عکاشی نام کے راوی کو کئی محدثین نے جھوٹا اور حدیث کو گھڑنے والا قرار دیا ہے۔ ۲

اسی لئے بعض حضرات نے اس حدیث پر گھڑی ہوئی ہونے کا حکم لگایا ہے۔ ۳

اس لئے مذکورہ حدیث کے مضمون کی تصدیق نہیں کی جاسکتی۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث

مسند بزار میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے یہ حدیث مروی ہے کہ:

---

۱ قال الهيثمي:رواه الطبراني في الأوسط، وفيه يحيى بن سعيد العطار وهو ضعيف(مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۲۵۷۲ ،باب ما جاء في يأجوج ومأجوج)

۲ وقال أبو حذيفة، نبيل بن منصور بن يعقوب بن سلطان البصارة :قلت :ومحمد بن إسحاق هو العكاشي قال ابن معين وأبو حاتم :كذاب، وقال ابن حبان :يضع الحديث على الثقات، وقال الدارقطني :متروك يضع(انيس الساري،ج۹،ص۶۵۵۷، تحت رقم الحديث ۴۵۹۴،حرف الياء)

۳ قال الالباني:موضوع:......أخرجه ابن عدى في "الكامل "(6/ 169) ، ومن طريقه ابن الجوزي في "الموضوعات "(1/ 206) ، والطبراني في "المعجم الأوسط "(1/ 1/227/ 4012) ، والواحدي في "التفسير "(ق 1/ 193) ، والحافظ عبد الغني المقدسي في الثالث والتسعين من "جزئه "(2 /43) من طريق يحيى بن سعيد العطار قال :أخبرنا محمد بن إسحاق، عن الأعمش، عن شقيق بن سلمة، عن حذيفة بن اليمان قال :سألت رسول الله -صلى الله عليه وسلم -عن يأجوج ومأجوج؟ قال :فذكره .وقال الطبراني: "لم يروه عن الأعمش إلا محمد بن إسحاق، ولا عنه إلا يحيى بن سعيد العطار."

قلت :وهو ضعيف؛ كما قال الهيثمي (6 /8) ، والحافظ في "التقريب."واتهمه بعضهم، ولذلك قال في "الفتح "(13/ 106)": وهو ضعيف جدا."

لكن شيخه أسوأ منه، وهو محمد بن إسحاق -وهو العكاشي -، وفي ترجمته ساقه ابن عدي في أحاديث أخرى له قال عقبها":كلها مناكير موضوعة."

ووافقه ابن الجوزي، وقال":ومحمد بن إسحاق هو العكاشي؛ قال ابن معين :كذاب .وقال الدارقطني :يضع الحديث."

وقال الحافظ في "الفتح "عقب قوله المذكور آنفا ":ومحمد بن إسحاق؛ قال ابن عدي :ليس هو صاحب المغازي، بل هو العكاشي .قال :والحديث موضوع .وقال ابن أبي حاتم :منكر(سلسلة الاحاديث الضعيفة،تحت رقم الحديث ۴۱۴۳)

’’نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نوح علیہ السلام کے تین بیٹے’’سام‘‘اور’’حام‘‘ اور’’یافث‘‘ ہیں، پس سام کی اولاد تو عرب اور فارس، اور روم کے لوگ ہیں، اور ان ہی میں خیر ہے، اور یافث کی اولاد، یاجوج اور ماجوج، اور ترکی، اور صقالیہ کے لوگ ہیں، اور ان میں کوئی خیر نہیں، اور حام کی اولاد، قبطی اور بربر اور سوڈان کے لوگ ہیں‘‘ [1]

لیکن اس حدیث کی سند کمزور ہے، جس پر اس طرح کے عقیدہ کی بنیاد نہیں رکھی جاسکتی۔ [2]

---

[1] حدثنا إبراهيم بن هانیء، وأحمد بن الحسين بن عباد أبو العباس، قالا: حدثنا محمد بن يزيد بن سنان الرهاوی، قال: حدثنی أبی، عن يحيى بن سعيد، عن سعيد بن المسيب، عن أبی هريرة، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ولد لنوح سام وحام ويافث فولد لسام العرب وفارس والروم والخير فيهم وولد ليافث يأجوج ومأجوج والترك والصقالبة، ولا خير فيهم وولد لحام القبط والبربر والسودان(مسند البزار،رقم الحديث٨ ٢١)

[2] قال أبو حذيفة، نبيل بن منصور بن يعقوب بن سلطان البصارة :
ضعيف:......أخرجه البزار (218) وابن حبان فی "المجروحين "(3/ 107) وابن عدی (7/ 2725) والخطيب فی "تالی التلخيص "(43) من طريق محمد بن يزيد بن سنان الجزری عن أبيه ثنا يحيى بن سعيد الأنصاری عن سعيد بن المسيب عن أبی هريرة مرفوعا به.قال البزار :لا نعلم أسنده عن النبی-صلى الله عليه وسلم -إلا أبو هريرة بهذا الإسناد، تفرد به يزيد بن سنان، وتفرد به ابنه عنه، ورواه غيره مرسلا، وإنما جعله من قول سعيد"وقال ابن عدی :لا أعلم روى هذا الحديث عن يحيى بن سعيد بهذا الإسناد غير يزيد بن سنان"
قلت :وهو ضعيف كما قال أحمد وابن المدينی والنسائی وأبو داود والدارقطنی .وابنه محمد مختلف فيه.طريق أخرى :قال سليمان بن عمر بن خالد الرقی :ثنا محمد بن سلمة عن سليمان بن أرقم عن الزهری عن سعيد بن المسيب عن أبی هريرة مرفوعا "ولد نوح سام وحام ويافث، فأما سام فأبو العرب وفارس والروم وأهل مصر وأهل الشام، وأما يافث فأبو الحزر ويأجوج ومأجوج، وأما حام فأبو هذه الجلدة السوداء "
أخرجه ابن عدی (3/ 1101)وإسناده ضعيف جدا، سليمان بن أرقم متروك الحديث، قاله أبو داود وأبو حاتم والترمذی وابن خراش وأبو أحمد الحاكم والدارقطنی والنسائی .وأخرجه ابن الجوزی فی "تنوير الغبش "من طريق أبی القاسم عبد الله بن محمد البغوی ثنا حاجب بن الوليد ثنا محمد بن سلمة به(انيس السارى تخريج احاديث فتح البارى، ج٨، ص٥٩٣٦، ٥٩٣٧، تحت رقم الحديث ٤١٤٥، حرف الواو)

انس رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ کی سند سے یہ حدیث مروی ہے کہ:

’’رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خضر علیہ السلام سمندر میں ہوتے ہیں، اور الیسع علیہ السلام خشکی میں ہوتے ہیں، اور یہ دونوں ہر رات میں لوگوں، اور یاجوج وماجوج کے درمیان ذوالقرنین کی بنائی ہوئی دیوار کے قریب جمع ہوتے ہیں، اور ہر سال حج کرتے ہیں، یا جمع ہوتے ہیں، اور زمزم کی ایک گھونٹ پیتے ہیں، جوان دونوں کو ایک سال کے لئے کافی ہو جاتی ہے‘‘ (مسند حارث، ابونعیم) [1]

لیکن اس حدیث کی سند میں دو راوی شدید ضعیف ہیں۔ [2]

---

[1] حدثنا عبد الرحيم بن واقد ، ثنا القاسم بن بهرام ، ثنا أبان ، عن أنس بن مالك قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إن الخضر فى البحر واليسع فى البر ، يجتمعان كل ليلة عند الردم الذى بناه ذو القرنين بين الناس وبين يأجوج ومأجوج ، ويحجان أو يجتمعان كل عام ، ويشربان من زمزم شربة تكفيهما إلى قابل ، قلت: قد ذهب من الأصل مقدار ثلث سطر(مسند الحارث =بغية الباحث عن زوائد مسند الحارث،رقم الحديث ٩٢٦،كتاب علامات النبوة،باب ما جاء فى اليسع والخضر صلى الله على نبينا وعليهما وسلم)

حدثنا أبو بكر بن خلاد، حدثنا الحارث بن أبى أسامة، حدثنا عبد الرحيم بن واقد، حدثنا القاسم بن بهرام، حدثنا أبان بن أبى عياش، عن أنس بن مالك، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: أخى الخضر فى البحر وأليسع فى البر يجتمعان ويحجان فى كل عام ويشربان من زمزم شربة تكفيهما إلى قابل وطعامهما الكرفس(الطب النبوى،لابى نعيم الأصبهانى،ج٢ص٦٣٣،رقم الحديث ٦٨٢)

[2] قال ابن حجر العسقلانى:قال الحارث بن أبى أسامة فى مسندة :حدثنا عبد الرحيم بن واقد، حدثنى محمد بن بهرام، حدثنا أبان عن أنس، قال :قال رسول الله صلى الله عليه وسلم :إن الخضر فى البحر:واليسع فى البر، يجتمعان كل ليلة عند الردم الذى بناه ذو القرنين بين الناس وبين يأجوج ومأجوج ويحجان ويعتمران كل عام، ويشربان من زمزمكم شربة تكفيهما إلى قابل.قلت :وعبد الرحيم وأبان متروكان.وقال عبد الله بن المغيرة، عن ثور، عن خالد بن معدان، عن كعب، قال : الخضر على منبر من نور بين البحر الأعلى والبحر الأسفل .وقد أمرت دواب البحر أن تسمع له وتطيع، وتعرض عليه الأرواح غدوة وعشية، ذكره العقيلى.

وقال :عبد الله بن المغيرة يحدث بما لا أصل له(الاصابة فى تمييز الصحابة، ج٢،ص ٢٥١،الخاء بعدها الضاد:الخضر صاحب موسى عليه السلام)

جبکہ بعض حضرات نے اس حدیث کو سند کے اعتبار سے گھڑی ہوئی کہا ہے۔ [1]

اس لیے مذکورہ حدیث کی تصدیق نہیں کی جاسکتی۔

بہرحال آیاتِ قرآنیہ اور احادیثِ صحیحہ سے قبل از قیامت، یاجوج وماجوج کا خروج ثابت ہے، جو دنیا میں بہت فساد اور اودھم برپا کرنے والی قوم، اور اللہ کے نافرمان لوگ ہیں، جو اس وقت بھی دنیا کے کسی ایسے مقام پر موجود ہیں، جو اللہ ہی کو معلوم ہے، اور قیامت سے پہلے عام انسانوں کے معاشرے میں داخل ہوکر، اور فساد برپا کرکے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دور میں ہلاک ہوکر نیست ونابود ہوجائیں گے۔

وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.

---

[1] قال الالبانی:

(إن الخضر فی البحر، والیسع فی البر، یجتمعان کل لیلة عند الردم الذی بناہ ذو القرنین بین الناس وبین یأجوج ومأجوج؛ یحجان ویعتمران کل عام، ویشربان من زمزم شربة تکفیهما إلی قابل).

موضوع .أخرجه الحارث بن أبی أسامة فی "مسنده "(ق 110/ - 1 زوائده) : حدثنا عبد الرحیم بن واقد :ثنا القاسم بن بهرام :ثنا أبان عن أنس مرفوعا به .قال الهیثمی عقبه:

"قلت :وقد ذهب من الأصل مقدار ثلث سطر ."

قلت :وکذلک أوردہ السیوطی فی "الجامع الکبیر "إلی قوله " :قابل "من روایة الحارث، ثم قال ":وفیه أبان، وعبد الرحیم بن واقد؛ متروکان ."

وهو حدیث موضوع؛ ککل أحادیث حیاة الخضر علیه السلام، علی ما حققه العلماء الأجلاء ؛ کشیخ الإسلام ابن تیمیة، وقد أورد ابن الجوزی طائفة کبیرة منها فی " الموضوعات "، وتبعه السیوطی فی "اللآلی المصنوعة "، ولیس هذا فیها، فکان علیه أن یوردہ فی "ذیل الأحادیث الموضوعة "الذی استدرک فیه ما فات ابن الجوزی من الموضوعات؛ فإن أبان هذا -وهو ابن أبی عیاش -؛ کان یکذب فی الحدیث؛ کما قال شعبة(سلسلة الاحادیث الضعیفة تحت رقم الحدیث ۵۵۲۹)

www.idaraghufran.org

(فصل نمبر 47)

دھویں کا پیدا ہونا

بعض احادیث وروایات سے قیامت سے پہلے محیطِ عام دھویں کا پیدا ہونا معلوم ہوتا ہے۔

حذیفہ بن اسید غفاری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت حذیفہ بن اسید غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَشْرَفَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غُرْفَةٍ وَنَحْنُ نَتَذَاكَرُ السَّاعَةَ، فَقَالَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَرَوْنَ عَشْرَ آيَاتٍ، طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَالدُّخَانُ، وَالدَّابَّةُ، وَخُرُوجُ يَأْجُوجَ، وَمَأْجُوجَ، وَخُرُوجُ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَالدَّجَّالِ، وَثَلَاثُ خُسُوفٍ: خَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِجَزِيرَةِ الْعَرَبِ، وَنَارٌ تَخْرُجُ مِنْ قَعْرِ عَدَنٍ، تَسُوقُ، أَوْ تَحْشُرُ النَّاسَ، تَبِيتُ مَعَهُمْ حَيْثُ بَاتُوا، وَتَقِيلُ مَعَهُمْ حَيْثُ قَالُوا (مسند احمد، رقم الحديث ١٦١٤٤)[1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں بالا خانہ سے جھانک کر دیکھا، اور ہم قیامت کا مذاکرہ کررہے تھے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک کہ تم دس علامات نہ دیکھ لو (ایک تو) سورج کا مغرب سے طلوع ہونا، اور (دوسرے) دھواں، اور (تیسرے) دابۃُ الارض،

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

اور (چوتھے) یاجوج وماجوج کا خروج، اور (پانچویں) عیسیٰ بن مریم کا خروج، اور (چھٹے) دجال کا خروج، اور (ساتویں، آٹھویں، اورنویں) تین جگہوں میں دھسنا، ایک مشرق میں، ایک مغرب میں، اورایک جزیرۃ العرب میں، اور (دسویں) عدن کی گہرائی سے نکلنے والی آگ، جو لوگوں کو ہنکائے گی، یا جمع کرے گی، جہاں لوگ رات گذاریں گے، وہ آگ بھی وہیں رات گذارے گی، اور جہاں لوگ دوپہر کو ٹھہریں گے، یہ آگ بھی وہاں دوپہر کو ٹھہرے گی (مسند احمد)

واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَكُوْنَ عَشْرُ آيَاتٍ: خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ فِيْ جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ، وَالدَّجَّالُ، وَالدُّخَانُ، وَنُزُوْلُ عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ، فَيَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ، وَالدَّابَّةُ، وَطُلُوْعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَنَارٌ تَخْرُجُ مِنْ قَعْرِ عَدْنَ تَسُوْقُ النَّاسَ إِلَى الْمَحْشَرِ، تَحْشُرُ الذَّرَّ وَالنَّمْلَ (المستدرک للحاكم، رقم الحديث ٨٣١٧، كتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک دس نشانیاں نہ دیکھ لی جائیں، ایک تو مشرق میں دھنسنا، دوسرے مغرب میں دھنسنا، تیسرے جزیرۂ عرب میں دھنسنا، چوتھے دجال، پانچویں دھواں، چھٹے عیسیٰ بن مریم کا نزول، ساتویں، یاجوج وماجوج،

---

[1] قال الحاكم:
هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص:
صحيح.

آٹھویں دابۃُ الارض، نویں سورج کا مغرب سے طلوع ہونا، دسویں آگ، جو عدن کی گہرائی سے نکلے گی، اور لوگوں کو ہانکتی ہوئی محشر کی طرف لے جائے گی، اور چھوٹی اور بڑی چیونٹیوں کو جمع کردے گی (حاکم)

مذکورہ احادیث سے معلوم ہوا کہ قیامت کے قائم ہونے سے پہلے مخصوص دھواں بھی ظاہر ہوگا۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: بَادِرُوْا بِالْأَعْمَالِ سِتًّا، طُلُوْعَ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، أَوِ الدُّخَانَ، أَوِ الدَّجَّالَ، أَوِ الدَّابَّةَ، أَوْ خَاصَّةَ أَحَدِكُمْ أَوْ أَمْرَ الْعَامَّةِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٤٧ "١٢٨" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب في بقية من أحاديث الدجال)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم نیک اعمال میں چھ چیزوں سے پہلے سبقت اختیار کرلو، ایک تو سورج کے مغرب کی طرف سے طلوع ہونے سے پہلے، دوسرے دھویں سے پہلے، تیسرے دجال سے پہلے، چوتھے دابہ سے پہلے، پانچویں تمہارے خاص (یعنی ہر شخص کے اپنی موت) سے پہلے، چھٹے عام (انسانوں کی ہلاکت، یا قیامت) سے پہلے (مسلم)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ إِذَا خَرَجْنَ لَمْ يَنْفَعُ نَفْسًا إِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ، أَوْ كَسَبَتْ فِيْ إِيْمَانِهَا خَيْرًا،

طُلُوْعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَالدُّخَانُ، وَدَابَّةُ الْأَرْضِ (مسند احمد، رقم الحدیث ۹۷۵۲) ؎۱

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تین چیزیں ایسی ہیں کہ جب وہ نکل جائیں گی، تو کسی نفس کو اس کا ایمان لانا نفع نہیں دے گا، جبکہ وہ ان سے پہلے ایمان نہ لایا ہو، یا اپنے ایمان میں کوئی خیر نہ اختیار کی ہو، ایک تو سورج کا مغرب سے طلوع ہونا، دوسرے دھویں کا نکلنا، تیسرے دابۃ الارض کا نکلنا (مسند احمد)

انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَادِرُوْا بِالْأَعْمَالِ سِتًّا، طُلُوْعَ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَالدُّخَانَ، وَدَابَّةَ الْأَرْضِ، وَالدَّجَّالَ، وَخُوَيْصَّةَ أَحَدِكُمْ، وَأَمْرَ الْعَامَّةِ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۴۰۵۶، ابواب الفتن، باب الآيات) ؎۲

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم نیک اعمال میں چھ چیزوں سے پہلے سبقت اختیار کرلو، ایک تو سورج کے مغرب کی طرف سے طلوع ہونے سے پہلے، دوسرے دھویں سے پہلے، تیسرے دابۃُ الارض سے پہلے، چوتھے دجال سے پہلے، پانچویں تمہارے خاص (یعنی ہر شخص کی اپنی موت) سے پہلے، چھٹے عام (انسانوں کی ہلاکت، یا قیامت) سے پہلے (سنن ابنِ ماجہ)

؎۱ قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية مسند احمد)

؎۲ قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره، وهذا إسناد حسن فى المتابعات والشواهد (حاشية سنن ابنِ ماجه)

ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ أَجَارَكُمْ مِنْ ثَلَاثِ خِلَالٍ: أَنْ لَّا يَدْعُوَ عَلَيْكُمْ نَبِيُّكُمْ فَتَهْلِكُوا جَمِيعًا، وَأَنْ لَّا يَظْهَرَ أَهْلُ الْبَاطِلِ عَلٰى أَهْلِ الْحَقِّ، وَأَنْ لَّا تَجْتَمِعُوا عَلٰى ضَلَالَةٍ، فَهٰؤُلَاءِ أَجَارَكُمُ اللّٰهُ مِنْهُنَّ، وَرَبُّكُمْ أَنْذَرَكُمْ ثَلَاثًا: اَلدُّخَانَ، يَأْخُذُ الْمُؤْمِنَ مِنْهُ كَالزَّكْمَةِ، وَيَأْخُذُ الْكَافِرَ فَيَنْتَفِخُ وَيَخْرُجُ مِنْ كُلِّ مَسْمَعٍ مِنْهُ، وَالثَّانِيَةُ الدَّابَّةُ، وَالثَّالِثَةُ الدَّجَّالُ (المعجم الكبير للطبرانی، ج۳ص ۲۹۲، رقم الحديث ۳۴۴۰) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بلاشبہ اللہ عزوجل نے تمہیں تین چیزوں سے محفوظ کردیا، ایک یہ کہ تمہارے نبی تم پر (عمومی ہلاکت کی) بددعاء نہ کریں، جس سے تم سب (پوری امت) ہلاک ہوجاؤ (جیسے حضرت نوح علیہ السلام نے آخرکار اپنی امت کی ہدایت سے نا اُمید ہوکر ان کی عمومی ہلاکت کی بددعاء کی تھی، اور پھر وہ قوم طوفانِ نوح میں غرقاب ہوگئی؛ رَبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْكَافِرِينَ دَيَّارًا. سورۃ نوح) دوسرے یہ کہ اہلِ باطل اہلِ حق پر (مجموعی طور پر) غالب نہیں آئیں گے (جزوی مغلوبیت اپنی نافرمانیوں کی پاداش میں ہوتی رہتی ہے) تیسرے یہ کہ تم (پوری امت) گمراہی پر جمع ومتفق نہ ہوگے (امت میں گمراہیوں اور گمراہوں کی کیسی ہی کثرت ہوجائے، ایک جماعت اہلِ حق کی ہمیشہ قائم رہے گی) پس یہ وہ اُمور ہیں، جن سے اللہ نے

---

[1] قال ابن كثير: رواه الطبرانی عن هاشم بن يزيد، عن محمد بن إسماعيل بن عياش، به وهذا إسناد جيد (تفسير ابنِ كثير، ج۷، ص ۲۲۸، سورة الدخان)

www.idaraghufran.org

تمہیں محفوظ کردیا، اور (مسلمانو!) تمہارا ربّ تمہیں (آئندہ پیش آنے والی) تین چیزوں سے ڈراتا ہے، ایک دخان (یعنی قیامت کے قریب ظاہر ہونے والا ایک محیطِ عام دھویں سے) کہ مؤمن اس سے صرف زکام جیسی تکلیف کی کیفیت میں مبتلا ہوگا، اور کافر کو وہ دھواں پہنچے گا، تو وہ اس کی وجہ سے پھول جائے گا (اور متورّم ہوجائے گا) اور وہ دھواں اس کافر کے ہر کان سے نکلے گا، دوسرے دابّۃ الارض (ایک عجیب الخلقت جانور جو قیامت کے قریب ظاہر ہوگا) سے، تیسرے دجال سے (طبرانی)

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث

ابنِ ابی حاتم نے اپنی تفسیر میں حسن بصری کی سند سے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ:

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دھواں سب لوگوں کو گھیر لے گا، مومن کو تو صرف زکام کی طرح پکڑے گا، اور جہاں تک کافر کا تعلق ہے، تو وہ سانس کے ساتھ داخل ہوکر اس کے ہر کان سے نکلے گا" [1]

اور ابنِ جریر طبری نے حسن بصری کی سند سے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے اس کو موقوفاً روایت کیا ہے۔ [2]

تاہم بعض اہلِ علم حضرات نے مذکورہ دونوں روایات کو حسن بصری کے ابوسعید خدری رضی اللہ

---

[1] حدثنا أبو زرعة حدثنا صفوان، ثنا الوليد، ثنا خليل، عن الحسن، عن أبى سعيد الخدرى رضى الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال :يهيج الدخان بالناس فأما المؤمن فيأخذه كالزكمة، وأما الكافر فينفخه حتى يخرج من كل مسمع منه(تفسير ابنِ ابى حاتم،ج١٠،ص٣٢٨٧،٣٢٨٨،سورة الدخان،رقم الحديث ١٨٥٣٣)

[2] حدثنا بشر، قال: ثنا يزيد، قال: ثنا سعيد، عن قتادة، عن الحسن، عن أبى سعيد، قال: يهيج الدخان بالناس؛ فأما المؤمن فيأخذه منه كهيئة الزكمة، وأما الكافر فيهيجه حتى يخرج من كل مسمع منه(تفسير الطبرى،ج٢١،ص١٩،سورة الدخان)

عنہ سے سماعت نہ کرنے اوران کے عنعنہ کے ساتھ روایت کرنے کی وجہ سے ضعیف قرار دیا ہے۔

لیکن اگراس حیثیت سے دیکھا جائے کہ اس سے پہلی ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث اس مضمون کی تائید کرتی ہے، تو پھران روایات میں ایک درجہ قوت حاصل ہو جاتی ہے۔

حذیفہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

ابنِ جریر طبری نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی سند سے ایک حدیث سورہ دخان کی تفسیر میں قیامت سے پہلے دھویں کے اسی طرح سے ظاہر ہونے کی روایت کی ہے، جس کا پیچھے ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ذکر گذرا۔ [1]

لیکن خود ابنِ جریر طبری نے اس حدیث کی صحت پر عدمِ اطمینان کا اظہار کیا ہے۔

اور بعض دوسرے اہلِ علم حضرات نے بھی اس حدیث کو گھڑی ہوئی قرار دیا ہے۔ [2]

---

[1] حدثنى عصام بن رواد بن الجراح، قال: ثنى أبى، قال: ثنا سفيان بن سعيد الثورى، قال: ثنا منصور بن المعتمر، عن ربعى بن حراش، قال: سمعت حذيفة بن اليمان يقول: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:" أول الآيات الدجال، ونزول عيسى ابن مريم، ونار تخرج من قعر عدن أبين، تسوق الناس إلى المحشر، تقيل معهم إذا قالوا، والدخان ."قال حذيفة: يا رسول الله، وما الدخان؟ فتلا رسول الله صلى الله عليه وسلم الآية:"يوم تأتى السماء بدخان مبين،يغشى الناس هذا عذاب أليم"يملأ ما بين المشرق والمغرب، يمكث أربعين يوما وليلة؛ أما المؤمن فيصيبه منه كهيئة الزكام، وأما الكافر كمنزلة السكران يخرج من منخريه وأذنيه ودبره "(تفسير الطبرى، ج ٢١،ص ١٩، ٢٠، سورة الدخان)

[2] قال الالبانى:

موضوع بهذا التمام.

أخرجه الطبرى فى "تفسيره "(25/86) : حدثنى عصام بن رواد بن الجراح قال :ثنى أبى قال :ثنا سفيان بن سعيد الثورى قال :ثنا منصور بن المعتمر عن ربعى بن حراش قال :سمعت حذيفة بن اليمان يقول :قال رسول الله صلى الله عليه وسلم....:فذكره.

وقال الطبرى عقبه ":لاأشهد له بالصحة، لأن محمد بن خلف العسقلانى :حدثنى أنه

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

بہرحال قیامت سے پہلے فی الجملہ مخصوص دھویں کے پیدا ہونے کا ذکر ملتا ہے، اگرچہ اس کی زیادہ تفاصیل نہیں ملتیں، اسی لئے بعض حضرات نے قیامت کی اس علامت کو مستقل طور پر ذکر نہیں کیا۔

لیکن بعض دوسرے حضرات نے اس علامت کا مستقل طور پر ذکر کیا ہے، حقیقتِ حال تو اللہ ہی کو معلوم ہے، بندوں تک قرآن وسنت کی جو بات معتبر طریقہ سے پہنچے، اس کو قبول کرنا چاہیے، اوراپنی طرف سے اس میں غیرضروری کدوکاوش نہیں کرنی چاہیے۔

وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.

﴿گزشتہ صفحے کابقیہ حاشیہ﴾

سأل (روادا) عن هذا الحديث :هل سمعه من سفيان؟ فقال له :لا .فقلت له:فقرأت عليه؟ فقال :لا فقلت له :فقرء عليه وأنت حاضر فأقر به؟ فقال :لا.فقلت :فمن أين جئت به؟ قال :جاء نى به قوم، فعرضوه على، وقالوا لى :اسمعه منا، فقرء وه على، ثم ذهبوا، فحدثوا به عنى، أو كما قال ."قلت :كذا فيه" :فحدثوا به عنى ."وكذا وقع فى مكان آخر من "تفسير ابن جرير "(22/73) ، ولعله من تخاليط (رواد) ، فقد وصفوه بالاختلاط مع صلاحه، والسياق يقتضى أن يكون الجواب" :فحدثت به عنه ."وهذا هو الذى ذكره الذهبى فى "الميزان "عن أبى حاتم فى حديث آخر بلفظ " :خيركم خفيف الحاذ "، وقد مضى تخريجه برقم (3580) ، وقد ذكرت هناك عبارته، ولفظه ... ":ثم حدث به بعد، يظن أنه من سماعه."

ولذلک قال الحافظ فى "التقريب"."صدوق اختلط بأخرة، فترک، وفى حديثه عن الثورى ضعف شديد."

وقال ابن كثير عقب كلام ابن جرير الطبرى المتقدم (4/139) ": وقد أجاد ابن جرير فى هذا الحديث هنا، فإنه موضوع بهذا السند، وقد أكثر ابن رير من سياقه فى أماكن من هذا التفسير، وفيه منكرات كثيرة جدا، ولا سيما فى أول سورة بنى إسرائيل فى ذكر المسجد الأقصى .والله أعلم."

قلت :يشير إلى حديثه الآتى عقب هذا .وأما جملة خروج النار من (عدن) ، فلها شاهد صحيح من حديث حذيفة بن أسيد (سلسلة الاحاديث الضعيفة والموضوعة،تحت رقم الحديث ٦٥٥٠)

(فصل نمبر 48)

سورج کا مغرب سے طلوع ہونا

قیامت کے قریب ہونے کی ایک بڑی نشانی سورج کا مشرق کے بجائے، مغرب کی طرف سے طلوع ہونا ہے۔

یہ قیامت کی اہم اور بڑی نشانی ہے، جس کا مشاہدہ کرنے کے بعد ہر شخص اللہ پر ایمان لے آئے گا، لیکن اس وقت اس کا ایمان لانا معتبر نہیں ہوگا، اور اس مرحلہ پر اللہ کی طرف سے توبہ کا دروازہ بند کردیا جائے گا، جس سے متعلق کچھ تفصیل ملاحظہ فرمائیں۔

ابوذر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِأَبِيْ ذَرٍّ حِيْنَ غَرَبَتِ الشَّمْسُ، أَتَدْرِيْ أَيْنَ تَذْهَبُ؟ قُلْتُ: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: فَإِنَّهَا تَذْهَبُ حَتّٰى تَسْجُدَ تَحْتَ الْعَرْشِ، فَتَسْتَأْذِنَ فَيُؤْذَنُ لَهَا وَيُوْشِكُ أَنْ تَسْجُدَ، فَلَا يُقْبَلَ مِنْهَا، وَتَسْتَأْذِنَ فَلَا يُؤْذَنَ لَهَا يُقَالُ لَهَا: ارْجِعِيْ مِنْ حَيْثُ جِئْتِ، فَتَطْلُعُ مِنْ مَغْرِبِهَا، فَذٰلِكَ قَوْلُهُ تَعَالٰى: "وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَهَا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ" (صحيح البخاری، رقم الحديث ۳۱۹۹، كتاب بدء الخلق، باب صفة الشمس والقمر بحسبان)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوذر رضی اللہ عنہ سے سورج غروب ہونے کے وقت فرمایا کہ کیا تمہیں معلوم ہے کہ سورج کہاں جاتا ہے؟ ابوذر کہتے ہیں کہ میں

نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کا رسول ہی زیادہ جانتا ہے، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سورج جاتا ہے، یہاں تک کہ وہ عرش کے نیچے سجدہ ریز ہوتا ہے، پھر وہ اجازت طلب کرتا ہے، جس کو اجازت دے دی جاتی ہے، اور قریب ہے کہ ایسا ہو گا کہ وہ سجدہ کرے گا، اور، پھر اس کی طرف سے سجدہ کو قبول نہیں کیا جائے گا، اور وہ اجازت طلب کرے گا، اور اسے اجازت حاصل نہیں ہوگی، اسے کہا جائے گا کہ تم جہاں سے آئے، وہیں لوٹ جاؤ، تو وہ مغرب کی طرف سے طلوع ہوگا، پس اسی کے متعلق (قرآن مجید کی سورہ یٰس میں) اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

”وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَهَا ذٰلِکَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ“

اور سورج چلتا ہے، اپنے مستقر کے لئے، یہ عزیز، علیم کی طرف سے مقررہ وقت ہے (صحیح بخاری)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِهَا، فَإِذَا رَآهَا النَّاسُ آمَنَ مَنْ عَلَيْهَا، فَذَاکَ حِيْنَ: ”لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ“ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۴۶۳۵، کتاب تفسیر القرآن، سورۃ الانعام)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک سورج اس کے مغرب کی طرف سے طلوع نہ ہوجائے، پھر جب لوگ اس کو اس حالت میں دیکھیں گے، تو اس کے اوپر مقرر قدرت (یعنی اللہ) پر ایمان لے آئیں گے، پس یہ وہ وقت ہوگا کہ جس کا (قرآن مجید کی سورہ انعام

میں) اس طرح ذکر ہے کہ:

"لَا يَنفَعُ نَفْسًا إِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ"

نہیں نفع دے گا کسی نفس کو اس کا ایمان لانا، جو نہیں ایمان لایا تھا، اس سے پہلے

(صحیح بخاری)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِهَا، فَإِذَا طَلَعَتْ وَرَآهَا النَّاسُ آمَنُوْا أَجْمَعُوْنَ، وَذٰلِكَ حِيْنَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيْمَانُهَا ثُمَّ قَرَأَ الْآيَةَ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۴۶۳۶، کتاب تفسیر القرآن، سورۃ الانعام)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک سورج اس کے مغرب کی طرف سے طلوع نہ ہو جائے، پھر جب لوگ اس کو اس طرح طلوع ہوتے ہوئے دیکھیں گے، تو وہ سب کے سب ایمان لے آئیں گے، لیکن یہ وہ وقت ہوگا کہ کسی نفس کو اس کا ایمان لانا نفع نہیں دے گا، پھر حضرت ابو ہریرہ نے (سورہ انعام کی اسی) آیت کی قرائت کی کہ:

لَا يَنفَعُ نَفْسًا إِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ

(صحیح بخاری)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

اور صحیح مسلم میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَابَ قَبْلَ أَنْ تَطْلُعَ

الشَّمُسُ مِنُ مَغُرِبِهَا، تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ (صحيح مسلم،رقم الحديث ٢٧٠٣ "٤٣"كتاب الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار،باب استحباب الاستغفار والاستكثار منه)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے سورج کے اس کے مغرب کی طرف سے طلوع ہونے سے پہلے توبہ کرلی، تو اللہ اس کی توبہ کو قبول فرمالے گا (اس کو دیکھنے کے بعد توبہ قبول نہیں فرمائے گا) (صحیح مسلم)

ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کی حدیث

اور صحیح مسلم میں ہی حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَبْسُطُ يَدَهُ بِاللَّيْلِ لِيَتُوبَ مُسِيءُ النَّهَارِ، وَيَبْسُطُ يَدَهُ بِالنَّهَارِ لِيَتُوبَ مُسِيءُ اللَّيْلِ، حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِهَا (صحيح مسلم،رقم الحديث ٢٧٥٩ "٣١" كتاب التوبة، باب قبول التوبة من الذنوب، وإن تكررت الذنوب والتوبة)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ عزوجل اپنے ہاتھ کو رات میں پھیلاتا ہے، تاکہ دن میں گناہ کرنے والا توبہ کرلے، اور اللہ عزوجل دن میں اپنے ہاتھ کو پھیلاتا ہے، تاکہ رات میں گناہ کرنے والا توبہ کرلے، یہاں تک کہ سورج اپنے مغرب سے طلوع نہ ہوجائے (اس وقت تک یہ سلسلہ جاری رہے گا) (مسلم)

معاویہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَنْقَطِعُ الْهِجْرَةُ حَتّٰى تَنْقَطِعَ التَّوْبَةُ، وَلَا تَنْقَطِعُ التَّوْبَةُ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ

مَغْرِبِهَا (سنن ابی داود، رقم الحديث ۲۴۷۹، كتاب الجهاد، باب فی الهجرة هل انقطعت؟) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ ہجرت اس وقت تک منقطع نہیں ہوگی، جب تک توبہ منقطع نہ ہو جائے، اور توبہ اس وقت تک منقطع نہیں ہوگی، جب تک سورج اس کے مغرب سے طلوع نہ ہو جائے (سنن ابی داؤد)

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "يَوْمَ يَأْتِي بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا" قَالَ: طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا (مسند احمد، رقم الحديث ۱۱۲۶۶) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سورہ انعام کی اس آیت:

"يَوْمَ يَأْتِي بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا"

"جس دن آپ کے رب کی بعض نشانیاں آئیں گی، تو نفع نہیں دے گا، کسی نفس کو اس کا ایمان لانا"

کے بارے میں فرمایا کہ اس میں مذکور نشانی سے سورج کا اس کے مغرب سے طلوع ہونا مراد ہے (مسند احمد)

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت مسروق سے روایت ہے کہ:

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث حسن، وهذا إسناد ضعيف (حاشية سنن ابی داود)

[2] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح لغيره، وهذا إسناد ضعيف (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فِيْ قَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ: ”يَوْمَ يَأْتِيْ بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ“ قَالَ: طُلُوْعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا ، ثُمَّ قَرَأَ هٰذِهِ الْآيَةَ : ”وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ، يَقُوْلُ الْإِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ أَيْنَ الْمَفَرُّ“ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۳۸۷۹، کتاب التفسیر، تفسیر سورۃ القیامۃ) [1]

ترجمہ: عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے سورہ انعام کی آیت:

”يَوْمَ يَأْتِيْ بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ“

”جس دن آئیں گی، آپ کے رب کی بعض نشانیاں، نہیں نفع دے گا، کسی نفس کو اس کا ایمان لانا، جو نہیں ایمان لایا تھا، اس سے پہلے“

کے بارے میں فرمایا کہ اس سے سورج کا مغرب کی طرف سے طلوع ہونا مراد ہے، پھر عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے سورہ قیامہ کی یہ آیت قرائت کی:

”وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ،يَقُوْلُ الْإِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ أَيْنَ الْمَفَرُّ“

”اور جمع کیا جائے گا سورج کو اور چاند کو، انسان کہے گا، اس دن کہ کہاں ہے، بھاگنے کا راستہ“ (حاکم)

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِلْجَنَّةِ ثَمَانِيَةُ أَبْوَابٍ سَبْعَةٌ مُغْلَقَةٌ وَبَابٌ مَفْتُوْحٌ لِلتَّوْبَةِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ نَحْوِهٖ

---

[1] قال الحاکم: هذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین ولم یخرجاه.
وقال الذهبی فی التلخیص: علی شرط البخاری ومسلم.

www.idaraghufran.org

(المستدرک للحاکم،رقم الحدیث ۷۶۷۱،کتاب التوبة والإنابة) ؎

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جنت کے آٹھ دروازے ہیں، سات دروازے تو (گناہ گاروں کے لیے) بند ہیں،اور ایک دروازہ ،توبہ (کرنے والے) کے لیے کھلا ہوا ہے (یہ کھلا رہے گا) یہاں تک کہ سورج اس (دروازہ،یعنی مغرب) کی جانب سے طلوع نہ کرے (حاکم)

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

حَفِظْتُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيْثًا لَمْ أَنْسَهُ بَعْدُ، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:إِنَّ أَوَّلَ الْآيَاتِ خُرُوْجًا، طُلُوْعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا،وَخُرُوْجُ الدَّابَّةِ عَلَى النَّاسِ ضُحًى، وَأَيُّهُمَا مَا كَانَتْ قَبْلَ صَاحِبَتِهَا، فَالْأُخْرٰى عَلٰى إِثْرِهَا قَرِيْبًا (صحيح مسلم،رقم الحديث ۲۹۴۱"۱۱۸" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب في خروج الدجال ومكثه فى الأرض، ونزول عيسى وقتله إياه الخ)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس حدیث کو یاد کرلیا، جس کو اب تک میں بھولا نہیں ہوں، میں نے رسول اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ (قیامت کے بالکل قریب کی) سب سے پہلی نشانی سورج کا مغرب کی طرف سے طلوع ہونا ہے،اور دابہ کا چاشت کے وقت لوگوں کے اوپر نکلنا ہے،اوران

؎ قال المنذری:رواه أبو يعلى والطبرانى بإسناد جيد(الترغيب والترهيب،تحت رقم الحديث ۴۷۴۴،ج۴،ص۴۵،كتاب التوبة والزهد الترغيب فى التوبة والمبادرة بها وإتباع السيئة الحسنة)
وقال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشّثرى:وبما سبق من الشواهد يرتقى حديث ابن مسعود رضى الله عنه إلى مرتبة الحسن لغيره(حاشية المطالب العالية ،ج۱۳،ص ۵۶۹، تحت رقم الحديث ۳۲۵۸، كتاب الرقاق، باب التوبة والاستغفار)

دونوں میں سے جونسی چیز بھی دوسرے سے پہلے ہوگئی،تو دوسری اس کے بعد جلد ہی ظاہر ہوجائے گی (صحیح مسلم)

اور مسند احمد میں حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ:تَطْلُعُ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِھَا، وَتَخْرُجُ الدَّابَّۃُ عَلَی النَّاسِ ضُحًی، فَأَیُّھُمَا خَرَجَ قَبْلَ صَاحِبِہٖ، فَالْأُخْرٰی مِنْھَا قَرِیْبٌ،وَلَا أَحْسِبُہٗ إِلَّا طُلُوْعَ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِھَا یَقُوْلُ:ھِیَ الَّتِیْ أَوَّلًا (مسند احمد،رقم الحدیث ۶۵۳۱) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (قیامت کے قریب) سورج ، اپنے مغرب کی طرف سے طلوع ہوگا،اورلوگوں پر دابہ نکلے گا،چاشت کے وقت، پس ان دونوں میں سے جونسی چیز بھی دوسرے سے پہلے نکلی،تو دوسری چیز اس کے قریب ہی ظاہر ہوگی،اور میرا گمان یہ ہے کہ سورج کا اس کے مغرب سے طلوع ہونے کا واقعہ پہلے ظاہر ہوگا (مسند احمد)

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ:إِنَّ أَوَّلَ الْآیَاتِ خُرُوْجًا طُلُوْعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِھَا،وَخُرُوْجُ الدَّابَّۃِ ضُحًی، فَأَیَّتُھُمَا کَانَتْ قَبْلَ صَاحِبَتِھَا فَالْأُخْرٰی عَلٰی أَثَرِھَا،ثُمَّ قَالَ عَبْدُ اللّٰہِ،وَکَانَ یَقْرَأُ الْکُتُبَ:وَأَظُنُّ أُوْلَاھَا خُرُوْجًا طُلُوْعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِھَا، وَذٰلِکَ أَنَّھَا کُلَّمَا غَرَبَتْ أَتَتْ تَحْتَ الْعَرْشِ فَسَجَدَتْ، وَاسْتَأْذَنَتْ

---

[1] قال شعیب الارنؤوط:إسنادہ صحیح علی شرط الشیخین(حاشیة مسند احمد)

فِی الرُّجُوعِ، فَأُذِنَ لَهَا فِی الرُّجُوعِ، حَتّٰی إِذَا بَدَا لِلّٰهِ أَنْ تَطْلُعَ مِنْ مَغْرِبِهَا، فَعَلَتْ كَمَا كَانَتْ تَفْعَلُ،أَتَتْ تَحْتَ الْعَرْشِ فَسَجَدَتْ، وَاسْتَأْذَنَتْ فِی الرُّجُوعِ، فَلَمْ يُرَدَّ عَلَيْهَا شَیْءٌ، ثُمَّ تَسْتَأْذِنُ فِی الرُّجُوعِ، فَلَا يُرَدُّ عَلَيْهَا شَیْءٌ، ثُمَّ تَسْتَأْذِنُ فَلَا يُرَدُّ عَلَيْهَا شَیْءٌ، حَتّٰی إِذَا ذَهَبَ مِنَ اللَّيْلِ مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَذْهَبَ، وَعَرَفَتْ أَنَّهُ إِنْ أُذِنَ لَهَا فِی الرُّجُوعِ، لَمْ تُدْرِكِ الْمَشْرِقَ، قَالَتْ:رَبِّ، مَا أَبْعَدَ الْمَشْرِقَ، مَنْ لِی بِالنَّاسِ ؟ حَتّٰی إِذَا صَارَ الْأُفُقُ كَأَنَّهُ طَوْقٌ، اِسْتَأْذَنَتْ فِی الرُّجُوعِ، فَيُقَالُ لَهَا:مِنْ مَكَانِكِ فَاطْلُعِی، فَطَلَعَتْ عَلَی النَّاسِ مِنْ مَغْرِبِهَا،ثُمَّ تَلَا عَبْدُ اللّٰهِ هٰذِهِ الْآيَةَ: ’’يَوْمَ يَأْتِی بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ أَوْ كَسَبَتْ فِی إِيمَانِهَا خَيْرًا‘‘ (مسند احمد،رقم ۶۸۸۱) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ بلاشبہ (قیامت کی قریب ترین بڑی) نشانیوں میں سے ظاہر ہونے کے اعتبار سے پہلی نشانی سورج کا اپنے مغرب سے طلوع ہونا ہے،اور دابَّۃُ الارض (نامی عجیب الخلقت جانور) کا چاشت کے وقت نکلنا ہے، پس ان دونوں میں سے جو نشانی پہلے ظاہر ہوئی،تو دوسری اس کے پیچھے پیچھے آئے گی (یعنی جلدی ظاہر ہوگی) پھر عبداللہ بن عمرو نے اس حالت میں فرمایا’’جو کتب بنی کرتے تھے‘‘ کہ میرا گمان ہے کہ ان (دونوں) میں سے پہلے ظاہر ہونے والی نشانی سورج کا اپنے مغرب سے طلوع ہونا ہے،اوراس کی تفصیل یوں ہے کہ سورج جب بھی غروب ہوتا ہے، تو عرش کے نیچے آ کر سجدہ کرتا ہے، اور دوبارہ طلوع کی اجازت چاہتا ہے، تو

[1] قال شعيب الارنؤط: إسناده صحيح على شرط الشيخين(حاشيةمسند احمد)
وقال الهيثمی:رواه أحمد والبزار والطبرانی فی الكبير ورجاله رجال الصحيح. (مجمع الزوائد، رقم الحديث ۱۲۵۷۹ ،باب طلوع الشمس من مغربها)

www.idaraghufran.org

(اللہ کی طرف سے) اُسے دوبارہ طلوع ہونے کی اجازت ملتی ہے، یہاں تک کہ جب وہ وقت آئے کہ اللہ اس کو مغرب سے طلوع کرنا چاہے گا، تو وہ حسبِ معمول غروب ہوکر عرش کے نیچے سجدہ کرے گا، اور دوبارہ رجوع کی اجازت چاہے گا، تو اُسے کچھ جواب نہیں دیا جائے گا، پھر وہ دوبارہ سہ بارہ اجازت طلب کرے گا، تو کچھ جواب نہ پائے گا، یہاں تک کہ جب رات کا اتنا زیادہ دورانیہ ہوجائے گا، جتنا اللہ کی مشیت ہوگی، اور سورج جان لے گا کہ اب اگر طلوع کی اجازت مل بھی جائے، تو وہ مشرق (کے افق) پر بروقت نمودار نہ ہوسکے گا، تو عرض کرے گا کہ اے میرے رب! مشرق کتنا دور ہے؟ کون مجھے مخلوق تک پہنچائے گا، یہاں تک کہ جب اُفق ایک طوق (حلقہ) کے مثل ہوجائے گا، تو سورج کو دوبارہ طلوع ہونے کی اجازت ملے گی، پس اسے حکم ہوگا کہ اپنی اس جگہ (مغرب، جہاں غروب ہوا تھا) سے ہی طلوع کر، پس وہ لوگوں پر مغرب سے طلوع کرے گا، پھر حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے (سورہ انعام کی) یہ آیت تلاوت کی کہ:

”یَوْمَ یَأْتِیْ بَعْضُ آیَاتِ رَبِّکَ لَا یَنْفَعُ نَفْسًا إِیْمَانُهَا لَمْ تَکُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ أَوْ کَسَبَتْ فِیْ إِیْمَانِهَا خَیْرًا“

”جس دن ظاہر ہوں گی تیرے رب کی بعض نشانیاں، تو نفع نہیں دے گا کسی جان کو اس کا ایمان لانا، جو نہیں ایمان لایا تھا، اس سے پہلے، یا نہیں کمائی اس نے اپنے ایمان میں کوئی خیر“ (مسند احمد)

صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، یَقُوْلُ: إِنَّ بِالْمَغْرِبِ بَابًا

مَفْتُوحًا لِلتَّوْبَةِ، مَسِيْرَتُهُ سَبْعُوْنَ سَنَةً، لَا يُغْلَقُ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ نَحْوِهٖ (مسند احمد، رقم الحديث ١٨٠٩٣) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ مغرب کی طرف ایک دروازہ ہے، جو توبہ کے لئے کھلا ہوا ہے، جس کی مسافت (یعنی دروازہ کی وسعت) ستّر سال (کی مسافت کے برابر) ہے، جس کو اس وقت تک بند نہیں کیا جائے گا، جب تک سورج اس (مغرب) کی جانب سے طلوع نہ ہو جائے (مسند احمد)

اور حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ سے مروی ایک روایت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث ان الفاظ میں مروی ہے کہ:

أَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ جَعَلَ بِالْمَغْرِبِ بَابًا مَسِيْرَةُ عَرْضِهٖ سَبْعُوْنَ عَامًا لِلتَّوْبَةِ، لَا يُغْلَقُ مَا لَمْ تَطْلُعِ الشَّمْسُ مِنْ قِبَلِهٖ، وَذٰلِكَ قَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: "يَوْمَ يَأْتِيْ بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيْمَانُهَا" (مسند احمد، رقم الحديث ١٨٠٩٣) [2]

ترجمہ: اللہ عزوجل نے ایک دروازہ مغرب کی طرف توبہ کے لئے بنایا ہے، جس کی چوڑائی کی مسافت ستّر سال (کی مسافت کے برابر) ہے، جس کو اس وقت تک بند نہیں کیا جائے گا، جب تک سورج اس (مغرب) کی جانب سے طلوع نہ ہو جائے۔

اور اللہ عزوجل کے سورہ انعام میں مذکور اس قول میں اسی کا ذکر ہے کہ:

"يَوْمَ يَأْتِيْ بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيْمَانُهَا"

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: هذا إسناد حسن من أجل عاصم، ومعمر (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: هذا إسناد حسن من أجل عاصم، وباقي رجال الإسناد ثقات (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

جس دن آ جائیں گی، آپ کے رب کی بعض نشانیاں، تو نفع نہیں دے گا کسی نفس کو اس کا ایمان لانا (مسند احمد)

اور یہ بات معلوم ہے کہ سورج کے ساتھ ہماری اس زمین کا بڑا گہرا تعلق ہے، اسی وجہ سے آج کل کی سائنسی دنیا میں ہماری زمین کو شمسی نظام کے تابع قرار دیا جاتا ہے، اسی سورج کے زمین پر گرمی وسردی وغیرہ جیسے موسمی اثرات پڑنے سے موسمی تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں۔

اور احادیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ گرمی وسردی کے اثرات کا تعلق جہنم کے سانس لینے سے ہے۔

ابو ہریرہ وابو ذر غفاری رضی اللہ عنہما کی حدیث

چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: قَالَتِ النَّارُ: رَبِّ أَكَلَ بَعْضِيْ بَعْضًا، فَأْذَنْ لِيْ أَتَنَفَّسْ، فَأَذِنَ لَهَا بِنَفَسَيْنِ، نَفَسٍ فِي الشِّتَاءِ، وَنَفَسٍ فِي الصَّيْفِ، فَمَا وَجَدْتُمْ مِنْ بَرْدٍ، أَوْ زَمْهَرِيْرٍ فَمِنْ نَفَسِ جَهَنَّمَ، وَمَا وَجَدْتُمْ مِنْ حَرٍّ، أَوْ حَرُوْرٍ فَمِنْ نَفَسِ جَهَنَّمَ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٦١٧ ''١٨٧'' كتاب المساجد ومواضع الصلاة، باب استحباب الإبراد بالظهر فى شدة الحر لمن يمضى إلى جماعة ويناله الحر فى طريقه)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آگ نے عرض کیا کہ اے میرے رب! میرے بعض نے بعض کو کھالیا، تو مجھے اجازت دیجیے کہ میں سانس لے سکوں، تو اس کو دو سانس لینے کی اجازت دے دی گئی، ایک سانس سردی میں اور ایک سانس گرمی میں، پس تم جس گرمی، یا ٹھنڈک کو پاتے ہو، تو وہ جہنم کے سانس کی وجہ سے ہے، اور تم جس گرمی، یا حرارت کو پاتے ہو، تو وہ جہنم کے

سانس کی وجہ سے ہے (مسلم)

اور حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے ایک واقعہ کے ضمن میں روایت ہے کہ:

فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: إِنَّ شِدَّۃَ الْحَرِّ مِنْ فَیْحِ جَھَنَّمَ

(صحیح البخاری، رقم الحدیث ۵۳۹، کتاب مواقیت الصلاۃ)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک گرمی کی شدت، جہنم کے سانس لینے کی وجہ سے ہے (بخاری)

یہاں یہ شبہ ہوتا ہے کہ یہ بات معلوم ہے کہ دنیا کے ظاہری اسباب میں گرمی اور سردی کے اثرات کا تعلق سورج کے ساتھ وابستہ ہے، تو پھر گرمی اور سردی کے جہنم کے سانس لینے سے کیسے تعلق کو درست قرار دیا جاسکے گا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ گرمی اور سردی کا تعلق تو بنیادی طور پر جہنم کے سانس لینے سے ہی ہے، لیکن اللہ تعالیٰ نے اس دنیا میں جہنم کے سانس کا راستہ سورج کو بنا دیا ہے، اور اس کے واسطہ سے جہنم کے سانس لینے کے اثرات زمین پر پہنچتے ہیں۔

پس قیامت سے پہلے سورج کے مشرق کے بجائے، مغرب سے طلوع ہونے پر اس شمسی نظام میں غیر معمولی تبدیلی واقع ہو جائے گی، جس کے نتیجہ میں یہ پورا شمسی نظام، ٹوٹ پھوٹ اور اپنے اختتام کی طرف بڑھنے کی نشانی ہوگی، اور اس کے بعد پھر قیامت کے قائم ہونے میں زیادہ وقت باقی نہیں رہے گا۔

بہرحال قیامت قائم ہونے سے پہلے کی ایک بڑی نشانی، سورج کا مشرق کے بجائے، مغرب سے طلوع ہونا ہے، جس کے بعد توبہ کا دروازہ بند ہو جائے گا۔

اللہ حفاظت فرمائے۔ آمین۔

وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.

(فصل نمبر 49)

دابۃُ الارض کا خروج

قیامت کی بڑی اور قریبی علامتوں میں سے ایک علامت ونشانی دابۃ الارض (یعنی زمین کے مخصوص جانور) کا نکلنا ہے، جس کا ذکر قرآن مجید اور احادیث میں موجود ہے۔

سورہ نمل کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ نمل میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَإِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ أَخْرَجْنَا لَهُمْ دَابَّةً مِنَ الْأَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ أَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِآيَاتِنَا لَا يُوْقِنُوْنَ (سورة النمل، رقم الآية ٨٢)

ترجمہ: اور جب واقع ہوگا قول (یعنی اللہ کا حکم) ان (انسانوں) کے اوپر، نکالیں گے ہم ان (انسانوں) کے لئے دابہ (جانور) زمین سے، کلام کرے گا وہ (جانور) ان (انسانوں) سے کہ بے شک لوگ ہماری آیتوں پر یقین نہیں کرتے تھے (سورہ نمل)

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

حَفِظْتُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيْثًا لَمْ أَنْسَهُ بَعْدُ، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: إِنَّ أَوَّلَ الْآيَاتِ خُرُوْجًا، طُلُوْعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَخُرُوْجُ الدَّابَّةِ عَلَى النَّاسِ ضُحًى، وَأَيُّهُمَا مَا كَانَتْ قَبْلَ صَاحِبَتِهَا، فَالْأُخْرٰى عَلٰى إِثْرِهَا

قَرِيبًا (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۹۴۱ "۱۱۸" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب في خروج الدجال ومكثه في الأرض، ونزول عيسى وقتله إياه الخ)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس حدیث کو یاد کرلیا، جس کو اب تک میں بھولا نہیں ہوں، میں نے رسول اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ (قیامت کے بالکل قریب کی) سب سے پہلی نشانی سورج کا مغرب کی طرف سے طلوع ہونا ہے، اور دابہ کا لوگوں کے اوپر نکلنا ہے، چاشت کے وقت، اور ان دونوں میں سے جونسی چیز بھی دوسرے سے پہلے ہوئی، تو دوسری اس کے بعد جلد ہی ظاہر ہوجائے گی (صحیح مسلم)

اور مسند احمد میں حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَطْلُعُ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَتَخْرُجُ الدَّابَّةُ عَلَى النَّاسِ ضُحًى، فَأَيُّهُمَا خَرَجَ قَبْلَ صَاحِبِهِ، فَالْأُخْرٰى مِنْهَا قَرِيبٌ، وَلَا أَحْسِبُهُ إِلَّا طُلُوعَ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا يَقُوْلُ: هِيَ الَّتِي أَوَّلًا (مسند احمد، رقم الحديث ۶۵۳۱) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (قیامت کے قریب) سورج ، اپنے مغرب کی طرف سے طلوع ہوگا، اور لوگوں پر دابہ نکلے گا، چاشت کے وقت، پس ان دونوں میں سے جونسی چیز بھی دوسرے سے پہلے نکلی، تو دوسری چیز اس کے قریب ہی ظاہر ہوگی، اور میرا گمان یہ ہے کہ سورج کے اس کے مغرب سے طلوع ہونے کا واقعہ پہلے ظاہر ہوگا (مسند احمد)

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

ابنِ ابی شیبہ نے علی بن زید بن جدعان کی سند سے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية مسند احمد)

www.idaraghufran.org

روایت کیا ہے کہ:

”دابہ، اجیاد کے پہاڑ سے نکلے گا، ایامِ تشریق میں جب لوگ منیٰ میں ہوں گے“ [1]

لیکن اس حدیث کی سند میں علی بن زید بن جدعان راوی ضعیف ہے۔

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

امام طبرانی نے حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی سند سے ایک حدیث کو روایت کیا ہے، جس میں سورج کے مغرب کی طرف سے طلوع ہونے کے بعد دابہ کے صفاء پہاڑی میں دارڑ سے نکلنے، اور سب سے پہلے انطاکیہ میں لکیر لگانے اور پھر ابلیس کو نشان لگانے کا ذکر ہے۔ [2]

علامہ ہیثمی نے مجمع الزوائد میں اس حدیث کو نقل کرنے کے بعد فرمایا کہ اس حدیث کی سند میں ایک راوی، جس کا نام ”اسحاق بن ابراہیم بن رزیق“ ہے، وہ ضعیف ہے۔ [3]

---

[1] حدثنا حسين بن علي ، عن علي بن جدعان ، عن عبد الملك بن عمير ، عن عبد الله بن عمرو ، قال : تخرج الدابة من جبل أجياد أيام التشريق والناس بمنى ، قال : فلذلک حيى سابق الحاج إذا جاء بسلامة الناس(مصنف ابنِ ابی شیبة،رقم الحديث ٣٨٧٦٣، كتاب الفتن،باب ما ذكر في فتنة الدجال)

[2] حدثنا أحمد بن يحيى بن خالد بن حيان الرقي، ثنا إسحاق بن إبراهيم بن زبريق الحمصي، قال: ثنا عثمان بن سعيد بن كثير بن دينار، قال: ثنا ابن لهيعة، عن حيى بن عبد الله، عن أبي عبد الرحمن الحبلي، عن عبد الله بن عمرو، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " إذا طلعت الشمس من مغربها خر إبليس ساجدا ينادي ويجهر: إلهي مرني بالسجود لمن شئت، قال: فتجتمع إليه زبانيته، فيقولون: يا سيدهم ما هذا التضرع؟، فيقول: إنما سألت ربي جل وعز أن ينظرني إلى الوقت المعلوم، وهذا الوقت المعلوم، قال: تخرج دابة الأرض من صدع في الصفا، فأول خطوة تضعها بأنطاكية، فتأتي إبليس، فتلطمه "(المعجم الكبير،للطبرانی، ج١٣ ص٤٦،رقم الحديث ١١١،المعجم الاوسط،للطبرانی،رقم الحديث ٩٤)

[3] قال الهيثمي:رواه الطبراني في الكبير والأوسط، وفيه إسحاق بن إبراهيم بن زبريق وهو ضعيف (مجمع الزوائد،تحت رقم الحديث ١٢٥٧٨،باب طلوع الشمس من مغربها)

ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

تَخرُجُ الدَّابَّةُ فَتَسِمُ النَّاسَ عَلٰى خَرَاطِيمِهِم، ثُمَّ يَغمُرُونَ فِيكُم حَتّٰى يَشتَرِيَ الرَّجُلُ البَعِيرَ فَيَقُولُ: مِمَّن اشتَرَيتَهُ؟ فَيَقُولُ: اِشتَرَيتُهُ مِن أَحَدِ المُخَطَّمِينَ (مسند احمد، رقم الحدیث ۲۲۳۰۸) [1]

ترجمہ: دابۃ الارض کا خروج ہوگا، تو وہ لوگوں کی ناک پر مخصوص نشان لگا دے گا اور وہ (نشان زدہ لوگ) تم میں نشانات لگے ہوئے ہونے کی حالت میں (اپنے دنیوی دھندوں کے ساتھ مست) ہوں گے (یہ احساس ہی نہ ہوگا کہ کوئی عجیب واقعہ ہمارے ساتھ پیش آچکا ہے) حتیٰ کہ اگر ایک آدمی کوئی اونٹ خریدے گا اور کوئی شخص اس سے پوچھے گا کہ یہ اونٹ تم نے کس سے خریدا ہے؟ تو وہ جواب دے گا کہ یہ میں نے اس شخص سے خریدا ہے، جس کی ناک پر نشانی لگی ہوئی ہے (مسند احمد)

حذیفہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی سند سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ حدیث مروی ہے کہ:

تَخرُجُ الدَّابَّةُ مِن أَعظَمِ المَسَاجِدِ حُرمَةً، فَبَينَا هُم قُعُودٌ، إِذ رَنَّتِ الأَرضُ، فَبَينَا هُم كَذٰلِكَ، إِذ تَصَدَّعَت (المعجم الاوسط للطبرانی، رقم الحدیث ۱۶۳۵، باب الألف) [2]

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

[2] قال الهيثمي: رواه الطبراني في الأوسط، ورجاله ثقات (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۲۵۷۷، باب خروج الدابة)

ترجمہ: دابۃ الارض، دراصل سب سے زیادہ حرمت والی مسجد (یعنی مسجدِ حرام) سے نکلے گا۔ پس لوگ بیٹھے ہوں گے کہ اچانک زمین کو حرکت ہوگی، پھر وہ لوگ اسی حال میں ہوں گے، تو اچانک زمین پھٹے گی (طبرانی)

حذیفہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابوطفیل سے روایت ہے کہ:

كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ حُذَيْفَةَ فَذُكِرَتِ الدَّابَّةُ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: إِنَّهَا تَخْرُجُ ثَلَاثَ خَرْجَاتٍ فِي بَعْضِ الْبَوَادِي، ثُمَّ تَكْمُنُ، ثُمَّ تَخْرُجُ فِي بَعْضِ الْقُرٰى حَتّٰى يُذْعَرُوا وَحَتّٰى تُهَرِيقَ فِيهَا الْأُمَرَاءُ الدِّمَاءَ، ثُمَّ تَكْمُنُ، قَالَ: فَبَيْنَمَا النَّاسُ عِنْدَ أَعْظَمِ الْمَسَاجِدِ وَأَفْضَلِهَا وَأَشْرَفِهَا، حَتّٰى قُلْنَا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ وَمَا سَمَّاهُ، إِذِ ارْتَفَعَتِ الْأَرْضُ وَيَهْرُبُ النَّاسُ، وَيَبْقٰى عَامَّةٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ يَقُولُونَ: إِنَّهُ لَنْ يُنْجِينَا مِنْ أَمْرِ اللّٰهِ شَيْءٌ، فَتَخْرُجُ فَتَجْلُو وُجُوهَهُمْ حَتّٰى تَجْعَلَهَا كَالْكَوَاكِبِ الدُّرِّيَّةِ، وَتَتْبَعُ النَّاسَ، جِيرَانٌ فِي الرِّبَاعِ شُرَكَاءُ فِي الْأَمْوَالِ وَأَصْحَابٌ فِي الْإِسْلَامِ (المستدرک للحاکم، رقم الحديث ۸۴۹۱، کتاب الفتن والملاحم) ؎

؎ قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين، ولم يخرجاه.

وقال الذهبي في التلخيص: على شرط البخاري ومسلم.

وقال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشّثری:

قلت: هذا الإسناد رواته ثقات، وصححه الحاكم على شرط الشيخين وأقره الذهبي، وعليه فان هذا الطريق صحيح، وهو موقوف على حذيفة بن أسيد رضي الله عنه، وله حكم الرفع إلى النبي -صلى الله عليه وسلم- لأنه إخبار عن أمر غيبي، لا مجال للرأي فيه (حاشية المطالب العالية، ج۱۸، ص۳۵۶، تحت رقم الحديث ۴۴۸۷، كتاب الفتن، باب الآيات التي قبل قيام الساعة كالدابة، وطلوع الشمس من مغربها)

ترجمہ: ہم حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ دابہ کا ذکر کیا گیا، تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بلاشبہ دابَّۃُ الارض کا بعض دیہی علاقوں میں تین دفعہ ظہور ہوگا، پھر وہ غائب ومستور ہوجائے گا، پھر اس کا خروج کسی بستی (قصبہ وغیرہ) میں ہوگا، یہاں تک کہ لوگ خوف زدہ ہوجائیں گے، اور یہاں تک کہ حکام وامراء اس (کے معاملہ) میں خونریزیاں شروع کردیں گے، پھر وہ (دابَّۃُ الارض) چھپ جائے گا۔

(حضرت حذیفہ نے) فرمایا کہ اس دوران کہ لوگ سب سے بڑی سب سے افضل واشرف مسجد کے پاس جمع ہوں گے'' راوی فرماتے ہیں کہ ہم نے خیال کیا، یا کہا کہ اس سے مراد مسجدِ حرام بیت اللہ شریف ہے، لیکن حضرت حذیفہ نے مسجدِ حرام کا نام نہیں لیا، صرف افضل واعظم مسجد کہا'' کہ اچانک زمین اوپر تلے ہونے لگے گی (شائد زلزلے سے حرکت کرنے لگے گی) اور لوگ بھاگ کھڑے ہوں گے، اور عام مسلمان ہی باقی رہ جائیں گے، جو کہیں گے کہ اللہ کے حکم وفیصلے سے اب ہمیں کوئی چیز نہیں بچاسکتی، پس وہ نکل کھڑے ہوں گے، اس حال میں کہ ان کے چہرے (نور ایمان واطاعت سے) جگمگانے لگیں گے، جس طرح کہ روشن ستارے ہوتے ہیں، اور وہ دابۃُ الارض لوگوں کا پیچھا کرے گا، اس حال میں کہ لوگ اپنے مشغلوں اور دنیوی سلسلوں میں مگن ہوں گے، کوئی زمین وجائیداد میں، پڑوسی، مال واسباب (تجارت وغیرہ) میں شریک ومشغول ہوں گے، اور اسلام میں ایک دوسرے کے شریک ومصاحب ہوں گے (حاکم)

ابوسریحہ انصاری رضی اللہ عنہ کی حدیث

امام حاکم نے اس طرح کی حدیث کو حضرت ابوسریحہ انصاری رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی

روایت کیا ہے۔ ۱؎

اور امام حاکم نے اس حدیث کی سند کو صحیح کہا ہے۔

لیکن علامہ ذہبی نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند میں ایک راوی، جس کا نام ’’طلحہ بن عمرو حضرمی‘‘ ہے، اس کو محدثین نے ضعیف کہا ہے، اور امام احمد نے اس راوی کو محدثین کے نزدیک ’’متروک‘‘ یعنی ’’ترک کیا ہوا‘‘ بھی کہا ہے۔ ۲؎

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے مروی ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَخْرُجُ الدَّابَّةُ مَعَهَا خَاتَمُ

۱؎ حدثنا أبو العباس محمد بن يعقوب، ثنا الحسن بن على بن عفان العامرى، ثنا عمرو بن محمد العنقزى، ثنا طلحة بن عمرو الحضرمى، عن عبد الله بن عبيد بن عمير الليثى، عن أبى الطفيل، عن أبى سريحة الأنصارى رضى الله عنه، عن النبى صلى الله عليه وسلم، قال: " يكون للدابة ثلاث خرجات من الدهر، تخرج أول خرجة بأقصى اليمن فيفشو ذكرها بالبادية ولا يدخل ذكرها القرية – يعنى مكة – ثم يمكث زمانا طويلا بعد ذلك، ثم تخرج خرجة أخرى قريبا من مكة فينشر ذكرها فى أهل البادية، وينشر ذكرها بمكة، ثم تكمن زمانا طويلا، ثم بينما الناس فى أعظم المساجد حرمة وأحبها إلى الله وأكرمها على الله تعالى المسجد الحرام لم يرعهم إلا وهى فى ناحية المسجد، تدنو وتربو بين الركن الأسود، وبين باب بنى مخزوم عن يمين الخارج فى وسط من ذلك، فيرفض الناس عنها شتى ومعا، ويثبت لها عصابة من المسلمين عرفوا أنهم لن يعجزوا الله، فخرجت عليهم تنفض عن رأسها التراب، فبدت بهم فجلت عن وجوههم حتى تركتها كأنها الكواكب الدرية، ثم ولت فى الأرض لا يدركها طالب ولا يعجزها هارب حتى إن الرجل ليتعوذ منها بالصلاة فتأتيه من خلفه فتقول: أى فلان الآن تصلى؟ فيلتفت إليها فتسمه فى وجهه، ثم تذهب، فيجاور الناس فى ديارهم ويصطحبون فى أسفارهم ويشتركون فى الأموال، يعرف المؤمن الكافر حتى إن الكافر يقول: يا مؤمن اقضنى حقى، ويقول المؤمن: يا كافر اقضنى حقى(المستدرك للحاكم،رقم الحديث ۸۴۹۰، كتاب الفتن والملاحم)

۲؎ قال الحاكم:هذا حديث صحيح الإسناد، وهو أبين حديث فى ذكر دابة الأرض، ولم يخرجاه.

وقال الذهبى فى التلخيص:طلحة بن عمرو الحضرمى ضعفوه وتركه أحمد.

سُلَيْمَانَ وَعَصَا مُوسَى فَتَجْلُوْ وَجْهَ الْمُؤْمِنِ وَتَخْتِمُ أَنْفَ الْكَافِرِ بِالْخَاتَمِ، حَتّٰى إِنَّ أَهْلَ الْخُوَانِ لَيَجْتَمِعُوْنَ فَيَقُوْلُ: هَاهَا يَا مُؤْمِنُ، وَيُقَالُ: هَاهَا يَا كَافِرُ، وَيَقُوْلُ: هٰذَا يَا كَافِرُ وَهٰذَا يَا مُؤْمِنُ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۳۱۸۷، ابواب تفسیر القرآن، باب: ومن سورة النمل) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دابۃ الارض نکلے گا، تو اس کے پاس حضرت سلیمان علیہ السلام کی مہر اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا ہوگا، پس وہ دابہ، مومن کے چہرے کو (عصا سے) روشن ومنور کرے گا، اور کافر کی ناک پر (حضرت سلیمان علیہ السلام کی) مہر لگا دے گا، یہاں تک کہ لوگ ایک دسترخوان پر جمع ہوں گے، تو کوئی کہے گا کہ ھاھا اے مومن، اور کہا جائے گا کہ ھاھا اے کافر، اور کوئی کہے گا کہ یہ ہے اے کافر، اور کوئی کہے گا کہ یہ ہے اے مومن (سنن ترمذی)

اس حدیث کو امام احمد نے بھی اپنی مسند میں روایت کیا ہے۔

مگر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی اس حدیث کی سند میں ایک راوی "علی بن زید بن جدعان" ضعیف ہیں۔ [2]

---

[1] قال الترمذی:

هـذا حـديث حسن، وقد روى هذا عن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم من غير هذا الوجه في دابة الأرض .وفيه عن أبي أمامة، وحذيفة بن أسيد.

[2] حـدثنا يزيد، أخبرنا حماد بن سلمة .وعـفـان، حدثنا حماد، أخبرنا علي بن زيد، عـن أوس بن خالد، عن أبي هريرة، عن النبي صلى الله عليه وسلم، قال: " تخرج الدابة ومعهـا عـصـا مـوسـى عـلـيـه السلام، وخاتم سليمان عليه السلام، فتخطم الكافر – قال عفان: أنف الـكـافـر – بـالـخـاتـم، وتـجـلـو وجه المؤمن بالعصا، حتى إن أهل الخوان ليجتمعون على خوانهم، فيقول هذا: يا مؤمن، ويقول هذا: يا كافر "(مسند احمد، رقم الحديث ۷۹۳۷)

قال شعيب الارنؤوط:

إسناده ضعيف لضعف علي بن زيد بن جُدْعان (حاشية مسند احمد)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

امام طبرانی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے اس حدیث کو روایت کیا ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِئْسَ الشِّعْبُ جِيَادٌ قَالَهَا مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثَةً، قَالُوْا: فِيْمَ ذَاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: تَخْرُجُ الدَّابَّةُ، فَتَصْرُخُ ثَلَاثَ صَرَخَاتٍ، فَيَسْمَعُهَا مَا بَيْنَ الْخَافِقَيْنِ (المعجم الاوسط، للطبرانی، رقم الحدیث ۴۳۱۷، باب العین)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (مکہ میں) جیاد کی وادی کیا ہی بری ہے، یہ بات آپ نے، دو، یا تین مرتبہ بیان فرمائی، لوگوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! اس کی کیا وجہ ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہاں سے دابہ نکلے گا، اور تین مرتبہ زور سے چیخ مارے گا، اس چیخ کو مشرق سے مغرب تک کی سب چیزیں سنیں گی (طبرانی)

لیکن اس حدیث کی سند میں ایک راوی ''رباح بن عبیداللہ'' کو محدثین نے کمزور قرار دیا ہے۔[1]

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني في الأوسط، وفيه رباح بن عبيد الله بن عمر، وهو ضعيف. (مجمع الزوائد، ج۸ص۸، تحت رقم الحديث ۱۲۵۷۷، باب خروج الدابة)

وقال الالباني:

وقال العقيلي": لا يحفظ إلا عن رباح هذا، قال البخاري فيه: لا يتابع عليه، وقال أحمد: منكر الحديث ."وقال ابن عدى (1 /353)": لا أعلم يرويه غير هشام بن يوسف عن رباح."قلت: وهشام بن يوسف -وهو الصنعاني- ثقة، فالآفة من رباح.

ومن طريقه أخرجه الطبراني في "الأوسط" كما في "المجمع" (7 /8) وقال": وهو ضعيف (سلسلة الاحاديث الضعيفة، تحت رقم الحدث ۳۳۷۶)

وقال محمد بن طاهر المقدسي:

وهذا الحديث أنكر على رباح رفعه. قال أحمد بن حنبل: رباح منكر الحديث. وأورده في ترجمة هشام بن يوسف القاضي الصنعاني أيضا عن رباح هذا وقال: وهذا لا يرويه غير هشام عن رباح بن عبيدالله بن عمر العمرى. وهشام ثقة، لا بأس به (ذخيرة الحفاظ، تحت رقم الحديث ۲۳۱۸، ج۲، ص۱۰۹۲، باب الباء الموحدة)

تاہم جیاد سے اس دابہ کے نکلنے کا بعض دوسری روایات میں بھی ذکر ہے۔

ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

سعید بن عامر سے روایت ہے کہ:

عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ قَالَ: أَلَا أُرِيكُمُ الْمَكَانَ الَّذِىْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ دَابَّةَ الْأَرْضِ تَخْرُجُ مِنْهُ فَضَرَبَ بِعَصَاهُ الشَّقَّ الَّذِىْ فِى الصَّفَا، فَقَالَ: وَإِنَّهَا ذَاتُ رِيْشٍ وَزَغَبٍ، وَإِنَّهُ لَيَخْرُجُ ثُلُثُهَا حُضْرَ الْفَرَسِ الْجَوَادِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَثَلَاثَ لَيَالٍ، وَإِنَّهَا لَتَمُرُّ عَلَيْهِمْ، وَإِنَّهُمْ لَيَفِرُّوْنَ مِنْهَا إِلَى الْمَسَاجِدِ، فَتَقُوْلُ لَهُمْ: أَتَرَوْنَ الْمَسَاجِدَ تُنْجِيْكُمْ مِنِّىْ؟ فَتَخْطِمُهُمْ يُسَاقُوْنَ فِى الْأَسْوَاقِ وَتَقُوْلُ: يَا كَافِرُ يَا مُؤْمِنُ (مسند ابی یعلیٰ، رقم الحديث ۵۷۰۳، مسند عبد الله بن عمر)

ترجمہ: حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ سنو! کیا میں تمہیں وہ جگہ دِکھاؤں کہ جہاں سے دابّۃُ الارض کے نکلنے کی اللہ کے رسول نے خبر دی ہے، پھر حضرت ابنِ عمر نے (اس کے نکلنے کی جگہ کی نشاندہی کرنے کے لئے) اپنی چھڑی سے کوہِ صفا کی ایک دراڑ پر ضرب لگائی، پھر فرمایا کہ وہ (دابّۃُ الارض) گنجان بالوں والا ہوگا، یقیناً وہ نکلے گا، تیز رفتار اصل گھوڑے کی طرح تین دن تین رات تک دوڑتا رہے گا، اور وہ لوگوں کے قریب سے گزرے گا، تو لوگ اس سے بھاگیں گے، مسجدوں میں پناہ لیں گے، تو وہ لوگوں سے کہے گا کہ کیا تم سمجھتے ہو کہ مسجد میں پناہ لینا تمہیں مجھ سے بچالے گا، پھر وہ لوگوں کی ناک پر نشان لگائے گا، لوگ (اس سے ڈر کر) بازاروں میں آگے آگے بھاگ رہے ہوں گے، اور وہ لوگوں کو مخاطب کر کے کہے گا کہ اے کافر! اور اے مؤمن! (ابو یعلیٰ)

اس حدیث کی سند میں کچھ کمزوری کا حکم لگایا گیا ہے۔ [1]

تاہم اس جانور کے نکلنے کی جگہ سے قطع نظر کرتے ہوئے، اس جانور کے مومنوں اور کافروں سے کلام کرنے اور نشان لگانے کا ذکر دوسری معتبر احادیث میں بھی موجود ہے۔

ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

امام حاکم نے حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی ایک دوسری سند سے روایت نقل کی ہے، جس میں اس جانور کے مومن، منافق، اور کافر کو نشان زدہ کرنے کا ذکر ہے۔ [2]

امام حاکم نے اس حدیث کی سند کو صحیح کہا ہے۔

لیکن علامہ ذہبی نے فرمایا کہ اس حدیث کی سند میں دو عدد راوی ضعیف ہیں، ایک تو عبد الرحمٰن بن بیلمانی، اور دوسرے ولید بن جمیع۔ [3]

بریدہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کی سند سے مروی ہے کہ:

---

[1] قال حسين سليم أسد الداراني: إسناده ضعيف (حاشية مسند ابی یعلیٰ)

وقال الهيثمي: رواه أبو يعلى ، وفيه ليث بن أبي سليم وهو مدلس ، وبقية رجاله ثقات .(مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٢٥٧٥، باب خروج الدابة)

[2] حدثنا أبو زكريا العنبرى، ثنا محمد بن عبد السلام، ثنا يحيى بن يحيى، أنبأ محمد بن فضيل، ثنا الوليد بن جميع، عن عبد الملك بن المغيرة، عن عبد الرحمن بن البيلماني، عن ابن عمر رضى الله عنهما، قال: يبيت الناس يسيرون إلى جمع، وتبيت دابة الأرض تسرى إليهم، فيصبحون وقد جعلتهم بين رأسها وذنبها فما مؤمن إلا تمسحه، ولا منافق ولا كافر إلا تخطمه، وإن التوبة لمفتوحة حتى يخرج الدجال، فيأخذ المؤمن منه كهيئة الزكمة، وتدخل في مسامع الكافر والمنافق حتى يكون كالشيء الحنيذ، وإن التوبة لمفتوحة، ثم تطلع الشمس من مغربها (المستدرك للحاكم، رقم الحديث ٨٤٩٢، كتاب الفتن والملاحم)

[3] قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه.

وقال الذهبي في التلخيص: ابن البيلماني ضعيف وكذا الوليد.

ذَهَبَ بِیُ رَسُوُلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيُهِ وَسَلَّمَ إِلٰى مَوُضِعٍ بِالْبَادِيَةِ قَرِيُبًا مِنُ مَكَّةَ،فَإِذَا أَرُضٌ يَابِسَةٌ حَوُلَهَا رَمُلٌ،فَقَالَ رَسُوُلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيُهِ وَسَلَّمَ:تَخُرُجُ الدَّابَّةُ مِنُ هٰذَا الْمَوُضِعِ،فَإِذَا فِتُرٌ فِيُ شِبُرٍ (مسند احمد،رقم الحديث ٢٣٠٢٣)

ترجمہ: مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، مکہ کے قریب، ایک مضافاتی مقام پر لے گئے، وہاں ایک خشک جگہ تھی، جس کے اردگرد ریت تھا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دابہ اس مقام سے نکلے گا، اور وہ ایک بالشت کے برابر جگہ تھی (مسند احمد)

لیکن اس حدیث کی سند میں ایک راوی ’’خالد بن عبید عتکی‘‘ موجود ہے، جس کو محدثین نے شدید ضعیف کہا ہے۔ [1]

عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت

ابنِ ابی شیبہ نے ابواسحاق سے روایت کیا ہے کہ:

’’دابہ، اجیاد سے نکلے گا‘‘ [2]

ابراہیم نخعی کی روایت

ابنِ ابی شیبہ نے حضرت ابراہیم نخعی سے روایت کیا ہے کہ:

---

[1] قال شعیب الارنؤوط:
إسـنـاده ضـعيف جداً من أجل خالد بن عُبيد أبي عصام العَتكي المَرُوزي، فهو متروك الحديث(حاشية مسند احمد)

[2] حدثنا الفضل بن دكين ، قال : حدثنا زهير ، عن أبي إسحاق ، قال : قالت عائشة : الـدابة تـخـرج من أجيـاد(مـصـنف ابـنِ ابـى شيبة،رقم الحديـث ٣٨٧٦٢،كتـاب الفتن،باب ما ذكر في فتنة الدجال)

''دابۃ الارض، مکہ سے برآمد ہوگا'' [1]

خلاصہ یہ کہ قیامت سے پہلے زمین سے ایک مخصوص نوعیت کا جانور برآمد ہوگا، جو لوگوں سے کلام کرے گا، اور لوگوں پر ایمان وکفر کے نشان بھی لگائے گا، لیکن اس کے نکلنے کی متعین جگہ کیا ہے؟ اس میں روایات مختلف ہیں، اس لئے اس کے درپے ہونے اور اس میں بحث ومباحثہ سے اجتناب کرتے ہوئے اصل مقصود کو ملحوظ رکھنا چاہیے۔

اللہ تعالیٰ امتِ مسلمہ کو قربِ قیامت کی علامات کو سمجھنے، اور ان سے سبق سیکھنے اور ہدایت کا سامان حاصل کرنے کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین۔

وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.

---

[1] حدثنا وكيع ، عن إسرائيل ، عن سماك ، عن إبراهيم ، قال : دابة الأرض تخرج من مكة (مصنف ابنِ ابی شیبۃ،رقم الحديث ٣٨٧٦١، کتاب الفتن،باب ما ذكر فی فتنة الدجال)

www.idaraghufran.org

(فصل نمبر 50)

انہدامِ کعبہ کا فتنہ

احادیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ قیامت سے پہلے کعبہ وبیتُ اللہ کو ویران ومنہدم کردیا جائے گا، جس کے بعد وہ پھر کبھی آباد نہیں ہو سکے گا، اس کی تفصیل ملاحظہ فرمائیں۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُبَايَعُ لِرَجُلٍ مَا بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ، وَلَنْ يَّسْتَحِلَّ الْبَيْتَ إِلَّا أَهْلُهُ، فَإِذَا اسْتَحَلُّوْهُ فَلَا تَسْأَلُ عَنْ هَلَكَةِ الْعَرَبِ، ثُمَّ تَأْتِي الْحَبَشَةُ فَيُخَرِّبُوْنَهُ خَرَابًا لَا يَعْمُرُ بَعْدَهُ أَبَدًا، وَهُمُ الَّذِيْنَ يَسْتَخْرِجُوْنَ كَنْزَهُ (مسند احمد، رقم الحديث ٧٩١٠) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک آدمی کے لئے رکنِ یمانی اور مقامِ ابراہیم کے درمیان میں بیعت لی جائے گی، اور بیتُ اللہ کو اس کے اہل (یعنی مسلمان) ہی حلال کریں گے (یعنی جن چیزوں کو اللہ نے وہاں حرام کیا، ان کاموں کو کریں گے) پس جب وہ اس (بیتُ اللہ میں حرام کردہ چیزوں) کو حلال کرلیں گے، تو اس کے بعد تم عرب کی ہلاکت کا نہ پوچھو (کیا بنے گا) جس کے بعد حبشی لوگ آجائیں گے، اور وہ بیتُ اللہ میں ایسی تخریب کاری کریں

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غيرَ سعيد بن سمعان، فقد روى له البخارى فى "القراءة خلف الإمام "وأصحابُ السنن غيرَ ابن ماجه، وهو ثقة (حاشية مسند احمد)

گے، جس کے بعد وہ کبھی بھی آباد نہیں ہو سکے گا، اور یہی حبشی ایسے ہوں گے، جو اس (بیت اللہ) کے خزانہ کو باہر نکال لیں گے (مسند احمد)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ يَظْهَرُ ذُو السُّوَيْقَتَيْنِ عَلَى الْكَعْبَةِ ،قَالَ: حَسِبْتُ أَنَّهُ قَالَ: فَيَهْدِمُهَا (مسند احمد، رقم الحديث ٨٠٩٤) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آخری زمانہ میں کعبہ پر دو چھوٹی پنڈلیوں والا (حقیر وکمینہ) شخص غلبہ پالے گا، ابو ہریرہ کہتے ہیں کہ غالباً یہ بھی فرمایا کہ وہ (شخص) کعبہ کو منہدم بھی کردے گا (مسند احمد)

اور صحیح بخاری میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُخَرِّبُ الْكَعْبَةَ ذُو السُّوَيْقَتَيْنِ مِنَ الْحَبَشَةِ (صحيح البخارى، رقم الحديث ١٥٩١، كتاب الحج، باب قول الله تعالى: جعل الله الكعبة البيت الحرام قياما للناس والشهر الحرام)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کعبہ کو حبشہ کا ایک چھوٹی پنڈلیوں والا (حقیر وکمینہ) آدمی خراب (اور ویران) کردے گا (بخاری)

ایک صحابی رضی اللہ عنہ کی حدیث

ابو امامہ بن سہل بن حنیف سے روایت ہے کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی رضی اللہ عنہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ:

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية مسند احمد)

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اُتْرُكُوا الْحَبَشَةَ مَا تَرَكُوْكُمْ، فَإِنَّهُ لَا يَسْتَخْرِجُ كَنْزَ الْكَعْبَةِ إِلَّا ذُو السُّوَيْقَتَيْنِ مِنَ الْحَبَشَةِ (مسند احمد، رقم الحديث ۲۳۱۵۵) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ تم حبشہ کے لوگوں کو اس وقت تک چھوڑے رکھو، جب تک وہ تمہیں چھوڑے رکھیں، کیونکہ کعبہ کے خزانہ کو صرف حبشہ کا ایک چھوٹی پنڈلیوں والا (حقیر وکمینہ) آدمی ہی باہر نکالے گا (مسند احمد)

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اُتْرُكُوا الْحَبَشَةَ مَا تَرَكُوْكُمْ، فَإِنَّهُ لَا يَسْتَخْرِجُ كَنْزَ الْكَعْبَةِ إِلَّا ذُو السُّوَيْقَتَيْنِ مِنَ الْحَبَشَةِ

(المستدرک للحاکم، رقم الحديث ۸۳۹۶، کتاب الفتن والملاحم) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم حبشہ کے لوگوں کو اس وقت تک چھوڑے رکھو، جب تک وہ تمہیں چھوڑے رکھیں، کیونکہ کعبہ کے خزانہ کو صرف حبشہ کا ایک چھوٹی پنڈلیوں والا (حقیر وکمینہ) آدمی ہی باہر نکالے گا (حاکم)

ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ أَسْوَدَ أَفْحَجَ،

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره، وهذا إسناد حسن فى الشواهد (حاشية مسند احمد)

[2] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.
وقال الذهبى فى التلخيص: صحيح.

يَنْقُضُهَا حَجَرًا حَجَرًا، يَعْنِي الْكَعْبَةَ (مسند احمد ،رقم الحدیث ۲۰۱۰) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ گویا کہ میں کالے، دونوں پنڈلیوں کے درمیان فاصلہ والے شخص کو دیکھ رہا ہوں، جو اس کعبہ کو پتھر پتھر کر کے توڑ دے گا (مسند احمد)

علی رضی اللہ عنہ کی حدیث

اسی طرح کی حدیث حضرت علی رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی مروی ہے۔ [2]

بیت اللہ میں اس طرح تخریب کاری کی واردات حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات کے بعد ہی رونما ہوگی، جب کفر وضلالت کا غلبہ ہوجائے گا، کیونکہ دوسری احادیث میں یہ بات مذکور ہے کہ یاجوج وماجوج کے خروج کے بعد بھی بیت اللہ کا حج وعمرہ کیا جائے گا، اور عیسیٰ علیہ السلام بھی حج، یا عمرہ، یا دونوں کریں گے، اور ان کے دور میں ہی یاجوج وماجوج کا خروج اور ان کی ہلاکت ہوگی۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک اور حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين(حاشية مسند احمد)

[2] عن أبى العالية، عن على رضى الله عنه قال: " استكثروا من الطواف بهذا البيت ما استطعتم من قبل أن يحال بينكم وبينه، فكأنى أنظر إليه أصعل أصمع يهدمها بمسحاته "وقال سفيان: الصمع فى الآذان، والصعل فى الرأس: صغر الرأس(أخبار مكة، للفاكهى، ج ۱ ص ۱۹۴،رقم الحديث ۳۱۳،ذكر الطواف بالكعبة والصلاة، وما يؤمر به فيه من الصمت)

أخبرنا الشيخ أبو بكر بن إسحاق الفقيه، أنبأ على بن عبد العزيز، ثنا يحيى بن عبد الحميد، ثنا حصين بن عمر الأحمسى، ثنا الأعمش، عن إبراهيم التيمى، عن الحارث بن سويد، قال: سمعت عليا، رضى الله عنه، يقول: حجوا قبل أن لا تحجوا ، فكأنى أنظر إلى حبشى أصمع أفدع بيده، معول يهدمها حجرا حجرا، فقلت له شىء تقوله برأيك أو سمعته من رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: لا والذى فلق الحبة، وبرأ النسمة، ولكنى سمعته من نبيكم صلى الله عليه وسلم(المستدرک للحاكم،رقم الحديث ۱۶۴۶، كتاب المناسک)

www.idaraghufran.org

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيَهْبِطَنَّ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ حَكَمًا عَدْلًا، وَإِمَامًا مُقْسِطًا وَلَيَسْلُكَنَّ فَجًّا حَاجًّا، أَوْ مُعْتَمِرًا أَوْ بِنِيَّتِهِمَا وَلَيَأْتِيَنَّ قَبْرِي حَتّٰى يُسَلِّمَ وَلَأَرُدَّنَّ عَلَيْهِ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۴۱۶۲، کتاب تواریخ المتقدمین من الأنبیاء والمرسلین، ذکر نبی اللہ وروحہ عیسی ابن مریم صلوات اللہ وسلامہ علیہما) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ضرور بالضرور عیسیٰ بن مریم انصاف پسند عادل حکمران، اور منصف امام بن کر نازل ہوں گے، اور وہ ضرور بالضرور کشادہ راستہ پر حج، یا عمرہ، یا ان دونوں کی نیت سے چلیں گے، اور وہ ضرور بالضرور میری قبر پر حاضر ہوکر سلام بھی پیش کریں گے، اور میں ضرور بالضرور ان کو جواب دوں گا (حاکم)

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى لَا يُحَجَّ الْبَيْتُ (صحیح ابنِ حبان، رقم الحدیث ۶۷۵۰، تابع کتاب التاریخ، باب إخبارہ صلی اللہ علیہ وسلم عما یکون فی أمتہ من الفتن والحوادث) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت قائم نہیں ہوگی، یہاں تک کہ بیت اللہ کا حج نہیں کیا جائے گا (ابنِ حبان)

---

[1] قال الحاکم: ھذا حدیث صحیح الإسناد ولم یخرجاہ بھذہ السیاقۃ.
وقال الذھبی فی التلخیص: صحیح.

[2] قال شعیب الارنؤوط:
إسنادہ صحیح علی شرط الشیخین (حاشیۃ صحیح ابنِ حبان)

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيُحَجَّنَّ الْبَيْتُ وَلَيُعْتَمَرَنَّ بَعْدَ خُرُوْجِ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ (صحيح البخارى، رقم الحديث ١٥٩٣، كتاب الحج، باب قول الله تعالى: جعل الله الكعبة البيت الحرام قياما للناس والشهر الحرام)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یاجوج وماجوج کے خروج کے بعد بیت اللہ کا حج، اور عمرہ ضرور کیا جائے گا (بخاری)

اور مستدرک حاکم میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَيُحَجَّنَّ الْبَيْتُ وَلَيُعْتَمَرَنَّ بَعْدَ خُرُوْجِ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ، فَإِنَّهُ يُمْكِنُ أَنْ يَّحَجَّ وَيُعْتَمَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ، ثُمَّ يَنْقَطِعُ الْحَجُّ بِمَرَّةٍ (المستدرك للحاكم، رقم الحديث ٨٣٩٩، كتاب الفتن والملاحم)[1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یاجوج وماجوج کے خروج کے بعد ضرور بیت اللہ کا حج، اور عمرہ کیا جاتا رہے گا، اس لیے کہ اس کے بعد حج اور عمرہ ممکن (وجاری) ہوگا، پھر یکلخت حج منقطع ہوجائے گا (مستدرک حاکم)

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی ایک اور حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے موقوفاً روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ:

إِنَّ مِنْ آخِرِ أَمْرِ الْكَعْبَةِ أَنَّ الْحَبَشَ يَغْزُوْنَ الْبَيْتَ فَيَتَوَجَّهُ الْمُسْلِمُوْنَ نَحْوَهُمْ، فَيَبْعَثُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ رِيْحًا أَثَرُهَا شَرْقِيَّةٌ، فَلَا يَدَعُ اللّٰهُ عَبْدًا

[1] قال الذهبى فى التلخيص: صحيح.

فِیْ قَلْبِہٖ مِثْقَالُ ذَرَّۃٍ مِنْ تُقًی إِلَّا قَبَضَتْہُ،حَتّٰی إِذَا فَرَغُوْا مِنْ خِیَارِھِمْ بَقِیَ عَجَاجٌ مِنَ النَّاسِ، لَا یَأْمُرُوْنَ بِمَعْرُوْفٍ وَلَا یَنْھَوْنَ عَنْ مُنْکَرٍ، وَعَمَدَ کُلُّ حَیٍّ إِلٰی مَا کَانَ یَعْبُدُ آبَاؤُھُمْ مِنَ الْأَوْثَانِ فَیَعْبُدُہٗ، حَتّٰی یَتَسَافَدُوْا فِی الطُّرُقِ کَمَا تَتَسَافَدُ الْبَھَائِمُ، فَتَقُوْمُ عَلَیْھِمُ السَّاعَۃُ، فَمَنْ أَنْبَأَکَ عَنْ شَیْءٍ بَعْدَ ھٰذَا فَلَا عِلْمَ لَہٗ (المستدرک للحاکم،رقم الحدیث ۸۵۴۲، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: یقیناً کعبہ (شریف) کا آخری امر یہ ہوگا کہ حبشی لوگ بیت اللہ پر یلغار کریں گے،تو مسلمان ان کے مقابلے میں آئیں گے، پھراللہ ان (اہلِ ایمان) پر ایک ہوا بھیجے گا، جو مشرقی ہوا ہوگی، پس جس بندے کے دل میں ذرہ بھر بھی ایمان ہوگا،تو اس ہوا کے اثر سے اللہ اس کی روح کو قبض فرمالے گا، یہاں تک کہ جب چنے ہوئے اور منتخب لوگوں سے دنیا خالی ہوجائے گی،تو بے کار قسم کے لوگ باقی رہ جائیں گے، جو نہ نیکی کا حکم کریں گے،اور نہ برائی سے روکیں گے،اور ہر قوم،قبیلہ (ہر شخص) اپنے آباؤ اجداد والے سابقہ دین (یعنی کفر وشرک) بُت پرستی کی طرف لوٹ جائے گا، یہاں تک کہ یہ لوگ راستوں پر باہم اس طرح جفتی وملاپ کریں گے،جس طرح چوپائے کھلے عام جفتی وملاپ کرتے ہیں، پھرانہی لوگوں پر قیامت قائم ہوگی، پس جوکوئی اس کے بعد تجھے کوئی اور (ان پیشینگوئیوں کے برخلاف) خبر دے،تو وہ لاعلم ہے (اس جاہل کی بات کا کوئی اعتبار نہیں) (حاکم)

معلوم ہوا کہ قیامت سے پہلے،اوراس کے قائم ہونے سے کچھ پہلے بیت اللہ وکعبہ کوخراب اورویران کردیا جائے گا،اورحج وعمرہ موقوف ہوجائے گا۔نعوذ باللّٰہ منہ۔

---

[1] قال الحاکم:صحیح الإسناد علی شرطھما موقوف.
و قال الذھبی فی التلخیص: علی شرط البخاری ومسلم موقوف.

(فصل نمبر 51)

ہر مومن کی موت ہو جانا، شریر ترین لوگوں کا باقی رہ جانا

قیامت کی قریبی نشانیوں میں سے ایک نشانی ٹھنڈی ہوا کا چلنا بھی ہے، یہ ہوا نہایت فرحت بخش ہوگی، جس سے روئے زمین پر موجود تمام مومن مرجائیں گے، حتیٰ کہ اگر کوئی مسلمان کسی غار، یا کونے کھدرے میں چھپا ہوگا، اس کو بھی یہ ہوا پہنچے گی، اور وہ وہیں بڑے سکون سے مرجائے گا، اس کے بعد روئے زمین پر کوئی مومن اور اللہ کا نام لینے والا، باقی نہیں ہوگا، کافر اور بدترین مشرک اور بے حیاء لوگ باقی رہ جائیں گے، اور پھر ان ہی بدترین لوگوں پر قیامت قائم ہوگی، جس کی تفصیل ملاحظہ فرمایئے۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ رِيْحًا مِنَ الْيَمَنِ أَلْيَنَ مِنَ الْحَرِيْرِ فَلَا تَدَعُ أَحَدًا فِيْ قَلْبِهِ، قَالَ أَبُوْ عَلْقَمَةَ: مِثْقَالُ حَبَّةٍ، وَقَالَ عَبْدُ الْعَزِيْزِ: مِثْقَالُ ذَرَّةٍ، مِنْ إِيْمَانٍ إِلَّا قَبَضَتْهُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ١٨٥ "١١٧" كتاب الإيمان، باب فى الريح التى تكون قرب القيامة تقبض من فى قلبه شىء من الإيمان)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یقیناً اللہ یمن کی طرف سے ایک ہوا بھیجے گا، جو ریشم سے زیادہ لطیف وملائم ہوگی، پس جس کے دل میں ذرّہ بھر بھی ایمان ہوگا، وہ اس کی روح قبض کیے بغیر نہ چھوڑے گی (صحیح مسلم)

یعنی اس ہوا کے چلنے کے بعد سب اہلِ ایمان فوت ہوجائیں گے، دنیا میں خالص کافررہ جائیں گے، اور قیامت انہی کافروں پر آئے گی۔

انس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى لَا يُقَالَ فِي الْأَرْضِ: اَللّٰهُ، اَللّٰهُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۳۴ ''۱۴۸'' كتاب الإيمان، باب ذهاب الإيمان آخر الزمان)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت قائم نہیں ہوگی، یہاں تک کہ زمین میں '' اَللّٰهُ ،اَللّٰهُ '' نہیں کہا جائے گا (مسلم)

اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ عَلٰى أَحَدٍ يَقُوْلُ: اَللّٰهُ اَللّٰهُ (مسند احمد، رقم الحديث ۱۲۶۶۰) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کسی بھی ایسے شخص پر قائم نہیں ہوگی، جو '' اَللّٰهُ ،اَللّٰهُ '' کہتا ہو (مسند احمد)

''اللہ اللہ'' کہنے والے سے مراد مومن موحد ہے، جیسا کہ دوسری روایت میں توحید کی صراحت ہے۔

انس رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

چنانچہ صحیح ابنِ حبان میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ عَلٰى أَحَدٍ

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية مسند احمد)

یَقُوْلُ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ (صحیح ابنِ حبان، رقم الحدیث ۶۸۴۸، تابع کتاب التاریخ، باب إخباره صلى الله عليه وسلم عما يكون فى أمته من الفتن والحوادث) ؎۱

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کسی بھی ایسے شخص پر قائم نہیں ہوگی، جو ''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ'' کہتا ہو (ابنِ حبان)

انس، ابوامامہ، ابوسعید وابنِ مسعود رضی اللہ عنہم کی احادیث

اور مستدرک حاکم میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ، لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ عَلٰى رَجُلٍ يَقُوْلُ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَيَأْمُرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَى عَنِ الْمُنْكَرِ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۵۱۴، کتاب الفتن والملاحم) ؎۲

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، قیامت کسی بھی ایسے شخص پر قائم نہیں ہوگی، جو ''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ'' کہتا ہو، اور نیکی کا حکم اور برائی سے روکتا ہو (مستدرک حاکم)

پھر امر بالمعروف ونہی عن المنکر کے بھی کچھ درجات ہیں، جن میں کم از کم درجہ دل سے اچھی چیز کو اچھا، اور بری چیز کو برا سمجھنا ہے۔

چنانچہ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا الْإِيْمَانُ؟ قَالَ: إِذَا سَرَّتْكَ حَسَنَتُكَ، وَسَاءَتْكَ سَيِّئَتُكَ فَأَنْتَ مُؤْمِنٌ، قَالَ: يَا

؎۱ قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير نوح بن حبيب، فقد روى له أبو داود والنسائي، وهو ثقة (حاشية صحيح ابنِ حبان)

؎۲ قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط مسلم، ولم يخرجاه.

رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَمَا الْإِثْمُ؟قَالَ:إِذَا حَاکَ فِیْ نَفْسِکَ شَیْءٌ فَدَعْهُ (مسند احمد،رقم الحدیث۲۲۱۶۶)[1]

ترجمہ:ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ ایمان کیا ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب میں فرمایا کہ جب تم کوتمہاری نیکی سے خوشی ،اورتمہاری برائی سے برامحسوس ہو،تو تم مومن ہو،لوگوں نے عرض کیا کہ تو گناہ کیا ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب میں فرمایا کہ جب تمہارے دل میں کوئی چیز کھٹک پیدا کرے،توتم اس کوچھوڑدو(مسنداحمد)

جب آدمی دل سے بھی برائی کو براسمجھنا چھوڑ دے،تو پھرایمان رخصت ہونے لگتا ہے۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:مَنْ رَّأٰى مِنْكُمْ مُنْكَرًا فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهٖ، فَإِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهٖ، فَإِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهٖ، وَذٰلِکَ أَضْعَفُ الْإِيْمَانِ (صحیح مسلم،رقم الحدیث ۴۹"۷۸" کتاب الإیمان، باب بیان کون النهی عن المنکر من الإیمان الخ)

ترجمہ:میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ تم میں سے جو شخص منکر(یعنی گناہ وبُرائی) کودیکھے،تواسے چاہیے کہ اپنے ہاتھ سے اُسے بدل دے،اوراگراس کی طاقت وقدرت نہ ہو،تواپنی زبان سے بدل دے،اوراگراس کی بھی طاقت وقدرت نہ ہو،تو اپنے دل سے بدل دے،اور یہ ایمان کا کمزور ترین درجہ ہے(مسلم)

اورحضرت عبداللہ بن مسعودرضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:مَا مِنْ نَبِيٍّ بَعَثَهُ اللّٰهُ فِیْ أُمَّةٍ قَبْلِیْ إِلَّا كَانَ لَهٗ مِنْ أُمَّتِهٖ حَوَارِيُّوْنَ، وَأَصْحَابٌ يَأْخُذُوْنَ بِسُنَّتِهٖ

[1] قال شعیب الارنؤوط:حدیث صحیح، رجاله ثقات(حاشیة مسند احمد)

www.idaraghufran.org

وَيَقْتَدُوْنَ بِأَمْرِهٖ، ثُمَّ إِنَّهَا تَخْلُفُ مِنْ بَعْدِهِمْ خُلُوْفٌ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ، وَيَفْعَلُوْنَ مَا لَا يُؤْمَرُوْنَ، فَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِيَدِهٖ فَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِلِسَانِهٖ فَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِقَلْبِهٖ فَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَيْسَ وَرَاءَ ذٰلِكَ مِنَ الْإِيْمَانِ حَبَّةُ خَرْدَلٍ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۵۰ "۸۰" كتاب الإيمان، باب بيان كون النهي عن المنكر من الإيمان الخ)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ نے مجھ سے پہلے جس نبی کو بھی کسی امت میں بھیجا ہے، تو اس کی امت کے حواری (اور مددگار) ہوتے تھے، اور ایسے اصحاب ہوتے تھے، جو اپنے نبی کی سنت کو اختیار کرتے تھے، اور اس کے حکم کی پیروی کرتے تھے، پھر ان کے بعد ایسے ناخلف و نااہل آجاتے تھے، جو بات وہ کہتے تھے، وہ کرتے نہیں تھے، اور ایسے کام کرتے تھے، جن کا ان کو حکم نہیں دیا جاتا تھا، پس جس نے ان کے خلاف اپنے ہاتھ سے جہاد کیا، تو وہ مومن ہے، اور جس نے ان کے خلاف اپنی زبان سے جہاد کیا، تو وہ بھی مومن ہے، اور جس نے ان کے خلاف اپنے دل سے جہاد کیا، وہ بھی مومن ہے، اور اس کے بعد ایمان کا رائی کے برابر بھی کوئی درجہ نہیں (مسلم)

عبداللہ بن عمرو، اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَتَسَافَدُوْا، فِي الطَّرِيْقِ تَسَافُدَ الْحَمِيْرِ، قُلْتُ: إِنَّ ذَاكَ لَكَائِنٌ؟ قَالَ: نَعَمْ لَيَكُوْنَنَّ (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ۶۷۶۷، تابع كتاب التاريخ، باب إخباره صلى الله عليه وسلم عما يكون في أمته من الفتن والحوادث) [1]

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية صحيح ابنِ حبان)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک تم لوگ راستہ میں اسی طرح ایک دوسرے کے ساتھ بدکاری نہیں کرلیں گے، جس طرح گدھے کرتے ہیں، میں نے عرض کیا کہ کیا ایسا بھی ہوگا؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جی ہاں! ضرور ہوگا (ابنِ حبان)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ، لَا تَفْنٰى هٰذِهِ الْأُمَّةُ حَتّٰى يَقُوْمَ الرَّجُلُ إِلَى الْمَرْأَةِ فَيَفْتَرِشَهَا فِى الطَّرِيْقِ، فَيَكُوْنَ خِيَارُهُمْ يَوْمَئِذٍ مَنْ يَّقُوْلُ لَوْ وَارَيْتَهَا وَرَاءَ هٰذَا الْحَائِطِ (مسند ابى يعلىٰ الموصلى، رقم الحديث ٦١٨٣، مسند أبى هريرة) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قسم ہے اس ذات کی، جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، یہ امت اس وقت تک فناء نہیں ہوگی، جب تک ایک آدمی کھڑا ہو اور ایک عورت کو راستہ میں لٹالے (اور اس سے بدکاری کرے) پس ان لوگوں میں سب سے بہتر وہ شخص ہوگا، جو اس وقت یہ کہے کہ اگر تو اس عورت کو اس دیوار کے پیچھے چھپالیتا، تو اچھا تھا (ابویعلیٰ)

احادیث وروایات میں قیامت کی جو نشانیاں اور قُربِ قیامت کے جو اعمال بیان کے گئے ہیں، اُن کا ایک مقصد یہ بھی ہے کہ ان نشانیوں اور اعمال سے جہاں تک ہوسکے، بچا جائے، کیونکہ قیامت بدترین لوگوں اور بدترین حالات میں قائم ہوگی۔

لہٰذا احادیث میں جن بداعمالیوں کا نقشہ کھینچا گیا ہے، اس قسم کی بداعمالیوں کی حوصلہ شکنی کرتے رہنے میں ہی عافیت ہے، کیونکہ یہ بداعمالیاں قیامت کے قائم ہونے کے وقت ہوں گی۔

---

[1] قال حسين سليم أسد الدارانى: إسناده قوى (حاشية مسند ابى يعلىٰ)

www.idaraghufran.org

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث

عبدالرحمٰن بن شماسہ مہری سے روایت ہے کہ:

كُنْتُ عِنْدَ مَسْلَمَةَ بْنِ مُخَلَّدٍ، وَعِنْدَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ:لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ إِلَّا عَلٰى شِرَارِ الْخَلْقِ،هُمْ شَرٌّ مِنْ أَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ، لَا يَدْعُوْنَ اللّٰهَ بِشَيْءٍ إِلَّا رَدَّهُ عَلَيْهِمْ،فَبَيْنَمَا هُمْ عَلٰى ذٰلِكَ أَقْبَلَ عُقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ، فَقَالَ لَهُ مَسْلَمَةُ:يَا عُقْبَةُ، اِسْمَعْ مَا يَقُوْلُ عَبْدُ اللّٰهِ، فَقَالَ عُقْبَةُ:هُوَ أَعْلَمُ، وَأَمَّا أَنَا فَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،يَقُوْلُ:لَا تَزَالُ عِصَابَةٌ مِنْ أُمَّتِيْ يُقَاتِلُوْنَ عَلٰى أَمْرِ اللّٰهِ، قَاهِرِيْنَ لِعَدُوِّهِمْ، لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَالَفَهُمْ،حَتّٰى تَأْتِيَهُمُ السَّاعَةُ وَهُمْ عَلٰى ذٰلِكَ.

فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ:أَجَلْ، ثُمَّ يَبْعَثُ اللّٰهُ رِيْحًا كَرِيْحِ الْمِسْكِ مَسُّهَا مَسُّ الْحَرِيْرِ،فَلَا تَتْرُكُ نَفْسًا فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنَ الْإِيْمَانِ إِلَّا قَبَضَتْهُ، ثُمَّ يَبْقٰى شِرَارُ النَّاسِ عَلَيْهِمْ تَقُوْمُ السَّاعَةُ (صحيح مسلم،رقم الحديث ١٩٢٤ "١٧٦" كتاب الإمارة، باب قوله صلى الله عليه وسلم :لا تزال طائفة من أمتي ظاهرين على الحق لا يضرهم من خالفهم)

ترجمہ: میں مسلمہ بن مخلد کے پاس تھا،اوران کے پاس اس وقت حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ بھی تھے،تو عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ قیامت بدترین مخلوق پر ہی قائم ہوگی،اور وہ مخلوق اہلِ جاہلیت کے لوگوں سے بھی زیادہ برے لوگوں پر مشتمل ہوگی،وہ اللہ سے جو بھی دعاء کریں گے،ان کی دعاء کو اللہ رد کردے گا۔

پس ابھی لوگ اسی حال میں تھے کہ عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ تشریف لے آئے،

ان سے مسلمہ نے عرض کیا کہ اے عقبہ! آپ سنیں کہ عبداللہ بن عمرو کیا فرمار ہے ہیں؟ تو حضرت عقبہ نے فرمایا کہ عبداللہ بن عمرو زیادہ جانتے ہیں۔

البتہ میں نے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میری امت کی ایک جماعت برابر موجود رہے گی، جو اللہ کے حکم کی خاطر قتال کرے گی، وہ اپنے دشمنوں پر غالب رہے گی، ان کو ان کے مخالفین، نقصان نہیں پہنچا سکیں گے، یہاں تک کہ قیامت قائم ہو جائے گی، اور وہ اسی حال میں ہوں گے۔

تو اس کے جواب میں عبداللہ بن عمرو رضی اللہ نے فرمایا کہ بے شک آپ نے صحیح فرمایا، لیکن پھر اس کے بعد اللہ ایک ہوا کو بھیجے گا، جو مشک کی خوشبو والی ہوگی، اور اس کا چھونا، اس طرح نرم ہوگا، جس طرح ریشم ہوتی ہے، وہ ہوا کسی ایسے جاندار کو نہیں چھوڑے گی، جس کے دل میں ایک حبہ برابر بھی ایمان ہوگا، مگر اس کی روح کو قبض کر لے گی، پھر شریر ترین لوگ ہی باقی رہ جائیں گے، ان پر ہی قیامت قائم ہوگی (صحیح مسلم)

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے ایک لمبی حدیث میں روایت ہے کہ:

ثُمَّ يُرْسِلُ اللّٰهُ رِيحًا بَارِدَةً مِنْ قِبَلِ الشَّأْمِ، فَلَا يَبْقٰى عَلٰى وَجْهِ الْأَرْضِ أَحَدٌ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنْ خَيْرٍ أَوْ إِيْمَانٍ إِلَّا قَبَضَتْهُ ،حَتّٰى لَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ دَخَلَ فِي كَبِدِ جَبَلٍ لَدَخَلَتْهُ عَلَيْهِ ،حَتّٰى تَقْبِضَهُ ،قَالَ: سَمِعْتُهَا مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ،قَالَ :فَيَبْقٰى شِرَارُ النَّاسِ فِي خِفَّةِ الطَّيْرِ وَأَحْلَامِ السِّبَاعِ لَا يَعْرِفُوْنَ مَعْرُوْفًا، وَلَا يُنْكِرُوْنَ مُنْكَرًا ،فَيَتَمَثَّلُ لَهُمُ الشَّيْطَانُ ،فَيَقُوْلُ: أَلَا تَسْتَجِيْبُوْنَ

فَيَقُولُونَ فَمَا تَأْمُرُنَا ،فَيَأْمُرُهُمْ بِعِبَادَةِ الْأَوْثَانِ ،وَهُمْ فِي ذٰلِكَ دَارٌّ رِزْقُهُمْ ،حَسَنٌ عَيْشُهُمْ ،ثُمَّ يُنْفَخُ فِي الصُّورِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٤٠"١١٦"كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب في خروج الدجال ومكثه في الأرض، ونزول عيسى وقتله إياه الخ)

ترجمہ: پھر (دجال کے ہلاک ہونے کے چند سال بعد) ملکِ شام سے ایک ٹھنڈی ہوا چلے گی، پس روئے زمین پر جو بھی ایسا شخص ہوگا کہ اس کے دل میں رائی کے دانہ کے برابر بھی خیر، یا ایمان ہوگا، وہ اس کی روح کو قبض کر لے گی، یہاں تک کہ اگر تم میں سے کوئی کسی پہاڑ کے غار میں بھی داخل ہوگا، تو یہ ہوا وہاں بھی داخل ہو جائے گی، اور اس مومن کی روح کو قبض کر لے گی، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے خود سنا ہے، اور فرمایا کہ پھر شریر ترین لوگ ہی باقی رہ جائیں گے، جلد باز چھوٹے چھوٹے پرندوں (چڑیوں) کی طرح (جن کو سمجھ بوجھ نہیں ہوتی اور ان کی بلاوجہ کی نقل وحرکت بہت ہوتی ہے) اور بے عقل درندوں کی طرح، جو نہ اچھی بات کو اچھا سمجھیں گے، اور نہ بری بات کو برا سمجھیں گے، پھر شیطان ایک مخصوص صورت اختیار کر کے، ان کے پاس آئے گا اور کہے گا کہ کیا تم میری بات نہیں مانتے، وہ جواب میں کہیں گے کہ تو ہمیں کیا حکم دیتا ہے؟ پھر شیطان، ان کو بت پرستی کا حکم دے گا، اور وہ بت پرستی میں مشغول ہوں گے (اللہ کی حکمت اور ڈھیل کی وجہ سے) ان کا رزق کشادہ ہوگا، عیش کی زندگی ہوگی، پھر قیامت کا صور پھونکا جائے گا (صحیح مسلم)

عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَا يَذْهَبُ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ حَتّٰى تُعْبَدَ اللَّاتُ وَالْعُزّٰى فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنْ كُنْتُ لَأَظُنُّ حِيْنَ أَنْزَلَ اللّٰهُ: "هُوَ الَّذِىْ أَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ" أَنَّ ذٰلِكَ تَامًّا قَالَ إِنَّهٗ سَيَكُوْنُ مِنْ ذٰلِكَ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ يَبْعَثُ اللّٰهُ رِيْحًا طَيِّبَةً، فَتَوَفّٰى كُلَّ مَنْ فِىْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ حَبَّةِ خَرْدَلٍ مِنْ إِيْمَانٍ، فَيَبْقٰى مَنْ لَا خَيْرَ فِيْهِ، فَيَرْجِعُوْنَ إِلٰى دِيْنِ آبَائِهِمْ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٠٧ "٥٢" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب لا تقوم الساعة حتى تعبد دوس ذا الخلصة)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ رات اور دن اس وقت تک ختم نہیں ہوں گے، جب تک لات وعزیٰ نامی بتوں کی پوجا پاٹ نہ کی جانے لگے، اس پر میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! میں تو اس وقت سے جب سے اللہ نے سورہ توبہ کی یہ آیت نازل فرمائی کہ:

"هُوَ الَّذِىْ أَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ"

''وہی ذات ہے، جس نے بھیجا، اپنے رسول کو ہدایت کے ساتھ، اور دینِ حق کے ساتھ، تاکہ غالب کردے، وہ اس (دینِ حق) کو تمام دینوں پر، اگرچہ ناپسند کریں، مشرکین''

یہ گمان کرنے لگی تھی کہ اب دینِ حق تام ہوگیا (اوراب آئندہ بتوں کی عبادت نہیں ہوگی) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس آیت کے مطابق عمل ہوگا، جتنا اللہ کو منظور ہوگا۔

پھر (آخر میں لات وعزیٰ کی پوجا پاٹ ہونے کے بعد) اللہ ایک پاکیزہ ہوا کو

بھیجے گا، جس سے ہر وہ شخص فوت ہو جائے گا، جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی ایمان ہوگا، پھر وہی لوگ باقی رہ جائیں گے، جن میں کوئی خیر نہیں ہوگی، پھر وہ اپنے آباء واجداد کے دین پر لوٹ جائیں گے (جو لات وعزیٰ جیسے بتوں کی پوجا پاٹ والا دین تھا) (صحیح مسلم)

نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

ذَكَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدَّجَّالَ ذَاتَ غَدَاةٍ، فَخَفَّضَ فِيهِ وَرَفَّعَ، حَتّٰى ظَنَنَّاهُ فِي طَائِفَةِ النَّخْلِ، فَلَمَّا رُحْنَا إِلَيْهِ عَرَفَ ذٰلِكَ فِينَا، فَقَالَ: مَا شَأْنُكُمْ؟ قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ذَكَرْتَ الدَّجَّالَ غَدَاةً، فَخَفَّضْتَ فِيهِ وَرَفَّعْتَ، حَتّٰى ظَنَنَّاهُ فِي طَائِفَةِ النَّخْلِ، فَقَالَ: غَيْرُ الدَّجَّالِ أَخْوَفُنِي عَلَيْكُمْ، إِنْ يَخْرُجْ وَأَنَا فِيكُمْ، فَأَنَا حَجِيجُهُ دُونَكُمْ، وَإِنْ يَخْرُجْ وَلَسْتُ فِيكُمْ، فَامْرُؤٌ حَجِيجُ نَفْسِهِ، وَاللّٰهُ خَلِيفَتِي عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ، إِنَّهُ شَابٌّ قَطَطٌ، عَيْنُهُ طَافِئَةٌ، كَأَنِّي أُشَبِّهُهُ بِعَبْدِ الْعُزَّى بْنِ قَطَنٍ، فَمَنْ أَدْرَكَهُ مِنْكُمْ، فَلْيَقْرَأْ عَلَيْهِ فَوَاتِحَ سُورَةِ الْكَهْفِ، إِنَّهُ خَارِجٌ خَلَّةً بَيْنَ الشَّأْمِ وَالْعِرَاقِ، فَعَاثَ يَمِينًا وَعَاثَ شِمَالًا، يَا عِبَادَ اللّٰهِ فَاثْبُتُوا.

قُلْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَمَا لَبْثُهُ فِي الْأَرْضِ؟ قَالَ: أَرْبَعُونَ يَوْمًا، يَوْمٌ كَسَنَةٍ، وَيَوْمٌ كَشَهْرٍ، وَيَوْمٌ كَجُمُعَةٍ، وَسَائِرُ أَيَّامِهِ كَأَيَّامِكُمْ، قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَذٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِي كَسَنَةٍ، أَتَكْفِينَا فِيهِ صَلَاةُ يَوْمٍ؟ قَالَ لَا اُقْدُرُوا لَهُ قَدْرَهُ، قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَمَا إِسْرَاعُهُ فِي الْأَرْضِ؟ قَالَ:

كَـالْـغَيْثِ اِسْتَدْبَرَتْهُ الرِّيْحُ فَيَأْتِي عَلَى الْقَوْمِ فَيَدْعُوْهُمْ ،فَيُؤْمِنُوْنَ بِهٖ، وَيَسْتَـجِيْبُوْنَ لَـهٗ ،فَيَـأْمُـرُ السَّمَاءَ فَتُمْطِرُ ،وَالْأَرْضَ فَتُنْبِتُ، فَتَرُوْحُ عَـلَيْهِـمْ سَارِحَتُهُـمْ أَطْـوَلَ مَـا كَـانَـتْ ذُرًا ،وَأَسْبَغَـهٗ ضُرُوْعًا وَأَمَدَّهٗ خَـوَاصِـرَ، ثُـمَّ يَـأْتِـي الْـقَوْمَ فَيَدْعُوْهُمْ فَيَرُدُّوْنَ عَلَيْهِ قَوْلَـهٗ فَيَنْصَرِفُ عَـنْهُـمْ فَيُـصْبِـحُوْنَ مُمْحِلِيْنَ لَيْسَ بِأَيْدِيْهِمْ شَيْءٌ مِنْ أَمْوَالِهِمْ، وَيَمُرُّ بِـالْـخَـرِبَةِ ،فَيَـقُـوْلُ لَهَا أَخْرِجِيْ كُنُوْزَكِ فَتَتْبَعُهٗ كُنُوْزُهَا كَيَعَاسِيْبِ النَّحْلِ.

ثُـمَّ يَـدْعُوْ رَجُلًا مُمْتَلِئًا شَبَابًا فَيَضْرِبُهٗ بِالسَّيْفِ فَيَقْطَعُهٗ جَزْلَتَيْنِ رَمْيَةَ الْـغَـرَضِ ،ثُـمَّ يَـدْعُـوْهُ فَيُـقْبِـلُ وَيَتَهَـلَّلُ وَجْهُهٗ يَضْحَكُ ،فَبَيْنَمَا هُوَ كَذٰلِكَ إِذْ بَعَثَ اللّٰهُ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ فَيَنْزِلُ عِنْدَ الْمَنَارَةِ الْبَيْضَاءِ شَـرْقِيَّ دِمَشْقَ بَيْنَ مَهْرُوْدَتَيْنِ، وَاضِعًا كَفَّيْهِ عَلٰى أَجْنِحَةِ مَلَكَيْنِ ،إِذَا طَـأْطَـأَ رَأْسَـهٗ قَـطَرَ ،وَإِذَا رَفَعَهٗ تَحَدَّرَ مِنْهُ جُمَانٌ ، كَاللُّؤْلُؤِ ،فَـلَا يَحِلُّ لِـكَـافِـرٍ يَجِدُ رِيْحَ نَفَسِهٖ إِلَّا مَاتَ، وَنَفَسُهٗ يَنْتَهِيْ حَيْثُ يَنْتَهِيْ طَرْفُهٗ، فَيَـطْـلُـبُـهٗ حَتّٰى يُدْرِكَهٗ بِبَابِ لُدٍّ ،فَيَقْتُلُهٗ ثُمَّ يَأْتِيْ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ قَوْمٌ قَـدْ عَـصَمَهُمُ اللّٰهُ مِنْهُ ،فَيَمْسَحُ عَنْ وُجُوْهِهِمْ ،وَيُحَدِّثُهُمْ بِدَرَجَاتِهِمْ فِـي الْـجَـنَّةِ ،فَبَيْـنَـمَـا هُوَ كَذٰلِكَ ،إِذْ أَوْحَى اللّٰهُ إِلٰى عِيْسٰى إِنِّيْ قَدْ أَخْـرَجْـتُ عِبَادًا لِيْ لَا يَدَانِ لِأَحَدٍ بِقِتَالِهِمْ ،فَحَرِّزْ عِبَادِيْ إِلَى الطُّوْرِ وَيَبْـعَـثُ الـلّٰهُ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ ،وَهُمْ مِنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ، فَيَمُرُّ أَوَائِلُهُـمْ عَـلٰـى بُـحَيْـرَةِ طَبَـرِيَّةَ فَيَشْـرَبُوْنَ مَا فِيْهَا، وَيَمُرُّ آخِرُهُمْ فَيَقُـوْلُـوْنَ: لَـقَـدْ كَـانَ بِهٰـذِهٖ مَـرَّةً مَـاءٌ، وَيُـحْصَرُ نَبِيُّ الـلّٰـهِ عِيْسٰى وَأَصْـحَـابُـهٗ، حَتّٰـى يَـكُـوْنَ رَأْسُ الثَّوْرِ لِأَحَدِهِمْ خَيْرًا مِنْ مِائَةِ دِيْنَارٍ

لِأَحَدِكُمُ الْيَوْمَ، فَيَرْغَبُ نَبِيُّ اللّٰهِ عِيسٰى وَأَصْحَابُهُ، فَيُرْسِلُ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ النَّغَفَ فِيْ رِقَابِهِمْ، فَيُصْبِحُوْنَ فَرْسَى كَمَوْتِ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ، ثُمَّ يَهْبِطُ نَبِيُّ اللّٰهِ عِيسٰى وَأَصْحَابُهُ إِلَى الْأَرْضِ، فَلَا يَجِدُوْنَ فِي الْأَرْضِ مَوْضِعَ شِبْرٍ إِلَّا مَلَأَهُ زَهَمُهُمْ وَنَتْنُهُمْ، فَيَرْغَبُ نَبِيُّ اللّٰهِ عِيسٰى وَأَصْحَابُهُ إِلَى اللّٰهِ، فَيُرْسِلُ اللّٰهُ طَيْرًا كَأَعْنَاقِ الْبُخْتِ فَتَحْمِلُهُمْ فَتَطْرَحُهُمْ حَيْثُ شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ يُرْسِلُ اللّٰهُ مَطَرًا لَا يَكُنُّ مِنْهُ بَيْتُ مَدَرٍ وَلَا وَبَرٍ، فَيَغْسِلُ الْأَرْضَ حَتّٰى يَتْرُكَهَا كَالزَّلَفَةِ.

ثُمَّ يُقَالُ لِلْأَرْضِ أَنْبِتِي ثَمَرَتَكِ وَرُدِّي بَرَكَتَكِ، فَيَوْمَئِذٍ تَأْكُلُ الْعِصَابَةُ مِنَ الرُّمَّانَةِ وَيَسْتَظِلُّوْنَ بِقِحْفِهَا وَيُبَارَكُ فِي الرِّسْلِ حَتّٰى إِنَّ اللِّقْحَةَ مِنَ الْإِبِلِ لَتَكْفِي الْفِئَامَ مِنَ النَّاسِ وَاللِّقْحَةَ مِنَ الْبَقَرِ لَتَكْفِي الْقَبِيلَةَ مِنَ النَّاسِ وَاللِّقْحَةَ مِنَ الْغَنَمِ لَتَكْفِي الْفَخِذَ مِنَ النَّاسِ.

فَبَيْنَمَا هُمْ كَذٰلِكَ إِذْ بَعَثَ اللّٰهُ رِيحًا طَيِّبَةً، فَتَأْخُذُهُمْ تَحْتَ آبَاطِهِمْ، فَتَقْبِضُ رُوحَ كُلِّ مُؤْمِنٍ وَكُلِّ مُسْلِمٍ، وَيَبْقٰى شِرَارُ النَّاسِ، يَتَهَارَجُوْنَ فِيهَا تَهَارُجَ الْحُمُرِ، فَعَلَيْهِمْ تَقُوْمُ السَّاعَةُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٣٧ "١١٠" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب ذكر الدجال وصفته وما معه)

ترجمہ: ایک دن صبح کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کا ذکر کیا، تو آپ نے کبھی اس فتنہ کی تحقیر کی، اور کبھی اس کے فتنہ کو بڑا کر کے بیان فرمایا (یا کبھی آواز کو پست، اور کبھی بلند کیا) یہاں تک کہ ہم نے گمان کیا کہ وہ کھجوروں کے ایک جھنڈ میں ہے، پس جب ہم شام کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر

ہوئے، تو آپ نے ہمارے خوف کو پہچان لیا، اور فرمایا کہ تمہارا کیا حال ہے؟ ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول آپ نے صبح دجال کا ذکر کیا اور اس میں آپ نے کبھی تحقیر کی اور کبھی اس فتنہ کو بڑا کر کے بیان کیا (یا کبھی آواز کو پست، اور کبھی بلند کیا) یہاں تک کہ ہم نے گمان کیا کہ وہ کھجوروں کے ایک جھنڈ میں ہے تو آپ نے فرمایا کہ میں تمہارے بارے میں دجال کے علاوہ دوسرے فتنوں کا زیادہ خوف کرتا ہوں، اگر دجال میری موجودگی میں ظاہر ہوگیا، تو تمہارے بجائے میں اس کا مقابلہ کروں گا اور اگر میری غیر موجودگی میں ظاہر ہوا، تو ہر شخص خود اس سے مقابلہ کرنے والا ہوگا، اور اللہ ہر مسلمان پر میرا نگہبان ہوگا، بے شک دجال نوجوان، گھنگریالے بالوں والا، اور پھولی ہوئی آنکھ والا ہوگا، گویا کہ میں اسے عبدالعزیٰ بن قطن نامی شخص کے ساتھ تشبیہ دیتا ہوں، پس تم میں سے جو کوئی اسے پائے، تو اسے چاہیے کہ اس پر سورہ کہف کی ابتدائی آیات کی تلاوت کرے، بے شک اس کا خروج شام اور عراق کے درمیان سے ہوگا، پھر وہ اپنے دائیں اور بائیں جانب فساد برپا کرے، گا اے اللہ کے بندو ثابت قدم رہنا۔

ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! زمین میں وہ (دجال) کتنا عرصہ رہے گا؟ اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ چالیس دن رہے گا، جن میں سے ایک دن ایک سال کے برابر ہوگا، اور ایک دن ایک مہینہ کے برابر، اور ایک دن ایک جمعہ کے برابر ہوگا، اور اُس کے باقی دن تمہارے عام دِنوں کی طرح ہوں گے، ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! جو دن پورے سال کے برابر ہوگا، کیا اس میں ہمیں ایک دن کی نمازیں کافی ہوں گی؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں، بلکہ تم نمازوں کے لیے وقت کا اندازہ کر لینا۔

ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! دجال کی تیز رفتاری کیسی ہوگی؟ تو رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کی رفتار اس بارش کی طرح ہوگی، جس کو پیچھے سے ہوا ہانک رہی ہو، چنانچہ (وہ اسی رفتار سے) ایک قوم کے پاس آ کر انہیں دعوت دے گا، وہ لوگ اس کی بات مان کر اس پر ایمان لے آئیں گے، پھر وہ (دجال) آسمان کو بارش برسانے کا حکم دے گا، تو وہ بارش برسائے گا، اور زمین کو حکم دے گا، تو وہ اپنی پیداوار اُگائے گی، اور ان کے جانور شام کے وقت اس حال میں واپس آیا کریں گے کہ ان کے کوہان خوب اونچے، تھن خوب لبریز اور کوکھیں خوب بھری ہوئی ہوں گی۔

پھر دجال ایک جماعت کے پاس جا کر انہیں دعوت دے گا، وہ اس کی دعوت رَد کر دیں گے، اور دجال اُن سے واپس چلا جائے گا، اور وہ لوگ قحط سالی کا شکار ہو جائیں گے، اور ان کے ہاتھ میں ان کا کوئی مال باقی نہ رہے گا، پھر دجال ایک ویرانے پر گزرے گا، اور اس سے کہے گا کہ ''اپنے خزانے نکال'' چنانچہ زمین کے خزانے اس کے پیچھے اس طرح چلیں گے، جیسے شہد کی مکھیاں، اپنی ملکہ مکھی کے پیچھے چلتی ہیں۔

پھر دجال ایک اُبھرتی جوانی والے نوجوان کو بلائے گا، اور اسے تلوار مار کر دو ٹکڑوں میں تقسیم کر دے گا، اور ان ٹکڑوں کے درمیان میں اتنا فاصلہ ہو جائے گا، جتنا تیر مارنے والے اور اس کے نشانے کے درمیان ہوتا ہے، پھر اس کو آواز دے گا، تو وہ زندہ ہو کر ہشاش بشاش چہرے کے ساتھ ہنستا ہوا، اس کے سامنے آ جائے گا، اسی دوران اللہ حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کو بھیج دے گا، اور وہ ہلکے زرد رنگ کے دو کپڑوں کو زیب تن کئے ہوئے دمشق کے مشرقی جانب سفید مینارے پر نزول فرمائیں گے، دونوں ہاتھ دو فرشتوں کے پروں پر رکھے ہوں گے، جب سر جھکائیں گے، تو اس سے پانی کے قطرے ٹپکیں گے، اور جب سر اٹھائیں گے

تو اس سے چاندی کے دانوں اور موتیوں کی طرح قطرے ڈھلیں گے، پس جس کافر کو آپ کی سانس کی ہوا پہنچے گی، وہ مر جائے گا، اور آپ کا سانس تا حدِ نگاہ پہنچے گا، پھر آپ دجال کو تلاش کریں گے، تا آنکہ اسے ''لُدّ'' نامی دروازے پر جا ملیں گے، اور اس کو قتل کر دیں گے۔

پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس لوگوں کی وہ جماعت آئے گی، جن کو اللہ نے دجال کے فتنے سے محفوظ فرمایا ہوگا، آپ ان کے چہروں کو صاف کریں گے اور جنت میں ان کے درجات گنوائیں گے، انہی حالات میں اللہ، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی بھیجے گا کہ میں نے اپنے ایسے بندوں کو نکالا ہے، جن سے لڑنے کی کسی میں طاقت نہیں، اس لئے آپ میرے بندوں کو طور پہاڑ پر جمع کر لیں۔

پھر اللہ، یاجوج وماجوج کو بھیجے گا، اور وہ ہر اونچائی والی جگہوں سے نکل پڑیں گے، ان کے اگلے لوگ بحیرہ طبریہ پر سے گزریں گے، اور اس کا سارا پانی پی جائیں گے، اور ان کے آخری لوگ گزریں گے، تو کہیں گے کہ اس جگہ کسی وقت پانی موجود تھا۔

اور اللہ کے نبی عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی محصور ہو کر رہ جائیں گے، یہاں تک کہ ان میں کسی ایک کے لیے بیل کی سری بھی تم میں سے کسی ایک کے لیے آج کل کے سو دینار سے افضل وبہتر ہوگی۔

پھر اللہ کے نبی عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی اللہ سے دعاء کریں گے، تو اللہ یاجوج وماجوج کی گردنوں میں ایک کیڑا بھیجے گا، جس سے وہ ایک جان کی موت کی طرح سب کے سب یک لخت مر جائیں گے۔

پھر اللہ کے نبی عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی زمین کی طرف اتریں گے، تو

انہیں زمین میں ایک بالشت کی جگہ بھی یاجوج وماجوج کی علامات اور بدبو سے خالی نہیں ملے گی۔

پھر اللہ کے نبی عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی دعاء کریں گے، تو اللہ بختی (مخصوص نسل کے) اونٹوں کی گردنوں کے برابر پرندے بھیجے گا، جو ان کی لاشوں کو اٹھا کر لے جائیں گے اور جہاں اللہ چاہے گا، وہاں انہیں پھینک دیں گے۔

پھر اللہ بارش بھیجے گا، جو ہر مکان، خواہ وہ مٹی کا ہو، یا بالوں کا، اس بارش سے نہیں بچے گا، پھر زمین کو دھو کر آئینہ کی طرح صاف کر چھوڑے گا۔

پھر زمین سے کہا جائے گا کہ اپنی پیداوار اُگا، اور اپنی برکت ازسرِ نو ظاہر کر، چنانچہ اس زمانہ میں ایک انار (اتنا بڑا ہوگا کہ اُسے) آدمیوں کی ایک جماعت کھا سکے گی، اور اُس کے چھلکے کے نیچے لوگ سایہ حاصل کریں گے، اور دُودھ میں اتنی برکت ہوگی کہ دودھ دینے والی ایک اونٹنی، لوگوں کی بہت بڑی جماعت کے لیے کافی ہوگی، اور دودھ دینے والی ایک گائے، پورے قبیلہ کے لیے کافی ہوگی، اور دودھ دینے والی ایک بکری، پوری برادری کو کافی ہوگی۔

پھر وہ لوگ اسی طرح (زندگی گزار رہے) ہوں گے کہ اللہ پاکیزہ ہوا کو بھیجے گا، جو مومنوں کی بغلوں کے نیچے پہنچے گی، جس سے ہر مومن، اور ہر مسلم کی روح قبض ہو جائے گی، اور شریر ترین لوگ ہی باقی رہ جائیں گے، جو آپس میں گدھوں کی طرح اختلاط (وملاپ) رکھیں گے (انسانیت اور شرم وحیاء نام کی کوئی چیز، ان میں نہ ہوگی) پھر ان ہی (شریر ترین) لوگوں پر قیامت قائم ہوگی (مسلم)

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے موقوفاً روایت ہے کہ:

يَبۡعَثُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ رِيۡحًا فِيۡهَا زَمۡهَرِيۡرٌ بَارِدٌ، لَا تَدَعُ عَلٰى وَجۡهِ الۡأَرۡضِ مُؤۡمِنًا إِلَّا مَاتَ بِتِلۡكَ الرِّيۡحِ، ثُمَّ تَقُوۡمُ السَّاعَةُ عَلٰى شِرَارِ النَّاسِ (المستدرک للحاکم، رقم الحديث ٨٦٦٦، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: اللہ عزوجل ایک ہوا کو بھیجے گا، جو ہلکی اور ٹھنڈی ہوگی، روئے زمین کے کسی حصہ پر بھی مومن اس سے نہیں بچے گا، مگر وہ اس ہوا سے مرجائے گا، پھر قیامت شریر ترین لوگوں پر ہی قائم ہوگی (حاکم)

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُوۡمُ السَّاعَةُ إِلَّا عَلٰى شِرَارِ النَّاسِ (مسند احمد، رقم الحديث ٣٧٣٥) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت قائم نہیں ہوگی، مگر شریر ترین لوگوں پر ہی (مسند احمد)

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

سَمِعۡتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ يَقُوۡلُ: مِنۡ شِرَارِ النَّاسِ مَنۡ تُدۡرِكُهُمُ السَّاعَةُ وَهُمۡ أَحۡيَاءٌ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٧٠٦٧، کتاب الفتن، باب ظهور الفتن)

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين، ولم يخرجاه "، وكذلك روى بإسناد صحيح، عن عبد الله بن عمرو.
وقال الذهبي في التلخيص: على شرط البخارى ومسلم.

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية مسند احمد)

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ سب سے بدترین لوگ وہ ہیں، جن کو قیامت پالے، اور وہ زندہ ہوں (بخاری)

بریدہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

اورحضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِلّٰہِ رِیْحًا یَبْعَثُھَا عَلٰی رَأْسِ مِائَۃِ سَنَۃٍ تَقْبِضُ رُوْحَ کُلِّ مُؤْمِنٍ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۴۱۱، کتاب الفتن والملاحم)[1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بلاشبہ اللہ کی ایک ہوا ہے، جس کو اللہ سو سال کے سرے پر بھیجے گا، وہ ہر مؤمن کی روح کو قبض کرنے کا باعث بنے گی (حاکم)

معلوم ہوا کہ قیامت قائم ہونے سے کچھ پہلے، ایک مخصوص ہوا سے روئے زمین کے سب مومن ومسلم فوت ہوجائیں گے، اور شریر ترین وبدترین، بے حیاء وبے غیرت کافر ومشرک، باقی رہ جائیں گے، اوران ہی پر قیامت قائم ہوگی۔

اللہ حفاظت فرمائے۔ آمین۔

وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.

---

[1] قال الحاکم: هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه .
وقال الذهبي في التلخيص: صحيح.
وقال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشَّثري:
الحديث بهذا الإسناد رجاله ثقات، إلا بشير بن المهاجر وهو حسن الحديث.
وعليه فالحديث بهذا الإسناد حسن، وقد صححه الحاكم ووافقه الذهبي وحسنه البوصيري كما تقدم، وقال الحافظ -كما في المطالب هنا :-إسناده حسن .اهـ(حاشية المطالب العالية، ج۱۷، ص۵۸۸، تحت رقم الحديث ۴۳۴۹، كتاب الفتن،باب البيان بأن لا يبقى من الصحابة أحد إلى بعد المائة من الهجرة)

(فصل نمبر 52)

زمین پر عظیم زلزلہ کا آنا

قرآن وسنت سے معلوم ہوتا ہے کہ قیامت کا قیام عظیم ترین زلزلہ سے ہوگا، اور اس سے پہلے زمین پر تین بڑے بڑے زلزلے آئیں گے، جس سے زمین وسیع پیمانہ پر پھٹ پڑے گی، اور اس میں انسان، اور دوسری چیزیں، بلکہ بڑے بڑے علاقے دھنس جائیں گے۔

سورہ حج کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ حج میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَـاأَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ. يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَـذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَـمَّا أَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَـرَى الـنَّاسَ سُكَارٰى وَمَا هُمْ بِسُكَارٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ

(سورة الحج، رقم الآية ۱ و ۲)

ترجمہ: اے لوگوں، ڈرو تم اپنے رب سے بے شک قیامت کا زلزلہ عظیم چیز ہے۔ جس دن دیکھو گے تم اس کو، تو بھول جائے گی، ہر دودھ پلانے والی عورت اس کو جس کو دودھ پلایا تھا، اس نے، اور گرا دے گی، ہر حمل والی عورت، اپنے حمل کو، اور دیکھے گا تو لوگوں کو نشہ کی حالت میں، اور (درحقیقت) نہیں ہوں گے وہ نشہ کی حالت میں، اور لیکن اللہ کا عذاب شدید ہے (سورہ حج)

یہ زلزلہ قیامت قائم ہونے کی نشانی ہوگی، جو بڑا ہولناک منظر پیش کرے گا۔ [1]

---

[1] (يأيها الناس) أى أهل مكة وغيرهم (اتقوا ربكم) أى عقابه بأن تطيعوه (إن زلزلة الساعة) أى الحركة الشديدة للأرض التى يكون بعدها طلوع الشمس من مغربها الذى هو قرب الساعة (شىء عظيم) فى إزعاج الناس الذى هو نوع من العقاب (تفسير الجلالين، ص ۴۳۳، سورة الحج)

سورہ زلزلہ کا حوالہ

اور قرآن مجید کی سورہ زلزلہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ زِلْزَالَهَا (سورة الزلزلة،رقم الآية ۱)

ترجمہ: جب ہلایا جائے گا، زمین کو، اس کے زلزلہ سے (سورہ زلزلہ)

یہ زلزلہ بھی قیامت کے قیام کے لئے ہوگا۔ [1]

سورہ اسراء کا حوالہ

اور قرآن مجید کی سورہ اسراء میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَإِنْ مِّنْ قَرْيَةٍ إِلَّا نَحْنُ مُهْلِكُوهَا قَبْلَ يَوْمِ الْقِيَامَةِ أَوْ مُعَذِّبُوهَا عَذَابًا شَدِيْدًا ، كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتَابِ مَسْطُوْرًا (سورة الاسراء،رقم الآية ۵۸)

ترجمہ: اور نہیں ہے کوئی قریہ، مگر ہم ہلاک کرنے والے ہیں، اس کو قیامت سے قبل، یا عذاب دینے والے ہیں، اس کو شدید ترین عذاب، اور ہے یہ کتاب (یعنی لوحِ محفوظ) میں لکھا ہوا (سورہ اسراء)

قیامت سے پہلے، سب مومنوں کو تو وفات دے کر ہلاک کر دیا جائے گا، اور باقی رہ جانے والے کافروں پر زلزلہ کی شکل میں، یا صور پھونک کر قیامت قائم کی جائے گی، اور وہ عذاب کے مستحق ٹھہریں گے، اس طرح قیامت قائم ہونے سے پہلے دنیا کے سب لوگ ہلاک ہو جائیں گے۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] (إذا زلزلت الأرض) حركت لقيام الساعة (زلزالها) تحريكها الشديد المناسب لعظمتها(تفسير الجلالين،ص۸۱۷،سورة الزلزلة)

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَتَقْمِصَنَّ بِكُمْ قِمَاصَ الْبِكْرِ، يَعْنِيْ، اَلْأَرْضَ (كشف الستار عن زوائد البزار،رقم الحديث ٣٤٢٧،كتاب البعث، باب كيف تفعل الأرض بالناس) ؎۱

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہیں جوان اونٹ کی طرح ہلاکر رکھ دیا جائے گا، یعنی زمین کو (بزار)

مطلب یہ ہے کہ قیامت قائم ہونے کے وقت تمہیں زمین جوان اونٹ پر بیٹھے ہوئے شخص کو حرکت دینے کی طرح کا سخت زلزلہ پیدا کرے گی،جس طرح آج کل کے مخصوص جانوروں پر بیٹھنا مشکل ہوجاتا ہے،اوران پر تادیر بیٹھنے والوں کا مقابلہ ہوتا ہے،اورتماش بینوں کی بڑی تعداداس کا مشاہدہ کرتی ہے۔ ؎۲

بعض احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ قیامت قائم ہونے سے پہلے مشرق اورمغرب اور جزیرۂ عرب میں تین بڑے بڑے زلزلے آئیں گے، جہاں زمین کو بڑے پیمانہ پر دھنسا دیا جائے گا،جس سے وہاں کے باشندے زمین میں دھنس جائیں گے،اور یہ اس وقت ہوگا،جب

؎۱ قال الهيثمي:رواه البزاز ورجاله ثقات(مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٨٣١٣ ،باب قيام الساعة، وكيف ينبتون)

؎۲ قمص الفرس وغيره يقمص، بالضم، ويقمص، بالكسر، قمصا وقماصا، بالضم والكسر، واقتصر الجوهرى على الكسر :ومنع الضم، وهما جميعا فى كتاب يافع ويفعة فقال :هو قماص الدابة وقماصه، أو إذا صار ذلک عادة له فبالضم، وهو أى القمص والقماص أن يرفع يديه ويطرحهما معا، ويعجن برجليه، وهو الاستنان أيضا .قمص البحر بالسفينة، إذا حركها بالموج، كما فى الصحاح، وهو مجاز .من المجاز :القماص ككتاب :القلق والنفور، والوثب، ويضم .يقال: هذه دابة فيها قماص وقماص .وزاد فى اللسان الفتح أيضا، فهو مثلث، قال :والضم أفصح .فى المثل :ما بالعير من قماص بالوجهين، يضرب لضعيف لا حراک به، ولمن ذل بعد عز، نقلهما الصاغانى، وعلى الأخير اقتصر الجوهرى، ويروى المثل أيضا :أفلا قماص بالبعير، وهذا حكاه سيبويه .وفى حديث سليمان بن يسار فقمصت به فصرعته، أى وثبت ونفرت فألقته .
وفى حديث أبى هريرة لتقمصن بكم الأرض قماص النفر يعنى الزلزلة .والقماص، بالضم :أن لا يستقر فى موضع، تراه يقمص فيثب من مكانه من غير صبر .ويقال للقلق :قد أخذه القماص .وفى حديث عمر :فقمص منها قمصا :أى نفر وأعرض .القموص، كصبور :الدابة تقمص بصاحبها، أى تثب(تاج العروس،ج١٨،ص١٢٦، ١٢٧،مادة"قمص"فصل القاف مع الصاد)

اکثر لوگ خباثت، بے حیائی اور زنا وغیرہ کا ارتکاب کریں گے۔

حذیفہ بن اسید غفاری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت حذیفہ بن اسید غفاری رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث پہلے گذر چکی ہے کہ:

أَشْرَفَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غُرْفَةٍ وَنَحْنُ نَتَذَاكَرُ السَّاعَةَ، فَقَالَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَرَوْنَ عَشْرَ آيَاتٍ، طُلُوْعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَالدُّخَانُ، وَالدَّابَّةُ، وَخُرُوْجُ يَأْجُوْجَ، وَمَأْجُوْجَ، وَخُرُوْجُ عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَالدَّجَّالِ، وَثَلَاثُ خُسُوْفٍ: خَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِجَزِيْرَةِ الْعَرَبِ، وَنَارٌ تَخْرُجُ مِنْ قَعْرِ عَدَنٍ، تَسُوْقُ، أَوْ تَحْشُرُ النَّاسَ، تَبِيْتُ مَعَهُمْ حَيْثُ بَاتُوْا، وَتَقِيْلُ مَعَهُمْ حَيْثُ قَالُوْا (مسند احمد، رقم الحديث ۱۶۱۴۴) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں بالا خانہ سے جھانک کر دیکھا، اور ہم قیامت کا مذاکرہ کر رہے تھے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک کہ تم دس علامات نہ دیکھ لو، ایک تو سورج کا مغرب سے طلوع ہونا، دوسرے دھواں، تیسرے دابۃ الارض، چوتھے یاجوج وماجوج کا خروج، پانچویں عیسیٰ بن مریم کا خروج، چھٹے دجال کا خروج، ساتویں، آٹھویں، اورنویں، تین جگہوں میں دھنسنا، ایک مشرق میں، ایک مغرب میں، اور ایک جزیرہ العرب میں، دسویں عدن کی گہرائی سے نکلنے والی آگ، جو لوگوں کو ہنکائے گی، یا جمع کرے گی، جہاں لوگ رات گذاریں گے، وہ آگ بھی وہیں

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

رات گذارے گی، اور جہاں لوگ دوپہر کو ٹھہریں گے، یہ آگ بھی دوپہر کو وہاں ٹھہرے گی (مسند احمد)

واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَكُوْنَ عَشْرُ آيَاتٍ: خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ فِيْ جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ، وَالدَّجَّالُ، وَالدُّخَانُ، وَنُزُوْلُ عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ، فَيَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ، وَالدَّابَّةُ، وَطُلُوْعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَنَارٌ تَخْرُجُ مِنْ قَعْرِ عَدْنَ تَسُوْقُ النَّاسَ إِلَى الْمَحْشَرِ، تَحْشُرُ الذَّرَّ وَالنَّمْلَ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۳۱۷، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک دس نشانیاں نہ دیکھ لی جائیں، ایک تو مشرق میں دھنسنا، دوسرے مغرب میں دھنسنا، تیسرے جزیرۂ عرب میں دھنسنا، چوتھے دجال، پانچویں دھواں، چھٹے عیسیٰ بن مریم کا نزول، ساتویں، یاجوج وماجوج، آٹھویں دابۃ الارض، نویں سورج کا مغرب سے طلوع ہونا، دسویں آگ، جو عدن کی گہرائی سے نکلے گی، اور لوگوں کو ہانکتی ہوئی محشر کی طرف لے جائے گی، اور چھوٹی اور بڑی چیونٹیوں کو جمع کردے گی (حاکم)

---

[1] قال الحاکم:
هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.
وقال الذهبی فی التلخيص:
صحيح.

ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: سَیَکُوْنُ بَعْدِیْ خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ فِیْ جَزِیْرَۃِ الْعَرَبِ، فَقَالَتْ: یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ یُخْسَفُ بِالْأَرْضِ وَفِیْھِمِ الصَّالِحُوْنَ؟ فَقَالَ لَھَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: إِذَا کَانَ أَکْثَرُ أَھْلِھَا الْخَبَثَ

(المعجم الکبیر للطبرانی، ج۲۳ص ۲۷۱،رقم الحدیث ۵۸۰،المعجم الاوسط للطبرانی،رقم الحدیث ۳۶۴۷) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میرے بعد میں دھنسایا جائے گا، ایک دھنسایا جانا، مشرق میں ہوگا، دوسرا دھنسایا جانا، مغرب میں ہوگا، تیسرا دھنسایا جانا، جزیرۂ عرب میں ہوگا۔

حضرت اِم سلمہ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کیا زمین کو ہم میں نیک لوگوں کی موجودگی میں بھی دھنسایا جاسکتا ہے؟ تو ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب زمین کے اکثر لوگ خبث اور منکرات کا ارتکاب کریں (طبرانی)

انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

ذُکِرَ فِیْ زَمَانِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَسْفٌ قِبَلَ الْمَشْرِقِ،

---

[1] قال الھیثمی: رواہ الطبرانی فی الأوسط، وفیہ حکیم بن نافع وثقہ ابن معین وضعفہ غیرہ، وبقیۃ رجالہ ثقات (مجمع الزوائد،تحت رقم الحدیث ۱۲۵۵۹،باب ما جاء فی المسخ والقذف وإرسال الشیاطین والصواعق)

فَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، يُخْسَفُ بِأَرْضٍ فِيهَا الْمُسْلِمُونَ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، إِذَا كَانَ أَكْثَرُ أَهْلِهَا الْخُبْثُ (المعجم الاوسط للطبرانی، رقم الحديث ۱۸۴۱، باب الألف) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں مشرق کی طرف دھنسائے جانے کا ذکر کیا گیا، تو بعض لوگوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کیا ایسی زمین کو بھی دھنسایا جا سکتا ہے، جس میں مسلمان ہوں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک جب زمین کے اکثر لوگ خبث اور منکرات کا ارتکاب کریں (تو اس وقت ایسا ہوگا) (طبرانی)

بہرحال مذکورہ احادیث سے معلوم ہوا کہ قیامت قائم ہونے سے پہلے ایک تو مشرق میں اور ایک مغرب میں اور ایک جزیرۂ عرب میں تین بڑے بڑے زلزلے رونما ہوں گے، جن میں زمین کو بڑے پیمانہ پر دھنسا دیا جائے گا، اور اس کی وجہ سے وہاں کے باشندے زمین میں دھنس جائیں گے، اور یہ اس وقت ہوگا، جب اکثر لوگ خباثت، بے حیائی اور زنا کاری وغیرہ کا ارتکاب کریں گے۔

اور پھر جب دنیا کا اختتام، اور قیامت کا قیام ہوگا، تو زوردار زلزلہ پیدا ہوگا، جو نہایت ہوناک ہوگا، جس سے دنیا کا نظام درہم برہم کر کے کام تمام کر دیا جائے گا۔

اللہ حفاظت عطاء فرمائے۔ آمین۔

وَاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى اَعْلَمُ وَعِلْمُهٗ اَتَمُّ وَاَحْكَمُ.

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني في الصغير والأوسط، ورجاله رجال الصحيح (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۱۲۱۴۸، باب في ظهور المعاصي)

www.idaraghufran.org

(فصل نمبر 53)

آگ کا نکلنا اور لوگوں کا تعاقب کرنا

بعض احادیث وروایات سے معلوم ہوتا ہے کہ قیامت کے قائم ہونے کے وقت مشرق کی طرف سے آگ نکلے گی، اور لوگوں کو مغرب اور شام کی طرف دھکیل کر، محشر کے لئے جمع کرے گی، بعض احادیث میں اس کی مزید تفصیل آئی ہے۔

انس رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے عبد اللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کے ایک واقعہ کے ذیل میں روایت ہے کہ:

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :أَمَّا أَوَّلُ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ فَنَارٌ تَحْشُرُ النَّاسَ مِنَ الْمَشْرِقِ إِلَى الْمَغْرِبِ (صحيح البخارى، رقم الحديث ۳۳۲۹، كتاب احاديث الانبياء، باب قول الله تعالى: وإذ قال ربك للملائكة إنى جاعل فى الأرض خليفة)

ترجمہ: تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جہاں تک قیامت قائم ہونے کی علامات کی ابتداء کا تعلق ہے، تو وہ ایک آگ ہوگی، جو لوگوں کو مشرق سے مغرب کی طرف جمع کرے گی (بخاری)

بعض احادیث میں اس آگ کے حجاز، یا اس کے دوسرے مخصوص علاقوں، جیسا کہ یمن، حضر موت، اور عدن سے نکلنے کا ذکر ہے، اور ملکِ شام، حجاز سے مغرب میں واقع ہے، اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ آگ حجاز سے نکلے گی، اور اس وقت کے لوگوں کو شام کی طرف جمع کرے

گی، کیونکہ دوسری احادیث کی مطابق یہی محشر کی جگہ ہے، جیسا کہ آگے آتا ہے۔ [1]

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُحْشَرُ النَّاسُ عَلٰى ثَلَاثِ طَرَائِقَ: رَاغِبِينَ رَاهِبِينَ، وَاثْنَانِ عَلٰى بَعِيرٍ، وَثَلَاثَةٌ عَلٰى بَعِيرٍ، وَأَرْبَعَةٌ عَلٰى بَعِيرٍ، وَعَشَرَةٌ عَلٰى بَعِيرٍ، وَيَحْشُرُ بَقِيَّتَهُمُ النَّارُ، تَقِيلُ مَعَهُمْ حَيْثُ قَالُوا، وَتَبِيتُ مَعَهُمْ حَيْثُ بَاتُوا، وَتُصْبِحُ مَعَهُمْ حَيْثُ أَصْبَحُوا، وَتُمْسِي مَعَهُمْ حَيْثُ أَمْسَوْا (صحيح البخاری، رقم الحديث ۶۵۲۲، کتاب الرقاق، باب: کيف الحشر)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگوں کو تین جماعتوں کی صورت میں اکٹھا کیا جائے گا، کچھ لوگ خوش ہوں گے، کچھ لوگ ڈرے ہوئے ہوں گے۔

اور دو آدمی ایک اونٹ پر ہوں گے، اور تین آدمی ایک اونٹ پر ہوں گے اور چار آدمی ایک اونٹ پر ہوں گے اور دس آدمی بھی ایک اونٹ پر ہوں گے (یہ مومن ہوں گے)

اور باقی لوگوں کو آگ اکٹھا کرے گی، جہاں یہ لوگ دن میں ٹھہریں گے، وہ آگ وہاں ان کے ساتھ دن میں ٹھہرے گی، اور جہاں وہ لوگ رات گزاریں گے، وہ آگ بھی وہاں ان کے ساتھ رات گزارے گی، اور وہ لوگ جہاں صبح کریں گے، وہ آگ بھی وہاں ان کے ساتھ صبح کرے گی اور وہ لوگ جہاں شام کریں گے، وہ آگ بھی ان کے ساتھ وہاں شام کرے گی (بخاری)

---

[1] الشام غربی الحجاز (فتح الباری لابنِ حجر، ج ۱۳، ص ۲۹۵، کتاب الفتن، قوله باب لا تزال طائفة من أمتي ظاهرين على الحق)

اس حدیث میں بظاہر قیامت سے پہلے آگ کا کفار کو شام کی طرف جمع کرنا مراد ہے، جبکہ اس واقعہ کو مومنین کے فوت ہونے کے بعد پر محمول کیا جائے۔

اور سوار لوگوں سے مومنوں کا کسی دوسرے وقت شام میں جمع ہونا مراد ہے، جس کا دوسری احادیث میں ذکر ہے۔ [1]

بعض دوسری احادیث میں قیامت کے دن کسی کا پیدل، کسی کا سوار ہوکر، اور کسی کا منہ کے بل گھسٹ کر جمع ہونے کا ذکر ہے۔ [2]

مختلف گروہوں کی شکل میں جمع ہونے کا مضمون مختلف اسالیب میں قرآن مجید میں بھی مختلف مواقع پر مذکور ہے، مثلاً سورہ واقعہ میں وَكُنْتُمْ أَزْوَاجًا ثَلَاثَةً (سورہ واقعہ، آیت نمبر ۷)

اور سورہ زمر میں وَسِيقَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِلَىٰ جَهَنَّمَ زُمَرًا (سورہ زمر، آیت نمبر ۷۱)

اور سورہ مریم میں يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِينَ إِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا (سورہ مریم، آیت نمبر ۸۵)

اور سورہ یٰس میں وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَإِذَا هُمْ مِنَ الْأَجْدَاثِ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يَنْسِلُونَ (سورہ یٰس، آیت نمبر ۵۱)

---

[1] قوله :(ثلاث طرائق) ، أى :ثلاث فرق، قال الكرمانى :قالوا :هذا الحشر فى آخر الدنيا قبيل القيامة، كما يجىء فى الحديث الذى بعده(عمدة القارى شرح صحيح البخارى،ج۲۳،ص ۱۰۴، كتاب الرقاق، باب كيف الحشر)

وقوله: راغبين، يحتمل أن يكون إشارة إلى الأبرار، وقوله: راهبين، إلى المخلطين، الذين هم بين الخوف والرجاء، والذين تحشرهم النار، هم الكفار، ويحتمل أن يكون هذا فى وقت الحشر إلى موقف الحساب(البعث والنشور،للبيهقى،ص ۲۲۷، تحت رقم الحديث ۲۷۴،باب قول الله عز وجل :يوم نحشر المتقين إلى الرحمن وفدا)

[2] عن أبى هريرة، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " يحشر الناس يوم القيامة ثلاثة أصناف: صنفا مشاة، وصنفا ركبانا، وصنفا على وجوههم "، قيل: يا رسول الله، وكيف يمشون على وجوههم؟ قال: إن الذى أمشاهم على أقدامهم قادر على أن يمشيهم على وجوههم، أما إنهم يتقون بوجوههم كل حدب وشوك(سنن الترمذى،رقم الحديث ۳۱۴۲)

قال الترمذى:هذا حديث حسن وقد روى وهيب، عن ابن طاوس، عن أبيه، عن أبى هريرة، عن النبى صلى الله عليه وسلم شيئا من هذا.

مذکورہ آیات سے قیامت اور حشر میں اعمال کے اعتبار سے انسانوں کی درجہ بندی ہونے کی تفصیل سامنے آتی ہے۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَخْرُجَ نَارٌ مِنْ أَرْضِ الْحِجَازِ، تُضِيْءُ أَعْنَاقَ الْإِبِلِ بِبُصْرٰى (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۹۰۲ "۴۲" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب لا تقوم الساعة حتى تخرج نار من أرض الحجاز)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک حجاز کی زمین سے ایک آگ نہ نکل جائے، جو (ملکِ شام کے شہر) بُصریٰ کے اونٹوں کی گردنوں کو روشن کردے گی (صحیح مسلم)

''حجاز'' شمال مغربی سعودی عرب کا ایک علاقہ ہے، جو بحیرۂ احمر ''Red Sea'' (بحیرہ قلزم، قدیم روایتی نام) کے مغربی ساحل پر واقع ہے، اس کا رقبہ تقریباً ڈیڑھ لاکھ مربع میل ہے، مکہ مکرمہ، اور مدینہ منورہ، اسی علاقے میں واقع ہیں۔

ارضِ حجاز کے وسیع تر مفہوم میں یمن، اور حضر موت کا علاقہ بھی داخل ہے، اور عدن بھی داخل ہے، جیسا کہ دوسری احادیث میں ان مقامات سے آگ نکلنے کا ذکر ہے۔ [1]

---

[1] الحجاز ما بين نجد وجبل السراة وهو جبل ممتد من اليمن إلى أطراف الشام وقيل أوله من جبل طيء (فتح البارى، ج ۱، ص ۱۰۲، المقدمة، فصل ح ب)

وحضرموت آخر اليمن (فتح البارى، ج ۶، ص ۱۷۱، كتاب الجهاد، باب هل يستشفع إلى أهل الذمة ومعاملتهم)

(نار تخرج من قعر عدن ") أى: أقصى أرضها، وهو غير منصرف، وقيل منصرف باعتبار البقعة والموضع، ففى المشارق عدن مدينة مشهورة باليمن، وفى القاموس عدن محركة جزيرة باليمن (مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، ج ۸، ص ۳۴۵۰، كتاب الفتن، باب العلامات بين يدى الساعة وذكر الدجال)

ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَتَخْرُجُ نَارٌ مِنْ حَضْرَمَوْتَ أَوْ مِنْ بَحْرِ حَضْرَمَوْتَ، قَبْلَ يَوْمِ الْقِيَامَةِ تَحْشُرُ النَّاسَ، قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَمَاذَا تَأْمُرُنَا؟ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِالشَّامِ (مسند احمد، رقم الحديث ٥٣٧٦) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عنقریب، قیامت سے پہلے، حضر موت (یمن کے مخصوص علاقے) سے، یا حضر موت کے سمندر سے ایک آگ نکلے گی، جو لوگوں کو اکٹھا کرے گی، ابنِ عمر کہتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! آپ ہمیں (اس زمانہ میں) کس بات کا حکم فرماتے ہیں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شام کی زمین کو لازم پکڑ لینا (مسند احمد)

ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

اور صحیح ابنِ حبان میں حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَتَخْرُجُ عَلَيْكُمْ نَارٌ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ مِنْ حَضْرَمَوْتَ تَحْشُرُ النَّاسَ، قَالَ: قُلْنَا: بِمَا تَأْمُرُنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِالشَّامِ (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٧٣٠٥، تابع لكتاب إخباره صلى الله عليه وسلم عن مناقب الصحابة رضى الله عنهم أجمعين، باب الحجاز واليمن والشام وفارس وعمان) [2]

---

[1] قال شعيب الأرنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط البخارى، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الرحمن بن إبراهيم -وهو الملقب بدحيم- فمن رجال البخارى. وقد صرح يحيى بن أبى كثير ومن فوقه بالتحديث عن أحمد وغيره (حاشية صحيح ابنِ حبان)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عنقریب، آخری زمانہ میں حضر موت (یمن کے مخصوص علاقہ) سے ایک آگ نکلے گی، جو لوگوں کو اکٹھا کرے گی، ابنِ عمر کہتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! آپ ہمیں (اس حالت میں) کس بات کا حکم فرماتے ہیں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شام کی زمین کو لازم پکڑ لینا (ابنِ حبان)

حذیفہ بن اسید غفاری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت حذیفہ بن اسید غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَشْرَفَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غُرْفَةٍ وَنَحْنُ نَتَذَاكَرُ السَّاعَةَ، فَقَالَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَرَوْنَ عَشْرَ آيَاتٍ، طُلُوْعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَالدُّخَانُ، وَالدَّابَّةُ، وَخُرُوْجُ يَأْجُوْجَ، وَمَأْجُوْجَ، وَخُرُوْجُ عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَالدَّجَّالِ، وَثَلَاثُ خُسُوْفٍ: خَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِجَزِيْرَةِ الْعَرَبِ، وَنَارٌ تَخْرُجُ مِنْ قَعْرِ عَدَنٍ، تَسُوْقُ، أَوْ تَحْشُرُ النَّاسَ، تَبِيْتُ مَعَهُمْ حَيْثُ بَاتُوْا، وَتَقِيْلُ مَعَهُمْ حَيْثُ قَالُوْا (مسند احمد، رقم الحديث ١٦١٤٤)[1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں بالا خانہ سے جھانک کر دیکھا، اور ہم قیامت کا مذاکرہ کر رہے تھے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک کہ تم دس علامات نہ دیکھ لو، ایک تو سورج کا مغرب سے طلوع ہونا، دوسرے دھواں، تیسرے دابۃ الارض، چوتھے یاجوج

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

وماجوج کا خروج، پانچویں عیسیٰ بن مریم کا خروج، چھٹے دجال کا خروج، ساتویں، آٹھویں، اورنویں، تین جگہوں میں دھنسنا، ایک مشرق میں، ایک مغرب میں، اور ایک جزیرۂ عرب میں، دسویں عدن (یمن کے مخصوص علاقہ) کی گہرائی سے نکلنے والی آگ، جو لوگوں کو ہنکائے گی، یا جمع کرے گی، جہاں لوگ رات گذاریں گے، وہ آگ بھی وہیں رات گذارے گی، اور جہاں لوگ دوپہر کوٹھہریں گے، یہ آگ بھی وہاں ٹھہرے گی (مسند احمد)

اور صحیح مسلم میں حضرت حذیفہ بن اسید غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

اَطَّلَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْنَا وَنَحْنُ نَتَذَاكَرُ،فَقَالَ:مَا تَذَاكَرُوْنَ؟قَالُوْا:نَذْكُرُ السَّاعَةَ،قَالَ:إِنَّهَا لَنْ تَقُوْمَ حَتّٰى تَرَوْنَ قَبْلَهَا عَشْرَ آيَاتٍ،فَذَكَرَ،الدُّخَانَ،وَالدَّجَّالَ،وَالدَّابَّةَ،وَطُلُوْعَ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا،وَنُزُوْلَ عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،وَيَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ، وَثَلَاثَةَ خُسُوْفٍ:خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ،وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ بِجَزِيْرَةِ الْعَرَبِ،وَآخِرُ ذٰلِكَ نَارٌ تَخْرُجُ مِنَ الْيَمَنِ،تَطْرُدُ النَّاسَ إِلٰى مَحْشَرِهِمْ (صحيح مسلم،رقم الحديث ٢٩٠١ "٣٩" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب فى الآيات التى تكون قبل الساعة)

ترجمہ: ہمارے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے، اور ہم ایک دوسرے سے مذاکرہ کررہے تھے، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم کس بات کا مذاکرہ کر رہے ہو، لوگوں نے عرض کیا کہ ہم قیامت کا مذاکرہ کررہے ہیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ (قیامت) ہرگز قائم نہیں ہوگی، جب تک کہ تم اس سے پہلے دس علامات نہ دیکھ لو، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دھوئیں کا، اور دجال کا، اور دابۃ الارض کا، اور سورج کے مغرب سے طلوع ہونے کا اور عیسیٰ بن مریم صلی اللہ علیہ

وسلم کے نازل ہونے کا اور یاجوج وماجوج کا اور تین جگہوں کے دھنسنے کا، ایک مشرق میں دھنسنے کا اور ایک مغرب میں دھنسنے کا، اور ایک جزیرۂ عرب میں دھنسنے کا، اور آخر میں یمن (جو حجاز میں داخل ہے) سے آگ نکلنے کا ذکر فرمایا، جو لوگوں کو جمع ہونے کی جگہ کی طرف لے جائے گی (مسلم)

اور صحیح ابنِ حبان میں حضرت حذیفہ بن اسید غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَشْرَفَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَتَذَاكَرُ فَقَالَ: مَاذَا كُنْتُمْ تَتَذَاكَرُونَ؟ قُلْنَا: كُنَّا نَتَذَاكَرُ السَّاعَةَ، فَقَالَ: إِنَّهَا لَا تَقُوْمُ حَتّٰى تَرَوْا قَبْلَهَا عَشْرَ آيَاتٍ: اَلدَّجَّالُ، وَالدُّخَانُ، وَعِيْسَى بْنِ مَرْيَمَ، وَيَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ، وَالدَّابَّةَ، وَطُلُوْعَ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَثَلَاثَ خُسُوْفٍ: خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ بِجَزِيْرَةِ الْعَرَبِ، وَآخِرُ ذٰلِكَ نَارٌ تَخْرُجُ مِنْ قَعْرِ عَدَنَ، أَوْ عَدَنٍ أَوِ الْيَمَنِ، تَطْرُدُ النَّاسَ إِلَى الْمَحْشَرِ (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٦٨٤٣، تابع لكتاب إخباره صلى الله عليه وسلم عن مناقب الصحابة رضى الله عنهم أجمعين، باب الحجاز واليمن والشام وفارس وعمان) [1]

ترجمہ: ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جھانک کر دیکھا، اور ہم ایک دوسرے سے مذاکرہ کر رہے تھے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم کس چیز کا ذکر مذاکرہ کر رہے ہو، ہم نے عرض کیا کہ ہم قیامت کا مذاکرہ کر رہے ہیں، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ (قیامت) قائم نہیں ہوگی، جب تک تم اس سے پہلے دس علامات نہ دیکھ لو، ایک تو دجال، دوسرے دھواں، تیسرے عیسیٰ بن مریم، چوتھے یاجوج وماجوج، پانچویں دابۃ الارض، چھٹے سورج کا

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط الشيخين غير صحابيه -وهو حذيفة بن أسيد -فمن رجال مسلم (حاشية صحيح ابنِ حبان)

مغرب کی طرف سے طلوع ہونا، ساتویں، آٹھویں، اور نویں تین جگہوں میں دھنسنا، ایک مشرق میں، ایک مغرب میں، اور ایک جزیرۂ عرب میں، اور ان کے آخر میں عدن کی گہرائی، یا عدن، یا یمن (یہ سب علاقے حجاز میں داخل ہیں) سے آگ کا نکلنا، جو لوگوں کو محشر کی جگہ کی طرف دھکیلے گی (صحیح ابنِ حبان)

واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَكُوْنَ عَشْرُ آيَاتٍ: خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ فِيْ جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ، وَالدَّجَّالُ، وَالدُّخَانُ، وَنُزُوْلُ عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ، فَيَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ، وَالدَّابَّةُ، وَطُلُوْعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَنَارٌ تَخْرُجُ مِنْ قَعْرِ عَدْنَ تَسُوْقُ النَّاسَ إِلَى الْمَحْشَرِ، تَحْشُرُ الذَّرَّ وَالنَّمْلَ (المستدرک للحاکم، رقم الحديث ٨٣١٧، كتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک دس نشانیاں نہ دیکھ لی جائیں، ایک تو مشرق میں دھنسنا، دوسرے مغرب میں دھنسنا، تیسرے جزیرۂ عرب میں دھنسنا، چوتھے دجال، پانچویں دھواں، چھٹے عیسیٰ بن مریم کا نزول، ساتویں، یاجوج وماجوج، آٹھویں دابۃ الارض، نویں سورج کا مغرب سے طلوع ہونا، دسویں آگ، جو عدن (یمن کے مخصوص علاقہ) کی گہرائی سے نکلے گی، اور لوگوں کو ہانکتی ہوئی محشر کی طرف لے جائے گی، اور چھوٹی اور بڑی چیونٹیوں کو جمع کردے گی (حاکم)

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: صحيح.

www.idaraghufran.org

معاویہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

بہز بن حکیم بن معاویہ اپنے دادا، معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ:

قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَيْنَ تَأْمُرُنِيْ؟ قَالَ: هَاهُنَا، وَنَحَا بِيَدِهٖ نَحْوَ الشَّامِ، قَالَ: إِنَّكُمْ مَحْشُوْرُوْنَ رِجَالًا وَرُكْبَانًا وَتُجَرُّوْنَ عَلٰى وُجُوْهِكُمْ

(مسند احمد، رقم الحديث ٢٠٠٣١) [1]

ترجمہ: میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! آپ مجھے کہاں رہنے کا حکم فرماتے ہیں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہاں، اور یہ کہتے ہوئے آپ نے شام کی طرف اشارہ کیا، اور فرمایا کہ بے شک تم کو پیدل اور سوار ہونے کی حالت میں (وہاں) جمع کیا جائے گا، اور تمہیں اپنے منہ کے بل بھی گھسیٹا جائے گا (مسند احمد)

اور امام حاکم نے بہز بن حکیم بن معاویہ کی اپنے دادا معاویہ رضی اللہ عنہ سے مروی اس حدیث کو درجِ ذیل الفاظ میں روایت کیا ہے:

قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَيْنَ تَأْمُرُنِيْ؟ خِرْ لِيْ، قَالَ: فَنَحَا بِيَدِهٖ نَحْوَ الشَّامِ، فَقَالَ: إِنَّكُمْ مَحْشُوْرُوْنَ رِجَالًا وَرُكْبَانًا، وَتُجَرُّوْنَ عَلٰى وُجُوْهِكُمْ هَا هُنَا وَنَحَا بِيَدِهٖ (المستدرک للحاکم، رقم الحديث ٨٦٨٦، كتاب الأهوال) [2]

ترجمہ: میں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! آپ مجھے کہاں رہنے کا حکم

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:
إسناده حسن (مسند احمد)

[2] قال الحاكم:
هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه. وقد رواه أبو قزعة سويد بن حجير، عن حكيم بن معاوية مثل رواية بهز على أن بهزا أيضا مأمون لا يحتاج فى روايته إلى متابع.
وقال الذهبي فى التلخيص:
صحيح.

www.idaraghufran.org

فرماتے ہیں، اس کا میرے لئے انتخاب فرما دیجئے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے شام کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ بے شک تم کو پیدل اور سوار ہونے کی حالت میں جمع کیا جائے گا، اور تمہیں اپنے منہ کے بل بھی گھسیٹا جائے گا، یہاں پر اور یہ فرماتے ہوئے آپ نے اپنے ہاتھ سے شام کی طرف اشارہ کیا (مستدرک حاکم)

منہ کے بل گمراہوں اور کافروں کو گھسیٹا جائے گا، بلکہ ان کو اندھی، بہری اور گونگی حالت میں حاضر کیا جائے گا۔

سورہ روم اور سورہ طٰہٰ کا حوالہ

جیسا کہ قرآن مجید کی سورہ اسراء میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى وُجُوهِهِمْ عُمْيًا وَّبُكْمًا وَّصُمًّا ،مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ (سورة الاسراء، رقم الآية ٩٧)

ترجمہ: اور اٹھائیں گے ہم ان (گمراہ لوگوں) کو قیامت کے دن، ان کے سروں کے بل، اندھا، اور بہرا، اور گونگا بنا کر، ان کا ٹھکانا، جہنم ہے (سورہ اسراء)

اور سورہ طٰہٰ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَنْ أَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِي فَإِنَّ لَهُ مَعِيشَةً ضَنْكًا وَنَحْشُرُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَعْمٰى. قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِي أَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيرًا. قَالَ كَذٰلِكَ أَتَتْكَ آيَاتُنَا فَنَسِيتَهَا وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى. وَكَذٰلِكَ نَجْزِي مَنْ أَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِنْ بِآيَاتِ رَبِّهِ ،وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَشَدُّ وَأَبْقٰى (سورة طٰهٰ، رقم الآية ١٢٤، الى ١٢٧)

ترجمہ: اور جو اعراض کرے گا میرے ذکر سے، تو اس کے لئے ہوگی، معیشت

تنگ، اور اٹھائیں گے ہم اس کو قیامت کے دن اندھا، کہے گا وہ کہ اے میرے رب کیوں اٹھایا مجھے تو نے اندھا، اور یقیناً تھا میں دیکھنے والا، فرمائے گا وہ (رب) کہ اسی طرح آئیں تھیں، تیرے پاس، ہماری آیات، پس بھلا دیا تھا تو نے، ان کو، اور اسی طرح سے، آج تجھے بھلایا جائے گا، اور اسی طرح سے جزاء دیتے ہیں، ہم اس کو جو حد سے بڑھے، اور نہیں ایمان لائے وہ اپنے رب کی آیات پر، اور یقیناً آخرت کا عذاب زیادہ شدید، اور زیادہ باقی رہنے والا ہے (سورہ طٰہٰ)

سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ: إِنَّكُمْ تُحْشَرُوْنَ إِلٰى بَيْتِ الْمَقْدِسِ، ثُمَّ تَجْتَمِعُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ (كشف الاستار عن زوائد البزار، رقم الحديث ٣٤٢٥، كتاب البعث، باب أين يحشر الناس) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرمایا کرتے تھے کہ بے شک تم کو بیت المقدس کی طرف جمع کیا جائے گا، پھر تم قیامت کے دن جمع ہو گے (بزار)

پہلے زمانہ میں بیت المقدس بھی شام کے وسیع مفہوم میں شامل تھا۔

ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث

امام بزار نے حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ:

مَنْ شَكَّ أَنَّ الْمَحْشَرَ بِالشَّامِ فَلْيَقْرَأْ آخِرَ سُوْرَةِ الْحَشْرِ: ”هُوَ الَّذِىْ

[1] قال الهيثمى: رواه البزار، والطبرانى، وإسناد الطبرانى حسن (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ١٨٣٥٤، كتاب البعث، باب جامع فى البعث)

أَخْـرَجَ الَّـذِيْـنَ كَـفَـرُوْا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِأَوَّلِ الْحَشْرِ“ قَـالَ: فَـقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَهِيَ أَرْضُ الْمَحْشَرِ، يَعْنِيْ، اَلشَّامَ (كشف الاستار عن زوائد البزار، رقم الحديث ٣٤٢٦، كتاب البعث، باب أين يحشر الناس)

ترجمہ: جس کو اس بات میں شک ہو کہ محشر کی جگہ شام ہے، تو اسے چاہیے کہ وہ سورہ حشر کی آخری یہ آیت پڑھ لے کہ:

”هُـوَ الَّـذِيْ أَخْـرَجَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِأَوَّلِ الْحَشْرِ“

ابنِ عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ یعنی شام، محشر کی جگہ ہے (بزار)

اس حدیث کی سند میں اگر چہ کچھ ضعف کا امکان ہے، لیکن مذکورہ مفہوم کی تائید دوسری احادیث سے ہوتی ہے۔ [1]

سورہ حشر کی مذکورہ آیت میں اولِ حشر جس جگہ کو فرمایا گیا ہے۔ [2]

اس سے شام مراد ہے۔

عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث

جیسا کہ امام حاکم نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی سند سے حدیث کو روایت کیا ہے، جس میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہود کی ایک جماعت کو ملکِ شام کی طرف جلاء کرنے اور اس کو

---

[1] قال الهيثمي:
رواه البزار، وفيه أبو سعد البقال، والغالب عليه الضعف (مجمع الزوائد تحت رقم الحديث ١٨٣٥٥، كتاب البعث، باب جامع في البعث)

[2] سَبَّحَ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ هُوَ الَّذِي أَخْرَجَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِأَوَّلِ الْحَشْرِ (سورة الحشر، رقم الآية ١ و ٢)

اولِ حشر فرمانے کا ذکر ہے۔ ؎1

انس رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث

امام طبرانی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث کو روایت کیا ہے، جس میں قیامت کے شام میں واقع ہونے، اور اس کے فلسطین کی زمین ہونے کا ذکر ہے۔ ؎2

اسماء بنتِ یزید رضی اللہ عنہا کی حدیث

حضرت اسماء بنتِ یزید رضی اللہ عنہا سے ایک حدیث کے ضمن میں ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کا

---

1 عن عائشة رضى الله عنها قالت: كانت غزوة بنى النضير وهم طائفة من اليهود على رأس ستة أشهر من وقعة بدر وكان منزلهم ونخلهم بناحية المدينة، فحاصرهم رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى نزلوا على الجلاء، وعلى أن لهم ما أقلت الإبل من الأمتعة والأموال إلا الحلقة، يعنى السلاح، فأنزل الله فيهم }سبح لله ما فى السموات وما فى الأرض {إلى قوله }لأول الحشر ما ظننتم أن يخرجوا] {الحشر: [2 فقاتلهم النبى صلى الله عليه وسلم حتى صالحهم على الجلاء، فأجلاهم إلى الشام وكانوا من سبط لم يصبهم جلاء فيما خلا وكان الله قد كتب عليهم ذلك ولولا ذلك لعذبهم فى الدنيا بالقتل والسبى، وأما قوله }لأول الحشر] {الحشر: [2 فكان جلاؤهم ذلك أول حشر فى الدنيا إلى الشام(المستدرك للحاكم،رقم الحديث ٣٧٩٧، كتاب التفسير، تفسير سورة الحشر)

قال الحاكم:

هذا حديث صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه.

وقال الذهبى فى التلخيص:

على شرط البخارى ومسلم.

2 حدثنا خير بن عرفة، ثنا إبراهيم بن حرب العسقلانى، ختن آدم، ثنا حفص بن ميسرة، عن مقاتل بن حيان، عن الضحاك بن مزاحم، عن عطاء الخراسانى، عن أنس بن مالك، قال: قلت للنبى صلى الله عليه وسلم: يا رسول الله أين الناس يوم القيامة؟ قال: فى خير أرض الله، وأحبها إليه الشام، وهى أرض فلسطين، والإسكندرية من خير الأرضين، المقتول فيها لا يبعثهم الله إلى غيرها، فيها قتلوا، ومنها يبعثون، وعنها يحشرون، ومنها يدخلون الجنة(مسند الشاميين،للطبرانى،رقم الحديث ٢٣١٤،ما انتهى إلينا من مسند عطاء بن ميسرة الخراسانى وميسرة يكنى أبا مسلم)

شام کو محشر کی زمین کہنا مروی ہے۔ [1]

اس کی سند میں اگرچہ کچھ کمزوری ہے، لیکن شام کا محشر کی زمین ہونا دوسری احادیث کے مطابق ہے۔ [2]

آج کل شام صرف ''سوریہ'' کو کہا جاتا ہے، جس کا دارالحکومت دمشق ہے، لیکن پہلے زمانہ میں ملکِ شام بہت بڑا تھا، طول میں دریائے فرات (عراق) سے العریش تک (جہاں سے مصر شروع ہوتا ہے) اورعرض میں جزیرہ نمائے عرب سے بحرِ روم تک پھیلا ہوا تھا، جس میں فلسطین اور بیتُ المقدس بھی داخل تھا۔

موجودہ جغرافیہ میں شام، چار، پانچ ممالک پر منقسم و مشتمل ہے، اردن، فلسطین، لبنان، موجودہ شام (سوریا) اور اسرائیل۔ [3]

لہٰذا احادیث میں شام سے وہی شروع والا وسیع رقبہ پر مشتمل علاقہ مراد ہے، موجودہ زمانہ میں معروف صرف سوریا مراد نہیں۔

مذکورہ احادیث سے معلوم ہوا کہ قیامت قائم ہونے کے وقت ایک آگ مشرق کی طرف

---

[1] حدثتنی أسماء بنت یزید: أن أبا ذر الغفاری کان یخدم النبی صلی الله علیه وسلم، فإذا فرغ من خدمته، آوی إلی المسجد، فکان هو بیته، یضطجع فیه، فدخل رسول الله صلی الله علیه وسلم المسجد لیلة، فوجد أبا ذر نائما منجدلا فی المسجد، فنکته رسول الله صلی الله علیه وسلم برجله حتی استوی جالسا، فقال له رسول الله صلی الله علیه وسلم: " ألا أراک نائما؟ "قال: أبو ذر: یا رسول الله، فأین أنام، هل لی من بیت غیره؟ فجلس إلیه رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال له: " کیف أنت إذا أخرجوک منه؟ ."قال: إذن ألحق بالشام، فإن الشام أرض الهجرة، وأرض المحشر، وأرض الأنبیاء (مسند احمد، رقم الحدیث ۲۷۵۸۸)

[2] قال شعیب الارنؤوط: إسناده ضعیف لضعف شهر بن حوشب، وبقیة رجاله ثقات (حاشیة مسند احمد)

وقال الهیثمی: رواه أحمد، وفیه شهر بن حوشب، وهو ضعیف وقد وثق (مجمع الزوائد، تحت رقم الحدیث ۹۱۲۹، باب لزوم الجماعة والنهی عن الخروج عن الأمة وقتالهم)

[3] (فلسطین) بکسر الفاء وفتح اللام ناحیة کبیرة وراء الأردن من أرض الشأم فیها عدة مدن منها بیت المقدس (التیسیر بشرح الجامع الصغیر، للمناوی، ج ۱، ص ۲۴۸، حرف الهمزة)

سے برآمد ہوگی، جو لوگوں کا پیچھا کرتے ہوئے ان کو مغرب کی طرف لے جائے گی، اور بعض احادیث کے مطابق یہ آگ حجاز کی زمین یمن سے نکلے گی، اور شام وبیت المقدس کی طرف لے جائے گی، جہاں پہلے حشر کے لئے اجتماع ہوگا، اور پھر اگلے مرحلہ میں حساب وکتاب کے لئے قیامت کا سلسلہ شروع ہوگا۔

سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث

اور بعض احادیث میں جو قیامت کے دن لوگوں کا میدہ کی طرح سفید زمین پر محشور ہونے کا ذکر ہے، جیسا کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُحْشَرُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى أَرْضٍ بَيْضَاءَ عَفْرَاءَ، كَقُرْصَةِ النَّقِيِّ، لَيْسَ فِيْهَا عَلَمٌ لِأَحَدٍ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۷۹۰ "۲۸" كتاب صفة القيامة والجنة والنار، باب في البعث والنشور، وصفة الأرض يوم القيامة)

ترجمہ: رسول اللہ نے فرمایا کہ قیامت کے دن لوگوں کو سرخی مائل سفید زمین پر محشور کیا جائے گا، جو میدے کی روٹی کی طرح ہوگی، اس (زمین) میں کسی کے لئے (دنیا کی طرح کی) علامت ونشان نہ ہوگا (صحیح مسلم)

تو اس سے قیامت قائم ہوجانے کے بعد کی زمین مراد ہے۔

سورہ ابراہیم اور سورہ زمر کا حوالہ

جس کے متعلق اللہ تعالیٰ کا سورہ ابراہیم میں ارشاد ہے کہ:

يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ وَالسَّمَاوَاتُ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ (سورة ابراهيم، رقم الآية ۴۸)

ترجمہ: جس دن بدل دیا جائے گا، زمین کو دوسری زمین سے، اور آسمانوں کو، اور

ظاہر ہو جائیں گے وہ (سب لوگ) اللہ واحد قہار کے لئے (سورہ ابراہیم)

اورسورہ زمر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ، وَالْأَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَالسَّمَاوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِيْنِهٖ (سورة الزمر، رقم الآية ٦٧)

ترجمہ: اور نہیں قدر کی انہوں نے اللہ کی، اس کی قدر کے حق کے مطابق، اور زمین پوری اس کے قبضہ میں ہوگی، قیامت کے دن، اور آسمان لپیٹے ہوئے ہوں گے، اس کے دائیں ہاتھ میں (سورہ زمر)

بعض روایات سے بھی سورہ ابراہیم کی مذکورہ آیت کی تفسیر کے ضمن میں معلوم ہوتا ہے کہ وہ زمین ہماری اس زمین کے علاوہ دوسری صفات کی حامل ہوگی۔

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

چنانچہ امام حاکم نے عمرو بن میمون سے صحیح سند کے ساتھ روایت کیا ہے کہ:

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، فِيْ قَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ: "يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ وَالسَّمَاوَاتُ" قَالَ: أَرْضٌ بَيْضَاءُ نَقِيَّةٌ لَمْ يُسْفَكْ فِيْهَا دَمٌ وَلَمْ يُعْمَلْ فِيْهَا بِخَطِيْئَةٍ، يُسْمِعُهُمُ الدَّاعِيْ، وَيَنْفُذُهُمُ الْبَصَرُ حُفَاةٌ عُرَاةٌ، كَمَا خُلِقُوْا حَتّٰى يُلْجِمَهُمُ الْعَرَقُ (المستدرك للحاكم، رقم الحديث ٨٧٠٠، كتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ نے اللہ عزوجل کے سورہ ابراہیم میں اس ارشاد:

"يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ وَالسَّمَاوَاتُ"

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسنادين جميعا على شرط الشيخين ولم يخرجاه.
وقال الذهبي فی التلخيص: صحيح على شرط البخاری ومسلم.

’’جس دن بدل دیا جائے گا،زمین کو دوسری زمین سے،اور آسمانوں کو‘‘

کے بارے میں فرمایا کہ یہ سفید صاف شفاف زمین ہوگی،جس میں نہ کوئی خون بہایا گیا ہوگا،اور نہ کوئی گناہ کیا گیا ہوگا(وہاں) دعوت دینے والے کی آواز کو سب لوگ سن سکیں گے اوران سب کو آنکھیں دیکھ سکیں گی، ننگے،جسم ننگے پاؤں ہوں گے،جس طرح وہ (دنیا میں) پیدا کئے گئے تھے، یہاں تک کہ وہ منہ تک پسینہ میں ڈوبے ہوئے ہوں گے(حاکم)

امام حاکم نے دوسری سند کے ساتھ بھی اس حدیث کو روایت کیا ہے۔ [۱]

دوسری احادیث میں مزید تفصیل آئی ہے۔ [۲]

---

[۱] أخبرنا عبد الرحمن بن الحسن القاضى، ثنا إبراهيم بن الحسين، ثنا آدم بن أبى إياس، ثنا شعبة، قال: سمعت أبا إسحاق، يقول: سمعت هبيرة بن يريم، يقول: سمعت عبد الله بن مسعود، رضى الله عنه تلا”يوم تبدل الأرض غير الأرض “قال: أرض كالفضة بيضاء نقية لم يسفك فيها دم ولم يعمل فيها خطيئة يسمعهم الداعى وينفذهم البصر حفاة عراة قياما، ثم يلجمهم العرق(المستدرك للحاكم،رقم الحديث ۸۶۹۹، كتاب الفتن والملاحم)

قال الذهبى فى التلخيص:إسناده قوى.

[۲] حدثنا أبو معاوية ، عن عبد الرحمن بن إسحاق ، عن شهر بن حوشب ، عن أسماء بنت يزيد قالت: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: يجمع الله الناس يوم القيامة فى صعيد واحد يسمعهم الداعى وينفذهم البصر قال: فيقوم مناد فينادى أين الذين كانوا يحمدون الله تبارك وتعالى فى السراء والضراء؟ قال: فيقومون وهم قليل فيدخلون الجنة بغير حساب ، ثم يعود فينادى: ليقم الذين كانوا تتجافى جنوبهم عن المضاجع يدعون ربهم خوفا وطمعا ومما رزقناهم ينفقون ، فيقومون وهم قليل فيدخلون الجنة بغير حساب قال: ثم يقوم فينادى ليقم الذين كانوا”لا تلهيهم تجارة ولا بيع عن ذكر الله وإقام الصلاة وإيتاء الزكاة يخافون يوما تتقلب فيه القلوب والأبصار “قال: فيقومون وهم قليل فيدخلون الجنة بغير حساب .قال: ثم يؤمر بسائر الناس فيحاسبون "(الزهد لهناد بن السرى،رقم الحديث ۱۷۶، باب دخول الجنة)

قال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشَّثرى:

قلت :هذا إسناد حسن، وأبو معاوية، محمد بن خازم الضرير، وهو ثقة(المطالب العالية محققا،ج۱۸،ص ۵۳۲،تحت رقم الحديث ۴۵۵۵، كتاب الفتن،باب صفة البعث)

اللہ ہی نے زمین وآسمان کو پہلی مرتبہ پیدا کیا ہے،اس لیے اس کو یہ اختیار بھی حاصل ہے کہ وہ قیامت کے حساب وکتاب کے لئے اسی زمین کی صورتِ حال کو یکسر تبدیل فرمادے، یا یہ کہ اس کے بجائے کوئی دوسری زمین پیدا فرمادے،اللہ کے لیے کچھ بھی مشکل نہیں۔

سورہ آلِ عمران، مائدہ، روم اورسورہ فاطر کا حوالہ

سورہ آلِ عمران میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اَللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يَشَاءُ (سورة آلِ عمران ،رقم الآية ۴۰)

ترجمہ: اللہ کرتا ہے وہ، جو چاہتا ہے وہ (سورہ آلِ عمران)

اورسورہ آلِ عمران ہی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اَللّٰهُ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ، إِذَا قَضٰى أَمْرًا فَإِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ (سورة آلِ عمران ،رقم الآية ۴۷)

ترجمہ: اللہ پیدا کرتا ہے وہ، جو چاہتا ہے وہ، جب فیصلہ کرتا ہے وہ، کسی کام کا،تو بس کہتا ہے وہ اس (کام) کو کہ ہوجا،تو فوراً ہوجاتا ہے وہ (سورہ آلِ عمران)

اورسورہ مائدہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ،يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ ،وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (سورة المائده ،رقم الآية ۱۷)

ترجمہ: اوراللہ ہی کے لئے ہے،حکومت آسمانوں کی اورزمین کی،اوران چیزوں کی جوان دونوں کے درمیان میں ہیں، پیدا کرتا ہے وہ، جو چاہتا ہے وہ،اوراللہ ہر چیز پر قدیر ہے (سورہ مائدہ)

اورسورہ روم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ، وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْقَدِيْرُ (سورة الروم ،رقم الآية ۵۴)

ترجمہ: اللہ پیدا کرتا ہے وہ، جو چاہتا ہے وہ، اور وہ علیم ہے، قدیر ہے (سورہ روم)

اور سورہ فاطر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

یَزِیۡدُ فِی الۡخَلۡقِ مَا یَشَآءُ، اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ (سورة فاطر، رقم الآية ١)

ترجمہ: زیادہ کر دیتا ہے وہ (اللہ) مخلوق میں، جو چاہتا ہے وہ، بے شک اللہ ہر چیز پر قدیر ہے (سورہ فاطر)

اس طرح کی اور بھی کئی آیات ہیں۔

اس لئے اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ والے کاموں میں وہم اور وسوسوں کا شکار نہیں ہونا چاہیے۔

خلاصہ یہ کہ قیامت کے دن صور پھونکے جانے سے پہلے ایک مخصوص اور وسیع آگ برآمد ہوگی، جو لوگوں کا تعاقب کر کے، ان کو ''شام'' کی طرف جمع کرے گی، جس کے بعد قیامت کے اگلے مراحل کا سلسلہ شروع ہوگا۔

اللہ تعالیٰ ذلت ورسوائی سے حفاظت فرمائے۔ آمین۔

وَاللّٰہُ سُبۡحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعۡلَمُ وَعِلۡمُہٗ اَتَمُّ وَاَحۡکَمُ.

(فصل نمبر 54)

صور کا پھونکا جانا اور یکلخت سب کی موت واقع ہوجانا

جب قربِ قیامت کی تمام چھوٹی، بڑی علامات ونشانیاں پوری ہوچکیں گی، تو پھر صور پھونکا جائے گا، جس کی وجہ سے سب مخلوق بے ہوش ہوجائے گی، اور جو انسان موجود ہوں گے، وہ سب فوت ہوجائیں گے، اور اس کے بعد جب قیامت کے حساب وکتاب کا دن شروع ہوگا، تو دوبارہ صور پھونکا جائے گا، تو سب لوگ دوبارہ زندہ کردیئے جائیں گے۔

سورہ نمل کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ نمل میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ، فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ، إِلَّا مَنْ شَاءَ اللّٰهُ، وَكُلٌّ أَتَوْهُ دَاخِرِيْنَ (سورة النمل، رقم الآية ۸۷)

ترجمہ: اور جس دن پھونک ماری جائے گی صور میں، تو گھبرا جائیں گے، وہ جو آسمان میں ہیں، اور جو زمین میں ہیں، سوائے اس کے جس کو اللہ چاہے، اور ہر ایک آئے گا اس (اللہ) کے پاس ذلیل ہوکر (سورہ نمل)

سورہ زمر کا حوالہ

اور قرآن مجید کی سورہ زمر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ، إِلَّا مَنْ شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ أُخْرٰى، فَإِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ (سورة الزمر، رقم الآية ۶۸)

ترجمہ: اور پھونک ماری جائے گی صور میں،تو بے ہوش ہوجائیں گے،وہ جو آسمان میں ہیں،اور جو زمین میں ہیں،سوائے اس کے جس کو اللہ چاہے،پھر اس میں پھونک ماری جائے گی،تو یکایک وہ (لوگ) کھڑے ہوکر دیکھنے لگیں گے

(سورہ زمر)

اللہ تعالیٰ نے قیامت قائم کرنے کے لئے ایک الارم اور وارننگ مقرر فرمائی ہے،جس کی شکل سینگ کی طرح ہے،اسی کو ''صور'' کہا جاتا ہے،فرشتہ کو جب اللہ کی طرف سے حکم ہوگا،وہ اس میں پھونک مارے گا،جس کو عربی زبان میں ''نفخ فی الصور'' اور اردو زبان میں ''صور پھونکا جانا'' کہا جاتا ہے،اس میں پھونک مارتے ہی قیامت قائم ہوجائے گی،اور سب لوگ اس سے نکلنے والی آواز پر بے ہوش ہوجائیں گے،پھر جب اللہ کو منظور ہوگا،دوبارہ قیامت کے دن حساب وکتاب کے لئے جمع کرنے کی غرض سے صور پھونکا جائے گا،جس پر سب لوگ زندہ ہوکر حساب وکتاب کے لئے جمع ہوں گے،پہلی مرتبہ جب صور پھونکا جائے گا ،تو اس وقت روئے زمین پر موجود سب مخلوق فوت ہوجائے گی،اس کو عربی زبان میں '' نفخۃ اولیٰ '' کہا جاتا ہے،پھر جب دوبارہ صور پھونکا جائے گا،تو پہلی اور بعد کی سب مخلوق زندہ ہوکر میدانِ حشر میں جمع کی جائے گی،اس کو ''نفخۂ ثانیہ'' کہا جاتا ہے،جس کی دوسری احادیث وروایات میں تفصیل آئی ہے۔

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے ایک لمبی حدیث میں روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

فَيَبْقٰى شِرَارُ النَّاسِ فِیْ خِفَّةِ الطَّيْرِ وَأَحْلَامِ السِّبَاعِ لَا يَعْرِفُوْنَ مَعْرُوْفًا، وَلَا يُنْكِرُوْنَ مُنْكَرًا ،فَيَتَمَثَّلُ لَهُمُ الشَّيْطَانُ ،فَيَقُولُ: أَ لَا

تَسْتَجِيبُونَ فَيَقُولُونَ فَمَا تَأْمُرُنَا ، فَيَأْمُرُهُمْ بِعِبَادَةِ الْأَوْثَانِ ، وَهُمْ فِي ذٰلِكَ دَارٌّ رِزْقُهُمْ ، حَسَنٌ عَيْشُهُمْ ، ثُمَّ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ ، فَلَا يَسْمَعُهُ أَحَدٌ إِلَّا أَصْغٰى لِيْتًا ، وَرَفَعَ لِيْتًا ، قَالَ : وَأَوَّلُ مَنْ يَّسْمَعُهُ رَجُلٌ يَلُوْطُ حَوْضَ إِبِلِهِ ، قَالَ : فَيَصْعَقُ وَيَصْعَقُ النَّاسُ ثُمَّ يُرْسِلُ اللّٰهُ أَوْ قَالَ يُنْزِلُ اللّٰهُ مَطَرًا ، كَأَنَّهُ الطَّلُّ أَوِ الظِّلُّ ، نُعْمَانُ الشَّاكُّ ، فَتَنْبُتُ مِنْهُ أَجْسَادُ النَّاسِ ، ثُمَّ يُنْفَخُ فِيْهِ أُخْرٰى ، فَإِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ، ثُمَّ يُقَالُ : يَا أَيُّهَا النَّاسُ هَلُمَّ إِلٰى رَبِّكُمْ "وَقِفُوْهُمْ إِنَّهُمْ مَسْئُوْلُوْنَ" قَالَ : ثُمَّ يُقَالُ أَخْرِجُوْا بَعْثَ النَّارِ ، فَيُقَالُ مِنْ كَمْ؟ فَيُقَالُ مِنْ كُلِّ أَلْفٍ تِسْعَ مِائَةٍ وَتِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ ، قَالَ : فَذَاكَ يَوْمَ "يَجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا" وَذٰلِكَ "يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ" (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٤٠ "١١٦" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب في خروج الدجال ومكثه في الأرض، ونزول عيسى وقتله إياه الخ)

ترجمہ: (جب شام کی طرف سے چلنے والی ایک ٹھنڈی ہوا کے اثر سے روئے زمین پر کوئی ایک مؤمن بھی زندہ باقی نہ رہے گا، اور) دنیا میں بُرے اور شریر لوگ ہی باقی رہ جائیں گے، جن کے پرندوں جیسے (معمولی وحقیر) حوصلے ہوں گے اور درندوں جیسی ان کی عقل اور سوچ ہوگی (بگاڑ وفساد، چیر پھاڑ، لوٹ مار والی سوچ اور ذہنیت ہوگی) وہ نہ نیکی کو اچھا سمجھیں گے، اور نہ برائی کو برا سمجھیں گے، پھر شیطان انسانی شکل میں آ کر ان سے کہے گا کہ کیا تم کہا نہیں مانتے (حکم قبول نہیں کرتے) وہ پوچھیں گے کہ تو ہمیں کیا حکم دیتا ہے؟ شیطان انہیں بتوں کی عبادت کا حکم کرے گا، اور وہ لوگ پھر اسی حالت پر قائم ہو جائیں گے (یعنی بت پرستی کریں گے) رزق وروزی کی ان پر خوب کشائش وفراوانی ہوگی، بڑی خوش

عیش زندگی اور گزربسران کو حاصل ہوگی (یہ سب امتحان و آزمائش اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے ڈھیل کے طور پر ہوگا) پھر صور پھونکا جائے گا، پس جو بھی اس کو سُنے گا، وہ حواس باختہ ہوکر خوف، دہشت و بدحواسی سے سر کو اوپر نیچے جھٹکے گا (یا سر کو جھکائے گا اور اٹھائے گا) اور وہ پہلا آدمی جو صور (کی آواز) کو سنے گا وہ اپنے اونٹوں کے پانی، چارے کے حوض کو لیپ رہا ہوگا (یا اونٹ کی کھرلی میں بھوسی، کھل وغیرہ اونٹ کی خوراک کے لیے گوندھ رہا ہوگا کہ ناگہاں صور بجنا شروع ہوجائے گا) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ آدمی بے ہوش ہوجائے گا اور سب لوگ بے ہوش ہوجائیں گے، پھر اللہ ایک بارش بھیجے گا، یا پھوار نما بارش ہوگی (نعمان راوی کو شک ہے کہ طل کہا، یا ظل) تو اس سے لوگوں کے اجسام اُگ پڑیں گے (جیسا کہ سبزہ زمین سے اُگتا ہے) پھر دوبارہ صور پھونکا جائے گا، تو سب لوگ میدانِ حشر میں کھڑے دیکھ رہے ہوں گے، پھر حکم ہوگا کہ اے لوگو! اپنے رب کی طرف آؤ (قرآن میں اس کا یوں ذکر ہے) **وقفوهم انهم مسئولون** کہ ان کو کھڑا کرلو، ان سے پوچھ گچھ ہوگی۔

فرمایا کہ پھر حکم ہوگا کہ آگ میں جانے والوں کو نکالو! پوچھا جائے گا کہ کتنوں میں سے کتنے؟ حکم ہوگا کہ ہر ہزار میں سے نوسو ننانوے، فرمایا کہ یہ وہ وقت ہوگا کہ جس کے بارے میں قرآن میں فرمایا کہ وہ ایسا دن ہے جو بچوں کو بوڑھا کردے گا (ہزار میں سے نوسو ننانوے والی بات سُن کر غم و پریشانی انتہا کو پہنچ جائے گی، یہاں تک کہ بچے بھی اس کا یہ اثر لیں گے کہ غم کی شدت کی وجہ سے ان کے بال سفید ہوجائیں گے)

اور اس دن پنڈلی (اللہ کی مخصوص صفت) ظاہر ہوگی (صحیح مسلم)

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :مَا الصُّوْرُ؟ قَالَ: قَرْنٌ يُنْفَخُ فِيْهِ (سنن الترمذي،رقم الحديث ٢٤٣٠، أبواب صفة القيامة والرقائق والورع، باب ما جاء في شأن الصور) [1]

ترجمہ: ایک دیہاتی شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، اور معلوم کیا کہ صور کیا چیز ہے؟ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب میں فرمایا کہ ایک سینگ (کی طرح کی چیز) ہے، جس میں پھونک ماری جائے گی (ترمذی)

اور مستدرک حاکم میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ "وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ" قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:هُوَ قَرْنٌ يُنْفَخُ فِيْهِ

(المستدرك للحاكم،رقم الحديث ٣٦٣١، كتاب التفسير، تفسير سورة الزمر) [2]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سورہ زمر میں اللہ عزوجل کے اس ارشاد کی تلاوت کی کہ:

"وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ"

''اور پھونک ماری جائے گی، صور میں''

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ''صور'' دراصل ایک سینگ ہے، جس میں پھونک ماری جائے گی (حاکم)

---

[1] قال الترمذي:هذا حديث حسن وقد روى غير واحد عن سليمان التيمي، ولا نعرفه إلا من حديثه.

[2] قال الحاكم:هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: صحيح.

اوس بن اوس وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مِنْ أَفْضَلِ أَيَّامِكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فِيْهِ خُلِقَ آدَمُ، وَفِيْهِ قُبِضَ، وَفِيْهِ النَّفْخَةُ، وَفِيْهِ الصَّعْقَةُ، فَأَكْثِرُوْا عَلَيَّ مِنَ الصَّلَاةِ فِيْهِ، فَإِنَّ صَلَاتَكُمْ مَعْرُوْضَةٌ عَلَيَّ قَالَ: قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَكَيْفَ تُعْرَضُ صَلَاتُنَا عَلَيْكَ وَقَدْ أَرِمْتَ، يَقُوْلُوْنَ: بَلِيْتَ؟ فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ حَرَّمَ عَلَى الْأَرْضِ أَجْسَادَ الْأَنْبِيَاءِ (سنن ابی داؤد، رقم الحدیث ۱۰۴۷، کتاب الصلاۃ، ابواب الجمعۃ، باب فضل یوم الجمعۃ ولیلۃ الجمعۃ) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک تمہارے سب دنوں میں جمعہ کا دن افضل ہے، اسی دن حضرت آدم کو پیدا کیا گیا، اور اسی دن اِن کی روح قبض کی گئی، اور اسی دن صور پھونکا جائے گا، اور اسی دن قیامت قائم ہوگی، پس تم اس دن کثرت سے مجھ پر درود پڑھا کرو، اس لئے کہ تمہارا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے، حضرت اوس کہتے ہیں کہ لوگوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ہمارا درود آپ پر کس طرح پیش کیا جائے گا، جبکہ آپ کا جسم مبارک (وصال کے بعد) بوسیدہ ہو چکا ہوگا؟ لوگوں کا مطلب یہ تھا کہ آپ مٹی ہو چکے ہوں گے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک اللہ عزوجل نے زمین پر نبیوں کے جسموں کو حرام کر دیا ہے (ابوداؤد)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: صحیح لغیرہ، وھذا إسناد رجالہ ثقات (حاشیۃ ابی داؤد)

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَيِّدُ الْأَيَّامِ يَوْمُ الْجُمُعَةِ، فِيْهِ خُلِقَ آدَمُ، وَفِيْهِ أُدْخِلَ الْجَنَّةَ، وَفِيْهِ أُخْرِجَ مِنْهَا، وَلَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ إِلَّا يَوْمَ الْجُمُعَةِ(المستدرک للحاکم، رقم الحديث ۱۰۲٦، کتاب الجمعة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمام دنوں کا سردار جمعہ کا دن ہے، اس دن آدم علیہ السلام کو پیدا کیا گیا، اور اسی دن ان کو جنت میں داخل کیا گیا، اور اسی دن ان کو جنت سے نکالا گیا، اور قیامت بھی جمعہ کے دن ہی قائم ہوگی (حاکم)

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ایک لمبی روایت میں مروی ہے کہ:

ثُمَّ تَقُوْمُ السَّاعَةُ عَلٰى شِرَارِ النَّاسِ، ثُمَّ يَقُوْمُ الْمَلَكُ بِالصُّوْرِ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ فَيَنْفُخُ فِيْهِ، وَالصُّوْرُ قَرْنٌ، فَلَا يَبْقٰى خَلْقٌ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ إِلَّا مَاتَ، إِلَّا مَنْ شَاءَ رَبُّكَ، ثُمَّ يَكُوْنُ بَيْنَ النَّفْخَتَيْنِ مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَّكُوْنَ، فَلَيْسَ مِنْ بَنِيْ آدَمَ خَلْقٌ إِلَّا مِنْهُ شَيْءٌ، قَالَ: فَيُرْسِلُ اللّٰهُ مَاءً مِنْ تَحْتِ الْعَرْشِ كَمَنِيِّ الرِّجَالِ، فَتَنْبُتُ لُحْمَانُهُمْ وَجُثْمَانُهُمْ مِنْ ذٰلِكَ الْمَاءِ، كَمَا يُنْبِتُ الْأَرْضُ مِنَ الثَّرٰى، ثُمَّ قَرَأَ عَبْدُ اللّٰهِ: "وَاللّٰهُ الَّذِيْ أَرْسَلَ الرِّيَاحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَسُقْنَاهُ إِلٰى بَلَدٍ مَّيِّتٍ فَأَحْيَيْنَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا كَذٰلِكَ النُّشُوْرُ" قَالَ: ثُمَّ يَقُوْمُ مَلَكٌ بِالصُّوْرِ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، فَيَنْفُخُ فِيْهِ فَيَنْطَلِقُ كُلُّ نَفْسٍ إِلٰى جَسَدِهَا حَتّٰى يَدْخُلَ فِيْهِ، ثُمَّ يَقُوْمُوْنَ فَيَحْيَوْنَ حَيَاةَ رَجُلٍ

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط مسلم، فقد استشهد بعبد الرحمن بن أبي الزناد، ولم يخرجا سيد الأيام.

وقال الذهبي في التلخيص: واستشهد مسلم بابن أبي الزناد.

وَاحِدٍ قِيَامًا لِرَبِّ الْعَالَمِينَ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۵۱۹، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: پھر قیامت بدترین لوگوں پر قائم ہوگی، پھر فرشتہ زمین وآسمان کے مابین (خلاء میں) صور کے ساتھ کھڑا ہوگا، تو اُسے بجائے گا، یہ صور ایک سینگ (کی طرح کی بہت بڑی چیز) ہے، پس (صور بجانے کے نتیجے میں) آسمانوں اور زمین کی تمام مخلوقات پر موت کی مدہوشی طاری ہوجائے گی، سوائے اُن مخلوقات کے، جن کو تیرا رب (زندہ رکھنا) چاہے (جیسے حضرت اسرافیل علیہ السلام، اسی طرح باختلافِ روایات بعض اور چیزوں کے بھی نام لیے گئے ہیں) پھر دونوں صوروں کے (بجائے جانے کے) درمیان جو کچھ اللہ کو منظور ہوگا، وہ واقع ہوگا (اللہ ہی جانتا ہے کہ اس وقفے کے دوران اس کی قدرت کی کیا کیا شانیں ظاہر ہوں گی) پس بنی آدم میں سے ہر فردِ بشر کے وجود (جسم) کا کوئی نہ کوئی جزء باقی رہے گا (جس کو دوسری احادیث میں ریڑھ کی ہڈی کی دم بتلایا گیا ہے)

فرمایا کہ پھر اللہ عرش کے نیچے سے ایسا پانی بھیجے گا، جو انسان کی منی کے مِثل ہوگا، پس انسان کا گوشت پوست (بال، کھال، ہڈی غرضیکہ پورا انسانی جسم اپنی سابقہ حالت کے مطابق) اس پانی سے اُگ پڑے گا، جیسے زمین (کے نبات) گیلی مٹی سے اُگ پڑتے ہیں، پھر (اس کی تائید میں) ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی (جس کا ترجمہ ہے) اور اللہ ہی وہ ذات ہے، جو ہواؤں کو بھیجتا ہے، جو بادلوں کو پھیلاتی ہیں، پس ہم اس (بادلوں کے پانی میں بارش) سے مُردہ زمین کو سیراب کرتے ہیں، پس (اس طرح) زمین کو مَر چکنے کے بعد زندہ کر دیتے ہیں،

---

[1] قال الحاکم:
هذا حديث صحيح على شرط الشيخين، ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: على شرط البخاري ومسلم.

اسی طرح قیامت میں اُٹھایا جانا ہے۔

فرمایا (ابنِ مسعود نے) پھر فرشتہ صور کے ساتھ آسمان وزمین کی درمیانی فضاء میں کھڑا ہوکر، صور پھونکے گا، تو ہر (آدمی کی) روح اپنے متعلقہ جسم کے ساتھ جڑ جائے گی، اوراس میں داخل ہوجائے گی، پھر (لوگ) ایک زندہ آدمی کے کھڑا ہونے کی طرح اُٹھ کھڑے ہوں گے، اللہ ربُّ العالمین کے سامنے کھڑے ہونے (اورحساب کتاب دینے) کے لیے (حاکم)

عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: تَطْلُعُ عَلَیْکُمْ قَبْلَ السَّاعَةِ سَحَابَةٌ سَوْدَاءُ مِنْ قِبَلِ الْمَغْرِبِ، مِثْلُ التُّرْسِ، فَمَا تَزَالُ تَرْتَفِعُ فِی السَّمَاءِ حَتّٰی تَمْلَأَ السَّمَاءَ، ثُمَّ یُنَادِیْ مُنَادٍ: یَا أَیُّھَا النَّاسُ فَیُقْبِلُ النَّاسُ بَعْضُھُمْ عَلٰی بَعْضٍ ھَلْ سَمِعْتُمْ؟ فَمِنْھُمْ مَنْ یَّقُوْلُ: نَعَمْ وَمِنْھُمْ مَنْ یَشُکُّ، ثُمَّ یُنَادِیْ الثَّانِیَةَ: یَا أَیُّھَا النَّاسُ، فَیَقُوْلُ النَّاسُ: ھَلْ سَمِعْتُمْ؟ فَیَقُوْلُوْنَ: نَعَمْ، ثُمَّ یُنَادِیْ: أَیُّھَا النَّاسُ أَتٰی أَمْرُ اللّٰہِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْہُ" قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہِ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: فَوَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ، إِنَّ الرَّجُلَیْنِ لَیَنْشُرَانِ الثَّوْبَ فَمَا یَطْوِیَانِہٖ، أَوْ یَتَبَایَعَانِہٖ أَبَدًا، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَیَمْدُرُ حَوْضَہٗ فَمَا یَسْقِیْ فِیْہِ شَیْئًا، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَیَحْلِبُ نَاقَتَہٗ فَمَا یَشْرَبُہٗ أَبَدًا، وَیَشْتَغِلُ النَّاسُ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۶۲۲، کتاب الفتن والملاحم) [1]

---

[1] قال الحاکم: ھذا حدیث صحیح الإسناد علی شرط مسلم، ولم یخرجاہ.
وقال الذھبی فی التلخیص: علی شرط مسلم.

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت سے پہلے تم پر مغرب کی جانب سے ڈھال کی طرح کالے بادل نمودار ہوں گے، پس وہ مسلسل آسمان (فضا) میں بلند ہوتے جائیں گے، یہاں تک کہ پوری فضا کو ڈھانپ لیں گے، پھر ایک پکارنے والا پکارے گا کہ اے لوگو! تو لوگ (حیرت سے) ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہوکر پوچھیں گے کہ کیا تم نے کچھ سنا؟ تو بعض ان میں سے اثبات میں جواب دیں گے (یعنی یہ پُر اسرار آواز ہم نے سن لی ہے) اور بعض شک میں ہوں گے، پھر دوبارہ وہ آواز سنائی دے گی کہ اے لوگو! لوگ پھر باہم پوچھیں گے کہ کیا کچھ سنائی دیا، تو (سب) کہیں گے کہ ہاں (اب کی بار آواز زیادہ واضح ہونے اور لوگوں کے کان کھڑے ہوچکنے کی وجہ سے سب کو سنائی دے گی) پھر (تیسری بار) آواز بلند ہوگی کہ اے لوگو! اللہ کا حکم (قیامت کے قائم ہونے کا) آچکا ہے، تو تم جلدی نہ مچاؤ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پس اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، یقیناً (قیامت ایسے ناگہانی قائم ہوگی کہ) دو آدمیوں (گاہک اور دوکاندار) نے کپڑے کا تھان پھیلایا ہوگا، پس وہ اس کو لپیٹ، یا خرید وفروخت نہ کرسکیں گے (کہ قیامت قائم ہوجائے گی) اور ایک آدمی اپنا حوض (مویشیوں کو پانی پلانے کے لیے) لیپے گا (یا بنائے گا) پس اس میں کبھی بھی پانی پلانے کی نوبت نہ آئے گی (وہ حوض تیار کررہا ہوگا کہ قیامت قائم ہوجائے گی) اور ایک آدمی اپنی اونٹنی دوہے گا، پس وہ (دوہا ہوا دودھ) کبھی بھی نہ پی سکے گا (غرضیکہ صور پھونکے جانے کے وقت) لوگ اپنے دنیوی دھندوں اور شغل میلوں میں پوری طرح مگن ہوں گے (اس طرح آناً فاناً قیامت قائم ہوجائے گی) (حاکم)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

صحیح بخاری میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَغْرِبِهَا، فَإِذَا طَلَعَتْ فَرَآهَا النَّاسُ آمَنُوْا أَجْمَعُوْنَ، فَذٰلِكَ حِيْنَ: "لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ، أَوْ كَسَبَتْ فِيْ إِيْمَانِهَا خَيْرًا" وَلَتَقُوْمَنَّ السَّاعَةُ وَقَدْ نَشَرَ الرَّجُلَانِ ثَوْبَهُمَا بَيْنَهُمَا فَلَا يَتَبَايَعَانِهِ، وَلَا يَطْوِيَانِهِ، وَلَتَقُوْمَنَّ السَّاعَةُ وَقَدِ انْصَرَفَ الرَّجُلُ بِلَبَنِ لِقْحَتِهِ فَلَا يَطْعَمُهُ، وَلَتَقُوْمَنَّ السَّاعَةُ وَهُوَ يَلِيْطُ حَوْضَهُ فَلَا يَسْقِيْ فِيْهِ، وَلَتَقُوْمَنَّ السَّاعَةُ وَقَدْ رَفَعَ أَحَدُكُمْ أُكْلَتَهُ إِلٰى فِيْهِ فَلَا يَطْعَمُهَا (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۶۵۰۶، کتاب الرقاق، باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعثت أنا والساعة کھاتین)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک سورج اس کے مغرب کی طرف سے طلوع نہ ہوجائے، پھر جب سورج مغرب کی طرف سے طلوع ہوگا، اور لوگ اس کو دیکھیں گے، تو وہ سب ایمان لے آئیں گے، پس یہی وہ وقت ہوگا، جس کے بارے میں (قرآن مجید کی سورہ انعام میں) اس طرح ذکر ہے کہ:

"لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ. أَوْ كَسَبَتْ فِيْ إِيْمَانِهَا خَيْرًا"

''نہیں نفع دے گا کسی نفس کو اس کا ایمان لانا، جو نہیں لایا تھا، ایمان اس سے پہلے، یا نہیں کمایا اپنے ایمان میں کسی خیر کو''

اور ضرور بالضرور قیامت قائم ہوگی، اس حال میں کہ دو آدمیوں نے اپنے کپڑے

کو اپنے درمیان پھیلا رکھا ہوگا، لیکن وہ اس کپڑے کی خرید وفروخت مکمل نہیں کرسکیں گے، اور اس کپڑے کو لپیٹ بھی نہیں سکیں گے، اور ضرور بالضرور قیامت اس حال میں (آناً فاناً) قائم ہوگی کہ ایک آدمی دودھ والی اونٹنی کے دودھ کو نکال کر لوٹا ہوگا، لیکن اس کا ایک گھونٹ بھی پی نہیں سکے گا، اور قیامت ضرور بالضرور اس حال میں قائم ہوگی کہ آدمی اپنے حوض (یا کسی برتن میں پانی) کو تیار کررہا ہوگا، لیکن وہ اس میں سے پی بھی نہیں سکے گا، اور قیامت ضرور بالضرور اس حال میں (آناً فاناً) قائم ہوگی کہ ایک آدمی نے اپنا لقمہ اپنے منہ کی طرف اٹھایا ہوا ہوگا، لیکن وہ اس لقمہ کو بھی کھا نہیں سکے گا (صحیح بخاری)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنِّي أَوَّلُ مَنْ يَّرْفَعُ رَأْسَهُ بَعْدَ النَّفْخَةِ الْآخِرَةِ، فَإِذَا أَنَا بِمُوسٰى مُتَعَلِّقٌ بِالْعَرْشِ، فَلَا أَدْرِي أَكَذٰلِكَ كَانَ أَمْ بَعْدَ النَّفْخَةِ (صحيح البخاری، رقم الحديث ۴۸۱۳، كتاب تفسير القرآن، سورة الزمر)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دوسری مرتبہ صور پھونکے جانے کے بعد سب سے پہلا میں وہ شخص ہوں گا، جو اپنے سر کو اٹھائے گا، پس اچانک دیکھوں گا کہ موسیٰ عرش کے پایوں میں سے ایک پائے کو پکڑے ہوئے ہوں گے، پس مجھے معلوم نہیں کہ وہ پہلے سے اسی طرح تھے، یا صور پھونکے جانے کے بعد ایسا ہوا ہوگا (صحیح بخاری)

اور صحیح ابنِ حبان میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث کے ضمن میں روایت ہے کہ:

فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَيَصْعَقُ مَنْ فِي

السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِی الْأَرْضِ إِلَّا مَنْ شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ يُنْفَخُ فِيهِ أُخْرٰی، فَأَكُونُ أَوَّلَ مَنْ رَفَعَ رَأْسَهُ، فَإِذَا مُوسٰی آخِذٌ بِقَائِمَةٍ مِنْ قَوَائِمِ الْعَرْشِ، فَلَا أَدْرِی أَكَانَ مِمَّنِ اسْتَثْنَى اللّٰهُ أَمْ رَفَعَ رَأْسَهُ قَبْلِی (صحیح ابنِ حبان،رقم الحدیث ۷۳۱۱،تابع لکتاب إخباره صلى الله عليه وسلم عن مناقب الصحابة رضى الله عنهم أجمعين،باب إخباره صلى الله عليه وسلم عن البعث وأحوال الناس فی ذلک الیوم) [1]

ترجمہ: پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صور میں پھونک ماری جائے گی،تو بے ہوش ہوجائے گی، ہر وہ مخلوق جو آسمان میں ہے،اور جو زمین میں ہے،سوائے اس کے جس کو اللہ چاہے گا، پھر دوبارہ اس (صور) میں پھونک ماری جائے گی،تو سب سے پہلا میں وہ شخص ہوں گا، جو اپنے سر کو اٹھائے گا،پس میں اچانک دیکھوں گا کہ موسیٰ عرش کے پایوں میں سے ایک پائے کو پکڑے ہوئے ہوں گے،پس مجھے معلوم نہیں کہ وہ (بے ہوش ہونے والوں سے) مستثنیٰ ہوں گے، یا انہوں نے میرے سے پہلے اپنا سر اٹھایا ہوگا (صحیح ابنِ حبان)

معلوم ہوا کہ دومرتبہ صور پھونکا جائے گا، پہلی مرتبہ موت دینے کے لئے اور دوسری مرتبہ قیامت کے حساب وکتاب،اور آخرت میں زندہ کئے جانے کے لئے صور پھونکا جائے گا۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:إِنَّ طَرْفَ صَاحِبِ الصُّورِ مُذْ وُكِّلَ بِهٖ، مُسْتَعِدٌّ يَنْظُرُ نَحْوَ الْعَرْشِ ،مَخَافَةَ أَنْ يُؤْمَرَ قَبْلَ أَنْ يَرْتَدَّ

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:إسناده حسن(حاشية صحيح ابنِ حبان)

إِلَيْـهِ طَـرْفُهُ، كَأَنَّ عَيْنَيْهِ كَوْكَبَانِ دُرِّيَّانِ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۶۷۶، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بے شک صور کے حامل فرشتہ (حضرت اسرافیل علیہ السلام) کی آنکھ مسلسل عرش کی طرف لگی ہوئی ہے (ٹکٹکی بندھی ہوئی ہے) جب سے اُسے صور سپرد کیا گیا ہے (ہزاروں سال سے) وہ بالکل تیار کھڑے ہیں، اس اندیشے کی وجہ سے کہ کہیں مجھے صور بجانے کا حکم ملنے کے وقت میری نظر اور توجہ کسی اور طرف نہ ہو، گویا کہ اس فرشتہ کی دونوں آنکھیں دو چمکتے ہوئے ستارے ہیں (حاکم)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَيْنَ النَّفْخَتَيْنِ أَرْبَعُوْنَ، قَالَ: أَرْبَعُوْنَ يَوْمًا، قَالَ: أَبَيْتُ، قَالَ: أَرْبَعُوْنَ شَهْرًا؟ قَالَ: أَبَيْتُ، قَالَ: أَرْبَعُوْنَ سَنَةً؟ قَالَ: أَبَيْتُ، قَالَ: ثُمَّ يُنْزِلُ اللّٰهُ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَيَنْبُتُوْنَ كَمَا يَنْبُتُ الْبَقْلُ، لَيْسَ مِنَ الْإِنْسَانِ شَيْءٌ إِلَّا يَبْلَى، إِلَّا عَظْمًا وَاحِدًا وَهُوَ عَجْبُ الذَّنَبِ، وَمِنْهُ يُرَكَّبُ الْخَلْقُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ (صحیح بخاری، رقم الحدیث ۴۹۳۵، کتاب تفسیر القرآن، سورۃ عم یتسائلون)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دونوں نفخوں (یعنی دو مرتبہ صور پھونکے جانے) کے درمیان چالیس کا فاصلہ اور وقفہ ہوگا، پوچھنے والے نے پوچھا کہ کیا چالیس دن کا؟ فرمایا کہ میں اس سے انکار کرتا ہوں، اس نے پوچھا کہ

---

[1] قال الحاکم: هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: صحيح على شرط مسلم.

چالیس مہینے کا؟ فرمایا میں انکار کرتا ہوں، اس نے پوچھا کہ چالیس سال کا؟ فرمایا کہ میں انکار کرتا ہوں، فرمایا کہ اس کے بعد اللہ، آسمان سے ایک بارش برسائیں گا، اس سے مخلوقات کے اجسام اس طرح اُگ پڑیں گے، جس طرح سبزہ (بارش کے بعد زمین سے) اُگتا ہے، انسان کا پورا جسم بوسیدہ ہوکر مٹی ہو چکا ہوگا، سوائے ایک ہڈی کے، جو کہ ریڑھ کی ہڈی کا نچلا حصہ ہے، اسی (ہڈی کے حصے) سے مخلوقات کا ڈھانچہ دوبارہ ظہور وترکیب پائے گا (اور تیار ہوگا) (بخاری)

اور صحیح مسلم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: كُلُّ ابْنِ آدَمَ يَأْكُلُهُ التُّرَابُ، إِلَّا عَجْبَ الذَّنَبِ مِنْهُ، خُلِقَ وَفِيهِ يُرَكَّبُ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٥٥ "١٤٢" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب ما بين النفختين)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابنِ آدم کے پورے جسم کو مٹی کھالیتی ہے، سوائے ریڑھ کی ہڈی کی دُم کے، اسی (ہڈی) سے انسان کی تخلیق ہوئی، اور اسی سے اس کو (قیامت کے دن دوبارہ) ترکیب دیا جائے گا (مسلم)

اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ فِي الْإِنْسَانِ عَظْمًا لَا تَأْكُلُهُ الْأَرْضُ أَبَدًا، فِيهِ يُرَكَّبُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، قَالُوا أَيُّ عَظْمٍ هُوَ؟ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: عَجْبُ الذَّنَبِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٩٥٥ "١٤٣" كتاب الفتن وأشراط الساعة، باب ما بين النفختين)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انسان کے جسم میں ایک ہڈی ہے، جسے زمین کبھی نہیں کھاتی، اسی ہڈی میں قیامت کے دن (انسان کے جسم وروح کو) جمع کیا جائے گا، صحابہ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! وہ ہڈی کونسی ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ ریڑھ کی ہڈی کی دُم (یعنی ریڑھ کی

ہڈی کا سرا) ہے (مسلم)

اور ''ابنِ ابی عاصم'' نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اس طرح روایت کیا ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّ ابْنِ آدَمَ تَأْكُلُهُ الْأَرْضُ إِلَّا عَجْبَ الذَّنْبِ، مِنْهُ يَنْبُتُ، وَيُرْسِلُ اللّٰهُ مَاءَ الْحَيَاةِ، فَيَنْبُتُوْنَ فِيْهِ نَبَاتَ الْخَضِرِ، حَتّٰى إِذَا أُخْرِجَتِ الْأَجْسَادُ أَرْسَلَ اللّٰهُ الْأَرْوَاحَ، وَكَانَ كُلُّ رُوْحٍ أَسْرَعَ إِلٰى صَاحِبِهٖ مِنَ الطَّرْفِ ثُمَّ يُنْفَخُ فِي الصُّوَرِ، فَإِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ (كتاب السنة لابنِ ابى عاصم، ج ٢ص ٤٣٢، ٤٣٣، رقم الحديث، ٨٩١، باب الإيمان بالبعث) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابنِ آدم کے جسم کے سارے حصہ کو مٹی کھالیتی ہے، سوائے اس کی ریڑھ کی ہڈی کی دُم کے، اس سے ہی انسانی جسم کو (قیامت کے دن دوبارہ) اُگایا جائے گا، اور اللہ ''ماءُ الحیاۃ'' (یعنی زندگی والے پانی) کو بھیجے گا، جس سے تمام انسان سبزی کی طرح اُگ پڑیں گے، یہاں تک کہ جب تمام اجسام (یعنی اعضاء) مکمل نکل آئیں گے، تو اللہ، روحوں کو بھیجے گا، اور ہر روح اپنے صاحب (یعنی اپنے جسم) کی طرف پلک جھپکنے سے پہلے پہنچ جائے گی، اور جب صور پھونکا جائے گا، تو یکا یک وہ (سب انسان) کھڑے ہوکر دیکھنا شروع کردیں گے (کتاب السنۃ)

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال الالبانى: إسناده جيد ورجاله ثقات رجال البخارى على ضعف فى عتاب بن بشير من قبل حفظه ولا يضر فإن عمرا نقله عن كتابه غير عمرو بن هشام ومحمد بن عوف وهما ثقتان.
وللحديث طريق آخر يرويه أبو صالحٍ عن أبى هريرة مرفوعا (ظلال الجنة، تعليق كتاب السنة لابنِ ابى عاصم، حواله بالا)

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ أَنْعَمُ وَصَاحِبُ الْقَرْنِ قَدِ الْتَقَمَ الْقَرْنَ، وَحَنَى جَبْهَتَهُ يَسَّمَّعُ مَتٰى يُؤْمَرُ، فَيَنْفُخُ؟ فَقَالَ أَصْحَابُ مُحَمَّدٍ: كَيْفَ نَقُوْلُ؟ قَالَ: قُوْلُوْا: حَسْبُنَا اللّٰهُ، وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ، عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا (مسنداحمد، رقم الحديث ٣٠٠٨) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (دنیا کی زندگی میں آدمی کے لیے) خوش رہنے اور مطمئن ہو کر بیٹھ جانے کا کیا موقعہ ہے، جبکہ سینگ والا فرشتہ سینگ کو منہ میں پکڑے ہوئے، پیشانی جھکائے ہوئے، اللہ کے حکم کے انتظار میں کان لگائے بالکل تیار کھڑا ہے کہ کب حکم ملے، اور وہ پھونک مارے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ہم کیا کہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ پڑھو "حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ" (کہ اللہ ہمارے لیے کافی ہے، اور وہ بہترین کام بنانے والا ہے) (مسند احمد)

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: يَأْكُلُ التُّرَابُ كُلَّ شَيْءٍ مِنَ الْإِنْسَانِ إِلَّا عَجْبَ ذَنَبِهِ، قِيْلَ: وَمِثْلُ مَا هُوَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: مِثْلُ حَبَّةِ خَرْدَلٍ، مِنْهُ تَنْبُتُوْنَ (مسند الإمام أحمد، رقم الحديث ١١٢٣٠ "٣") [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مٹی انسان کے ہر حصہ کو کھالیتی ہے، سوائے اس کی ریڑھ کی ہڈی کی دُم کے، عرض کیا گیا کہ اے اللہ کے رسول! وہ

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: حسن لغیرہ (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعیب الارنؤوط: حدیث حسن لغیرہ (حاشية مسند احمد)

(ہڈی) کس طرح کی ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رائی کے دانے کی طرح (بالکل ذراسی) ہے، اسی سے تمہیں اُگایا جائے گا (مسند احمد)

رب تعالیٰ کی جس ذات نے پہلے پیدا کیا، وہی موت دیتا ہے، اور وہی دوبارہ زندہ کرے گا، اور سب کو اس کے پاس عاجز ہو کر حاضری دینی پڑے گی۔

سورہ مریم، سورہ مومنون اور سورہ جاثیہ کا حوالہ

جیسا کہ سورہ مریم میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

إِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ إِلَّا آتِي الرَّحْمٰنِ عَبْدًا، لَقَدْ أَحْصَاهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا، وَكُلُّهُمْ آتِيهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَرْدًا (سورة مريم، رقم الآية ٩٣ و٩٤ و٩٥)

ترجمہ: ہر ایک جو آسمانوں میں ہے، اور زمین میں ہے، مگر آئے گا وہ رحمٰن کے پاس، عاجز ہو کر، بلاشبہ یقیناً شمار کر رکھا ہے اس (رحمٰن) نے ان (سب) کو، اور گن رکھا ہے اس (رحمٰن) نے ان (سب) کو پوری طرح گننا، اور وہ سب آئیں گے اس (رحمٰن) کے پاس قیامت کے دن تنہا حالت میں (سورہ مریم)

اور سورہ مومنون میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

ثُمَّ إِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ. ثُمَّ إِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ تُبْعَثُوْنَ (سورة المؤمنون، رقم الآية ١٥، و١٦)

ترجمہ: پھر بے شک تم اس کے بعد یقیناً مر جاؤ گے، پھر بے شک تم قیامت کے دن اٹھائے جاؤ گے (سورہ مومنون)

اور سورہ جاثیہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

قُلِ اللّٰهُ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ (سورة الجاثية، رقم الآية ٢٦)

ترجمہ: کہہ دیجئے آپ کہ اللہ حیات دیتا ہے، تم کو، پھر موت دیتا ہے وہ تم کو، پھر جمع کرے گا وہ تم کو، قیامت کے دن کی طرف، نہیں شک ہے، اس میں (سورہ مومنون)

مذکورہ احادیث وروایات، اور آیات سے قیامت قائم ہونے کے لئے صور پھونکے جانے کی کیفیت معلوم ہوگئی، اور ساتھ ہی قیامت کے دن دوبارہ زندہ کئے جانے کی حقیقت بھی معلوم ہوگئی۔

رہا قیامت کے دن کی تفصیل کا معاملہ، تو وہ ایک مستقل موضوع ہے، جس کا بیان ہم ان شاء اللہ ایک مستقل تالیف میں کریں گے۔

فی الوقت درجِ ذیل حدیث پر اکتفاء کیا جاتا ہے۔

ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّہٗ أَنْ یَّنْظُرَ إِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ، کَأَنَّہٗ رَأْیُ عَیْنٍ فَلْیَقْرَأْ: ’’إِذَا الشَّمْسُ کُوِّرَتْ، وَإِذَا السَّمَاءُ انْفَطَرَتْ، وَإِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ‘‘ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۳۳۳۳، ابواب تفسیر القرآن، باب ومن سورۃ إذا الشمس کورت)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کو اس بات کی چاہت ہو کہ وہ قیامت کے دن کی طرف اس طرح دیکھے گویا کہ وہ اپنی آنکھ سے دیکھ رہا ہو، تو اسے چاہیے کہ وہ ’’إِذَا الشَّمْسُ کُوِّرَتْ‘‘ اور ’’إِذَا السَّمَاءُ انْفَطَرَتْ‘‘ اور ’’إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ‘‘ ان تینوں سورتوں کو پڑھے (اور سمجھے) (سنن ترمذی)

وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.

(ضمیمہ)

پرفتن دور سے متعلق چند مخصوص احکام

اس سے پہلے جن جن فصلوں میں قیامت سے پہلے، اور قیامت کے قریب واقع ہونے والی جن علامات اور فتنوں کا ذکر کیا گیا، ان کے ضمن میں ان علامات اور فتنوں کے ظہور کے وقت صحیح اور غلط طرز ہائے اعمال کی وضاحت بھی آ چکی ہے، جن کو الگ الگ بیان کرنے کی ضرورت نہیں، خاص طور پر جو باتیں قیامت سے پہلے بڑی اور اہم نشانیوں، مثلاً حضرت مہدی، حضرت عیسیٰ، دجال اور یاجوج وماجوج وغیرہ کے ظہور سے متعلق ہیں، ان میں کوئی ابہام نہیں۔

البتہ پرفتن دور سے متعلق مختلف احادیث وروایات میں بعض ایسی ہدایات وتعلیمات بیان کی گئی ہیں کہ جو اصولی اعتبار سے ہر پرفتن دور میں منطبق ہوتی ہیں، اور ان کو پیشِ نظر رکھ کر عمل پیرا ہونے سے ان فتنوں کی زد میں آنے اور ان فتنوں کا حصہ بننے سے محفوظ رہا جا سکتا ہے۔

آگے ان کا چند الگ الگ فصلوں کے ذیل میں ذکر کیا جاتا ہے، اور چونکہ آنے والی فصلوں کا تعلق بھی قربِ قیامت اور فتنوں کے دور سے ہے، اس لئے ان کو مسلسل پہلی فصلوں کے ساتھ شمار کر کے فصل نمبروں کا اندراج کیا گیا ہے، اور ان کو دوسری جہت سے ممتاز کرنے کے لئے ''ضمیمہ'' کا عنوان بھی قائم کر دیا گیا ہے، تا کہ دونوں جہات کی رعایت ملحوظ رہ سکے۔

(فصل نمبر 55)

پُرفتن دور میں امر بالمعروف ونہی عن المنکر

عام حالات میں حسبِ استطاعت امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ضروری ہے۔

لیکن جب دوسروں کو امر بالمعروف ونہی عن المنکر کرنے سے فتنہ لازم آنے لگے، اور ہر ایک اپنی رائے کو درست سمجھنے لگے، اور امانت ودیانت کا فقدان ہونے لگے، اور ہر ہر بات میں اختلاف پھوٹ پڑے، تو ایسے میں اپنی اور اپنے خواص کی طرف توجہ کو محدود رکھنے اور عوام کو اپنے حال پر چھوڑنے کا حکم ہے۔

اس بارے میں احادیث ملاحظہ فرمائیں۔

حذیفہ وابوسعید رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَالَّذِی نَفْسِی بِیَدِهٖ، لَتَأْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوفِ، وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ، أَوْ لَیُوشِكَنَّ اللّٰہُ أَنْ یَّبْعَثَ عَلَیْكُمْ عِقَابًا مِنْ عِنْدِهٖ، ثُمَّ لَتَدْعُنَّهٗ فَلَا یَسْتَجِیبُ لَكُمْ (مسند احمد، رقم الحدیث ۲۳۳۰۱)[1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس ذات کی قسم! جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، تم ضرور بالضرور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتے رہو، ورنہ کچھ بعید نہیں کہ اللہ تم پر کوئی عذاب نازل فرمائے، پھر تم اللہ سے (اس عذاب کے ٹلنے کی اور دیگر) دعائیں بھی کروگے، تو وہ تمہارے لئے قبول نہیں کرے گا (مسند احمد)

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: حسن لغیرہ (حاشیة مسند احمد)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے ایک لمبی حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد مروی ہے کہ:

مَنْ رَّأٰى مِنْكُمْ مُنْكَرًا فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهٖ فَإِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهٖ، فَإِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهٖ وَذٰلِكَ أَضْعَفُ الْإِيْمَانِ (صحیح مسلم،رقم الحدیث ۴۹ "۷۸"،کتاب الایمان،باب بیان کون النهی عن المنكر من الإیمان الخ)

ترجمہ: تم میں سے جو شخص منکر (گناہ وبُرائی) کو دیکھے، تو اسے چاہیے کہ اپنے ہاتھ سے اُسے بدل دے، اور اگر اس کی طاقت وقدرت نہ ہو، تو اپنی زبان سے بدل دے، اور اگر اس کی بھی طاقت وقدرت نہ ہو، تو اپنے دل سے بدل دے، اور یہ ایمان کا کمزور ترین درجہ ہے (مسلم)

اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ان الفاظ میں مروی ہے کہ:

مَنْ رَّأٰى مُنْكَرًا فَغَيَّرَهٗ بِيَدِهٖ فَقَدْ بَرِءَ، وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ أَنْ يُّغَيِّرَهٗ بِيَدِهٖ، فَغَيَّرَهٗ بِلِسَانِهٖ فَقَدْ بَرِءَ، وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ أَنْ يُّغَيِّرَهٗ بِلِسَانِهٖ، فَغَيَّرَهٗ بِقَلْبِهٖ فَقَدْ بَرِءَ، وَذٰلِكَ أَضْعَفُ الْإِيْمَانِ (سنن النسائی،رقم الحدیث ۵۰۰۹،کتاب الایمان وشرائعه، باب تفاضل اهل الایمان)

ترجمہ: جو شخص کسی منکر (وگناہ) کو دیکھے، پھر اسے اپنے ہاتھ سے بدل دے، تو وہ بریٔ الذمہ ہوگیا، اور جو شخص اپنے ہاتھ سے اس کو بدلنے کی طاقت نہ رکھے، پھر وہ اپنی زبان سے بدل دے (یعنی زبان سے نہی عن المنکر کردے) تو وہ بھی بریٔ الذمہ ہوگیا، اور جو شخص اپنی زبان سے اس کو بدلنے کی طاقت نہ رکھے، پھر وہ اپنے دل سے اس کو بدل دے (یعنی دل سے اس منکر کو برا اور غلط سمجھے) تو وہ بھی بریٔ الذمہ ہوگیا اور یہ ایمان کا کمزور ترین درجہ ہے (نسائی)

معلوم ہوا کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر پر جس درجہ کی قدرت حاصل ہو، اس کو چھوڑنے

سے اللہ تعالیٰ کا عذاب نازل ہوتا ہے اور اس وقت عذاب کے ٹلنے کی دعائیں بھی کی جائیں، تو وہ قبول نہیں ہوتیں، کیونکہ عذاب نازل ہونے کی وجہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا چھوڑنا ہوتا ہے، لہٰذا اس عذاب سے حفاظت کی صورت یہی ہے کہ جس طرح کی، جس وقت قدرت ہو، اس کے مطابق امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا اہتمام کیا جائے۔

انس بن مالک وابوثعلبہ رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قِيلَ: يَارَسُولَ اللّٰهِ، مَتٰى نَتْرُكُ الْأَمْرَ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيَ عَنِ الْمُنْكَرِ؟ قَالَ: إِذَا ظَهَرَ فِيكُمْ مَا ظَهَرَ فِي الْأُمَمِ قَبْلَكُمْ، قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا ظَهَرَ فِي الْأُمَمِ قَبْلَنَا؟ قَالَ: اَلْمُلْكُ فِيْ صِغَارِكُمْ، وَالْفَاحِشَةُ فِيْ كِبَارِكُمْ، وَالْعِلْمُ فِيْ رُذَالَتِكُمْ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۴۰۱۵، كتاب الفتن، باب قوله: يا أيها الذين آمنوا عليكم أنفسكم) [1]

ترجمہ: عرض کیا گیا کہ اے اللہ کے رسول! ہم امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو کب ترک کردیں گے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں وہ چیزیں ظاہر ہوجائیں گی، جو تم سے پہلی امتوں میں ظاہر ہوئی تھیں، ہم نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ہم سے پہلی امتوں میں کیا چیزیں ظاہر ہوئی تھیں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حکومت ان کے چھوٹے لوگوں میں، اور بے حیائی ان کے بڑے لوگوں میں، اور علم ان کے رذیل لوگوں میں (ابنِ ماجہ)

مطلب یہ ہے کہ جب بڑے عہدوں پر چھوٹے آجائیں گے، تو وہ اپنے بڑوں کو امر بالمعروف ونہی عن المنکر کرنے سے ہچکچائیں گے، اور بڑے لوگ بے حیائی میں مبتلاء ہوجائیں گے، تو ان کو کون امر بالمعروف نہی عن المنکر کرے گا، اور جب رذیل لوگوں میں علم

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده قوي (سنن ابنِ ماجه)

آ جائے گا، تو ان سے امر بالمعروف ونہی عن المنکر کی کیا توقع کی جاسکتی ہے۔

اور ابوامیہ شعبانی سے روایت ہے کہ:

سَأَلْتُ أَبَا ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيَّ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا ثَعْلَبَةَ، كَيْفَ تَقُولُ فِي هَذِهِ الْآيَةِ: "عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ"؟ قَالَ: أَمَا وَاللَّهِ لَقَدْ سَأَلْتَ عَنْهَا خَبِيرًا، سَأَلْتُ عَنْهَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: بَلِ ائْتَمِرُوا بِالْمَعْرُوفِ، وَتَنَاهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ، حَتَّى إِذَا رَأَيْتَ شُحًّا مُطَاعًا، وَهَوًى مُتَّبَعًا، وَدُنْيَا مُؤْثَرَةً، وَإِعْجَابَ كُلِّ ذِي رَأْيٍ بِرَأْيِهِ، فَعَلَيْكَ، يَعْنِي، بِنَفْسِكَ، وَدَعْ عَنْكَ الْعَوَامَّ، فَإِنَّ مِنْ وَرَائِكُمْ أَيَّامَ الصَّبْرِ، الصَّبْرُ فِيهِ مِثْلُ قَبْضٍ عَلَى الْجَمْرِ، لِلْعَامِلِ فِيهِمْ مِثْلُ أَجْرِ خَمْسِينَ رَجُلًا يَعْمَلُونَ مِثْلَ عَمَلِهِ، وَزَادَنِي غَيْرُهُ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَجْرُ خَمْسِينَ مِنْهُمْ؟ قَالَ: أَجْرُ خَمْسِينَ مِنْكُمْ (سنن ابی داود، رقم الحديث ۴۳۴۱، كتاب الملاحم، باب الأمر والنهی)[1]

ترجمہ: میں نے حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ سے سوال کیا، میں نے عرض کیا کہ اے ابوثعلبہ! آپ (سورہ مائدہ کی) اس آیت کے بارے میں کیا فرماتے ہیں:

"عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ"

تو انہوں نے جواب میں فرمایا کہ یادرکھو اللہ کی قسم! تم نے اس کے متعلق خبر رکھنے والے سے سوال کیا ہے۔

میں نے اس آیت کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا تھا، جس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ تم امر بالمعروف اور نہی عن

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن (حاشية سنن ابی داود)

وقال سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشّثرى: قلت: إن تحسين الترمذی للحديث لا يمنع أن يكون فی إسناده راو ضعيف غير متهم بالكذب كما هو معروف من تعريف الإمام الترمذی للحديث الحسن، وعليه فإن حكم الإمام الترمذی موافق لقاعدته، فلا وجه للنظر فی حكمه. وجملة القول أن الحديث بهذه الشواهد صحيح لغيره، والله أعلم (حاشية المطالب العالية، ج۱۸، ص۳۰۳، تحت رقم الحديث ۴۴۷۱، كتاب الفتن، باب ظهور الفساد فی آخر الزمان الخ)

المنکر کرتے رہنا، یہاں تک کہ تم جب اطاعت کیئے جانے والے بخل کو، اور اتباع کی جانے والی خواہش کو، اور دنیا کو ترجیح دیے جانے کو، اور ہر صاحبِ رائے کے اپنی رائے کو اچھا سمجھنے کو دیکھ لو، تو اپنے اوپر اپنے نفس کو لازم پکڑ لو، اور عوام کو چھوڑ دو (یعنی ایسے حالات میں خود عمل کرو، دوسروں کو ان کے حال پر چھوڑ دو) کیونکہ آپ کے آگے صبر کے ایام آنے والے ہیں، جن میں صبر کرنا، آگ کی چنگاری کو پکڑنے جیسا ہو جائے گا، اس وقت ان لوگوں میں رہ کر عمل کرنے والے کو اس جیسے پچاس آدمیوں کی طرح کے عمل کرنے والوں کے برابر اجر وثواب حاصل ہوگا، اور ایک راوی نے روایت میں یہ بھی زیادہ بیان کیا کہ ایک دوسرے آدمی نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! ان میں سے پچاس عمل کرنے والوں کے برابر اجر وثواب حاصل ہوگا؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں، بلکہ تم میں سے پچاس لوگوں کے برابر عمل کا اجر وثواب حاصل ہوگا (سنن ابی داود)

عبداللہ بن عمرو، ابو ہریرہ وسہل رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ: يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يُغَرْبَلُوْنَ فِيهِ غَرْبَلَةً، يَبْقَى مِنْهُمْ حُثَالَةٌ، قَدْ مَرِجَتْ عُهُوْدُهُمْ، وَأَمَانَاتُهُمْ، وَاخْتَلَفُوْا فَكَانُوْا هٰكَذَا، وَشَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ، قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَمَا الْمَخْرَجُ مِنْ ذٰلِكَ؟ قَالَ: تَأْخُذُوْنَ مَا تَعْرِفُوْنَ، وَتَدَعُوْنَ مَا تُنْكِرُوْنَ، وَتُقْبِلُوْنَ عَلٰى أَمْرِ خَاصَّتِكُمْ، وَتَدَعُوْنَ أَمْرَ عَامَّتِكُمْ (مسند احمد، رقم الحديث ٧٠٤٩) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ ان کی چھانٹی ہو کر رہ جائے گی، صرف بھوسہ باقی رہ جائے گا، پس ان میں باہم بدعہدی ہوگی،

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح، وهذا إسناد حسن (حاشية مسند احمد)

اور بددیانتی ہوگی، اوران لوگوں کا آپس میں اختلاف ہوگا، اور وہ گڈ مڈ اور خلط ملط ہوجائیں گے، پس وہ اس طرح ہوجائیں گے اور (سمجھانے کے لیے) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں ایک دوسرے میں داخل کردیں، صحابہ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! اس فتنہ سے نجات کا کیا طریقہ ہوگا؟ اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو نیک کام پاؤ، اس کو لے لو (نیک کام پر عمل کرلو) اور جو بُرا کام پاؤ، اُسے چھوڑ دو (یعنی خود عمل کرو) اور اپنے خواص کے کاموں پر توجہ دو، اور اپنے عام (لوگوں) کے کاموں کو، ان کے حال پر چھوڑ دو (مسند احمد)

اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے ایک روایت اس طرح مروی ہے کہ:

بَيْنَمَا نَحْنُ حَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذْ ذَكَرُوا الْفِتْنَةَ أَوْ ذُكِرَتْ عِنْدَهُ، فَقَالَ : إِذَا رَأَيْتَ النَّاسَ قَدْ مَرِجَتْ عُهُوْدُهُمْ، وَخَفَّتْ أَمَانَاتُهُمْ، وَكَانُوْا هٰكَذَا، وَشَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهٖ، قَالَ : فَقُمْتُ إِلَيْهِ، فَقُلْتُ لَهٗ: كَيْفَ أَفْعَلُ عِنْدَ ذٰلِكَ، جَعَلَنِيَ اللّٰهُ فِدَاكَ؟ قَالَ: اِلْزَمْ بَيْتَكَ، وَامْلِكْ عَلَيْكَ لِسَانَكَ، وَخُذْ مَا تَعْرِفُ، وَدَعْ مَا تُنْكِرُ، وَعَلَيْكَ بِأَمْرِ خَاصَّةِ نَفْسِكَ، وَدَعْ عَنْكَ أَمْرَ الْعَامَّةِ (مسند أحمد، رقم الحديث ٦٩٨٧) [1]

ترجمہ: اس دوران کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، لوگوں نے فتنہ کا ذکر چھیڑ دیا، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے فتنہ کا ذکر کیا گیا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب آپ لوگوں کو دیکھیں، کہ ان کے عہد فاسد ہوگئے ہیں (یعنی عہد معاہدوں کی پاس داری نہیں رہی) اور ان کی امانتیں ہلکی ہوگئیں (یعنی لوگوں نے مال، یا عہدہ وغیرہ سے متعلق امانتوں کی

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح غير هلال بن خباب، فقد روى له أصحاب السنن، وهو ثقة (حاشية مسند احمد)

اہمیت کو ہلکا سمجھ لیا، اور ان میں خیانت شروع کردی) اور لوگ اس طرح (خلط ملط اور گتھم گتھا) ہوگئے، اور (نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات فرماتے وقت) اپنی اُنگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کرلیا، حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اُٹھ کر گیا، اور میں نے عرض کیا میں کہ ایسے وقت میں کیا طرزِ عمل اختیار کروں، اللہ مجھے آپ پر فِدا کرے، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آپ اپنے گھر کو لازم پکڑ لیں (یعنی لوگوں سے الگ تھلگ ہوکر گھر میں رہنے کا اہتمام کریں، اور بغیر سخت ضرورت کے باہر نہ نکلیں) اور اپنی زبان کو اپنے قابو میں رکھیں، اور جس چیز کو آپ معروف (اور بہتر ونیک) سمجھیں، اُسے اختیار کرلیں، اور جس چیز کو آپ منکَر (اور بُرا وگناہ) سمجھیں، اُسے چھوڑ دیں، اور صرف اپنی ذات کے معاملہ کو اپنے اوپر لازم رکھیں (یعنی اپنے کام سے کام رکھیں) اور عام لوگوں کے معاملے کو اپنے سے چھوڑ دیں (مسند احمد)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی اس حدیث کو ابوداود نے بھی روایت کیا ہے۔ [1]

اور ابوداؤد نے ایک اور طریقہ پر بھی روایت کیا ہے۔ [2]

---

[1] عن عبد الله بن عمرو بن العاص، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: " كيف بكم وبزمان –أو يوشك أن يأتي زمان– يغربل الناس فيه غربلة، تبقى حثالة من الناس قد مرجت عهودهم وأماناتهم، واختلفوا فكانوا هكذا "وشبك بين أصابعه، فقالوا: كيف بنا يا رسول الله، قال: " تأخذون ما تعرفون، وتذرون ما تنكرون، وتقبلون على أمر خاصتكم، وتذرون أمر عامتكم(سنن ابی داود،رقم الحديث ۴۳۴۲، كتاب الملاحم، باب الأمروالنهى)

قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح(حاشية سنن ابی داود)

[2] حدثني عبد الله بن عمرو بن العاص، قال: بينما نحن حول رسول الله صلى الله عليه وسلم إذ ذكر الفتنة، فقال:" إذا رأيتم الناس قد مرجت عهودهم، وخفت أماناتهم، فكانوا هكذا "وشبك بين أصابعه، قال: فقمت إليه فقلت: كيف أفعل عند ذلك –جعلني الله فداك–؟ قال:" الزم بيتك، واملك عليك لسانك، وخذ بما تعرف، ودع ما تنكر، وعليك بأمر خاصة نفسك، ودع عنك أمر العامة(سنن ابی داؤد،رقم الحديث ۴۳۴۳، كتاب الملاحم، باب الأمر والنهى)

قال شعيب الارنؤوط:حديث صحيح .وهذا إسناد حسن(حاشية سنن ابی داؤد)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: کَیْفَ أَنْتَ یَا عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ عَمْرٍو إِذَا بَقِیتَ فِیْ حُثَالَۃٍ مِّنَ النَّاسِ؟قَالَ:وَذَاکَ مَا ھُمْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ؟قَالَ:ذَاکَ إِذَا مَرِجَتْ أَمَانَاتُھُمْ وعُھُوْدُھُمْ،وَصَارُوْا ھٰکَذَا، وَشَبَّکَ بَیْنَ أَصَابِعِہٖ،قَالَ:فَکَیْفَ تَرٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ؟ قَالَ:تَعْمَلُ مَا تَعْرِفُ، وَتَدَعُ مَا تُنْکِرُ، وَتَعْمَلُ بِخَاصَّۃِ نَفْسِکِ،وَتَدَعُ عَوَامَ النَّاسِ(صحیح ابنِ حبان،رقم الحدیث ۵۹۵۱،باب ما جاء فی الفتن) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے عبداللہ بن عمرو !تم کیسے ہو گے،جب تم لوگوں میں بے کار ونا کارہ لوگوں میں باقی رہ جاؤ گے۔

انہوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول!وہ کیسے لوگ ہوں گے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب لوگوں کی امانتوں اور عہد معاہدوں کی پاسداری نہیں رہے گی،اور وہ اس طرح ہوکر رہ جائیں گے،اور سمجھانے کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں ایک دوسرے میں داخل کردیں،انہوں نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول ! میرے لئے اس وقت کیا طریقہ مناسب ہوگا؟اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کام کو آپ اچھا سمجھو،اس پر عمل کرو،اور جس کام کو آپ بُرا سمجھو،اس کو چھوڑ دو (یعنی خود عمل کرو)اور خاص اپنے نفس پر توجہ دو،اور عوام الناس کو چھوڑ دو

(ابنِ حبان)

اور حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمًا لِعَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ: کَیْفَ بِکَ إِذَا بَقِیتَ فِیْ حُثَالَۃٍ مِنَ النَّاسِ،قَدْ مَرِجَتْ

[1] قال شعیب الارنؤوط:إسناده صحيح على شرط مسلم(حاشية صحيح ابنِ حبان)

عُهُودُهُمْ وَأَمَانَاتُهُمْ، وَاخْتَلَفُوْا فَصَارُوْا كَذَا، وَشَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ؟ قَالَ: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: اِعْمَلْ بِمَا تَعْرِفُ، وَدَعْ مَا تُنْكِرُ، وَإِيَّاكَ وَالتَّلَوُّنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ، وَعَلَيْكَ بِخَاصَّةِ نَفْسِكَ، وَدَعْ عَوَامَّهُمْ (الأمر بالمعروف والنهى عن المنكر، لابنِ ابى الدنيا، ص ۷۲، رقم الحديث ۲۹) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن عبداللہ بن عمرو بن عاص سے فرمایا کہ تم کیسے ہوگے، جب تم لوگوں میں سے بے کار و ناکارہ لوگوں میں باقی رہ جاؤ گے، جب لوگوں کو اپنے عہد معاہدوں، اور امانتوں کی پاسداری نہیں رہے گی، اور وہ باہم اختلاف کر بیٹھیں گے، اور اس طرح ہوکر رہ جائیں گے، اور سمجھانے کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں ایک دوسرے میں داخل کردیں؟ اس کے جواب میں انہوں نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کا رسول ہی زیادہ جانتا ہے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم جو کام اچھا سمجھو، اس پر عمل کرنا، اور تم جو کام برا سمجھو، اس کو چھوڑ دینا، لیکن اللہ کے دین میں تلون (یعنی چاپلوسی کرنے) سے اپنے آپ کو بچانا، اور آپ خاص اپنے اوپر توجہ رکھنا، اور عام لوگوں کو چھوڑ دینا (ابنِ ابی الدنیا)

معلوم ہوا کہ فتنہ کے دور میں جب عام لوگوں کو امر بالمعروف ونہی عن المنکر کرنا، فتنہ کا باعث بن جائے، تو ایسی صورت میں اس عمل کو اپنے اور اپنے خواص تک محدود رکھنا، اور خود عمل کرنا، اور عام لوگوں کے برے فعل کو اپنے دل سے برا سمجھنا ہی عافیت کا ذریعہ ہوگا۔

وَاللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى اَعْلَمُ وَعِلْمُهٗ اَتَمُّ وَاَحْكَمُ.

---

[1] قال الالبانی: فهو شاهد قوی لحديث أبی هريرة. وله شاهد آخر من حديث سهل بن سعد الساعدی قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يوما لعبد الله بن عمرو بن العاص: فذكره. أخرجه ابن أبی الدنيا فی "الأمر بالمعروف (سلسلة الاحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ۲۰٦)

(فصل نمبر 56)

دورِ فتن میں سکون، سکونت وخلوت کا حکم

دورِ فتن میں زبان کی حفاظت پر کلام پہلے ہو چکا۔

جب فتنوں کا دور دورہ ہو، اور لوگوں میں باہم اختلاف وانتشار، بغض وعناد پیدا ہو جائے، اور معاملہ یہاں تک سنگین ہو جائے کہ مسلمان، ایک دوسرے کے قتل کو بھی ہلکی چیز سمجھنے لگیں، جیسا کہ آج کل اس طرح کی صورتِ حال پیدا ہو چکی ہے، تو اس نوعیت کے حالات میں ہمارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے بار بار اس بات کا اعلان فرمایا کہ نقل وحرکات کو محدود اور کم از کم کر دیا جائے، بغیر سخت ضرورت کے سفر واسفار سے کنارہ کشی اختیار کی جائے، حتی الامکان گھروں میں رہنے کی کوشش کی جائے اور اپنے روزمرہ کے حالات سے دوسروں کو باخبر رکھنے سے اجتناب کیا جائے۔

اس موضوع پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی بہت سی احادیث وروایات ہیں، جن کو یہاں نقل کیا جاتا ہے۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَتَكُوْنُ فِتَنٌ اَلْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْمَاشِيِ، وَالْمَاشِيْ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ السَّاعِيِ، وَمَنْ يُشْرِفْ لَهَا تَسْتَشْرِفْهُ، وَمَنْ وَجَدَ مَلْجَأً أَوْ مَعَاذًا فَلْيَعُذْ بِهٖ (صحیح البخاری، رقم الحدیث ۳۶۰۱، کتاب المناقب، باب علامات النبوة فی الإسلام، صحیح مسلم، رقم الحدیث ۲۸۸۶ "۱۰" کتاب الفتن وأشراط الساعة)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عنقریب بہت سے فتنے رونما ہوں گے، جن میں بیٹھنے والا بہتر ہوگا، کھڑے ہونے والے سے، اور کھڑے ہونے والا بہتر ہوگا، چلنے والے سے، اور چلنے والا بہتر ہوگا، دوڑنے والے سے، اور جو شخص فتنہ کی طرف جھانکے گا، تو فتنہ اس کو اپنی طرف کھینچ لے گا، پس جو شخص (اس وقت فتنہ سے بچنے اور الگ رہنے کا) کوئی ٹھکانہ، یا پناہ کی جگہ پائے، تو اسے چاہئے کہ وہ اس کے ذریعہ، فتنہ سے پناہ میں آئے (بخاری، ومسلم)

اس حدیث میں صاف وضاحت ہے کہ قیامت سے پہلے فتنے اس قدر سنگین ہوں گے کہ جو ان کی طرف جھانکے گا، اس کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیں گے، جیسا کہ آج کل میڈیائی فتنوں میں اصل بنیاد جھانکنے کی ہی ہے کہ ہر بچہ، بڑا اس میں جھانکنے میں ہی لگا ہوا ہے۔

اسی لئے بعض دوسری احادیث میں سونے والے کو جاگنے والے سے بہتر کہا گیا ہے، کیونکہ سونے والا ہر طرح کے فتنوں سے بچا ہوا ہوتا ہے۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری حدیث

صحیح مسلم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَكُونُ فِتْنَةٌ اَلنَّائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِّنَ الْيَقْظَانِ، وَالْيَقْظَانُ فِيهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِي، فَمَنْ وَجَدَ مَلْجَأً أَوْ مَعَاذًا فَلْيَسْتَعِذْ (صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٨٨٦ "١٢" كتاب الفتن واشراط الساعة، باب نزول الفتن كمواقع القطر)

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (قیامت کے قریب عظیم) فتنہ ہوگا، جس میں سونے والا، بہتر ہوگا، جاگنے والے سے، اور جاگنے والا بہتر ہوگا، کھڑے ہونے والے سے، اور کھڑے ہونا والا، بہتر ہوگا چلنے اور سوار ہونے والے سے،

پس جو شخص (اس وقت فتنہ سے بچنے اور الگ رہنے کا) کوئی ٹھکانہ، یا پناہ کی جگہ پائے، تو اسے چاہئے کہ وہ فتنے سے پناہ میں آئے (مسلم)

اس حدیث میں فتنوں کے دور میں سونے والے تک کو جاگنے والے سے بہتر قرار دے دیا گیا ہے، اور ان فتنوں سے بچنے کے لئے، جس کو جو بھی حفاظتی پناہ حاصل ہو، اس سے پناہ حاصل کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تیسری حدیث

اور صحیح ابنِ حبان میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

ذَكَرَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ: وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ مِنْ فِتْنَةٍ عَمْيَاءَ صَمَّاءَ بَكْمَاءَ، اَلْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ الْمَاشِي، وَالْمَاشِيْ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ السَّاعِي، وَيْلٌ لِلسَّاعِي فِيْهَا مِنَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٦٧٠٥، تابع كتاب التاريخ، باب إخباره صلى الله عليه وسلم عما يكون فى أمته من الفتن والحوادث) [1]

ترجمہ: ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا کہ آپ فرمایا کرتے تھے کہ عرب کے لئے قریب آنے والے شر سے ہلاکت ہوگی، وہ ایسے فتنے ہوں گے، جو اندھے ہوں گے، بہرے ہوں گے، گونگے ہوں گے (اس لئے دوسروں کو اپنی لپیٹ میں لینے کے لئے کسی کی پرواہ نہیں کریں گے)

ان فتنوں میں بیٹھنے والا، چلنے والے سے بہتر ہوگا، اور چلنے والا، دوڑنے والے سے بہتر ہوگا، اور ان فتنوں میں دوڑنے والے کے لئے قیامت کے دن اللہ کی

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشية صحيح ابنِ حبان)

www.idaraghufran.org

طرف سے ''ویل'' کا عذاب ہوگا (ابنِ حبان)

اس حدیث میں ان فتنوں کو اندھے، بہرے اور گونگے سب کچھ کہہ دیا گیا، جس کا مطلب واضح ہے کہ وہ دوسروں کو اپنی لپیٹ میں لینے کے لئے، عورت، مرد، بچے، بڑے، عالم وجاہل، اور نیک وبد کسی کی پرواہ نہیں کریں گے، اس لئے ان سے اہتمام کے ساتھ بچنے کی ضرورت ہوگی، اوران سے بچنے کا طریقہ یہی تجویز کیا گیا کہ اس طرح کے پُرفتن دور میں اپنی نقل وحرکات کو کم ازکم کیا جائے۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی چوتھی حدیث

اور صحیح ابنِ حبان میں ہی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَتَكُوْنُ فِتَنٌ كَرِيَاحِ الصَّيْفِ، اَلْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ خَيْرٌ مِّنَ الْمَاشِيْ، مَنِ اسْتَشْرَفَ لَهَا، اِسْتَشْرَفَتْهُ (صحيح ابنِ حبان، رقم الحديث ٥٩٥٩،باب ماجاء فى الفتن) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عنقریب تیز ترین ہواؤں کی طرح فتنے رونما ہوں گے، جن میں بیٹھنے والا، کھڑے ہونے والے سے بہتر ہوگا، اور کھڑا ہونے والا، چلنے والے سے بہتر ہوگا، جو اُن فتنوں میں جھانکے گا، تو فتنہ اُس کو جھانک لے گا (یعنی اُس کو بھی کسی درجہ میں فتنہ پہنچ جائے گا) (ابنِ حبان)

اس حدیث میں ان فتنوں کو تیز تند ہواؤں کی طرح بتلایا گیا ہے، جس کا مقصد ان فتنوں کی شدت اور تیزی کو بتلانا ہے کہ جس طرح تیز وتند ہواؤں سے بھاری بھرکم چیزیں بھی اڑجاتی، یا کم ازکم ہل جاتی ہیں، اسی طرح یہ فتنے اچھے اچھے ایمان والوں کو بھی اپنے ساتھ اُڑا کر لے

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم(حاشية ابن حبان)

جائیں گی، یا کم از کم ہلا کر رکھ دیں گی، اس لئے اس پر فتن دور میں نقل وحرکت سے بچنے اور ان سے دور اور الگ تھلگ رہنے میں خیر ہوگی۔

اور سونا، لیٹنا اور بیٹھنا عام طور پر اپنے اپنے گھروں میں ہوتا ہے، اس لئے بعض دوسری احادیث میں اپنے گھروں میں رہنے کا حکم دیا گیا ہے۔

سعد بن ابی مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت سعد بن ابی مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَكُوْنُ فِتْنَةٌ اَلْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ الْمَاشِيِ، وَالْمَاشِيُ خَيْرٌ مِنَ السَّاعِيِ، وَالسَّاعِيُ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ الرَّاكِبِ، وَالرَّاكِبُ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ الْمَوْضِعِ

(مسند ابی یعلیٰ، رقم الحديث ۷۸۹، مسند سعد بن أبی وقاص) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فتنے رونما ہوں گے، جن میں بیٹھنے والا، کھڑے ہونے والے سے بہتر ہوگا، اور کھڑے ہونے والا، چلنے والے سے بہتر ہوگا، اور چلنے والا، دوڑنے والے سے بہتر ہوگا، اور دوڑنے والا، سوار ہونے والے سے بہتر ہوگا، اور سوار بہتر ہوگا، تیز رفتار سوار سے (مسند ابی یعلیٰ)

اس حدیث کو امام حاکم نے بھی روایت کیا ہے۔ [2]

---

[1] قال حسين سليم أسد الداراني: رجاله رجال الصحيح (حاشية مسند ابی يعلیٰ)

[2] عن سعد بن مالک رضی الله عنه، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إنها ستكون فتنة القاعد فيها خير من القائم، والقائم فيها خير من الماشی، والماشی فيها خير من الساعی، والساعی خير من الراكب، والراكب خير من الموضع (المستدرک للحاكم، رقم الحديث ۸۳۶۲، كتاب الفتن والملاحم)

قال الحاكم: وهذا الحديث صحيح على شرط مسلم، ولم يخرجاه، قد صار هذا باب كبير ولم يخرجاه، وإنما أخرجه أبو داود أحد أئمة هذا العلم.

وقال الذهبی فی التلخيص: على شرط مسلم.

ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ فِي الْفِتْنَةِ: كَسِّرُوا فِيهَا قِسِيَّكُمْ، وَقَطِّعُوا فِيهَا أَوْتَارَكُمْ، وَالْزَمُوا فِيهَا أَجْوَافَ بُيُوتِكُمْ، وَكُونُوا كَابْنِ آدَمَ (سنن الترمذی، رقم الحديث ۲۲۰۴، ابواب الفتن، باب ما جاء فی اتخاذ سيف من خشب فی الفتنة) ؎۱

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فتنوں کے دور میں تم اپنی کمانیں توڑ دینا اور (سوار ہونے والی) زین کو کاٹ دینا، اور تم اپنے اوپر اپنے گھروں کے اندر رہنے کو لازم پکڑ لینا، اور تم ابنِ آدم کے بیٹے کی طرح ہو جانا (جس نے اپنے بھائی کو قتل نہیں کیا تھا) (سنن ترمذی)

گھر میں رہنے والا حتی الامکان فتنوں اور قتل وقتال سے محفوظ ہوجاتا ہے، اس لئے فتنوں کے دور میں گھر میں رہنے کو لازم پکڑنے کا حکم دیا گیا۔

ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ بَيْنَ أَيْدِيكُمْ فِتَنًا كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيهَا مُؤْمِنًا وَيُمْسِي كَافِرًا، الْقَاعِدُ فِيهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِّنَ الْمَاشِي، وَالْمَاشِي فِيهَا خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِي، قَالُوا: فَمَا تَأْمُرُنَا؟ قَالَ: كُونُوا أَحْلَاسَ بُيُوتِكُمْ (ابوداؤد رقم الحديث ۴۲۶۲، كتاب الفتن والملاحم، باب فی النهی عن السعی فی الفتنة) ؎۲

؎۱ قال الترمذی: هذا حديث حسن غريب وعبد الرحمن بن ثروان هو أبو قيس الأودی.

؎۲ قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية سنن ابی داؤد)

ترجمہ: رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارے آگے (آنے والے زمانہ میں) اندھیری رات کی تہ بتہ (اوپر نیچے تاریکیوں کی طرح) فتنے رونما ہوں گے، ان فتنوں کی زَد میں آ کر آدمی صبح کو مؤمن ہوگا، تو شام کو کافر ہوگا، ان فتنوں میں بیٹھنے والا، کھڑے ہونے والے سے بہتر ہوگا، اور ان فتنوں میں کھڑا ہونے والا، چلنے والے سے بہتر ہوگا، اور ان فتنوں میں چلنے والا، دوڑنے والے سے بہتر ہوگا، لوگوں نے عرض کیا کہ پھر آپ ہمیں کس چیز کا حکم فرماتے ہیں؟ تو رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اپنے گھروں کے ٹاٹ بن جانا (ابوداؤد)

ٹاٹ کیونکہ نیچے کی طرف ہوتا ہے، اور ہر وقت بچھا اور چھپا رہتا ہے، گھر کا ٹاٹ بن جانے سے مراد یہ ہے کہ گھر کے اندر رہو، اور وہاں چُھپے رہو، جس کا عام لوگوں کو علم بھی نہ ہو۔

ایک صحابی رضی اللہ عنہ کی حدیث

ایک صحابی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَوْصَانِيْ خَلِيْلِيْ أَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ أَدْرَكْتَ شَيْئًا مِنْ هٰذِهِ الْفِتَنِ، فَاعْمَدْ إِلٰى أُحُدٍ، فَاكْسِرْ بِهٖ حَدَّ سَيْفِكَ، ثُمَّ اقْعُدْ فِيْ بَيْتِكَ، قَالَ: فَإِنْ دَخَلَ عَلَيْكَ أَحَدٌ إِلَى الْبَيْتِ، فَقُمْ إِلَى الْمَخْدَعِ، فَإِنْ دَخَلَ عَلَيْكَ الْمَخْدَعَ فَاجْثُ عَلٰى رُكْبَتَيْكَ، وَقُلْ بُؤْ بِإِثْمِيْ وَإِثْمِكَ، فَتَكُوْنَ مِنْ أَصْحَابِ النَّارِ، وَذٰلِكَ جَزَاءُ الظَّالِمِيْنَ، فَقَدْ كَسَرْتُ حَدَّ سَيْفِيْ، وَقَعَدْتُ فِيْ بَيْتِيْ (مسند احمد، رقم الحديث ١٧٩٨٢) [1]

ترجمہ: مجھے میرے خلیل ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم نے وصیت کی تھی کہ اگر تم

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده حسن (حاشية مسند احمد)

فتنوں کا زمانہ پاؤ، تو احد پہاڑ پر جا کر اپنی تلوار کی دھار اس پر دے مارنا (یعنی اپنی تلوار کو ناکارہ بنادینا) اور اپنے گھر میں بیٹھ جانا، پھر اگر کوئی آدمی تمہارے گھر میں (فتنہ پردازی کے لیے) گھس آئے، تو تم گھر کی کوٹھڑی میں چلے جانا، اور اگر وہ گھر کی کوٹھڑی میں بھی آجائے، تو (قتل وقتال کیے بغیر) اپنے گھٹنوں کے بل جھک کر اس سے کہہ دینا کہ تم میرا اور اپنا دونوں کا گناہ لے کر لوٹ جاؤ، اور جہنمیوں میں سے ہو جاؤ، اور یہی ظالموں کا بدلہ ہے، پس میں نے تو اپنی تلوار کی دھار توڑ دی ہے اور میں اپنے گھر میں بیٹھ گیا ہوں (مسند احمد)

خرشہ بن حر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت خرشہ بن حر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: سَتَكُوْنُ مِنْ بَعْدِى فِتْنَةٌ، اَلنَّائِمُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْيُقْظَانِ، وَالْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ السَّاعِي، فَمَنْ أَتَتْ عَلَيْهِ فَلْيَمْشِ بِسَيْفِهِ إِلٰى صَفَاةٍ، فَلْيَضْرِبْهُ بِهَا حَتّٰى يَنْكَسِرَ، ثُمَّ لِيَضْطَجِعَ لَهَا حَتّٰى تَنْجَلِيَ عَمَّا انْجَلَيَتْ (مسند احمد، رقم الحديث ١٦٩٧٤)[1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ میرے بعد فتنے رونما ہوں گے، اس زمانے میں سویا ہوا شخص، جاگنے والے سے بہتر ہوگا، اور بیٹھا ہوا شخص، کھڑے ہوئے شخص سے بہتر ہوگا، اور کھڑا ہوا شخص، چلنے والے شخص سے بہتر ہوگا، جس پر ایسا زمانہ آئے، تو اسے چاہیئے کہ اپنی تلوار صفا (کسی پتھریلی پہاڑی) پر لے جا کر مارے اور اسے توڑ دے، اور ان فتنوں کے سامنے

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

(کھڑے ہونے کی بجائے) بیٹھ جائے، یہاں تک کہ یہ فتنے چھٹ کر اجالا ہوجائے (مسند احمد)

خباب بن ارت رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَّهُ ذَكَرَ فِتْنَةً اَلْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ الْمَاشِيِ، وَالْمَاشِيُ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ السَّاعِيِ، قَالَ: فَإِنْ أَدْرَكْتَ ذَاكَ، فَكُنْ عَبْدَ اللّٰهِ الْمَقْتُوْلَ (مسند احمد، رقم الحديث ٢١٠٦٤) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فتنہ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ اس فتنہ کے دور میں بیٹھا ہوا شخص، کھڑے ہوئے شخص سے بہتر ہوگا، اور کھڑا ہوا شخص، چلنے والے شخص سے بہتر ہوگا، اور چلنے والا شخص، دوڑنے والے شخص سے بہتر ہوگا، اور فرمایا کہ اگر تم اس فتنہ کو پالو، تو تم اللہ کے مقتول بندہ بن جانا (یعنی کسی کو قتل مت کرنا، اس کے بجائے قتل، اور شہید ہوجانے کو ترجیح دینا) (مسند احمد)

سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَشْهَدُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّهَا سَتَكُوْنُ فِتْنَةٌ اَلْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ خَيْرٌ مِّنَ الْمَاشِيْ، وَالْمَاشِيُ خَيْرٌ

---

[1] قال شعيب الارنؤوط:

رجاله ثقات رجال الشيخين، والرجل المبهم الذى روى عنه حميد إن كان ثقة عنده فالإسناد صحيح (حاشية مسند احمد)

مِّنَ السَّاعِیُ قَالَ: أَفَرَأَیْتَ إِنْ دَخَلَ عَلَیَّ بَیْتِیُ وَبَسَطَ یَدَهُ إِلَیَّ لِیَقْتُلَنِیُ؟ قَالَ: کُنُ کَابُنِ آدَمَ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۲۱۹۴، ابواب الفتن، باب ما جاء أنه تکون فتنة القاعد فیها خیر من القائم، مسند احمد، رقم الحدیث ۱۶۰۹) [1]

ترجمہ: میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عنقریب ایسا فتنہ ہوگا کہ جس میں بیٹھنے والا، کھڑے ہونے والے سے بہتر ہوگا، اور کھڑے ہونے والا، چلنے والے سے بہتر ہوگا، اور چلنے والا، دوڑنے والے سے بہتر ہوگا، انہوں نے عرض کیا کہ اگر (میں اپنے گھر میں ہوں) پھر کوئی میرے گھر میں داخل ہوجائے، اور مجھے قتل کرنے کے لئے اپنا ہاتھ میری طرف بڑھائے (تو میرے لئے کیا حکم ہوگا؟) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم آدم کے (دو بیٹوں میں سے بہتر) بیٹے کی طرح ہوجانا (ابوداؤد)

حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام کے دو بیٹوں میں اختلاف کے وقت ایک نے دوسرے کو قتل کرنے کا ارادہ کیا تھا، تو دوسرا بیٹا اس کی طرف قتل کا ہاتھ بڑھانے سے رک گیا تھا، اور وہ خود قتل وشہید ہوگیا تھا، یہ بیٹا دوسرے بیٹے سے افضل تھا، اسی کی طرح بننے کا حکم دیا گیا۔

چنانچہ اس کے بارے میں قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

لَئِنُ بَسَطُتَّ إِلَیَّ یَدَکَ لِتَقْتُلَنِیُ مَا أَنَا بِبَاسِطٍ یَّدِیَ إِلَیُکَ لِأَقْتُلَکَ، إِنِّیُ أَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعَالَمِیْنَ، إِنِّیُ أُرِیُدُ أَنُ تَبُوْءَ بِإِثْمِیُ وَإِثْمِکَ

---

[1] قال الترمذی:
وفی الباب عن أبی هریرة، وخباب بن الأرت، وأبی بکرة، وابن مسعود، وأبی واقد، وأبی موسی، وخرشة وهذا حدیث حسن وروی بعضهم هذا الحدیث عن اللیث بن سعد وزاد فی الإسناد رجلا :وقد روی هذا الحدیث عن سعد عن النبی صلی الله علیه وسلم من غیر هذا الوجه.
وقال شعیب الارنؤوط: إسناده صحیح علی شرط مسلم(حاشیة مسند احمد)

www.idaraghufran.org

فَتَكُوْنَ مِنْ أَصْحَابِ النَّارِ وَذٰلِكَ جَزَاءُ الظَّالِمِيْنَ (سورة المائدة، رقم الآية، ۲۸، ۲۹)

ترجمہ: اگر تو مجھے قتل کرنے کے لیے اپنا ہاتھ پھیلائے گا، تو میں تجھے قتل کرنے کے لیے ہاتھ نہ پھیلاؤں گا، بے شک میں اللہ رب العالمین سے ڈرتا ہوں، میں چاہتا ہوں کہ میرا اور اپنا گناہ تو ہی سمیٹ لے، پھر تو آگ والوں میں سے ہوجائے گا، اور یہی ظالموں کا بدلہ ہے (سورہ مائدہ)

ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهَا سَتَكُوْنُ فِتَنٌ: أَلَا ثُمَّ تَكُوْنُ فِتْنَةٌ الْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ الْمَاشِي فِيْهَا، وَالْمَاشِي فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِي إِلَيْهَا، أَلَا، فَإِذَا نَزَلَتْ أَوْ وَقَعَتْ، فَمَنْ كَانَ لَهُ إِبِلٌ فَلْيَلْحَقْ بِإِبِلِهِ، وَمَنْ كَانَتْ لَهُ غَنَمٌ فَلْيَلْحَقْ بِغَنَمِهِ، وَمَنْ كَانَتْ لَهُ أَرْضٌ فَلْيَلْحَقْ بِأَرْضِهِ، قَالَ: فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ مَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ إِبِلٌ وَلَا غَنَمٌ وَلَا أَرْضٌ؟ قَالَ: يَعْمِدُ إِلٰى سَيْفِهِ فَيَدُقُّ عَلٰى حَدِّهِ بِحَجَرٍ، ثُمَّ لِيَنْجُ إِنِ اسْتَطَاعَ النَّجَاءَ، اَللّٰهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ؟ اَللّٰهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ؟ اَللّٰهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ؟ قَالَ: فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ إِنْ أُكْرِهْتُ حَتّٰى يُنْطَلَقَ بِيْ إِلٰى أَحَدِ الصَّفَّيْنِ، أَوْ إِحْدَى الْفِئَتَيْنِ، فَضَرَبَنِيْ رَجُلٌ بِسَيْفِهِ، أَوْ يَجِيْءُ سَهْمٌ فَيَقْتُلُنِيْ؟ قَالَ: يَبُوْءُ بِإِثْمِهِ وَإِثْمِكَ، وَيَكُوْنُ مِنْ أَصْحَابِ النَّارِ (صحيح مسلم، رقم الحديث ۲۸۸۷ "۱۳" كتاب الفتن وأشراط الساعة)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عنقریب فتنے برپا ہوں گے، یاد رکھو، اس کے بعد پھر فتنے رونما ہوں گے، ان فتنوں میں بیٹھنے والا، چلنے والے سے بہتر ہوگا، اور چلنے والا، ان فتنوں کی طرف دوڑنے والے سے بہتر ہوگا، آگاہ رہو کہ جب یہ فتنے نازل ہوں، یا واقع ہوں، تو جس کے پاس اونٹ ہوں، تو وہ اپنے اونٹوں کے ساتھ ہی وابستہ رہے، اور جس کے پاس بکریاں ہوں، تو وہ ان بکریوں کے ساتھ ہی وابستہ رہے، اور جس کی زمین ہو، تو وہ اپنی زمین سے ہی وابستہ رہے۔

ایک آدمی نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول آپ اس بارے میں کیا فرماتے ہیں کہ جس کے پاس نہ تو اونٹ ہوں اور نہ بکریاں ہوں، اور نہ ہی زمین ہو، وہ کیا کرے؟ تو اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ اپنی تلوار لے کر اس کی دھار پتھر کے ساتھ رگڑ کر کند اور ناکارہ بنادے (یعنی اپنے اسلحہ کو تلف کردے) پھر اگر وہ (فتنوں سے دور رہ کر) نجات حاصل کرنے کی طاقت رکھتا ہو، تو (دور رہ کر) نجات حاصل کرے۔

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (اس کی اہمیت بتلانے کے لیے) فرمایا کہ اے اللہ! میں نے تیرا حکم (بندوں تک) پہنچادیا۔

ایک آدمی نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول آپ اس بارے میں کیا فرماتے ہیں کہ اگر مجھے ناپسندیدگی اور ناگواری کے باوجود ان (لڑنے والوں کی) دونوں صفوں میں سے ایک صف، یا ایک گروہ میں کھڑا کردیا جائے، پھر کوئی آدمی اپنی تلوار سے مجھے ماردے، یا کوئی تیر (یا گولی) میری طرف آجائے، جو مجھے قتل کر ڈالے، تو کیسا ہوگا؟ اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ (قتل کرنے والا) آدمی اپنے گناہ اور تیرے گناہ کے ساتھ لوٹے گا اور جہنم والوں میں سے ہوگا (اور آپ نجات پالیں گے) (مسلم)

ابو ذر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ سے ایک لمبی حدیث میں روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

يَا أَبَا ذَرٍّ، أَرَأَيْتَ إِنْ قَتَلَ النَّاسُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا، يَعْنِيْ حَتّٰى تَغْرَقَ حِجَارَةُ الزَّيْتِ مِنَ الدِّمَاءِ، كَيْفَ تَصْنَعُ؟ قَالَ: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ. قَالَ: اُقْعُدْ فِيْ بَيْتِكَ، وَأَغْلِقْ عَلَيْكَ بَابَكَ. قَالَ: فَإِنْ لَمْ أُتْرَكْ؟ قَالَ: فَأْتِ مَنْ أَنْتَ مِنْهُمْ، فَكُنْ فِيْهِمْ. قَالَ: فَآخُذُ سِلَاحِيْ؟ قَالَ إِذَنْ تُشَارِكُهُمْ فِيْمَا هُمْ فِيْهِ، وَلٰكِنْ إِنْ خَشِيْتَ أَنْ يَرُوْعَكَ شُعَاعُ السَّيْفِ، فَأَلْقِ طَرَفَ رِدَائِكَ عَلٰى وَجْهِكَ حَتّٰى يَبُوْءَ بِإِثْمِهٖ وَإِثْمِكَ (مسند احمد رقم الحدیث ۲۱۳۲۵، ابن حبان، رقم الحدیث ۵۹۶۰)[1]

ترجمہ: اے ابو ذر! آپ کی کیا رائے ہے کہ جب لوگ ایک دوسرے کو قتل کرنے لگیں، یہاں تک کہ (مدینہ میں ایک) مقام ''حجارۃ الزیت'' خون کے سیلاب میں ڈوب جائے، تو ان حالات میں آپ کا کیا طرزِ عمل ہوگا؟ حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ اللہ اور رسول ہی بہتر جانتے ہیں؟ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (ایسے حالات میں) اپنے گھر میں بیٹھ جانا، اور اپنے گھر کے دروازے بند کر لینا (کہ فتنہ گھر کے اندر تجھے نہ آ پہنچے) حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ اگر اس حالت میں بھی مجھے نہ چھوڑا جائے (یعنی کوئی گھر میں آ کر مجھ پر حملہ آور ہو، یا مجھے اصرار کر کے گھر سے نکال کر فتنہ میں شریک کرنا چاہے) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تب پھر اپنے لوگوں (یعنی خاندان والے،

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم (حاشیة مسند احمد وابن حبان)

www.idaraghufran.org

یا رفقاء اور حامیوں) میں پہنچ جانا، حضرت ابوذر نے عرض کیا کہ اگر میں اپنے ہتھیار اُٹھالوں؟ (یعنی فتنے کے مقابلے کے لیے کھڑا ہوجاؤں) تو رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تب آپ بھی اُن کے ساتھ اس معاملے میں شریک سمجھے جائیں گے، بلکہ اگر آپ کو تلوار کے وار کا اپنے اوپر اندیشہ بھی ہوجائے، تو اپنی چادر کے گوشہ سے اپنا چہرہ ڈھانپ لینا (اور بغیر مقابلہ کے جان دے دینا) تاکہ حملہ آور اپنا اور تیرا گناہ خود ہی سمیٹ لے (مسند احمد، ابن حبان)

سعید بن زید رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَ فِتْنَةً، فَعَظَّمَ أَمْرَهَا، فَقُلْنَا: أَوْ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَئِنْ أَدْرَكَتْنَا هٰذِهِ لَتُهْلِكَنَّا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَلَّا، إِنَّ بِحَسْبِكُمُ الْقَتْلَ، قَالَ سَعِيدٌ: فَرَأَيْتُ إِخْوَانِي قُتِلُوا (سنن ابی داؤد، رقم الحديث ۴۲۷۷، كتاب الفتن، باب ما يرجى فی القتل) [1]

ترجمہ: ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھے، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فتنے کا ذکر فرمایا، اور فتنہ کے معاملہ کو بہت سخت اور بڑی چیز قرار دیا، تو ہم نے، یا صحابۂ کرام نے (راوی کو اس جملہ میں شک ہے) عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! اگر یہ فتنہ ہمیں پالے گا، تو یہ تو ہمیں ہلاک ہی کرڈالے گا، اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہرگز نہیں، بے شک آپ کو قتل ہوجانا کافی ہوجائے گا۔ سعید بن زید کہتے ہیں کہ پھر بعد میں ہم نے دیکھا کہ ہمارے بھائی قتل ہوگئے (ابوداود)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية سنن ابی داود)

مطلب یہ ہے کہ مسلمانوں کے باہمی قتال کے فتنہ سے اگر آپ بچ نہ سکے اور فتنوں سے بچنے کا اہتمام کرنے کے باوجود قتل ہو بھی گئے، تو یہ کوئی بڑا نقصان نہ ہوگا، کیونکہ ایمان کی سلامتی کے ساتھ دنیا سے رُخصت وشہید ہو جانا یا ایسے زندہ رہنے سے بہتر ہے، جو ایمان کے بغیر اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کے ساتھ ہو۔

حذیفہ، ابوہریرہ، وابنِ مسعود رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: تَکُوْنُ فِتَنٌ، عَلٰی أَبْوَابِہَا دُعَاۃٌ إِلَی النَّارِ، فَأَنْ تَمُوْتَ وَأَنْتَ عَاضٌّ عَلٰی جِذْلِ شَجَرَۃٍ، خَیْرٌ لَکَ مِنْ أَنْ تَتْبَعَ أَحَدًا مِنْھُمْ (سنن ابنِ ماجہ، رقم الحدیث ۳۹۸۱، ابواب الفتن، باب العزلۃ) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (قیامت سے پہلے) بہت سے فتنے رونما ہوں گے (کہ وہ نیک وبد سب کو اپنی لپیٹ میں لینا چاہیں گے) اُن فتنے کی طرف جہنّم کے دروازوں تک پہنچانے کے لیے دعوت دینے والے ہوں گے، اور اگر تم (اُس زمانے میں) کسی درخت کے ساتھ چمٹ کر زندگی گزار دو یہاں تک کہ تمہیں موت آ جائے، تو یہ تمہارے لیے اس سے بہتر ہوگا کہ تم ان فتنوں میں سے کسی ایک کا بھی پیچھا کرو (ابنِ ماجہ)

اور حضرت ابوطفیل سے روایت ہے کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ:

أَنَا لِغَیْرِ الدَّجَّالِ أَخْوَفُ عَلَیَّ وَعَلَیْکُمْ، قَالَ: فَقُلْنَا: مَا ھُوَ یَا أَبَا سَرِیْحَۃَ؟ قَالَ: فِتَنٌ کَأَنَّھَا قِطَعُ اللَّیْلِ الْمُظْلِمِ، قَالَ: فَقُلْنَا: أَیُّ النَّاسِ

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: حدیث حسن (سنن ابنِ ماجہ)

فِيهَا شَرٌّ؟قَالَ: كُلُّ خَطِيبٍ مُصْقِعٍ،وَكُلُّ رَاكِبٍ مُوضِعٍ،قَالَ: فَقُلْنَا: أَيُّ النَّاسِ فِيهَا خَيْرٌ؟قَالَ: كُلُّ غَنِيٍّ خَفِيٍّ.

قَالَ: فَقُلْتُ: مَا أَنَا بِالْغَنِيِّ وَلَا بِالْخَفِيِّ،قَالَ: فَكُنْ كَابْنِ اللَّبُونِ لَا ظَهْرَ فَيُرْكَبَ،وَلَا ضَرْعَ فَيُحْلَبُ (المستدرك للحاكم،رقم الحديث ۸۶۱۲، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: مجھے اپنے اور تمہارے اوپر دجال کے (فتنے کے) علاوہ بھی (ایک شدید فتنہ کا) خوف ہے۔

ابوطفیل کہتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا کہ اے ابوسریحۃ (یہ حضرت حذیفہ کی کنیت ہے) وہ کیا ہے؟ تو حضرت حذیفہ نے فرمایا کہ گویا کہ اندھیری رات کی تہ بتہ تاریکیوں کی طرح کے فتنے ہوں گے، ابوطفیل کہتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا کہ ان فتنوں میں کون لوگ شر والے ہوں گے؟ تو حضرت حذیفہ نے فرمایا کہ ہر فتنوں پر اُبھارنے والا فصیح وبلیغ (گرج دار آواز والا شعلہ بیان) خطیب، اور ہر تیز رفتار سوار (جیسا کہ آج کل فتنوں پر اُبھارنے والے شعلہ بیان بھاگے پھرتے ہیں) ابوطفیل کہتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا کہ ان فتنوں میں کون لوگ بہتر ہوں گے؟ تو حضرت حذیفہ نے فرمایا کہ ہر پوشیدہ مالدار (کہ جس کو فارغ البالی میسر ہو، اور اس حالت پر قناعت کر کے ان فتنوں سے یکسوء وگمنام ہوکر زندگی گزارے) ابوطفیل کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ میں تو نہ مالدار ہوں، نہ خفیہ رہنے والا ہوں، تو میں کیا کروں؟

تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ پھر تم اونٹ کے دودھ پیتے بچہ کی طرح ہو جانا کہ نہ تو اس کی پشت پر سوار ہوا جا سکے، اور نہ ہی اس کے تھن ہوں کہ دودھ

---

[1] قال الحاکم: هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.
وقال الذهبی: علی شرط البخاری ومسلم.

نکالا جاسکے (یعنی کسی طرح ان فتنوں میں شریک وحصہ دار مت بننا) (حاکم)

اورحضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے مروی ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَ الْفِتْنَةَ الرَّابِعَةَ لَايَنْجُوْ مِنْ شَرِّهَا، إِلَّا مَنْ دَعَا كَدُعَاءِ الْغَرِقِ ،أَسْعَدُ أَهْلِهَا كُلُّ تَقِيٍّ خَفِيٍّ ، إِذَا ظَهَرَ لَمْ يُعْرَفْ، وَإِنْ جَلَسَ لَمْ يُفْتَقَدْ، وَأَشْقٰى أَهْلُهَا ،كُلُّ خَطِيْبٍ مِسْقَعٍ ،أَوْ رَاكِبٍ مُوْضِعٍ (الفتن لنعيم بن حماد، ج۲ص۹۳، رقم الحديث ۳۶۳،باب العصمة من الفتن، وما يستحب فيها من الكف والإمساك عن القتال، والعزلة فيها، وما يكره من الاستشراف لها، الناشر: دار الكتب العلمية، بيروت، لبنان، الطبعة الأولىٰ: ۱۴۱۸هـ، ۱۹۹۷م) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اور چوتھے فتنہ کا ذکر فرمایا کہ اُس کے شَر سے وہی بچ سکیں گے جو گڑ گڑا کر اور رو رو کر دعاء کریں گے، اُس فتنے میں نیک بخت وہ تمام متقی اور پوشیدہ لوگ ہوں گے، جو اگر سامنے ہوں، تو پہچانے نہ جائیں، اور اگر (مثلاً کہیں پوشیدہ ہوکر) بیٹھ جائیں، تو اُنہیں تلاش نہ کیا جائے؛ جبکہ اُس فتنے میں بد بخت شخص فتنے پر اُبھارنے والا فصیح وبلیغ خطیب ہوگا، یا تیز سوار ہوگا (الفتن لنعیم بن حماد)

اورحارث حضرمی سے ''بسندِ ضعیف'' روایت ہے کہ:

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ،قَالَ:أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ النَّاسِ،فِيْ ذٰلِكَ الزَّمَانِ

[1] قال مجدی بن منصور بن سيد الشوری: روى ابن ابی شيبة(۷/ ۴۵۱) عن حذيفة موقوفاً : ليأتين على الناس زمان لا ينجو فيه الا من دعا بدعاء الغريق.وحديث الباب اورده السيوطی فی جمع الجوامع(۳۱۵۹) ونسبه لنعيم فی الفتن وضعفه ، وكذا ضعفه الهندی فی الكنز (۱۱/۱۴۴) وله شاهد عند ابی عمرو الدانی(۲/ ۱۶۱) من حديث ابنِ مسعود مرفوعاً ، نحوه.ورواية يحيىٰ بن ابی عمرو الشيبانی عن الصحابة مرسلة، كذا فی التقريب(۲/ ۳۵۵) (حاشية الفتن لنعيم بن حماد، حواله بالا)

كُلُّ غَنِيٍّ خَفِيٍّ، قَالَ: قُلْتُ: مَا أَنَا بِالْغَنِيِّ، وَلَا الْخَفِيِّ، قَالَ: كُنْ كَابْنِ لَبُونٍ بِلَا ضَرْعٍ فَتُحْلَبَ وَلَا ظَهْرٍ فَتُرْكَبَ، قَالَ: أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِشَرِّ النَّاسِ فِي ذٰلِكَ الزَّمَانِ كُلُّ خَطِيبٍ مُّصْقَعٍ أَوْ رَاكِبٍ مَوْضَعٍ (السنن الواردة فى الفتن، للدانى، ص ۶۴، رقم الحديث ۱۶۱، باب ما جاء فى الفرار بالدين من الفتن، الناشر: دارالكتب العلمية، بيروت، لبنان، الطبعة الأولىٰ: ۱۴۱۸ھ، ۱۹۹۷م) [1]

ترجمہ: حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ کیا میں تمہیں اس (فتنہ کے) زمانہ میں سب سے بہتر آدمی نہ بتلادوں، وہ ہر مالدار، مخفی رہنے والا شخص ہے، میں نے کہا کہ میں نہ تو مالدار ہوں، اور نہ ہی مخفی رہنے والا ہوں، تو ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ پھر تم اونٹ کے دودھ پیتے تھن کے بغیر بچہ کی طرح ہوجانا کہ نہ تو اس سے دودھ نکالا جاسکے، اور نہ اس کی پشت اس قابل ہو کہ اس پر سوار ہوا جاسکے (یعنی کسی طرح ان فتنوں میں شریک وحصہ دار مت بننا) پھر فرمایا کہ کیا میں تم کو اس زمانہ کے سب سے زیادہ شریر آدمی کے بارے میں نہ بتلادوں، وہ فصیح وبلیغ (شعلہ بیان) خطیب ہوگا، یا تیز سوار ہوگا (کتاب الفتن)

اس طرح کی احادیث وروایات پہلے دوسرے مقامات پر بھی ذکر کی جاچکی ہیں، جہاں شعلہ بیان مفسد مقررین کا ذکر بھی گذر چکا ہے، جو ایک دوسرے کی تائید کرتی ہیں۔

احادیث میں اندھیری رات کی طرح کے فتنوں سے بچنے کا یہ طریقہ بتلادیا گیا ہے کہ لوگوں سے چھپ کر رہے، مجامع اور میڈیا سے بچے، اور اگر ایسا ممکن نہ ہو، معاشی، یا دوسری ضروریات کی وجہ سے لوگوں سے ملنا جلنا، اور باہر نکلنا ضروری ہو، تو ایسا بن جائے، جیسا کہ بچہ ہوتا ہے، جو کسی فتنہ کی کسی بھی حیثیت سے مدد کرنے، اور اس میں شریک ہونے کی قابلیت نہ رکھے۔

البتہ بعض اوقات فتنوں سے بچنا اس وقت تک ممکن نہ ہوگا، جب تک آبادی سے باہر نہ

---

[1] قال ابوعبدالله محمد حسن محمد حسن الشافعي: اسناده ضعيف، في سنده اسحاق بن ابى يحيىٰ، هو الكعبى، وليث بن ابى سليم، سبق ذكرهما (حاشية السنن الواردة فى الفتن، حواله بالا)

نکل جائے، اس وقت باہر نکلنے کا حکم ہوگا۔

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث

چنانچہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ، خَيْرُ مَالِ الرَّجُلِ الْمُسْلِمِ الْغَنَمُ، يَتْبَعُ بِهَا شَعَفَ الْجِبَالِ وَمَوَاقِعَ الْقَطْرِ، يَفِرُّ بِدِينِهِ مِنَ الْفِتَنِ (صحيح البخاری، رقم الحديث ٦٤٩٥، كتاب الرقاق، باب :العزلة راحة من خلاط السوء)

ترجمہ: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ عنقریب ایسا (فتنوں کا) وقت آئے گا کہ (ان فتنوں سے بچنے کے لئے) مسلمان شخص کا بہترین مال، بکریاں ہوں گی کہ جن کو لے کر وہ پہاڑوں کی چوٹی اور بارش والی جگہوں میں چلا جائے گا، ایسا وہ اپنے دین کو فتنوں سے بچانے کے لیے کرے گا (بخاری)

اس طرح کی اور احادیث آگے الگ فصل میں آتی ہیں۔

لوگوں سے الگ تھلگ ہونے کا یہ حکم فتنوں کے زمانے کا ہے، جب لوگوں میں شر پھیل جائے، تو شر سے الگ ہونے کا یہ راستہ تجویز کیا گیا۔

مذکورہ احادیث وروایات سے معلوم ہوا کہ جب پرفتن دور رونما ہوجائے، جس میں مسلمانوں کے مابین اختلافات وتنازعات اور قتل وقتال کا سلسلہ شروع ہوجائے، تو ان حالات میں الگ تھلگ بچ کر رہنا، اور اپنی نقل وحرکات کو محدود کرنا، اور حتی الامکان لوگوں سے مخفی رہ کر گھروں میں قیام پذیر ہونا، سلامتی وعافیت کا باعث ہوگا، اور اس طرح کے فتنوں کے دور کا آغاز ہو چکا ہے۔

اللہ حفاظت فرمائے۔ آمین۔

(فصل نمبر 57)

دورِ فتن میں یکسو ہو کر عبادت، و پاسبانی کی فضیلت

پہلے گزر چکا ہے کہ فتنوں کے دور میں فتنوں سے علیٰحدہ اور الگ تھلگ رہنے کا بہت سی احادیث میں ذکر آیا ہے، اور اس طرزِ عمل کی فضیلت کا مختلف شکلوں میں ذکر آیا ہے۔

جب فتنے زیادہ بڑھ جائیں، اور آبادی، یا گھر میں رہتے ہوئے ان سے بچنا مشکل ہو جائے، تو پھر ان سے دور چلے جانے کی فضیلت ہے، اور وہ فضیلت دور رہ کر عبادت کرنے سے بھی حاصل ہوتی ہے، اور عظیم فضیلت حاصل کرنے کا ایک طریقہ اسلامی سرحدوں کی پاسبانی اور حفاظت کرنا بھی ہے، کیونکہ سرحدیں بھی عام طور پر لوگوں اور آبادی سے دور ہوتی ہیں۔

ابو ہریرہ وابو موسیٰ رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَتَكُوْنُ فِتَنٌ اَلْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْمَاشِي، وَالْمَاشِيُ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ السَّاعِي، وَمَنْ يُشْرِفْ لَهَا تَسْتَشْرِفْهُ، وَمَنْ وَجَدَ مَلْجَأً أَوْ مَعَاذًا فَلْيَعُذْ بِهِ (صحيح البخارى، رقم الحديث ٣٦٠١، كتاب المناقب، باب علامات النبوة فى الإسلام، صحيح مسلم، رقم الحديث ٢٨٨٦ "١٠" كتاب الفتن وأشراط الساعة)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عنقریب بہت سے فتنے رونما ہوں گے، جن میں بیٹھنے والا بہتر ہوگا کھڑے ہونے والے سے، اور کھڑے ہونے

والا، بہتر ہوگا، چلنے والے سے،اور چلنے والا، بہتر ہوگا دوڑنے والے سے،اور جو شخص فتنہ کی طرف جھانکے گا،تو فتنہ اس کو اپنی طرف کھینچ لے گا،پس جو شخص (اس وقت فتنہ سے بچنے اور الگ رہنے کا) کوئی ٹھکانہ، یا پناہ کی جگہ پائے،تو اسے چاہئے کہ وہ اس کے ذریعہ فتنہ سے پناہ لے (بخاری،ومسلم)

اس حدیث میں فتنوں کے دور میں ان سے بچنے اور کسی بھی طرح پناہ حاصل کرنے کا اصولی حکم بیان کردیا گیا ہے۔

اور بیٹھنا وسکون پکڑنا، چونکہ عام طور پر گھر میں ہوتا ہے،اس لئے دورِ فتن میں بعض دوسری احادیث میں گھروں میں رہنے اور بعض احادیث میں آبادی سے الگ تھلگ ہوکر اللہ کی عبادت میں مشغول ہونے کی فضیلت بیان کی گئی ہے۔

یہ سب مختلف حالات واشخاص کے لحاظ سے فتنوں سے بچنے اور الگ رہنے کے مختلف طریقے بیان کئے گئے ہیں۔

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ بَيْنَ أَيْدِيْكُمْ فِتَنًا كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيْهَا مُؤْمِنًا وَيُمْسِيْ كَافِرًا، اَلْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْمَاشِيْ، وَالْمَاشِيْ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِيْ، قَالُوْا : فَمَا تَأْمُرُنَا؟ قَالَ: كُوْنُوْا أَحْلَاسَ بُيُوْتِكُمْ (ابوداؤد رقم الحدیث ۴۲۶۲،کتاب الفتن والملاحم،باب فی النهی عن السعی فی الفتنة) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارے آگے (آنے والے زمانہ میں) اندھیری رات کی تہ بتہ (اوپر نیچے تاریکیوں کی طرح) فتنے رونما ہوں گے، ان فتنوں کی زد میں آکر آدمی صبح کو مؤمن ہوگا،تو شام کو کافر ہوگا،ان فتنوں میں

[1] قال شعیب الارنؤوط: صحیح لغیرہ (حاشیة سنن ابی داؤد)

بیٹھنے والا، کھڑے ہونے والے سے بہتر ہوگا، اور ان فتنوں میں کھڑا ہونے والا چلنے والے سے بہتر ہوگا، اور ان فتنوں میں چلنے والا، دوڑنے والے سے بہتر ہوگا، لوگوں نے عرض کیا کہ پھر آپ ہمیں کس چیز کا حکم فرماتے ہیں؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اپنے گھروں کے ٹاٹ بن جانا (ابوداؤد)

اس حدیث میں بھی فتنوں سے الگ ہونے کا ایک طریقہ بیان کیا گیا ہے۔

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُوْشِكُ أَنْ يَّكُوْنَ خَيْرَ مَالِ الْمُسْلِمِ غَنَمٌ يَتْبَعُ بِهَا شَعَفَ الْجِبَالِ وَمَوَاقِعَ الْقَطْرِ، يَفِرُّ بِدِيْنِهٖ مِنَ الْفِتَنِ (صحيح البخاري، رقم الحديث ١٩، كتاب الإيمان، باب: من الدين الفرار من الفتن)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عنقریب ایسا وقت آئے گا کہ مسلمان شخص کا بہترین مال بکریاں ہوں گی، جن کو لے کر وہ پہاڑوں کی چوٹی اور بارش والی جگہوں میں چلا جائے گا (جہاں چارہ و پانی ہوگا، اور پُرفتن تمدنی زندگی سے بچاؤ ہوگا) ایسا وہ اپنے دین (ایمان) کو فتنوں سے بچانے کے لیے کرے گا (صحیح بخاری)

اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں ہے کہ:

سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ : يَأْتِيْ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ، خَيْرُ مَالِ الرَّجُلِ الْمُسْلِمِ الْغَنَمُ، يَتْبَعُ بِهَا شَعَفَ الْجِبَالِ وَمَوَاقِعَ الْقَطْرِ، يَفِرُّ بِدِيْنِهٖ مِنَ الْفِتَنِ (صحيح البخاري، رقم الحديث ٦٤٩٥، كتاب الرقاق، باب :العزلة راحة من خلاط السوء)

ترجمہ: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ عنقریب ایسا (فتنوں کا) وقت آئے گا کہ (ان فتنوں سے بچنے کے لئے) مسلمان شخص کا بہترین مال بکریاں ہوں گی کہ جن کو لے کر وہ پہاڑوں کی چوٹی اور بارش والی جگہوں میں چلا جائے گا، ایسا وہ اپنے دین کو فتنوں سے بچانے کے لیے کرے گا (بخاری)

اس سے معلوم ہوا کہ فتنے کے زمانہ میں ان سے دور، اور کسی ایک طرف رہ کر اپنے گذر بسر کا انتظام کرنا بہتر ہوگا۔

اسی وجہ سے پُرفتن دور میں دو طرح کے لوگوں کی فضیلت بیان کی گئی ہے۔

اُمِ مالک بہزیہ رضی اللہ عنہا کی حدیث

چنانچہ حضرت اُمِ مالک بہزیہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ النَّاسِ فِي الْفِتْنَةِ رَجُلٌ مُعْتَزِلٌ فِيْ مَالِهٖ، يَعْبُدُ رَبَّهٗ، وَيُؤَدِّيْ حَقَّهٗ، وَرَجُلٌ آخِذٌ بِرَأْسِ فَرَسِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، يُخِيْفُهُمْ وَيُخِيْفُوْنَهٗ (مسند احمد، رقم الحديث ۲۷۳۵۳)[1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فتنوں میں لوگوں میں سے بہترین (ایک تو) وہ شخص ہوگا، جو اپنا مال لے کر (فتنوں سے) علیحدہ ہو جائے اور اپنے رب کی عبادت کرے، اور اللہ کے حق کو اداء کرتا رہے، اور (دوسرا) وہ شخص ہوگا، جو اپنے گھوڑے کو پکڑے ہوئے اللہ کے راستے میں ہو اور (اللہ کے دشمنوں کو) ڈرائے اور اور (اللہ کے دشمن) اُس سے ڈریں (مسند احمد)

پہلے زمانہ میں جہاد کے لئے گھوڑے استعمال ہوتے تھے، آج کل ان کی جگہ دوسرا اسلحہ استعمال ہوتا ہے، جن کے ذریعہ دشمنوں پر خوف ڈالا جاتا ہے، جیسا کہ بندوقیں، توپیں، اور ٹینک وغیرہ، ان کی بھی فضیلت یہی ہے، جو اوپر حدیث میں بیان کی گئی، اور اسلامی ملکوں، اور

[1] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

سرحدوں پر دشمنوں، باغیوں اور خارجیوں وشرپسندوں سے حفاظت و پاسبانی کرنے والے سیکورٹی اہلکار، مجاہد، اور فوجی بھی اس میں داخل ہیں۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: أَظَلَّتْكُمْ فِتَنٌ، كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، أَنْجَى النَّاسِ مِنْهَا صَاحِبُ شَاهِقَةٍ يَأْكُلُ مِنْ رُسُلِ غَنَمِهِ، أَوْ رَجُلٌ مِنْ وَرَاءِ الدُّرُوْبِ آخِذٌ بِعِنَانِ فَرَسِهِ يَأْكُلُ مِنْ فَيْءِ سَيْفِهِ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۲۴۶۰، کتاب الجهاد) [1]

ترجمہ: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ تم پر تاریک رات کی طرح فتنے منڈلا رہے ہیں، ان فتنوں سے سب سے زیادہ نجات پانے والا ایک تو وہ شخص ہوگا، جو کسی بلند جگہ پہاڑی پر رہتا ہو، اور اپنی بکریوں سے فائدہ اٹھا کر کھاتا ہو، یا وہ شخص ہوگا، جو آبادی سے باہر نکل کر (سرحد وغیرہ پر) اپنے گھوڑے کی لگام تھامے ہوئے ہو، اور اپنی تلوار (واسلحہ) سے حاصل شدہ فائدہ سے کھا رہا ہو (حاکم)

امام حاکم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی اس روایت کو دوسری جگہ بھی تھوڑے فرق کے ساتھ روایت کیا ہے۔ [2]

---

[1] قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: صحيح.

[2] قال النبي صلى الله عليه وسلم: غشيتكم الفتن كقطع الليل المظلم، أنجى الناس فيه رجل صاحب شاهقة يأكل من رسل غنمه، أو رجل آخذ بعنان فرسه من وراء الدرب يأكل من سيفه (المستدرك للحاكم، رقم الحديث ۸۵۶۹، كتاب الفتن والملاحم)
قال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد، ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: صحيح.

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ:

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خَيْرُ مَعَايِشِ النَّاسِ لَهُمْ، رَجُلٌ مُمْسِكٌ بِعِنَانِ فَرَسِهِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، يَطِيْرُ عَلٰى مَتْنِهِ، كُلَّمَا سَمِعَ هَيْعَةً أَوْ فَزْعَةً طَارَ عَلَيْهِ، يَبْتَغِي الْمَوْتَ وَالْقَتْلَ مَظَانَّهُ، وَرَجُلٌ فِيْ غُنَيْمَةٍ فِيْ رَأْسِ شَعَفَةٍ مِنْ هٰذِهِ الشِّعَافِ، أَوْ بَطْنِ وَادٍ مِنْ هٰذِهِ الْأَوْدِيَةِ، يُقِيْمُ الصَّلَاةَ، وَيُؤْتِي الزَّكَاةَ، وَيَعْبُدُ رَبَّهُ حَتّٰى يَأْتِيَهُ الْيَقِيْنُ، لَيْسَ مِنَ النَّاسِ إِلَّا فِيْ خَيْرٍ (سنن ابن ماجه، رقم الحديث ٣٩٧٧، ابواب الفتن، باب العزلة) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (قیامت سے پہلے کے فتنوں کے دَور میں) لوگوں میں بہترین زندگی گزارنے والا ایک تو وہ شخص ہوگا، جو اللہ کے راستے میں نکل کر اپنے گھوڑے (یا گاڑی وغیرہ) کی لگام تھامے ہوئے ہو، اور اُس کی پیٹھ پر اُڑتا پھرے (یعنی دشمن سے بالکل چوکنا اور تیار حالت میں ہو) جب بھی خوف، وخطرہ، یا گھبراہٹ والی بات محسوس کرے، تو موت، یا قتل کی تلاش میں رہے (جیسا کہ مخلص مومن، فوجیوں اور سیکورٹی اہلکاروں کی حالت ہوتی ہے) اور دوسرا وہ شخص ہے، جو بکریوں کا چھوٹا سا ریوڑ لے کر ان (قریبی) پہاڑی چوٹیوں میں سے کسی پہاڑ کی چوٹی پر، یا ان گھاٹیوں میں سے کسی گھاٹی میں پہنچ جائے، جہاں وہ نماز پڑھے، اور زکاۃ اداء کرے، اور اپنے رب کی عبادت کرے، یہاں تک کہ اس کو یقین (یعنی موت) آ جائے، لوگوں میں سے اس عمل کو انجام دینے والے، صرف خیر میں ہیں (ابنِ ماجہ)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن ابنِ ماجه)

مطلب یہ ہے کہ فتنوں کے دَور میں بہتر لوگ، یا تو وہ ہوں گے جو کافروں سے مقابلہ کے لئے تیار ہوں، جیسا کہ اسلامی ملکوں اور بالخصوص سرحدوں پر پہرہ دینے والوں کی حالت ہوتی ہے کہ وہ بھی فتنہ پرداز لوگوں سے الگ تھلگ ہوتے، بلکہ ان کی سرکوبی کرتے ہیں۔

یا وہ لوگ بہتر ہوں گے جن کو یہ موقع میسر نہ ہو، لیکن وہ فتنوں سے دُور اور الگ رہنے والے ہوں، اور الگ رہ کر اپنے نماز، روزے اور عبادت میں مصروف ہوں۔

ابنِ عباس وابوسعید رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَلَيْهِمْ وَهُمْ جُلُوسٌ، فَقَالَ: أَلا أُحَدِّثُكُمْ بِخَيْرِ النَّاسِ مَنْزِلَةً؟ فَقَالُوا: بَلٰى يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: رَجُلٌ مُمْسِكٌ بِرَأْسِ فَرَسِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، حَتّٰى يَمُوتَ أَوْ يُقْتَلَ، أَفَأُخْبِرُكُمْ بِالَّذِيْ يَلِيهِ؟ قَالُوا: نَعَمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: اِمْرُؤٌ مُعْتَزِلٌ فِيْ شِعْبٍ، يُقِيمُ الصَّلَاةَ، وَيُؤْتِي الزَّكَاةَ، وَيَعْتَزِلُ شُرُوْرَ النَّاسِ (مسند احمد، رقم الحديث ٢١١٦) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (گھر سے) باہر تشریف لائے، اور صحابہ اس وقت بیٹھے ہوئے تھے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا میں تمہیں یہ نہ بتاؤں کہ لوگوں میں سب سے بہتر شخص درجہ کے اعتبار سے کون ہے؟ صحابہ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! بتلایئے، اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک تو وہ شخص سب سے بہتر ہے، جو اللہ کے راستہ میں اپنے گھوڑے کا سر تھامے ہوئے ہو، تا آنکہ فوت ہوجائے، یا شہید ہوجائے۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

پھر فرمایا کہ اس کے بعد والے آدمی کا پتہ بتاؤں؟ صحابہ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول، بتلائیے! اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ آدمی جو ایک گھاٹی میں الگ تھلگ رہے، نماز قائم کرے، اور زکاۃ اداء کرے، اور لوگوں کے شرور (اور فتنوں) سے الگ تھلگ ہو (مسند احمد)

اس حدیث سے لوگوں کے شرور وفتنوں سے الگ رہنے والے کی فضیلت معلوم ہوئی، اور جب کوئی لوگوں سے الگ ہوتا ہے، تو جس طرح وہ دوسروں کے شر سے بچتا ہے، اسی طرح دوسرے لوگ بھی اس کے شر سے بچتے ہیں، اسی لئے بعض احادیث میں اپنے شر سے بچنے کا ذکر آیا ہے۔

چنانچہ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ،فَقَالَ:أَيُّ النَّاسِ أَفْضَلُ؟ قَالَ:رَجُلٌ مُجَاهِدٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ،قَالَ:ثُمَّ مَنْ؟قَالَ:ثُمَّ امْرُؤٌ فِيْ شِعْبٍ مِنَ الشِّعَابِ، يَعْبُدُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ،وَيَدَعُ النَّاسَ مِنْ شَرِّهٖ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ٣٩٧٨، ابواب الفتن، باب العزلة) [1]

ترجمہ: ایک آدمی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ کر عرض کیا کہ لوگوں میں سب سے افضل آدمی کونسا ہے؟ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ آدمی، جو اللہ کے راستہ میں اپنی جان اور مال کے ساتھ جہاد کرے (یعنی اپنی جان کے ساتھ مال بھی اپنا خرچ کرے) اس آدمی نے عرض کیا کہ پھر کونسا آدمی افضل ہے؟ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر وہ آدمی افضل ہے، جو چوٹیوں میں سے کسی چوٹی پر پہنچ کر اللہ عزوجل کی عبادت کرے، اور لوگوں کو اپنے شر سے محفوظ چھوڑ دے (ابنِ ماجہ)

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حديث صحيح(حاشية سنن ابنِ ماجه)

معلوم ہوا کہ فتنوں کے دور میں بہتر لوگ، یا تو وہ ہوں گے، جو فتنوں سے دُور اور الگ رہنے والے ہوں اور الگ رہ کر اپنے رب کی عبادت، نماز، روزے میں مصروف ہوں، یا وہ لوگ ہوں گے، جو کافروں کے مدمقابل ہوں، جن میں موجودہ زمانہ میں اسلامی سرحدوں پر پہرہ دینے والے لوگ بھی داخل ہیں، جن کی بڑی فضیلت ہے، ایک طرف تو وہ لوگوں کے فتنوں سے دور اور الگ تھلگ ہوتے ہیں، دوسری طرف اسلامی ملکوں اور بالخصوص سرحدوں کی حفاظت و پاسبانی بہت عظیم الشان اور باعثِ فضیلت عمل ہے، بطور خاص فتنوں کے دور میں یہ افضل جہاد میں داخل ہے۔

دورِ فتن میں لوگوں سے الگ تھلگ رہنے کے متعلق تو ہم نے دوسری فصل میں مستقل تذکرہ کر دیا ہے۔

جہاں تک اسلامی ملکوں، اور بالخصوص سرحدوں کی حفاظت کرنے کا تعلق ہے، تو اس کے متعلق چند احادیث ذکر کی جاتی ہیں۔

سہل بن سعد، ابو ہریرہ وابنِ عباس رضی اللہ عنہم کی احادیث

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: رِبَاطُ يَوْمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا عَلَيْهَا (صحيح البخاری، رقم الحديث ۲۸۹۲، كتاب الجهاد والسير، باب فضل رباط يوم فی سبيل الله)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کے راستہ میں ایک دن پاسبانی کرنا (اور پہرہ دینا) دنیا اور جو کچھ اس میں ہے، اس سے بہتر ہے (بخاری)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

طُوْبٰى لِعَبْدٍ آخِذٍ بِعِنَانِ فَرَسِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، أَشْعَثَ رَأْسُهٗ، مُغْبَرَّةٍ

قَدَمَاهُ، إِنْ كَانَ فِي الْحِرَاسَةِ، كَانَ فِي الْحِرَاسَةِ، وَإِنْ كَانَ فِي السَّاقَةِ كَانَ فِي السَّاقَةِ، إِنِ اسْتَأْذَنَ لَمْ يُؤْذَنْ لَهُ، وَإِنْ شَفَعَ لَمْ يُشَفَّعْ (صحيح البخاري، رقم الحديث ۲۸۸۷، كتاب الجهاد والسير، باب الحراسة في الغزو في سبيل الله)

ترجمہ: خوشخبری ہے اس بندے کے لئے جو اپنے گھوڑے (یا بندوقوں وغیرہ) کی لگام اللہ کی راہ میں پکڑے ہوئے ہو، اس کے سر کے بال پراگندہ اور پاؤں گرد آلود ہوں، اگر وہ پاسبانی (وسرحد کی نگرانی) پر مقرر ہو، تو وہاں پاسبانی کرے، اور اگر پیچھے (یعنی ملک کے اندر پاسبانی کے لئے) مقرر ہو، تو وہاں پاسبانی کرے، اور اگر وہ (خود سے کسی جگہ جانے کی) اجازت طلب کرے، تو اس کو اجازت نہ ملے (یعنی خود سے اسے اپنی منشاء ومرضی کے مطابق کام کے انتخاب کی اجازت نہ ہو) اور اگر وہ کسی (کے ساتھ رہنے، یا اپنے ساتھ کسی کو رکھنے، یا دوسری خواہشات) کی سفارش کرے، تو اس کی سفارش نہ مانی جائے (بخاری)

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوَّلُ هٰذَا الْأَمْرِ نُبُوَّةٌ وَرَحْمَةٌ، ثُمَّ يَكُونُ خِلَافَةً وَرَحْمَةً، ثُمَّ يَكُونُ مُلْكًا وَرَحْمَةً، ثُمَّ يَكُونُ إِمَارَةً وَرَحْمَةً، ثُمَّ يَتَكَادَمُونَ عَلَيْهِ تَكَادُمَ الْحُمُرِ .

فَعَلَيْكُمْ بِالْجِهَادِ، وَإِنَّ أَفْضَلَ جِهَادِكُمُ الرِّبَاطُ، وَإِنَّ أَفْضَلَ رِبَاطِكُمْ عَسْقَلَانُ (المعجم الكبير للطبراني، ج ۱۱ ص ۸۸، رقم الحديث ۱۱۱۳۸) [1]

---

[1] قال الهيثمي: رواه الطبراني ورجاله ثقات (مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۸۹۶۴، باب كيف بدأت الإمامة وما تصير إليه والخلافة والملك)

وقال الالباني: قلت: وهذا إسناد جيد، رجاله كلهم ثقات؛ غير سعيد بن حفص النفيلي، ففيه كلام يسير، وقد وثقه ابن حبان (8/268) وأخرج له في صحيحه ثلاثة أحاديث، والذهبي، والعسقلاني فقال: صدوق تغير في آخر عمره ﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس امت کی ابتداء، نبوت ورحمت سے ہوئی، پھراس کے بعد خلافت ورحمت ہوگی، پھراس کے بعد ملوکیت ورحمت ہوگی، پھراس کے بعد امارت ورحمت ہوگی (اور یہ سلسلہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد بالترتیب جاری رہا) پھراس کے بعد اس (حکومت کے امور) پر اس طرح ایک دوسرے کو کاٹنے (اور اس کی خاطر مرنے، کٹنے اور سب کچھ کرگزرنے) کا سلسلہ شروع ہوگا، جس طرح گدھے ایک دوسرے کو کاٹتے ہیں، پس تم پر جہاد لازم ہے، اور تمہارا افضل جہاد (باہمی قتال وخونریزی کے بجائے، اسلامی ملک) کی پاسبانی (کرنا) ہے، اور تمہاری افضل سرحد عسقلان ہے (طبرانی)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اسلامی ملک کی پاسبانی افضل جہاد ہے، اور عسقلان، دراصل شام میں واقع ہے، جس کی سرحد کی پاسبانی کے افضل ہونے کی وجہ شریعت کی نظر میں اس مقام کی مخصوص اہمیت کا ہونا ہے۔

ابوامامہ وجبیر بن نفیر رضی اللہ عنہما کی روایت

خالد بن معدان سے روایت ہے کہ:

سَمِعْتُ أَبَا أُمَامَةَ وَجُبَيْرَ بْنَ نُفَيْرٍ يَقُوْلَانِ : يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ أَفْضَلُ الْجِهَادِ الرِّبَاطُ، فَقُلْتُ : وَمَا ذٰلِكَ ؟ قَالَ : إِذَا انْطَاطَ الْغَزْوُ وَكَثُرَتِ الْغَرَائِمُ وَاسْتُحِلَّتِ الْغَنَائِمُ فَأَفْضَلُ الْجِهَادُ يَوْمَئِذٍ الرِّبَاطُ (مصنف ابنِ ابی شیبة، رقم الحديث ١٩٨٠٧، كتاب الجهاد، باب ما ذكر فی

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

وأبو شهاب :هو موسى بن نافع الخياط، ووقع في الأصل :(ابن شهاب) ! والتصحيح من المخطوطة (1 /111 /3) وكتب الرجال.

وللحديث شاهد بنحوه من حديث حذيفة -رضى الله عنه(سلسلة الأحاديث الصحيحة، تحت رقم الحديث ٣٢٧٠)

فضل الجهاد والحث عليه) ۱

ترجمہ: میں نے حضرت ابوامامہ اور حضرت جبیر بن نفیر رضی اللہ عنہما سے سنا، انہوں نے فرمایا کہ لوگوں پر ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ جس میں افضل جہاد سرحدوں کی نگرانی و پاسبانی کرنا ہوگا، میں نے عرض کیا کہ یہ کب ہوگا؟ تو انہوں نے فرمایا کہ جب غزوہ اور جہاد کا سفر دور دراز ہوجائے گا، اور خیانتوں کی کثرت ہوجائے گی، اور غنیمت کے مالوں کو حلال سمجھ لیا جائے گا (یعنی شرعی اصول وقواعد کے مطابق، جہاد وقتال نہ ہوگا، حبِ جاہ، حبِ مال وغیرہ، اصل مقصود بن کر رہ جائے گا) تو اس وقت افضل جہاد سرحدوں کی نگرانی (وچوکیداری اور پاسبانی) کرنا ہوگا (ابنِ ابی شیبہ)

فتنہ کے دور میں اسلامی سرحد کی حفاظت کی اس عظیم الشان فضیلت کے پیشِ نظر، بعض روایات کے مطابق جب حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو کربلا کا واقعہ پیش آنے سے پہلے یہ اندازہ ہوا کہ مسلمانوں کے مابین قتل وقتال کی نوبت آئے گی، تو انہوں نے ایک تجویز اپنے آپ کے اسلامی سرحد پر جانے کی دی تھی، جس کو مخالفین کی طرف سے قبول نہیں کیا گیا تھا۔ ۲

ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے ''سندِ منقطع'' کے ساتھ روایت ہے کہ:

---

۱ قال الالبانی:قلت :وهذا إسناد صحيح، ولكنه موقوف .ولكن هل هو فی حكم المرفوع؟ ذلک ما لم يظهر لی الآن .والله أعلم(سلسلة الأحاديث الصحيحة ،تحت رقم الحديث ۱۹۲۱)

۲ قال أبو جعفر: وحدثنی أبو عبيدة معمر بن المثنى أن يونس بن حبيب الجرمی حدثه، قال: لما قتل عبيد الله بن زياد الحسين بن علی ع وبنی أبيه، بعث برئوسهم إلى يزيد بن معاوية، فسر بقتلهم أولا، وحسنت بذلک منزلة عبيد الله عنده، ثم لم يلبث إلا قليلا حتى ندم على قتل الحسين، فكان يقول: وما كان علی لو احتملت الأذى وأنزلته معی فی داری، وحكمته فيما يريد، وإن كان علی فی ذلک وكف ووهن فی سلطانی، حفظا لرسول الله ص ورعاية لحقه وقرابته! لعن الله ابن مرجانة، فإنه أخرجه واضطره، وقد كان سأله أن يخلی سبيله ويرجع فلم يفعل، أو يضع يده فی يدی، أو يلحق بثغر من ثغور المسلمين حتى يتوفاه الله عز وجل فلم يفعل، فأبى ذلک ورده عليه وقتله(تاريخ الطبری، ج۵، ص۵۰۶، سنة اربع وستين، ذكر الخبر عما كان من أمر عبيد الله بن زياد وأمر أهل البصرة معه بها بعد موت يزيد)

خَيْرُ النَّاسِ فِى الْفِتْنَةِ أَهْلُ شَاءٍ سُوْدٌ، يَرْعَيْنَ فِىْ شَعَفِ الْجِبَالِ، وَمَوَاقِعِ الْقَطْرِ، وَشَرُّ النَّاسِ فِيْهَا كُلُّ رَاكِبٍ مُوْضِعٍ، وَكُلُّ خَطِيْبٍ مِسْقَعٍ (الفتن لنعيم بن حماد، ج۳ص ۱۲۱، رقم الحديث ۴۹۶، باب من كان يرى الاعتزال فى الفتن، الناشر: دار الكتب العلمية، بيروت، لبنان، الطبعة الأولىٰ: ۱۴۱۸ھ، ۱۹۹۷م) [۱]

ترجمہ: فتنہ کے دور میں لوگوں میں بہترین لوگ، پہاڑوں کی چوٹیوں، اور بارش والی جگہوں میں بکریاں چرانے والے ہوں گے، اور لوگوں میں سب سے زیادہ شریرترین ہر تیز ترین سوار، اور ہر جوش اُبھارنے والا خطیب ہوگا (کتاب الفتن)

معقل بن یسار رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْعِبَادَةُ فِى الْهَرْجِ كَهِجْرَةٍ إِلَيَّ (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۳۹۸۵، ابواب الفتن، باب الوقوف عند الشبهات) [۱]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہرج (یعنی فتنے، اور حق و باطل کے گڈمڈ ہونے اور قتل وقتال کے زمانے) میں عبادت کرنا میری طرف ہجرت کرنے کی طرح ہے (ابنِ ماجہ)

ایک روایت میں عبادت کے بجائے عمل کے الفاظ ہیں، مطلب دونوں کا ایک ہی ہے۔ [۲]

---

[۱] قال مجدى بن منصور بن سيد الشورى: اسناده ضعيف، فيه انقطاع، والوليد مدلس، وقد عنعنه (حاشية الفتن لنعيم بن حماد، حواله بالا)

[۲] قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية سنن ابنِ ماجه)

[۳] عن معقل بن يسار المزنى، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " العمل فى الهرج كهجرة إلى (مسند احمد، رقم الحديث ۲۰۲۹۸)

قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح (حاشية مسند احمد)

اور ایک روایت میں ہرج، یا فتنہ کے دور میں عبادت کرنے کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہجرت کے برابر بتلایا گیا ہے۔

ہرج، یا قتل وقتال کا دور بھی فتنہ کا دور ہی کہلاتا ہے، اس لئے مطلب ایک ہی ہے۔ [1]

جس طرح ابتدائے اسلام میں ہجرت کرنا بعض مسلمانوں کے لیے ناممکن، یا مشکل اور انتہائی مجاہدہ کا کام تھا، اس لیے ہجرت کرنے والے بھی تھوڑے تھے، اور اُس وقت میں مسلمان اپنے دین کی حفاظت کے لیے دارُ الکفر سے دارُ الاسلام کی طرف ہجرت کرتے تھے، اور اس ہجرت کرنے کا بہت زیادہ ثواب تھا؛ اسی طرح ہرج، اور فتنے کے زمانے میں عبادت کرنے والے لوگ بھی تھوڑے ہوں گے، اور فتنے کے زمانے میں مسلمان کے لیے اپنے دین کی حفاظت کرنے کے لیے یہی راستہ ہوگا کہ وہ فتنوں سے اپنے آپ کو بچائے، اور اس طرح اپنے ایمان کی حفاظت کرے، جس طرح ہجرت کرنے والا اپنے ایمان کی حفاظت کے لیے اپنے آپ کو الگ کر لیتا ہے، اور پھر وہ الگ ہو کر اللہ کی عبادت کرے، فتنوں سے اپنے آپ کو بچاتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنا بھی ہجرت کی ایک قسم ہے، اور اس کا بھی بہت زیادہ ثواب ہے، جیسا کہ مذکورہ حدیث سے معلوم ہوا۔

فتنوں کے زمانے میں عبادت کا ثواب اس لیے بھی زیادہ ہے کہ فتنوں کی ایک خاصیت ہے کہ یہ فتنے ہر ایک کو اپنی طرف کھینچتے ہیں، تو جو لوگ ان فتنوں سے بچنے میں پیش آنے والی مشکلات کو برداشت کریں گے، اور فتنوں کے زمانے میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے کی جدوجہد کوشش کریں گے، تو ایسے لوگ اس مجاہدہ کی وجہ سے دوہرے اجر وثواب کے مستحق ہوں گے۔

خلاصہ یہ کہ پُرفتن دور میں، فتنوں اور بالخصوص عام معاشرتی وتمدنی زندگی سے بچ بچا کر اور دور رہنا اور عبادت کرنا، بالخصوص اسلامی ملکوں وسرحدوں کی حفاظت کرنا عظیم ترین عمل ہوگا۔

اللہ تعالیٰ توفیق عطاء فرمائے۔ آمین۔

---

[1] عن معقل بن يسار، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: عبادة في الهرج – أو الفتنة – كهجرة إلي (المعجم الكبير، للطبراني، ج ٢٠ ص ٢١٣، رقم الحديث ٤٩٤)

(فصل نمبر 58)

دورِ فتن میں استغفار اور گڑگڑا کر دعاء کرنے کا حکم

فتنوں کے دور میں یکسو ہوکر عبادت کی فضیلت بیان ہوچکی ہے، اور دعاء چونکہ عبادت، بلکہ عبادت کا مغز و جوہر ہے، اور استغفار بھی اپنے گناہوں کی معافی و مغفرت کو طلب کرنے کا نام ہے، اس لئے وہ بھی دعاء میں داخل ہے، اور بندوں کی بداعمالیوں کے نتیجہ میں آنے والے وبال، اور اللہ کے غضب کو بجھانے میں استغفار کی تاثیر بہت زیادہ ہے، اس لئے فتنوں کے دور میں دعاء واستغفار کی اہمیت وفضیلت بہت زیادہ رکھی گئی ہے۔

معقل بن یسار ونعمان بن بشیر رضی اللہ عنہما کی احادیث

حضرت معقل بن یساررضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: اَلْعِبَادَۃُ فِی الْفِتْنَۃِ کَالْھِجْرَۃِ إِلَیَّ (مسند احمد، رقم الحدیث ۲۰۳۱۱) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فتنہ کے زمانہ میں عبادت کرنا، میری طرف ہجرت کرنے (کے اجروثواب) کی طرح ہے (مسند احمد)

اور حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ إِنَّ الدُّعَاءَ ھُوَ الْعِبَادَۃُ، ثُمَّ قَرَأَ: "وَقَالَ رَبُّکُمُ ادْعُوْنِیْ أَسْتَجِبْ لَکُمْ" (مسند الإمام أحمد، رقم الحدیث ۱۸۴۳۲) [2]

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: حدیث صحیح (حاشیۃ مسند احمد)

[2] قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ صحیح (حاشیۃ مسند الإمام أحمد)

www.idaraghufran.org

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دعاء ہی عبادت ہے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کی قرائت کی کہ:

”وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ“

اور فرمایا تمہارے رب نے کہ مجھے پکارو، میں تمہارے لیے قبول کروں گا (مسند احمد)

معلوم ہوا کہ فتنہ کے زمانہ میں عبادت کرنے کا اجر وثواب، عظیم الشان ہے، اور دعاء ہی در اصل عبادت ہے، تو اس سے فتنہ کے دور میں دعاء کرنے کی بھی فضیلت واہمیت معلوم ہوگئی۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهُ مَنْ لَّمْ يَسْأَلِ اللّٰهَ يَغْضَبْ عَلَيْهِ (سنن الترمذی، رقم الحديث ٣٣٧٣، ابواب الدعوات، باب ماجاء فی فضل الدعاء، مسند ابی یعلٰی، رقم الحديث ٦٦٥٥) [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو اللہ سے نہیں مانگتا، اللہ اس پر غضب ناک (وناراض) ہوتا ہے (ترمذی، ابویعلیٰ)

اور جب اللہ دعاء نہ کرنے سے ناراض ہوتا ہے، تو استغفار نہ کرنے سے بھی ناراض ہوتا ہے، کیونکہ وہ گناہوں کی مغفرت طلب کرنے کی دعاء کا نام ہے، پس بندوں کا گناہ کر کے اللہ سے استغفار نہ کرنا، اللہ کی سخت ناراضگی کا باعث ہے۔

اسی بناء پر استغفار، اللہ کے عذاب سے حفاظت کا ذریعہ ہے۔

فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ کی حدیث

چنانچہ حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال حسين سليم أسد الداراني: إسناده حسن (حاشية مسند ابی يعلٰی)

www.idaraghufran.org

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: اَلْعَبْدُ آمِنٌ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ، مَا اِسْتَغْفَرَ اللّٰهَ (مسند احمد، رقم الحديث ٢٣٩٥٣) [1]

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بندہ اس وقت تک اللہ کے عذاب سے محفوظ رہتا ہے، جب تک وہ اللہ سے استغفار کرتا رہے (مسند احمد)

ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کی حدیث

اور حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

أَمَانَانِ كَانَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، رُفِعَ أَحَدُهُمَا، وَبَقِيَ الْآخَرُ: وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيهِمْ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ (مسند احمد، رقم الحديث ١٩٥٠٦) [2]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں دو چیزیں حفاظت وامن کا ذریعہ تھیں، جن میں سے ایک کو تو اٹھالیا گیا (یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو) اور دوسری چیز باقی ہے۔

(جیسا کہ سورہ انفال میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:)

"وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيهِمْ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ"

اور نہیں ہے اللہ کہ عذاب دے ان کو اس حال میں آپ ان (لوگوں) میں موجود ہوں، اور نہیں ہے اللہ ان کو عذاب دینے والا، اس حال میں کہ وہ استغفار کر رہے ہوں (مسند احمد)

مذکورہ احادیث سے استغفار کا اللہ کے عذاب سے حفاظت کا ذریعہ ہونا معلوم ہوگیا۔

---

[1] قال شعيب الارنؤوط: حسن بمجموع طريقيه وشاهده (حاشية مسند احمد)

[2] قال شعيب الارنؤوط: صحيح لغيره (حاشية مسند احمد)

حذیفہ وابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیث

اور حضرت عمارہ بن عمیر سے روایت ہے کہ:

عَنْ حُذَيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: يَأْتِي عَلَيْكُمْ زَمَانٌ لَا يَنْجُوْ فِيْهِ إِلَّا مَنْ دَعَا دُعَاءَ الْغَرَقِ (المستدرک للحاکم، رقم الحدیث ۸۳۰۸، کتاب الفتن والملاحم) [1]

ترجمہ: حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ تم پر ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ اس میں کوئی بھی نجات نہیں پائے گا، سوائے اس شخص کے جو گڑگڑا کر (اللہ سے) دعاء کرے گا (حاکم)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ:

تَكُوْنُ فِتْنَةٌ لَا يُنْجِيْ مِنْهَا إِلَّا دُعَاءٌ كَدُعَاءِ الْغَرِقِ (مصنف ابن ابی شیبۃ، رقم الحدیث ۳۸۹۰۴، کتاب الفتن، باب ما ذکر فی عثمان وغیرہ من الفتن)

ترجمہ: ایسے فتنے ہوں گے کہ ان سے نجات (وحفاظت) گڑگڑا کر دعاء کے علاوہ، کسی دوسرے طریقہ سے نہیں ہوگی (مصنف ابنِ ابی شیبہ)

مذکورہ روایات سے فتنہ کے دور میں گڑگڑا کر دعاء کرنے سے ان فتنوں سے محفوظ ہونا معلوم ہوگیا۔

اسی کے ساتھ فتنوں کے زمانہ میں دنیا وآخرت کی سلامتی وعافیت کی دعاء کی بھی خصوصی اہمیت ہے۔

انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث

چنانچہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

---

[1] قال الحاکم: هذا إسناد صحيح على شرط الشيخين، ولم يخرجاه.
وقال الذهبي في التلخيص: على شرط البخاري ومسلم.

أَنَّ رَجُلًا جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَيُّ الدُّعَاءِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: سَلْ رَبَّكَ الْعَافِيَةَ وَالْمُعَافَاةَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، ثُمَّ أَتَاهُ فِي الْيَوْمِ الثَّانِيْ، فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَيُّ الدُّعَاءِ أَفْضَلُ؟ فَقَالَ لَهُ مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ أَتَاهُ فِي الْيَوْمِ الثَّالِثِ، فَقَالَ لَهُ مِثْلَ ذٰلِكَ، قَالَ: فَإِذَا أُعْطِيْتَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَأُعْطِيْتَهَا فِي الْآخِرَةِ فَقَدْ أَفْلَحْتَ (سنن الترمذی، رقم الحدیث ۳۵۱۲، ابواب الدعوات، باب بلاترجمة قبل باب فی فضل التوبة والاستغفار وما ذکر من رحمة الله بعباده) [۱]

ترجمہ: ایک آدمی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کون سی دعاء سب سے افضل ہے؟ اس کے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اپنے رب سے دنیا وآخرت کی عافیت وسلامتی کا سوال (ودعاء) کرو، وہ آدمی دوسرے دن پھر آئے، اور عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کون سی دعاء سب سے افضل ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہی دعاء بتائی جو پہلی دفعہ بتلائی تھی، تیسرے دن پھر وہ آدمی آئے، تو اس دفعہ بھی آپ نے وہی جواب دیا اور فرمایا کہ جب تمہیں دنیا میں عافیت وسلامتی مل جائے اور آخرت میں بھی عافیت وسلامتی حاصل ہو جائے، تو تم کامیاب ہو (یعنی اس میں سب کچھ ہی آ گیا، پھر اور کیا چاہیے؟) (ترمذی)

ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی صبح اور کسی شام کو یہ دعاء کرنا نہ چھوڑتے تھے:

---

[۱] قال الترمذی: هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه، إنما نعرفه من حديث سلمة بن وردان.

”اَللّٰھُمَّ إِنِّیُ أَسُأَلُکَ الْعَافِیَۃَ فِی الدُّنُیَا وَالْآخِرَۃِ ،اَللّٰھُمَّ إِنِّیُ أَسُأَلُکَ الْعَفُوَ وَالْعَافِیَۃَ فِیُ دِیُنِیُ وَدُنُیَایَ وَأَھُلِیُ وَمَالِیُ ،اَللّٰھُمَّ اسُتُرُ عَوُرَاتِیُ وَآمِنُ رَوُعَاتِیُ ،اَللّٰھُمَّ احُفَظُنِیُ مِنُ بَیُنِ یَدَیَّ وَمِنُ خَلُفِیُ وَعَنُ یَمِیُنِیُ وَعَنُ شِمَالِیُ وَمِنُ فَوُقِیُ ،وَأَعُوُذُ بِعَظَمَتِکَ أَنُ أُغُتَالَ مِنُ تَحُتِیُ“ قَالَ یَعُنِی الْخَسُفَ (مسند احمد، رقم الحدیث ۴۷۸۵) [1]

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے دنیا وآخرت میں عافیت وسلامتی کا سوال کرتا ہوں، اے اللہ! میں تجھ سے عفو ودرگزر اور عافیت وسلامتی کا سوال کرتا ہوں، اپنے دین، اور اپنی دنیا اور اپنے گھر والوں اور اپنے مال کے متعلق۔

اے اللہ! میری رازداریوں کی پردہ پوشی فرما، اور میرے خوف وڈر کو امن واطمینان عطاء فرما، اے اللہ! میری حفاظت فرما، میرے آگے سے اور میرے پیچھے سے اور میرے دائیں سے اور میرے بائیں سے اور میرے اوپر سے اور میں تیری عظمت کی پناہ لیتا ہوں، اس سے کہ نیچے سے اُچک لیا جاؤں“ یعنی زمین میں دھنسنے سے پناہ طلب کرتا ہوں (مسند احمد)

خلاصہ یہ کہ فتنوں کے دور میں، اللہ سے استغفار اور گڑگڑا کر دعاء کرنے، بالخصوص دنیا وآخرت کے فتنوں سے اپنی اور امتِ مسلمہ کی حفاظت کی دعاء کرنے، اور سلامتی وعافیت کو طلب کرنے کی بڑی فضیلت واہمیت ہے۔

وَاللّٰہُ سُبُحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعُلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحُکَمُ.

---

[1] قال شعیب الارنؤوط: إسنادہ صحیح، رجالہ ثقات (حاشیۃ مسند احمد)

www.idaraghufran.org

(خاتمہ)

دھوکہ کا سامان اور آخرت کا نقصان

شروع سے آخر تک قیامت سے پہلے واقع ہونے والی علامات اور فتنوں سے متعلق جو تفصیل ذکر کی گئی، اس سے دنیا کی حقیقت کھل کر سامنے آجاتی ہے، اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے قرآن مجید میں بار بار بیان کردہ یہ چیز واضح ہوجاتی ہے کہ دنیا کی زندگی، اور اس کے اسباب، واقعتاً ایک دھوکہ کا سامان ہے، جس کی زد میں آکر انسان اپنی آخرت کو تباہ وبرباد کر بیٹھتا ہے۔

اس لئے اب بطور ''خاتمہ'' کے چند قرآنی ارشادات وفرمودات ملاحظہ کرلئے جائیں، تاکہ قربِ قیامت کی ان علامات وفتنوں کا مقصد اور غرض وغایت کا بصیرت کے ساتھ علم حاصل ہوجائے۔

سورہ آلِ عمران، انعام، لقمان وسورہ فاطر کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ آلِ عمران میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ ،وَإِنَّمَا تُوَفَّوْنَ أُجُورَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ،فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ، وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُورِ. لَتُبْلَوُنَّ فِي أَمْوَالِكُمْ وَأَنْفُسِكُمْ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكُمْ ،وَمِنَ الَّذِينَ أَشْرَكُوا أَذًى كَثِيرًا ،وَإِنْ تَصْبِرُوا وَتَتَّقُوا فَإِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ (سورۃ آل عمران، رقم الآيات ۱۸۵، ۱۸۶)

ترجمہ: ہر جاندار موت کا مزہ چکھنے والا ہے، اور بس پورا پورا دیا جائے گا تم کو تمہارا بدلہ قیامت کے دن، پس جو کوئی بچا لیا گیا آگ سے، اور داخل کر دیا گیا جنت میں، تو بلاشبہ کامیاب ہو گیا وہ، اور نہیں ہے دنیا کی زندگی، مگر دھوکہ کا سامان، یقیناً آزمائش کی جائے گی تمہاری، تمہارے مالوں میں، اور تمہاری جانوں میں اور ضرور بالضرور سنو گے تم ان لوگوں سے، جنہیں دی گئی کتاب تم سے پہلے، اور ان لوگوں سے جنہوں نے شرک کیا، بہت تکلیف دہ باتوں کو، اور اگر صبر کرو گے تم، اور تقویٰ اختیار کرو گے تم، تو یہ ہمت کے کاموں میں سے ہے (سورہ آلِ عمران)

مطلب یہ ہے کہ دنیا کی زندگی اصل زندگی نہیں ہے، بلکہ اس کا اختتام موت پر ہونے والا ہے، اور اصل کامیابی آخرت کی ہے، جو جہنم سے بچنے اور جنت کی نعمت ملنے کی شکل میں حاصل ہوتی ہے، اور دنیا کی زندگی سے دھوکہ نہیں کھانا چاہئے، اور مومنوں کی جان اور مال میں اللہ کی طرف سے، ان کا دنیا میں امتحان لیا جائے گا اور دیکھا جائے گا کہ کون اپنے مال اور جان کو اللہ کے لئے خرچ کرتا ہے، اور کون نہیں، اور اسی کے ساتھ اہلِ کتاب اور مشرکوں کی طرف سے مومنوں کو تکلیف دہ باتیں، مثلاً طعن و تشنیع، تنقید و اعتراضات، ہجو و تمسخر، الزام تراشی، پروپیگنڈہ وغیرہ سننے کی شکل میں بھی امتحان لیا جائے گا، کہ کون ان کی باتیں سن کر تقویٰ اور صبر کا دامن تھامے رکھتا ہے، اور کون اس کا دامن چھوڑ دیتا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مَوْضِعَ سَوْطٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا، اِقْرَءُوْا إِنْ شِئْتُمْ: فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ (سنن الترمذی، رقم الحديث ٣٠١٣، ابواب تفسير القرآن، باب :ومن سورة آل عمران) [1]

[1] قال الترمذی: هذا حديث حسن صحيح.

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جنت میں ایک کوڑا (یا لاٹھی) رکھنے کی جگہ دنیا اور اس کی چیزوں سے بہتر ہے، اگر تم چاہو، تو (سورہ آلِ عمران کی) یہ آیت پڑھ لو کہ:

”فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ“

”پس جو شخص آگ سے بچا لیا گیا، اور جنت میں داخل کر دیا گیا، تو بلاشبہ وہ کامیاب ہو گیا، اور نہیں ہے دنیا کی زندگی، مگر دھوکہ کا سامان (ترمذی)

معلوم ہوا کہ دنیا سے دھوکہ کھا کر اور اس کے کھیل تماشے میں مگن ہو کر اپنے آپ کو جنت سے محروم نہیں کرنا چاہئے۔

اور قرآن مجید کی سورہ انعام میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَامَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ أَلَمْ يَأْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ آيَاتِيْ، وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ،قَالُوْا شَهِدْنَا عَلٰى أَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا ،وَشَهِدُوْا عَلٰى أَنْفُسِهِمْ أَنَّهُمْ كَانُوْا كَافِرِيْنَ (سورة الأنعام، رقم الآية ۱۳۰)

ترجمہ: اے جن اور انسانوں کے گروہ! کیا نہیں آئے تھے، تمہارے پاس رسول تم میں سے، جو بیان کرتے تھے تم پر میری آیات کو، اور ڈراتے تھے وہ تم کو تمہارے اس دن کی ملاقات سے، کہیں گے وہ کہ گواہی دیتے ہیں ہم اپنی جانوں کے خلاف، اور دھوکہ میں ڈال دیا، ان کو دنیا کی زندگی نے، اور گواہی دیں گے وہ اپنے اوپر کہ بے شک وہ کفر اختیار کرتے تھے (سورہ انعام)

اور قرآن مجید کی سورہ لقمان میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَاأَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ، وَاخْشَوْا يَوْمًا لَّا يَجْزِيْ وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ،

وَلَا مَوْلُوْدٌ هُوَ جَازٍ عَنْ وَّالِدِهٖ شَيْئًا ،إِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا ،وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ (سورة لقمان، رقم الآية ۳۳)

ترجمہ: اے لوگو! ڈرو تم اپنے رب سے، اور ڈرو تم اس دن سے کہ نہیں بدلہ دے گا والد، اولاد کی طرف سے، اور نہ ہی اولاد بدلہ دینے والی ہوگی، اپنے والد کی طرف سے کسی چیز کا، بے شک اللہ کا وعدہ حق ہے، پس ہرگز نہ دھوکہ میں ڈالے تم کو دنیا کی زندگی، اور ہرگز نہ دھوکہ میں ڈالے تم کو اللہ سے (کوئی) دھوکہ میں ڈالنے والا

(سورہ لقمان)

مطلب یہ ہے کہ دنیا کی پوری زندگی ہی دھوکہ میں ڈالنے والی ہے، اور اس دنیا کی چیزیں بھی دھوکہ میں ڈالنے والی ہیں، اس لئے دنیا اور اس کی چیزوں سے دھوکا کھا کر اللہ سے غافل نہیں ہونا چاہیے۔

اور قرآن مجید کی سورہ فاطر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا، وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ .

إِنَّ الشَّيْطَانَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا ،إِنَّمَا يَدْعُوْ حِزْبَهٗ لِيَكُوْنُوْا مِنْ أَصْحَابِ السَّعِيْرِ. اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ.

وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّأَجْرٌ كَبِيْرٌ.

أَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْءُ عَمَلِهٖ فَرَآهُ حَسَنًا، فَإِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَاءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاءُ .فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرَاتٍ ،إِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ بِمَا يَصْنَعُوْنَ (سورة فاطر، رقم الآيات ۵ الیٰ ۸)

ترجمہ: اے لوگو! بے شک اللہ کا وعدہ حق ہے، پس ہرگز نہ دھوکہ میں ڈالے تم کو دنیا کی زندگی، اور ہرگز نہ دھوکہ میں ڈالے تم کو اللہ سے دھوکہ میں ڈالنے والا۔

بے شک شیطان تمہارا دشمن ہے، تو بناؤ تم اس کو دشمن، بس دعوت دیتا ہے اس (شیطان) کالشکر، تا کہ ہو جاؤ تم جہنم والوں میں سے، جن لوگوں نے کفر کیا، ان کے لئے شدید عذاب ہے۔

اور جو لوگ ایمان لائے اور عمل کیے نیک، ان کے لئے مغفرت ہے اور بڑا اجر ہے۔

کیا پس وہ شخص کہ مزین کردیا گیا اس کے لئے اس کا برا عمل، پھر وہ خیال کرتا ہے، اس کو اچھا، پس بے شک اللہ گمراہ کرتا ہے، جس کو چاہتا ہے، اور ہدایت دیتا ہے، جس کو چاہتا ہے، پس (اے محمد) تیری جان نہ چلی جائے ان (کافروں کے ایمان نہ لانے) پر افسوس کر کے، بے شک اللہ خوب جاننے والا ہے ان چیزوں کو جو کرتے ہیں وہ (لوگ) (سورہ فاطر)

مطلب یہ ہے کہ دنیا فانی ہے، اور اس کے بعد قیامت اور آخرت کا وعدہ برحق ہے، اور اصل زندگی وہی آخرت کی زندگی ہے، لہٰذا دنیا کی زندگی سے دھوکہ نہیں کھانا چاہئے، اور دھوکہ دینے والے شیطان سے بھی دھوکہ نہیں کھانا چاہئے، جو کہ جہنم کے عذاب کی طرف بلاتا ہے، اور بُرے عمل کو مزین کر کے پیش کرتا ہے، جس سے معلوم ہوا کہ دنیا کی زندگی اور اس کی زیب وزینت سے دھوکہ کھا کر آخرت سے غفلت نہیں کرنی چاہئے، ورنہ جہنم کے عذاب کا سامنا کرنا پڑے گا۔

سورہ انعام، سورہ عنکبوت اور سورہ محمد کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ انعام میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ،وَلَلدَّارُ الْآخِرَةُ خَيْرٌ لِلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ، أَفَلَا تَعْقِلُوْنَ (سورة الأنعام، رقم الآية ٣٢)

ترجمہ: اور نہیں ہے دنیا کی زندگی، مگر کھیل اور تماشہ اور یقیناً آخرت کا گھر بہتر ہے، ان لوگوں کے لیے جو متقی ہیں، کیا پس نہیں سمجھتے تم (سورہ انعام)

اور قرآن مجید کی سورہ عنکبوت میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَمَا هٰذِهِ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا لَهْوٌ وَّلَعِبٌ، وَإِنَّ الدَّارَ الْآخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ،لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ (سورة العنكبوت، رقم الآية ٦٤)

ترجمہ: اور نہیں ہے یہ دنیا کی زندگی مگر تماشہ اور کھیل، اور بے شک آخرت کا گھر یقینی طور پر وہی زندگی ہے، کاش کہ وہ جان لیتے (سورہ عنکبوت)

اور قرآن مجید کی سورہ محمد میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

إِنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ،وَإِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ أُجُوْرَكُمْ ، وَلَا يَسْأَلْكُمْ أَمْوَالَكُمْ (سورة محمد، رقم الآيات ٣٦و٣٧)

ترجمہ: بس دنیا کی زندگی کھیل اور تماشہ ہے، اور اگر تم ایمان لاؤ، اور تقویٰ اختیار کرو، تو عطاء کرے گا وہ (اللہ) تم کو، تمہارا اجر، اور نہیں مانگے گا وہ، تم سے تمہارے مالوں کو (سورہ محمد)

مذکورہ تمام آیات سے صاف معلوم ہوا کہ دنیا کی زندگی، کھیل اور تماشا ہے، اس لئے اس کھیل، تماشہ میں لگ کر اپنی آخرت کے مقصود سے غافل نہیں ہونا چاہیے۔

سورہ یونس، سورہ ھود اور سورہ حدید کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ یونس میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

يَاأَيُّهَا النَّاسُ إِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰى أَنْفُسِكُمْ ،مَتَاعَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا، ثُمَّ إِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ .

إِنَّمَا مَثَلُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا كَمَاءٍ أَنْزَلْنَاهُ مِنَ السَّمَاءِ ،فَاخْتَلَطَ بِهِ نَبَاتُ

الْأَرْضِ مِـمَّا يَأْكُلُ النَّاسُ وَالْأَنْعَامُ ،حَتّٰى إِذَا أَخَذَتِ الْأَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّـنَـتْ، وَظَنَّ أَهْلُهَا أَنَّهُمْ قَادِرُوْنَ عَلَيْهَا ،أَتَاهَا أَمْرُنَا لَيْلًا أَوْ نَهَارًا ،فَـجَـعَلْـنَاهَا حَصِيْدًا كَأَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْأَمْسِ ،كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيَاتِ لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ.

وَاللّٰـهُ يَدْعُوْ إِلٰى دَارِ السَّلَامِ ،وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاءُ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ

(سورة يونس، رقم الآيات ٢٣ الىٰ ٢٥)

ترجمہ: اے لوگو بس تمہاری سرکشی کا وبال تمہاری جانوں پر ہی پڑے گا، دنیا کی زندگی کا نفع اٹھا لو، پھر ہماری طرف ہی تمہارے لوٹنے کی جگہ ہے، پھر ہم بتلادیں گے تمہیں جو کچھ تم کیا کرتے تھے۔

بس دنیا کی زندگی کی مثال پانی کی طرح ہے، نازل کیا ہم نے اس کو آسمان سے، پھر مل گئی اس کے ساتھ زمین کی نباتات، جس سے کھاتے ہیں لوگ اور چوپائے، یہاں تک کہ جب پکڑ لیا زمین نے اپنی رونق کو، اور وہ خوبصورت ہوگئی، اور گمان کرلیا زمین والوں نے کہ بے شک وہ قادر ہیں اس پر، تو آ گیا اس پر ہمارا فیصلہ رات میں، یا دن میں، تو کردیا ہم نے اس کو چٹیل گویا کہ کچھ بھی نہ تھا کل، اسی طرح ہم بیان کرتے ہیں نشانیوں کو، اس قوم کے لئے جو فکر کرے۔

اور اللہ بلاتا ہے سلامتی والے گھر کی طرف، اور ہدایت دیتا ہے وہ، جس کو چاہتا ہے صراطِ مستقیم کی طرف (سورہ یونس)

مذکورہ آیات سے سادہ انداز میں دنیا، اور اس کے ساز وسامان کی حقیقت معلوم ہوگئی۔

اور قرآن مجید کی سورہ ہود میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

مَنْ كَـانَ يُرِيْدُ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا ،نُوَفِّ إِلَيْهِمْ أَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ

فِيهَا لَا يُبْخَسُونَ . أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْآخِرَةِ إِلَّا النَّارُ ، وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا، وَبَاطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (سورة هود، رقم الآيات ١٥ و ١٦)

ترجمہ: جوارادہ کرتا ہے، دنیوی زندگی کا، اوراس کی زینت کا، پورا دیتے ہیں ہم ان کوان کے اعمال کا بدلہ دنیا میں، اوران کو دنیا میں کمی نہیں کی جاتی۔
یہی ہیں وہ لوگ کہ نہیں ہے ان کے لئے آخرت میں، مگر آگ، اورضائع ہوگئے ان کے وہ عمل جوانہوں نے دنیا میں کئے، اور باطل ہوگئے وہ اعمال جو وہ کرتے تھے (سورہ ہود)

مذکورہ آیات سے معلوم ہوا کہ دنیاوی زندگی اوراس کی زینت کے چاہنے والے کی چاہت کو، اللہ تعالیٰ دنیا ہی میں پوری فرمادیتا ہے، جس میں کوئی کمی نہیں کرتا، لیکن ان لوگوں کے لئے آخرت میں جہنم کی آگ کے علاوہ اور کچھ نہیں، اوران کے مذکورہ طرزِ عمل کے باعث ان کے دنیا میں کئے ہوئے اعمال آخرت میں ثواب کے قابل نہیں، اس لئے ان کے دنیا میں کئے ہوئے اچھے اعمال ضائع اور باطل ہیں۔

اورقرآن مجید کی سورہ حدید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

اِعْلَمُوْا أَنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ، وَزِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌ بَيْنَكُمْ ،وَتَكَاثُرٌ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ ، كَمَثَلِ غَيْثٍ أَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهُ ،ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرَاهُ مُصْفَرًّا ،ثُمَّ يَكُوْنُ حُطَامًا ،وَفِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيْدٌ وَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ ،وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ .سَابِقُوْا إِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ، وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَالْأَرْضِ ،أُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ آمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهِ ،ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ،وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ (سورة الحديد، رقم الآيات ٢٠، ٢١)

ترجمہ: جان لوتم کہ بس دنیا کی زندگی کھیل ہے اور تماشا ہے اور زینت ہے اور تمھارا آپس میں ایک دوسرے پر بڑائی جتانا ہے اور اموال اور اولاد میں ایک دوسرے سے بڑھ جانے کی کوشش کرنا ہے، اس بارش کی طرح، جس سے اُگنے والی کھیتی نے کاشتکاروں کوخوش کردیا، پھر وہ پک جاتی ہے، پھرتو اسے دیکھتا ہے کہ زرد ہے، پھر وہ چُورا بن جاتی ہے اور آخرت میں (یا تو) بہت سخت عذاب ہے اور (یا) اللہ کی طرف سے بڑی بخشش اور خوشنودی ہے اور دنیا کی زندگی دھوکہ کے سامان کے سوا کچھ نہیں۔ دوڑو تم اپنے رب کی مغفرت اور جنت کی طرف، جس کی چوڑائی آسمان اور زمین کی چوڑائی کی طرح ہے، تیار کی گئی ہے وہ، اُن لوگوں کے لیے جو ایمان لائے اللہ پر اور اس کے رسولوں پر، یہ اللہ کا فضل ہے، عطاء کرتا ہے اُسے، جس کو چاہے، اور اللہ بڑے فضل والا ہے (سورہ حدید)

مطلب یہ ہے کہ دنیا کی زندگی لہو ولعب، کھیل، اور تماشہ اور زینت ورونق کی چیز ہے، جس کے ذریعہ سے ایک دوسرے پر فخر کیا جاتا ہے، اور مال اور اولاد کو ایک دوسرے سے زیادہ بڑھانے کی کوشش کی جاتی ہے، جس کی مثال تروتازہ اُگنے والی کھیتی کی طرح ہے، جس کا انجام ریزہ ریزہ ہوجانا ہے، اور اصل کامیابی اور ناکامی کا دارومدار ان چیزوں کے بجائے آخرت پر ہے، جس میں بعض کے لئے شدید عذاب ہے، اور بعض کے لئے اللہ کی رضا اور اس کی مغفرت ہے، اور دنیا کی زندگی اس کے مقابلہ میں صرف دھوکہ کا سامان ہے، جس سے معلوم ہوا کہ دنیا کی زندگی اور زیب وزینت سے دھوکہ نہیں کھانا چاہیئے، اور اس کی خاطر اپنی آخرت کو تباہ نہیں کرنا چاہیئے۔

سورہ کہف، سورہ طٰہٰ اور سورہ اعلیٰ کا حوالہ

قرآن مجید کی سورہ کہف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

إِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْأَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ أَيُّهُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا . وَإِنَّا لَجَاعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا (سورة الكهف، رقم الآيات ٧ و ٨)

ترجمہ: بے شک بنادیا ہم نے ان چیزوں کو جو زمین پر ہیں، زینت، اس (زمین) کے لئے، تاکہ آزمائیں ہم ان (لوگوں) کو کہ کون ہے ان میں، زیادہ اچھا عمل کے اعتبار سے، اور بلاشبہ یقیناً کرنے والے ہیں ہم، ان چیزوں کو جو اس (زمین) پر ہیں، چٹیل میدان (سورہ کہف)

معلوم ہوا کہ زمین پر نظر آنے والی رونقیں اور بہاریں، آزمائش وامتحان ہیں، ان کا انجام چٹیل میدان کی شکل میں ہونے والا ہے۔

اور سورہ طٰہٰ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖ أَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّأَبْقٰى (سورة طٰه، رقم الآية ١٣١)

ترجمہ: اور نہ اٹھایئے آپ اپنی آنکھوں کو ان چیزوں کی طرف، کہ برتنے کے لئے دیا ہم نے ان (چیزوں) کو مختلف طرح کی ان (لوگوں) میں سے، دنیا کی زندگی کی رونق کی، تاکہ آزمائیں ہم ان (لوگوں) کو ان (چیزوں) میں، اور آپ کے رب کا رزق بہتر ہے، اور زیادہ باقی رہنے والا ہے (سورہ طٰہٰ)

مطلب یہ ہے کہ کفار کو اللہ نے جو مختلف قسم کی مزین چیزیں عطاء فرمائی ہیں، ان کا مقصد آزمائش اور امتحان وابتلاء ہے، اور ان کفار کو حاصل مزین چیزوں کے مقابلہ میں، اللہ جو حلال رزق عطا فرمائے، وہ بہتر اور ثواب کی شکل میں باقی رہنے والا ہے۔

اور قرآن مجید کی سورہ اعلیٰ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا. وَالْآخِرَةُ خَيْرٌ وَّأَبْقٰى (سورة الأعلى، رقم الآيات ١٦، ١٧)

ترجمہ: بلکہ تم ترجیح دیتے ہو دنیا کی زندگی کو، اور آخرت بہتر ہے اور زیادہ باقی رہنے والی ہے (سورہ اعلیٰ)

معلوم ہوا کہ اس دنیا اور اس کی رونق اور زینت سے دھوکا کھا کر انسان، اپنی آخرت کا نقصان کرتے ہیں، اور اس امتحان وآزمائش میں ناکام ہوجاتے ہیں۔

ہم نے اس تالیف میں شروع سے اب تک، قربِ قیامت اور فتنوں کا ظہور سے متعلق، تحقیقی مواد جمع کرنے کا اہتمام کیا ہے، ساتھ ہی ساتھ بعض کمزور وغیر مستند احادیث وروایات کی نشاندہی کی بھی ممکنہ کوشش کی ہے، اور اس طرح کے بڑے حصہ کو شامل نہیں کیا، جو کئی دوسرے اہلِ علم حضرات نے جمع کردیا ہے، اور وہ مستند نہیں، بلکہ انتہائی کمزور اور غیر معتبر مواد پر مشتمل ہے، ابونعیم کی ''کتاب الفتن'' اور بعض دوسری عربی وغیر عربی کتب میں اس طرح کی غیر مستند وغیر معتبر احادیث وروایات بکثرت موجود ہیں۔

اللہ تعالیٰ ہر قسم کے فتنوں، اور دنیا کے دھوکہ سے محفوظ رکھ کر آخرت کی صحیح تیاری کرنے کی توفیق عطاء فرمائے، اور فضولیات سے حفاظت فرمائے۔ آمین۔

فقط

وَاللّٰہُ سُبۡحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعۡلَمُ وَعِلۡمُہٗ اَتَمُّ وَاَحۡکَمُ.

محمد رضوان خان

26/ ذوالحجہ/1445ھ بمطابق 03/ جولائی/2024ء بروز بدھ

ادارہ غفران راولپنڈی پاکستان

ادارۂ غفران
راولپنڈی پاکستان